هٰذا کتابنا ینطق علیکم بالحق

الحمد للہ کہ تصنیفی از تصانیف جناب مستطاب معلی القاب الفاضل الکامل و البحر الذی لیس لہ ساحل فی الفضائل التی سارت صیتہا فی الآفاق و انعقد علیہا الاجماع و الاتفاق عارف الحقائق الحکیم الحاذق ثالث النیرین جناب الحکیم السید ذاکر حسین مد اللہ ربہ المشرقین طبیب خاص اعلیحضرت قوی شوکت نواب مستطاب گردون وقار فلک اقتدار سکندر اجلال کرم افخم نواب نجم الدولہ ممتاز الملک سعید جعفر علیخان مومن خان بہادر دلاور جنگ نجم ثانی و علی نوشیروان ثانی ریاست رامپور یعنی مسمی بہ

کہ مشتمل است بر اثبات ایمان حضرت ابوطالب تصحیح سلالۃ الاسلاف و الامجاد فاقد الامثال و الانداد جمال الصالحین عین العارفین مجمع الجوامع الاوصاف المتصف بالعلم و التقی و العفاف عین الانسان و انسان العین جناب الحکیم السید رضا حسین لازالت اعلام مناقبہ علی کاہل الدہر منشورہ و ما جرت آیات فضائلہ بین الانام مشہورہ

باہتمام ناچیز داروغہ سید محمد عفا اللہ عنہ

مطبع نفع عام طبع پذیرفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم اما بعد واضح ہو کہ یہ دنیا عالم اسباب اسی سبب سے مشہور ہی کہ مسبب الاسباب نے جو کچھ اس مین پیدا کیا ہی وہ کسی نہ کسی سبب سے پیدا کیا ہی یا یون کہین کہ ایک چیز کے پیدا کرنے مین دوسری چیز کو سبب گردانا ہی اور جو چیز سبب ہوئی ہی اُسکے ہونے پر دوسری چیز کا ہونا موقوف ہی کہ اگر وہ نہ ہو تو یہ ہرگز نہ ہو سکے اسی طرح ایک کا ایک سبب پیدا کرتا چلا جاتا ہی یہ امر ایسا عام فہم ہی جسکو حاجت بیان کی نہین اسی قاعدہ کے موافق مجھ حقیر کی راحت و آرام اور عزت و احترام کا سبب مسبب الاسباب نے جناب معلی القاب سکندر حشمت دارا سطوت عدل گستر رعیت پرور امیر باذل حاکم دریادل منعم خاص و عام کارساز کام و مرام حضور سراپا نور خورشید قباب قمر رکاب جناب نواب مرزا جعفر علی خان صاحب بہادر المخاطب بہ نجم الدولہ ممتاز الملک مومن خان بہادر دلاور جنگ صدر آرائے ریاست کھمبایت دام اقبالہ ومد ظلالہ ولا زالت ملکہ و دولتہ کی مرحمت و مکرمت کو قرار دیا اور اس دربار دُربار کی بدولت دولت ثروت پائی تو جاہ و عزت ہاتھ آئی اور آسائش و آرام ہاتھ آیا تو نام پایا کچھ شک نہین کہ اسی بذل و نوال نے فارغ البال کیا جو بزمرۂ اہل کمال مین قیل وقال کیا اور باوجود بے بضاعتی کے ذخائر عاقبت سے مالا مال کیا جسکے شکریہ مین سوا اسکے کیا ہو سکتا ہی کہ اس توشۂ آخرت کو جو اس فارغ دلی کا مآل اور حسن عقیدت پر دال ہی بطریق ہدیہ پیشکش کرکے بارگاہ احدیت مین مستدعی ہون کہ خداوندا اس امیر کبیر کو اور اُسکے فرزند ارجمند کو مادامت الایام واللیالی برقرار رکھ اور فوائد دارین سے سرفراز کر بیت

الٰہی تا جہان را نام باشد درجہان باشے
بہ ملک و جاہ و حشمت فیض بخش و حکمران باشے

اقل الاطبا

السید ذاکر حسین عفی عنہ

صورة ما قرظه العالم العامل والاديب الكامل ذو المناقب الفاخرة والمحاسن الباهرة الزاهرة جناب المستطاب التقي النقي المسمى بحبيب سبحان النجفي سلمه الله وايده وزاده ربي بالنبي الامي العربي

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الهادي البديع الازلي القديم - باري البرايا ومحيي العظام الرميم
الذي خلق الخلق ليعرفوه ويوحدوه ودلهم على ذاته بذاته وبديعه وخلق لهم
من الايات في الانفس والارضين والسموات ما فيه عبرة لمعتبر وزاجر لمزدجر
وايد واكد ما اقتضته العقول لاولي الالباب بشهادة الانبياء والاوصياء
الذين كشف عنهم الحجاب وايدهم بالايات والبراهين والمعجزات وجعلهم
اكمل خلقه خلقا وافصحهم منطقا وافضلهم حسبا واطيبهم مولدا واطهرهم ابا
لئلا يطعن فيهم جاحدا ويبغي منهم معاندا ويجد فيهم للعيب ولما دعوا اليه
مردا ومدفعا والصلوة والسلام على المبعوث رحمة للعالمين واله الغر الميامين
الذين اتم الله بهم النعمة واكمل بهم الدين وبعد فهذا كتاب للعارف الحكيم السيد
ذاكر حسين ابن حكيم مير احمد حسين صاحب مرحوم المسمى بفتح الغالب في رد
شرح المطالب للناصب فهو لعمري قانون المعارف الحقيقية ومعجون نافع
لجميع الامراض القلبية معن بما فيه من الاشارات الى الدقائق والنكات عن
سائر المغرضات والمولعات وهو تذكرة لمن تذكر وشفاء لما في الصدور وعمى
لمن استحب العمى وللمهتدين هدى ونور قد جمع فيه من الايات المحكمات والاحاديث
المعتبرة والبراهين العقلية والشواهد النقلية ما ارغم به انف الجاحد ودمغ به هام
المعاند فهو حقيق ان اقول فيه شعر هذا الكتاب الجامع الراغب يتلى لرد الملحد الكاذب
كانه في قمع اهل العمى سيف علي بن ابي طالب فلله دره ذاكر حسين قد طوق النبه الكاتب

صورة ما قرظه الفاضل العلامة من اهل السنة والجماعة اعنی جناب المستطاب جامع العلوم حامی نام ماحی بدعات اللئام قدوة النحارير المتكلمين قاطع اساس الضالين قامع اعناق الجاحدين سيد محمد شرف الدين ابن سيد المرتضى المشهدی نجم الاحمد آبادی لا زال افاضاته وافاداته الى يوم الدين فی شهر ۱۳۲۸ھ

بسم الله الرحمن الرحيم نحمدك يا من خلق لكل فرعون موسى والصلوة والسلام الاكملان على النبی المبعوث من اتبع دينه فقد اهتدى واله وعترته الذين هم كسفينة نوح عم من ركب عليها فقد نجى واصحابه الذين هم الاجلاء الاصدقاء من اهل التقى والنقى اما بعد فيقول العبد المفتقر الى عفو ربه المقتدر محمد شرف الدين بن السيد المرتضى المشهدی نجم الاحمد ابادی نصره الله تعالى بحيوة نفسه وجعل غده خيرا من يومه ان عادة الله قد جرت وسنة الله قد مضت ان يبعث المحق على عقب المبطل الزاهق فيقذف الحق على الباطل فيدمغه فاذا هو زاهق بناء على ذلك نهض وقام مستعدا لاخراج الاغبرة من حرارة سوء الادب فی جانب حبيب الرسول الذی هو حبيب الله فمرض مرض القلب والفؤاد من الجهول فالطبيب اللبيب الحاذق الذی هو فی فنه على بناء اقرانه فائق جناب حكيم سيد ذاكر حسين صاحب ابن حكيم السيد احمد حسين صاحب مرحوم ادام الله تعالى فيضه على عباده فی تعاقب الملوين فرتب ترياقا المسمى بفتح الغالب فی رد شرح المطالب لاستيصال ضعف التمسكات التی هی اوهن من بيوت العنكبوتية من ادوية الايات القرانية والاحاديث النبوية البراهين العقلية والنقلية نسئل الله تعالى ان يكون فی شفاء كليا لمصنف شرح المطالب من امراض الشقاق ومرض الفرقة فانه قد احترقت اخلاط عقائده بنار التعصب والنفسانية وفقه الله من يستنبط تلك النسخ من كتب الالهامية وقرابادين الاطباء الروحانية فمن يستعمل ويستفاد منه وصدق بالحسنى فاما من استكبر واستغنى وادبر وتولى وسعى فی خلاف ذلك فقد بعد وتعدى وعمى وكذب بالحسنى يبعث يوم الرجعى فی طائفة رحمهم الله وقلی ويحشر فی زمرة من كان فی هذه اعمى فهو فی الاخرة اعمى وفقنا الله سبحانه وتعالى وسائر اخواننا الى القرب من امتثال ما امرنا والاجتناب عما نهى وصلى الله تعالى على سيدنا ومولانا محمد واله وصحبه اجمعين الى الابد

محمد مصطفى
المرتضى عنه

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله الواجب الواحد القديم الذى ليس لاوليته نهاية ولا لاخريته غاية
ولوجوب وجوده ممكن الوجود حجة ودليل وصنع كل مصنوع الى معرفته منهج و
سبيل تبارك الذى تنزه عن الفحشاء وتقدس عن وسم الاهواء قائما بالقسط
جليل ليس له عديل عالم غنى برئ عن الجهل ليس له مثيل فاعل مدبر كل ما فعل من
القضاء والقدر فهو عين خير ليس فيه شر وخطر يامر تخييرا بالعدل والاحسان
والبر وينهى تحذيرا عن السوء والفحشاء والمنكر هو الذى ابدع خلقنا بشرا و
وهب لنا عقلا وشرفنا نطقا واولانا من الالاء احسانا لدفع التلبيسات والتحريفات
الواقعة فى اقوال الضال والمضل واعطانا من النعماء ادراكا لرفع الشبهات والاغلوطات
المخلطة بين الحق والباطل واقدرنا على طاعته فكلفت بالنواهى والاوامر ولا
يرضى من الكفار بالفواجر وكلما يفعل فهو اصلح لا يظلم فيه ولا يجور ولا يجبر ولذا
قال الله تعالى فمن شاء فليؤمن ومن شاء فليكفر سبحان الذى نور قلوبنا بانوار
الكلمات الطيبات واشرق عقولنا بجلائل الحجج الظاهرات وملاء صدورنا بانواع
البراهين القاطعات على اثبات امامة اطهر (۲۹) ، واطيب عنصر من عترة خاتم
الانبياء اشرف المخلوقات الذى نقلها الله تعالى من اصلاب الطاهرين الى ارحام
المطهرات محمد بن المصطفى خاتم النبيين اجود الموجودات لم يوازنه فى الحسب
والنسب ومحاسن الشيم احد من الانبياء المبعوثين الى المخلوقات غير الذى كان
نفس النبى وجسمه وقلبه ولسانه ودمه فى الكائنات الذى قال خير المرسلين فى
شانه سيد الاصفياء والاولياء والاوصياء وخير البريات فافضل الصلوة واكمل
التحيات عليه وآله الطيبين المنتقلين من الاصلاب الطاهرة والارحام المطهرة

اس سجادہ دعا کے بعد کتاب طبع ہو جانے کے خطبہ طبع ہوا لہذا اس وجہ سے (۱) سے (۲۸) تک صفحہ سہواً رہ گیا ۔ مہتمم

عن دنس الکفر ورجس الشرک ونجس السیئات فنشھد ان لا الہ الا ھو قائم بالقسط خالق الارض والسموات ونشھد ان محمدا خاتم النبیین خیر المرسلین ارسلہ اللہ بالایات البینات والمعجزات القاھرات ونشھد ان المنصوص بالولایۃ و الخلافۃ امیر المومنین علی بن ابی طالب نفس رسول زوج البتول ابو الحسنین خیار البریات المبرء والمنزہ من البدایۃ الی النہایۃ عن الخبائث والنجاسات الذی کانت ضربتہ یوم الخندق افضل من عبادۃ الثقلین کاسر الاصنام جاز اعناق النواصب الاتین بالظلامات ونشھد ان ائمۃ الدین وخلفاء رب العالمین من عترۃ سید المرسلین وسید الوصیین ھداۃ الانس والجن وسائر الخلیقات فمن الصلوۃ والسلام والتحیۃ افضلھا واکملھا واجملھا علیہ وعلیھم بعدد ذرات الارض والسموات وعدد الرمال وقطرات الامطار دوراق النباتات اللھم صل وسلم وزد وبارک علی محمد وال محمد کما صلیت بارکت علی ابراھیم وال ابراھیم انک مجیب الدعوات **امّا بعد** منصفین اہل اسلام اور مومنین کرام پر مخفی نرہے کہ ایک رسالہ مسمی بشرح المطالب مصنفہ مولوی محمد احمد رضا خان صاحب بعض احباب نے احمد آباد گجرات سے حقیر کے پاس بھیجا دیکھا مین نے کہ پہلے تو صاحب رسالہ نے ایک مسئلہ ساکنان گجرات کی طرف منسوب کرکے لکھا اور اسکے جواب مین مکر وزور بڑی بڑی تعلیان او رمنہ زوریان اور زبان درازیان کرکے جناب ابوطالب کے کفر پر فتوی دیا ہی اور درپردہ تمام انبیا واوصیا علی الخصوص حضرت خاتم المرسلین سید النبیین کے آبا واجداد طاہرین کو مشرک وکافر قرار دیا ہی فسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون اگرچہ علماے گجرات خصوصًا قدوۃ المتکلمین زبدۃ المدققین قاطع اعناق الجاحدین قامع اساس الضالین جناب السید شرف الدین صاحب لازالت افاداتہ الی یوم الدین کہ جو مشہور علماے سنت وجماعت سے ہین لیکن محب خالص اہل بیت رسالت کے ہین اور کیونکر نہ ہون کہ سلسلہ نسب مین بھی خاندان عصمت وطہارت سے ہین انھون نے اس خوبی وخوش اسلوبی سے جواب ترکی بترکی دیے ہین کہ علماے متعصبین ودشمنان خاندان سید المرسلین ومخاصمین دین مبین رسول رب العالمین کے ہوش وحواس باختہ میدان مناظرہ مین سپر انداختہ ہوکر تشیع اور رفض کا الزام لگانے لگے غافل اس سے کہ انھین کے امام شافعی کا قول ہی ان کان رفضا حب ال محمد فلیشھد الثقلان انی رافضی اور نیز علامہ سیوطی کہ جو حافظ اور محدث اور امام کے لقب سے مشہور ہین انھون نے چھ رسالے نبوت اسلام ونجات

آباے کرام حضرت خیر الانام وجناب ابو طالب مین لکھے ہان علی قاری نے بعض رسائل علامۂ سیوطی
کی رد کی ہی تو اُنکو معاوضہ بھی بمقتضاے جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا ملا ہی اور عاقبت
کی خبر خدا جانے کیا حال ہوا ہی محمد بن فضل اللہ خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر
مین لکھتے ہین کہ اگر قاری نے یہ رسالے نہ لکھے ہوتے تو دنیا اُنکی تالیفات سے مملو ہوجاتی
محمد بن مرعشی کا مقولہ ہی کہ ہرات کی سردی نے قاری کے سر مین اثر کیا اُسی سبب سے عقل
اُنکی مختل ہوگئی کہ اُسنے تکفیر آباے رسالت مآب صلعم مین رسالے لکھے تنبیہ العقول تاج الکلل
مین لکھا ہی کہ بہت سے اولیا و علما نے مطالعۂ کتب قاری کی ممانعت کی ہی کہ اُسنے بعض
کتب مین بڑا تعصب کیا ہی اور بہت سے ائمہ پر طعن کیا ہی اور مولوی عبد الحی لکھنوی نے
تعلیق الممجد مین لکھا ہی کہ علی قاری کی کتابین مفید ہین اگر بعض کتابون مین تعصب نہ کرتا تو
بہت ہی مفید ہوتین اور قول مستحسن مین تو قاری کی خوب ہی خبر لی ہی پھر آخر مین لکھتے
ہین کہ امر تاب فی آخر عمرہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی مشکوٰۃ کے ترجمہ مین اور نیز اُس کی
شرح مین لکھتے ہین کہ اما آباے کرام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ ایشان از آدم تا عبد اللہ
طاہر و مطہر اند از دنس کفر و رجس شرک چنانچہ آنحضرت صلعم فرمود ہمیشہ بودم آمدہ ام از اصلاب
طاہرہ بارحام طاہرہ و دلائل دیگر کہ متاخرین علما آنرا تحریر و تقریر نمودہ اند و لعمری این علمی
است کہ حق تعالی مخصوص گردانیدہ است بآن متاخران را یعنی علم آنکہ آبا و اجداد آنحضرت
ہمہ بر دین توحید و اسلام بودہ اند و از کلام متقدمین لائح میگردد کلمات بر خلاف ان ذالک
فضل اللہ یؤتیہ من یشاء و یختص بہ من یشاء پھر لکھتے ہین کہ خدا جزاے خیر دہد علامۂ
سیوطی را کہ درین باب رسائل تصنیف کردہ و افادہ نمودہ این مدعا را ظاہر و باہر گردانیدہ و
حاشا کہ این نور پاک را در جای ظلمانی پلید بنہند و در عرصات آخرت بہ تعذیب و تحقیر آبا
او را مخزی و مخذول گردانند و شیخ عبد الحق دہلوی و امام قرطبی و محب طبری و امام غزالی و
علامۂ صلاح الدین و علامۂ زرقانی و حافظ عبد العزیز پرہاری و محمد بن فضل اللہ و علامۂ سیوطی
و امام ابو نعیم و سید علی ہمدانی شافعی و بیہقی و سبط ابن جوزی و احمد زینی و امام موصلی و علی اجہوری
و تلمسانی و امام شعرانی و امام سبکی و امام تیمی و سید محمد رسول برزنجی و سلیمان رومی و نیز ابن سعد
امام المورخین صاحب طبقات و محمد بن اسحاق و واقدی اور ایک جماعت کثیر ائمۂ حدیث و
تفسیر وغیرہم کے افادات و مرویات سے بھی ثابت ہی چنانچہ قلبی نے کشف البیان مین اور

اور ہانیک نوشتہ نفی ۲ / کتابِ ... / توضیح المقاصد ... / بیاں الصحیح ... / ... / ... / ... / الدرج المنیفہ ... / ... / ... / ... عبد العزیز / ... المنظور المغنی ... / ف

بغوی نے معالم مین اور امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر مین اور نیز تفسیر نیشاپوری اور قسطلانی اور درمنثور وغیرہ مین تحت آیۂ وتقلبک فی الساجدین ابن عباس سے روایت کرتے ہین قال وتقلبک فی اصلاب الانبیاء من نبی الی نبی حتی اخرجتک فی ہذہ الامۃ یعنی منتقل کیا تجھ کو اصلاب انبیا مین یہان تک کہ پیدا کیا تجھ کو اس امت مین واخرج ابن ابی حاتم والبزاز والطبرانی وابن مردویہ وابو نعیم فی الدلائل عن ابن عباس فی قولہ تعالی وتقلبک فی الساجدین قال من نبی الی نبی حتی اخرجت نبیا واخرج ابن ابی حاتم وابن مردویہ وابو نعیم عن ابن عباس فی قولہ وتقلبک فی الساجدین قال ما زال النبی علیہ السلام تقلب فی اصلاب الانبیاء حتی ولدتہ امہ کذا فی تفسیر الدر فی اواخر السورۃ الشعراء تحت قولہ تعالی وتقلبک فی الساجدین اور نیز ذیل آیۂ ہذا بکثرت محدثین اعلام اہل سنت وجماعت نے روایت کی ہی قال رسول اللہ لم یزل ینقلنی اللہ من اصلاب الطاہرین الی ارحام الطاہرات او بعض مین الی ارحام المطہرات ہے یعنی فرمایا پیغمبر خدا نے کہ ہمیشہ ہدایت حضرت آدم سے خالق عالم نے نقل کیا مجھ کو اصلاب طاہرین سے ارحام مطہرات مین یہان تک کہ پیدا کیا مجھ کو اس عالم مین **تنبیہ** پس آیۂ مذکورہ اور جو احادیث تحت آیۂ مذکور ہوئے وہ سب نصوص صریحہ ہین کہ اصلاب انبیا اور ارحام امہات انبیا پاک اور پاکیزہ ہین رجس شرک اور خبث کفر سے اور پیغمبر برحق ہمارے بدایت حضرت آدم سے تا حضرت عبد المطلب اصلاب طاہرین اور ارحام مطہرات مین منتقل ہوتے ہوئے صلب حضرت عبد اللہ سے پیدا ہوئے اور اوسی سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اگر غیر انبیا اور غیر مومنین آبا وامہات آنحضرت ہوتے تو حق تعالی ان اصلاب وارحام کو موصوف باوصاف سجود و توحید وطہارت نہ کرتا کہ انما المشرکون نجس نص صریح انکی نجاست اور رجس وخبث ظاہری و باطنی پر موجود ہی اور یہ بھی بوضاحت ثابت ہوگیا کہ توحید وسجود سے وہ توحید وسجود مراد ہی کہ جو پسندیدۂ خدا ہی کہ حق سبحانہ تعالی نے اپنے حبیب کی مدح کی ہی پس یہ توحید وسجود مخصوص ہی انبیا اور اوصیاے انبیا اور اولیاء اللہ سے اور نیز روایات صحیحہ کثیرہ سے ثابت ہی کہ فرمایا آنحضرت نے کہ انا وعلی من نور واحد یعنی مین اور علی نور واحد سے ہوں پس وہ ہی نور واحد صلب حضرت آدم سے منتقل ہوتا ہوا تا صلب حضرت عبد المطلب پہونچا اور وہان سے دو حصہ ہوا ایک حصہ صلب حضرت عبد اللہ مین اور ایک حصہ صلب حضرت ابو طالب مین مستقر ہوا اور حضرت عبد اللہ اور حضرت ابو طالب کا موحدین وساجدین سے ہونا اور حامل ہونا اسی نور واحد کا بے غل وغش ثابت ہوا اور یہ بھی بوضاحت ثابت ہوا کہ یہ نفوس مقدسہ رجس وارجاس صوری ومعنوی سے پاک وپاکیزہ تھے او مطہر اور منزہ

تھے دنس کفر و رجس و خبث شرک سے پس ضرور یہ نفوس زاکیۂ طاہرہ یا انبیا تھے یا اوصیاے
انبیا یا اولیاء اللہ پس جو شخص ایسے نفوس مقدسہ کو الزام دے کفر و شرک کا اور اُنکی شان
مین سوے ادبی کرے اُسکے مشرک و کافر سے بدتر ہونے مین کیا شک رہا اب رہا یہ امر کہ فقہ
اکبر کے بعض نسخون مین جو قول تکفیر آباے آنحضرت منسوب با مام ابو حنیفہ ہی اور یہ مذہب خاص اکثر
حضرات سنت و جماعت کا ہی اور اُسی پر دار و مدار ہی صاحب رسالہ کا تو وہ کسی طرح صحیح نہین ہوسکتا
کہ فقہ اکبر کے متعدد نسخون مین یہ قول مذکور نہین ہی اور جن مین یہ قول ہی وہ اُنکی طرف منسوب ہی
حقیقۃ وہ فقہ اکبر امام کی نہین ہی ہم اس مقام پر زیادہ بحث کرنا نہین چاہتے فقط سیرۃ النعمان
حصۂ دوم صفحہ ۱۰۹ کہ جو محمد شبلی نعمانی صاحب کی تالیف ہی ملاحظہ ہو لکھتے ہین کہ فقہ اکبر کو اگرچہ
فخر الاسلام بزدوی و بحر العلوم و شارحین فقہ اکبر نے امام صاحب کی طرف منسوب کیا ہے
لیکن ہم مشکل سے اُسپر یقین کرسکتے ہین پھر اُسی سیرۃ النعمان مین لکھتے ہین کہ امام رازی نے
مناقب شافعی مین تصریح کی ہی کہ امام ابو حنیفہ کی کوئی تصنیف باقی نہین رہی پھر اس قول کو
منسوب کرنا امام ابو حنیفہ کی طرف کسی طرح صحیح نہین ہوسکتا با اینہمہ صاحب رسالہ مسمی محمد
احمد رضا خان صاحب کہ حنفی المذہب ہین وہ تکفیر آباے آنحضرت اور جناب ابو طالب
کیا کرسکتے ہین بجز عوام فریبی اور اغواے جہلا کے پہلے وہ اپنا حنفی المذہب ہونا ثابت
فرمالین پھر تالیف و تصنیف کی ہوس کرین سیرۃ النعمان حصۂ دوم کے صفحہ ۱۱۱ مین لکھتے ہین کہ
محدثین کے نزدیک جو بڑے سے بڑے معرکہ آرا مسئلہ ہین اُن مین کا یہ پہلا مسئلہ ہی کہ امام صاحب
نے فرائض و اعمال کو جزو ایمان نہین سمجھا پھر لکھتے ہین کہ ایک معمولی سمجھ کا آدمی کہہ سکتا ہی
کہ ایمان اعتقاد کا نام ہی جو دل سے متعلق ہی اور فرائض و اعمال جوارح کے کام ہین اس لیے
نہ ان دونون سے کوئی حقیقت مرکب ہوسکتی ہی نہ اُن مین سے ایک دوسرے کا جزو ہوسکتا
ہی صاحب رسالہ اسی پر جان دیے دیتے ہین کہ جسنے اقرار لسانی نہ کیا وہ کافر ہی پھر حنفیت اُنکی
کہان رہی حاصل کلام یہ ہی کہ رسالۂ مذکورہ زبان اُردو مین ہی اور ابتدا سے انتہا تک تقریرات
مختلۃ النظام مشتمل بر کذب و اتہام و اباطیل و اوہام و بغض و عداوت خاندان رسول انام
و مدح سرائی منافقین طغام و خوارج لیام کہ جو بالاتفاق ذریات و اعقاب اہل کفر و شرک
و بدعت سے تھے مملو ہی اور کوئی دقیقہ اصحاب ضالین و عاصبین و خائنین و ناکثین و قاسطین
و مارقین کی طرفداری و جان نثاری و حمایت کا فروگذاشت نہین کیا اور پردہ پوشی مین اُنہین
مرتدین اور کفار و مشرکین کہ جو اصلاب و ارحام نجسین و خائبین و خاسرین سے پیدا ہوئی تھی
تمام انبیا و مرسلین علی الخصوص خاتم النبیین حبیب رب العالمین کو اصلاب نجسین و ارحام

خبیثین سے قرار دینے میں بڑی عرقریزی اور جان فشانی کی ہی اور اثبات کفر و شرک آبائے کرام خیر الانام اور توہین و تنقیص اہل بیت عظام میں کوئی مکر و فریب اور اتہام اٹھا نہیں رکھا کہ جو موجب اختلال حواس ضعفائے دین اور ہیجان وسواس عوام وجہلائے بے صدق و یقین ہو سکتا ہی لہذا حسبۃ للہ و بجہت اکتساب ثواب ضرور ہوا کہ حقیقت حال اور اصلیت ہر مقال ظاہر کر دی جاوے کہ عوام الناس شر خناس اور فریب و اغوائے وسواس یوسوس فی صدور الناس سے بچیں اور دعوکا نہ کھاوین مصنف رسالہ نے جن تین آیتوں اور پندرہ حدیثوں اور ڈیڑھ سو گیارہ کتابوں اور اسی صحابہ و تابعین اور ڈیڑھ سو راویوں کا نام گنوایا ہی اور اپنے گمان باطل میں جناب ابو طالب اور ہر یرده تمام انبیا و آبائے آنحضرت کا شرک و کفر ثابت کیا ہی ہم انھیں آیات و احادیث و اقوال اور دیگر روایات و اخبار و آثار و اقوال صحابیان ذوی الاقتدار والاحترام و علمائے اعلام و مفسرین مستندین اعلام و کملائے علم کلام و فقہائے عالی مقام کہ جو مشہور و معروف بمذہب سنت و جماعت ہیں ان سب کی تحقیق و تدقیق سے اور نیز دلائل و براہین قاطعہ و ساطعہ عقلی و نقلی سے افضل ترین اصحاب اور اوصیائے انبیا اور اولیاء اللہ اور مربی رسول اللہ اور عارف کامل اور مومن باذل ہونا جناب ابو طالب کا اور طاہر ہونا اصلاب وارحام انبیا اور اوصیا کا علی الخصوص حضرت خاتم المرسلین اور سید الوصیین امام المتقین امیر المومنین کا از آدم تا حضرت عبد اللہ و جناب ابو طالب اس صراحت سے ثابت کیے دیتے ہیں کہ کسی کو جائے کلام نہ رہے اور مسمی کیا ہم نے اسکو ساتھ **فتح الغالب فی رد شرح المطالب** کے وما انا شرع بتوفیق اللہ و توفیقہ فی المقصود متوکلا علی مفیض الخیر والجود و بہ نستعین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ اس میں شک نہیں کہ جناب ابو طالب تمام عمر حضور سید الاولین والآخرین سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم الی یوم القرار کی حفظ و حمایت و نصرت میں مصروف رہے **اقول** اس میں بھی معاندین و منافقین جو مصداق امنا بافواھھم ولم تؤمن قلوبھم کے ہیں اور جن کی شان میں لھم فی الدنیا خزی ولھم فی الآخرۃ عذاب عظیم حق تعالی نے فرمایا ہی اگر وہ شک کریں تو کیا عجب ہی اور القاب مبارک جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں تکرار لفظ سید سے آپ کا کیا منشا ہی کہ آپ نے فقط لفظ سید پر اکتفا فرمائی اور وہ بھی باین فصاحت و بلاغت کہ پہلے تو سید المرسلین رقم فرمایا پھر اسپر ترقی فرمائی کہ

سید الاولین والآخرین اور بعد اسکے جو بلند پروازی کی تو سید الابرار جس سے صاف ظاہر ہی کہ اولین و آخرین مرتبہ مین مرسلین سے بھی افضل ہین پھر سید ابرار فرمایا کہ ابرار اولین و آخرین سے بھی بہتر ہین یعنی مرسلین اولین و آخرین مین شامل ہین اور نیز مرسلین اور اولین و آخرین ابرار نہین ہین سبحان اللہ آپ نے فصحاے زمانہ کا دم بند کر دیا۔ اب کون ایسی عبارت لکھ سکتا ہی اور ایسی مدح جناب رسالت مآب کی کر سکتا ہی **قولہ** اپنی اولاد سے زیادہ حضور کو عزیز رکھا **اقول** بے شک اپنی اولاد و جان و مال سے زیادہ عزیز رکھا اور کیونکر عزیز نہ رکھتے کہ عارفین و موحدین و اوصیاے انبیا علیہم السلام سے تھے جناب عبد المطلب کی وصیت تھی کہ یہ مرتبۂ عظیم رکھتے ہین یعنی پیغمبر ہین ان کی حمایت مین مصروف رہنا جیسا کہ کتب تواریخ و سیر و حدیث سے ثابت ہی ورنہ اپنی اولاد سے زیادہ عزیز رکھنے کا کوئی سبب نہین ہی اور جہان آپ نے اس سبب کو بیان کیا ہی وہان پر ہم آپ کی زبان سے امر حق ثابت کر دینگے **قولہ** اور اُس وقت مین ساتھ دیا کہ ایک عالم حضور کا دشمن جان ہو گیا تھا **قول** یہ بھی غلط ہی اسواسطے کہ اس عالم مین تمام قریش اور بنی ہاشم اور اعمام آنحضرت کے بھی شامل ہوے جاتے ہین حالانکہ وہ سب دشمن جان نہ تھے اور اگر یہ امر تسلیم بھی کر لیا جائے تو فرمایئے کہ جناب ابو طالب کو کیا تخصیص تھی کہ حفاظت و حمایت و کفالت و نصرت مین تمام عمر مصروف رہے مثل تمام اعمام آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم و مثل تمام قوم و قبیلہ کے کیون دشمن جان نہ ہوے اور اپنی اولاد سے زیادہ عزیز رکھنے کا کیا سبب ای حضرت وجہ یہ ہی کہ وہ حامل وصایاے انبیا اور مستودعین سے تھے کہ وصایاے انبیاے سابقین کو تفویض آنحضرت کیا اور تشبیہ ابو طالب کی ساتھ مومن آل فرعون کے ہی کہ جنکے حق مین حق تعالی یکتم ایمانہ فرماتا ہی **قولہ** اپنے تمام عزیزون قریبون سے مخالفت گوارا کی سب کو چھوڑ دینا قبول کیا کوئی دقیقہ غمگساری جان نثاری کا نا مرعی نہ رکھا **قول** فی الحقیقت ایسا ہی ہو گیا آپ اسکا بھی انکار کر سکتے ہین اگر آپ سے ہو سکتا تو انکار کیا بلکہ تکذیب و رد کرتے مگر تواریخ و سیر کفار و مشرکین تک ابو طالب کے احوال سے مملو ہین **قولہ** اور یقیناً جانتے تھے کہ حضور افضل المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے سچے رسول ہین اپنر ایمان لانے مین جنت ابدی اور تکذیب مین جہنم دائمی ہی بنی ہاشم کو مرتے وقت وصیت کی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرو فلاح پاؤ گے **اقول** یہی یقیناً جاننا ایمان حقیقی ہی کہ آنحضرت افضل المرسلین سچے رسول ہین اُنکی تصدیق مین جنت تکذیب مین جہنم ہی اور کیونکر بنی ہاشم کو وصیت نہ کرتے کہ ابو طالب وصی انبیا اور مستودعین سے

تھے جو کچھ خدا کی طرف سے اُنپر فرض تھا مرتے دم تک اُسکو ادا کیا فقط بنی ہاشم کو وصیت نہین کی بلکہ
بنی ہاشم اور غیر بنی ہاشم سب کو وصیت اور نصیحت کی اگرچہ بنی ہاشم کو خاص کیا اور قریش کو عام طور
سے اگر آپ بھی بنی ہاشم کے مقام پر قریش فرما دیتے تو ماخذ علم آپ کا مخفی رہتا کیا آپ نے معارج
النبوۃ بھی نہین ملاحظہ فرمائی رکن سوم باب سوم فصل دوم واقعات سال دہم نبوت مین ملاحظہ ہو
لکھتے ہین کہ محمد بن کعب قرظی می گوید کہ چون ابی طالب بیمار شد قریش بعیادت او می آمدند ادل ایشانرا
بنواخت وبعد ازان بہ نصیحت آن جماعت پرداخت وایشان را بہ تعظیم کعبہ وصلۂ رحم ورعایت
عامل وعطای سائل دلالت کرد وبصدق حدیث وادای امانت مبالغت نمود آنگاہ گفت شما
را وصیت می کنم بہ مطابعت ومعاونت محمدؐ کہ او امین قریش وصدیق عرب است وے امری آمدہ کہ دل
قبول آن کردہ وزبان بصدق آن گواہی دادہ وبخدا سوگند کہ من چنان می بینم کہ اشراف آفاق و
سادات وعظما واکابر اطراف واکناف دعوت اورا اجابت نمودہ اند وتصدیق قول وی کردہ اند
وتمامی بلاد عرب وعجم مسلم گشتہ وزمام حل وعقد بدست تدبیر او دادہ ومفاتیح ابواب سعادت ذریعۂ
متابعت او نہادہ ای بنی ہاشم بدو تقرب جوئید بنفس ومال معاونت او نمائید حاصل یہ ہی کہ آپ
سچ بولنے کی قسم کھائے ہوئے بیٹھے ہین مگر باوجود اسکے دعواے اسلام ومومنیت رکھتے
ہین ایمان سے فرمایئے کہ یہ قول ابوطالب کا جو صاحب معارج نے نقل کیا ہی کہ "دل قبول آن کردہ
وزبان بصدق آن گواہی دادہ" یہ تصدیق جنانی اور اقرار لسانی نہین ہو تو اسکو کیا کہتے ہین کیا
اسلام وایمان اسی کا نام ہی جو آپ نے اختیار کیا ہی کہ زبان سے اقرار رسالت اور دعواے
سنت جماعت اور دل سے دشمنی آبا واجداد واعمام بلکہ تمامی خاندان نبوت یہ تو آن دشمنان رسول خدا
کا شیوہ ہی جو فی الظاہر مسلمان اور فی الباطن کافر تھے **قولہ** نعت شریف مین قصائد ان سے
منقول اور اُن مین براہ فراست وہ امور مذکور کہ اُس وقت تک واقع نہ ہوے تھے بعد بعثت شریعت
انکا ظہور ہوا یہ سب احوال مطالعۂ احادیث ومراجعت کتب سیر سے ظاہر ہی ایک شعر انکا صحیح بخاری
شریف مین بھی مروی ہی **اقول** حفاظت وحراست ونصرت وکفالت وفرمانبرداری وجان نثاری
حضرت ابوطالب کی مشہور ہی اور معروف ہی اور جو وصیتین اور نصیحتین قریش اور بنی ہاشم کو کی ہین اور انہین
[illegible] وثناء وپیشنگوئیان فرمائین اور تصدیق رسالت پناہی اور اتمام نور الٰہی ہین عرقریہ بیان
[illegible] آفتاب سے نمایان ہین اور کیونکر نہ کرتے کہ موحدین عارفین اوصیاے انبیا المعصومین سے تھے
[illegible] یہ کلمہ جو آپنے رقم فرمایا کہ "ان مین براہ فراست وہ امور ذکر کیے جو اُسوقت تک واقع نہوے تھے بعد
بعثت شریعت اُسکا ظہور ہوا" یہ آپکی فراست ہی اسواسطے کہ فراست کے معنی شرعت فہم وادراک زیرکی ودانائی
وعلم قیافہ کے ہین اور علم قیافہ اُسے کہتے ہین کہ ہر شخص کی صورت سے اُسکی سیرت کو پہچان جائے فراست کے معنی

پیشین گوئی کے نہیں ہیں کاشکے فراست کے مقام پر کہانت یا مثل اسکے فرمایا ہوتا افسوس ہی آپ کی عقل و دانائی پر کیونکہ جو جو پیشین گوئیاں حضرت ابوطالب نے فرمائی تھیں بعد انکی وفات کے انکا ظہور ہوا اور ایسی پیشین گوئی منصب انبیا یا اوصیاے انبیا یا اولیاء اللہ کا ہی کہ کبھی بہ رؤیاے صادقہ اور گاہ بالہام اور گاہی بنزول ملائکہ من اللہ ظہور میں آتی ہین فراست کو پیشین گوئی سے کیا علاقہ ہی ہان کاہن اور نجومی وغیرہ بھی پیشین گوئیان کرتے ہین مگر مشکل تو آپ کو یہ ہوئی کہ ابوطالبؑ کو آپ نہ تو کاہن کہہ سکتے ہین نہ نجومی کیونکہ علاوہ ان دلائل کے جنکا بیان اس مقام پر باعث طول ہی یہی دلیل کافی ہی کہ کسی مورخ یا صاحب سیر نے جناب ابوطالبؑ کو لفظ کاہن یا نجومی سے خطاب نہین کیا اسواسطے آپ نے یہ لفظ فراست گڑھا اور ایک شعر حضرت ابوطالبؑ کے قصیدہ کا اور ایک سو دس بیتین محمد بن اسحق مدنی نے بھی نقل کین تو کیا جاے تعجب ہی کہ قصائد جناب ابوطالبؑ کے مدح و ثناے جناب ختمی مآبؐ مین لاتعد و لاتحصی ہین **قولہ** شیخ محقق مولانا عبدالحق دہلوی قدس سرہ شرح صراط مستقیم مین اس قصیدہ کی نسبت فرماتے ہین "دلالت دارد بر کمال محبت و نہایت معرفت نبوت"

اقول ابھی گذارش کرچکا ہون کہ ابوطالب ابتدا سے موحدین عارفین اور اوصیاے انبیا سے یا لنفسہ نبی تھے چنانچہ آپ کے مولانا عبدالحق دہلوی نے جو رقم فرمایا "دلالت دارد بر کمال محبت و نہایت معرفت نبوت" تو آپ نے نہ کمال محبت کو سمجھا نہ نہایت معرفت کو اور فی الحقیقت ان امور کی واقفیت کے واسطے مادہ چاہیے وہ آپ مین معدوم اور یہ حق ان علماے اعلام اور فضلاے عالی مقام کا ہی جو جمیع علوم مین کامل ہین اور آپ تو مصداق ختم اللہ علی قلوبھم کے ہین آپ کو متاثر ہونا دشوار ہی مگر اتماماً للحجہ باتباع اہل حق و عرفان و اقوال علماے عالی شان گذارش کرنا ضرور ہی کہ کلام مولانا عبدالحق مین جو کمال محبت کا لفظ آیا ہی اُسے سمجھیے محبت ماخوذ ہی حب سے بمعنی میلان قلب اہل لغت کہتے ہین کہ محبت امر وجدانی ہی امور قلب سے جسکے معنی میلان نفس کا ایک شی کی طرف ہی اور بعض نے معنی محبت ارادۂ قلب کے بیان کیے ہین مثلاً احببت ان افعل ای اردت ان افعل اور بعض نے تعریف کی ہی کہ محبت میل طبع کی جنس سے ہی جیسے احب ولدی بمعنی یمیل قلبی وطبعی الیہ حاصل یہ ہی کہ محبت کو کہ میلان نفس کا نام ہی مضاف کیا طرف قلب کے اور حب القلب کہا تو محبت ایک امر اضافی ہی اور اُسکی چند قسمین ہین محبت[۱] سببی ۔ محبت[۲] خلقی ۔ محبت[۳] تکلیفی ۔ محبت[۴] التزامی پس محبت[۱] سببی بہ سبب اسباب کے ہوتی ہی جیسے قرابتی[۱] کہ بوجود قرابت اصلاب و وصلت رحم طبیعت بصورت تراحم ذوی الاصلاب والارحام کی طرف مائل ہوجاتی ہی شہوانی[۲] کہ وہ ایک امر ہی وجدانی لازم حیوانی کہ بالطبع میلان ہوتا ہی طرف اغذیہ واطعمہ واشربہ وازدواج وغیرہ کے صداقتی[۳] کہ بسبب حصول صداقت کے رغبت کرتا ہی انسان صدیق کی طرف اور تعظیم و تکریم اُسکی پیدا ہوتی ہی غرض کسی سبب سے میلان قلب ہو اُسکو محبت سببی کہتے ہین محبت خلقی کہ بعد استکمال بدن کے خلائق کے دلون مین حق تعالی پیدا کرتا ہی کہ بغیر تحصیل صداقت و قرابت و صناعت وغیرہ کے

[۱] اقسام محبت از ناصر العترۃ مصنفہ جناب سید ابوالقاسم لاہوری صفحہ ۶۴ و بعض مقام از لوامع التنزیل جزو ثانی صفحہ ۱۳۰-۱۳۱

میلان اُنکا اُس طرف کو ہوتا ہی اور وہ تعظیم و تکریم اولیا و اصفیا و انبیا وغیرہ کی کرتے ہین اور اُنکے اعدا کو ذلیل
و حقیر جانتے ہین اور اُنکی تذلیل و توہین مین مصروف رہتے ہین اور اس قسم خلقی کا مصداق علما نے اس آیہ کریمہ
کو لکھا ہی ان الذین امنوا وعملوا الصالحات سیجعل لهم الرحمن ودا یعنی جو لوگ ایمان لائے ہین اور عمل صالح
کرتے ہین جلد خدا سے مہربان گردانتا ہی اُنکے واسطے مودت اور محبت کو چنانچہ نیشاپوری و ثعلبی و زمخشری نے شان
مین سبب نزول اس آیہ کا اس طرح لکھا ہی ان النبی قال لعلی قل اللهم اجعل لی عندک عهدا واجعل لی فی
صدور المومنین مودة فانزل هذه الآیة یعنی فرمایا پیغمبر خدا نے علیؑ سے کہ ای علی کہہ تو کہ بار خدایا کر تو اپنی طرف
سے میرے واسطے عہد اور پیدا کر واسطے میرے صدور قلوب مومنین مین مودت و محبت پس یہ آیہ نازل ہوا تیسرے
محبت تکلیفی اور وہ عبارت ہی اس امر سے کہ حق تعالی نے کافہ امت کو تکلیف دی کہ اپنے دلون کو مائل کرین اور
رغبت کرین طرف سید الانام اور اُنکی آل کرام کے اور اکتساب کرین محبت کو کہ فائق ہو بہ نسبت محبت اقارب و
ذوی الارحام کے کہ بعد تحصیل اس محبت کے جان اور مال اور اولاد فدا اُنکی کرین اور مصداق اسکا قول حق تعالی
ہی قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المودة فی القربی چوتھے محبت التزامی ہی اور وہ دو حال سے خالی نہین یا نسبت
معبود ہی یا عباد ہی جو بہ نسبت معبود ہی اُس سے مراد یہ ہی کہ حق تعالی کسی کی محبت کو اپنی ذات پر لازم گردانے یعنی
معہود کرے مثلاً والله یحب المحسنین یہ محبت خدا کی محبت التزامی ہی اسواسطے کہ محبت کے معنی میلان قلب کے
ہین اور حق سبحانہ تعالی قلب اور جسم سے مبرا ہی نسبت دینا محبت قلبی اور بغض قلبی کا خدا کی طرف ممتنع ہی پس
محبت خدا سے مراد معنی مجازی ہین کہ ایصال خیر اور انعام ہی اور جو بہ نسبت عباد ہی وہ متعلق بلزوم قلب ہی پس محبت
التزامی بہ نسبت عباد کے بحسب تفاوت اشخاص متفاوت ہوتی ہی اور اس محبت کے بھی مدارج ہین عام خاص
اخص اور اخص کے بھی دو درجے ہین درجہ ثانیہ وہ ہی کہ اُس سے زیادہ ممکن نہین اُسکو درجہ خاتمیت کہتے ہین
محبت عام بندہ بہ نسبت خدا کے عبارت ہی اس امر سے کہ ان العبد بعد تحصیل المعرفة یمیل قلبه میلا تاما
الی الامور الالهیة حتی لا یفرط فی اضدادها یعنی بندہ کہ بعد تحصیل کرنے معرفت خدا کے میلان مفرط اُسکے قلب مین
پیدا ہوتا ہی کہ امور الٰہیہ کو ترک نہین کرتا اور ہر وقت مرید اور راغب اُسکا ہوتا ہی محبت عام معبود بہ نسبت عوام
عباد کے جیسا کہ مطالب السئول مین ہی ان محبته تعالی للمومنین کارادته تعالی باثابته و دفع عقابه
عنه من جهة الایمان والاعمال فهذه الارادة بهذا المعنی رحمة فالمحبة اخص من ذلک خلاصہ یہ ہی
کہ محبت حق تعالی کی عام مومنین کی نسبت ارادۂ الٰہیہ بعطاء ثواب و دفع عقاب من جهة الایمان والاعمال ہی اور
اسی ارادہ کو محبت کہتے ہین اور در اصل محبت اخص ہی ارادہ سے کہ ارادہ فقط میلان ہی محبت خاص بندہ وہ محبت
ہی کہ بندہ بعد حصول کمال معرفت مائل ہوتا ہی بلکہ میلان قوی اُسکا عبادت و طاعت الٰہی پر ہوتا ہی اس طرح
سے کہ ہر فعل صعب کو اسہل و راخف شمار کرتا ہی محبت خاص خدا کی بہ نسبت بندۂ خاص کے عبارت ہی عن
کشف الحجاب عن قلبه و تمکینه من ان یطاء علی بساط قربه لیلاحظ ما یوصف سبحانه به مما

یجوز ومما لا یجوز علیہ بالایقان فبذلک یتفوق علی کل فائق یعنی خدا کشف حجاب کرتا ہو اُسکے قلب سے
اور تمکین دیتا ہی اُسکو چلنے پر کہ میرے قرب بساط کی راہ پر چلے واسطے اخذ کرنے اُن اوصاف کے کہ متصف ہی
ساتھ اُن صفات کے ذات باری اور اُن صفتون سے کہ جائز ہی اور اُن صفتون سے کہ جائز نہین ہی اوپر بندہ
کے یقین کے ساتھ اور بعد حصول اس مرتبہ کے فائق ہوتا ہی فائقین پر درجۂ محبت اخص بندہ جو درجۂ اخص کا
اول درجہ ہی وھو عبارۃ عن اشد المیلان الموفق للتجافی عن دار الغرور والترقی الی عالم الانس و
الحضور والوحشۃ ممن سواہ فتصیر ھمومہ ھما واحدا فیسھل لہ الیہ الوصول یعنی قلب بندہ
مین اشد میلان پیدا ہوتا ہی اور وہ میلان مؤید اور موفق ہوتا ہی اور برخواستہ اور آمادہ کرتا ہی کہ ہمیشہ بندہ پا
بہ رکاب رہتا ہی اس دار غرور فانی سے اور ترقی کرتا ہی اور بلند ہوتا ہی عالم نور اور عالم موانست وحضور کی طرف
اور توحش کرتا ہی جمیع ما سوی اللہ سے اور ہوجاتے ہین ہموم اُسکے ہم واحد اور وصول اُسکا بقرب وتعالی سہل
ہوتا ہی اول درجہ محبت اخص الٰہی ھو عبارۃ عن ماھو احسان مخصوص بلیق بحالہ ویمتاز بہ عن جنسہ
بمزایا زایدۃ والنوائل العالیۃ من رضوانہ واخص انعامہ من ازلافہ فیشمولھا ینقاد لہ کلما
ارادہ بارادتہ تعالی یعنی احسان جو مخصوص خداوندی ہی اور لائق بحال بندہ ہی کہ بسبب اُسکے وہ ممتاز ہوتا
ہی اپنے اجناس سے ساتھ مزیت زائدہ کے اور عطایاے عالیہ کے اور رضوان الٰہیہ کے اور اخص انعام
کبریائیہ کے پس بشمول ان لطاف ربانیہ کے جو کچھ ارادہ کرتا ہی منقاد بارادۂ الٰہیہ ہوتا ہی یعنی جسوقت اُس کی
نزدیکی سے ندا بجا لاتا ہی حق تعالی لبیک عبدی کہتا ہی اور جب دعا کرتا ہی مقبول ہوتی ہی اور جو سوال کرتا
ہی حق تعالی عطا فرماتا ہی اور جسوقت حق تعالی سے پناہ طلب کرتا ہی پناہ اُسکو ملتی ہی چنانچہ غزالی و ابن طلحہ وغیرہ نے
حدیث قدسی روایت کی ہی جو اسی محبت اخص الٰہی پر دلالت کرتی ہی وہ حدیث قدسی یہ ہی قال تعالی لا یزال عبدی
یتقرب الی بالنوافل حتی احبہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ و
یدہ الذی یبطش بھا ولسانہ الذی ینطق بہ ورجلہ التی تمشی بھا وان دعانی اعطیتہ وان استعاذنی
اعذتہ بہ یعنی جو بندہ کہ تقرب میرا بنوافل حاصل کرے اُسکا دوست ہوتا ہون مین اور جسوقت کہ اُسکا دوست
ہوا مین پس سمع اُسکا ہون مین جس سے سماعت کرتا ہی وہ اور بصارت اُسکی ہوتا ہون کہ دیکھتا ہی وہ ساتھ
اُسکے اور لسان اُسکی ہون کہ کلام کرتا ہی وہ ساتھ اُسکے اور ہاتھ اُسکا ہوتا ہون کہ مضبوط پکڑتا ہی وہ ساتھ
اُسکے اور پانوٗن اُسکا ہوتا ہون کہ چلتا ہی وہ ساتھ اُسکے اور اگر دعا کرتا ہی تو عطا کرتا ہون مین اُسکو اور
پناہ مانگتا ہی تو پناہ دیتا ہون مین اُسکو حاصل یہ ہی کہ اس حدیث سے ثابت ہی کہ حق تعالی اپنے دوست کو
اسقدر دوست رکھتا ہی کہ جو فعل کہ جوارح دوست سے صادر ہوتا ہی اُسکو وہ اپنا فعل جانتا ہی یہ مراد نہین ہی
معاذ اللہ کہ حق سبحانہ تعالی اُسکا جوارح ہوجاتا ہی یعنی اُس شخص موصوف کے اعضا مین حلول کرجاتا ہے
جیسا کہ مذہب حلولیہ کا ہی بلکہ مراد اس سے اشارات اضافیہ ہین مثل من یطع الرسول فقد اطاع اللہ اطاعت

رسول اطاعت خدا ہی اسی طرح سے امور مذکورہ کو بھی قیاس کرنا چاہیے محبت خاتمیت کہ درجۂ ثانوی محبت
اخص کا کہ اُسکا فوق ممکن نہین پس یہ من العبد الی اللہ عبارت ہو من ان العبد یغوص فی بحر الوحدۃ
بعد طی ملوک الملکوت واللاہوت والجبروت حتی یصیر فنائہ فی اللہ عن قطع شواغلہ کلیۃ عن
جمیع ماسوی اللہ وتطہیر باطنہ عن کدورۃ الدنیا ورفع الحجب عن قلبہ فیستفیض باحوال
شریفۃ ومنائح سنیۃ ومقامات عالیۃ وعلوم ربانیۃ من ازلا فہ ولدنہ تعالی حتی یحصل
لہ من العلم عین الیقین کانہ یراہ ویری کل ماسواہ بحیث لایمکن الحصول فوقہ والوصول الیہ
لاحد یعنی بندہ بعد طی کرنے مراحل ملک ملکوت اور لاہوت اور جبروت کے بحر وحدت مین غواصی کرتا ہی
اور فنا فی اللہ ہوجاتا ہی جمیع شواغل ماسوی اللہ کے قطع ہوجاتے ہین اور باطن اُسکا کدورت دنیا سے
طاہر ہوجاتا ہی اور حجاب اُسکے قلب سے مرتفع ہوجاتے ہین اور کمال وحدت کو پہونچکر قرب حق تعالی سے
مستفیض ہوتا ہی اور علم الیقین اور عین الیقین اُسکو حاصل ہوتا ہی کانہ حق تعالی کو مشاہدہ کرتا ہی اور تمام
ثری سے سما تک مشاہدہ کرتا ہی یہ درجۂ خاتمیت بجز انبیا واوصیا واولیا کے کسی کو حاصل نہین ہوتا
اولیا سے خدا ہی اس درجہ پر فیضیاب ہوسے ہین چنانچہ قول امیر المومنین علی علیہ السلام کہ مجامع مردم مین
مکرر فرمایا سلونی قبل ان تفقدونی ولو کشف الغطاء لما ازددت یقینا یعنی اگر کشف غطا ہوجاے
پردے اُٹھ جائین تو بھی کچھ میرے یقین مین زیادتی نہ ہوگی محبت خاتمیت من اللہ الی العبد عبارت ہی
من عنایۃ شریفۃ تامۃ من اخص الرضوان تعالی شانہ حاویۃ لہذا العبد فیحصل لہ غایۃ
القرب الذی لایمکن فوقہ ومثلہ لاحد سواہ فیصیر تارۃ خلیفۃ اللہ فی ارضہ وسمائہ واخری
مرتضاہ ومصطفاہ لنفسہ فرضاہ رضاہ وطاعتہ طاعتہ وادراکہ ادراکہ خلاصہ یہ ہی کہ یہ محبت
عنایۃ الٰہیہ عنایت تامہ شریفہ ہی اخص رضوان اللہ تعالی سے کہ شامل وحاوی اپنے عبد کے ہوکر اُس کو
غایت قرب حاصل ہو اس طرح سے کہ مثل اُسکا یا فوق اُسکا ممکن نہ ہو اور ایسے شخص کو حق سبحانہ تعالی
کبھی اپنا نائب اور خلیفہ تمام اہل آسمان و زمین پر کرتا ہی اور کبھی برگزیدہ اُسکو کرتا ہی کہ بفراغ دلی صرف
عبادات ومناجات رہے حاصل یہ ہی کہ جب اس درجہ پر فائض ہو اور یہ درجہ اُسکو حاصل ہو تو
رضا اُسکی رضا سے حق تعالی ہی اور طاعت اُسکی طاعت اُسکی ہی اور ادراک اُسکا ادراک اُسکا ہی یہی سبب
ہی کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا انا وجہ اللہ وعین اللہ ولسان اللہ وید اللہ اور ترمذی
اور مشکوۃ مین روایت ہی انس سے کہ ایک طیر مشوی آنحضرت کے سامنے حاضر کیا گیا آپ نے فرمایا اللھم
ائتنی باحب الخلق الیک لیاکل ہذا الطیر معی فجاء علی فاکل معہ اور ابن شافعی نے کہا کہ جب محبت
اُنکی ثابت ہوئی تو لوازم اُسکے بھی ظاہر ہوسے اور وہ حدیث راتہی کہ ترمذی اور مشکوۃ مین موجود ہی
جابر سے ان رسول اللہ دعی علیا یوم الطائف فانتجاہ فقال الناس طال نجواہ مع ابن عمہ

وقال رسول اللہ ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ اور خود جناب امیر المومنین نے مکرر گروہ مسلمین مین فرمایا سلونی قبل ان تفقدونی سلونی عن طرق السموات فانی اعلم بہا من طرق الارض اور مثل اسکے حالات انبیاء و اوصیاء و اولیاء اللہ بکثرت ہین کہ نقل کرنا سبب کا باعث تطویل ہی الحاصل جناب ابوطالب کو کمال محبت تھی آنحضرت سے یعنی تمام مدارج محبت کے انکو حاصل تھے چنانچہ محبت سببی تو ظاہر ہی کہ عم رسول مختار تھے اور اگر فقط محبت سببی ہی ہوتی تو ممکن تھا کہ مثل دیگر اعمام کے ابوطالب بھی مخالفت کرتے جیسا کہ آپکا قول ہی کہ ایک عالم حضور کا دشمن جان ہو گیا تھا جن مین قریش و بنی ہاشم اور بعض اعمام بھی شریک تھے اسواسطے کہ جب ایک سبب پر دوسرا سبب غالب ہو جاتا ہی تو سبب اول مغلوب بلکہ کالعدم ہو جاتا ہی مثلاً برادران حقیقی کہ محبت سببی فی الظاہر رکھتے ہین مگر کبھی بغلبۂ اغراض نفسانیہ اور حب جاہ و ثروت بلکہ ادنی مال دنیوی کے واسطے ایک دوسرے کے دشمن جان ہو جاتے ہین حتی کہ نوبت بہ قتل و قمع پہونچتی ہی اور ایک دوسرے کو قتل کر ڈالتا ہی محبت خلقی بھی ابوطالب کے واسطے ثابت ہی کہ حق تعالی نے اُنکے دل مین پیدا کر دی تھی جس سبب سے قلباً حضرت سید النبیین خاتم المرسلین پر نثار تھے اور کوئی دقیقہ تعظیم و تکریم آنحضرت کا فروگذاشت نہین کیا حالانکہ آنحضرت بھتیجے تھے اور خود ابوطالب پرورش و تربیت مین مصروف تھے مربی آنحضرت کے تھے اُنکو عظمت اور اکرام کرنا ضرور نہ تھا پس بالضرور یہ محبت حق تعالی نے حضرت ابوطالب کو عنایت فرمائی تھی اور یہی حال حضرت عبد المطلب کا تھا اور جس وقت عبد المطلب نے آنحضرتؐ کو سپرد ابوطالب کیا تو دوسرے بھائیون نے حضرت ابوطالب کی بھی خواہش کی تھی چنانچہ تواریخ و سیر اس احوال سے مملو ہین مگر عبد المطلب نے حضرت ابوطالب کے سپرد کیا باین شرط کہ مین تو ابوطالب کو لائق اس کام کے جانتا ہون مگر جسکو خود محمدؐ پسند کرے اور اختیار کرے اور آنحضرتؐ کو عبد المطلب نے طلب کیا اور کہا کہ ان مین سے جسے تم اختیار کرو اُسکے سپرد کرون آنحضرت فوراً اُٹھے اور زانوے ابوطالب پر جا بیٹھے اُسوقت عبد المطلب نے فرمایا شکر خدا کہ میرا اختیار کرنا مطابق اختیار محمدؐ ہوا کیونکہ حضرت آجتک کسی دادا نے اپنے پوتے کا اور پوتا بھی صغیر السن اُسکا یہ اعزاز و اکرام کیا ہی اور یہ قدر و منزلت اُسکی کی ہی کہ اُسکا اختیار کرنا جو مطابق اختیار جد ہوا تو جد شکر خدا بجالایا حاصل یہ ہی کہ یہ محبت حق تعالی نے ابوطالب کو آنحضرتؐ کی عطا فرمائی تھی اور آنحضرت کو ابوطالب کی محبت تکلیفی کے مصداق بھی ابوطالب تھے کہ جان و دل سے راغب بلکہ فریفتۂ رسول انام تھے اور اپنی اولاد اور اقارب اور ذوی الارحام سے زیادہ سمجھتے تھے اور اسقدر اپنے دل کو مائل کیا تھا کہ فائق اور زائد ہونا اُس سے متخیل اور متصور نہین ہو سکتا اسی کا نام محبت تکلیفی ہی کہ اوپر ہم بیان کر آئے ہین چنانچہ حضرت رسالتمآب فرماتے ہین اہل بیت کی شان مین کہ اس محبت کا اکتساب کرو والذی نفسی بیدہ لا یدخل فی قلب رجل الایمان حتی یحبکم لللہ ولرسولہ اور فرمایا احبوا اہل بیتی بحبی کہ دوست رکھو اور محبت کرو میرے اہل بیت کی میری محبت کے سبب سے اور فرمایا اہل بیت کو واللہ ایمان اُسکے دل مین داخل نہین ہوتا جو تم کو دوست نہ رکھے میں محبت

تکلیفی محبت اکتسابی ہی لیکن مخاطب عالی مقام کو دقائق علوم و عرفان سے کیا علاقہ ہی نفاق قلبی نے عقل کو زائل
کر دیا ہی مصداق افلا یعقلون مین شامل ہین جب کافہ امت محمدؐ کو اکتساب محبت اہل بیت کا حکم محکم بلسان
رسولؐ الوہ بنص صریح قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی ہو کہ بغیر حصول محبت اہل بیت آنحضرت
ایمان مفقود ہی چہ جائیکہ جو شخص اہل بیت اور ذریت مین سے ہو اور ذات بابرکات شفیع المذنبین پر جان و دل سے
شیفتہ ہو اور آنحضرتؐ کی رضامندی اور خوشنودی کا طالب رہے اپنی جان اور مال اور اولاد سے فدا رہے
مصیبتین اور تکلیفین اٹھائے حتی کہ باتفاق و اجماع اہل سیر و تواریخ پتے درختون کے کھائے اور خواب و خور
اپنے اوپر حرام کر دیے مگر حمایت اور جان نثاری سے باز نہ آئے تو کیونکر ممکن ہی کہ وہ محبت تکلیفی سے خالی اور
ایمان سے محروم رہے چنانچہ جب بلوا کیا کفار نے تو آنحضرت کو شعب مین لے گئے اور مثل قلب و روح کے
ایک ساعت جدا نہ ہوتے تھے اور آنحضرتؐ کے واسطے فرش بچھاتے تھے اور جب شب ہوتی تھی تو اپنے فرزندان
مین سے ایک کو اس فرش پر سلاتے تھے اور آنحضرت کو مخفی دوسرے مقام پر پہونچاتے تھے کہ اگر کچھ ضرر پہونچا
کفار تو میری اولاد کو پہونچائین مگر آنحضرت محفوظ رہین اور تمام عرب کو عامۃ اور قریش و بنی ہاشم کو خاصۃ وعظ و پند
کرتے تھے اور سعی بلیغ فرماتے تھے کہ دیکھو محمدؐ صدیق ہو دین اسکا خیر الادیان ہی یہ پیغمبر آخر الزمان ہو اسکی اتباع
کرو فلاح پاؤ گے غرض ابو طالب نے کوئی دقیقہ دعوت اسلام اور تصدیق رسالت آنحضرت کا فروگذاشت نہین
کیا باوجود ان سب امرون کے معاذ اللہ وہ کافر رہے اور انکے دل مین ایمان داخل نہ ہوا بلکہ مخاطب والا اسکو مسلم
اور مومن خطاب کرتے ہین کہ جو فقط زبان سے لا الہ الا اللہ کہے اور دل سے دشمن خاندان نبوت ہو یہ نہین جانتے
کہ ایسے مسلمین کی شان مین حق تعالی فرماتا ہی کہ تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الاخرۃ یعنی تم لوگ خواہان
متاع دنیا ہو اور اللہ چاہتا ہی آخرت کو اور ایک مقام پر فرماتا ہو تسرون الیہم بالمودۃ وانا اعلم بما اخفیتم
واعلنتم ومن یفعلہ منکم فقد ضل سواء السبیل یعنی چھپاتے ہو تم لوگ دوستی کفار کی اور مین خوب جانتا
ہون جس چیز کو تم چھپاتے ہو یعنی محبت کفار کو تم چھپاتے ہو اور محبت مسلمین تم ظاہر کرتے ہو اور جو شخص ایسا ہی وہ
گمراہ ہی راہ راست سے بس جس طرح کفار کی دوستی پوشیدہ کرنے والے اور مومنین کی دوستی ظاہر کرنے والے کو خدا
جانتا ہی اور وہ لوگ موصوف بگمراہی ہین اسی طرح ابو طالب نے بضرورت مخفی کیا اپنے ایمان کو اور ظاہر کیا کفر
کو عالم الغیب اور رسولؐ اسکا ذب اور واقف تھا کہ ابو طالب راہ راست پر تھے محبت التزامی کہ جسکی تین قسمین ہین
عام ـ خاص ـ اخص ـ کہ بتفاوت اشخاص واصناف منقسم باقسام ثلثہ ہوئی ہی محبت عام بیبادی اس قسم کی
محبت کے مصداق بھی ابو طالب تھے کہ تحصیل معرفت بوصیت عبد المطلب و عقل و مشاہدہ خود اس
حد کو پہونچائی کہ میلان مفرط پیدا ہو گیا یہی سبب تھا کہ کیا کیا صعوبتین اٹھائین مگر تا حیات ابلاغ و ابراز احکام
الٰہی و اظہار اوصاف آنحضرتؐ سے دست بردار نہ ہوئے اور ابتدا تا انتہا مربی اور فاعل و متوجہ رہے اتمام
نور الٰہی و ابراز دین رسالت پناہی مین اور ثابت قدمی اور اطاعت و فرمانبرداری مین یکتا تھے کہ مشہور آفاق

ہوگئے پس یہ اول دلیل ہی میلان مفرط کی لہ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ یعنی جسنے اطاعت رسول کی کی اُسنے اطاعت خدا کی کی بانیوجہ بھی ابوطالب مطیع خدا قرار پائے پس جب اس قسم محبت التزامی کے ابوطالب مصداق قرار پائے تو مورد محبت عام الٰہی کہ جو بہ نسبت عام عباد کے ہی بالاولیٰ قرار پائے اور مستحق ثواب اور دفع عقاب من جہتہ الافعال والاعمال ہوے محبت خاص بندہ کی طرف خدا کے اس قسم سے بھی ابوطالب مشرف ہو چکے تھے کہ بعد حاصل کرنے کمال معرفت اور نہایت معرفت کے اسقدر میلان قوی ابوطالبؑ کو حاصل ہوا کہ جس وقت جناب رسالت مآبؐ کے پہلو مین علیؑ کو نماز پڑھتے دیکھا تو فوراً جعفرؑ اپنے فرزند کو بھی حکم فرمایا کہ تم بھی مقل علی اقتداے آنحضرت مین مصروف رہو اور نماز پڑھو لیکن چونکہ خود آپ نے کتمان اپنے ایمان کا واجب جانا تھا کتمان کیا اور ممکن ہی کہ جس طرح کتمان ایمان فرمایا اُسی طرح عبادت کا بھی کتمان کیا ہوگا اور کیا ہر فعل صعب کو اسہل اور اخف شمار نہین کیا کہ تمام عرب نے داد وستد موقوف کر دی بیع وشری مسدود کر دیا حتی کہ آب و دانہ تک میسر نہ ہوتا تھا اور اوراق درخت کھا کھا کر بسر کرتے تھے کیا ان صعوبتون سے کوئی زیادہ صعوبت ہی ان سب کو گوارا کیا مگر اطاعت محمدؐ کہ عین اطاعت خدا ہی ترک نہ فرمائی اور حفاظت وحراست وحمایت سے آنحضرت کی دست بردار نہ ہوے یہ سب صعوبات راہ خدا مین گوارا کیے تھے اور اطاعت رسولؐ بعینہ اطاعت خدا ہی پس جو جو سختیان ابوطالب نے جھیلین سب کو اخف اور اسہل شمار کر لیا یہ منصب خاصان خدا ہی کا ہی ابوطالب عبد خاص تھے حق تعالی کے مگر جو لوگ مصداق ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعہم وعلی ابصارہم غشاوۃ کے ہین اُنھین کیونکر سوجھے حاصل یہ ہی کہ ابوطالب جب متصف اس قسم محبت کے قرار پائے باوصاف مذکورہ تو محبت اخص الٰہی کے بالضرور مستحق ہوے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا کہ حق تعالی ایسی محبت کے عوض مین اپنی رحمت کاملہ سے کشف حجاب کر دیتا ہی اور تمکین عطا فرماتا ہی اپنے تقرب پر اور مرتبہ اُسکا فائق ہوتا ہے فائقین پر آپ نے جو بیان فرمایا کہ براہ فراست وہ امور ذکر کیے کہ اُس وقت تک واقع نہ ہوے تھے بعد بعث شریف اُنکا ظہور ہوا یہ اعطاے باری عز اسمہ تھا کہ کشف حجاب عن القلب ابوطالبؑ کو عطا فرمایا تھا اُسی سبب سے آپ نے پیشین گوئی فرمائی اور وہ ظہور مین آئی اور محبوبین الٰہی مین شامل ہو گئے محبت اخص کے دو درجہ ہین پس درجۂ اول محبت اخص عبد اس درجہ کی تعریف بھی اوپر بیان کر دی گئی ہی یہ درجہ بھی حضرت ابوطالب کو حاصل تھا باین دلیل کہ جب ابوطالب کے دل مین اشد میلان اور کثرت محبت پیدا ہوئی تو ترک دنیا ومافیہا فرما دیا اور پا بہ رکاب ہو بیٹھے چنانچہ تمام قبائل عرب آمادہ ایذا رسانی اور قتل پر ہوگئے مگر ابوطالب نے باوجود کثرت کفار کے کچھ خیال نہ کیا اور کہا کہ اے محمدؐ تم اپنے کام مین متوجہ رہو کسی کی مجال نہین ہی کہ میری زندگی مین تمھین کسی طرح کا گزند پہونچا سکے اور اُسی حالت مین آپ نے باعلان بمقابلۂ کفار فرما دیا کہ واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتی اوسد فی التراب دفینا اور جب یہ مرتبہ بھی ابوطالب پر صادق آیا تو بلاشبہ لاشک مستحق ہوگئے اول درجۂ محبت اخص الٰہی کے بھی کہ عطایاے عالیہ ورضوان الٰہی واخص انعام کبریائی کے

مستحق ہو کر ممتاز ہو گئے مزید الطاف ربانیہ سے اپنی اجناس مین اور پہونچے اُس درجۂ عالیہ کو کہ جو کچھ حق تعالی سے
طلب کرین وہ اُنکو عطا فرمائے چنانچہ بعد عہد نامۂ عرب کے جبرئیل نے جناب آن سرور کو خبر دی کہ صحیفۂ مکتوبہ کو
دیمک کھا گئی اور حضرت نے اپنے چچا کو آگاہ کیا جیسا صاحب معارج لکھتے ہین پس حضرت اران خبر خبیر عم پر غم خود
رسانیدا بو طالب گفت از بیرون کسی بما نمی آید و تو از ینجا بیرون نمی روی و تا غایت بدروغ منسوب نبودی و
ہیچکس بتو خبر نیاوردہ این سخن از کجا می گوئی فرمود قادر مطلق و حاکم برحق جل ذکرہ جبرئیل را فرستادہ مرا خبر داد
ابو طالب گفت خدای تو برحق است و گواہی میدہم کہ راست میگوئی بعدہ ابو طالب نے قریش کو خبر دی کہ محمدؐ
کہتے ہین کہ تم نے جو عہد نامہ درخانۂ کعبہ پر لٹکا دیا ہی دیمک اُسکو کھا گئی فقط اسم الٰہی باقی ہی اگر یہ بات غلط
نکلے تو پھر تم کو اختیار ہی جو چاہنا کرنا اور اگر یہ امر محمدؐ نے سچ کہا ہی تو تم لوگ اپنی کم فہمی اور بے عقلی سے باز آؤ اور
اس ظلم کو چھوڑ دو اور آپس کے عہد و پیمان کو توڑ دو سب نے یک زبان ہو کر منظور کیا اور صحیفۂ مکتوبہ کو سقف کعبہ سے
اُتارا اور مطابق فرمودۂ ابو طالب کے پا کر حیران ہو گئے اور بعض نے کہا کہ یہ سحر محمدؐی ہی اُسوقت ابو طالب کھڑے
ہوئے اور در کعبہ پکڑ کر دعا کرنے لگے اللھم تعلم من ظلمو ونحن مظلومون فانصرنا علی من ظلمنا وقطع
ارحامنا واخرجنا من دیارنا واستحل ما یحرم علینا حاصل یہ کہ حضرت ابو طالب کو مرتبۂ عبدیت اخص
حاصل تھا اور مقربین بارگاہ لم یزلی سے تھے جو کچھ دعا آپ نے فرمائی سب مقبول ہوئی اور نصرت کی حق تعالی نے
کہ تا حیات تمام کفار پر غالب رہے کسی کو طاقت نہ رہی باوجود اس کثرت کے کہ کوئی کلمہ خلاف شان آپ کے منہ پر
کہہ سکتا بلکہ سب کے سب مغلوب رہے فضل خدا سے دیکھیے اسکو یقین کہتے ہین تصدیق اسکا نام ہی کہ جناب ابو طالب
نے فرمایا کہ خدای تو برحق است و گواہی میدہم کہ تو راست میگوئی توحید اور رسالت اور جبرئیل کی تصدیق فرمائی
اسی کو ایمان کہتے ہین اب باقی رہا درجۂ دوم اخص کہ اسکو درجہ خاتمیہ بھی کہتے ہین کہ اس سے فوق کوئی درجہ باقی
نہین ہی یہی کمال محبت کا درجہ ہی یہ بھی حضرت ابو طالب کو حاصل تھا کہ باطن آپکا کدورت دنیوی سے مبرا ہو گیا
تھا اور حجاب قلب سے مرتفع ہو گئے تھے اور بحر وحدت مین غوطہ زنی فرماتے تھے اور جمیع شواغل منقطع ہو گئے
تھے اور درجۂ علم الیقین سے اور عین الیقین سے حق الیقین تک فائز ہو چکے تھے اور برگزیدگان خدا و عارفین
باصفا مین شامل تھے اسی کا نام ہی کمال محبت اور یہ درجہ انبیاء اور اوصیاے انبیاء اور اولیاے خدا اور برگزیدگان
خدا کا ہی پس ان دلائل قاہرہ اور براہین باہرہ سے ثابت ہو کہ ابو طالب اوصیاے انبیاء یا النفسہ نبی سے تھے اب
باقی رہا درجۂ محبت خاتمیہ من اللہ الی العبد جو اوپر مذکور ہوا اور یہ امر تو ظاہر ہی کہ جب یہ مرتبہ ابو طالب کو ملا تو مستحق
ہوے محبت خاتمیہ من اللہ الی العبد کے پس الطاف ربانیہ اور عنایات بے غایات کبریائیہ شریفۂ تامہ نے گھیر لیا
ابو طالب کو اور وہ مرتبہ عنایت فرمایا کہ تا قیامت کسی فرد کو افراد بشر سے حاصل نہین ہو سکتا چنانچہ مربی وقت
خاتم النبیین حامی حبیب رب العالمین حافظ سید المرسلین ابو طالب کو گردانا کیونکہ حضرت اب کسی فرد بشر کو امید
اسکی امکان کی ہو کیا پھر جناب ختمی مآب پیدا ہو نگے جنکو کوئی پرورش و تربیت کریگا اور مربی و ناصر و حامی رسول

گرامی مشہور ہوگا اور تمام عمر آنحضرت کی خدمت اور نصرت مین بسر کریگا اور تمام کفار عرب سے تنہا مقابلہ اور مباحثہ کریگا اپنی جان و مال و اولاد فدا سے پائے جناب رسالت کریگا جسوقت کفار آنحضرت کو مجنون و ساحر و شاعر کہین گے تو وہ آنحضرت کو صدیق اور رسول کموسی باعلان اور آپ کے دین کو خیر الادیان ظاہر کریگا بسا تعجب ہو اُن بے بصیرتون سے کہ جو برگزیدگان کبریا کو متہم بکفر کرتے ہین اور غضب خدا تعالی و رسول سے نہین ڈرتے توہین و تنقیص نبوی کو ایمان تصور کرتے ہین حالانکہ جس طرح خاتم المرسلین پر نبوت ختم ہوئی اور آپ کو خطاب حبیب اللہ خاتم المرسلین سے مخاطب فرمایا اسی طرح اللہ جل شانہ نے ابوطالب پر بھی تمام مدارج محبت کو ختم کیا اب نہ کوئی دوسرا رسول ہوگا جو خاتم المرسلین ہو نہ کوئی ابوطالب ہونگے جو مربی اور ناصر خاتم المرسلین قرار پائین کیا آپ نہین واقف کہ جب پیغمبر خدا کو حق تعالی نے اظہار نبوت کا حکم عطا فرمایا اُسوقت کفار و مشرکین کا کیا حال تھا اور کس مرتبہ بغض و حسد و کینہ اُنکے دلون مین پیدا ہو گیا تھا اور کس طرح آنحضرت کی تکذیب مین مصروف تھے اور کونسی تکلیف ایسی تھی جسکے دینے مین اُن کفار نے کمی کی ہو یہان تک ایذائین دینے کا قصد کیا کہ ابوطالب آنحضرت کو شعب مین لے گئے آپ بتلائیے تو کونسا مسلم تھا جسنے حمایت کی کونسا مومن تھا جسنے جان اپنی فدا کی کس نے اپنے عزیز و اقربا و دوست و آشنا بلکہ تمام عرب سے مخالفت کرکے ایسے نازک وقت مین ساتھ دیا اور اپنے عیش و آرام کو ترک کرکے مصیبتین ایذائین تکلیفین اُٹھائین ترک وطن کر دیا درخت کے پتے کھاکے بسر کی لیکن ترک حمایت و نصرت نہ کی اور ہمیشہ مدح و ثنا مین بسر کی اور اول سوا حضرت ابوطالب کے کس نے آپ کے دین کو خیر الادیان کہا چنانچہ جسوقت قریش نے محاصرہ کیا شعب کا تو ابوطالب نے قصیدہ طولانی انشا فرمایا جسکا ایک شعر یہ بھی ہے الم تعلموا انا وجدنا محمدا ✦ رسولا کموسی خط فی الکتب افسوس ہو کہ ایسے مومن موحد برگزیدہ خدا حامی و ناصر خاتم الانبیا حبیب رب العالمین کو نسبت کفر دینا اس سے بڑھکر کونسی بدینی ہوگی کیون جناب اصحاب مہاجر و انصار رسول مختار سے قبل اُنکے اسلام لانے سکے کون شخص ایسا ہو کہ ان صفتون مین سے ایک کا موصوف نہین یا تو تکذیب اور توہین کرنے والے اور مجنون و شاعر کہنے والے تھے یا ساکت اور شریک اُن لوگون کے مگر کوئی تصدیق کرنے والا معین و یاور و ناصر نہ تھا بجز ابوطالب کے آب ہم آپ سے پوچھتے ہین کہ جھٹلانے والا توہین کرنے والا مجنون و شاعر و ساحر کہنے والا برابر ہو سکتا ہے مدد کرنے والے تصدیق کرنے والے حمایت و نصرت کرنے والے مدح و ثنا کرنے والے سے آب لیجیے نہایت معرفت جو قول مولانا عبد الحق دہلوی کا ہے اور آپ فرماتے ہین کہ معرفت گو کیسی ہی کمال کی ہو ایمان نہین یہ قول آپکا لغو ہے آپ کو مہارت فقہ و حدیث مین بھی نہین تو علم معقول و منقول مین آپکی دستگاہ معلوم نحاریر علما نے ایمان کو کبھی تصدیق و اذعان اور کبھی معرفت سے تعبیر کیا ہے انشاء اللہ اسکا ذکر آگے آتا ہے بحیث ایمان مین معرفت ہر علم و فن مین بلکہ ہر شئے مین اُسوقت حاصل ہوتی ہے کہ درجۂ کمال کو پہونچے اور بغور و خوض و فکر و تامل کرکے اُسکے تمام جزئیات و ذاتیات و ما یتعلق بہا سے واقفیت حاصل کرے اور کما حقہ اُس سے ماہر ہو جاوے اُسوقت اُسکو نہایت معرفت حاصل ہو سکتی ہے کیا آپ نے قول

جناب رسالت مآبؐ جو بین الخاص والعام مشہور و معروف ہی نہین سنا کہ فرماتے ہین ما عرفناک حق معرفتک
پس حق معرفت بھی نہایت معرفت ہی پس نہایت معرفت نبوت کو آپ نے حق کفار و مشرکین تصور فرمایا ہی
یہ آپ کو نہین معلوم کہ بغیر فکر و تامل و بے غور و خوض و بے حصول معرفت کسی امر کا اختیار کرنا دلیل سفاہت ہے
حق تعالی فرماتا ہی قل انما اعظکم بواحدۃ ان تقوموا للہ مثنی و فرادا ثم تتفکروا ما بصاحبکم من جنۃ
ترجمہ۔ کہو ای محمد سوا اسکے نہین کہ نصیحت کرتا ہون مین تم کو ایک بات کی وہ یہ ہی کہ قائم ہو تم یعنی اٹھو تم مجلس
رسول سے واسطے خدا کے دو دو اور ایک ایک واسطے مشورہ کے پھر فکر کرو تم نہین ہی تمھارے صاحب یعنی پیغمبر پر دیوانگی
سے پس فکر و خوض و تامل موجب ایمان تحقیقی ہی کہ زوال پذیر نہین اسی کا نام نہایت معرفت ہی نہ امثال آپ کے
کہ جس حدیث یا آیت کو دیکھ لیا بلا تامل و فکر بے تحقیق و تدقیق زبان سے کہنے لگے اسلام و ایمان سے منحرف ہو گئے
خاندان نبوت کی تذلیل و توہین کو اپنا شیوہ گردانا اجداد و آباء و اعمام رسول انام کو کافر و مشرک کہنے لگے فقط کلمہ
پڑھنے کو ایمان سمجھنے لگے یا حضرت کلمہ پڑھنا چیز دیگر ہی اسلام و ایمان شی دیگر ہی اہل لغت بالاتفاق لکھتے ہین کہ
ایمان تصدیق قلبی کو کہتے ہین جیسا کہ حق تعالی فرماتا ہی وما انت بمؤمن لنا یعنی مصدق لنا اور اصطلاح شریعت
مین اختلاف کثیر واقع ہوا ہی بعضون کے نزدیک ایمان بمعنی صلوۃ ہی بقولہ تعالی ما کان اللہ لیضیع
ایمانکم یہان پر ایمان کے معنی صلوۃ کے ہین اور مومن حق سبحانہ تعالی کا نام بھی ہی اور مومن غیر ذوی العقول کو بھی
مشابہت کہتے ہین جیسے نہر نیل و فرات کو کہ مبداء اسکا جنت ہی اور جنت مقام ہی مومن کا تو ان دونون نہرون کو
مومن اسی مشابہت سے کہہ سکتے ہین جیسا کہ در منثور سیوطی مین بروایت ابن عباس مذکور ہی انزلہا اللہ تعالی من
عین واحدۃ من عیون الجنۃ من اسفل درجۃ من درجاتہا علی جناحی جبرئیل فاستودعہا
الجبال واجراہا فی الارض وجعلہا منافع للناس اور بعضون کے نزدیک ایمان کی دو صفتین ہین الایمان
باللہ والایمان علی اللہ ایمان باللہ وہ ہی کہ جو صفتین کہ لائق کبریائی ہین انکی تصدیق کرے اور ایمان علی اللہ وہ ہی
کہ احکام خدا کو بکمال خشوع و خضوع قبول کرے اور بعضون کے نزدیک ایمان تصدیق کرنا خدا کا اور ان چیزونکا
جو ضروریات دین سے ہین بعضون کے نزدیک محض اقرار لسانی ایمان کا نام ہی معتزلہ کہتے ہین کہ ایمان توحید عدل
و نبوت و معاد دا رونہی ہی مرجیہ کے نزدیک تصدیق مع اقرار بشہادتین ہی جبائیان کے نزدیک طاعات
مفروضہ و ترک منہیات ہی غلاۃ کہتے ہین کہ ایمان طاعات مفروضہ او رمندوبہ ہی بعضون کے نزدیک محض تصدیق
قلبی کا نام ایمان ہی بعضے تصدیق قلبی اور اقرار لسانی کو ایمان قرار دیتے ہین بعضے اقرار باللسان اور عمل بالارکان
کو ایمان تصور کرتے ہین بعضے تصدیق جنان اور عمل بالارکان کو ایمان جانتے ہین بعضون نے تصدیق جنان اور
اقرار لسان اور عمل بالارکان ان تینون کو ایمان تصور کیا ہی ما وراء اسکے بہت سے معنی مختلف فرقون مین موجود
ہین مگر سچ تو یہ ہی کہ اختلافات کثیرہ کا رفع کرنا اور امر حق کا نکالنا بغیر نہایت معرفت ممکن نہین اور آپ بلا تامل

---

[1] از سیف الفرقان فی تعریف الکفر والایمان مصنفہ جناب سید علی بن سید ابو القاسم لاہوری صفحہ ۳۔

فکر جو کچھ چاہتے ہین فرما دیتے ہین انشاء اللہ ہم اس بحث کو اور اختلاف علما کو مع حوالۂ کتب اور اسماے علماے اعلام بتوضیح تمام بیان کرکے نافہمی آپ کی ثابت کر دینگے اور مجملاً یہان بھی گذارش کیئے دیتے ہین کہ فقط اقرار لسانی کافی نہین ہی حصول ایمان مین جو آپ سمجھے ہوے ہین اور ظاہر ہی کہ یہی آپ کا مذہب ہی حق تعالی ایسون کی شان مین فرماتا ہی یقولون بافواههم ما لیس فی قلوبهم یعنی اقرار کرتے ہین اپنے منہ سے اُس چیز کا کہ قلباً اُسکی تصدیق نہین کرتے یا حضرت بنی نوع انسان کی دو حالتین ہین ایک ساتھ خالق کے دوسری ساتھ خلائق کے حالت اولی مین قلب انسان کا تعلق باطنی خالق کے ساتھ رکھتا ہی اسی واسطے درمیان انسان اور خالق کے تصدیق قلبی واجب ہی اقرار لسانی کو کوئی علاقہ نہین کہ عالم الغیب عالم ما فی الضمیر ہی اور حالت ثانوی مین نوع بنی انسان کا فیما بین تعلق ظاہری ہی کہ ایک دوسرے کے باطن سے آگاہی نہین رکھتے ما بین الناس اقرار لسانی ضرور ہی کہ ایمان اور کفر ہر ایک کا دوسرے پر واضح ہو جائے تاکہ اجراے احکام شرعیہ مین تعطل واقع نہ ہو پس اعتقاد بالقلب کامل اور اصل ایمان ہی اور اقرار لسانی فرع اُسکی ہی عدم فرع مستلزم عدم اصل کی نہین ہو سکتی اور قول حق تعالی اسپر دال ہی کتب فی قلوبهم الایمان یعنی لکھا اُنکے دلون مین ایمان دوسرے مقام پر فرماتا ہی ولما یدخل الایمان فی قلوبکم یعنی داخل نہین ہوا ایمان تمھارے دلون مین پھر ایک مقام پر فرماتا ہی وقلبه مطمئن بالایمان یعنی اُسکا دل ایمان سے مطمئن ہی پس اس سے ثابت ہی کہ اصل ایمان اور کامل ایمان تصدیق بالقلب ہی اور اقرار باللسان کاشف اور مبین اُس ایمان کا ہی اور عمل بالارکان ثمر اور اثر اُسی ایمان کا ہی کہ بعد حصول ایمان خود بخود ظاہر ہو جاتا ہی جس طرح سے کہ اصل درخت کی جب قائم ہو جاتی ہی تو ضرور خود بخود وہ درخت میوہ یعنی ثمر دیتا ہی اور دلیل نقلی بھی صحیح اسی کی ہی کہ حق تعالی فرماتا ہی یا ایها الذین امنوا وعملوا الصالحات اور یا ایها الذین امنوا اذا قمتم الی الصلوة حق تعالی نے بعد ذکر فرمانے ایمان کے عبادت اور عمل کو عطف دیا اُسی ایمان پر اور معطوف علیہ اور معطوف مین شرط ہی وحدت حکم اور مغایرت ذات کی ورنہ عطف نفس شی کا اوپر نفس اُسی شی کے لازم آئیگا اور وہ مہمل ہی اور آپ خود اپنے نفس پر قیاس فرمائیے کہ دعوی لسانی آپ کا یہ ہی کہ مین پکا سنت جماعت اور محب رسول ہون مگر قلب پکا منقلب ہی ایمان حقیقی سے پس ثمر اُسکا خود بخود ظاہر ہو رہا ہی اور دلالت کر رہا ہی آپ کی خاصیت پر چنانچہ یہ رسالہ آپکا کہ عمل بالارکان ہی اس سے کہہ سکتے ہین کہ آپ نے تمام آباے آنحضرت اور اعمام آنحضرت کو متہم بکفر و شرک کر دیا حدیث شریف جو عام طور پر آنحضرت نے فرمائی ہی اُسپر بھی آپ توجہ نہین فرماتے طبرانی سے روایت ہی کہ فرمایا جناب رسالت مآب نے لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات یعنی ایذا ندو زندون کو بسبب اموات کے پس کیا حضرت ابو طالب اموات رسالت مآب سے نہین ہین کیا سب و شتم ابو طالب سے اور اُنکو متہم بکفر و شرک کرنے سے ایذا آنحضرت کو نہین پہونچتی اور کیا موذی نبی کا ضرور واجب القتل نہین ہی **قوله** مگر مجرد ان امور سے ایمان ثابت نہین **اقول** نہ ایمان کو آپ جانتے ہین نہ ان امور کو آپ سمجھتے ہین ورنہ یہی امور تمام تر دلالت کرتے ہین حضرت ابو طالب کے ایمان پر آپ ابھی لکھ چکے ہین کہ یقیناً جانتے تھے کہ حضور افضل المرسلین

سچے رسول ہین اُنپر ایمان لانے مین جنت اور تکذیب مین جہنم دائمی ہی یا حضرت اسی کا نام تصدیق قلبی ہی اسی سبب سے
تو جناب ابو طالبؑ نے آنحضرت کی تکذیب نہین فرمائی اگر کہین تکذیب کرنا ثابت ہوتا ہو تو بیان فرمایئے اور
اقرار لسانی وصایاے حضرت ابو طالب ہین جو قریش اور بنی ہاشم کو کیے ہین اور قصائد مدح و ثنا جو نہایت
معرفت نبوت پر دلالت کرتے ہین وہ کہہ رہے ہین اور قیامت تک کہے جاوینگے کہ ہم اقرار لسانی ابو طالب
کے ہین جس شخص کو ادنی مہارت علمی ہوگی وہ بھی انکار نہ کریگا کہ حضرت ابو طالب کا کلام تو کمال محبت اور نہایت
معرفت نبوت پر دلالت کرے اور متکلم اُسی کلام کا متہم بعدم اقرار لسانی ہو از برای خدا آپ ہی فرمایئے کہ اقرار
لسانی کے کیا معنی ہین کتب لغت اگر آپ کی نظر سے نہ گذرے ہون تو غیاث یا منتخب ہی اُٹھا کر دیکھ لیجیے کہ اقرار
کے معنی ثابت کردن بر خود چیزی را کے ہین اقرار لسانی ابو طالبؑ کا اگرچہ نظماً و نثراً بہت کچھ ہی مگر اس مقام پر اسی قدر
کافی ہی کہ اُسی قصیدہ مین فرماتے ہین جناب ابو طالب الم تعلموا انا وجدنا محمداً رسولاً + کموسی
خط فی الکتب + وعطیت دینا لا محالۃ انہ + من خیر ادیان البریۃ دینا پس نہایت
معرفت نبوت تصدیق قلبی ہی اور خود کلام اقرار لسانی ہی کہ خیر الادیان آنحضرتؐ کے دین کو کہا اور محمد رسول اللہ
مثل موسٰی کے ہین یہ کتب سماوی سے ثابت ہی اسکا اقرار کیا اب رہا ثمرا ور اثر اُس تصدیق کا اور اقرار کا وہ
خود بخود مثل آفتاب کے چمک رہا ہی کہ جواب عباس مین آنحضرت نے فرما دیا کل الخیر ارجو من ربی فرد
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم + چشمۂ آفتاب را چہ گناہ قولہ کاش یہ افعال و اقوال اُن سے حالت اسلام مین صادر
ہوتے تو سیدنا عباس بلکہ سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہما سے بھی افضل قرار پاتے اقول کاش آپ مسلم و مومن ہوتے
اور خلل دماغی آپ کو نہ ہوتا تو آپ سمجھ لیتے کہ سب اقوال و افعال اُسی تصدیق قلبی اور اقرار لسانی کا ثمر ہین
جسے آپ نے اس کلمہ سے "یقیناً جانتے تھے" خطاب فرمایا ہی اور اشعار قصائد کے لکھے ہین اور مولانا شاہ عبد الحق
دہلوی نے نہایت معرفت نبوت کا اطلاق فرمایا ہی اور آپ کو ناگوار نہ ہو کہ خلل دماغی کا لفظ آپ کی شان مین
آیا بلکہ خلل دماغی کا ثبوت یہ بھی کلام مختل النظام آپ کا ہی کہ آپ تحریر فرماتے ہین "مجرد ان امور سے ایمان
ثابت نہین ہوتا کاش یہ افعال و اقوال اُن سے حالت اسلام مین صادر ہوتے تو سیدنا عباس بلکہ سیدنا حمزہ
سے بھی افضل قرار پاتے" پہلے تو آپ نے ایمان کی نفی کی اور تمنی ظاہر فرمائی کہ یہ اقوال و افعال حالت اسلام مین
صادر ہوتے اس سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ نہ آپ ایمان کو سمجھے ہین نہ اسلام کو جانتے ہین ایمان کے معنی تو ہم اوپر
مجملاً عرض کر آئے ہین اسلام کو بھی عرض کرو ہین اگرچہ اسلام اور ایمان کے معنی اور فرق بینہما سے کتب مملو ہین جب
اُن کتب نے آپ کو فائدہ نہ بخشا تو مجھ ہیچمدان کی تحریر کیا فائدہ دیگی لیکن تنبیہاً عرض کرتا ہون کہ اسلام کے معنی
لغت مین گردن نہادن اور فرو گذاشتن کے ہین اور یہ ہوسکتا ہی کہ اصل اسلام کی تسلیم ہو اسواسطے کہ تسلیم قبول و
اذعان امر اللہ ہی پھر وہی اہل لغت لکھتے ہین کہ تسلیم سلامت سے ہی اسواسطے کہ اُس مین جمیع فسادات سے سلامتی
حاصل ہوتی ہی تفسیر کبیر مین معنی اسلام کے تین طور پر لکھے ہین اول اسلام عبارت ہی دخول فی الانقیاد و متابعت

لتقديم تفسير ... صفحه ۱۱

جیساکہ قولہ تعالی ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مومنا ثانی بمعنی دخل فی السلم ثالث مسلم بمعنی مخلص خدا طاعت مین عبد الروف تناوی صاحب عن القدیر معارج جامع کبیر وکنوز الحقائق مناوی اور ہنیاوی مین فرمایا ہی الاسلم ھو التوحید والتدرع بالشرع الذی جاء بہ محمد کما قال اللہ تعالی رضیت لکم الاسلام دینا اور قتادہ نے کہا ہو کہ اسلام شہادت کلمہ لا الہ الا اللہ واقرار بجمیع ماجاء بہ محمد من عند اللہ ہو بعضے کہتے ہین کہ اسلام محض اقرار لشہادتین ہو پس ایمان جسکے واسطے ثابت ہو اسلام بالضرور ضمنا اُسکے واسطے موجود ہی اور جو شخص کہ مسلم ہو ضرور نہین کہ مومن بھی ہو اب آپ اپنی عبارت کو دیکھیے کہ مجرد ان امور سے ایمان ثابت نہین ہوتا کاش یہ افعال واقوال حالت اسلام مین صادر ہوتے تو سیدنا عباس بلکہ سید نا حمزہ سے بھی افضل قرار پاتے اب آپ ہی فرمایئے کہ سیدنا عباس وحمزہ آپ کے نزدیک مومن نہ تھے بلکہ فقط مسلم تھے کہ آپ نے اپنی تمنا فقط مسلم ہونے پر ظاہر فرمائی اور ہم مثل ہونا حضرت ابو طالبؑ کا جناب عباسؓ وحمزہ سے بیان فرمایا مگر ہم تو اس مقام پر اتنا ہی عرض کرینگے کہ مجرد تحریر سے اس رسالہ کے آپ کا سنت جماعت ہونا ثابت نہین ہوتا کاش یہ تحریر آپ سے حالت اسلام مین صادر ہوتی تو آپ خارجی اور وہابی سے افضل قرار پاتے **قولہ** اور افضل اعمام حضور افضل الانام علیہ وعلی آلہ افضل الصلوۃ والسلام کہلائے جاتے **اقول** گرچہ افضل الاعمام حضور افضل الانام کہلائے نہین گئے مگر آنحضرت تو ابو طالبؑ کو افضل اعمام بلکہ افضل انام اُس وقت سے جانتے تھے کہ جب عبد المطلب نے فرمایا ای محمد تم اپنے اعمام مین جسکو اختیار کرو اُسکو سپرد کر دون پس آنحضرت فوراً زانوے مبارک جناب ابو طالبؑ پر آبیٹھے اور حضرت ابو طالب کے ایمان حقیقی سے بھی واقفیت رکھتے تھے اور مربی و ناصر وحامی اپنا جانتے تھے کہ وصایاے انبیا کو تفویض آنحضرت فرمایا تھا اور خوب واقف تھے کہ ابو طالبؑ اوصیاے انبیا سے ہین اور مرتبہ مین اعلی ہین مومن آل فرعون سے جنکی شان مین یکتم ایمانہ حق تعالی نے فرمایا ہو **قولہ** تقدیر الہی سے بربنائے اس حکمت کے جسسے وہ جانے یا اُسکا رسول انھین گروہ مسلمین وغلامان شفیع المذنبین مین شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا فاعتبروا یا اولی الابصار **اقول** اس تقدیر الہی سے آپ کی کیا مراد ہو اُس مراد کو بھی کاش آپ نے ظاہر فرما دیا ہوتا ظاہر اسباب تو یہ ہو کہ تقدیر الہی سے آپ ذات الہی مراد لین یا مراد لین نصیب جو کہ خدا کی طرف سے مقرر ہوا تھا پس معنی اول یعنی تقدیر الہی کہنا اور مراد ذات باری لینا خاص آپ کا ایجاد ہی آج تک تو نہین سنا کہ کسی نے تقدیر الہی سے مراد ذات باری لی ہو یا اس معنی مین یہ لفظ بولا ہو اور معنی ثانی تقدیر الہی کے لینا جو نصیب کہ خدا کی طرف سے مقرر ہوا تھا جسکو تقدیر کہتے ہین درست نہ ہونگے اسلیے کہ پھر آپ رقم فرماتے ہین کہ تقدیر الہی نے بربنائے اس حکمت کے جسسے وہ جانے یا اُسکا رسول جب تقدیر الہی کے معنی ذات الہی نہ ہوے تو اب نصیب کے معنی لین تو مراد یہ ہوگی کہ نصیب الہی نے بربنائے اُس حکمت کے کہ ضمیر اُسکا مرجع اور وہ کا مرجع وہی تقدیر الہی ہوگا یعنی تقدیر الہی جانے یا تقدیر الہی کا رسول انھین یعنی ابو طالبؑ کو گروہ مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین مین شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا سبحان اللہ کیا فصیح اور پر معنی عبارت ہو المعنی فی بطن الشاعر تو مشہور تھا یہ عبارت

تو اُس سے بھی بڑھ گئے کا شکے دو ایک رسالے قواعد اُردو کے ہی ملاحظہ فرمائے ہوتے کہ مبتدا اور خبر اور ضمائر
سے تو آگاہی ہو جاتی اگرچہ تقریر عامیانہ ہی صحیح [illegible] ہوتی تو [illegible] جاتی [illegible] انتزیہ آپکا [illegible] آگئی ہین
گذرا ہی نہ تھا اور تقدیر ابو طالب ہی مین نہ تھا کہ وہ گروہ مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین مین محسوب ہوتے اور ہین
کوئی حکمت ہوگی جسے ہم نہین جانتے خدا تعالی جانتا ہی یا اُسکا رسول بس یا حضرت خدا تعالی تو عالم الغیب ہی اُسنے
اپنے رسول کو بھی آگاہ کیا ہوگا اور ہم کو عقل عطا فرمائی ہی جو امور کہ عقلی ہین اُنھین عقل سے دیکھنا چاہیے گروہ
مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین مین محسوب نہ ہونے کا سبب معائنہ کتب سیر و تواریخ اور علم عقلی سے اور
نقلی سے ظاہر ہی کہ وصایاے انبیا کو تفویض آنحضرت فرمائین اور پرورش و تربیت و کفالت و نصرت و حمایت کرین
صداقت و امانت کو آنحضرت کی مشہور کر سکین تصدیق نبوت و رسالت مین قصائد فرما سکین یہ ایک سبب ہوا
کہ حق تعالی نے گروہ مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین مین شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا اگرچہ وہ سید المومنین اور مربی
شفیع المذنبین تھے دوسرا سبب یہ تھا کہ ابو طالب آباے شفیع المذنبین مین شمار کیے جاتے ہین غلامان شفیع
المذنبین مین کیونکر شمار کیے جاتے تیسرا سبب یہ تھا کہ گروہ مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین مین امثال آپ کے
بھی شمار کیے جاتے ہین کہ جنکی شان مین حق تعالی نے فرمایا ہی یقولون بافواھھم ما لیس فی قلوبھم اور
وہ لوگ بھی تھے جنکی شان مین یہ آیہ آیا ہی ومن الناس من یقول امنا باللہ وبالیوم الاخر وما ھم بمومنین
اور وہ لوگ بھی تھے جو مصداق امنوا ثم کفروا ثم ازدادوا کفرا کے تھے جو راہ دین و ایمان سے پھر گئے
گو بظاہر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتے رہے اور وہ لوگ بھی غلامان اور گروہ مسلمین مین تھے اور ہین
جنکی شان مین خود جناب رسالتمآب فرماتے ہین ستحرصون علی الامارۃ وستکون ندامۃ یوم القیامۃ
کما فی صحیح البخاری یعنی قریب ہی کہ تم لوگ حرص امارت کی کروگے اور یہ امر تمھارے لیے روز قیامت موجب سراسر
ندامت کا ہوگا اور غلامان و مسلمین مین وہ لوگ بھی تھے کہ جنکی شان مین حق تعالی فرماتا ہی فلا تولوھم الادبار
ومن یولھم یومئذ دبرہ فقد باء بغضب من اللہ وماواہ جہنم وبئس المصیر یعنی اے مسلمانو جب
صف جنگ مین کفار سے ملاقات کرو تو اُنکو پیٹھ نہ دو اور جو شخص پشت دیگا وہ گرفتار غضب خدا ہوگا اور جگہ
اُسکی جہنم ہی اور کیا بری بازگشت ہی غرض حالات گروہ مسلمین اور غلامان شفیع المذنبین اگر لکھے جائین تو ایک
مطول تیار ہو جائے بس کیونکر جناب ابو طالب گروہ مسلمین و غلامان شفیع المذنبین مین شمار کیے جاتے اور حق تعالی
اُنکا شمار کیا جانا منظور فرماتا بمقتضاے الحق یعلو ولا یعلی خود آپ کی زبان پر باوجود نفاق کلمہ حق جاری
ہو گیا ہی کہ شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا پس ممکن ہی کہ کہین کہ حق تعالی اور اُسکے رسول نے شمار کیا مگر بوجوہات
مذکورہ بالا شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا دیکھیے آپ بھی بلسانی اقرار لا الہ الا اللہ کرتے ہین اور دعواے مومنیت بھی ہی
لیکن قلب آپکا مملو بکفر ہی کہ تکفیر مین حضرت ابو طالب کی تصنیف فرمائی حالانکہ ایک جماعت علماے اعلام اور محققین
علام اور ائمہ کرام نے مثل امام احمد بن حسین شافعی موصلی مشہور بہ ابن وحشی اور ائمہ مالکیہ سے علی اجہوری نے فتاوی مین

اور تلمسانی نے شرح شفا [illegible] کیا ہو ان بغض ابی طالب کفر لانہ حامی النبی و ناصرہ و مربیہ فذمہ
ذم النبی وایذائہ ایذاء النبی و موذی النبی و من یذمہ فھو کافر و جب قتلہ و عند المالکیۃ وان تاب
یجب قتلہ یعنی بغض ابی طالب کفر ہو کہ وہ حامی اور ناصر اور مربی نبی ہین مذمت آنکی مذمت نبی کی ہو اور ایذا آنکی
ایذا نبی کی ہو مذمت کنندہ ان کا اور ایذا دہندہ ان کا نبی کا کافر ہو واجب ہو قتل اسکا اور نزدیک مالکیہ کے اگرچہ توبہ
بھی کرے واجب القتل ہو اور یہی قول ہو ابو طاہر کا کہ من ابغض ابا طالب فھو کافر لیجیے آپ لاکھ بار زبان سے
لا الہ الا اللہ فرمائیے مثل پرتو [illegible] امنا فرمائیے مگر مصداق ثم ازدادوا کفرا کے ہین دیکھیے باوجود
دعوائے ہمہ دانی [illegible] کی ہو [illegible] الامصار ہو گئی یہ معاوضہ ہو دنیا مین
بغض و عداوت آبا و اجداد [illegible] رسول انام کا اور [illegible] مین خدا جانے کہ کون سے قعر جہنم مین مقر ہوگا
فاعتبروا یا اولی الابصار **قولہ** معرفت گو کیسی ہی کمال کے ساتھ ہو ایمان نہین دانستن و شناختن اور چیز ہی اور اذعان
و گرویدن اور **اقول** ان الفاظ کی تحقیق اور مقامات استعمال کی آئندہ ہم توضیح سے عرض کرینگے مگر اس مقام پر اسی قدر
کافی ہو کہ بے کمال معرفت ایمان حقیقی جسکو تصدیق قلبی کہتے ہین حاصل نہین ہو سکتا بغیر دانستن و شناختن اذعان
و گرویدن آپ جیسے مسلمانون کا کام ہو کہ ایمان آپ کے امثال کا برائے نام ہی **قولہ** کم کا فر تھے جنھین رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سچے پیغمبر ہونے کا یقین نہ تھا **اقول** سچ فرمائیے یہ فقرہ کہ "کم کا فر تھے" آپ نے
کہان سے استنباط فرمایا کاش کسی کتاب کا نام ہی لکھ دیا ہوتا کہ آپ بری الذمہ ہو جاتے خلاف قول خدا اور
رسول و برعکس علم معقول و منقول بے سمجھے بوجھے جو ذہن مین آیا رقم فرمایا کلام مجید مین جحدوا بہا واستیقنتہا
انفسہم دیکھ لیا اور ضمیر جمع سے کم کافر تھے مراد لے لی حالانکہ اول تو یہ قصہ حضرت موسیٰ کا ہی کہ جب تسع آیات
یعنی نو معجزے دیکر بھیجے گئے فرعون کی طرف پس حضرت موسیٰ مصر کو روانہ ہوے اور سب معجزے فرعونیون کو
دکھائے کہ تھین وہ دلیلین مبصرۃ روشن اور ظاہر مبصرۃ حال واقع ہوا ہی یعنی ایسی ظاہر تھین وہ دلیلین اور
معجزے کہ سب دیکھتے تھے اور جانتے تھے کہ انسان کی قدرت سے یہ خارج ہین اسپر قالوا ھذا سحر مبین کہتے
تھے یہ سحر ہی ظاہر وجحدوا بہا واستیقنتہا انفسہم اور انکار کیا انھون نے ان معجزون کا اور جھٹلایا اور
یقین کیا ان معجزون کا انکے نفسون نے ہر چند ظاہر مین وہ انکار کرتے تھے لیکن دل مین خوب جانتے تھے کہ یہ
معجزے ہین جادو نہین ہو ظلما وعلوا واسطے ستمگاری کے اور تکبر کے کیا خوش فہمی ہو آپ کی کہ قصہ حضرت موسیٰ
اور مشاہدہ فرعونیون کا اور یقین کرنا معجزون پر اور پھر انکار کرنا انکا آپ نے تمام کفار عرب کو قیاس فرمایا اور انمین
حضرت ابو طالب کو شامل فرمایا حالانکہ ابتدائً ثابت ہو چکا اور آئندہ بھی مثل شمس رابعۃ النہار آشکارا ہو جائیگا کہ
حضرت ابو طالب نے تا حیات آنحضرت کی تصدیق اور رسول برحق ظاہر کرنے مین سعی کی اور آپ کے دین کو
خیر الادیان فرمایا اور انا وجدنا محمدا رسولا کموسی خطاب فرمایا نسبت سحر و جنون معاذ اللہ آنحضرت کو
کب دی کس وقت جھٹلایا اگر پس پشت یا روبرو آنحضرت کے کفار قریش یا بنی ہاشم یا اپنے اخوان یا ابنا یا افراد

لہ برزنجی المطالب صفحہ ۱۰۲

لشریبین سے کس کے سامنے آنحضرت کی تکذیب فرمائی ہو اُسکا نشان دیجیے کوئی دلیل لنگ ہی سہی بیان فرمائیے
واذلیس فلیس حاصل یہ ہو کہ حق تعالی نے سب فرعونیون سے خطاب فرمایا اور آپ مفرہین کہ کم کافر تھے
جنھین یقین نہ تھا ہان اگر آپ یہ رقم فرماتے کہ کم کافر تھے جنھین آنحضرت کے سچے پیغمبر ہونے کا یقین تھا اور وہ انکار
بھی کرتے تھے اور ساحر و مجنون بھی کہتے تھے تو بھی غنیمت تھا ثانیاً اگر آپ تطبیق کرین اس قصہ کے ساتھ قصہ جناب
رسول خدا کے اور کہین کہ جیسا کہ حضرت موسی اور فرعونیون مین واقعہ ہوا ویسا ہی کفار عرب اور آنحضرت مین معاملہ ہوا
اور بفرض محال ہم تسلیم بھی کر لین تو بھی آپ کا کلام کلام باری کے مخالف ہو حق سبحانہ تعالی تو فرماتا ہو کہ جب موسی
فرعونیون کی طرف گئے اور اُنکو معجزات ظاہرہ اظہار فرمائے تو اُن سب نے کہا ھذا سحر مبین یہان تو حق تعالی نے
ضمیر جمع کے ساتھ سب کافرون کو فرمایا اور آپ فرماتے ہین کہ کم کافر تھے جنھین آنحضرت کے سچے پیغمبر ہونے کا
یقین نہ تھا یعنی بہت کافرون کو سچے پیغمبر ہونے کا یقین تھا اور کم کو نہ تھا آپ فرمائیے کہ آپکا کلام سچا ہو یا خدا
کا ثالثاً عقل یک ادنی عاقل کی بھی آپ کے کلام کی تصدیق نہ کرے گی کہ آپ نے عموماً کل کافرون کو اپنے
کلام مین احاطہ کر لیا ہو کاش کفار عرب ہی فرماتے اگرچہ کفار عرب سب بجمیع الوجوہ لیاقت ہی پہچاننے کی نہ رکھتے
تھے بلکہ بعضے دہقانی تو مثل وحوش کے تھے اور بعض دیگر جاہل و رہ امر تو ظاہر ہو کہ معرفت نبوت بالاجمال تھی
نہ بالتفصیل اگر بالتفصیل ہوتی تو تمام حلیہ اور صورت اور تعین زمان و مکان و خلقت و صفت و نسب
و قبیلہ وغیرہ مذکور ہوتا تو محال تھا اہل تورات و زبور و انجیل پر اخفا اور انکار علی الدوام کر سکنا کہ اجتماع و
تواطو برخلاف معلوم اور تکذیب و انکار محالات سے ہو پس معرفت نبوت بالاجمال تھی نہ بالتفصیل حاصل یہ کہ
بشارات سابقہ اور بعض اوصاف مکتوبہ اور معجزات باہرہ سے معرفت حاصل ہوئی تھی نہ نبی کی اور رسول کی
صورت سے پس کیونکر ممکن ہو کہ دہقان اور جہلاء کفار عموماً آپ کو پہچانتے تھے بلکہ باقین عرب اور جہلاء کو کہ
جنکو تمیز رطب و یابس تک نہین تھی وہ کس طرح پہچان سکتے تھے ہان علماے اہل کتاب مین کم ایسے تھے کہ اوصاف
و نعوت اور بشارات مکتوبہ سے آپ کے سچے رسول ہونے کا یقین نہ رکھتے ہون رابعاً اور کیون نہین ممکن ہو
کہ آپ جس دلیل سے کم کفار کی عدم معرفت اور عدم یقین آنحضرت کے سچے پیغمبر ہونے کا بیان فرمائین گے
ہم اکثر کی نسبت اُسی کا ثبوت دینگے خامساً اگر آپ فرمائینگے کہ بیان آیہ سے ہماری مراد یہ ہو کہ محض ایقان نفس سے
ایمان ثابت نہین ہو سکتا تو جواب اُسکا یہ ہو کہ تصدیق قلبی مع کتمان حق بغیر ضرورت لاحقہ شرعیہ یا عقلیہ جبتک
آپ ثابت نہ فرمائینگے ایقان نفس عند اللہ مصداق ایمان قرار پائیگا **قولہ** اور علماے اہل کتاب تو عموماً جزم کلی رکھتے
تھے حتی کہ یہ امر اُنکے نزدیک کالعیان سے بھی زائد تھا معائنہ مین بصر غلطی بھی کرتی تھی اور یہان کسی طرح کا شبہہ و احتمال
نہ تھا قال جل علا یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم و قال فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی
الکافرین و قال جل ذکرہ یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ والانجیل **اقول** سبحان اللہ کیا فصاحت
اور بلاغت ہو اور کیسے کیسے دلائل و براہین قاطعہ ہین کہ جسے عموماً علماے اہل کتاب کو آپ نے کافر قرار دیدیا اور

ثابت کر دیا کہ آیات ثلثہ دلالت کر رہے ہین ان سب کے کفر پر ضرور ہی کہ ابوطالب بھی کافر ہون اب ہم آپکی عبارت
کو اور آیات کو علٰحدہ علٰحدہ کرکے آپ کی خوبی تحریر و تقریر اور عقل و دانش اور تحقیق و تدقیق کو کالعیان سے
بھی زیادہ روشن اور ظاہر کیے دیتے ہین **قولہ** علماے اہل کتاب تو عموماً جزم کلی رکھتے تھے اور قبل سکے آپ
فرما چکے ہین کہ کم کافر تھے جنھین آنحضرت کے سچے پیغمبر ہونے کا یقین نہ تھا **اولا** تو علماے اہل کتاب ہی
آپ کی پہلی عبارت سے مستثنی ہو گئے تھے کہ کفار عرب مین علماے اہل کتاب ہی کم تھے جب آپ نے توضیح فرمائی علماء
اہل کتاب کی کہ وہ سب جزم کلی رکھتے تھے تو اب اُن کم کی تصریح فرمائیے **ثانیاً** علماے اہل کتاب کو جب آپ نے
کفار سے الگ بیان فرمایا تو ثابت ہوتا ہی کہ وہ کفار نہ تھے **ثالثاً** علماے اہل کتاب کی طرف نسبت عموماً جزم کلی
کی فرمائی حالانکہ جزم کبھی مطابق واقع نہین ہوتا اُسکو جہل مرکب کہتے ہین اور کبھی مطابق واقع بھی ہوتا ہی مگر
تشکیک مشکک سے زائل ہو جاتا ہی اُسکو تقلید کہتے ہین پس اس تحریر نے آپ کی علماے اہل کتاب کو بری الذمہ
کر دیا کہ ان سب کو درجۂ یقین حاصل ہی نہ تھا **رابعاً** اگر مراد آپ کی یہ ہی کہ علماے اہل کتاب عموماً جزم کلی رکھتے
تھے یعنی درجۂ یقین کا رکھتے تھے اور سب نے انکار کیا اور وجحدوا بها واستیقنتها انفسهم آیہ صادق آیا
تو یہ وہم باطل و خیال خام ہی کیونکہ بکثرت علماے اہل کتاب اسلام سے مشرف ہوے ہین جیسے ہم انشاء اللہ
تحت تفسیر آیۂ ہذا اقوال مفسرین سے ثابت کیے دیتے ہین **خامساً** عبارت مذکورۂ بالا کے تحت مین ان آیات
کا رقم فرمانا یہ آپ کا جہل مرکب ہی **قولہ** معائنہ مین بصر غلطی بھی کرتی ہی اور یہان کسی طرح کا شبہہ اور احتمال نہ تھا
اقول ہوش و حواس درست فرماکر ہدیۂ سعیدیہ یا ہدایۃ الحکمۃ ہی ملاحظہ فرمائیے کہ تعریف مشاعر خمسہ ظاہری
اور باطنی سے تو آگاہی ہو جائے دیکھیے ہدیۂ سعیدیہ مین مولوی محمد فضل الحق اور ہدایۃ الحکمت مین مولوی
عبد الحق خیرآبادی بعد بیان فرمانے اختلاف اقوال و مذاہب حکما کے لکھتے ہین فالحق ان فی الات الابصار
روحا مضیئة اذا قابلها المرئی مع تحقق الشرائط وارتفاع الموانع ینکشف المرئی عند المدرک
انکشافا فائقا وقیل الخ پس حق یہ ہی کہ آلات ابصار مین ایک روح مضیئہ ہی جسوقت کہ مقابل ہوتی ہی وہ مرئی
سے ساتھ تحقق شرائط کے اور ارتفاع موانع کے تو وقت ادراک مرئی منکشف ہو جاتی ہی انکشاف شروقیا کہتے
دیتی ہم عند الابصار مخروط شعاعی وہمی اور شعاع مخروطی عند الابصار متوہم ہوتے ہین ثم للابصار
شروط بها یمتنع الابصار بدونها ویجب معها یعنی ابصار کے واسطے شرطین ہین کہ بدون اُن شرطون کے
ابصار ممتنع ہی اور اُن شرطون کے ساتھ واجب ہی اور یہ بھی ظاہر ہی کہ امتناع اور وجوب متضاد ہین جمع
نہین ہو سکتے پس معائنہ مین باوجود تحقق شرائط و ارتفاع موانع کے غلطی کا وجود ہی معدوم ہی اسی طرح
عدم شرائط اور وجود موانع کا مانع ابصار ہی پھر معائنہ مین غلطی بھی کرتی ہی یہ کہنا ہی جہل و بیکار ہی وہ شروط
یہ ہین منها مقابلة المرئی للرائی او کونه فی حکم المقابل کما فی رویة الانسان وجهه فی المرأة
بعض اُن شرطون مین سے مقابلہ ہی رائے کا مرئی سے یا ہونا اُسکا حکم مقابل مین جیسا کہ انسان دیکھتا ہی اپنے

منھ کو آئینہ ہین ومنہا عدم البعد المفرط وھذا الشرط مما یتفاوت بحسب قوۃ البصر وضعفہ وبحسب عظم المرئی وصغرہ وبحسب الاشراق لونہ وکمودتہ اور بعض شرطون سے ایک عدم بعد مفرط ہو اور یہ شرط متفاوت ہوتی ہو بحسب قوت بصر او ضعف بصر کے اور بحسب عظم مرئی اور صغر مرئی کے اور بحسب اشراق اور کمودت مرئی کے ومنہا عدم القرب المفرط اور بعض ان مین سے شرط عدم قرب مفرط کی ہو ومنہا عدم الصغر المفرط وھذا ایضا یتفاوت بحسب قوۃ البصر وضعفہ وقرب المرئی وبعدہ اور بعض ان مین سے عدم صغر مفرط ہو اور یہ بھی متفاوت ہوتی ہو بحسب قوت اور ضعف بصر کے اور قرب وبعد مرئی کے ومنہا عدم الحجاب بین الرائی والمرئی والمراد بالحجاب جسم الکثیف المانع من نفوذ الشعاع لا الجسم الملون والمضئ فان الزجاج الملون لا یحجب عن الابصار والارض مع عدم اللون والضوء تحجبہ اور بعض شرطون سے عدم حجاب ہو بین الرائی والمرئی اور حجاب سے مراد جسم کثیف ہو کہ مانع ہو نفوذ شعاع کا نہ جسم ملون یا مضئ کہ زجاج ملون حاجب ابصار نہین ہو اور ارض باوجود عدم لون اور ضوء کے حاجب ہو ومنہا ان یکون المرئی مضیئا اما بالذات او بالغیر اور بعض ان شروط سے مرئی کا روشن ہونا ہو بالذات یا بالغیر ومنہا ان لا یکون المرئی لطیفا فی الغایۃ کالسموات وکرۃ النار والھواء الصافی اور بعض ان مین سے یہ ہو کہ مرئی فی الغایۃ لطیف نہو مثل سموات اور کرۂ نار اور ہواء صاف کے ومنہا سلامۃ الحاسۃ اور بعض حس کا سالم ہونا حاسہ کا ہو ومنہا القصد الی الاحساس اور بعض ان شرطون مین سے قصد ہو طرف احساس کے اور دیگر علما نے مبصرات کے لیے جسم یا عرض یا جہت کا ہونا بھی ضرور جانا ہو پس باوجود پائے جانے ان شروط کے محال ہو کہ بصر معائنہ مین غلطی کرے اب یہ رقم فرمانا آپ کا کہ بصر معائنہ مین غلطی بھی کرتی ہو یہ آپ کی خوش فہمی ہو اور کیا عرض کرون بعد اسکے آپ رقم فرماتے ہین کہ یہان کسی طرح کا شبہہ اور احتمال نہ تھا یہ بھی مہمل ہو اسواسطے کہ شبہہ اور احتمال عقلاء علماء جہلاء سب کو لاحق ہوتا ہو ان مین محققین تشابہات اور احتمالات اور مجہولات کو یقینیات اور معقولات اور معلومات سے دریافت کیا کرتے ہین اور انکو درجۂ علم الیقین اور عین الیقین اور حق الیقین حاصل ہوتا ہو اور یہ امر تو بالاتفاق ثابت ہو کہ معرفت نبوت آنحضرت اہل کتاب کو بالاجمال حاصل تھی نہ بالتفصیل جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا پس جب معرفت نبوت بالاجمال حاصل تھی تو بعضون کو یقین اور بعضون کو شبہہ اور بعضون کو احتمال تھا آپ کو نہ نظر کتب کلامیہ پر ہو نہ منقول ومعقول پر ورنہ آپ خود ہی انصاف فرما لیتے کہ آپ کے امیر المومنین عمر ابن الخطاب نے جنکے مراتب اور مناقب اور فضائل سے آپ کے کتب مملو ہین جنکی مدح مین جناب رسالت مآب فرماتے ہین [1] ان الشیطان یفرمن ظل عمر جنکی شان مین اشداء علی الکفار نازل ہوا جنکے حق مین رسول برحق نے فرمایا ما لقیک [2] الشیطان سالکا فجا قط الا سلک فجا غیر فجک یعنی نہین ملتا تجھ سے شیطان اس حالت مین کہ تو راہ چلتا ہو مگر چلتا ہو اور راہ مین سوائے راہ تیری کے جنکی شان مین جعل الحق علی لسان عمر وقلبہ فرمایا جنکے باب مین بیہقی نے دلائل النبوۃ مین لکھا ہو وعن علی [3] قال ما کنا نبعد ان السکینۃ تنطق علی لسان عمر یعنی روایت ہو

[1] مشکوٰۃ باب مناقب عمر ... [2] مشکوٰۃ ایضاً ... [3] مشکوٰۃ ایضاً ۱۲

علی سے کہتے تھے ہم بعید جانتے اس بات کو کہ سکینہ جاری ہو زبان پر عمر کی جنکی شان میں لو کان نبی بعدی لکان عمر
فرمایا ہو جو بر وقت صحبت آنحضرت ہمیشہ موجود رہتے تھے حالانکہ ہمیشہ آنحضرت سے معجزات باہرہ متواترہ مشاہدہ
فرمائے تھے اسلام کو قبول کر چکے تھے روز حدیبیہ فرما دیا السنا علی الحق جسکے بعد خود کہتے تھے ما شککت منذ
اسلمت الا یومئذ شارح نووی نے تاویل کی ہو کہ یہ کہنا حضرت عمر کا از راہ ورود وین حالت غیظ و غضب میں تھا نہ
براہ شک لیکن خود حضرت عمر کی زبان فیض ترجمان سے لفظ شک تو نکلا جو پھر جب اصحاب خاص آنحضرت کہ آپ کے
نزدیک رکن ایمان اور باعث ترقی اسلام تھے جنکو درجہ عین الیقین اور حق الیقین حاصل تھا جب انکو شک
عارض ہوا تو علماے اہل کتاب کہ معرفت انکو بالاجمال بعض اوصاف اور نعوت مرقومہ کتب سلف سے حاصل ہوئی تھی
بعض کو علم الیقین اور بعض کو شبہہ اور احتمال حاصل ہوا تو کیا عجب ہو پس عموماً کفار کو کہنا کہ کمر کا فر تھے جنھین
آنحضرت کے سچے پیغمبر ہونے کا یقین نہ تھا اور علماے اہل کتاب تو عموماً جزم کلی رکھتے تھے دلیل سفاہت نہین ہی
تو کیا ہی اور زاد علی لتنبور نغمہ کہ یہان کسی طرح کا شبہہ اور احتمال بھی نہ تھا جناب بندہ جن لوگون کو شبہہ اور
احتمال نہ تھا اکثر وہی مشرف باسلام ہوے اور یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم کے مصداق بھی وہی تھے
اہل حق کب انکار کرتے ہین آپ نے اس آیت سے کفر جمیع اہل کتاب تصور فرمایا ہو آپ کی سمجھ کا قصور ہو پوری پوری
آیت رقم فرمائیے اور اسکی تفسیر ملاحظہ فرما کر امر حق کا اظہار فرمائیے لا تقربوا الصلوۃ سے ترک صلوۃ کا حکم نہ فرمائیے
حق سبحانہ تعالی قرآن مجید اور فرقان حمید میں فرماتا ہو الذین اتینٰھم الکتب یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم
وان فریقا منھم لیکتمون الحق وھم یعلمون ترجمہ وہ لوگ کہ جنکو دی ہین نے کتاب (مراد اہل کتاب سے یہود و
نصاریٰ ہین الذین من حیث اللفظ عام ہی اور من حیث المعنی خاص کہ وصف انکا یعرفون کے ساتھ فرمایا)
یعرفونہ یعنی پہچانتے ہین اسکو (ضمیرہ سے مراد حکم قبلہ ہی یا قرآن ہی یا محمد حلیہ اور صفات سے) جیسا کہ پہچانتے ہین
اپنے بیٹون کو اور تحقیق ایک فریق ان میں سے چھپاتے ہین حق کو (کہ وہ صفات پیغمبر کے ہین) اور وہ (یعنی فریق مذکور
علماے یہود و نصاریٰ) جانتے ہین بغوی اپنی تفسیر میں الذین اتینٰھم الکتب کی تفسیر یون رقم فرماتے ہین یعنی
مومنی اھل الکتاب عبد اللہ بن سلام واصحابہ یعرفونہ یعنی یعرفون محمدا کما یعرفون ابناءھم من بین
الصبیان یعنی مومنین اہل کتاب عبد اللہ ابن سلام اور اصحاب انکے پہچانتے تھے آنحضرت کو جس طرح سے کہ اپنے لڑکونکو
دوسرے لڑکون کے درمیان میں پہچانتے ہین بعد اسکے نقل کرتے ہین امام محی السنۃ قال عمر بن الخطاب لعبد اللہ
ابن سلام ان اللہ قد انزل علی نبیہ الذین اٰتینٰھم الایۃ ابناءھم فکیف ھذہ المعرفۃ یعنی کہا عمر ابن الخطاب نے عبد اللہ
ابن سلام سے کہ تحقیق نازل ہوئی ہو یہ آیت پس کس طرح ہو یہ معرفت قال عبد اللہ یا عمر لقد عرفتہ حین رایتہ
کما عرفت ابنی عبد اللہ ابن سلام نے کہا کہ اے عمر بتحقیق کہ میں پہچانتا ہون انکو جیسا کہ پہچانتا ہون میں اپنے بیٹے
کو ومعرفتی بمحمد اشد من معرفتی بابنی اور معرفت میری ساتھ محمد کے اشد ہو معرفت سے میرے بیٹے کی
تحکو فقال عمر کیف ذلک کہا عمر نے کس طرح سے یہ پہچان ہو فقال اشہد انہ رسول حق من اللہ تعالی وقد

نعتہ اللہ تعالی فی کتابنا پس کہا کہ گواہی دیتا ہون کہ بہ تحقیق کہ وہ رسول برحق ہین حق تعالی کی طرف سے اور تحقیق
تعریف کی ہی اللہ نے اُنکی ہماری کتاب مین ولا ادری ما تصنع النساء اور نہین جانتا مین کہ کیا صنعت کی ہی عورتون
نے مطلوب یہ ہی کہ اُسکی مان نے درباب حمل خیانت بھی کی ہو اُسوقت کہا عمر نے وفقک اللہ تعالی یا ابن سلام
صدقت وان فریقا منہم لیکتمون الحق یعنی صفت محمدؐ اور امر کعبہ کو اور وہ جانتے ہین یا حضرت ملاحظہ فرمایئے
کہ حق تعالی نے صاف صاف فرمادیا کہ ایک فرقہ اُن مین کا باوجود علم کتمان حق کرتا تھا نہ سب وہ لوگ کہ جن پر یعرفون
صادق آتا ہی پس کتمان حق کرنے والے کافر ہین مثل آپ کے کہ تمام اوصاف اور نعوت اور اقرار لسانی اگرچہ قصیدہ کیون
نہ ہون اور تصدیق قلبی ابوطالب کے مقر ہین اور پھر زمرۂ کفار مین ملحق فرماتے ہین اور باعث ایذاے آنحضرتؐ ہوتے
ہین اور کچھ خیال نہین کرتے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہی لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات افسوس ہی کہ آجتک اُن حضرت
کی ایذادہی سے باز نہین آئے الحاصل حق سبحانہ تعالی نے علماے اہل کتاب کے دو فرقے فرمائے ایک وہ کہ جنکا وصف
یعرفون کے ساتھ فرمایا اور پھر فرمایا کہ دوسرا فرقہ اُن مین کا کتمان حق کرتا ہی جان کر پس وہ فرقہ جو کتمان حق نہین کرتا دو
حال سے خالی نہین یا وہ مشرف باسلام ہوے یا نہین ہوے منجملہ ایمان لانے والون مین کے عبد اللہ ابن سلام اور
کعب الاحبار اور لبیث اور احزاب اُنکے تھے کہ یہ لوگ حضرت رسالت کو پہچانتے تھے اور ایمان بھی لائے تھے اور
اُنکے ایمان لانے مین اختلاف بھی نہین ہی اور جو لوگ ایمان نہین لائے اور دانستہ کتمان حق کرتے تھے وہ آج تک
ضال و مضل موجود ہین حاجت بیان نہین پس یعرفونہ کما یعرفون سے اسلام ابوطالب ثابت ہوتا ہی کہ
تحقیق مومن تھے اور کما یعرفون ابناءھم جو حق تعالی نے فرمایا ہی تو آنحضرتؐ فی الحقیقت ابناء ابوطالب
مین تھے اور باوجود تنہائی اور کثرت کفار کے ابوطالب اظہار نبوت اور رسالت مین کمی بھی نہ فرماتے تھے کتمان
کیا اور حمایت اور نصرت اور اتمام نور الٰہی مین سعی بلیغ فرماتے تھے جو معائنۂ کتب سیر و حدیث سے آشکار ہی شبہہ
و احتمال اسمین نہ پایا جائیگا رہی محصل تقریر یہ ہی کہ حق تعالی نے دو فریق منہم فرمایا کہ ایک فریق اُن مین کا کتمان حق جان کر
کرتا تھا اور آپ علماے اہل کتاب کو عموماً کفار مین شامل فرمائین اور کا مین حق مین شمار کرین اور حضرت ابوطالب
کو اُن مین شامل فرمادین حالانکہ آپ خود اور تمام اہل سیر و تواریخ و حدیث رقم فرماتے ہین ابوطالب کے قصائد
اور اشعار اور اقوال اور افعال اور اوصاف کہ جن سے بصراحت ثابت ہی کہ ابوطالب نے کوئی دقیقہ جان نثاری
اور فرمانبرداری اور اظہار امر حق مین فروگذاشت نہین کیا بعد اسکے آپ رقم فرماتے ہین **قولہ** وقال عز من
قائل فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکافرین پس جسوقت آیا وہ یعنی محمدؐ اُنکے پاس یعنی یہودیون
کے پاس کہ وہ توریت سے حقیقت آنحضرت کو پہچانتے تھے کفر کیا اُنھون نے عناد و حسد سے پس لعنت خدا
کی ہی کافرون پر **اقول** آیۂ اولی مین بیان ہی عارفین کا اور ایمان لانے والون کا اور بعض کتمان کرنے والونکا اور اس مین
خطاب ہی یہودیون کی طرف کہ وہ کہتے تھے صفات اور نعوت محمدؐ کو دیکھ کر توراۃ مین کہ ہم نصرت کرینگے پیغمبر آخر الزمان
کی پس جب مبعوث ہوے آنحضرتؐ غیر بنی اسرائیل مین سے اور پہچانا اوصاف اور نعوت مرقومۂ توراۃ سے آنحضرتؐ کو

تو کفر کیا اُنھون نے عناد و حسد سے اس آیہ سے کوئی تعلق جناب ابوطالب کو نہین ہی نہ وہ بنی اسرائیل سے ہین
نہ انجیل والا ہین اگر آپکی مراد یہ ہی کہ عارفین بہن کافر ہوئے ہین تو یہان عارفین سے مراد علمائے اہل کتاب ہین
اور یہ آیہ تو خاص واسطے علماء یہود کے ہی کیونکہ بنی اسرائیل سے نہ ہونا آن حضرت کا اُن لوگون پر شاق اور دشوار ہوا
کہ جناب ختمی مآب اولاد اسمعیل سے تھے اب آپ فرمائیے کہ ابوطالب کو کس وجہ عناد و حسد تھا بلکہ باعث فخر تھا کہ
کہ ابوطالب بھی اولاد اسمعیل ہین تھے پھر آپ ترجمہ فرماتے ہین تیسرے آیہ **قولہ** آیہ کلام مجید یجدونہ مکتوبا عندھم
فی التوراۃ والانجیل ترجمہ پاتے ہین وہ یہود و نصاری اُسکی صفت اور نام کو لکھا ہوا جو نزدیک اُنکے ہی توراۃ
و انجیل مین **اقول** آپ آپ ہی فرمائیے کہ یہ آپکی سفاہت ہی یا نہین اور اوصاف یہود مین یحرفون الکلم عن
مواضعہ بھی ہی یا نہین آیہ کلام مجید کو ابتدا اور انتہا سے آپنے ترک کرکے اپنے مطلوب کے الفاظ چن لیے
یہ عام فریبی نہین ہی تو کیا ہی اور تمام آیہ آپ کیونکر نقل فرماتے کہ وہ الفاظ آیہ دلالت کرتے ہین جناب ابوطالب
کے اوصاف ممدوحہ پر لیجیے وہ آیہ پوری پوری یہ ہی الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا
عندھم فی التوراۃ والانجیل یامرھم بالمعروف وینھٰھم عن المنکر ویحل لھم الطیبات ویحرم
علیھم الخبائث ویضع عنھم اصرھم والاغلال التی کانت علیھم فالذین امنوا بہ وعزروہ ونصروہ
واتبعوا النور الذی انزل معہ اولئک ھم المفلحون ترجمہ وہ لوگ جو پیروی کرتے ہین رسول کی کہ نبی
امی ہی وہ نبی امی کہ پاتے ہین یہود و نصاری اُسکے نام اور صفت کو لکھا ہوا توریت اور انجیل مین حکم کرتا ہی
مومنین کو نیکی کا اور منع کرتا ہی اُنکو برائی سے اور حلال کرتا ہی اُنکے واسطے پاکیزہ چیزونکو اور حرام کرتا ہی اُنپر
ناپاک چیزون کو اور اُتاریگا بوجھ کو مراد بوجھ اُتارنے سے یہ ہی کہ اُمت پر سخت احکام جاری نہین کرتا اور اُتاریگا
طوقون کو کہ تھے اُنپر زمانہ موسی سے یعنے جو احکام کہ زمانہ موسی مین سختی کے تھے اُنکو اُتاریگا پس علیہم تک تو
اس آیہ سے یہہ بات ثابت نہین ہوئی کہ یجدونہ الخ سے مراد کفار ہین آگے چلے الذین امنو پس وہ لوگ
کہ ایمان لائے ہین اُسکے ساتھ خواب غفلت سے بیدار ہو جیے الذی سے مراد ابوطالب ہین ایمان سے مراد
ایمان حقیقی ہی نہ ایمان ظاہری جو آپ کا مشرب ہی وعزروہ اور قوت دی ہی اُنھون نے اُس نبی کو ونصروہ اور
مدد و نصرت کی ہی اُنھون نے اُس نبی کی اور پیروی کی ہی اُنھون نے اُس نور کی کہ نازل کیا گیا ہی ہمراہ اُسکے
وہ ہی لوگ رستگاری پانیوالے ہین آپ کو قسم دیتا ہون کہ سچ فرمائیے تصدیق قلبی کی اور اقرار لسانی کی تو
مفسرین اور محدثین بھی قائل ہین اگرچہ آپ ایمان ظاہری کو ایمان تصور کیے ہوئے ہین مگر یہ تو فرمائیے کہ وہ
کون شخص تھا سوائے ابوطالب کے جسنے قوت دی اُسوقت مین کہ کوئی قوت دینے والا سوائے خدا کے نہ تھا
اور کسنے نصرت کی بجز ابوطالب کے کہ تمام کفار سے مقابلہ کیا ابوطالب ایک طرف تھے اور کفار عرب ایکطرف
اور کس نے یہہ کلمہ کہا بجز ابوطالب کے کہ جب تک مین پیوند زمین نکر دیا جاؤنگا اُسوقت تک مین نصرت اور
حمایت کو نہ چھوڑونگا اور کس نے پیروی کی اور تصدیق نبوت کی اور جو کچھ کہ آنحضرت پر اُسوقت تک نازل

سورہ اعراف
پارہ ۹ ذیل نصف

ہوا تھا اُسکو سچا مانا سوائے ابوطالب کے حتیٰ کہ بعد خدیجہ کبریٰ اور علی مرتضیٰ کی اتباع کی جب جناب ابوطالب نے نماز پڑھتے دیکھا تو جعفر کو حکم فرمایا کہ تو بھی پیروی کر اور شریک ہو جسطرح سے کہ علیؑ شریک ہی اور کوئی بھی ایسا تھا سوائے ابوطالب کے جسنے پیغمبر کی پیغمبری کرکے اتمام حجت کیا ہو کفار پر اور کہا ہو کہ دیکھو محمدؐ نے خبر دی ہی اور اُسکو خدا نے خبر دی ہی کہ تمھارے صحیفہ کو دیمک کھا گئی بجز اسم جلالہ باری عز اسمہ باقی نہین ہی دیکھیے اسکا نام ہی تصدیق یقین اسکو کہتے ہین کہ ابوطالب نے بھی اس صحیفہ کو نہین دیکھا مگر فقط آنحضرت کے فرمانے سے کس استقلال سے فرمایا کہ اگر یہہ بات سچی ہی تو حق محمدؐ کیطرف ہی تم لوگ کیون ظلم کرتے ہو اور اگر یہہ امر غلط ہی تو تم کو اختیار ہی جو چاہو کرو پھر حق تعالےٰ فرماتا ہی اولئک ھم المفلحون یعنے وہی لوگ رستگاری پانیوالے ہین تمام ہوا ترجمہ مگر آپ گرداب ضلالت وغوایت مین غوطہ زن ہین افلا بنصرون کے مصداق بنئے عام فریبی نہ فرمایئے کہ جناب ابوطالب ورابائے نبوی کو مومن کہنے والے رافضی ہین ناحق آپ کو بڑا عالم اور سچا سنی سمجھین بغض وعداوت خاندان نبوت سے کرنا دشمنان خدا ورسولؐ کا کام ہی اگر رافضیون نے جناب ابوطالب ورابائے نبوی کو مومن کہا تو کیا مضائقہ وہ خدا کو بھی خدائے واحد کہتے ہین اور رسولؐ برحق کو خاتم المرسلین بھی کہتے ہین لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اُنکا بھی کلمہ ہی یہ ضرور نہین کہ رافضی جو کچھ کہتے ہون وہ آپ نہ کہین اسکو ایمان آپ تصور فرماتے ہین تو لاچاری ہی یہہ ایمان آپ کو مبارک ہی اہل حق کا یہہ ایمان نہین ہی جناب ابوطالب کا بعینہ الفاظ لا الہ الا اللہ کہنا آپ پر ثابت نہین آپ آنکھین بند کرکے کافر فرمائے دیتے ہین غافل اسسے کہ حق تعالےٰ فرماتا ہی ومن الناس من یقول امنا باللہ وبالیوم الاخر وما ھم بمومنین یخادعون اللہ والذین امنوا وما یخدعون الا انفسہم وما یشعرون ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ جسنے حمایت اور نصرت اور اطاعت کی آنحضرت کی اُسنے حمایت اور نصرت اور اطاعت کی خدا کی وہ مومن حقیقی محب خدا ورسولؐ ہی اور دشمن اُنکا دشمن خدا ورسولؐ ہی جگہ اُسکی درک اسفل ہی **قولہ** بعض کو ہشیم بد باطن وہابیہ عصر کہ اسمین کلام کرتے ہین اور کہتے ہین اگر اہل کتاب کے یہان حضور کا ذکر رسالت ہوتا تو ایمان کیون نہ لاتے نصوص قاطعہ سے انکار اور خدا اور رسولؐ کی تکذیب اور یہود ونصاریٰ کی حمایت وتصدیق کرنیوالے ہین اعوذ باللہ من وسواس الشیطان **اقول** جن وہابیہ عصر کا [illegible] آپنے رقم فرمایا فی الحقیقت [illegible] لعن ہین مگر ہم تو آپ کی عبارت کی تعریف کرتے ہین آپنے وہابیہ کی تعریف مین لفظ بد باطن کیون [illegible] سے آپ کو کیا علاقہ آپ کا مذہب تو بیشک بدفی الظاہر ہی اور قصور معاف نصوص قاطعہ سے تو آپ بھی انکار فرمارہے ہین جیسا کہ ابھی مذکور ہوا اور حامی اور ناصر ومصدق رسولؐ انام کو تو علانیہ آپ کافر فرمارہے ہین پھر یہود ونصاریٰ کی تصدیق وحمایت کرنیوالے کو کیونکر بد کہہ سکتے ہین جب ابوطالب کو کہ حامی وناصر ومصدق رسولؐ تھے آپ باعلان کافر فرمارہے ہین تو حامی وناصر ومصدق یہود ونصاریٰ بالضرور مومن قرار پائینگے اعوذ باللہ من وسواس الشیطان مگر ہم تو وہابیہ عصر اور اُن لوگون سے کہ مطلب کے ثابت کرنیکے

واسطے فقرات آیات اور احادیث اور مفسرین کی عبارتون مین تحریف کرتے ہین کہین تحریف لفظی اور کہین تحریف معنوی
فرماتے ہین ہم پناہ مانگتے ہین بسا تعجب ہی کہ آپ نصرت اور حمایت اور تصدیق نبوت اور مصائب حمایت و حراست
و کفالت و اطاعت کی کچھ حقیقت نہین سمجھتے حال آنکہ جناب ابو طالب نے اپنی جان و مال و اولاد فدائے پائے
آنحضرت فرمائی آپ کے دین کو خیر الادیان فرمایا صدق و امانت کو آنحضرت کے اعلان دیا آنحضرت کی اتباع
کی تحریص لوائی حضور کو رسول مثل موسئے کے خطاب فرمایا اور قصائد مین اپنی تصدیق قلبی کا اظہار فرمایا کہ
تا قیامت یہ اقرار باقی رہے قصائد بے شمار آنحضرت کی مدح مین انشا فرمائے یہہ سب رائیگان اور بیکار ہی فقط
لا الہ الا اللہ کو تلفظ نہ فرمایا سامنے کفار کے تو کافر ہوئے اور پھر حمایت و تصدیق یہود و نصاریٰ کو آپ مذموم بھی فرماتے
ہین بس صاحبان انصاف اور ماہرین اوصاف جناب ابو طالب پر مثل شمس ہویدا اور آشکار ہی یہہ کہ ابو طالب ابتدا
سے انتہا تک ناصر و معین و حامی و مصدق رسول رہے بجز رضا مندی و اطاعت کے تکذیب و مخالفت آنحضرت
کی نہین فرمائی بلکہ ہر حال مین معین و یاور رہے پس ان آیات کا بعنوان مذکورہ وارد کرنا آپ کا بجز تحریف اور
افترا علی اللہ کیا ہو سکتا ہی بعض آیات کی دلالت عرفان اور ایمان پر ہی بعض کی باوجود معرفت کفر پر اور بعض آیات
شان یہود و نصاریٰ مین ہین لیکن آپنے کہین تحریف لفظی فرماکر مطلب برآری کی ہی کہین تحریف معنوی فرماکر
اعوذ باللہ من وسواس الشیطان اوپر عرض کرچکا ہون کہ مبغض ابو طالب بعینہ مبغض رسول انام ہی
اور مبغض رسول مبغض خداوند علام ہی اور مبغض خدا و رسول کافر واجب القتل ہی اور ابو طالب مہاجرین اور
انصار سے رسول مختار کے ہین **قولہ** شرح عقائد نسفی مین ہی لیست حقیقۃ التصدیق ان تقع فی القلب
نسبۃ الصدق الی الخبر او المخبر من غیر اذعان و قبول بل ھو اذعان و قبول لذلک بحیث یقع
علیہ اسم التسلیم علی ما صرح بہ الامام الغزالی **اقول** اولاً عقائد نسفی کی عبارت جو آپنے رقم فرمائی
آپ کے مفید مطلب نہین ہی کہ یہہ عبارت گویا تصدیق کی تعریف ہی نہ ایمان و اسلام کے اور تعریف تصدیق
مین اختلاف واقع ہی بین المتقدمین والمتاخرین مع ھذا اگر اسی تعریف کو ہم بھی قبول کرلین تو بھی
آپ کو کیا نفع پہنچیگا اسواسطے کہ اس تعریف مین اقرار باللسان اور عمل بالارکان کا ذکر ہی نہین ہی جس سے آپ
کفر ثابت کرسکین اور باقی رہا بل ھو اذعان و قبول لذلک بحیث یقع علیہ اسم التسلیم اسمین بھی
کوئی شرط ظاہر و باطن کی نہین ہی بلکہ وقوع اسم تسلیم کی قید ہی پس ہم قبول کرتے ہین کہ حقیقت تصدیق کی
اذعان اور قبول بھی سہی پھر یہہ تعریف تصدیق کی جناب ابو طالب کو کیا نقصان دیتی ہی کہ تصدیق قلبی جناب
ابو طالب کی باتفاق اہل سیر و تواریخ و علم حدیث و تفسیر ثابت ہی جسکی توضیح عنقریب ہوئی جاتی ہی مگر پہلے
ہم تعریف تصدیق اور تصور اور دانستن اور شناختن اور معرفت اور گرویدن کو عرض کردین تا معلوم ہوجائے
کہ ان الفاظ کے مفہوم مین کیا فرق ہی اور کس کس معنی پر اطلاق کی جاتی ہین اور ہر ایک کی کیا تعریف ہی تاکہ
محصل تقریر آپ کا ہر شخص پر ہویدا اور آشکار ہوجائے اسواسطے کہ کسی مقام پر آپ کمال معرفت کو تعریف

ایمان سے خارج کیے دیتے ہین کبھی فرماتے ہین کہ معرفت کو ایمان سمجھنے والے بعض قدریہ ہین کہین آپکا قول ہی کہ دانستن اور شناختن اور چیزی ہو اذعان وگرویدن اور کسی مقام پر معنی تصدیق کے شرح عقائد سے نقل فرماتے ہین کسی مقام پر بعض قدریہ کا مقولہ الایمان ہو المعرفت شرح عقائد سے نقل فرماتے ہین تاکہ عوام جہلا آپکی تحریر کی قدر کرین اور لاجواب تصور کرین حالآنکہ ایسی تحریر مشوش سے بجز تضییع اوقات کوئی فائدہ نہین متصور ہوتا شناختن اور دانستن اور دریافتن یہہ الفاظ فارسی ہین عربی مین انھین کو معرفت اور علم اور ادراک کہتے ہین کبھی یہہ الفاظ ایک ہی معنی پر اطلاق کیے جاتے ہین تو ان الفاظ کو مترادف کہتے ہین کبھی ہر واحد انکا معنی جداگانہ پر اطلاق کیا جاتا ہی پس معنی معرفت اور علم اور ادراک کے الصورة الحاصلة عند العقل ہین یعنی وہ صورت کہ انسان کی عقل کے نزدیک حاصل ہوئے ہی اور عقل ایک جوہر ہی مجرد مادہ سے ذاتا اور فعلا اور کبھی اطلاق عقل کا ذہن پر ہوتا ہی جو مقابل مین خارج کی ہی اور ذہن کا اطلاق مشاعر پر ہوتا ہی اعم اس سے کہ عقل مجرد ہو یا حواس خمسہ ہون اور حواس خمسہ ظاہری ہون یا باطنی حاصل یہہ ہی کہ ذہن ایک قوت اور آلہ ہی کہ جسمین صورتین اشیا کی حاصل ہوتی ہین اور مراد صورت سے یہہ ہی کہ بعینہ وہ شی نہ ہو لیکن موافق اسی شی کے ہو جسطرح کہ آئینہ وغیرہ مین صورت ہر شی کی حاصل ہوتی ہی اور محققین کے نزدیک مطلق موافقت کافی نہین ہی بلکہ موافقت حقیقت اور ذات اور معنی مین جسوقت پائی جاوے وہ معتبر ہی اور جو سے تمثیل آئینہ وغیرہ کی بسبیل توضیح قرار پائیگی نہ بر سبیل تحقیق اسواسطے کہ جو صورتین انسان یا حیوان وغیرہ کی آئینہ مین یا مثل آئینہ کے براق چیز و نمین پائی جائینگی وہ موافق نہ ہونگی حقیقت انسانیت اور حیوانیت وغیرہ مین بلکہ ظاہر شکل مین موافقت پائی جائیگی اور صورت حاصلہ کہ جسکو علم کہتے ہین فقط موافقت ظاہری نہین رکھتے بلکہ حقیقت اور ذات اور معنی مین موافقت رکھتی ہی اور دلیل اس امر پر کہ صورتین اشیا کی ذہن مین حاصل ہوتی ہین اور نیز حقیقت اور ذات اور معنی مین موافقت رکھتے ہین یہہ ہی کہ جو اشیا کہ ہم دیکھ چکے ہین اور وہ ہمسے غائب ہین انکو ہم اپنی نفس مین مشاہدہ کرتے ہین حالآنکہ وہ عین اشیا ہمارے نفس مین داخل نہین ہین بلکہ کوئی چیز کہ اُن اشیا سے موافقت رکھتی ہی وہ ہم مین حاصل ہوگئی ہی اور وہ صورتین اُنھین اشیا کی ہین اور یہ صورتین تنہا ہمارے ذہن مین حاصل نہین ہوئی ہین بلکہ ساتھ حقیقت اور ماہیت کے انکا حصول ہوا ہی اسواسطے کہ اگر تنہا وہ صورتین حاصل ہوئی ہوتین جیسے آئینہ وغیرہ مین حاصل ہوتی ہین تو ممکن نہوتا کہ ہم کنہ اور حقیقت اشیا کو معلوم کرسکتے حالآنکہ کنہ اور حقیقت بعض اشیا کی تو بالیقین ہمکو معلوم ہی مثلا گرمی و سردی اور روشنی و تاریکی اور رشل انھین کے بالیقین ہمکو معلوم ہی کہ جسمین احتمال بھی کسیطرح کا نہین ہو سکتا بلکہ جو شخص ان امور مذکور کا یقین نہ کرے تو قابل اعتنا بھی نہ ہوگا پس یہ تو مفہوم مشترک ان الفاظ کا ہی اور اطلاق ہر واحد کا معنی مختص پر یہہ ہی کہ کبھی معرفت اور شناختن بولتے ہین اور اشیا بسیط کا جاننا مراد ہوتا ہی اور دانستن اور علم واسطے جاننے

گوہر مراد ص ۱۶ سطر ۲۶ مطبوعہ بمبئی ۱۲

اشیاء مرکبہ کے بولتے ہین اسیوجہ سے خداشناسی کو شناخت اور معرفت کہتے ہین دانش اور علم کا اطلاق نہین
کرتے اور کبھی ایک چیز معلوم شدہ فراموش ہوجاتی ہی اور بار دوم معلوم ہوتی ہی اس بار دوم کے معلوم
ہونیکو شناخت اور معرفت کہتے ہین اور کبھی علم و دانش کو شی معلوم پر اطلاق کرتے ہین اعم اس سے کہ ابتدا
سے معلوم ہو یا بار دوم بعد فراموش ہونیکے معلوم ہو اسی سبب سے حق تعالےٰ کو عالم کہتے ہین عارف نہین
کہتے اصطلاح ادراک کے تکلم سے جاننا جزئیات کا اور محسوسات کا مطلوب ہوتا ہی اور ادراک کے مقابل
مین علم و نطق و عقل ہی کہ کلیات اور مجردات کے جاننے کیواسطے استعمال کرتے ہین اسی وجہ سے حیوانات
کو مدرک کہتے ہین اور استعمال لفظ ادراک کا حیوانات پر کیا جاتا ہی لیکن عالم و ناطق و عاقل نہین کہتے اور
فرق علم مین اور عقل و نطق مین یہہ ہی کہ علم کو معنی اعم پر اطلاق کرتے ہین یعنے کلیات اور جزئیات پر
مگر عقل و نطق کو غیر معنی مذکورہ مین اطلاق نہین کرتے یہی باعث ہی کہ ناطق فصل ممیز انسان کی ہی سائر
حیوانات سے پس یہہ الفاظ مترادفہ یعنی معرفت و علم و ادراک کہ ایک ہی معنی پر اطلاق کیے جاتے ہین انکی حقیقۃ
مین اختلاف واقع ہوا ہی قول مشہور یہ ہی کہ العلم حصول صورۃ الشی فی العقل بعض کا مقولہ ہی ہو الصورۃ
الحاصلۃ من الشی عند العقل بعض کا قول ہی العلم الصور الحاصۃ عند المدرک بعض نے کہا ہی
هو حصول الصورۃ من الشی عند العقل فیکون العلم من مقولۃ الاضافۃ بعض کا مقولہ ہی
العلم قبول النفس لصورۃ بعض کا مقولہ ہی کہ العلم من مقولۃ الکیف فہو اما الحالۃ
الادراکیۃ التی قال بہا المحقق الہروی او اما الصورۃ الحاصلۃ من الشی عند العقل
یہہ ہی قول محقق دوانی کا ہی کہ علم صورت حاصلہ ہی شی سے عند العقل اور وہ نفس صورت سے
اور مقولہ کیف سے ہی علی الاصح اور یہ تعریف علم کی جامع اور محترز عن الزلل اور مذہب منصور ہی اور
اور اسی سے غرض علمی بھی متعلق ہی اور کاسب و مکتسب بھی یہہ ہی معنی ہین انکشاف بھی اسی سے حاصل
ہوتا ہی اور ظاہر ہی کہ صورت حاصلہ صورت حاضرہ عند المدرک ہی اعم اس سے کہ تصور اس صورت کا بالذاتیات
ہوا ہو یا بالعرضیات اور اعم ہی کہ ہو یہہ صورت حاصلہ غیر صورت خارجیہ یا عین صورت خارجیہ اور اعم ہی کہ
یہہ صورت حاصلہ قائم ذات مدرک مین ہو یا آلات مدرک مین کہ حواس خمسہ باطنہ ہین باعانت حواس
خمسہ ظاہرہ اور اعم ہی کہ عین مدرک ہو یا غیر مدرک پس معرفت اور علم و ادراک کہ مترادف ہین ایک ہی معنی
پر استعمال کیے جاتے ہین یعنے صورت حاصلہ عند العقل پر اگر وہ صورت حاصلہ اذعان اور حکم ہی یعنی یہ کہ جو
حکم اثبات کا یا سلب کا تو اس حکم کی صورت کو تصدیق کہتے ہین جیسے زید نویسندہ ہی پس نویسندگی کو زید کیواسطے
ثابت کیا یا زید نویسندہ نہین ہی پس نویسندگی کی نفی کی زید سے یا زید نویسندہ ہی یعنی یہہ قضیہ موجبہ صادق
ہی یا زید نویسندہ نہین ہی یعنے یہہ قضیہ سالبہ صادق ہی اور حکما نے اتفاق کیا ہی کہ تصدیق بسیط ہی اور وہ
اذعان اور حکم ہی اور اختلاف واقع ہوا ہی اس امر مین کہ متعلق اذعان یا نسبۃ خبریہ ثبوتیہ ہی یا سلبیہ یا وقوع
ای تسلیم

شرح سلم التعلیق الحبیب ص ٣٢٢

ملا جلال صفحہ ٢ سطر ٩ مطبوعہ مطبع علوی لکھنؤ

تحفہ شاہجہانی صفحہ ٣ حاشیہ نمبر ٥ مطبوعہ نظامی

نسبت تقییدیہ یا لا وقوع اُسکا ہی متقدمین نے قضیہ مین تثلیث اجزا کا اعتبار کیا ہی یعنے محکوم علیہ و محکوم بہ اور نسبت
تامہ خبریہ ثبوتیہ یا سلبیہ اور متاخرین تربیع اجزا کے قائل ہین یعنے محکوم علیہ و محکوم بہ اور نسبت تامہ خبریہ ثبوتیہ یا سلبیہ اور متاخرین
تربیع اجزا کے قائل ہین یعنی محکوم علیہ و محکوم بہ و نسبت تقییدیہ ثبوتیہ یا سلبیہ اور اسیکا نام نسبت حکمیہ ہی جو مورد حکم ہی چوتھے حکم
ہی یعنے وقوع نسبت خبریہ یا لا وقوع اسکا خلاصہ یہ ہی کہ کبھی تصدیق سے مراد لی جاتی ہی متکیف بکیفیۂ اذعانیۃ جو من قبیل ادراک
ہی تو اس حالت مین تقسیم اسطرح کرتے ہین العلم اما تصور او تصـــــــدیق متکیف بالکیفیۃ
اذعانیۃ اور متکیف ہونا بکیفیۃ اذعانیہ من قبیل الادراک ہی اور علامہ تفتازانی نے فرمایا ہی انہ ادراک
ان النسبۃ واقعۃ او لیست بواقعۃ یعنے تحقیق کہ وہ ادراک ہی اسکا کہ تحقیق کہ نسبت واقع ہی یا نہین
ہی واقع اور اس تعریف مین تخییل و تکذیب و شک و وہم شامل ہوئے جاتے ہین کہ ہر واحد انکا بھی ادراک ہی
وقوع نسبت اور لا وقوع نسبت کا اسواسطے کہ اگر قضیہ حاصل ہو ذہن مین لا عن وجہ الحکایۃ عن
الواقع اور نیز مطابقت و عدم مطابقت للواقع کا اعتبار نہو یعنے صورت قضیہ کی ذہن مین حاصل ہو
کہ موضوع قضیہ اور محمول قضیہ اور نسبت تامہ خبریہ ہی فقط بغیر تردد اور تجویز کے تو اُسکو تخییل کہتے ہین اور اگر
اُس قضیہ مین اعتبار حیثیت حکایت عن الواقع کا ہوا اور حادث ہو نفس مین ایک حالت کہ جسکو تعبیر کرین ساتھ
انکار کے تو اُسکو تکذیب کہتے ہین اور اگر اُس قضیہ مین حالت تکذیب حادث نہو بلکہ حاصل ہو ذہن
مین ایک کیفیت احتمالیہ کہ تجویز کرے عقل اُس کیفیت سے مطابقت للواقع اور عدم مطابقت للواقع کی اور یہ تجویز
مساوی ہو یعنے ادراک نسبت کا تردد اور تجویز مین مطابقت و عدم مطابقت للواقع کی مساوی ہو تو
شک ہی اور اگر تجویز کرے عقل اُس کیفیت احتمالیہ سے مطابقت یا لا مطابقت کو راجح اور غالب پس جانب
مقابل اُسکا کہ مرجوح و مغلوب ہی اُسکو وہم کہتے ہین اور راجح و غالب کو ظن کہتے ہین اور یا حادث
ہوگی ذہن مین وقت حصول قضیہ کے کیفیت خبریہ کہ جسمین احتمال و تجویز باقی نرہے تو اُسکو جزم کہتے
ہین اور وہ جزم اگر مطابق للواقع کے نہین ہی تو جہل مرکب ہی اور اگر مطابق واقع کے ہی مگر زائل ہو
تشکیک مشکک سے زائل ہو جائے تو تقلید ہی اور اگر ثابت رہے اور زوال پذیر نہو تو یقین ہی پس
فی الحقیقت تخییل و تکذیب و شک و وہم تصورات مین شامل ہین اور ظن و جہل مرکب و تقلید و یقین تصدیقات
مین پس یہہ تعریف تصدیق کہ انہ ادراک ان النسبۃ واقعۃ او لیست بواقعۃ مانع نہین بسبب دخول
تخییل و تکذیب و وہم و شک کے اس تعریف مین اور کبھی مراد لیتے ہین تصدیق سے کیفیت اذعانیہ کہ وہ من
قبیل ادراک نہین ہی بلکہ لواحق ادراک سے ہی پس تقسیم علم اس حال مین اس طرح کی ہی العلم اما تصور ساذج او تصور
معہ تصدیق پس تصدیق سے مراد کیفیت اذعانیہ ہی اور ایسا ہی واقع ہوا ہی شفا مین اور اشارات مین تو تصدیق
لواحق ادراک سے قرار پائیگی اور یہہ ہی قول محقق نصیر الدین طوسی کا ہی کہ وہم و شک انواع تمنی و ترجی و استفہام لواحق
ادراک سے ہین اور نیز تصدیق منطقی بعینہ تصدیق لغوی ہی اور کلام شیخ سے بھی یہہ ہی ظاہر ہوتا ہی اور اسکی

میرزاہد ص ۳، و ۵۷

ملا جلال ص ۳۰ سطر ۱

حاشیہ ملا محمد حسن بر میرزاہد ص ۳۷ مطبع علوی لکھنوی

میرزاہد ص ۵۷ سطر ۱
ایضاً سطر ۳

تصریح کی ہی بہت سے محققین نے جیسے علامہ شیرازی شیخ قطب الدین نے درۃ التاج مین اور علامہ تفتازانی
نے شرح مقاصد مین جسکا خلاصہ بیان یہ ہی کہ آن للتصدیق فی اللغۃ ثلثۃ معان الاول ماخوذ من الصدق
بمعنی وصف القضیۃ وھو عبارۃ عن الاذعان بصدق القضیۃ ای التصدیق بان معنی القضیۃ
مطابق للواقع و یعبر عنہ بالفارسیۃ براست داشتن و صادق داشتن یعنے تصدیق کے تین معنی
ہین لغت مین اول تصدیق ماخوذ ہی صدق سے کہ جو معنی مین وصف قضیہ کے ہی اور وہ عبارت ہی صدق
قضیہ کے اذعان سے یعنی تصدیق باین طور کہ معنی قضیہ مطابق للواقع ہین اور فارسی مین براست داشتن
اور صادق داشتن سے تعبیر کرتے ہین پس اذعان متعلق ہوا ایک قضیہ سے کہ موضوع اُسکا یہ قضیہ ہی اور
محمول اُسکا صادقہ ہی مثلاً کہین کہ القضیۃ صادقۃ یعنے یہ قضیہ صادق ہی تو موضوع مثلاً زید قایم یہ سارا قضیہ
ہی اور صادقۃ محمول پس صدق قضیہ کا اذعان یہ ہی تصدیق ٹھرا والثانی ماخوذ فی اللغۃ من المعنی
الاول وھو عبارۃ عن الاذعان بمعنی القضیۃ ای التصدیق بان المحمول ثابت للموضوع مثلاً
ای بحذف لفظ الوصف ۱۲ ای بدون لفظ الوصف ۱۲
فی الواقع و یعبر عنہ فی الفارسیۃ بگرویدن و باور کردن اور دوسرے معنے لغت مین ماخوذ ہین
معنی اول سے اور عبارت ہی اذعان سے کہ جو معنی مین قضیہ کے ہی یعنے تصدیق باین طور کہ محمول ثابت
ہی واسطے موضوع کے مثلاً فی الواقع اور فارسی مین گرویدن اور باور کردن کہتے ہین پس اس قسم ثانی مین اذعان
اور تصدیق متعلق ہی نفس قضیہ سے یعنے حکم سے جو قضیہ مین ہی یعنے محمول صادق ہی موضوع پر یعنی اذعان باین
طور کہ محمول ثابت ہی واسطے موضوع کے واقع مین اور اسی کا نام تصدیق منطقی ہی و ھو یحصل قبل حصول
معنی الاول اور وہ حاصل ہوتی ہی قبل حاصل ہونے معنے اول کے اسواسطے کہ اول ماخوذ صدق سے ہی
جو بمعنی وصف قضیہ ہی یعنے قضیہ صادقہ ہی اور یہ ماخوذ ہی صدق سے جو بمعنی ذات قضیہ ہی یعنے حکم جو ذات
قضیہ مین ہی صادق ہی یعنے محمول صادق ہی موضوع پر پس حصول ذات مقدم ہی حصول صفت مثلاً زید قایم ہی یعنی زید
قائم ہی پس اگر تصدیق کو متعلق کرین نفس قضیہ سے تو مراد یہ ہوئی کہ اذعان حاصل ہوا ہی قیام زید سے یعنی قیام زید
صادق ہی اور قائم محمول زید موضوع پر صادق ہی اور اگر تصدیق کو متعلق کرین وصف قضیہ سے جو صدق قضیہ
کا ہی تو مراد یہ ہوئی کہ اذعان حاصل ہی وصف قضیہ سے یعنے زید قائم قضیہ ہی اسکو موضوع گردانین اور صادق
کو محمول اور کہین کہ یہ کل قضیہ صادق ہی پس نفس قضیہ کا صدق پہلے حاصل ہوگا یعنی زید قایم مین حکم قائم
زید پر پہلے صادق ہوگا پس یہ تصدیق متعلق بہ نفس قضیہ ہی مثلاً قیام زید صادق ہی بعد اُسکے اس قضیہ کو
یعنے زید قائم کو موضوع قرار دین گے اور کہین گے زید قائم صادق ہی پس زید قائم موضوع ہی اور صادق اسکا
محمول ہی پس یہ تصدیق حاصل ہوئی وصف قضیہ سے بعد تصدیق حاصل ہونے کے نفس قضیہ سے والثالث
ماخوذ من الصدق بمعنی وصف القائل وھو عبارۃ عن التصدیق بان القائل مخبر عن کلامہ
مطابق للواقع و یعبر عنہ بالفارسیۃ براست گوئی داشتن و حق گوئی داشتن اور تیسرے معنے

نام کتاب میر زاہد
صفحہ ۷۵ سطر ۹

تصدیق کے ماخوذ ہین صدق سے کہ جو معنی ہین وصف قایل کے ہین اور عبارت ہی تصدیق سے اسطرح پر کہ قایل خبر دینے والا ہو کلام مطابق لواقع سے اور فارسی مین اسکو راست گوی دانستن اور حق گوی دانستن کہتے ہین پس جو تصدیق معتبر ہی ایمان مین وہ دو تصدیقین ہین ایک قسم تصدیق کی بمعنے ثانی ہی جو تصدیق نفس حکم کی ہی ایسا حکم کی خبر دی ہی اُسکی حقتعالے نے اور اُسکے رسول نے کہ جسکو فارسی مین گرویدن اور باور کردن کہتے ہین اور دوسری تصدیق ثالث یعنی جو وصف مخبر ہی یعنے مخبر راست گو ہی والحق ان الکیفیۃ الاذعانیۃ التی تحصل بعد التصورات علم بل هو اقوی مراتبہ یعنے حق یہہ ہی کہ کیفیت اذعانیہ علم ہی بلکہ اقوائے مراتب علم ہی پھر بعد ایک سطر کے فرماتے ہین مقام ثانی مین فد علمت ان التصدیق علم فہہنا ثلث مذاہب یعنے جب یہ ثابت ہوگیا کہ تصدیق علم ہی پس اسمین تین مذہب ہین مذہب اول صاحب کشف اور مطالع وغیرہ کا ہی وہ کہتے ہین کہ ان التصدیق هو التصور بشرط الحکم یعنے تصور بشرط حکم کو تصدیق کہتے ہین مذہب ثانی مذہب فخر رازی کا ہی وہ کہتے ہین کہ تصدیق مرکب ہی تصورات ثلثہ اور حکم سے مذہب ثالث مذہب ہی متقدمین کا وہ کہتے ہین کہ تصدیق عین اذعان ہی اور وہ بسیط ہی اور تصورات شروط ہین اور نہین ہی اذعان کیفیت ملاحظہ سے بلکہ وہ ایک قسم ہی علم کی اور حکم اور اذعان اور اعتقاد اور تصدیق تعبیرات ہین کہ جنکا معنون واحد ہی تعلیق عجیب مین محمد عبد الحی صاحب نے مقامات مذکورہ کو نہایت تحقیق اور بسط سے لکھا ہی جسکا خلاصہ گذارش کیا گیا اس مقام پر ہم وقع تو ہم بھی آپکا کر دین جس وجہ سے کہ آپکے ذہن مین آیا ہی کہ دانستن وشناختن اور چیز ہی اور گرویدن واذعان اور شاید اقوال متقدمین آپکی نظر اقدس سے گذرے ہون اور فریب دہی عوام کے ہر وقت آپ کی مرکوز خاطر ہی یا فہم معانی سے ادراک آپ کا قاصر ہی اس سبب سے یہ الفاظ مہملا اپنے فرمائے وہ اقوال متقدمین یہ ہین سمجھیے اور اور جہل مرکب سے نکلیے وقال المتقدمون التصدیق نوع من العلم متغائر بالذات والحقیقت یعنے کہا متقدمین نے کہ تصدیق ایک نوع ہی علم کی متغائر بالذات والحقیقت تصور سے پس اس مقام پر مغائرت ذاتیہ سے مراد مغائرت نوعیہ ہی اسواسطے کہ اتحاد جنسی مابین تصور وتصدیق تو ظاہر ہی کہ علم کے دو نوعین ہین ایک تصور دوسرے تصدیق بلکہ مغائرت نوعی کا اعتبار محققین نے اشد اور اضعف مین بھی قرار دیا ہی اور کہا ہی کہ للاشد نوع آخر مخالف للاضعف اور اسی بنا پر اقسام تصدیق بھی مثل ظن اور جہل مرکب اور تقلید اور یقین کے کہ یہ بھی مختلف بالنوع ہوسکتے ہین پس تصور وتصدیق بطریق اولی لائق اختلاف نوعی کے ہین مگر ایسی مغائرت سے آپ کو کوئی نفع نہین حاصل ہوسکتا اسواسطے کہ آپ تو معرفت اور علم کو مغائر تصدیق قرار دے رہے ہین حالانکہ معرفت اور علم کو اتحاد ذاتی ہی تصور وتصدیق دونون سے کہ تمام مشترک ہین دونوعین اب ہم حقیقت تصور اور اُسکے اقسام بھی مختصرا عرض کر دین کہ جسطرح علم اور معرفت اور ادراک مترادف ہین اسیطرح تصور بھی مرادف انکا ہی کہ تصور عبارت ہی عن الصورة

تعلیق عبد الحی … سطر ۲۵

قطبی صفحہ … قطبی صفحہ ۵ سطر ۱۱

الحاصلۃ من الشئ عند العقل خلاصہ یہ ہی کہ اگر اعتبار کرین تصور کو بشرط شی یعنی بشرط اذعان اور حکم تو تصدیق ہی اور اگر اعتبار کرین بشرط لا شی یعنی بشرط عدم اذعان اور حکم کے کرین تو تصور ساذج ہی اور اگر اعتبار کرین لا بشرط شی کا یعنی کوئی شرط اذعان اور حکم کی یا عدم اذعان اور عدم حکم کی نہ لگائین تو مطلق تصور ہی پس وہ تصور کہ مغائر اور مقابل تصدیق کے ہی تصور بشرط لا شی ہی یعنی وہ تصور کہ جسمین شرط عدم اذعان اور عدم حکم کی ہی جسکو تصور ساذج کہتے ہین اور مطلق تصور یا شرط تصدیق کی ہی یا شطر ہی تصدیق کی علی اختلاف الراے پس تصور ساذج کی چند صورتین ہین ایک یہ کہ ادراک امر واحد کا ہو مثل تصور زید کے یا امور متعددہ کا بدون نسبۃ کے مثل زید عمر خالد و لید وغیرہ کے یا ادراک نسبت کا ہو مگر وہ نسبت غیر تامہ ہو جس پر سکوت صحیح نہ ہو مثل غلام زید کے اسکو نسبت تقییدیہ کہتے ہین یا نسبت تامہ انشائیہ کہ تعلق اذعان قبول نہ کرے مثل تصور اضرب یا ولا تضرب وازید قائم و لیت الشباب یعود کے یا تعلق اذعان قبول کرے مگر اذعان حاصل نہ ہو مثل تخییل و تکذیب و شک و وہم کے اب فرمائیے کہ دانستن و شناختن و دریافتن یہ الفاظ مترادفہ فارسی ہین یا نہین اور عربی ہین انکو علم و معرفت و ادراک کہتے ہین یا نہین اور اذعان وگرویدن ایک قسم اُسی علم و معرفت و ادراک کی ہی یا نہین اور یہ قول آپکا کہ دانستن اور شناختن اور چیز ہی اور اذعان وگرویدن اور مہمل ہی یا نہین چنانچہ شارح عقائد نسفی بعد لکھنے تعریف تصدیق اور علی ما صرح بہ الامام الغزالی کے یہ عبارت رقم فرماتے ہین وبالجملۃ المعنی الذی یعبر عنہ بالفارسیۃ بگرویدن ہو معنی التصدیق المقابل للتصور حیث یقال فی اوائل علم المیزان العلم اما تصور او تصدیق صرح بذلک الرئیس ابن سینا یعنی حاصل کلام جو معنی کہ تعبیر کیے جاتے ہین فارسی مین بگرویدن وہ تصدیق مقابل تصور ہی جیسا کہ اوائل علم میزان مین کہا گیا کہ العلم اما تصور واما تصدیق اور اسی طرح تصریح کی ہی ابن سینا نے اور ہم اوپر عرض کر آئے ہین کہ علم اور معرفت مترادف ہین پھر معرفت کو کہنا کہ گو کیسی ہی کمال کی ہو ایمان نہین بے ایمانی ہی پھر شارح فرماتے ہین فلو حصل ہذا المعنی لبعض الکفار کان اطلاق اسم الکافر علیہ من جہۃ ان علیہ شیئا من امارات التکذیب والانکار یعنی پس اگر یہ تصدیق حاصل ہو کفار کو تو اُسکو کافر اس سبب سے کہینگے کہ امارات تکذیب و انکار سے کوئی شی اُس مین پائی جاوے اسکی مثال مین شارح فرماتے ہین کہ امارات تکذیب و انکار مثل شد زنار بالاختیار کے اور سجدہ صنم بالاختیار کے یعنی زنار باندھنا اور بتون کو سجدہ کرنا بالاختیار ہو پھر فرماتے ہین فاعلم ان الایمان فی الشرع ہو التصدیق بما جاء بہ من عند اللہ ای تصدیق النبی بالقلب یعنی شرع مین ایمان اُسی تصدیق قلبی کا نام ہی کہ جو تصدیق کرے نبی کی ساتھ اُن چیزون کے کہ من عند اللہ لائے ہین اجمالا فانہ کاف از روے اجمال کے پس وہ کافی ہی ایمان کے لیے اب رہا اقرار باللسان جسکی نسبت شارح فرماتے ہین ان التصدیق رکن لا یحتمل السقوط اصلا والاقرار قد یحتمل یعنی تصدیق رکن ہی احتمال سقوط اُس مین نہین ہو سکتا اور اقرار مین احتمال سقوط ہی والاقرار مذہب بعض العلماء یعنی اقرار لسان بعض علما کا

مذہب ہی ومذہب جمہور المحققین الی انہ ہو التصدیق بالقلب وانما الاقرار شرط لاجراء الاحکام
فی الدنیا یعنی جمہور محققین کا یہی مذہب ہی کہ ایمان تصدیق بالقلب ہی اور اقرار شرط اجراے احکام ہے
فمن صدق بقلبہ ولم یقر بلسانہ فہو مومن عند اللہ وان لم یکن مومنا فی احکام الدنیا
ومن اقر بلسانہ ولم یصدق بقلبہ کالمنافق فبالعکس وہذا ہو اختیار الشیخ ابی منصور رح و
النصوص معاضدۃ لذلک پس جس شخص نے تصدیق بالقلب کی اور اقرار بلسان نہ کیا پس وہ مومن ہی عند اللہ اگرچہ
وہ مومن فی احکام الدنیا نہین ہی اور جسنے اقرار باللسان کیا اور تصدیق بالقلب نہ کی مثل منافق کے وہ مومن فی احکام
الدنیا ہی اور عند اللہ کافر ہی اور یہ مذہب مختار شیخ ابی منصور ماتریدی کا ہی اور نصوص اسی کو قوت دیتے ہین بعد چند سطور
کے شارح عقائد فرماتے ہین فظہر ان لیست حقیقۃ الایمان مجرد کلمۃ الشہادۃ علی ما زعمت الکرامیۃ
پس ظاہر ہوا کہ مجرد شہادتین حقیقت ایمان نہین ہی جیسا کہ مذہب کرامیہ ہی کہ وہ محض کلمتین کو ایمان جانتے ہین پس ہم
نہین سمجھتے کہ شارح عقائد نے کہان فرمایا کہ معرفت ایمان نہین اور کلمتین شہادتین یعنی اقرار باللسان حقیقۃ ایمان ہی
بلکہ شارح نے تو بدلائل قطعیہ ثابت کر دیا کہ فقط تصدیق قلبی ایمان ہی عند اللہ وہو المطلوب اسی بحث مین شارح
فرماتے ہین والنبی ومن بعدہ کما کانوا یحکمون بایمان من تکلم بکلمۃ الشہادۃ کانوا یحکمون
بکفر المنافق فدل علی انہ لا یکفی فی الایمان فعل اللسان یعنی نبی صلعم اور بعد آنحضرتؐ جس طرح کلمہ پڑھنے
والون کو مومن جانتے تھے اسی طرح حکم کرتے تھے کفر منافق پر بھی پس معلوم ہو گیا کہ فعل لسان کافی نہین ہی ایمان
مین فقط **قولہ** اسی مین ہی بعض القدریۃ ذہب الی ان الایمان ہو المعرفۃ واطبق علماءنا علی فسادہ
لان اہل الکتاب کانوا یعرفون نبوۃ محمد کما کانوا یعرفون ابناءہم مع القطع بکفرہم لعدم التصدیق
ولان من الکفار من کان یعرف الحق یقینا وانما کان ینکر عنادا واستکبارا قال اللہ تعالی وجحدوا
بہا واستیقنتہا انفسہم **اقول** سبحان اللہ کیا کہنا ہی آپ کی سمجھ کا تصدیق کی تعریف جو شارح عقائد نسفی
نے بیان کی اس عبارت سے آپ یہ سمجھے کہ بعض قدریہ مطلق معرفت کو ایمان جانتے ہین اور آنکھین بند کرکے آپنے
فرما دیا کہ معرفت کیسے ہی کمال کے ساتھ ہو ایمان نہین ہو سکتی اور قول کے معتبر ہونے کے واسطے اس مین یعنی
شرح عقائد نسفی مین ہی رقم فرمایا اچھا اسی مین ہی اور وہی صحیح ہی مگر آپ کے مفید مطلب نہین آپ انکی عبارت کو سمجھتے
نہین فقط اتنی عبارت آپ کے ذہن مین مطابق آپ کی راے کے واقع ہوئی کہ بعض القدریۃ ذہب الی ان
الایمان ہو المعرفۃ آپ بھول گئے کہ معرفت کو ایمان کہنا بعض قدریہ کا مذہب ہی تو معرفت ایمان نہین ہو سکتی
کہان تک آپ کی تحریر کے لیے مغز پاشی کی جائے پھر سن لیجیے کہ معرفت اگر لا بشرط شی ہی تو مطلق تصور ہی اور وہ یا
بشرط تصدیق ہی یا جز تصدیق ہی اور اگر بشرط لا شی ہی یعنی لا شی کی شرط لگی ہوئی ہی یعنی عدم حکم کی شرط ہی تو تصور
ساذج ہی کہ مقابل مین تصدیق کے ہی اور اگر معرفت بشرط شی ہی تو تصدیق ہی اب صراحۃً شارح عقائد نے بیان کر دیا
کہ قدریہ اس معرفت کو کہ جس مین لا شی کی شرط لگی ہوئی ہی اسی کو ایمان جانتے ہین اور ایسی معرفت کافی نہین ہی

نہ یہ کہ شارح نے انکار کیا کہ معرفت کیسے ہی کمال کی ہو ایمان نہین جیسا کہ آپکا مقولہ ہی اگر آپ فرمائین کہ شارح
عقائد نے معرفت کو مقید نہین کیا تو جواب اُسکا یہ ہی کہ شارح نے بسبب فاسد ہونے اس تعریف کے جو بعض قدریون
کے نزدیک الایمان ہو المعرفۃ ہی دلیل بیان فرمائی کہ ہمارے علما نے اتفاق کیا ہی اس تعریف کے فاسد ہونے
پر بسبب عدم تصدیق کے اس بیان سے صاف معلوم ہو گیا کہ بعض قدریہ معرفت مقید بعدم التصدیق کو ایمان
جانتے ہین اس سبب سے وہ کافر ہین اگر آپ کو نہ سوجھے تو اُسکا کیا قصور اب غور سے عبارت کو ملاحظہ فرمائیے کہ
شارح عقائد نسفی رقم فرماتے ہین بعض القدریۃ ذہب الی ان الایمان ہو المعرفۃ واطبق علماءنا علی
فسادہ لان اہل الکتاب کانوا یعرفون نبوۃ محمد کما یعرفون ابناءہم مع القطع بکفرہم لعدم التصدیق
پس اتفاق علما بسبب عدم تصدیق کے ہی اگر عدم تصدیق کا بورم ہوتا تو معرفت عین ایمان قرار پاتی یہ جواب ہمارا
اُس وقت بین ہی کہ اس عبارت کو ہم مطابق آپ کی تحریر کے قرار دین ورنہ فی الحقیقت شارح نے بعد تعریف تصدیق
کے احترازاً لبعض القدریۃ ذہب الخ کو بیان کیا اور اسی طرح احترازاً ولان من الکفار الخ کو بھی بیان کیا تا واضح
ہو جائے کہ یہ تعریف جو تصدیق کی مین نے بیان کی ہی یہ جامع اور مانع ہی کہ مذہب بعض قدریہ اور بعض کفار
کہ معرفت حق اُنکو یقیناً حاصل تھی اور انکار اُنکا بسبب عناد و استکبار کے تھا یہ سب اس تعریف سے خارج
ہو گی اسپر بھی آپ نہ سمجھین تو شارح کا کیا قصور ہے گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب را چہ گناہ
اور ناگوار خاطر عاطر عالی نہ ہو کہ نسبت نافہمی کی تعبیر نے دی ہی بلکہ جو شخص آپ کی تحریر کو بنظر دقیق دیکھیگا وہ ضرور
کہیگا کہ محرر رسالہ سمجھا نہین شرح عقائد نسفی کی عبارت جو آپ نے رقم فرمائی ہی لیست حقیقۃ التصدیق الخ
مکرم بندہ اس تعریف مین تین امر مذکور ہین ایک تو واقع ہونا نسبت صدق کا قلب مین بغیر اذعان اور قبول
اور وہ تصدیق نہین ہی دوسرے تصدیق اذعان اور قبول ہی تیسرے اذعان اور قبول اس حیثیت سے ہو کہ اُس پر
اسم تسلیم واقع ہو بعد اسکے شارح کا مقصود ہی کہ یہ ایسی تعریف ہو تصدیق کی کہ جس سے مذہب بعض قدریہ کا
نکل جاتا ہی کہ بعض القدریۃ ذہب الی ان الایمان ہو المعرفۃ واطبق علماءنا علی فسادہ ولان اہل
الکتاب کانوا یعرفون نبوۃ محمد کما یعرفون ابناءہم مع القطع بکفرہم لعدم التصدیق یعنی بعض
قدریہ وقوع نسبت صدق خبر فی القلب کو جو بغیر اذعان و قبول ہو اُسی کو ایمان کہتے ہین اور یہ مقولہ اُنکا ہمارے
اس کہنے سے خارج ہوتا ہی کہ لیست حقیقۃ التصدیق ان تقع فی القلب نسبۃ الصدق الی الخبر او المخبر من
غیر اذعان و قبول بل ہو اذعان و قبول پھر اتفاق علما کو بیان کیا کہ ایسے عقیدہ کرنے والے کا ایمان فاسد ہی اور
احترازاً اہل کتاب کا بھی ذکر کیا کہ ان سب کو معرفت بطور وقوع نسبت صدق خبر فی القلب حاصل تھی اور یہ سب
کافر تھے مومن نہ تھے لعدم التصدیق حاصل یہ ہی کہ جو معرفت مع عدم التصدیق ہی یعنی بغیر اذعان و قبول ہی وہ ایمان
نہین ہی دیکھو ہماری تعریف تصدیق نے بعض قدریہ اور بعض اہل کتاب کو بھی خارج کر دیا پھر دوسرے مقام پر
احترازاً بیان کر دیا کہ بعض کفار ایسے تھے کہ اُنکو اذعان یعنی معرفت حق یقیناً حاصل تھی اور اذعان تصدیق ہے تو

چاہیے تھا کہ وہ مومن ہوں مگر ہم نے ایسی قیدیں تصدیق کی تعریف میں لگائی ہیں جنکی شان میں جحدوا بها و
استیقنتها انفسهم نازل ہوا ہی وہ بھی نکل گئے کہ وہ لوگ انکار کرتے تھے عناداً و استکباراً اسواسطے ہم نے
تصدیق کو مقید کیا بحیث یقع علیه اسم التسلیم اور آپ کا رقم فرمانا اُس میں ہی فقط اسواسطے کہ اوپر آپ
کہہ آئے ہیں کہ معرفت کو کیسے ہی کمال کے ساتھ ہو ایمان نہیں اس مطلب سے آپ نے اپنے نزدیک شرح عقائد نسفی
سے ثبوت دیا تاکہ عوام کالانعام آپ کے کلام کی قدر کریں کہ شرح عقائد جو بہت بڑی معتبر کتاب ہی اُس میں لکھا ہی
کہ معرفت کو ایمان سمجھنے والے بعض قدریہ ہیں حالانکہ ع عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد + آپ نے اپنی مطلب برآری
کے واسطے نقل عبارت شرح عقائد کی فرمائی اُسی عبارت سے ثابت ہوگیا کہ معرفت جو وقوع نسبت صدق خبر فی القلب
مع اذعان و قبول ہو وہ بھی ایمان نہیں ہو بلکہ مراد ہماری وہ اذعان و قبول ہو کہ جسپر اسم تسلیم واقع ہو اور اُسی کا
نام کمال معرفت ہو اور یہی کمال معرفت ایمان ہو محققین کے نزدیک کاشکے آپ نے بعد اکتساب علوم قصد تالیف
کیا ہوتا آپ کی تحریر دلالت کرتی ہو کہ معرفت علم آپ کو بلاکسب حاصل ہوئی ہو شارح عقائد علامہ تفتازانی بعد
بیان فرمانے معنی تصدیق اور اقوال مختلفہ کے فرماتے ہیں کہ مذہب جمہور اور مذہب حق یہی ہی کہ فقط تصدیق
قلبی ایمان ہی بعد اسکے رقم فرماتے ہیں کہ ههنا بحث اخر وهو ان بعض القدریه قد ذهب الخ پھر بعض مشایخ
کے کلام سے فرق معرفت احکام اور استیقان احکام میں اور تصدیق احکام اور اعتقاد احکام میں بیان کرکے
ذکر فرمایا کہ ان التصدیق عبارة عن ربط القلب علی ما علم من اخبار المخبر یعنی تصدیق عبارت ہی ربط
قلب سے اُن چیزوں میں جو جانی گئیں اخبار مخبر سے وهو امر کسبی مثبت باختیار المصدق یعنی وہ ایک امر
کسبی ہی کہ ثابت ہوتا ہی مصدق کے اختیار سے بخلاف معرفت کے فانها ربما تحصل بلا کسب کمن وقع
بصره علی جسم فحصل له معرفة انه جدار او حجر وهذا ذکره بعض المحققین یعنی یہ معرفت کبھی بلاکسب حاصل
ہوتی ہی مثلاً کوئی شخص کسی جسم کو دیکھے تو اُسکو معرفت حاصل ہوگی کہ یہ دیوار ہی یا پتھر اور یہ مقولہ بعض محققین
کا ہی کہ جو نسبت قلب میں باختیار واقع ہو وہ تصدیق ہی اور جو بلاکسب و اختیار ہو وہ معرفت ہو شارح فرماتے
ہیں هذا مشکل یعنی نسبت کسبیہ اختیاریہ کو تصدیق کہنا اور بلاکسبیہ اور اختیاریہ کو معرفت کہنا نہایت مشکل ہی
لان التصدیق من اقسام العلم وهو من الکیفیات النفسانیة دون الافعال الاختیاریة اسلیے کہ تصدیق اقسام
علم سے ہی اور وہ کیفیت نفسانیہ ہی سوائے افعال اختیاریہ کے اسلیے کہ جب ہم تصور کریں دو شیئوں کے درمیان
میں ایک نسبت کا اور شک کریں کہ یہ نسبت بالاثبات ہی یا بالنفی اور پھر اُسکے ثبوت پر دلیل قائم کریں پس جو چیز
کہ ہم کو دلیل سے حاصل ہو وہ ہی اذعان اور قبول اس نسبت کا ہی اور یہی معنی ہیں تصدیق اور حکم اور اثبات اور ایقاع
کے پھر فرماتے ہیں کہ تصدیق تو کیفیات نفسانیہ سے ہی مگر مراد یہ لی جائے کہ حصول اس کیفیت کا بالاختیار ہوتا ہی
پس جو معرفت کہ بلاکسب و اختیار حاصل ہوئی تھی وہ تعریف ایمان میں معتبر نہیں اور جو باکسب و اختیار
حاصل ہوئی وہ معتبر ہی پھر شارح فرماتے ہیں نعم یلزم ان تکون المعرفة الیقینیة المکتسبة بالاختیار

تصدیقا ولا باس بذالک لانہ حینئذ یحصل المعنی الذی یعبر بالفارسیۃ گرویدن ولیس الایمان و
التصدیق سوی ذالک یعنی لازم ہی کہ معرفت یقینیہ مکتسبہ باختیار ہو تاکہ معنی گرویدن ہو تو ۔۔۔ آپ
ہوسکے اور ایمان و تصدیق کے یہی معنی ہین شارح تو فرماتے ہین کہ لیس الایمان والتصدیق سوی ذالک اور آپ
فرماتے ہین کہ معرفت کو کیسے ہی کمال کی ہو ایمان نہین اور طرہ یہ ہی کہ انھین کی عبارت رقم فرمائی جاتی ہے اور آپ الٹے معنی
سمجھے جاتے ہین ع برعکس نہند نام زنگی کافور یہ کیا کہنا آپ کے علم کا اور سمجھ کا **قولہ** محقق دوانی شرح عقائد عضدی
مین فرماتے ہین التلفظ بکلمتی الشہادتین مع القدرۃ علیہ شرط فمن اخل بہ فہو کافر مخلد فی النار
ولا تنفعہ المعرفۃ القلبیۃ من غیر اذعان وقبول فان من الکفار کان یعرف الحق یقینا وکان انکارہ
عنادا واستکبارا کما قال اللہ تعالی وجحدوا بہا واستیقنتہا انفسہم ظلما وعلوا **اقول** ہزار ہزار
مکروفریب آپ فرمائینگے اور اقوال مختلف علماے اعلام اور فقہاے کرام کی نقل فرمائینگے مگر حق سبحانہ تعالی آپ کو
سربر ہونے نہ دیگا اور آپ کے مفید مطلب نہ ہوگا الحق یعلو ولا یعلی مشہور ہی محقق دوانی نے تلفظ کرنے کو کلمۂ
شہادتین کے مشروط مع القدرت کہا ہی اذا فات الشرط فات المشروط تو مشہور ہی جب عدم قدرت کا تحقق ہوگا
تلفظ کرنا بالضرور فوت ہو جائیگا بلکہ ممنوع قرار پائیگا ہم مکرر بیان کر چکے ہین تواریخ وسیر وحدیث وتفسیر سے
کہ جناب ابوطالب اگر فی الظاہر ایمان لاتے اور باعلان شہادتین کا تلفظ فرماتے حمایت وحراست وحفاظت
سے آنحضرت کی ہاتھ اٹھاتے اگر آپ یہان پر فرماوین کہ فی الظاہر اور باعلان تلفظ نہین فرمایا تو فی الباطن اور
باخفا ہی کیا ہوتا تو جواب ہم سکا یہ ہی کہ جناب ابوطالبؑ نے ایسی معجز بیانی سے اقرار اور تلفظ فرمایا ہی کہ جس پر فی
الباطن اور باخفا اور فی الظاہر اور باعلان دونون صادق آتے ہین اور حفاظت اور اعانت وغیرہ مین کوئی آپکو
مانع نہ ہوسکا اور کس شد ومد سے نثرا اور نظماً توحید اور نبوت کا اعلان فرمایا حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے دین کو خیر الادیان اور آنحضرت کو رسول کموسی خطاب فرمایا نہ کبھی توحید باری عز اسمہ کا انکار کیا نہ نبوت
رسالت مآبؐ کا اور انکا تلفظ شہادتین سے یہ سبب عدم قدرت کے تھا محقق دوانی کے کلام نے آپ کو کیا نفع
بخشا **قولہ** آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ متواترۂ متظافرہ سے ابوطالب کا کفر پر مرنا اور دم واپسین ایمان لانے سے
انکار کرنا اور عاقبت کار اصحاب نار سے ہونا ایسے روشن ثبوت سے ثابت ہی جس مین کسی سنی کو مجال دم زدن نہین
اقول آیات قرآنیہ اور احادیث متواترۂ متظافرہ جب تک آپ بیان نہ فرمائینگے دعوی بے دلیل مسموع نہ ہوگا اور
کفر پر انتقال کرنا جناب ابوطالب کا ممکن نہین کہ آپ ثابت کر سکین کہ وہ اوصیاے ابنیا اور عارفین باخدا مین سے
تھے اور دم واپسین کا ایمان تو ایمان یاس ہی وہ معتبر ہی نہین ہی جناب ابوطالب تو سید المومنین تھے اور موحدین
اور عارفین سے تھے اور ناصر اور حامی رسول رب العالمین تھے مرتبہ مین افضل تھے مومن آل فرعون سے اور اس
کلمہ کے مصداق تو بجمیع الوجوہ آپ خود ہین کہ آپکا عاقبت کار بعد تحریر رسالہ شرح المطالب اصحاب نار سے ہونا
ایسے روشن ثبوت سے ثابت ہوتا ہی کہ کسی مسلم کو مجال دم زدن نہین کہ آپ معاندین اور مبغضین مین آبا واعمام آنحضرت

سکے خصوصًا مبغضین میں ابو طالب کے محسوب ہو گئے اور مورد لعن اور واجب القتل قرار پائے کہ امام احمد بن حسین حنفی موصلی اور ائمۂ مالکیہ سے علی اجہوری اور تلمسانی وغیرہم نے نقل کیا ہو کہ بغض ابی طالب کفر لانہ حامی النبی وناصرہ ومربیہ فذمہ ذم النبی وایذاءہ ایذاء النبی ومؤذی النبی ومن یذمہ فہو کافر وجب قتلہ وعند المالکیۃ وان تاب یجب قتلہ **قولہ** ہم یہان کلام کو سات فصل پر منقسم کرین **اقول** سبحان اللہ کیا طرز بیان ہو آپ کس سے پوچھتے ہین کہ ہم یہان کلام کو سات فصل پر منقسم کرین جناب بندہ پہلے آپ کلمہ کی طرف متوجہ ہو جائیے اور تحقیق کر لیجیے کہ آپ کے حصہ مین بھی آیا ہی یا نہین پھر کلام کی تقسیم مین راے لیجیے ہم کو کیا ضرور ہی کہ آپ کو راے دین کہ سات فصل پر منقسم کرین یا چودہ پر مگر ہم اپنے اس رسالہ کو ایک مقدمہ اور چند فصول پر مرتب کرتے ہین

مقدمہ بیان معنی فترت اور معنی ایمان وکفر وما یتعلق بہما مین

منتخب اور صراح اور قاموس اور منتہی الارب فی لغات العرب مین فترت بفتح فا بمعنی سستی اور وہ زمانہ کہ درمیان دو پیغمبرون کے ہو تفسیر بیضاوی مین تحت آیۂ علی فترۃ من الرسل مین مرقوم ہوای جاءکم علی حین فتور من الارسال وانقطاع من الوحی یعنی آیا تمھارے پاس پیغمبر فتور ارسال اور انقطاع وحی کے وقت اور حاشیۂ بیضاوی پر لکھتے ہین الفترۃ من فتر الشئ اذا سکنت حدتہ فسمیت الفترۃ التی بین الانبیاء فترۃ لفتور الدواعی الی العمل بتلک الشرائع اور ابن جریر کا قول ہو انقطاع الرسل بعد مجیئہم یعنی رسولون کے آنے کے بعد انقطاع رسل ہونا فترت ہی پس فترت نہ پائی جائیگی جب تک کسی رسول کی دعوت مقدم نہ پائی جاوے اور اسپر ایک زمانۂ دراز نہ گذرے یہان تک کہ وہ دعوت مفقود ہو جائے اور صاحب سراد الدین لکھتے ہین کہ الفترۃ ماخوذ من الفتور فان کل شئ لہ کمال سورۃ وشدۃ ثم یفتر ذلک الی ان ینقطع یعنی فترت ماخوذ ہو فتور سے پس تحقیق کہ جس شی کے واسطے کمال و تیزی اور شدت ہو بعد وہ سست ہو جاتی ہو یہان تک کہ منقطع ہو جاتی ہی پس معنی فترت یہ ہوے کہ سست ہو جائے دین یہان تک کہ معرفت اُسکی باقی نہ رہے اور خبر اسکی منقطع ہو جائے اور کوئی پہچاننے والا اُس دین کا باقی نہ رہے قال الابی فی شرح المسلم اہل الفترۃ ہم الامم الکائنۃ بین ازمنۃ الرسل الذین لم یرسل الیہم الاول ولا ادرکہا الثانی کالاعراب الذین لم یرسل الیہ عیسی ولا لحقوا محمد والفترۃ بہذا المعنی والتفسیر یشمل ما بین کل رسولین ابی نے شرح صحیح مسلم مین بیان کیا کہ اہل فترت وہ امتین ہین جو درمیان مین ازمنۂ رسل کے تھین ایسی امتین کہ نہ اُنکی طرف پہلا رسول بھیجا گیا اور نہ اُنھون نے دوسرا رسول پایا جیسے کہ عرب کہ نہ اُنکی طرف عیسی بھیجے گئے اور نہ محمدؐ سے ملحق ہوے فترت با این معنی شامل ہی کل رسولون مین سے دو رسولون کے درمیان کے زمانے کو لیکن عادت فقہا کی ہو کہ جب وہ گفتگو کرتے ہین فترت مین تو حضرت عیسیٰؑ اور آنحضرتؐ کے درمیان کا زمانہ مراد لیتے ہین اور امالی مین ابن عبد سلام نے بیان کیا کہ ہر نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا گیا سوا ہمارے نبی کے اسی سے ثابت ہوتا ہی کہ ہر نبی کی قوم کے سوا جو لوگ

صفحہ ٢٢

ہین وہ اہل فترت ہین مگر بزرگ ہمارے نبی کے یعنی آباو اجداد کہ وہ مخاطب بہ بعثت سابقہ تھے اور چونکہ وہ نابود اور کہنہ ہو گئے تھے اسوجہ سے وہ سب اہل فترت ہین شامل ہو گئے اور بعض کا قول ہی کہ اور رسولون کی رسالت اُنکی حیات تک باقی رہی اُنکی وفات کے بعد پھر وہ رسالت منتہی اور منقطع ہو گئی اسی کو برزنجی نے ابن حجر سے نقل کیا ہی اور کہا کہ اگرچہ مین نے اُسکو دوسرے کے کلام سے بصراحت نہین دیکھا مگر بوجوہات چند جو سداد الدین مین مرقوم ہین توجیہ اُسکی پائی جاتی ہی اہل فترت کی تین قسمین ہین قسم اول وہ لوگ ہین کہ جنھون نے اپنی عقل و بصیرت سے توحید کو حاصل کیا اور پہچانا مگر کسی نبی کی شریعت مین داخل نہ ہوے جیسے قیس بن ساعدہ اور زید بن عمر ابن نفیل اور بعض اُن مین کے شریعت حقہ قائمۃ الرسم مین داخل ہوے مثل تبع اور اُسکی قوم کے قسم ثانی وہ ہین کہ اُن لوگون نے شریعت حقہ کو متغیر کر ڈالا اور توحید کو ترک کر دیا شرک و کفر کرنے لگے خود اپنی عقلون سے شریعت نکالی اور احکام حلال و حرام جاری کیے اور خود اُسپر عمل کرنے لگے مثل عمر ابن لحی کہ اول اول عرب مین اصنام پرستی کو جاری کر دیا اور بتون کے لیے وصیلہ اور سائبہ اور بحیرہ اور حامی قرار دیا کہ یہ سب نذرون کے نام ہین اور بعض نے اسپر زیادتی کر کے جن و ملک کی پرستش کرنا شروع کر دیا حق سبحانہ تعالی کے اولاد اناث قرار دی اور اکثر بت خانہ مقرر کیے اور خدام و حجاب اُنکے لیے معین کیے اور اُنکو رشک کعبہ ٹھہرایا مثل لات و منات و عزی کے قسم ثالث وہ ہین کہ نہ اُنھون نے شریعت مقرر کی نہ شرک کیا نہ توحید جانی نہ کسی پیغمبر کی شریعت مین داخل ہوے نہ کوئی دین اپنے واسطے قرار دیا بلکہ تمام عمر غفلت مین بسر کی اور زمانہ جاہلیت مین اکثر ایسے ہی لوگ تھے پس اقوال علماے محققین اور فضلاے مدققین سے ثابت ہی کہ مستحق عذاب نہین ہین مگر اہل فترت قسم ثانی کے اور سورۂ بنی اسرائیل مین حق تعالی فرماتا ہی وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا کہ نہین ہین ہم عذاب کرنے والے جب تک کہ نہ بھیجین ہم رسول کو یعنی جب تک رسول حجت تمام نہ کرے اُسوقت تک عذاب اُنپر نہ ہوگا پھر حق تعالی فرماتا ہی کلما القی فوج سالہم خزنتہا الم یاتکم نذیر یعنی جب ایک جماعت جہنم مین ڈالی جاویگی اُن سے خازن جہنم سوال کرینگے کہ کیا تمھارے پاس کوئی پیغمبر ڈرانے والا نہین آیا اس سے بھی ظاہر ہی کہ اہل فترت کہ جنکے پاس پیغمبر نہین بھیجا وہ لوگ جو صحراؤن مین پہاڑون مین مثل حبشیون کے ہین وہ معذور ہین کہ نہ اُنھون نے کسی پیغمبر کو دیکھا نہ اُن تک کوئی پیغمبر پہونچ سکا حتی کہ اطفال و مجنون دائمی بھی معذور ہین لیکن شیخ اشعری کا یہ مذہب ہی کہ حق سبحانہ روز جزا ان سب کا امتحان لیگا اور حکم کریگا کہ جہنم مین جاؤ جو اطاعت حکم کریگا ناجی ہوگا جو اطاعت نہ کریگا داخل جہنم ہوگا یہی مقولہ مختار بیہقی اور علماے اعلام ہی اور تفسیر جامع البیان مین علامہ معین الدین نے بھی اسی کو ذکر کیا ہی اور سورۂ فاطر مین وھم یصطرخون فیہا ربنا اخرجنا نعمل صالحا غیر الذی کنا نعمل اولم نعمرکم ما یتذکر فیہ من تذکر وجاءکم النذیر یعنی وہ فریاد کرینگے دوزخ مین کہ اے پروردگار ہمارے نکال تو ہم کو دوزخ سے اور دنیا مین بھیج کہ نیک عمل کرین ہم سوا اُسکے کہ تھے ہم عمل کرتے دنیا مین حق تعالی اُنکے جواب مین فرماتا ہی کیا نہ عمر دی تھی مین نے دنیا مین تم کو اسقدر کہ نصیحت قبول کرے اور سوچے جسکو کہ نصیحت لینا

اور سوچنا ہوا اور آیا تمھارے پاس ڈرانے والا یعنی پیغمبر اور نصیحت کرنے والا اقوال مفسرین سے اور احکام رب العالمین سے احتجاج حق سبحانہ تعالی بر جاءکم النذیر ثابت ہی اور یہی دلیل ہی کہ اہل فترت معذب نہ ہونگے جب تک کہ کوئی پیغمبر اُنکی طرف بھیجا نہ جائے اور نجاۃ وفی النار کی علت نذیر کا آنا ہی جب نذیر اُنکی طرف بھیجا نہ گیا تو کیونکر ہمیشہ دوزخ میں رہینگے کذا فی سعد الدین اور سیوطی نے اختلاف اصحاب کی توضیح کی ہی اور کہا کہ احسن اس میں یہی امر ہی کہ اہل فترہ ناجی ہیں اور سبکی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہی اور علما میں سے ایک قوم کا یہی مذہب ہی بنسبت والدین آنحضرت کے اور بعض اصحاب کا قول ہی کہ وہ مسلم ہیں اور غزالی نے حکم مسلم میں شمار کیا اور کہا کہ بتحقیق وہ معنی مسلم میں داخل ہیں امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ جس طرف علماے محققین گئے ہیں وہی مذہب صحیح ہی اور وہ یہ ہی کہ اطفال مشرکین داخل بہشت ہونگے اور قول حق سبحانہ تعالی سے دلیل لائے ہیں وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا کہ جب بالغ ... پر ... اطفال پر ... تحق عذاب نہ ہونگے اب رہی قسم ثانی اہل فترت تو وہ البتہ مستحق عذاب ہیں کہ صحیح بخاری میں ابو ہریرہ سے منقول ہی قال قال رسول اللہ رایت عمرو بن عامر الخزاعی یجر قصبہ فی النار کہا فرمایا رسول برحق نے کہ دیکھا میں نے عمرو ابن عامر خزاعی کو کہ کھینچتا تھا آنتین اپنی ... بیان اہل فترت اور اُسکی اقسام وغیرہ اقوال المحققین اور فقہاے مستندین سے للضرورۃ الالحقیہ گوش گذار کیے اب اسلام اور ایمان اور کفر اور بعض احکام اسکے عرض کیے دیتے ہیں تاکہ فرق مراتب آپ پر واضح ہو جائے اور یہ امر بھی ظاہر ہو جائے کہ فقہا اور علما نے معرفت کو ایمان کہا ہی یا نہیں تاکہ جو شخص معائنہ کرے بے ساختہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین زبان پر جاری کرے قال صاحب سعد الدین ان الایمان تصدیق الرسول فیما جاء بہ یعنی ایمان تصدیق کرنا ہی رسول کی اُن چیزوں میں کہ وہ لائے ہیں یعنی جو کچھ خدا نے رسول کی معرفت بھیجا ہی اُسکی تصدیق کرنا ایمان ہی اور امام عضد الدین کی مواقف میں ہی کہ الایمان ھو عندنا تصدیق الرسول فیما علم مجیئہ بہ ضرورۃ یعنی ایمان ہمارے نزدیک تصدیق رسول ہی اُن چیزوں میں کہ معلوم ہوا ہو لانا اُسکا بعلم ضروری ہیں بھی ایسا ہی ذکر ہی اُسکی عبارت آگے مذکور ہی سید شریف شارح مواقف نے شرح کی کہ مراد عندنا سے اتباع امام ابو الحسن اشعری ہی امام غزالی نے احیاء العلوم میں اسی کو ثابت کیا ہی یہی قول امام الحرمین کا ہی یہی مقولہ اشاعرہ ہی یہی قول قاضی باقلانی کا ہی اور یہی استاد ابو اسحق اسفراینی کا ہی اور تفتازانی نے اسی کو جمہور کی طرف منسوب کیا ہی یہی تفتازانی شارح ہیں عقائد نسفی کے لکھتے ہیں کہ ماتن نے عقائد نسفی میں جو ذکر کیا کہ ایمان تصدیق اور اقرار ہی سو یہ بعض علما کا مذہب ہی کہ جسکو اختیار کیا ہے امام شمس الائمہ اور فخر الاسلام نے اور محققین کا یہی مذہب ہی کہ ایمان فقط تصدیق قلبی ہی اور اقرار شرط ہی اجراے احکام کے واسطے دنیا میں محشی شرح عقائد نظم الفرائد میں لکھتے ہیں کہ جب شرط ہی اجراے احکام کے لیے تو اظہار کرنا بعض پر کافی ہو نہ تمام خلق پر اور اگر تمام خلق پر ظاہر کرنا شرط ہوگا تو جو لوگ اقرار کو رکن قرار دیتے ہیں اُنکے نزدیک احکام جاری نہ ہونگے اُس شخص پر جسنے مخفی طور سے اقرار کیا ہو بعض کے نزدیک جمہور نے توجیہ کی ہے

عقائد نسفی صفحہ ۹ و ۱۰
شرح مقاصد

کہ اقرار شرط ہی اجراے احکام کے واسطے کہ تصدیق قلب امر باطنی ہی جسکے لیے کوئی علامت ہونا شرط ہی پس جس نے
تصدیق کی بقلب اور اقرار نہ کیا عند اللہ وہ مومن ہی اگرچہ دنیا مین اُسپر احکام مومن کے جاری نہ ہون نظم الفرائد
مین محشی لکھتے ہین کہ جمہور محققین سے مراد تمام اشاعرہ او بعض حنفیہ ماتریدیہ اور ابو منصور ہین شرح مقاصد مین مرقوم ہی
کہ تحقیق ایمان مین فی الشرع اختلاف واقع ہوا ہی کہ ایمان فعل قلب کا نام ہی یا فعل لسان کا یا دونون کا یا ساتھ تمام
جوارح کے پس اول یعنی ایمان فقط فعل قلب کا نام ہی تو مراد یہ ہوئی کہ تصدیق کرنا نبی کا اُن چیزون مین کہ بعلم ضروری اُنکا
لانا معلوم ہوا ہو مثلاً صانع کا واحد ہونا نماز کا واجب ہونا شراب کا حرام ہونا اور مثل اسکے پس سوال کے وقت
اگر توحید کا انکار کرے یا وجوب نماز کا یا حرمت شراب کا تو وہ کافر ہی یہی مشہور ہی اور اسی پر جمہور ہین شرح مقاصد کے
محشی ملک اجہر لکھتے ہین کہ تصدیق قلب کا نام ایمان ہونا یہی مشہور ہی اور اسی پر جمہور ہین دوسرے ایمان فعل
لسان کا نام ہی یعنی جو کچھ رسُول خدا کی طرف سے لے کر آئے اُسکی حقیقت کا اقرار کرنا ایمان ہی رقاشی کا مذہب
ہی کہ باوجود اقرار لسانی کے معرفت قلب شرط ہی بغیر معرفت قلب فقط اقرار ایمان نہ ہوگا کرامیہ فقط اقرار لسانی
کو ایمان کہتے ہین یہان تک کہ اگر کسی نے پوشیدہ کیا کفر کو اور ظاہر کیا ایمان کو تو مومن کہلائیگا مگر مستحق خلود نار کا ہی
اور اگر ایمان کو پوشیدہ کیا اور اظہار کیا کفر کا تو کافر کہلائیگا مگر مستحق جنت ہی تیسرے ہوان یکون اسما لفعل
القلب واللسان فہو اسم التصدیق مع الاقرار وعلیہ کثیر من المحققین وہو المحکی عن ابی حنیفۃ و
کثیراً ما یقع فی عبارات النحاریر من العلماء مکان التصدیق تارۃ المعرفۃ وتارۃ العلم وتارۃ الاعتقاد
فعلی ہذا من صدق بقلبہ ولم یتفق لہ الاقرار باللسان فی عمر مرۃ لا یکون مومنا عند اللہ ولا یستحق
دخول الجنۃ ولا النجاۃ من الخلود فی النار تیسرے یہ ہی کہ ایمان نام ہی فعل قلب اور لسان کا یعنی تصدیق مع
الاقرار کا یہی مذہب ہی اکثر محققین کا اور اسی کو بیان کیا ہی امام ابو حنیفہ نے اور بڑے بڑے دانشمند علماء کی
عبارتون مین اکثر تصدیق کے مقام پر کبھی لفظ معرفت اور کبھی لفظ علم اور کبھی لفظ اعتقاد واقع ہوا ہی پس
اسی وجہ سے ثابت ہوتا ہی کہ جسنے تصدیق کی ساتھ قلب کے اور ایک بار بھی اُسکو اتفاق اقرار باللسان نہ ہوا تو
وہ نہ مومن ہی عند اللہ نہ مستحق دخول جنت کا ہی اور نہ نجات ہی خلود فی النار سے محشی ملک اجہر نے خلود فی النار پر حاشیہ
لکھا ہی کہ اس تعریف سے ایمان کے دو رکن قرار پاتے ہین اور فوت ایک رکن کا مستلزم ہی فوت کل کو فقط یعنی ایک رکن
کے فوت سے کل کا فوت لازم آتا ہی شارح مقاصد لکھتے ہین بخلاف ما اذا جعل اسما للتصدیق فقط فان الاقرار
شرط لاجراء الاحکام علیہ یعنی بخلاف اس امر کے کہ جسوقت ٹھہراوین ایمان کو نام فقط واسطے تصدیق کے پس تحقیق
اُسوقت اقرار شرط واقع ہوگا واسطے اجراے احکام کے دنیا مین اُسپر نماز جنازہ پڑھنا اور اُسکے پیچھے نماز پڑھنا
اور مقابر مسلمین مین دفن کرنا اور مثل اُسکے احکام جاری کر سکینگے اور شرط لاجراء الاحکام پر محشی ملک اجہر نے حاشیہ لکھا
ہی کہ مراد یہان پر شرط سے علامت ہی اور یہ معنی حدیث مین بھی وارد ہوے ہین ومن اشراط القیامۃ یعنی علامات
قیامت فالشرط علامۃ علی وجود العلۃ وانتفاء العلۃ لا یدل علی انتفاء المعلول یعنی شرط ایک علامت ہی

تصدیق پر وجود علت کے واسطے اور انتفاء سے علت دلالت نہین کرتی انتفاء معلول پر فمن صدق بالقلب ولم یتفق منہ الاقرار فی العمر مرۃ یکون مومنا ویخرج من النار ویدخل الجنۃ لان المومن لا یخلد فیہا پس جسنے دل سے تصدیق کی اور تمام عمر مین ایک مرتبہ بھی اُسکو اتفاق اقرار کا نہوا جب بھی وہ مومن ہی اور نجات پائیگا جہنم سے اور داخل ہوگا جنت مین کہ مومن بالتحقیق داخل جہنم ہمیشہ نہ ہوگا واما الرابع فہو ان یکون الایمان اسما لفعل القلب واللسان والجوارح فقد یجعل تارک العمل خارجا عن الایمان وداخلا فی الکفر والیہ ذہب الخوارج چوتھے یہ ہی کہ ایمان نام ہی تصدیق قلب و اقرار لسان اور عمل بالارکان کا پس کبھی تارک عمل کو خارج کرتے ہین ایمان سے اور داخل کرتے ہین کفر مین یہ مذہب خوارج کا ہی او غیرہ داخل فیہ وھو القول بالمنزل بین المنزلتین والیہ ذہب المعتزلہ یا داخل نہین کرتے کفر مین اور یہ ایک منزلت ہی بین المنزلتین یعنی درجہ اوسط ہی درمیان مین کفر اور ایمان کے اور یہ مذہب ہی معتزلہ کا و قد لا یجعل تارک العمل خارجا عن الایمان بل یقطع بدخول الجنۃ وعدم خلودہ فی النار وھو مذہب اکثر السلف وجمیع ائمۃ الحدیث وکثیر من المتکلمین والمحکی عن المالک والشافعی والاوزاعی اور کبھی تارک عمل کو ایمان سے خارج نہین کرتے بلکہ قطعی حکم کرتے ہین دخول جنت اور عدم خلود فی النار کا اور یہ مذہب ہی اکثر سلف کا اور جمیع ائمہ حدیث کا اور اکثر متکلمین کا اور اسی کو ذکر کیا ہی امام مالک نے اور امام شافعی نے اور اوزاعی نے تمام ہوا بیان ایمان کا اور اقسام اُسکے اب ہم بیان کرتے ہین تعریف کفر کو اگرچہ اکثر علما نے ایمان و کفر کو ساتھ ہی بیان کیا ہی اور اقوال سے اُنھین علما کے تعریف کفر کو الگ کرکے گذارش کرتا ہون واسطے زیادتی توضیح اور بصیرت کے قول سعد الدین ان الکفر ھو تکذیب الرسول فی شئی مما جاء بہ یعنی کفر وہ تکذیب رسول کی ہو اُسکی لائی ہوئی چیزون مین سے کسی چیز مین صاحب مواقف لکھتے ہین کہ کفر ایمان کا خلاف ہی فہو عندنا عدم تصدیق الرسول فی بعض ما علم مجیئہ بہ ضرورۃ یعنی کفر ایمان کا خلاف ہی پس وہ ہمارے نزدیک عدم تصدیق ہی رسول کی بعض اُن چیزون مین کہ معلوم ہوا ہی لانا اُنکا بعلم ضروری اور شارح مقاصد نے لکھا ہی فاختلف الاراء فی تحقیق الایمان اور بعد اسکے چار طریق ایمان کے بیان کیے اول یہ کہ ایمان فعل قلب کا نام ہی یعنی تصدیق بالقلب کا تو عدم تصدیق بالقلب کفر ہوئی اور طریق دوم الایمان ھو اسم لفعل اللسان یعنی اقرار باللسان کا نام ایمان ہی تو عدم اقرار کفر قرار پایا بعض لوگون نے معرفت قلب کی شرط لگائی ہی اقرار باللسان کے ساتھ اُنکے نزدیک بغیر معرفت قلب فقط اقرار لسان ایمان نہین ہی تو وہ بھی کفر مین شامل ہی باوجود اقرار کے جن لوگون نے تصدیق اور اقرار دونون کو ایمان قرار دیا ہی اور دونون کو رکن تصور کیا ہی تو ایک رکن کے فوت ہونے سے کل کا فوت لازم آئیگا وہ بھی کفر ہی اور جن لوگون نے تصدیق قلب اور اقرار لسان اور عمل بالارکان کو ایمان تصور کیا ہی اُن مین سے جو لوگ تارک عمل کو ایمان سے خارج کرتے ہین اور داخل کرتے ہین کفر مین وہ خوارج ہین اور جو ایمان سے خارج کرکے کفر مین داخل نہین کرتے بلکہ درجہ اوسط بین الکفر والایمان جانتے ہین وہ معتزلہ ہین اور جو تارک عمل کو ایمان سے خارج نہین کرتے بلکہ قطعی دخول جنت اور عدم خلود فی النار کے قائل ہین وہ جمیع اہل حدیث

اور کثیر متکلمین ہین امام بغوی معالم التنزیل مین تفسیر آیۂ ان الذین کفروا سواء علیہم مین کفر کی چار قسمین بیان کرتے ہین اور یہ عبارت اُنکی ہی والکفر علی اربعۃ انحاء کفر انکار وکفر جحود وکفر عناد وکفر نفاق فالکفر الانکار ھو ان لا یعرف اللہ اصلا ولا یعترف بہ وکفر الجحود ھو ان یعرف اللہ بقلبہ ولا یقر بلسانہ ککفر ابلیس وکفر الیہود قال اللہ تعالی فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ وکفر العناد ھو ان یعرف اللہ بقلبہ ویعترف بلسانہ ولا یدین ککفر ابی طالب حیث یقول ولقد علمت بان دین محمد من خیر ادیان البریۃ دینا لولا الملامۃ او حذار مسبۃ لوجدتنی سمحا بذاک مبینا واما کفر النفاق فھو ان یقر باللسان ولا یعتقد بالقلب وجمیع ھذہ الانواع سواء فی ان من لقی اللہ تعالی بواحد منہا لا یغفر لہ **ترجمہ** یعنی کفر کی چار قسمین ہین کفر انکار کفر جحود کفر عناد کفر نفاق کفر انکار وہ ہی کہ اصلا اللہ کی معرفت نہ رکھتا ہو نہ اُسکا معترف ہو کفر جحود وہ ہی کہ دل مین اللہ کی معرفت ہو اور اپنی زبان سے اعتراف نہ کرے مثل کفر ابلیس اور یہود کے فرمایا حق سبحانہ تعالی نے پس جس وقت آئے اُنکے پاس وہ چیز کہ وہ پہچانتے تھے (یعنی محمد) کفر کیا اُسکے ساتھ کفر عناد وہ ہی کہ دل سے خدا کو پہچانے اور زبان سے اقرار کرے اور دین پر نہ چلے مثل کفر ابی طالب کے کہ وہ کہتے ہین اور تحقیق کہ جانا مین نے ہی کہ دین محمد خلق کے سب دینون سے بہتر ہی اگر ملامت اور خوف دشنام نہ ہوتا تو پاتا مجکو جوانمرد اس کام مین ظاہر کرنے والا کفر نفاق وہ ہی کہ اقرار زبان سے کرے اور دل سے اعتقاد نہ رکھے اور یہ تمام قسمین برابر ہین اس امر مین کہ جو شخص جائیگا آگے اللہ کے ایک قسم کفر کے ساتھ اُن اقسام اربعہ سے تو نہ مغفرت ہوگی اُسکی چونکہ امام بغوی کا مذہب شافعی ہی اور اُنکے نزدیک تصدیق بالقلب اور اقرار باللسان اور عمل بالارکان ایمان ہی تو ان تین رکنون سے کوئی بھی فوت ہوگا تو مستلزم فوت کل کا ہوگا پس امام بغوی اور شافعیون کے نزدیک مسلمان صحیح الایمان اگر نماز کو عمدًا ترک کرے تو کافر ہی امام شافعی کے دو قول ہین ایک تو یہ کہ عمل بالارکان رکن ایمان ہی دوسرا یہ کہ اصل ایمان کا رکن نہین بلکہ کمال ایمان کا رکن اور جز ہی لیکن علما نے جس کفر کی تعریف کی ہی وہ کفر دو حال سے خالی نہین یا کفر حقیقی ہی یا کفر شرعی ہی کفر حقیقی وہ ہی کہ وجود حق سبحانہ تعالی اور اُسکی توحید اور کل انبیا یا انمین سے ایک کی بھی تصدیق نہ کرے بلکہ تکذیب کرے اور کفر شرعی وہ ہی کہ وجود حق تعالی اور توحید اور کل انبیا کی تصدیق کرے اور زبان سے اقرار بھی کرے اور دین حق کو ظاہر مین قبول نہ کرے پس وہ چار قسمین کفر کی جو صاحب معالم التنزیل نے بیان کین اُن مین سے کفر انکار مین تصدیق قلبی اور اقرار لسانی دونون مفقود ہین تو کفر حقیقی اور شرعی دونون جمع ہین کفر جحود مین اگرچہ تصدیق قلبی ہی مگر اقرار لسانی نہین بلکہ انکار لسانی موجود ہی تو کفر حقیقی اور کفر شرعی دونون موجود ہین اسلیے کہ تصدیق قلبی بسبب لاحق ہونے انکار کے باطل ہوئی کفر عناد مین تصدیق قلبی اور اقرار لسانی دونون موجود تو کفر حقیقی اور کفر شرعی دونون مفقود بلکہ اسلام شرعی موجود ہی جو ضد کفر شرعی ہی کفر نفاق مین عدم تصدیق قلبی موجود ہی کہ کفر حقیقی ہی اور کفر شرعی مفقود ہی کہ اقرار لسان ہی اور کفر شرعی کا ضد کہ اسلام شرعی ہی موجود ہی ایمان اور کفر آپس مین متضاد ہین مجتمع نہین ہو سکتے پس کفر عناد مین مطابق ایک قول شافعی کے بسبب

عدم مہین کے لفظ کا فرکا صادق آئیگا مگر عدم مغفرت اور ابدی ناری ہونا ثابت نہیں ہو سکتا کہ ابدی ناری ہونا
مخصوص ہو اُن کفار سے جو کفر حقیقی کے مرتکب ہین عام اس سے کہ کفر شرعی ہو یا نہ ہو اور کفر عناد مین تحقیقی اور شرعی
دونون مفقود ہین تو اس کفر والے کے واجب النجات ہونے مین کیا شبہہ ہو اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی تکملۃ الایمان
مین رقم فرماتے ہین کہ الایمان تصدیق بالقلب واقرار باللسان ایمان اعتقاد کردن بیگانگی خدا تعالیٰ و برسالت
پیغمبر بدل وگفتن خالق را بیکتائی و رسول ورا بحق بزبان وگواہی دادن بدان وحقیقت ایمان ہمان تصدیق قلبی
است واقرار لسانی علامت ست بران تصدیق از برای اجرای احکام در ظاہر چہ زبان ترجمان دل ست ونیز اگر کسی
گنگ باشد یا کسی اکراہ کندش بر تکلم بکلمہ کفر یا فرصت نیافت وتصدیق بدل کرد وجان داد اقرار درین صورت
شرط نباشد وایمان بمذہب اہل حدیث عبارت از تصدیق بالقلب واقرار باللسان وعمل بالارکان ست ایشان
میگویند الایمان تصدیق بالقلب واقرار باللسان وعمل بالارکان وحقیقت اختلافی درمیان نیست
ایمان کامل ہمین ست کہ ایشان می گویند ایمان بے عمل ناقص ست ولیکن اصل ایمان ہمان تصدیق ست ایمان را
بمثابہ درختی دان کہ تنۂ وی تصدیق ست واعمال وطاعات کہ ثمرات ونتائج آن تصدیق اند بمنزلہ شاخ وگل وبرگ
ومیوہ ہستند پس درخت بی شاخ وبرگ ومیوہ وگل درخت ست ونام درخت از وی بر نیفتد اما درخت برخوردار
کہ کارآمدنی بود ہمان ست کہ اینہا داشتہ باشد ہمچنین ایمان کامل ہمان ست کہ مقرون بعمل صالح باشد چہ ایمان
بے عمل ناقص بود ولیکن ہم ایمان وحقیقت آن از وی بر نیفتد ودلیل برین سخن نص قرآن مجید ست کہ حق تعالیٰ
می فرماید ان الذین امنوا وعملوا الصالحات یعنی آن کسانی کہ ایمان آوردہ اند وبآن عمل صالح نیز کردہ اند
سیاق این کلام دلالت بر آن میکند کہ اصل ایمان تصدیق ست وعمل صالح علاوہ برای کمال وست اور سید ابو محمد
ارتضی صاحب نے بھی تکملہ پر حاشیہ لکھا ہے وہ یہ ہے بایدد انست کہ ایمان عبارت ست از تصدیق قلبی فقط واقرار لسانی
شرط اجرای احکام ظاہری ست بروی این معنی مروی ست از امام ابو حنیفہ ومختار امام حافظ وشیخ ابو منصور
ماتریدی وتوابعین اوست پس درین صورت تصدیق یک رکن شد ودیگر شرط واما بروایت دیگر از امام ابو حنیفہ
ومختار فخر الاسلام وشمس الائمہ وفقہاے حنفیہ ومذہب شیخ ابو الحسن اشعری وہم نزد شیعہ اینکہ ایمان نیز دو رکن
میدارد یکی تصدیق بدل دوم اقرار بزبان درین صورت اقرار زبانی ہم یک جز شطر ایمان شدہ دران صورت
اگر کسی اعمال بجا نیاورد یعنی نماز وروزہ وزکوٰۃ وحج با وجود مکلف بودنش با اینہمہ آن کس از ایمان بر نیاید بلکہ
او را مومن خواہند گفت غایۃ الامر اینکہ او را مومن ناقص گفتہ شود نہ کافر واگر با وجود تاکید کسی بر نیاید یا برملا
مخالفت مومنین می کند فاسق ہست اما باید ازین کس انکار ونفرت تامہ کردہ باشند تا از ان باز آید ودر عمل کوشد تا اینکہ
در شعائر اہل اسلام داخل شدہ باشد پس صلح اختیار کنند اتفاق امت بر آن ست کہ ایمان فرض عین ست لیکن عمل
بالارکان ایمان کامل ست یہ عبارت بحروفہ تکملہ اور اسکے محشی کی ہو پھر محشی تکملۃ الایمان نے رقم فرمایا کہ ایمان
در لغت تصدیق ست یعنی اذعان حکم مخبر وقبولش گردانیدنش صادق در خبر آوردن مشتق از امن ست چون بر

پیغمبر کسی ایمان اور دل سے اور خود را از تکذیب و مخالفت پس حقیقت تصدیق نسبت صدق و خبر و مخبر با ذعان و قبول
آن در دل ثابت کردن ست و آنکہ تسلیم ہم نام تصدیق ہست ہمان وجہ ست تصریح امام غزالی اور محشی نے غضب تو یہ کہا ہی
کہ ایک حدیث علی بن ابی طالب سے نقل کی ہی کہ فرمایا الایمان معرفۃ بالقلب ... معرفت تسلیم و التسلیم تصدیق
پس آپ تو معرفت کو اسلام سے اور ایمان سے خارج نہ کرینگے کیونکہ یہ قول علی کا ہی کہ قول رسول ہو آپ ہرگز معرفت
کو ایمان نہ کہینگے اور اگر معرفت ہی ایمان ہو تو آپ ضرور اپنے ایمان کو سلام کرینگے اب ہم بعض احکام ایمان و کفر کو
اقوال فقہا اور محدثین سے عرض کرتے ہین بگوش دل سنیے سداد الدین بیرم قوم ہی ابی مطیع نے امام ابوحنیفہ سے
پوچھا اگر کوئی شخص زمین شرک مین مجملا اسلام کا اقرار کرے اور وہ علم نہ رکھتا ہو کسی شی کا فرائض اور شرائع
اور کتاب سے اور مرجائے تو اُسکا کیا حکم ہی کہا کہ مومن ہی پھر سوال کیا کہ ایک ذرہ کوئی شی نہ جانتا ہو اور نہ
عمل کرے فقط مقر ایمان ہو اور مرجائے فرمایا مومن ہی تفسیر کبیر مین طبرانی نے عمران بن حصین سے روایت کی
ہی قال قال رسول اللہ من علم ان اللہ ربہ و انی نبیہ صادقا عن قلبہ حرم اللہ لحمہ علی النار
کہا فرمایا رسول اللہ نے کہ جو شخص جانتا ہی کہ بتحقیق اللہ رب اُسکا ہی اور مین نبی اُسکا ہون صادق اپنے قلب
سے حرام کیا ہی اللہ نے اُسکا گوشت اوپر نار کے یعنی وہ آتش جہنم مین نہ جلیگا علامہ عینی شرح بخاری مین فرماتے
ہین کہ اقرار لسانی فقط اجرائے احکام کے لیے ہی جسنے تصدیق کی رسول اللہ کی اُن چیزون مین کہ جو خدا نے
اپنے رسول کی معرفت بھیجا ہی پس وہ عند اللہ مومن ہی اگرچہ زبان سے اقرار نہ کیا حافظ الدین نسفی فرماتے
ہین کہ یہ کل مروی ہی امام ابوحنیفہ سے اور امام ابوحنیفہ کی اُن دونون روایتون سے صحیح تر یہ روایت ہے کہ
اسنی المطالب مین لکھتے ہین کہ یہی مذہب ہی امام ابوالحسن اشعری کا اور ابومنصور ماتریدی کا سالمی نے کتاب تمہید
مین امام ابوحنیفہ سے روایت نقل کی ہی کہ انہ قال ان الموحد اذا لم یظہر منہ الا قرارا ولم یعلم کیفیۃ
الاقرار او اظہر الکفر تقیۃ فہو مومن عند اللہ و کافر عند الناس سقانے شرح تمہید مین امام ابوحنیفہ سے
روایت کی ہی کہ ایمان فقط تصدیق کا نام ہی سید احمد دحلان لکھتے ہین کہ یہ روایت نہایت صحیح ہی فرمایا جناب رسول
مقبول نے الاسلام علانیۃ والایمان فی القلب یعنی اسلام ظاہر ہی اور ایمان فی القلب ہی بعضے کہتے ہین کہ
درمیان اسلام اور ایمان کے نسبت عموم خصوص مطلق کی ہی کہ جو شخص ایمان رکھتا ہی بالضرور اسلام اُس مین
موجود ہو اور جو شخص اسلام رکھتا ہی ضرور نہین کہ مومن بھی ہو اور صاحب سیف الفرقان فی تعریف الکفر والایمان
صاحب مناوی اور بیضاوی فرماتے ہین کہ الاسلام ہو التوحید والتدرع بالشرع الذی جاء بہ محمد یعنی
اسلام توحید اور تدرع اور تلبس شریعت محمدی کا ہی قتادہ کہتا ہی کہ اسلام شہادت بکلمۂ لا الہ الا اللہ ہی اسنی المطالب
مین ہی کہ کبھی اسلام و ایمان دونون مجتمع ہوتے ہین جیسے کوئی دل سے تصدیق کرے اور زبان سے اقرار بھی کرے
اور کبھی اسلام ایمان سے جدا ہو جاتا ہی یہ اُس وقت مین ہی کہ زبان سے اقرار کرے اور ظاہر مین احکام کا پابند
بھی ہو مگر دل مین تصدیق نہ کرے اُسی کو منافق کہتے ہین اور کبھی ایمان اسلام سے جدا ہو جاتا ہی کہ دل مین

تصدیق کرتا ہی مگر زبان سے اقرار نہین کرتا اور افعال ظاہر شرع کا پابند نہین ہوتا اگر یہ عدم اقرار اور پابندی
نہ کرنا بسبب بغض و عناد کے ہی جیسے کہ ایک فریق علما سے یہود و نصاری کہ باوجود معرفت کے تکذیب کرتے
تھے بجہت بغض و عناد ایسا ایمان باطنی اُنکو کوئی نفع نہین پہونچا سکتا اور اگر یہ عدم اقرار اور عدم پابندی
بسبب کسی عذر شرعی اور عقلی کے ہی نہ از روے بغض و عناد کے تو وہ ایمان باطنی مومن کو عند اللہ دار الآخرۃ
مین نفع پہونچائیگا اگرچہ بسبب احکام دنیا اُسے کافر کہہ سکتے ہین اور جو عذر کہ اطاعت ظاہری سے مانع ہو اُسکے
کئی سبب ہوتے ہین از انجملہ خوف ظالم ہی کہ مومن ڈرتا ہو کہ اگر میرا اسلام و ایمان ظاہر ہو جائیگا تو مین قتل کیا
جاؤنگا یا مجھے ایسی ایذادی جائیگی جسکا مین متحمل نہ ہونگا یا میرے عزیز و اقارب اور اولاد سے کسی کو آزار
پہونچیگا پس ایسی حالتون مین اسلام کا پوشیدہ کرنا جائز ہی چنانچہ عمار یاسر پر مکہ معظمہ مین کفار نے جبر کیا اور
کلمات کفر زبان پر جاری کرنے پڑے جیسا کہ سورہ نحل مین من کفر باللہ بعد ایمانہ الا من اکرہ وقلبہ مطمئن
بالایمان تفسیر بغوی مین سبب نزول اس آیت کا یون مرقوم ہی ابن عباس سے کہ پکڑا عمار یاسر کو اور اُنکی
مان کو کہ نام اُنکا سمیہ تھا اور صہیب اور بلال اور خباب اور سالم کو پس عذاب کیا اُنکو اور سمیہ کو دو اونٹون کے
بیچ مین باندھدیا اور اُنکی قُبل پر اسقدر مارا کہ شہادت پائی بعدہ یاسر کو شہید کیا چنانچہ مروی ہی کہ اول اول
اسلام مین یہی درجۂ شہادت پر فائض ہوے ہین قتادہ کہتے ہین کہ پکڑا مغیرہ نے عمار کو اور غوطہ دیا اُس
کنوین مین کہ جسکا نام میمون تھا اور کہا کہ کفر کرو تم ساتھ محمدؐ کے عمار نے دیکھا کہ جان کا بچنا محال ہی لاچار
بالکراہ و اجبار کلمات کفر زبان پر جاری کیے جیسا کہ اُن لوگون کی خواہش تھی اور مدح و ثنا اُنکے معبودون کی کی
لوگون نے جناب رسالت مآبؐ کو خبر دی کہ عمار کافر ہو گئے اُسوقت جناب رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ ہرگز نہین
ہو سکتا یہ تحقیق کہ عمار از سرتا پا ایمان سے مملو ہی اور ایمان عمار کے گوشت و خون مین مختلط ہی بعدہ عمار گریہ کنان
آنحضرتؐ کی خدمت مین حاضر ہوے پوچھا آنحضرتؐ نے کیا گذری تم پر عرض کی کہ یا حضرت کفر کیا مین نے
آپ کے ساتھ اور اُنکے معبودون کی تعریف کی جواب دیا آنحضرتؐ نے کہ ای عمار تم اپنے دل کو کیسا پاتے ہو
جواب دیا عمار نے کہ مطمئن آنحضرتؐ نے آنسو پونچھے اور فرمایا یا عمار ان عادوا علیک فعد لہم یعنی ای
عمار اگر پھر وہ جبر کرین تم سے تو تم اسی طرح پھر عمل کرنا پس یہ آیہ نازل ہوا دیکھیے یہان حضرت عمار کو حکم فرمایا
کلمۂ کفر زبان سے ادا کرنے کا اور اُنکے معبودون کی تصدیق اور مدح کرنے کا اور اپنی مذمت کرنے کا پس کیا مقابلہ
ہی حضرت ابوطالب سے عمار یاسر کو کہ جناب ابوطالب نے بجز مدح و ثناے آنحضرتؐ کبھی مذمت نہین کی اور
اظہار نبوت آنحضرتؐ مین اور آپ کے رسول برحق ہونے مین کیا کیا کوششین کین اُنکے معبودون کی کبھی تعریف
نہین کی آنحضرتؐ کے دین کو خیر الادیان کہا اگر اخفا کرنا ابوطالب کا ثابت ہوتا ہی تو اسی قدر کہ کلمۂ علانیہ سامنے
کفار کے بلفظہ نہین فرمایا ورنہ معنی تو گویا بعینہ اقرار توحید و رسالت کو زبان سے ادا فرمایا اور صحیح بخاری
اور صحیح مسلم مین عثمان بن عفان سے روایت کی ہی کہ فرمایا جناب پیغمبر خداؐ نے کہ جو شخص مرگیا اور جانتا تھا کہ سوا

خداکے کوئی معبود نہین ہی وہ داخل جنت ہوگا طبرانی نے سلمہ ابن نعیم اشجعی سے روایت کی ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے
کہ جو شخص ملاقات کریگا اپنے پروردگار سے اس حال مین کہ کبھی شرک نہ کیا ہو وہ داخل جنت ہوگا سلمہ کہتے
ہین کہ مین نے عرض کی یا رسول اللہ اگرچہ اسنے زنا اور چوری کی ہو آپ نے فرمایا کہ گو اسنے زنا اور چوری
بھی کی ہو علامہ برزنجی لکھتے ہین کہ شفاعت کی حدیثون مین اس قسم کی بہت سی حدیثین ہین یہان تک کہ بیان
کیا گیا ہی کہ جناب رسول خدا نے فرمایا کہ جس شخص کے دل مین چھوٹی سے چھوٹی رائی کے دانے کے برابر بھی
ایمان ہوگا وہ آتش جہنم سے نکالا جائیگا اور لفظ ادنیٰ ادنیٰ ادنیٰ تین بار فرمایا ابن حجر شرح اربعین مین بیان
کرتے ہین کہ ائمہ اربعہ مین سے ہر ایک کا قول ہی کہ تارک اقرار شہادتین مومن عاصی ہی اور یہ قول اکثر علما کا اور بعض
محققین حنفیہ کا ہی اور محقق کمال ابن ہمام وغیرہ نے بالتصریح بیان کیا کہ اقرار فقط اجراے احکام کے لیے ہی اور علامہ
برزنجی نے اختلاف علما کو دربارۂ اقرار شہادتین بیان کیا ہی کہ انھین الفاظ مقررہ سے اقرار شہادتین شرط ہی
یا غیر الفاظ مقررہ مین بھی کافی ہو سکتا ہی بعض کے نزدیک یہی الفاظ مشروط ہین اور غالب اقوال یہ قول ہی
کہ خصوصیت الفاظ معروفہ کی شرط نہین ہی نووی نے روضہ مین لکھا ہی اور اسے سب کی طرف منسوب کیا ہی اور
حلیمی سے اپنی منہاج مین نقل کیا ہی کہ ایمان بغیر ان الفاظ معروفہ کے بھی منعقد ہو سکتا ہی اگر کوئی لا الہ الا اللہ
کے مقام پر لا الہ غیر اللہ یا لا الہ ما عدا اللہ یا لا الہ ما سوی اللہ یا ما من الہ الا اللہ یا لا الہ الا الرحمن
یا لا رحمن الا اللہ یا لا الہ الا الباری اور مثل اسکے سب لا الہ الا اللہ کے برابر ہین اور اسی طرح اگر کہے
محمد نبی اللہ یا مبعوثہ یا احمد یا الماحی یا اور اسی طرح کے اسما یا ان الفاظ کو زبان عجمی مین ادا کرے تو
اسلام اسکا صحیح ہی اور حکم مسلم کا اسکے لیے ہو سکتا ہی قال ابو حنیفۃ عن عطا ابن ابی رباح یعنی ابو حنیفہ عطا
ابن ابی رباح سے نقل کیا ہی کہ عبد اللہ ابن رواحہ کی بکریان ایک حبشن چراتی تھی ان بکریون مین ایک بکری بہت
فربہ ہو گئی تھی اور اسکی نگہبانی کی نہایت تاکید کی تھی ایک روز اتفاقاً بھیڑیا آیا اور اسی بکری کو اٹھا لیگیا اسنے
عبد اللہ کو خبر کی عبد اللہ نے اس حبشن کو ایک طمانچہ مارا بعدہ خود اپنے دل مین نادم ہوے اور یہ ذکر جناب
رسالت مآب کی خدمت مین عرض کیا آنحضرت نے فرمایا تم نے برا کیا کہ ایک مومنہ کو طمانچہ مارا عرض کی عبد اللہ
نے کہ وہ ایک حبشن جاہلہ تھی آنحضرت نے اسکو طلب کیا اور اس سے سوال کیا کہ اللہ کہان ہی اسنے جواب دیا کہ
آسمان مین فرمایا مین کون ہون کہا آپ رسول ہین اسوقت آنحضرت نے فرمایا کہ بتحقیق یہ مومنہ ہی روایت کیا ہی
اس حدیث کو مسلم و ابو داؤد اور نسائی نے معاویہ ابن حکم سے **قولہ (فصل اول)** آیات قرآنیہ دراثبات اولیٰ
قال اللہ تبارک و تعالیٰ انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء وھو اعلم بالمہتدین
اے نبی تم ہدایت نہین دیتے جسے دوست رکھو ہان خدا ہدایت دیتا ہی جسے چاہے وہ خوب جانتا ہے جو راہ
پانے والے ہین مفسرین کا اجماع ہی کہ یہ آیۂ کریمہ ابو طالب کے حق مین نازل ہوئی ہی معالم التنزیل مین ہے
نزلت فی ابی طالب جلالین مین نزل فی حرصہ صلی اللہ علیہ وسلم علیٰ ایمان عمہ ابی طالب مدارک التنزیل

مین ہو قال الزجاج اجمع المفسرون علی انہا نزلت فی ابی طالب کشاف زمخشری و تفسیر کبیر مین ہو قال الزجاج اجمع المفسرون علی انہا نزلت فی ابی طالب امام نووی شرح صحیح مسلم شریف کتاب الایمان مین فرماتے ہین اجمع المفسرون علی انہا نزلت فی ابی طالب وکذا نقل اجماعہم علی ھذا الزجاج وغیرہ مرقاۃ شرح مشکوۃ شریف مین ہو لقولہ تعالی فی حقہ باتفاق المفسرین انک لا تھدی من احببت **اقول** فصل اول مین آپ نے آیات قرآن کا ذکر فرمایا اور آیۂ اولی رقم فرمائی اب اس آیہ کے اولی ہوتے ہین اور آپ کے ترجمہ مین جو جو خوبیان ہین بیان نہین کی جاتین کہ مشتے نمونہ اوپر بیان ہو چکا ہو آپ نے جو جو تحریفین فرمائی ہین کہان تک اُسکا اظہار کیا جائے چنانچہ تفسیر کبیر اور کشاف زمخشری کا نام بھی رقم فرمایا کہ اُن دونون مین قال الزجاج اجمع المفسرون ہو مگر دو لفظون کی تحریف کیون فرمائی اُس مین تو موجود ہو المسئلۃ الاولی ھذہ الآیۃ لا دلالۃ فی ظاھرھا علی کفر ابی طالب ثم قال الزجاج الخ ہو مگر آپ کیا کرین کہ آپ کے مطلوب کے مخالف ہو اور آپکو نام کتابون کے گنوانا ہین کہ ہم نے اتنی کتابون سے کفر ثابت کیا ہو شاید اسی سبب سے تحریف فرمائی بہر نوع ہم آپ کی تحریر کو قبول بھی کرلین کہ شان ابوطالب ہی مین یہ آیت نازل ہوئی تو اس آیہ سے نہ کہین کفر ثابت ہوتا ہو نہ کسی طرح مذمت نکلتی ہو بلکہ فضیلت اور علو مرتبت اور کامل الایمان محب رسول مقبول ہونا ثابت ہوتا ہو اور نص صریح ہو اُنکے مہتدین مین سے ہونے پر انشاء اللہ عنقریب ہم بیان کر دینگے تا آپ کی دل نشینی ہوجائے لیکن حدیث صحیح جو آپ نے سبب نزول مین رقم فرمائی وہ آپ کے حصول مطلب کے منافی ہو **قولہ** حدیث۔ اول صحیح حدیث مین اس آیۂ کریمہ کا سبب نزول یون مذکور ہو جب حضور اقدس سید المرسلین نے ابوطالب سے مرتے وقت کلمہ پڑھنے کو ارشاد فرمایا صاف انکار کیا اور کہا مجھے قریش عیب لگائینگے کہ موت کی سختی سے گھبرا کر مسلمان ہو گیا ورنہ حضور کی خوشی کر دیتا اب رب العزت تبارک وتعالی نے یہ آیۂ کریمہ اُتاری یعنی ای حبیب تم اسکا غم نہ کرو تم اپنا منصب تبلیغ ادا کر چکے ہدایت دینا اور دل مین نور ایمان پیدا کرنا یہ تمھارا فعل نہین اللہ عزوجل کے اختیار مین ہو اور اُسے خوب معلوم ہو کہ کسے یہ دولت دیگا کسے محروم رکھیگا صحیح مسلم شریف کتاب الایمان وجامع ترمذی کتاب التفسیر مین سیدنا ابوہریرہ سے مروی ہو قال قال رسول اللہ وزاد مسلم فی اخری عند الموت قل لا الہ الا اللہ اشہد لک بہا یوم القیامۃ قال لولا ان تعیرنی قریش یقولون انما حملہ علی ذلک الجزع لاقررت عینک فانزل اللہ عزوجل انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء معالم ومدارک وبیضاوی وارشاد العقل السلیم وخازن وفتوحات الٰہیہ وغیرہا تفاسیر مین اسی حدیث کا حاصل اس آیت کے نیچے ذکر کیا **اقول** اولا حدیث اول لکھ کر جو آپ نے عبارت رقم فرمائی ہو کہ جب آنحضرت نے کلمہ پڑھنے کو ارشاد فرمایا تو جناب ابوطالب نے صاف انکار کیا پھر آپ صحیح مسلم اور ترمذی سے حدیث نقل کر کے فرماتے ہین کہ اس حدیث کا حاصل یعنی انکار کرنا ابوطالب کا نیچے اس آیت کے ذکر کیا اب ہم آپ سے پوچھتے ہین کہ مفسرین تو تحت آیت حاصل اس حدیث کا ذکر فرماتے ہین کہ ابوطالب نے لا الہ الا اللہ کہنے سے صاف انکار کیا اور پھر انھین مفسرین سے

سورۂ بقر کی ابتدا مین آیۂ ان الذین کفروا سواء علیہم ءانذرتہم ام لم تنذرہم لا یؤمنون کی تفسیر مین
جو کچھ رقم فرماتے ہین وہ بھی نظر اقدس سے گذرا ہی یا نہین صاحب معالم نے الکفر علی اربعۃ انحاء لکھکر
کفر وعناد کی تعریف مین ھو ان یعرف اللہ بقلبہ ویقر بلسانہ ولا یدین بہ ککفر ابی طالب رقم فرمایا
ہی جسکو ہم بیان لغزین بخوبی بیان کر آئے ہین ایک مقام پر مفسرین نے اعتراف کیا اقرار ابوطالب کا
اور تمثیلاً انکے اشعار کا اعلان فرمایا اور دوسرے مقام پر انکار ابوطالب حدیث صحیح سے ثابت فرمایا
اقرار وانکار آپس مین متضاد ہین مجتمع نہین ہوسکتے علی الخصوص وہ ہی مفسرین ایک مرتبہ اقرار کا اقرار کرین
اور وہ ہی مفسرین دوسری مرتبہ اقرار کا انکار کرین تو تفسیر حدیث کے مخالف ہی اور حدیث تفسیر سے
متضاد ھذا لشیٔ عجاب پس اگر مفسرین کا اعتراف کرنا اقرار ابوطالب پر صحیح ہی تو حدیث صحیح کی صحت
غائب ہوئی جاتی ہی اور اگر حدیث صحیح کی صحت کا یقین کیا جاتا ہی تو مفسرین کا قول پایۂ اعتبار سے ساقط
ہوا جاتا ہی اب آپ کو اختیار ہی یا حدیث صحیح کی صحت کو قبول فرمایئے اور اجماع مفسرین سے دست بردار
ہو جایئے یا اجماع مفسرین کا اقرار فرماکر صحیح حدیث کی صحت سے انکار فرمایئے بہتر تو یہ ہی اذا تعارضا تساقطا پر عمل فرمایئے اور دونون سے ہاتھ اٹھایئے اور راہ راست پر آیئے ورنہ پھر آپ کو آیات واحادیث
متواترۂ متظافرہ ڈھونڈھنا پڑینگی اور مثل عنقا کہین پتہ نہ لگے گا ثانیاً اجماع مفسرین کو ہم تسلیم بھی کرلین
کہ یہ آیت خاص ابوطالب کے حق مین نازل ہوئی تو بھی منافی ایمان جناب ابوطالب نہین ہوسکتی بلکہ بوجوہات
چند دلالت کرتی ہے تکمیل ایمان جناب ابوطالب پر اور انکے ناجی ہونے پر اسواسطے کہ آیت مین کسی
مقام پر نہ کافرین کا ذکر ہی نہ منکرین کا بلکہ مہتدین کا ذکر ہی اور ہدایت کے دو معنی ہین ایک ہدایۃ الطریق ای
اراءۃ الطریق الموصل الی المطلوب اور دوسرے الایصال الی المطلوب اور یہ ہی معنی شیخ عبدالحق دہلوی
نے تکملۃ الایمان مین رقم فرمائے ہین باین عبارت کہ ہدایت دو معنی دارد راہ راست نمودن و براہ راست بردن
و بمقصد رسانیدن واین معنی دوم مخصوص بجناب کبریای الہی ست از دیگر نیاید و ہدایت بمعنی اول ترا آنکہ نیز
را ثابت باشد کہ بیان طریق مستقیم می کنند و راہ راست می نمایند ولیکن براہ راست بردن و بمقصد رسانیدن از
خداست پس اب انک لا تہدی من احببت کے معنی یہ ہوے کہ تحقیق کہ تو ای محمد ہدایت نہین کرسکتا یعنی مقصد
کو نہین پہونچا سکتا تیرا کام راہ نمائی ہی نہ بمقصد رسائی من احببت جسکو دوست رکھتا ہی تو راہ نمائی کرتا ہی
مگر مقصد تک نہین پہونچا سکتا ولکن اللہ یہدی من یشاء لیکن اللہ مقصد تک پہونچا دیتا ہی جسکو چاہتا
ہی وھو اعلم بالمہتدین اور اللہ دانا تر ہی مہتدین کے حال سے نہ کہین ضالین کا ذکر ہی نہ مشرکین کا پس
ابوطالب کا مہتدین سے ہونا ثابت ہوتا ہی اور مولوی عبدالحی لکھنوی نے ہدایت کے معنی حاشیہ ملا جلال پر
بعد بیان کرنے اختلافات کے اور نقض بعض آیات کے رقم فرمایا ہی ان الارادۃ وان صدرت عنک
بحسب الظاہر لکنہا غیر صادرۃ منک حقیقۃ لخروج اثر ھذا الفعل عن طوق البشر علی طبق قولہ

تعالی وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی اذ الرمی الی الکفار وان صدر [illegible] الکنہ [illegible] انہ نفی
عنہ باعتبار عدم اقتدارہ علی ترتیب اثرہ فالمنفی ہو الارادۃ المقید [illegible] الارادۃ [illegible] انتفی عن
شان الرسول علیہ الصلوۃ والسلام فلا نقتضی للمعنی الاول [illegible] الآیۃ الثانیۃ بعنی انک لا
تہدی من احببت الخ ترجمہ تحقیق کہ ارادۃ اگرچہ صادر ہو تجھ سے بحسب ظاہر لیکن [illegible]
واسطے خارج ہونے اثر فعل کے طاقت بشریہ سے موافق قول اللہ تعالی کے اور نہ پھینکا تو نے جسوقت
پھینکا تو نے ولیکن اللہ نے پھینکا [illegible] پھینکا [illegible] کفار کے اگرچہ صادر ہوا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے دیکھنے میں لیکن نفی کی خدا نے اس سے عدم قدرت کے اعتبار پر اسکے اثر کی ترتیب پر منفی وہ ارادۃ
مقدورۂ خدا ہے نہ ارادۃ ظاہرہ جو شان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے پس نہیں نقض واسطے معنی اول کے
ساتھ آیت ثانیہ کے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ابو طالب کو تصدیق قلبی جو اصل ایمان ہے موافق مذہب حنفیہ کے
حاصل تھی اور اقرار لسانی حضرت ابو طالب کا انکے قصائد اور اشعار سے ظاہر ہے کہ آجتک پکار پکار کر
خبر دے رہا ہے کہ اسکا نام تصدیق لسانی ہے جب اشعار کو مفسرین ممدوحین نے مثل صاحب معالم التنزیل
وغیرہ کے بیان کیا ہے اور تصدیق جنانی اور اقرار لسانی کا ثبوت دیا ہے پس حق سبحانہ تعالی عالم مافی الضمیر ہے
اس نے اپنے حبیب کو خبر دی کہ اے حبیب جس کام پر تم مامور تھے یعنی ارادۃ الطریق وہ تم کر چکے تم رنجیدہ نہ ہونا
اللہ عالم بالمہتدین ہے یعنی ابو طالب مہتدین میں ہیں انکو ہدایت دے چکا ہوں یعنی ایصال الی المطلوب میرا
کام ہے میں کر چکا ہوں اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جب حبیب رنجیدہ ہوتا ہے تو حبیب کا حبیب ولاسا تشفی دیتا ہے
کہ اسکا رنج مبدل بخوشی ہو جائے پس حق سبحانہ تعالی نے اپنے حبیب کو رنجیدہ دیکھکر خوشخبری دی کہ
جس شخص کے لیے تم دوست رکھتے ہو کہ صراط المستقیم کی راہنمائی کرو اسے میں نے مقصود تک پہونچا دیا
یعنی صراط مستقیم تک اور اگر موافق آپکے مذاق کے تصور کیا جائے کہ حبیب رب العالمین تو دوست
رکھتے تھے کہ ابو طالب ایمان لائیں اور حق سبحانہ تعالی نے یہ آیت اتاری اور اس سے یہ مراد لیں کہ اے حبیب
تم اسکا غم نہ کرو ابو طالب کبھی ایمان نہ لاینگے بلکہ کافر رہینگے تو غم آنحضرت کا زیادہ ہوتا یا کم کہ ابو طالب نے
بالفرض لا الہ الا اللہ کہنے سے عذر کیا اور جناب رسالتمآب نے بھی فرمایا قل یا عم لا الہ الا اللہ مگر کسی طرح
ثابت نہیں ہو سکتا کہ حضرت مایوس ہو گئے ایمان ابو طالب سے اسواسطے کہ ومن یقنط من رحمۃ ربہ
الا الضالون یعنی کون شخص ناامید ہو سکتا ہے رحمت سے اپنے پروردگار کی مگر جو لوگ کہ گمراہ ہیں جنہوں نے
خدا کو نہیں پہچانا بلکہ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آنحضرت جب اپنا منصب تبلیغ ادا کر چکے اور دیکھا
کہ ابو طالب نے وہ کلمہ نہ کہا تو فوراً حق تعالی نے اپنے حبیب کو خوشخبری دی کہ تم رنجیدہ نہ ہونا اس امر سے کہ
تبلیغ رسالت میں تم سے کمی ہوئی بلکہ تم نے اپنا منصب ادا کیا اگرچہ ابو طالب نے ابھی عذر کیا ہے مگر وہ مہتدین
میں سے ہیں کہ اسے ہم ہدایت دے چکے ہیں اور یہ مقولہ تو مشہور و معروف ہے کہ حبیب کا حبیب حبیب ہوتا ہے

ابوطالب حبیبِ خدا کے حبیب تھے اور محبت ابوطالبؑ کی بہ نسبت جناب رسولِ خدا کے مشہور او رسیر و تواریخ
مین مسطور ہی مگر محبت رسولِ خدا کی ابوطالب سے خود حق تعالی نے ظاہر فرما دی اور یہ بھی کلام ناطق مین
وارد ہوا ہو کہ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ اور حدیث رسول بھی موجود ہی کہ من احبنی فقد احب اللہ
ابوطالب تو رسولِ خدا کے حبیب تھے کیونکر خدا کے حبیب نہ ہوتے اور جب حبیب خدا کے حبیب قرار پائے
تو اُن سے زیادہ کون صاحب ایمان ہو سکتا ہی حاصل یہ ہی حق تعالی نے خبر دی اپنے حبیب کو کہ تمھارا
حبیب میرا حبیب ہی تم مشقت نہ کرو مین ایصال الی المطلوب کر چکا ہون تمپر بھی ظاہر ہو جائیگا چنانچہ ایسا
ہی ہوا کہ قریب وفات جناب ابوطالب حضرت عباس نے خبر دی کہ یا حضرت آپ کے عم نے وہ کلمہ کہا جسکا
آپ حکم فرماتے تھے ثالثاً حق سبحانہ تعالی اپنی کتاب عزیز مین فرماتا ہی لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم
الآخر یوادون من حاد اللہ و رسولہ دوسرے مقام پر فرماتا ہی یا ایہا الذین امنوا لا تتخذوا الکافرین
اولیاء من دون المومنین اتریدون ان تجعلوا للہ علیکم سلطانا مبینا تیسرے مقام پر فرماتا ہی
یا ایہا الذین امنوا لا تتخذوا الیہود والنصاری اولیاء بعضہم اولیاء بعض ومن یتولہم منکم فانہ
منہم نہین پائیگا تو کسی قوم کو کہ ایمان لائی ہو خدا پر اور روز قیامت پر دوست رکھنے والی اُس شخص کو
کہ جو مقابلہ کرتا ہی خدا اور اُسکے رسول سے اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ پکڑو کافرون کو دوست سوا مومنین
کے آیا تم چاہتے ہو یہ کہ کرو تم واسطے اللہ کے اوپر تمھارے غلبۂ ظاہر یعنی الزام خدا تم پر اور فرمایا خدا
نے جو دوست رکھیگا اُنکو تم مین سے پس تحقیق وہ اُنھین مین سے ہی پھر کس طرح ممکن ہی کہ رسولِ برحق دوست
رکھتے اپنے چچا کا فر کو بلکہ آیۂ انک لا تہدی من احببت دلالت کرتی ہی فضل و علو مرتبت ابوطالب پر ثابتاً
ایمان و ہدایت مین اسوجہ سے کہ ابوطالب کو ہدایت حاصل ہوئی اللہ کی طرف سے کہ سواے خدا کے کسی
ہدایت سے حاصل نہین ہوئی حق تعالی خود متولی ہدایت ابوطالب ہوا باین تقدیر حاصل آیۂ شریفہ یہ ہی کہ ابوطالب
جیسے ہین تو اُنکو اُنکی ہدایت کو دوست رکھتا ہی اور نہ ہاتھ اُنکو ہدایت نہین کرتا بلکہ اللہ متولی ہدایت ابوطالب ہوا
ہی اور پہلے ہی سے اُنکو ہدایت ہو چکی ہی اور اللہ مہتدین کے حال سے واقف ہی اور ایسی ہدایت مخصوص ہی
انبیا اور اوصیا اور اولیاء اللہ کو اور جب یہ معنی مراد لین تو معصومیت آنحضرت کی محفوظ رہتی ہی اور مرتکبین نہی
الٰہی مین شامل بھی نہین ہوتے اور دوست رکھنا اپنے چچا ابوطالب کا کہ جسکا اظہار حق تعالی نے فرما دیا کوئی
نقصان آنحضرت کے مرتبۂ رسالت کو بھی نہین پہونچاتا اور مومن ہونا اور سابق الہدایۃ من اللہ ہونا ابوطالب
کا ثابت ہوتا ہی رابعاً یہ تو ثابت ہی کہ موحدین اہل فترت داخل جنت ہونگے معذب نہونگے مگر موحدین
اہل فترت کو باوجود اس امر کے کہ انبیا اور مرسلین سابقین کے قائل مگر پیغمبر زمان کے منکر ہونے کی وجہ سے
حق تعالی عذاب کریگا اور حق تعالی نے اُنکو کفار مین شامل کیا ہی اس سبب سے کہ میرے اس رسول کی تصدیق
نہین کرتے اگرچہ میری توحید اور انبیاے سابقین کی تصدیق کرتے ہین سبحان اللہ حق تعالی تو اپنے نبوت

لہ سورۂ مجادلہ ع ۳ پ ۲۸
سورۂ نساء ع ۲۱ پ ۵
سورۂ مائدہ ع ۸ پ ۶
سورۂ قصص ع ۹ پ ۲۰

اور رسولون کا یہ حفظ مراتب کرے اور اُن منکرین کو جہنم واصل کرے اور خالدین فیہا فرمائے کہ ہمیشہ
آگ مین جلتے رہین گے مگر وہ انبیا اور رسول اپنے خالق اور رب کا کچھ پاس و لحاظ نہ کرین اور دشمنان خدا
یعنی کفار و مشرکین کو دوست رکھین خصوصًا ہمارے پیغمبر کہ حبیب اللہ العالمین ہین اور کفار کو دوست رکھین
کہ جو دشمن خدا ہون باوجود یہی فرمانے حق سبحانہ تعالی کے یہ ممکن نہین اور دوست رکھنا رسول خدا کا
ابو طالب کو خود حق تعالی نے فرمادیا پس جناب رسالت مآبؐ ابو طالب کو دوست رکھتے تھے بسبب انکے
ایمان کے وہ کافر ہوسکتے ہی نہین خاصتنا برزنجی اور زینی اسکا جواب اس طرح رقم فرماتے ہین
پس اگر یہ مانا جاوے کہ آیت جناب ابو طالبؑ کی شان مین نازل ہوئی ہے تحقیق وہ مان لینا نہین منع کرتا
ایمان لانے سے ابی طالبؑ کے اور جز این نیست کہ دلالت کرتی ہو یہ آیت کہ تحقیق تو اے محمدؐ نہین ہدایت
کرسکتا ہو تو اسکو و لیکن خدا ہدایت کرسکتا ہو جسے چاہے پس برزنجی فرماتے ہین فنقول پس ہم کہتے ہین
کہ تحقیق کہ خدا نے ہدایت دی ہو انکو اپنی مہربانی سے اور قبل اسکے مذکور ہوا کہ تحقیق کہ حضرت عباسؓ نے
خبر دی پیغمبرؐ کو کہ تحقیق ابی طالبؑ نے گواہی دی یعنی کلمہ شہادت پڑھا اگرچہ جواب دیا آنحضرت نے انکو کہ
مین نے نہین سنا پس جز این نیست کہ کہا آنحضرت نے واسطے عباس کے وہ ظاہر حال پر نظر کرکے اور فرمانا
آنحضرت کا کہ نہ سنا مین نے مانع نہین ہے ابو طالب کے ایمان لانے کو اسلیے کہ تحقیق کہ اللہ نے خبر دی پیغمبرؐ کو
انکے ایمان لانے پر بعد اسکے اور اسی واسطے فرمایا آنحضرتؐ نے بعد ابو طالبؑ کی موت کے عباسؓ کے
جواب مین کل بہتری کی امید رکھتا ہون مین واسطے ابو طالب کے اپنے رب سے روایت کیا ہے اسکو طبقات
مین اور انکی امید واجب الحصول ہو پس نہین امید رکھتے آنحضرت کل چیز کی مگر واسطے مومن کے اور نہین
جائز ہو یہ کہ مراد لی جائے اس سے تخفیف ایک جز عذاب کی پس تحقیق کہ وہ نہین خیر بذاتہ چہ جائیکہ ہو وہ کل
خیر اور جز این نیست کہ تخفیف عذاب تخفیف شر کی ہو اور بعض شر اہون ہو بعض سے اور حصول کل خیر کا
جز این نیست کہ ہوتا ہو ساتھ داخل ہونے جنت کے فلو سلمنا فانہ لا یمتنع من ایمانہ وانما دلت
علی انہ لا تہدی بہ و لکن اللہ یہدی من یشاء فنقول ان اللہ قد ھداہ بلطفہ وتقدم ان
العباس خبر النبیؐ بانہ اتی بالشہادۃ وان قال لہ لم اسمعہ فانما قال لہ ذلک نظرا الی ظاہر
الحال وذلک لا یمتنع لان اللہ اطلعہ علی ایمانہ بعدہ ولذلک قال بعد موتہ فی جواب
العباس کل الخیر ارجو لہ من ربی رواہ فی الطبقات و رجاءہ محقق فلا یرجو کل الخیر الا للمومن
ولا یجوز ان یراد بہذا تخفیف جزء من العذاب فانہ لیس خیرًا بذاتہ فضلا عن ان یکون
کل الخیر وانما تخفیف العذاب تخفیف الشر و بعض الشر اہون من بعض وحصول کل الخیر
انما یکون بدخول الجنۃ انتہی یعنی اگر تسلیم کرلین ہم کہ یہ آیت شان مین ابو طالبؑ کے نازل ہوئی ہے
پس یہ آیت منع نہین کرتی ہو ایمان لانے کو ابو طالب کے بلکہ دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ تو اے محمدؐ ہدایت

ف خاصتنا برزنجی ... علوی امام سنائی جناب سید ابوالقاسم لاہوری قدس سرہ جواب ثالث برزنجی ۱۲

نہین کر سکتا لیکن خدا اُسکو ہدایت کر سکتا ہی اور اللہ دانا تر ہی مہتدین سے پس حق تعالی نے آخر وقت ظاہر
کرا دیا ہدایت کو کہ زبان سے بھی تلفظ کیا کلمہ کا [illegible] اور قول آنحضرت کا جو [illegible] بظاہر
حال تھا کہ پیغمبر نے اپنے کان سے تلفظ اُس کلمہ کا نہ سنا [illegible] شہادت [illegible] اللہ کے
پس خالق [illegible] سے بخشش کرا [illegible] آپ [illegible] پیغمبر خدا [illegible]
کے جواب [illegible] فرمایا [illegible] جو [illegible] اور یہی [illegible] اور یہاں سے بخوبی تحقیق وجوب الحصول
ہو بغیر تاخیر کے پس آنحضرت کی امید حق تعالی سے کل خیر کی نہین ہو [illegible] واسطے مومن مخلص کے اسواسطے
کہ کافر مستحق نہین ہو [illegible] یہ گمان کرنا لوگون کا کہ استغفار نبی باعث تخفیف عذاب کا ہوئی ہی صریح
باطل ہی اسواسطے کہ تخفیف عذاب سے مراد تخفیف جزئی ہی پس ایک جز عذاب اگر باطل کر دیا جائے تو ہم اور
حد عذاب سے خارج نہین ہوتا اس تخفیف کا نام خیر تو ہو سکتا نہین کل لحیہ کیسا تخفیف عذاب تخفیف بعض شر
کی ہی کہ بعض شر اہون من البعض ہوتے ہین پس حصول کل خیر ممکن نہین مگر ساتھ نجات پانے کل مضرات کے اور
داخل ہونے جنت کے سوا و ثانیاً احمد بن زینی دحلان اسنی المطالب مین رقم فرماتے ہین کہ پیغمبر خدا وقت وفات
ابوطالب کے پاس تشریف لے گئے وہان ابوجہل اور عبداللہ ابن ابی امیہ مخزومی بھی موجود تھے فقال رسول اللہ
[illegible] قل لا الہ الا اللہ الخ یعنی حضرت نے فرمایا کہ چچا تم فقط لا الہ الا اللہ کہدو کہ مین خدا کے سامنے گواہی
دون [illegible] کر دون اسپر ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بولے کہ اے ابوطالب کیا تم عبدالمطلب کی
ملت سے پھرتے ہو اور یہی کہے چلے گئے یہان تک کہ ابوطالب نے تنگ آکر اُن سے گفتگو کی نہین آخری
بات اپنی زبان سے یہی نکالی کہ مین ملت عبدالمطلب پر ثابت قدم ہون اور لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار
کر دیا اور ایک روایت مین یون آیا ہو کہ جب ابوطالب نے دیکھا کہ پیغمبر خدا بہت اصرار کرتے ہین تو کہا کہ اے
جان عم اگر مجھے قریش سے نہ سنے یا رسے [illegible] خیال و خوف نہ ہوتا تو مین یہ کلمہ کہدیتا اور ایک روایت مین یون
وارد ہوا کہ بہ سبب ننگ و عار و ملامت قریش کے نہین کہتا کہ وہ لوگ طعنہ زن ہونگے ورنہ آپکی آنکھین
اس کہنے سے روشن کر دیتا احمد زینی لکھتے ہین کہ اس مین تو کلام ہی نہین ہی کہ اُنکا عدم اقرار شہادتین نہ کرنے
مین ایمان کو اُنکے کوئی ضرر پہونچا تا ہی نہین اور یہ جو زینی نے رقم فرمایا مؤید اُسکے وہ روایات صحیحہ ہین
جو ہم بحث کفر و ایمان مین بیان کر آئے ہین اور جلد اول مسلم مین عثمان بن عفان سے بھی منقول ہی قال قال
رسول اللہ من مات وھو یعلم انہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ یعنی فرمایا رسول خدا نے کہ جو مر جائے اور یہ
جانتا ہو یعنی مفہوم لا الہ الا اللہ کو تو داخل جنت ہوگا بعد اسکے زینی لکھتے ہین کہ کیا یہ ممکن نہین ہی کہ ابوجہل و عبداللہ
ابن امیہ کے سامنے حضرت ابوطالب نے محض اس لالچ سے انکار کیا ہو کہ حفاظت نبی مین خلل نہ آئے اور بعد
میرے مرجانے کے آنحضرت کو کوئی آزار نہ پہونچا سکے اُنھین خوب معلوم تھا کہ قریش کے دلون مین قدر و منزلت
بعد وفات بھی اُسی صورت مین رہ سکتی ہی جب وہ لوگ جانتے کہ وہ ہمارے دین پر ثابت قدم رہا اُسی حرمت

اسنی المطالب صفحہ [illegible]

وتعظیم کے باعث ممکن ہو کہ نبی کو آزار نہ پہونچے اگر ابوطالب کا قصد یہی تھا تو اُنکو معذور سمجھا جائے اور بیشک
جو جواب اُنھین دیا تھا محض اُنکی خاطر کے طور پر تھا کہ اُنھین نفرت نہ پیدا ہو اور خدشہ یہ بھی لگا ہوا تھا کہ بعد
میری وفات کے آنحضرت کو آزار نہ پہونچے انتہی اور مسلم نے جو زیادہ کیا ہو عند الموت تو یہ سب واقعہ عند الموت
ہوے اور آخر ما کلمہم بہ جو روایات مین وارد ہوا ہو یعنی آخر بات اُن سے یعنی ابوجہل ور اُسکے ساتھیون سے
کہی تھی وہ وہی تھی یعنی علی ملت عبد المطلب مگر آخر ما تکلم بہ نہین ہو کہ آخر کلمہ جو اُنکی زبان سے نکلا وہ وہی
تھا بلکہ آخر کلمہ جو نکلا وہ لا الہ الا اللہ تھا جو قول عباس سے ثابت ہو اس بحث کو انشاء اللہ بالتفصیل ہم آگے
بھی بیان کرینگے جن مقامون پر آپ نے تعارض کیا ہو **فقط سایعًا** حضرت ابوطالب تو آنحضرت کی
صغر سنی سے پرورش اور تربیت مین مصروف تھے جیسا کہ آپ بھی معترف ہین اور آپ کا اعتراف کیا بلکہ تمام
کتب تواریخ وسیر واحادیث بلکہ تمام امت کا اجماع ہو کہ ابوطالب نے آنحضرت کی پرورش اور تربیت او
حمایت ونصرت مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اپنے فرزندون سے زیادہ حضرت کو دوست رکھتے تھے
اور تاحیات آنحضرت سے جدا نہین ہوے پس کون مانع تھا کہ جناب رسالت مآبؐ نے ابتدا سے وقت
موت تک ابوطالب کو ہدایت ایمان کی نہ فرمائی حالانکہ حق تعالی نے وانذر عشیرتک الاقربین فرما دیا
چنانچہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو جناب رسول مختار نے بنی ہاشم وغیرہ کو جمع کیا باختلاف روایات چالیس
یا پینتالیس شخص مردون مین سے تھے اور وہ عورتین تھین اور طعام قلیل تھا بقول علی بن ابی طالب علیہ السلام
جو معارج النبوۃ رکن سوم باب اول فصل چہارم مین موجود ہی فرمایا علی بن ابی طالب ع نے کہ قسم ہی خدا کی
کہ جان علی کی اُسکے قبضۂ قدرت مین ہی اسقدر وہ مقدار طعام کی تھی کہ ایک شخص اُسکو کھا لیتا اور اسی قدر
دودھ بھی تھا آنحضرت نے ایک پارچہ گوشت اُس مین سے اُٹھا کہ کچھ تھوڑا سا تناول فرمایا اور اُس مین رکھدیا
اور فرمایا خذوا باسم اللہ تعالی بعدہ تمام مہمانون نے اُس طعام کو کھایا اور سب سیر ہوگئے بعد انفراغ
طعام آنحضرت نے چاہا کہ کچھ فرماوین کہ ابولہب نے کلام مین مبادرت کی اور کہا کہ یہ سحر محمدی ہی الغرض سب کو
اُس لعین نے متفرق کر دیا آنحضرت بہت آزردہ ہوے پھر دوسرے روز اُسی طرح سب کو جمع کیا اور اُسی
مقدار قلیل مین سب کو کھلا دیا کہ وہ سب سیر ہوگئے پھر آنحضرت نے آیۂ وانذر عشیرتک الاقربین کی تلاوت
فرمائی اور کلمات ہدایت فرما کر فرمایا انا ادعوکم الی کلمتین فقام علی بن ابی طالب وقال انا یا رسول اللہ
اور بروایت جعفر ابن عبداللہ قبل از امیر المومنین علیؑ حضرت ابوطالب نے جواب مین مبادرت کی اور کہا کہ اے محمدؐ
مجکو کوئی امر زیادہ تیری اعانت سے محبوب نہین ہو اور نیز اس صحبت مین واسطے قبول کے آئے ہین اور یہ سب
ابنائے پدری تیرے ہین اور مین ایک اُنھین کا ہون اگر تیرے قول کو قبول او تیرے احکام رسالت کو تسلیم
کرین تو مین سب پر سبقت کرتا ہون اور اگر انکار کرین تو مین دین عبد المطلب پر ہون اور تو جس امر پر مبعوث
اور مامور ہوا ہو قیام کر اور افشائے ملت اور ابلاغ رسالت کو روز بروز ترقی دے واللہ جب تک مین زندہ

فصل چہارم باب اول رکن سوم کتاب معارج النبوۃ صفحہ ۲۴۲

رہونگا تیری محافظت کرونگا اور تیری حمایت مین اپنی جان نثار کرونگا اس طولانی تقریر کا ماحصل یہ ہی کہ
جناب رسالت مآبؐ کو قول جناب ابوطالبؑ سے ثابت ہوچکا تھا کہ اُنھون نے فرمایا کہ مین ایمان یا علان
لانے کو موجود ہین اور سب پر سبقت کرتا ہون بشرطیکہ یہ سب قبول کرین ورنہ مین دین عبدالمطلب پر
ہون اسکو یہان پر فرمائیے کہ ابوطالب کا انکار کرنا ایمان قبول کرنے سے نہ تھا بلکہ یہ کہنا آپکا مطابق فہم
اُنھین لوگون کے ہوگا جو ابوطالب کے ساتھ اُس مجمع مین مجتمع تھے اور تا دم مرگ بعض اُن مین کے حالت کفر
مین فی النار ہوگئے ورنہ جناب ابوطالب کا فرمانا کہ اس صحبت مین واسطے قبول کے آئے ہین اگرچہ یہ نسبت
سب کے ہی مگر قائل اس قول کا کون ہی جناب ابوطالب ہین اور یہ بھی ثابت ہی کہ اُن مین سے کوئی اس نیت
سے نہ آیا تھا بلکہ جس نیت سے جناب ابوطالب تشریف لائے تھے اُسکا اُنھون نے اظہار فرمایا کہ شاید
اُن مین سے کوئی میرے قول کی تصدیق کرے اور کہے کہ ہم بھی اسی نیت سے آئے ہین پھر فرمایا اگر تیرے
قول کو قبول کرین اور تیرے احکام رسالت کو تسلیم کرین تو مین سب پر سبقت کرتا ہون ورنہ مین دین عبد
المطلب پر ہون یا حضرت توجہ فرمائیے کہ ابوطالبؑ نے آنحضرت کی رسالت کا بھی اعلان کردیا کہ یہ رسول
ہین اور خود اقرار کرنا بھی ثابت ہوگیا اور یہ قول جناب ابوطالب کا کہ اگر یہ سب قبول کرین تو مین سب پر
سبقت کرتا ہون ظاہراً اس مین بھی شرط سب کے قبول کرنے کی ہی مگر سبقت کا وجود معدوم ہوا جاتا ہی کہ
جب سب نے قبول کرلیا تو پھر سبقت کیسی بلکہ مراد ابوطالب کی یہ تھی کہ اُن مین سے کوئی بھی قبول کریگا
اگرچہ اسوقت قبول نہ کرین تو میرا سابق الاسلام ہونا سب پر صادق آجائیگا پس جناب ابوطالب نے
اپنی نیت اُس صحبت مین آنے کی اور اقرار رسالت اور سب پر سابق الاسلام ہونا ثابت کردیا اور اگر بفرض
محال قبول کرلیا جائے کہ ابوطالب نہ قبول کرنے کے قصد سے آئے تھے نہ آپ نے اقرار رسالت کیا نہ
اعلان رسالت کیا نہ سبقت کی مگر رجحان طبع تو آپ کا آنحضرت پر ثابت ہوگیا پھر اُس وقت سے تا عند
الموت کہ ایک مدت مدید گذر گئی ابوطالب کے تاخیر فرمانے کا کیا سبب کیا کوئی وقت ایسا نہ ملا آنحضرتؐ کو کہ فرماتے
کہ قل یا عم لا الہ الا اللہ بلکہ ابوطالب موحدین اور اوصیاے انبیا یا لنفسہ نبی تھے اور جناب رسالت مآب کی
رسالت کو قبول فرماچکے تھے اور سابق الاسلامی اپنی مجمع عام مین ظاہر فرماچکے تھے ابوطالب مربی اور رازدار آنحضرت
کے تھے اور آنحضرتؐ بھی کمال ایمان ابوطالب سے واقف تھے اور کیا یہ ممکن نہین ہی کہ جن وجہون سے ابوطالبؑ
نے اخفا فرمایا تھا اُنھین سببون سے پیغمبر برحق کو بھی مخفی رکھنا ایمان ابوطالب کا منظور ہو کہ ایمان حضرت عباس
کو بھی آنحضرت نے تا بہ جنگ بدر اسقدر مخفی رہنے دیا کہ اصحاب مین سے بھی کوئی واقف نہ ہوا تھا یہان بھی
ایسا ہی تصور کرنا چاہیے کہ آنحضرت بخوبی واقف تھے کہ اگر ابوجہل وغیرہ کفار قریش پر ثابت ہوگیا کہ ابوطالبؑ
نے ایمان کو قبول کرلیا ہی اور مسلم ہوکر ترک ملت کفر کرکے وفات فرمائی تو اُن سب کے نزدیک قدر و منزلت
ابوطالب کے کلام کی باقی نہ رہیگی اور پاس و لحاظ وصایاے ابوطالب کا باقی نہ رہیگا اور سب کفار ایک

مجھپر ترغہ کرینگے اور مصائب عظیم کا سامنا ہوگا اس سبب سے مجمع کفار میں عند الموت فرمایا قل یا عم لا الہ
الا اللہ کہ ابوطالب تو رازدان مصطفوی تھے سمجھ گئے کہ میرے ایمان اور اسلام سے تو جناب ختمی مآب واقف
ہیں اس وقت جو ایسا سوال فرمایا ہے مصلحت ہی فوراً ابوطالب نے جواب میں فرمایا یا ابن اخی قد علمت انک
صادق ولکنی اکرہ ان یقال جزع عند الموت ولولا ان یکون علیک وعلی بنی ابیک ذلت عضاضة
ومسبة بعدی لقلتہا ولا قررت بہا عینک عند الفراق لما اری من شدة وجدک ونصحک
ولکنی سوف اموت علی ملة الاشیاخ عبد المطلب وہاشم وعبد مناف حالانکہ عند الموت تو ابوطالب
اپنے مراتب کا مشاہدہ فرماتے ہونگے اور یہی سبب ہے کہ اخیر ما تکلم بہ لا الہ الا اللہ ہوا جسکو حضرت عباس
نے سنکر فرمایا الگہمیا ... آنحضرت نے لم اسمع فرماکر سکوت کیا ورنہ عند الموت دعوت اسلام وایمان
فرمانا آنحضرت صلعم کا اور انکار کرنا ابوطالب کا دونوں امر محالات سے ہیں تکملۃ الایمان شیخ عبد الحق دہلوی کو ملاحظہ
تو فرمائیے کہ بار رقم فرمائے ہیں عبارت تکملہ کی بحروفہا یہ ہے ایمان الباس غیر مقبول باس در لغت
بمعنی شدت وعذاب آید ومراد درینجا سکرات موت ومعائنہ احوال آخرت است کہ در وقت حضور موت حاصل
گردد ودر اخبار آمدہ است کہ ہر یکی در وقت موت جای خود رامی بیند مومن در بہشت وکافر در دوزخ پس چون
کافر درین حالت ایمان آرد ایمان وی معتبر نباشد چہ ایمان باید کہ بغیبت وباختیار وقصد امتثالی امر مولی وبجا
آوردن حکم صاحب واطاعت فرمان وی تعالی باشد وایمان درین حالت ایمان بغیبت وباختیار نبود ضطراری
بود چنانچہ روز قیامت تمامی کافران فریاد برآرند ربنا ابصرنا وسمعنا فارجعنا نعمل صالحا انا موقنون
خداوندا ما دیدیم بچشم وشنیدیم بگوش امروز وبیقین دانستیم کہ انچہ پیغمبران تو خبر دادہ بودند وکتابہای تو بدان
ناطق بود حق است مارا بدنیا بازفرست تا عمل صالح کنیم ومستحق ثواب شویم این ایمان واقرار واعتراف بحق دران
وقت فائدہ ندارد وتمام اہل حق از اول تا آخر اتفاق دارند کہ ایمان یاس مقبول نیست ودر حدیث آمدہ است
ان اللہ یقبل توبۃ العبد ما لم یغرغر غرغرہ کنایہ از حالت موت وشدت سکرات ورسیدن روح در حلقوم
است ودر قرآن مجید می فرماید فلم یک ینفعہم ایمانہم لما رأوا باسنا یعنی ایمان در ہنگام دیدن باس وعذاب
الہی نفع نکند وجای دیگری فرماید ولیست التوبۃ للذین یعملون السیئات حتی اذا حضر احدہم
الموت قال انی تبت الآن ولا الذین یموتون وہم کفار نیست توبہ مر اوشان راکہ می کنند بدیہا تا آنکہ چون
در آید یکی از ایشان را موت بگوید بدرستی کہ من توبہ میکنم الکنون ونیست اوشان را توبہ کہ بمیرند واوشان کافران اند
الحاصل شاید کہ استدلال باین آیہ صحیح تر وصریح تر باشد چہ احتمال دارد کہ مراد برویت باس در آیت سابق
مشاہدہ علامات قیامت وطلوع شمس از مغرب باشد چنانچہ بعض مفسرین این آیہ کریمہ را بدین تفسیر کردہ اند و
این آیہ اخیر کہ ما بر خواندیم صریح ندامی کند بعدم قبول توبہ وایمان در وقت حضور موت کما لا یخفی وبدانچہ از دلیل
ونصوص ذکر کردیم ظاہر شد کہ توبہ معاصی نیز در حالت باس وغرغرہ مقبول نباشد چنانچہ ایمان ومذہب اکثر

تکملۃ الایمان شیخ عبد الحق دہلوی

از اشاعرہ وماتریدیہ وعلما وفقہا نیز ہی است ونزد بسیاری از علما نوبہ یاس مقبول است ولیکن ایمان یاس
بالاتفاق واجماع مقبول نیست جب بالاتفاق ثابت ہوا کہ ایمان وقت موت کا مقبول نہین ہی تو کس طرح
ممکن ہی کہ ایسے وقت مین جب کو محدثین آخر ما کلم ہم اور آخر ما تکلم سے خطاب کرین اسکو اس وقت مین جناب
رسالت مآب فرماتے کہ تم ایمان لاؤ اور ایسے وقت کا ایمان لانا کیا نفع دیتا کہ قصد امتثال امر مولی واطاعت
فرمان وی تعالی دونون معدوم تھے پس بیچو فرمانا جناب رسالت مآب کا مجمع کفار مین عند الموت جناب
ابو طالب کو تھا تو کسی مصلحت سے اور انکا حضرت ابو طالب بھی مصلحت تھا ورنہ کیا ممکن ہو کہ ابو طالب کافر
ہوتے اور اپنی جگہ دوزخ میں دیکھتے اور پھر انکار کرتے اور جگہ بھی وہ جگہ کہ عموماً کفار ربنا انصرنا وسمعنا
فارجعنا نعمل کہینگے ابو طالب اُس مقام کو مشاہدہ کرین اور انکار کرین ایمان سے پس بالضرور ثابت ہوتا ہی
کہ انکار جناب ابو طالب کا بمصلحت تھا اور سوال جناب رسالت مآب بھی بمصلحت تیجیے حدیث صحیح کی صحت بھی
باقی رہتی ہی اور اسلام وایمان جناب ابو طالب بھی ثابت کہ مابین حبیب ومحبوب کلمات رازواقع ہوئے اور
جب طرفین سے محبوبیت ثابت ہوئی تو طرفین حبیب خدا قرار پائے اسواسطے کہ جناب رسالت مآب حبیب خدا
تھے اور ابو طالب حبیب رسول تو بالضرور ابو طالب بھی حبیب خدا ہوئے اُنکے مومن ہونے مین کسی طرح کا
شک وشبہہ باقی نہین رہتا وما علینا الا البلاغ آیۃ ثانیہ قال جل جلالہ ما کان للنبی والذین
امنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی من بعد ما تبین لہم انہم اصحاب الجحیم ۔ نہین
نبی اور ایمان والون کو کہ استغفار کرین مشرکون کے لیے اگرچہ وہ قرابت والے ہون بعد اسکے کہ یہ ظاہر ہوچکا
کہ وہ بھڑکتی آگ مین جانے والے ہین یہ آیہ کریمہ بھی ابو طالب کے حق مین نازل ہوئی تفسیر امام نسفی مین ہی
ہم علیہ الصلوۃ والسلام ان یستغفر لابی طالب فنزل ما کان للنبی جلالین مین بھی نزل فی استغفارہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لعمہ ابی طالب امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری مین فرماتے ہین قال
الواحدی سمعت ابا عثمان الحیری سمعت ابا الحسن بن مقسم سمعت ابا اسحق الزجاج یقول
فی ہذہ الآیۃ اجمع المفسرون انہا نزلت فی ابی طالب یعنی واحدی نے اپنی تفسیر مین بسند خود ابو اسحق
زجاج سے روایت کی کہ مفسرین کا اجماع ہی کہ یہ آیۃ ابو طالب کے حق مین اُتری **اقول** آیۂ ثانیہ جو آپ نے
رقم فرمائی ما کان للنبی والذین امنوا الخ نہین روا ہی پیغمبر اور مومنین کو یعنی یہ کام پیغمبر اور مومنین کا نہین ہی
کہ طلب مغفرت کرین واسطے مشرکین کے اگرچہ وہ رشتہ دار ہون جب اُن مومنین پر ظاہر ہوچکا کہ وہ اصحاب
دوزخ ہین بعد اسکے آپ نے اجماع مفسرین کا ذکر فرمایا اول تو اجماع مفسرین حجت نہین ہوسکتا کہ علامہ
محمد کہ ملقب بحنفی ہین شرح رسالۂ سید شریف مین جو علم اصول حدیث مین ہی رقم فرماتے ہین وقد اخطأ
المفسرون ای وقعوا فی خطاء کالواحدی المفسر وغیرہ بین المفسرین فی ادراجہا ای فی ایراد
الاحادیث الموضوعۃ ودرجہا فی تفاسیرہم الا من عصمہ اللہ تعالی کصاحب المدارک مثلا و بہ تحقیق

کہ خطا کی ہی مفسرین نے یعنی اُن سے خطا واقع ہوئی مثل واحدی وغیرہ کے کہ وارد کیا اور درج کیا اپنی
اپنی تفسیرون مین احادیث موضوعہ کو مگر وہ شخص کہ بچایا اُسکو اللہ تعالیٰ نے مانند صاحب مدارک کے مثلاً جب
مفسرین کی تفسیرین مملو ہوئین احادیث موضوعہ اور ضعیفہ اور آحاد سے تو اُنکا اجماع اگر ثابت بھی ہو جائے
تو حجت نہین ہی اور اجماع اہل بیت کو آپ قبول نہ کرین گے کہ حضرت ابوطالب اور تمام آبائے نبوی کا ایمان
قبول کرنا پڑیگا قول ابن اثیر از جامع الاصول و نیز علامہ کاشفی از دلائل النبوت آوردہ نقل کردہ است از اہل بیت
کہ ایشان اتفاق دارند برآنکہ ابوطالب بایمان رفتہ معارج رکن سوم باب سوم فصل دوم صفحہ ٦٩ ابن اثیر نے
اپنی کتاب جامع الاصول مین کہا ہو لم یسلم من اعمام النبی الا حمزۃ وعباس واھل البیت یزعمون
ان ابا طالب مات مسلما یعنی نہین اسلام لائے اعمام نبی سے مگر حمزہ اور عباس اور اہل بیت گمان کرتے
ہین کہ بتحقیق ابوطالب نے انتقال کیا در انحالیکہ مسلم تھے دیکھیے اجماع اہل بیت کو اسلام ابوطالب پر ابن اثیر
نے بیان کر دیا اور اجماع اہل بیت حجت ہو سکتا ہی بلکہ حجت ہی کہ وہ احد الثقلین ہین جناب رسالت مآب نے
اُن سے تمسک کا حکم فرمایا ہی چنانچہ ترمذی وغیرہ مین ابوذر اور ابو سعید خدری اور زید بن ارقم اور حذیفہ بن
یمان اور جابر انصاری سے روایت کی ہی کہ ان رسول اللہ فی حجتہ یوم عرفۃ وھو علی ناقۃ القصوی
یخطب ویقول یا ایھا الناس انی ترکت فیکم ما ان تمسکتم او قال اخذتم بہ لن تضلوا کتاب
اللہ وعترتی اھل بیتی خلاصہ یہ ہو کہ رسول خدا نے حج مین روز عرفہ کہ ناقہ قصوی پر سوار تھے خطبہ فرمایا
اور فرمایا کہ ای گروہ مردم چھوڑتا ہون مین تم مین وہ چیز کہ اگر تمسک کروگے تم یا عمل کروگے تم ساتھ اُسکے
تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے ایک کتاب خدا ہی دوسری عترت میری ہی صحیح مسلم مین بہت سی سندون کے ساتھ مروی
ہی کہ پیغمبر خدا نے روز غدیر خطبہ فرمایا انی تارک فیکم الثقلین اولھما کتاب اللہ فیہ الھدی والنور فخذوا
بکتاب اللہ واستمسکوا بہ واھل بیتی اذکرکم اللہ یعنی تم مین دو چیزین گرانبہا چھوڑتا ہون مین ایک
قرآن مجید کہ اُس مین نور اور ہدایت ہی اُسپر عمل کرو تم دوسرے اہل بیت میرے ہین تم کو خدا کی یاد دلاتا
ہون مین تین مرتبہ تاکیداً اس کلمہ کو فرمایا مشکوۃ مین احمد بن حنبل سے روایت ہی ان مثل اھل بیتی مثل سفینۃ
نوح من رکبھا نجی ومن تخلف ھلک و فی المشکوۃ عن ابی ذر انہ قال ھو اخذ بباب الکعبۃ سمعت النبی
یقول الا ان مثل اھل بیتی مثل سفینۃ نوح الخ ہی یعنی بہ تحقیق کہ مثال میرے اہل بیت کی اس امت مین مثال
سفینہ نوح کی ہی پس جو شخص کہ سفینہ آل محمد پر سوار ہوا نجات پائی اُسنے اور جسنے تخلف کیا دریائے ضلالت
اور طوفان اختلاف مین غرق و ہلاک ہوا ترمذی مین روایت ہو قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
انی تارک فیکم ما ان تمسکتم بہ لن تضلوا بعدی احدھما اعظم من الاخر کتاب اللہ حبل ممدود
من السماء الی الارض وعترتی اھل بیتی ولن یفترقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف تخلفونی
فیھما فرمایا جناب رسول خدا نے مین تم مین چھوڑتا ہون وہ چیز کہ اگر متمسک ہوگے تم ساتھ اُسکے پھر ہرگز

گمراہ نہ ہوگے تم ایک اُن دونون مین سے بزرگتر ہے دوسری سے ایک کتاب خدا ہے جو کہ ریسمان ممدود ہے
آسمان سے زمین تک دوسرے اہل بیت میرے ہین اور ہرگز جدا نہ ہونگے یہانتک کہ حوض کوثر پر میرے پاس
وارد ہون تامل کرو تم کہ کیا سلوک و معاملہ کرتے ہو تم بعد میرے قرآن اور اہل بیت سے ماحصل یہ
ہے کہ اجماع اہل بیت حجت ہے پھر جب اجماع اہل بیت ثابت ہو [illegible] ابوطالب [illegible] حجت
ہو سکتا ہے اور یہ امر تو ظاہر ہے کہ امور بیت کہ اہل بیت ہی خوب جانتے ہین اور [illegible] ایک دوسرے کے
حال سے جیسا وہ واقف ہو سکتے ہین اُنکا غیر ہرگز واقف نہین ہو سکتا اور جب تواتر احادیث مرقومہ بالا
ثابت ہے تو واجب التمسک اہل بیت قرار پاتے ہین انکا اجماع حجت ہے آپ چاہین قبول فرمائین چاہین
نہ فرمائین جب بقول جناب رسالت مآب قرآن اور اہل بیت آپس مین ایک دوسرے سے اعظم ہین تو انکا
اجماع بہ نسبت اجماع مفسرین کے بھی اعظم ہے بلکہ واجب التمسک ہے ثانیاً اگر ہم بفرض محال تسلیم بھی
کرلین کہ اجماع مفسرین ہی صحیح ہے تو کلام مفسرین مین تعارض اور تضاد واقع ہوا ہے جیسا کچھ ہم اوپر
بحث آیہ انک لاتہدی من احببت مین عرض کر آئے ہین پھر بھی گذارش کرتے ہین کہ یہی مفسرین تفسیر آیہ
ان الذین کفروا سواء علیہم مین اقسام کفر رقم فرماکر کہتے ہین کہ جناب ابوطالب کا کفر کفر عناد تھا اور اسکی
تعریف مین تصدیق قلبی اور اقرار لسانی کا اقرار فرماکر عدم تدین سے کفر ثابت کرتے ہین پھر وہی مفسرین اجماع
فرماتے ہین کہ انک لاتہدی من احببت الخ شان ابوطالب مین نازل ہوئی اور حدیث صحیح سے حجت لیتے ہین
کہ جناب ابوطالب نے لا الہ الا اللہ کہنے سے صاف انکار کیا اسی کا نام اقرار لسانی ہے لیجیے پہلے اقرار
لسانی کا اقرار تھا اب انکار اسکو ہم اوپر بحث آیہ مذکورہ مین بیان کر چکے ہین اب پھر یہی مفسرین اجماع فرماتے
ہین کہ آیہ ماکان للنبی بھی جناب ابوطالب کے حق مین نازل ہوئی سبحان اللہ کیا اجماع ہے مفسرین کا اور
کیا سمجھ ہے آپ کی دیکھیے تو کہ یہان تصدیق قلبی اور اقرار لسانی دونون بالائے طاق اور شرک کا وجود دست بستہ
موجود کبھی تو یہی مفسرین کفر عناد کے قائل ہوتے ہین کبھی انکار لسانی پر اجماع فرماتے ہین کبھی شرک
پر اجماع فرماتے ہین آخر بیچارہ ایک جناب ابوطالب اور اوپر تمام اقسام کفر اور شرک کہ آپس مین
مغائرت تام رکھتے ہین کس طرح ثابت ہو سکتے ہین اور جب اجماع مفسرین ثابت ہے تو اس
اجماع کو ہم بھی تسلیم کیے لیتے ہین مگر یہ اجماع واقع ہوا ہے اجتماع ضدین اور تعارض پر کہ جو محال
بالضرورۃ ہے اب ہم اس آیہ کے نزول کو مطابق اجماع مفسرین کے جناب ابوطالب ہی کے باب مین قرار
دیتے ہین مگر ان مفسرین نے سبب نزول مین اس آیہ کے جو حدیث رقم فرمائی وہی حدیث سبب نزول آیہ
انک لاتہدی مین وارد کی ہے کہ جس حدیث سے انکار کیا بلکہ اقرار پایا جاتا ہے شرک کا ذکر ہی کیا ہے جیسا کہ
آئندہ ہم بیان کرینگے پہلے آپ شرک ابوطالب ثابت فرمائیے پھر اجماع مفسرین سے دلیل لائیے یہ آیہ
تو صریح مشرکین کے حق مین نازل ہوئی ہے اور جناب ابوطالب علیہ السلام کے بارہ مین کسی صحیح طریقہ سے یہ بات نقل

نہین کی گئی کہ اُنھون نے کسی بت کو اپنا خدا مانا ہو یا پتھر کی پرستش کی ہو یا پیغمبر خدا کو عبادت خدا سے منع کیا ہو یا یہ کہا ہو کہ ای محمدؐ تم ہمارے خداؤن کو برا نہ کہو بلکہ جب کفار قریش نے آکر ظاہر کیا کہ ای ابوطالب ہم نے آپ سے مکرر التجا کی کہ آپ پیشوا اور سردار ہمارے ہین مگر آپ نے توجہ نہ فرمائی اب ہم مین طاقت باقی نہین کہ آپ کا بھتیجا محمدؐ سبّ وشتم ہمارے خداؤن کی کرتا ہی ہمارے بزرگون کی مذمت کرتا ہی ہم کو کافر کہتا ہی ہم سب نے اتفاق کیا ہی کہ ہم اُسکو ایذا دین اور سب کا یہ قول ہی کہ یا وہ مکہ مین رہے یا ہم جناب ابوطالبؑ نے پہلے تو سمجھایا اور سختی سے گفتگو کی وہ لوگ اُٹھکر چلے گئے اُسوقت جناب ابوطالبؑ نے رسالت مآبؐ کو طلب کیا اور کہا کہ تمام قوم یکدل ہوگئی اور سب نے دشمنی پر عہد کیا ہی اب وہ اس امر پر راضی ہین کہ تم اُنکے خداؤن کو بد نہ کہو اور نسبت کفر وضلالت کی اُنکو نہ دو جناب رسالت مآبؐ کو گمان ہوا کہ ابوطالب میری حمایت وحراست سے تنگ ہوگئے فرمایا ای عم اگر ایک ہاتھ مین آفتاب اور ایک مین ماہتاب دین اور کہین کہ اس کام کو ترک کرو تو بھی مین ترک نہ کرونگا اُس وقت تک کہ دین اسلام ظاہر کرون یا اجل میری آجائے یہ فرماکر اُٹھکھڑے ہوے اور آب دیدہ ہوکر چلے جناب ابوطالب نہایت پشیمان ہوے اور آنحضرت کو بلایا اور بہت تسکین دی اور فرمایا کہ جس طرح تم چاہو اظہار حق کرو جب تک مین زندہ ہون تمھاری حمایت اور امداد سے دست بردار نہ ہونگا اور یہ اشعار فرمائے ؎ واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتی اوسد فی التراب دفینا + فاصدع بامرک ما علیک غضاضۃ + وابشر وقربذاک منک عیونا خلاصہ یہ ہی کہ جناب رسول خدا سے ابوطالب نے انکا یعنی قریش وغیرہ کا مقولہ بیان کیا کہ اُنکے خداؤن کو بد نہ کہو یہ بھی نہین کہا کہ ہمارے خداؤن کو بد نہ کہو اور جب دیکھا کہ آثار آزردگی چہرۂ مبارک آنحضرتؐ پر ظاہر ہوے تو فرمایا کہ ای جان عم تم آزردہ نہ ہو جس طرح چاہو اظہار حق کرو جب تک مین زندہ ہون تم کو کوئی گزند نہین پہونچا سکتا پھر کسی طرح ثابت ہوسکتا ہی کہ جناب ابوطالب مشرک تھے جب تک آپ شرک جناب ابوطالبؑ کا ثابت نہ فرمائینگے نزول آیہ ما کان للنبی جناب ابوطالب کے حق مین ثابت ہونا محال ہی ثالثًا برزنجی فرماتے ہین انی تتبعت اسباب نزولہا فوجدتہا منقسمۃ الی ثلاثۃ اوجہ یعنی برزنجی فرماتے ہین کہ مین نے بہت تتبع کیا سبب نزول مین اس آیت کے اور جتنی حدیثین اس آیت کے نزول مین وارد ہوئی ہین سب دیکھین اُنکو تین قسم پر منقسم پایا وجہ اول یہ آیت حضرت ابوطالب کے بارے مین نازل ہوئی وجہ دوم والدۂ جناب رسالت مآبؐ کے لیے اُتری وجہ سوم بہ نسبت آبائے مردم کے اُتری کہ وہ حالت کفر مین مرگئے تھے اُنکی اولاد مسلمین اُنکے لیے استغفار کرتی تھی اما وجہ الثانی ضعیف جدا وجہ ثانی نہایت ضعیف ہی کہ قبل بعثت نبوی اُنکا انتقال ہوا ومع ہذا وہ مشرکہ نہ تھین بلکہ ملت ابراہیم پر تھین وجہ اول کہ شان ابوطالب مین نازل ہوئی اسکے راویون نے اسے پورا پورا نہین بیان کیا اور درمیان رُواۃ حذف واختصار واقع ہوا ہی وجہ ثالث یہی صحیح ہی اور استدلال اسپر چند وجہ سے ہی اول ھا استدلال بہ علی صحتہ ھو ان لا آیۃ

نزلت بالمدینۃ والسورۃ مدنیۃ بعد تبوک وموت ابی طالب کان بمکۃ قبل نزول الآیۃ بنحو اثنی عشر سنۃ [illegible] قتدالال [illegible] الشیعہ [illegible] کہ مدینہ میں بعد جنگ تبوک یہ آیت نازل ہوئی [illegible] وفات ابو طالب [illegible] لم ینقل عن ابی طالب بطریق صحیح انہ اتخذ صنما الٰہا [illegible] النبی من عبادۃ ربہ فغایتہ انہ ترک التلفظ بالکلمۃ المخصوصۃ وترک بعض الواجبات [illegible] قلبہ مصدق بالنبی وھذا من اقوالہ وافعالہ بالنبی ظاہر [illegible] لاخرۃ [illegible] فلا یلیق بالحکمۃ ولا بمحاسن الشریعۃ و لا بقواعد الائمۃ من [illegible] ھو و آزر [illegible] فی قرن واحد ھاشا من کرم اللہ تعالٰی ومن ھنا قال حسان امن یھجو رسول اللہ منکم[2] ویمدحہ وینصرہ سواء یعنی حضرت ابو طالب کے باب میں کسی صحیح طریقہ سے یہ بات نقل نہیں کی گئی کہ اُنھون نے شرک کیا ہو یا کسی بت کو خدا کہا ہو یا پتھر کی پرستش کی ہو یا اپنی مدۃ العمر میں پیغمبر خدا کو عبادت خدا سے منع کیا ہو نہایۃ ما فی الباب اُنسے بڑی سے بڑی جو بات سرزد ہوئی وہ یہی ہوئی کہ بلفظہ کلمہ طیبہ نہیں کہا یا بعض واجبات فرعیہ ترک کیے ہون اور باوجود اسکے دل انکا توحید [illegible] اور تصدیق نبی عربی اور اس قسم کی باتون سے پر تھا پس وہ بمقتضاے دین مالیصرو آخرت میں نجات پا ئینگے اور یہ بات لائق نہیں ہے بحکمت الٰہی اور نہ بمحاسن شرعی نہ بقواعد ائمہ کلامی کہ ابو طالب اور آزر عم ابراہیم ایک ساتھ ہون یعنی معاذ اللہ حضرت ابو طالب اور آزر کو ایک درجہ میں سمجھا جائے اسی سبب سے حسان فرماتے ہین کیا وہ شخص جو تم سے ہجو کرے رسول کی اور وہ شخص جو حضرت کی مدح و نصرت کرے برابر ہوسکتا ہو مراد ہجو کرنے والے سے ابو سفیان اور اُسکے امثال ہین اور مراد نصرت کرنے والے سے حضرت ابو طالب ہین الغرض حضرت ابو طالب نے پہلے رسول خدا کو پرورش کیا تربیت کے صغر سن سے کبر سن تک اپنے پاس اپنی حراست و حفاظت میں رکھا ابتدا سے انتہا تک یاری اور مددگاری و عزت و توقیر آنحضرت کی کی اور دفع اعدا میں جد و جہد کی اور مدح و ثنا میں قصائد بے بہا انشا کیے اور اتباع آنحضرت کی تحریص و ترغیب اپنون اور بیگانون کو کیا کیے اپنی اولاد کو حکم اتباع آنحضرت دیا اور جو اتباع آنحضرت کرتا تھا اُس سے بھی نہایت خوش ہوتے تھے پس صاحب مدح و ثنا اور صاحب ہجو برابر نہیں ہو سکتے ابن جریر نے[عہ] بطریق شبل عمر ابن دینار سے روایت کی ہے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ ابراہیم نے اپنے چچا کے لیے استغفار کیا درحالیکہ وہ مشرک تھا مین بھی اپنے چچا ابو طالب کے لیے استغفار کیے جاؤنگا تا آنکہ خدا عز و جل مجھے منع کردے اصحاب رسول نے کہا کہ جس طرح پیغمبر اپنے چچا کے لیے مغفرت طلب کرتے ہین ہم بھی اپنے آبا و اجداد کے واسطے مغفرت طلب کرین پس یہ آیت نازل ہوئی اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ[عہ] معنی اسکے یہ ہین کہ جناب رسول خدا نے فرمایا کہ ابراہیم نے اپنے چچا مشرک کے لیے استغفار کیا تو مین اپنے چچا ابو طالب کے لیے کیون استغفار نہ کرون کہ وہ تو مشرک نہیں تھے م آنکی

عہ اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible] سطر [illegible]

عہ اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible] سطر [illegible]

عہ اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible] سطر [illegible]

خطائین سواے شرک کے بخشین اور یہ بھی ظاہر ہی کہ حق سبحانہ تعالی نے جناب رسول مختار کو ممانعت بھی نہین فرمائی اگر جناب رسول مختار کو ممانعت ہوتی تو یون کہا جاتا ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین وان یستغفر النبی لعمہ یعنی مناسب نہین ہی نبی اور مومنین کو کہ مشرکون کے لیے استغفار کرین اور نبی اپنے چچا کے لیے استغفار کرے پس یون نہ کہا گیا اور اسکی تصریح[۱] اس سے بھی ہوتی ہی جو درمنثور مین بطریق ابن جریر قتادہ سے وارد ہی کہ صحابہ مین سے بعض نے رسول خدا سے اپنے والدین کے بارے مین استغفار کرنے کے لیے پوچھا جناب رسالت مآب نے فرمایا قسم بخدا مین اپنے عم کے لیے استغفار کیے جاؤنگا جس طرح ابراہیم نے اپنے عم کے لیے استغفار کیا تو یہ آیت نازل ہوئی ما کان للنبی پھر رسول خدا نے فرمایا میرے پاس ایسے کلمات بذریعۂ وحی پہونچے ہین جو میرے کانون مین پڑکر کھپ گئے ہین کہ مجھے حکم دیا گیا ہی کہ جو مشرک مرے مین اُسکے لیے استغفار نہ کرون پس پہلے تو آنحضرت نے فرمایا کہ مین اپنے چچا کے لیے استغفار کیے جاؤنگا اور صحابہ سے یہ نہ فرمایا کہ مجھے ابوطالب کے استغفار سے ممانعت ہوئی ہی بلکہ یہ فرمایا کہ جو شخص مشرک مرا ہو اُسکے استغفار کی ممانعت ہوئی ہی اس مین ایک اشارہ خفی ہی کہ میرے چچا ابوطالب مشرک نہ تھے اور ایسے اشارات جناب رسول خدا نے اکثر بضرورت فرمائے ہین کہ سائل کا جواب بھی پورا پورا ہو جائے کہ وہ مطمئن اور خوش رہے چنانچہ[۲] ابن ماجہ نے ابن عمر سے روایت کی ہی کہ ایک اعرابی آیا اور جناب رسالت مآب سے عرض کی کہ میرا باپ صلۂ رحمی کرتا تھا اور صفات حسنہ رکھتا تھا اور مشرک مرگیا یوم القیامۃ وہ کہان ہوگا حضرت نے فرمایا دوزخ مین اُس اعرابی کو نہایت ناگوار ہوا اُسنے غصہ مین آکر کہا کہ پھر آپ کے چچا کہان ہونگے حضرت نے جواب دیا کہ تو جس کافر مشرک کی قبر کے پاس سے ہوکر نکلے اُسے بشارت دے آتش جہنم کی وہ اعرابی اسلام لایا اور اُسکا قول تھا کہ مین جس مشرک کی قبر کے پاس سے ہوکر نکلتا ہون اُسے بشارت جہنم دیتا ہون پس جناب رسول برحق نے اُس اعرابی کو جواب بھی دیا اور جناب ابوطالب کو مشرک بھی نہ کہا ورنہ صاف صاف جواب تو یہ تھا کہ میرا چچا بھی دوزخ مین ہوگا یا بہشت مین مگر بہ مصلحت آنحضرت نے دونون امرون سے اعراض کیا اور ایسا جواب دیا کہ جس مین توریہ اور ابہام تھا اور کلام بھی سچا تھا حقیقت کو صاف صاف بیان بھی نہ کیا کہ اُسکے مرتد ہونے کا خوف تھا اور جبلی اور فطرتی بات ہی کہ نفوس اپنے مخالفت سے نفرت کرتے ہین اور عرب کے تو خمیر مین ظلم اور سختی پڑی ہوئی تھی اسی سبب سے ایسا جواب دیا کہ مطمئن ہوگیا یہ روایت[۳] اس قبیل کی دوسری روایتون سے مقدم ہی جنکو راویون نے معنی اور مطلب کے لحاظ سے بدل ڈالا ہی مثل روایت مسلم کے کہ ایک شخص نے عرض کی کہ یا رسول اللہ میرا باپ کہان ہی فرمایا جہنم مین وہ منھ پھیر کر چلا حضرت نے اُسے بلایا اور کہا کہ میرا عم اور تیرا باپ دونون جہنم مین ہین یہ روایت منکر ہی اور علما نے اس مین بہت کچھ کلام کیا ہی جسکا خلاصہ زرقانی نے شرح المواہب مین لکھا ہی کہ یہ امر بہت درست ہی کہ راویون نے اس مین تصرف کیا ہی اور اُن کی

[۱] اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible]

[۲] اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible]

[۳] اسنی المطالب مطبوعہ [illegible] صفحہ [illegible]

رائین مختلف ہوگئی ہین مگر صحیح وہی پہلی روایت ہی یعنی حیث ما مررت بقبر کافر فبشرہ بالنار راویون نے
یہ سمجھ لیا کہ عم رسول خدا بھی اس مین شامل ہین اور اسے بدل ڈالا اور اُن معنی کے مطابق جو اُنکے خیال مین
آیا رکھدیا اور کہدیا ان ابی وابالک فی النار اور ابی سے مراد عمی لے لی اور یہ جو آیا ہی کہ آزر عم ابراہیم
تھا اُنکا باپ نہ تھا نہایت صحیح قول ہی **ثالث** دلیل ثالث مین برزنجی فرماتے ہین ثم وقع بیان ان علیا رضی
عنہ من طرق صحیحۃ رواھا الائمۃ احمد والترمذی والطیالسی وابن ابی شیبۃ والنسائی و
ابویعلی وابن جریر وابن منذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ والحاکم وصححہ وابن مردویہ والبیہقی
وغیرھم ان السبب فی نزولہا استغفار ناس لاباۂھم المشرکین قال علی سمعت رجلا
یستغفر لابویہ وھما مشرکان الخ پس ان سب ائمۂ مذکورین نے ساتھ تصحیح کے اس حدیث شریف کو
حضرت امیر المومنین علیؑ سے روایت کی کہ سبب نزول اس آیت کا یہ ہوا کہ لوگ استغفار کرتے تھے اپنے
آباے مشرکین کے لیے چنانچہ فرمایا علیؑ نے کہ ایک شخص کو مین نے سنا کہ اپنے والدین مشرکین کے لیے استغفار
کرتا ہی مین نے پوچھا کہ تو استغفار کرتا ہی اپنے والدین مشرکین کے لیے اُسنے جواب دیا کہ کیا ابراہیم نے اپنے
آباے مشرکین کے لیے استغفار نہین کی مین نے یہ ذکر جناب رسول خدا سے کیا اُسوقت یہ آیت نازل ہوئی
یہی روایت صحیح اور صریح ہی کہ مراد ماکان للنبی سے یہان پر ابراہیم ہین اور والذین امنوا سے مومنین صحابہ
استغفار کرنے والے نہ حضرت خاتم الانبیا ہین و قد وجدنا لہا شاھدا بروایۃ صحیحۃ من حدیث ابن عباس
ایضہ رواھا ابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباس قال کانوا یستغفرون لاباۂھم حتی نزلت
ھذہ الآیۃ فلما نزلت امسکوا عن الاستغفار لاموا تھم ولم ینہوا ان یستغفروا للاحیاء حتی یموتوا
ثم انزل اللہ وما کان استغفار ابراھیم لابیہ یعنی استغفر لہ ما کان حیا فلما مات آزر امسک
عن الاستغفار لہ ثم قال الاھذا شاھد صحیح اخر فحیث کانت ھذہ الروایۃ اصح کان العمل بہا ارجح
ای برزنجی وزینیؒ
فالارجح انہا نزلت خاصۃ فی استغفار ناس لاباۂھم المشرکین لافی ابی طالب انتہی یعنی تحقیق کہ پایا ہے
شاہد واسطے روایت مضمون بالا کے کہ بحدیث صحیح مروی ہی ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور ابن عباس سے کہ
ایک جماعت مردم استغفار کرتی تھی اپنے پدران مشرکین کے لیے اُسوقت یہ آیت نازل ہوئی پس جب یہ
آیت نازل ہوئی وہ لوگ باز رہے اور امساک کیا استغفار سے بہ نسبت آباے اموات مشرکین کے اور
نہی وارد نہ ہوئی اقارب مشرکین زندہ کے لیے تا وقت موت پھر یہ آیت نازل ہوئی وماکان استغفار
ابراھیم لابیہ یعنی استغفار کرنا ابراہیم کا آزر مردہ کے لیے نہ تھا بلکہ زندگی آزر مین تھا اس امید پر کہ شرک و
کفر کو ترک کرے اور مستحق نجات ہو جائے جب آزر مر گیا ابراہیم نے زبان استغفار بند کر لی پس جس مقام پر
اصح الروایات ثابت ہو عمل اصح پر کرنا چاہیے کہ اصح ارجح ہی صحیح سے اور اصح وارجح یہی روایت ہی کہ یہ
آیت دربارہ مستغفرین آباے اموات مشرکین مردم مین نازل ہوئی ہی نہ دربارہ منع پیغمبر یا تنبیہ نبیں کلام نہی

اور برزنجی سے ثابت ہو گیا کہ مراد ماکان للنبی سے حضرت ابراہیم خلیل ہین اسواسطے کہ سائل نے سوال کیا تھا کہ آیا ابراہیم نے استغفار کی تھی پس یہ آیت اُسکے جواب مین نازل ہوئی اگر معترض کہے کہ لفظ نبی مبہم ہو اور اکثر شان رسالت مآب مین اطلاق ہوا ہو تو جواب اُسکا یہ ہو کہ لفظ نبی علی الظاہر مبہم تھا ہی لیے اُسکی تفسیر دوسری آیت مین کہ ماکان استغفار ابراہیم لابیہ ہو گی اور یہی ثابت ہو گیا اُن دونون آیتون سے کہ ابو طالب نہ کافر تھے نہ حالت کفر مین انتقال کیا [illegible] رسول خدا نے اُنکے لیے مغفرت طلب کی اور جو روایتین کہ استغفار کرنے پر [illegible] ابو طالب [illegible] نقل روایت واقدی کے وجعل النبی یستغفر لہ [illegible] تو اسکا جواب [illegible] برزنجی اور زینی نے اوپر مذکور ہوا کہ شاید بعض واجبات فرعیہ ابو طالب سے ترک ہوئے ہون اور [illegible] واسطے آنحضرت نے استغفار بھی کیا ہو دوسرا جواب اور یہ بھی [illegible] زینی کے کلام سے [illegible] اور [illegible] سے نکلتا ہی جو دلالت کرتے ہین کہ وقت وفات آنحضرت نے ابو طالب سے قل یا عم لا الٰہ الا اللہ فرمایا اور ابو طالب نے بجہت حفاظت وصیانت نبوی قریب موت تک اظہار شہادتین بلفظہا روبرو ابوجہل وغیرہ کے نکیا لیکن آخر وقت جو حدیث عباس سے ثابت ہی پس یہ ممکن ہی کہ استغفار آنحضرت کا واسطے تاخیر اظہار کلمہ طیبہ بلفظہا کے واقع ہوا ہو اگرچہ اظہار آخر وقت بھی کفارہ سابق ہو سکتا ہی تیسرا جواب یہ ہی کہ یہ دونون جواب مذکور بالا مطابق راے برزنجی اور زینی ہین کہ اُنکے کلام سے پائے جاتے ہین اور یہ جواب اُس وقت پر منحصر ہے کہ استغفار کرنا جناب رسالت مآب کا بنظر تاخیر کلمہ طیبہ یا ترک کرنے بعض واجبات فرعیہ کے واقع ہوا ہو اور اسقدر بھی حضرت ابو طالب کو خاطی تصور کرلین اور یہ بھی ثابت ہو جائے کہ جناب رسول مختار نے اسی سبب سے استغفار کیا ورنہ استغفار کرنا انبیا علیہم السلام کا اپنے نفسون کے واسطے واقع ہوا وہ کس غرض سے تھا حالانکہ انبیا معصوم ہین پس جو جواب استغفار انبیا لانفسہم کا واقع ہوگا وہی جواب ہمارا ہے بہ نسبت استغفار کرنے آنحضرت کے ابو طالب کے واسطے پھر علامہ زینی اور برزنجی فرماتے ہین کہ ان صحیح روایتون مین جو اوپر مذکور ہوئی اور اُس روایت مین کہ حضرت ابو طالب کے بارہ مین نازل ہوئی اجتماع ہو جائے اور پھر بھی ہمارا مطلب حاصل ہو کہ وہ روایت جو دلالت کرتی ہو کہ یہ ابو طالب کے بارہ مین نازل ہوئی پوری پوری نہین بیان کی گئی اور اس مین حذف و اختصار واقع ہوا ہو کہ راوی نے آخر روایت مین کہا لاستغفرن لک ما لم انہ عنک فنزلت ماکان للنبی اور راوی نے یہ نہ کہا فقال المسلمون ان رسول اللہ یستغفر لعمہ لنستغفرن لآبائنا فاستغفروا لآبائھم فنزلت فی حقہم کہ مسلمانون نے کہا کہ رسول خدا اپنے چچا کے لیے استغفار کرتے ہین ہم بھی اپنے آبا و اجداد کے لیے استغفار کرین پس یہ آیت نازل ہوئی چونکہ یہ جملہ محذوف ہو گیا تھا راوی نے گمان کیا کہ یہ آیت ابو طالب کے حق مین نازل ہوئی اگر یہ جملہ مذکور ہوتا تو برابر کہتا کہ یہ آیت اُن لوگون کے بارہ مین نازل ہوئی جو اپنے بزرگون کے لیے استغفار کرتے تھے کیفیت اُس روایت کی یہ ہو کہ

سنی ابوطالب مطبوعہ دہلی صفحہ ۷ سطر ۱۲

پیغمبر خدا نے ابوطالب سے روبرو ابوجہل و عبد اللہ بن امیہ کے کہا کہ ای عم لا الہ الا اللہ کہو انھون نے انکار
کیا پیغمبر خدا نے فرمایا کہ مین تمھارے لیے استغفار کیے جاؤنگا یہان تک کہ حق تعالی مجھے منع کر دے مسلمانون نے
دیکھا کہ رسول خدا اپنے چچا کے لیے استغفار کرتے ہین لاؤ ہم بھی استغفار کرین اپنے آباؤ اجداد مشرکین کے لیے
پس استغفار کرنا شروع کیا انھون نے اسوقت یہ آیت نازل ہوئی یہ آخری جملہ اس مین سے حذف کر دیا
تنبیہ یہ امر غور طلب ہی اگر بنظر دقیق دیکھین تو حدیث اور آیت دونون سے پایا جاتا ہی کہ جب جناب رسالتمآب صلعم
نے فرمایا لاستغفرن لک مالم انہ عنک اسوقت یہ آیت نازل نہین ہوئی اگر اسوقت نازل ہوئی ہوتی تو
دوسرے مومنین آیت مین شامل نہ ہوتے اور یہ ممانعت بدرجۂ اولی مومنین کو بھی شامل رہتی ہی سے بوضاحت
ثابت ہی جب مومنین نے استغفار کرنا شروع کیا اسوقت نزول اس آیت کا ہوا اور ماکان للنبی والذین
امنوا حق تعالی نے فرمایا یعنی شان ابراہیم سے بعید ہی پس نزول آیت حق مین مومنین کے ہوا نہ بہ نسبت جناب
ابوطالب کے پھر زیلعی اور برزنجی کہتے ہین کہ اسی طرح اجتماع پر دلالت کرتی ہی وہ حدیث جو ابن ابی حاتم اور
ابو الشیخ اور محمد بن کعب قرظی سے روایت ہی کہ جب پیغمبر خدا نے فرمایا کہ مین استغفار کیے جاؤنگا یہان تک کہ
خدا مجھے منع کر دے مسلمان بولے کہ یہ محمد اپنے چچا کے لیے استغفار کرتا ہی اور ابراہیم نے اپنے چچا کے لیے استغفار
کیا تھا وہ بھی استغفار کرنے لگے حق تعالی نے یہ آیت نازل کی ماکان للنبی پھر یہ نازل فرمائی وماکان استغفار
ابراہیم لابیہ ان سب احادیث اور اخبار مذکورہ سے ثابت ہوتا ہی کہ سبب نزول وحی استغفار کرنا مومنین
اور مسلمین اور صحابہ کا ہوا اور یہ بھی ظاہر ہی کہ جس روایت مین سبب نزول ابی طالب کو قرار دیا ہی اس مین
بہ سبب اختصار کے شبہہ پڑگیا ہی یہان تک کہ راویون کو گمان ہو گیا کہ یہ آیت ابوطالب ہی کے واسطے
نازل ہوئی اور در اصل ایسا نہین ہی اور جب ان حدیثون کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کی پہلی حدیث صحیح ملائی جائے
اور وہ سب دلیلین ملائی جائین جو اسکے قبل اوپر مذکور ہین اور یہ بھی دیکھا جائے کہ یہ سارا سورہ مدنی ہی
بعد جنگ تبوک نازل ہوا ہی اور وفات ابوطالب کی بارہ برس پہلے ہو چکی تھی تو لازم نہین ہی کہ ان دلیلون کو لغو
سمجھ لین اور اسی کو ترجیح دین کہ یہ آیت ابوطالب کے بارہ مین نازل ہوئی اگرچہ صحیحین مین کیون نہ مذکور ہو اور
اصول حدیث مین صراحۃً ثابت ہو چکا ہی کہ حدیث غیر صحیحین کو ترجیح ہو سکتی ہی جب ایسی باتین پائی جائین جو
اسکے مقتضی ہین محدثین کا قول ہی کہ حدیث صحیحین کا یا ان مین سے ایک کا تقدم مطلق نہین ہی اس اجتماع کی تائید
اس سے بھی ہوتی ہی کہ ابراہیم کے باپ سے مراد انکے چچا ہین اور اسپر اہل مصحف اور اہل توریت اور اہل انجیل
کا بھی اجماع ہی کہ حضرت ابراہیم کا چچا وہ آزر تھا جو بتون کو اپنا خدا جانتا تھا اور ان بتون کو مانتا تھا جیسا کہ
حق تعالی نے اسکا قصہ بیان کیا ہی کہ وہ حضرت ابراہیم سے کہا کرتا تھا کہ ای ابراہیم کیا تم میرے خداؤن کو برا
کہتے ہو اور ان سے متنفر ہو اب دلیل ثانی جو اوپر مذکور ہوئی کہ ابوطالب کے بارہ مین کسی صحیح طریقہ سے ثابت
نہین ہوتا کہ انھون نے کسی بت کو خدا کہا ہو یا پتھر کی پرستش کی ہو یا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کو عبادت خدا سے منع کیا ہو اُن سے بڑی سے بڑی بات جو ہوئی وہ یہ ہے کہ اقرار شہادتین نہ کرے اور ابوجہل وغیرہ
کے بخیال حفاظت وحراست آنحضرت نہ کیا اور اُسکے کہنے میں تاخیر کی وہ معاذ اللہ کسی طرح مشرک نہیں
قرار پاسکتے پس کسی طرح یہ امر ثابت نہیں ہو سکتا کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی اور وہ مشرک
تھے بلکہ بجمیع الوجوہ اُنکا مسلم اور مومن ہونا اور یوم القیامۃ ناجی ہونا اور آیت کا بارے مومنین کے حق میں
جو مشرک تھے نازل ہونا مثل آفتاب کے روشن ہر فند بر و تبصرہ رابع تفسیر کبیر میں امام فخرالدین رازی رقم
فرماتے ہیں اعلم انہ تعالی لما بین من اول ہذہ السورۃ الی ہذا الموضع الخ خلاصہ یہ ہے کہ جان تو
حق تعالی نے ظاہر فرمایا اول سورہ سے یہان تک کہ بجمیع الوجوہ اظہار برائت کفار و منافقین سے واجب ہی
اور اس آیت میں ظاہر فرمایا کہ بیزاری کرنا اُنکے اموات سے واجب ہی اگرچہ وہ قرابت میں انتہا سے زیادہ
قرب رکھتے ہوں مثل مان اور باپ کے جیسا کہ واجب ہی بیزاری کرنا اُنکے زندون سے اور مقصود اس سے
بیان کرنا ہی کہ واجب ہی قطع کرنا محبت کا اُن سے انتہا سے غایت کو اور مواصلت اُن سے کسی جہت سے کیون نہو
ممنوع ہی بعدہ رقم فرماتے ہیں و فیہ مسائل اور اس میں کئی مسئلہ ہیں **اول** اس مسئلہ میں وجوہات اسباب نزول
بیان کی وجہ اول یہ بیان کی قال ابن عباس لما فتح اللہ تعالی مکۃ سال النبی ای ابویہ احدث بہ عہدا
قیل امک فذہب الی قبرہا و وقف دونہ ثم قعد عند راسہا و بکی فسالہ عمر و قال نہیتنا عن زیارۃ
القبور والبکاء ثم زرت و بکیت فقال قد اذن لی فیہ فلما علمت ما ہی فیہ من عذاب اللہ و انی
لا اغنی عنہا من اللہ شیئا بکیت رحمۃ لہا کہا ابن عباس نے کہ جب فتح مکہ حق تعالی نے عطا فرمائی تو پوچھا
نبی نے کہ کون ہی میرے دونون مان باپ میں سے کہ جسکی وفات متاخر ہوئی ہو جواب دیا گیا کہ آپ کی مان پس
تشریف لے گئے آپ اُنکی قبر کی طرف اور قریب اُسکے ٹھہرے پھر بیٹھے سرہانے اور روئے اُسوقت پوچھا عمر
نے اور کہا کہ منع کیا آپ نے ہم کو زیارت قبور سے اور رونے سے پھر آپ نے خود زیارت کی اور روئے جواب دیا
آنحضرت نے کہ مجکو اذن دیا گیا اس امر میں پس جسوقت جانا میں نے اس امر کو کہ جو اُس میں ہی عذاب خدا سے اور
بہ تحقیق کہ میں دور نہیں کر سکتا اُن سے کسی شی کو جو اللہ کی طرف سے ہی یعنی میں اُن سے عذاب خدا کو دور نہیں
کر سکتا رویا میں از روے رحمت کے واسطے اُنھیں مان کے انتہی ایسی روایت کا ماحصل صاحب معالم نے
ابی ہریرہ اور بریدہ سے نقل کیا ہی **وجہ ثانی** روی عن سعید بن المسیب عن ابیہ قال لما حضرت ابا طالب
الوفاۃ قال لہ الرسول یا عم قل لا الہ الا اللہ احاج لک بہا عند اللہ تعالی فقال ابوجہل و عبد اللہ ابن
ابی امیہ اترغب عن ملۃ عبد المطلب فقال انا علی ملۃ عبد المطلب ابدا فقال علیہ الصلوۃ والسلام
لاستغفرن لک ما لم انہ عنک فنزلت ہذہ الایۃ و قولہ انک لا تہدی من احببت قال الواحدی و
قد استبعدہ الحسین ابن الفضل لان ہذہ السورۃ من اخر القران نزولا و وفاۃ ابی طالب کانت
بمکۃ فی اول الاسلام و اقول ہذا الاستبعاد و عندی مستبعد فای باس ان یقال ان النبی علیہ الصلوۃ

تفسیر کبیر جزو رابع مطبع مصر صفحہ ۱۵۲ سطر ۸

والسلام بقی یستغفر لابی طالب من ذلك الوقت الی وقت نزول هذه الایة فان التشدید مع الكفار
انما ظهر فی هذه السورة فلعل المومنین كان یجوز لهم ان یستغفروا لابویهم من الكافرین وكان
النبی ایضا یفعل ذلك ثم عند نزول هذه السورة منعهم الله منه فهذا غیر مستبعد فی الجملة فقط
ترجمہ ثانی مین روایت کی گئی ہی سعید ابن مسیب سے اُسنے اپنے باپ سے کہا جسوقت ابو طالب کا وقت وفات
آیا فرمایا واسطے اُسکے رسول اللہ نے ای عم لا الہ الا اللہ کہو کہ حجت کرون مین واسطے تیرے ساتھ اُس کے
عند اللہ پس کہا ابو جہل اور عبد اللہ ابن ابی امیہ نے روگردانی کرتے ہو تم ملت عبد المطلب سے پس کہا مین ملت
عبد المطلب پر ہون ہمیشہ اُسوقت فرمایا پیغمبر خدا صلعم نے کہ البتہ مین استغفار کرونگا مین واسطے تیرے جب تک
کہ نہ منع کیا جاؤن مین تجھ سے تو یہ آیت نازل ہوئی قولہ انك لا تهدی من احببت اور کہا واحدی نے
کہ بتحقیق استبعاد کیا اُس سے حسین ابن فضل نے اسواسطے کہ بتحقیق یہ سورہ آخر قرآن سے ہی نزولا اور وفات
ابو طالب مکہ مین ہوئی اول اسلام مین اور کہتا ہون مین کہ استبعاد میرے نزدیک مستبعد ہی پس کیا خوف ہی
اگر کہا جائے کہ بتحقیق کہ نبی استغفار کرتے تھے ابو طالب کے لیے اُس وقت سے اس وقت تک کہ نزول اس
آیت کا ہوا پس بتحقیق کہ سختی کا فرون پر نہین ظاہر ہوئی مگر اس سورہ مین پس شاید کہ مومنین کو جائز تھا کہ استغفار
کرین اپنے آبا سے کفار کے لیے اور رہتے نبی بھی ایسا ہی کرتے بعدہ وقت نزول سے اس سورہ کے منع کیا
اُنکو اللہ نے استغفار سے پس یہ غیر مستبعد ہی فی الجملہ تمام ہوا ترجمہ وجہ ثانی کا **اس وجہ ثانی مین**
بحث ہی کہ روایت سعید بن المسیب مین فرمانا پیغمبر خدا کا قل یا عم لا الہ الا اللہ اور اصرار کرنا ابو جہل وغیرہ کا
اور اُنکو جواب دینا جناب ابو طالب کا کہ انا علی ملة عبد المطلب ابدا دلالت کرتا ہی اُنکے صدق مقال اور
توحید باکمال اور اُنکے اسلام پر اسواسطے کہ مودۃ رابع عشر مین سید علی ہمدانی فرماتے ہین قال علی بن
ابی طالب قال رسول اللہ یا علی ان عبد المطلب ما کان مستقسما بالازلام ولا یعبد الاصنام ولا یاکل
ما ذبح علی النصب وکان علی ملة ابراهیم منقول ہی علی بن ابی طالب سے کہ فرمایا رسول خدا نے ای علی
بتحقیق کہ عبد المطلب نہ تھے مستقسم بالازلام یعنی عمل عبد المطلب کا تقسیم تیر ہاے قمار پر نہ تھا کہ جو کفار
عرب مین جاری تھا اور کبھی عبادت اصنام نہین کی اور نہ کھاتے تھے اُسکو جو ذبح کیا جاتا تھا نُصُب پر اور
ملت ابراہیم پر تھے نُصُب بضمتین نام ہی بتون کا کہ جاہلیت مین اُنکے واسطے ذبح کرتے تھے اور خون اُنکا اُن
بتون پر ملتے تھے اور اُسکی عبادت کرتے تھے اور اُس گوشت کو آپس مین تقسیم کر لیتے تھے پھر اُسی مودۃ رابع عشر
سید علی ہمدانی مین روایت ہی علی بن ابی طالب سے عن المرتضی عن رسول اللہ قال یبعث عبد المطلب
یوم القیمة امة واحدة علیه بهاء الملوك وسیماء النبوة علی مرتضی سے منقول ہی کہ فرمایا رسول خدا نے
کہ مبعوث ہونگے روز قیامت عبد المطلب امت تنہا بشوکت وشان سلاطین اور آثار وعلامات نبوت
رکھتے ہونگے امت کا لفظ لغت اور حدیث مین شخص واحد پر اطلاق کیا جاتا ہی اور یہ امر بھی بین العلما متفق ہی

کہ وقت بعثت آنحضرت بھی ملت ابراہیمی پر تھے سیرۂ حلبیہ مین ابن عباس سے مروی ہی قال صلعم یبعث
جدی عبد المطلب یوم القیامۃ فی زی الملوک وابھۃ الاشراف فرمایا جناب رسول خدا نے کہ میرے جد
عبد المطلب قیامت کے روز زی بادشاہان اور عظمت شریفان رکھتے ہونگے دوسری خبر مین وارد ہوا ہے
عبد المطلب یعطی لہ نور الانبیاء وجمال الملوک ویبعث امۃ واحدۃ یعنی یوم القیامت عبد المطلب
کو عطا کیا جائیگا نور انبیا کا اور جمال بادشاہون کا اور مبعوث ہونگے امت واحدہ ان تمام حدیثون سے
صراحت ظاہر ہی کہ عبد المطلب توحید پر مستقل تھے ملت ابراہیمی پر تھے، دھیان سے ابراہیم سے تھے پس فرمانا
ابوطالب کا انا علی ملۃ عبد المطلب ابدا دلالت کرتا ہی کہ ابوطالب ملت عبد المطلب پر اور عبد المطلب
ملت ابراہیم پر تھے جس طرح عبد المطلب نے پرستش اصنام کی نہین کی مستقسم بالازلام نہین ہوے ما
ذبح علی النصب کو تناول نہین فرمایا جناب ابوطالب نے اسکا ایما فرمایا اور بلفظ ابدا دلالت کرتا ہی کہ ہمیشہ
سے ملت عبد المطلب پر تھے اور ملت عبد المطلب فی الحقیقت موافق فرمودہ رسول برحق ملت ابراہیمی
تھی تو جناب ابوطالب بھی ملت ابراہیمی پر تھے اور دین اسلام دین وملت ابراہیمی کا نام ہی اور اسی ملت
کی متابعت پر ہمارے پیغمبر اور کل امت اُنکی تا قیام قیامت مامور ہی چنانچہ حق سبحانہ تعالی فرماتا ہی فاتبعوا
ملۃ ابراھیم حنیفا مسلما پس فرمانا جناب ابوطالب کا کہ مین ملت عبد المطلب پر ہون دلالت کرتا ہی
کہ وہ مسلم تھے اور لازم نہین ہی کہ ملت عبد المطلب مخالف اور مغائر ملت رسول بجمیع الوجوہ ہو بخلاف شرک کے
کہ وہ بجمیع الوجوہ مخالف اور مغائر ملت نبوی اور ادیان الٰہی ہی اور جب شرک جناب ابوطالب کا ثابت نہ ہوا
تو نزول آیۂ ماکان للنبی شان ابوطالب مین بعید از قیاس ٹھہرا بس یہ آیۂ شریفہ نازل نہین ہوئی مگر آباے
مشرکین صحابہ کے حق مین اور اس آیہ کے نزول سے شان ابوطالب مین استبعاد کرنا حسین ابن فضل کا ہی کہ وفات
ابوطالب کی مکہ مین ابتداے اسلام مین ہوئی اور سورۂ آخر قرآن ہی از روے نزول کے اور امام محمد فخر الدین
رازی رقم فرماتے ہین کہ ھذا الاستبعاد عندی مستبعد یہ رقم فرمانا اُنکی جلالت شان سے مستبعد ہی کہ مسئلہ
ثانیہ مین خود مقر ہین کہ قول حق سبحانہ تعالی کا ہی ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذالک یعنی
جب حق سبحانہ تعالی نے خبر دی کہ بتحقیق اللہ نہ بخشیگا اُن لوگون کو کہ شرک کرتے ہین ساتھ اُس خدا کے
اور بخشیگا سوا اُنکے اور بتحقیق وہ اصحاب جہنم مین تو طلب غفران قائم مقام ہی طلب خلف وعدہ وعید الٰہی کے
یعنی جو وعدہ خدا نے فرمایا ہی اُس وعدہ کے مخالف کا طالب ہوتا ہی اور یہ جائز نہین ہی اور جب وعدۂ الٰہی
سابق گذر چکا کہ وہ اصحاب جحیم ہین پس طلب غفران کرنے والے مردود دین خدا مین شامل ہونگے یعنی وہ مغفرت
مقبول نہ ہوگی اور ظاہر ہی کہ یہ امر باعث نقصان اور گر جانے درجۂ نبی کا ہی حاشا کہ آنحضرت نے مشرکین کے
لیے یا اپنے چچا مشرک کے لیے طلب مغفرت فرمائی ہو اور اگر آنحضرت طلب مغفرت فرماتے تو بالضرور مقبول بارگاہ
ایزدی ہوتے کہ حق سبحانہ تعالی نے وعدہ فرمایا ہی قال اللہ تعالی ادعونی استجب لکم یعنی دعا کرو قبول کرونگا

رسالہ بلوغ الیقین صفحہ ۱۵ سطر ۱۶-۱۹ اور اسنی المطالب صفحہ ۱۲

مین واسطے تمھارے کس طرح ممکن ہی کہ خود وعدہ فرمائے کہ مین تمھاری دعا قبول کرونگا اور خلف وعدہ
فرمائے کہ دعاے رسول مقبول نہ ہوا اگر اس آیت کو اور اسکے نزول کو دربارۂ جناب ابوطالب قبول کرین
تو بالضرورہ یہ نسبت آنحضرت کے مخالفت احد النصیبین کی لازم آتی ہی اور یہ کسی طرح جائز نہین ہی پس باوجود
ان شواہد مذکورۂ بالا کے تمام سورہ مدنی ہی بعد جنگ تبوک نازل ہوا ہی اور وفات ابوطالب مکہ مین ابتداے
اسلام مین واقع ہوئی ہی بارہ برس کا فاصلہ وفات ابوطالب اور نزول آیہ مین واقع ہوا بعید ہی نبی کی شان
سے کہ ما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی بارہ برس تک ایک مشرک چچا کے لیے استغفار فرمائی اور
ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ کا وعدہ حتمی فرما چکا ہوا اور منتظر آیت نہ حق تعالی کی کہ ادعونی استجب لکم
فرما کہ اپنے حبیب کی دعا بارہ برس تک نہ سنتا اور قبول نہ فرمائے پس استبعاد حسین بن فضل کے جواب مین
امام محمد فخر الدین رازی کا فرمانا ہذا الا [illegible] مستبعد اسکی جلالت شان سے بعید ہی اور طرہ
اسپر یہ فرمایا ہی کان النبی ایضا یفعل ذلک اور [illegible] بھی ایسا ہی کرتے یعنی جیسا کہ صحابہ اپنے آباے
مشرکین کے لیے استغفار کرتے تھے ایسا ہی نبی بھی کرتے تھے بعد اسکے یہ آیت نازل ہوئی تو کیا جناب رسالتمآب
کو مثل دیگر صحابیون کے قیاس کر سکتے ہین یا مدارج آنحضرت کو مثل مدارج صحابہ قرار دے سکتے ہین یا جناب
رسالتمآب کو یہ نسبت دے سکتے ہین کہ آنحضرت نے مخالف وعدہ وعید حق تعالی خواہش فرمائی یا دعا
نبی غیر مقبول ہو سکتی ہی و اذ لیس فلیس اور امام فخر الدین رازی نے یہ جو قید فی الجملہ لگادی ہی اگر کہا جائے
کہ امام فخر الدین رازی نے عندی مستبعد فقط اسی سبب سے کہا کہ حسین ابن فضل نے فقط سورہ کو
آخر قرآن سے از روے نزول کے ہونا اور وفات ابوطالب مکہ مین ابتداے اسلام مین واقع ہونا
بیان کرکے استبعاد کیا اور اسی کو علت استبعاد قرار دیا اور اپنے استبعاد کو اسی امر مذکور پر منحصر کر دیا اگر حسین بن
فضل دیگر وجوہات بیان فرما کر ایک وجہ یہ بھی شامل فرماتے تو ضرور امام فخر الدین رازی اس استبعاد سے
استبعاد نہ فرماتے **الثالث** وجہ ثالث مین امام فخر الدین رازی رقم فرماتے ہین ویروی عن علی انہ سمع رجلا
یستغفر لابویہ المشرکین قال فقلت لہ اتستغفر لابویک وہما مشرکان فقال الیس قد استغفر ابراہیم
لابویہ وہما مشرکان فذکرت ذلک لرسول اللہ فنزلت ہذہ الایۃ روایت کی گئی علیؑ سے کہ تحقیق کہ سنا
ایک مرد کو کہ استغفار کرتا تھا اپنے والدین مشرکین کے لیے فرمایا علیؑ نے کہ کہا مین نے اس سے آیا مغفرت طلب
کرتا ہی واسطے اپنے ابوین کے اور وہ دونون مشرک تھے پس جواب دیا اسنے کہ آیا نہین استغفار کیا ابراہیمؑ نے
اپنے ابوین کے لیے اور وہ دونون مشرک تھے پس ذکر کیا مین نے اسکا رسول سے پس نزول اس آیت کا ہوا
تمام ہوا ترجمہ وجہ ثالث کا **اس وجہ ثالث مین کئی امر لائق شرح ہین امر اول** سماعت فرمانا
علیؑ کا کسی شخص کو کہ وہ اپنے ابوین مشرکین کے لیے استغفار کرتا ہی اور پوچھنا آپ کا کہ اتستغفر لابویک
وہما مشرکان پس جناب علی بن ابی طالب کا سماعت فرما کر متعجبانہ سوال کرنا کہ آیا تو اپنے ابوین مشرکین

کے لیے دعا کرتا ہی دلالت کرتا ہی اس امر پر کہ علی بن ابی طالب واقف تھے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما
دون ذلک سے یعنی تحقیق کہ اللہ مغفرت مشرکین کی نہ کریگا اور سوائے مشرکین کے مغفرت ہو گی پس جب جناب
امیر المومنین علیؑ کا واقف ہونا ثابت ہی تو شان حضرت رسالت مآبؐ تو ارفع اور اعلی ہی کیونکر ہو سکتا ہی کہ وہ
اپنے چچا مشرک کے لیے استغفار فرماتے **امر ثانی** یہ ہی کہ خود جناب علی بن ابی طالب تشہد مین اپنے ابوین
کے لیے استغفار فرماتے تھے کس طرح ممکن ہی کہ خود اپنے ابوین کے لیے دعا فرمائین اور دوسرے شخص کو استغفار
کرتے سن کر متعجبانہ اُس سے فرمائین انستغفر لابویک وھما مشرکان اور وہ تشہد یہ ہی السلام علی
نبی اللہ والسلام علی انبیاء اللہ و رسلہ السلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ وسلم السلام
علی محمد بن عبد اللہ السلام علینا وعلی المومنین والمومنات من غاب منہم ومن شہد اللہم
اغفر لمحمد وتقبل شفاعتہ واغفر لاہل بیتہ واغفر لی ولوالدی وما ولدا آقائے عیاض نے
اپنی کتاب الشفا فی حقوق المصطفی مین بلفظہ اسی تشہد کو رقم فرمایا ہی اور ملا علی قاری نے اسی کی شرح مین فرمایا
ہی اس تشہد کی شرح کا خلاصہ ترجمہ یہ ہی کہ السلام علی نبی اللہ یعنی سلام نازل ہو نبی خدا پر السلام علی انبیاء اللہ
و رسلہ سلام خدا کا ہو کل انبیاء اللہ اور رسولون پر اُسکے سب انبیا اور رسولو نپر آنحضرت کو مقدم کیا کہ آپ
اشرف اور افضل ہین اُن سب سے السلام علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سلام نازل ہوا وپر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخر مین جو آنحضرت کا وصف یہ رسالت فرمایا تو اشارہ یہ ہی کہ رسالت
آنحضرت کی مؤخر بحسب الزمان واقع ہوئی کہ آپ خاتم الرسل ہین السلام علی محمد ابن عبد اللہ سلام
نازل ہو محمد ابن عبد اللہ پر مکرر فرمایا سلام آنحضرت پر ساتھ آپ کے نام و نسب کے واسطے تاکید کے
السلام علینا وعلی المومنین والمومنات من غاب منہم ومن شہد سلام نازل ہو ہم پر اور مومنین
اور مومنات غائب و حاضر سب پر اللہم اغفر لمحمد وتقبل شفاعتہ خداوندا بخشدے تو محمد کو اور مقبول
کر اُسکی شفاعت کو واغفر لاہل بیتہ اور مغفرت کر واسطے اہل بیت آنحضرت کے واغفر لی ولوالدی و
ما ولدا اور مغفرت کر میری اور میرے والدین کی اور اُن دونون کی اولاد کی شارح نے ولوالدی کی شرح
مین بالتشدید بھی لکھدیا ہی کہ کسی کو یہ گمان نہ ہو کہ فقط والدتی فرمایا تحریر مین غلطی سے دت) رہ گئی اسوجہ سے
بالتشدید لکھدیا کہ والدین مراد ہین اور ما ولد کی شرح مین یشمل اقاربہ المسلمین وحواشی نسبہ بھی رقم
فرما دیا ہی پس اگر والدین جناب علیؑ مین سے ایک بھی کافر یا مشرک ہوتا تو کبھی استغفار نہ فرماتے اور متعجبانہ
اُس شخص سے نہ فرماتے کہ انستغفر لابویک وھما مشرکان **امر ثالث** جواب دیا اُس شخص نے جو دعا کرتا تھا
الیس قد استغفر لابویہ وھما مشرکان کیا نہین استغفار کیا ابراہیمؑ نے اپنے ماں باپ کے لیے اور
وہ دونون مشرک تھے لازم تو یہ تھا کہ وہ شخص جواب دیتا کہ کیا آپ نہین اپنے والد مشرک کے لیے دعا کرتے
ہین اور کیا پیغمبر خدا نہین اپنے چچا مشرک کے لیے دعا کرتے ہین مگر اُس شخص نے ایک پرانا قصہ سیکڑون

کتاب الشفا فی حقوق المصطفی ملا علی قاری

برس کا یاد کیا اور جواب دیا کہ کیا ابراہیم نے اپنے ابوین مشرکین کے لیے دعا نہین کی پس یہ جواب بھی اُسکا دلالت کرتا ہی کہ یا جناب ابوطالب مشرک نہ تھے یا پیغمبر خدا نے اُنکے واسطے استغفار نہ فرمایا تھا اور رابع جناب علی فرماتے ہین کہ فذکرت ذالک لرسول اللہ فنزلت ھذہ الایۃ پس ذکر کیا مین نے جناب رسالتمآبؐ سے اس سبب کا یعنی اپنے سماعت فرمانے کا اور سوال کرنے کا اور اُسکے جواب کا اُسوقت یہ آیہ نازل ہوئی کہ مومنین اپنے اقارب مشرکین کے لیے طلب مغفرت نہ کرین اور ابراہیمؑ نے جو طلب مغفرت کی تھی اُسکا سبب وعدہ تھا کہ آزر نے وعدہ کیا تھا ایمان لانے کا اسواسطے حضرت ابراہیمؑ استغفار فرماتے تھے جب اُنپر ظاہر ہوگیا کہ وہ عدو اللہ ہی یعنی دشمن خدا ہی تو ترک کیا آپ نے اور بیزاری کی اُس سے اور یہ بھی پایا جاتا ہی کہ استغفار کرنا اقارب مشرکین کے لیے زمانۂ ابراہیم مین بھی جائز نہین تھا مسئلۂ ثانیہ مین توضیح اسکی آتی ہی اگر اس وجہ ثالث کو آپ قبول فرمالین تو کیسی کیسی مضرتون سے آپ بچتے ہین ایک تو جناب رسالتمآب کا مخالف وعدو وعید حق تعالی طلب استغفار کرنا کہ جو سبب ہی نقصان مرتبۂ آنحضرت کا اور اور آپ کے مرتبہ کے گرجانے کا دوسرے جناب رسالتمآب کی طلب مغفرت شامل ہوئی جاتی ہی طلب مغفرت آباے مشرکین مین اور وہ بالضرور مردود ہی کہ سابقاً ارادۂ خدا اُنکے عذاب دائمی پر قائم ہوچکا ہی کسی طرح وہ استغفار کرنا مقبول نہین ہوسکتا تیسرے وعدۂ خدا جھوٹا نہین قرار پاتا کہ اُسنے اپنے پیغمبر سے وعدہ کیا ہی ادعونی استجب لکم پس بارہ برس تک جناب رسالتمآب کا استغفار کرنا اور خداوند عالم کا قبول نہ کرنا مخالف وعدۂ خدا ہی چوتھے استغفار کرنا آنحضرتؐ کا عبث اور معصیت قرار نہین پاتا اور یہ دونون امر سبب ہین نقصان منصب آنحضرتؐ کے کہ فعل عبث کے مرتکب ہون یا معصیت کے بلکہ اکابر انبیا کے لیے بھی جائز نہین ہی پانچوان آباے نبوی اور علوی کو مشرک کافر کہنے سے بچتے ہین اور یہ کہنا سبب ہی ایذاے نبی کا اور موذی نبی واجب القتل بلا خلاف ہی مگر آپ ان سب کو گوارا فرماینگے مسلم سے مرتد کافر مشرک بننا قبول فرماینگے مگر آباے آنحضرتؐ او حضرت ابوطالب کو مشرک کہے جاینگے اعوذ باللہ من وسواس الشیطان

المسئلۃ الثانیہ امام فخر الدین رازی نے اس مسئلۂ ثانیہ مین معنی آیات اور جو جو اختلافات واقع ہوے ہین اور کس طرح کے معنی پیدا ہین کیا کیا خوبیان اور کیا کیا برائیان ظاہر ہیں اُسکو بیان کیا ہی قولہ ماکان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین یحتمل ان یکون المعنی ماینبغی لھم ذالک فیکون کالوصف وان یکون معناہ لیس لھم ذلک علی معنی النھی فالاول معناہ ان النبوۃ والایمان یمنع من الاستغفار للمشرکین والثانی معناہ لاتستغفروا والامران متقاربان مسئلۂ ثانیہ مین قول حق تعالی ماکان للنبی الخ احتمال رکھتا ہی کہ ہون معنی ماکان کے ماینبغی لھم ذلک یعنی نہین لائق ہی واسطے اُنکے یہ پس ہوگا مثل وصف کے اور یا یہ کہ ہون معنی ماکان کے لیس لھم ذلک یعنی نہین ہی واسطے اُنکے یہ پس ہوگا اوپر معنی نہی کے پس اول کے معنی یہ ہوے کہ تحقیق کہ نبوت اور ایمان منع کرتے ہین استغفار کرنے سے واسطے مشرکین کے اور دوسرے

معنی یہ ہونگے کہ طلب مغفرت نہ کرو اور دونون امر قریب قریب ہین اور سبب اس منع کا وہی ہی جو ذکر کیا ہی
حق تعالی نے اپنے قول ہین من بعد ما تبین لہم انہم اصحاب الجحیم بعد اسکے کہ ظاہر ہوا اُنکے واسطے
کہ وہ اصحاب جحیم ہین اور نیز فرمایا حق تعالی نے ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذلک کہ تحقیق کہ
اللہ مغفرت نہ کریگا اُسکی جو شرک کرے اور بخشیگا اُسے جو سوا اسکے ہین یعنی سوا سے مشرک کے جسکو چاہیگا
بخشیگا والمعنی انہ تعالی لما اخبر عنہم انہ یدخلہم النار فطلب الغفران لہم جار مجری طلب ان
یخلف اللہ وعدہ ووعیدہ وانہ لا یجوز اور معنی تحقیق کہ حق تعالی نے جب خبر دی اُن لوگون سے کہ بہ تحقیق
داخل کریگا اُنکو نار مین پس طلب کرنا مغفرت کا اُن لوگون کے لیے قائم مقام اس امر کے ہی کہ حق تعالی اپنے
وعدہ وعید کے خلاف عمل کرے اور یہ جائز نہین وایضا لما سبق قضاء اللہ تعالی بانہ یعذبہم فلو طلبوا
غفرانہ لہم لصاروا مردودین وذلک یوجب نقصان درجۃ النبی علیہ الصلوۃ والسلام وحط مرتبتہم
اور نیز جب سابق ہوا ارادہ خدا کہ اُنکو عذاب کرے پس اگر طلب کرین مغفرت اُنکی تو طلب کرنے والے مردود
ہونگے اور یہ موجب نقصان درجۂ نبی کا ہی اور اُنکے مرتبہ کے گرجانے کا ہی وایضا قال ادعونی استجب
لکم وقال عنہم انہم اصحاب الجحیم فہذا الاستغفار یوجب الخلف فی احد ہذین النصین وانہ
لا یجوز اور نیز فرمایا حق تعالی نے دعا کرو مجھ سے قبول کرونگا مین اور کہا اُن سے کہ تحقیق کہ وہ اصحاب جحیم ہین
پس یہ استغفار واجب کرتا ہی خلف احد النصین کا اور بہ تحقیق کہ یہ جائز نہین وقد جوز ابو ہاشم ان یسال
العبد ربہ شیئا بعد ما اخبر اللہ عنہ انہ لا یفعلہ واحتج علیہ بقول اہل النار ربنا اخرجنا منہا
مع علمہم بانہ تعالی لا یفعل ذلک اور جائز رکھا ہی ابو ہاشم نے کہ سوال کرے بندہ اپنے رب سے کسی
شی کا بعد اس امر کے کہ تحقیق کہ خبر دی اللہ نے اُسے کہ تحقیق وہ نہ کریگا اُسکو اور دلیل لایا ابو ہاشم اسپر قول
اہل نار سے کہ ای رب ہمارے نکال تو ہم کو اس جہنم سے باوجود جاننے اہل نار کے کہ حق تعالی نہ کریگا ایسا امام
فخر الدین رازی فرماتے ہین وہذا فی غایۃ البعد من وجوہ اور یہ نہایت ہی بعید ہو کئی وجہون سے الاول
ان ہذا مبنی علی مذہبہ ان اہل الاخرۃ لا یجہلون ولا یکذبون وذلک ممنوع بل نص القران یبطلہ
وہو قولہ ثم لم تکن فتنتہم الا ان قالوا واللہ ربنا ما کنا مشرکین انظر کیف کذبوا علی انفسہم وجہ اول
بہ تحقیق کہ یہ مبنی ہی اُسکے مذہب پر یعنی ابو ہاشم کے مذہب پر کہ اہل آخرت جاہل نہین اور جھوٹے نہین اور اہل
آخرت کا جھوٹا اور جاہل نہ ہونا ممنوع ہی بلکہ نص قرآن باطل کرتی ہی اسکو اور وہ قول حق تعالی کا ہی ثم
لم تکن فتنتہم الا ان قالوا واللہ ما کنا مشرکین پھر نہ ہوگا بہانا اُنکا مگر یہ کہ کہینگے قسم ہے خدا کی
ہمارے رب سے نہ تھے ہم شرک کرنے والے انظر کیف کذبوا علی انفسہم دیکھ تو کیونکر جھوٹ بولا اُنھون نے
اپنے نفسون پر پس اس وجہ اول سے کذب اور جہل اہل آخرت کا ثابت ہی والثانی ان فی حقہم یحسن
ردہم عن ذلک السوال واسکاتہم دوسری وجہ یہ ہی کہ تحقیق اُن لوگون کے حق مین کہ جو سوال کرین رب العزۃ

سے ایسی شی کا کہ جسکی خبر اُسینے دی ہی کہ نہ کریگا اُسکو خواہ وہ سوال ز روے جہل کے ہو خواہ از روے کذیب کے رد ہونا اُنکا اُس سوال سے حسن ہی اور چپ کرنا اُنکا اما فی حق الرسول علیہ الصلوۃ والسلام فغیر جائز لانہ یوجب نقصان منصبہ لیکن حق رسول مین غیر جائز ہی بلکہ موجب نقصان منصب رسول ہی خلاصہ یہ ہی کہ کافرین اور جاہلین کا سوال کرنا اور رد و اسکات اُسکا اُنکے حق مین حسن ہی مگر رسول کے حق مین جائز نہین کہ موجب نقصان منصب رسول ہی والثالث ان مثل ہذا السوال الذی یعلم انہ لا فائدۃ فیہ اما ان یکون عبثا او معصیۃ وکلاہما جائزان علی اہل النار وغیر جائزین علی اکابر الانبیاء علیہم السلام تیسرے مثل ایسے سوال کے کہ بے فائدہ ہونا اُسکا معلوم ہو تو وہ یا عبث ہی یا معصیت اور یہ دونون امر اہل نار کے لیے جائز ہین اکابر انبیا کے لیے جائز نہین **المسئلۃ الثالثۃ** اس مسئلہ مین سبب مانع استغفار اور چند مسائل اُس سے متعلق ہین وہ مذکور ہین امام فخر الدین رازی فرماتے ہین کہ اللہ تعالی لما بین ان المانع من ہذا الاستغفار ہو تبیین کونہم من اصحاب النار یعنی جب حق تعالی نے بیان کیا کہ تحقیق کہ مانع استغفار وہی ظاہر ہونا ہی اُنکا اصحاب نار سے یعنی اصحاب نار سے ہونے کا ظہور مانع استغفار ہی وہذہ العلۃ لا تختلف بان یکونوا من الاقارب او من الاباعد اور یہ علت مختلف نہین ہوتی بایں طور کہ ہون وہ اقارب سے یا اباعد سے فلہذا السبب قال تعالی ولو کانوا اولی قربی پس اسی سبب سے کہا حق تعالی نے اگرچہ ہون وہ لوگ صاحب قرابت یعنی اقارب ہون کہ اباعد جب اصحاب نار سے ہوے اُنکا ظاہر ہوا تو یہی علت مانع استغفار ہی وکون سبب النزول ما حکینا یقوی ہذا الذی قلناہ اور ہونا سبب نزول کا وہ جو حکایت کی ہم نے قوی کرتا ہی اسکو کہ کہا ہم نے اُسکو **اس مسئلہ ثالثہ مین چند امر لائق توضیح ہین اول** یہ کہ امام فخر الدین رازی نے بعد تحریرات مذکورہ اعلم کہہ کے بیان کیا کہ اول سورہ سے یہانتک حق سبحانہ تعالی نے بیان کیا کہ اظہار براوت کفار و منافقین سے من جمیع الوجوہ واجب ہی **ثانی** اور اس آیہ مین بیان فرمایا کہ جس طرح اُنکے زندون سے اظہار براوت واجب ہی اُنکی اموات سے بھی واجب ہی اگرچہ وہ اموات غایت قرب رکھتی ہون مثل مان اور باپ کے **ثالث** مقصود حق تعالی کا اس بیان سے یہ ہی کہ قطع محبت کرو اُن سے انتہا کے درجہ پر کہ کوئی درجہ انقطاع محبت مین باقی نہ رہے اور مواصلت اُنسے کسی وجہ سے کیون نہ ہو ممتنع ہی **رابع** علت مانعہ اقارب اور اباعد مین مختلف نہین بلکہ یہی علت اقارب اور اباعد دونون کے استغفار سے مانع ہی **خامس** جب حق سبحانہ تعالی کا مقصود قطع محبت اور منع مواصلت بجمیع الوجوہ ظاہر کرنا قرار پایا تو یہی مقصود حق تعالی سبب نزول بھی ہی اور علت مانعہ استغفار کی تبیین کونہم من اصحاب النار ہی اور تمام عیوب لاحقہ اور مخالفت نفیین کبریا اور منافیات مناصب انبیا اور اسولہ عبث و معاصی سے عصمت اکابر انبیا علیہم السلام خصوصًا شفیع المذنبین حبیب رب العالمین کے محفوظ اور مصئون رہتی ہی اور مقصود حق تعالی بلا تکلف سبب نزول قرار پاتا ہی اور یہ سبب بجمیع الوجوہ ایسا

قوی ہی کہ کوئی سبب اسکے برابر ہو سکتا ہی نہین کہ یہ سبب کسی سبب کا مخالف نہین اور سب اسباب ایک دوسرے
سے مخالفت اور منافرت رکھتے ہین اور تمام مکارم اور قبائح سے مثل کلام باری مبرا ہی اگرچہ خاندان
رسالت کے معاندین مومنین و مبغضین کے لیے تبرا ہی پھر امام فخر الدین رازی فرماتے ہین واما قوله
تعالی وما کان استغفار ابراهیم لابیه الا عن موعدة وعدها ایاه لیکن قول حق تعالی کا اور نہ تھا
استغفار حضرت ابراہیم کا اپنے باپ کے واسطے مگر بسبب وعدہ کے کہ وعدہ دیا تھا خاص کرکے اسکو یعنی
حضرت ابراہیم نے مشرک چچا کے لیے استغفار نہین کیا مگر اسوجہ سے کہ یا خود وعدہ استغفار کیا تھا یا آزر نے
وعدہ اسلام لانے کا کیا تھا تحت آیۂ ہذا امام فخر الدین نے چند مسائل بیان کیے ہین جنکا خلاصہ یہ ہی کہ یہ آیت
اپنے ماقبل کی آیت سے تعلق رکھتی ہی بچند وجہ **وجہ اول** یہ ہی کہ متوہم نہ ہو انسان کو کہ ممنوع ہوے
استغفار سے مشرکین کے خصوصًا اپنے چچا کی استغفار سے حضرت محمد مصطفی اور ماذون تھے حضرت ابراہیم
باوجود اس امر کے کہ جناب رسالت مآب اکمل و اجمل تھے اپنے منصب مین اکابر انبیا سے بجمیع الوجوہ جب ماذون
ہونا حضرت ابراہیم کا ثابت ہوا تو آنحضرت بالضرور ماذون قرار پاتے ہین ورنہ منقصت منصب آنحضرت
ہوتی ہی **وجہ ثانی** سبب اتصال کا ماقبل سے مبالغہ ہی وجوب انقطاع مین کہ مشرکین زندہ و مردہ سے
انقطاع واجب ہی پھر حق تعالی نے بیان کیا ہی کہ یہ حکم مختص بدین محمد صلعم نہین ہی بلکہ مبالغہ ہی اس امر مین
کہ وجوب انقطاع کا دین ابراہیم مین بھی مشروع تھا **وجہ ثالث** حق تعالی نے وصف ابراہیم کا
اواہیت اور حلم کے ساتھ فرمایا اور جو شخص موصوف باین صفات ہوگا میلان قلب اسکا استغفار پر اشد
ہوگا خصوصًا اپنے باپ کے لیے اور باوجود اس صفت کے حضرت ابراہیم ممنوع ہوے تو غیر انکا بدرجۂ
اولی ممنوع قرار پایا بعد اسکے امام فخر الدین فرماتے ہین کہ قرآن مجید دلالت کرتا ہی کہ ابراہیم نے استغفار کیا
اپنے باپ کے واسطے چنانچہ حق تعالی نے حکایۃً بیان کیا کہ کہا ابراہیم واغفر لابی انه کان من الضالین
اور کہا ربنا اغفرلی ولوالدی اور سورۂ مریم مین قال سلام علیک ساستغفر لک ربی وقال ایضا
لاستغفرن لک اور ثابت ہو چکا تھا کہ استغفار کفار و مشرکین کے لیے جائز نہین ہی پس یہ استغفار کرنا
کہ بعبارت مختلفہ قرآن مجید سے ثابت ہوتا ہی دلالت کرتا ہی کہ حضرت ابراہیم سے صدور ذنب کا ہوا اور
وہ عاصی قرار پائے اسکا جواب حق تعالی دیتا ہی وما کان استغفار ابراهیم لابیه الا عن موعدة وعدها
ایاه یعنی نہ تھا استغفار کرنا ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے مگر بسبب وعدہ کے کہ وعدہ کیا تھا اس سے اسمین
دو قول ہین **قول اول** یہ ہی کہ واعد آزر تھا تو معنی یہ ہوے کہ آزر نے وعدہ کیا تھا ابراہیم سے ایمان لانے کا
اس سبب سے ابراہیم استغفار کرتے تھے اسکے لیے کہ وہ ایمان لائے یعنی ضمیر ایاہ راجع ہی ابراہیم کی طرف
جب کہ پھر ثابت ہو گیا کہ وہ ایمان نہ لائیگا تبرأ منه بیزار ہوے اس سے اور ترک کیا ابراہیم نے استغفار کرنا
قول دوم یہ ہی کہ واعد ابراہیم تھے تو معنی یہ ہوے کہ ابراہیم نے بر جاے اسلام اس سے وعدہ

کیا تھا اس جا میں ضمیر ایاہ راجع ہوئی طرف باپ کے جب ظاہر ہو گیا کہ وہ عدو اللہ ہی تو بیزاری کی اُس سے اور دلیل اسپر قرات حسن ہی وعدہا اباہ فلما تبین لہ انہ عدو اللہ تبرأ منہ پس جس وقت ظاہر ہوا ابراہیم پر کہ وہ عدو اللہ ہی بیزاری کی اُس سے بعضے کہتے ہین بالاصرار والموت ظاہر ہوا کہ وہ [illegible] یعنی آزر کسی کے منع کرنے سے نہ مانتا تھا اور کفر پر بذات خود مصر رہتا تھا اور اُسی حالت پر مر [illegible] کہتے ہین کہ فقط بالاصرار ظاہر ہوا بعض کا قول ہی کہ بالوحی ظاہر ہوا بعضے کہتے ہین کہ حالت [illegible] جب آزر مر گیا اُسوقت معلوم ہوا امام فخر الدین فرماتے ہین خداے تعالیٰ یقول لما تبین لابراہیم انہ [illegible] عدو اللہ تبرأ منہ فکونوا کذلک لانی امرتکم بمتابعۃ ابراہیم فی قولہ واتبع ملۃ ابراہیم حق تعالیٰ فرماتا ہی کہ جب ابراہیم پر ظاہر ہوا کہ باپ اُنکا دشمن خدا ہی بیزار ہوے اُس سے پس ہو جاؤ تم بھی ایسے اسلیئے کہ مین نے تم کو حکم دیا ہی متابعت ابراہیم کا اپنے اس قول مین واتبع ملۃ ابراہیم [illegible] قول مفسرین سے یہ بھی ثابت ہی کہ مومنین جمع ہو کر جناب رسول خدا کی خدمت مین آئے اور عرض کی کہ ہمارے آبا و اجداد شرک پر مر گئے ہین اور ابراہیم نے اپنے آباے مشرکین کے لیے استغفار کیا ہی ہم بھی اپنی اموات مشرکین کے لیے استغفار کرین اُسوقت یہ آیت نازل ہوئی کہ یہ شان نبی و مومنین نہین ہی کہ مشرکون کے لیے استغفار کرین اور ابراہیم نے جو استغفار کیا تھا تو بامید اسلام استغفار کیا تھا جب اُنپر دشمن خدا ہونا اُسکا ظاہر ہوا تو بیزاری کی اُس سے پس تم بھی متابعت ابراہیم کی کرو کہ تم کو اتباع ملت ابراہیم کا حکم ہی حق تعالیٰ فرماتا ہی واتبع ملۃ ابراہیم مومنین اُس وقت تک جانتے تھے کہ ہمارا استغفار کرنا اپنے آباے مشرکین کے لیے مخالف ملت ابراہیمی نہین ہی کہ ابراہیم نے اپنے چچا مشرک کیلیے استغفار کیا ہی اسکی وجہ سے حق تعالیٰ نے اُسکی توضیح فرمائی کہ ملت ابراہیم مین بھی استغفار کرنا مشرکین کے لیے مشروع نہ تھا نہ ابراہیم نے مشرکین کے لیے استغفار کیا بلکہ برجاے اسلام یا بسبب وعدۂ اسلام لانے کے استغفار کیا ورنہ مشرکین کے لیے استغفار کرنا خلاف منصب ابراہیم بھی تھا وہ کیونکر دعا کرتے اور اگر دعا کرتے تو عاصی ہوتے اور مرتبہ مین آپ کے نقص آ جاتا پھر حق تعالیٰ فرماتا ہی ان ابراہیم لاواہ حلیم اوّاہ کے معنی باختلاف روایات بہت سے بیان ہوے ہین منجملہ اُنکے خاشع و متضرع و رحیم و موقن و بہت آہ کرنے والے ذکر دوزخ پر و کثیر الذکر و کارہ و خائف من النار و تنفس سرد بھرنے والے وقت حزن اور بہت رونے والے اور حلیم یعنی صاحب حلم پس باوجود ان اوصاف کے ابراہیم پر جب ظاہر ہوا کہ وہ عدو اللہ ہی بیزار ہوے اُس سے پس تم اے مومنین بایں معنی اولی ہو کہ بیزاری کرو کہ یہ سب صفتین تم مین جمع نہین ہین بہ نسبت ابراہیم کے تم غلیظ القلب ہو پس اب دو امرون مین سے ایک امر کو آپ قبول فرمائین یا اقرار کرین کہ یہ آیت شان ابو طالب مین نازل نہین ہوئی تو آپ کا اسلام و ایمان قائم رہتا ہی اور آنحضرت کی بھی تنقیص شان نہین ہوتی اور اگر کسی طرح قبول نہ فرمائین اور یہی باصرار کیے چلے جائین کہ یہ آیت شان ابو طالب ہی مین نازل ہوئی اور جناب رسول برحق نے

اُنکے لیے بارہ برس تک استغفار بھی کیا تو کیا طلب غفران اُن حضرت کا قائم مقام طلب خلف وعدہ و وعید خدا
قرار نہین پاتا اور ایسے طالب غفران مردود دین خدا نہین ہوتے اور عدم استجابت دعاے آنحضرت خصوصًا
بارہ برس تک مخالف وعدۂ الٰہی نہین ٹھہرتا فعل عبث کرنا صاحب ما ینطق عن الہوی ان ھو الا وحی یوحی
سے ثابت نہین ہوتا مرتکب معصیت ہونا آنحضرت کا پایا نہین جاتا آنحضرت کے منصب کو نقصان نہین
پہونچاتا اتباع ملت ابراہیمی کے مخالف نہین ٹھہرتا انحطاط مرتبۂ آنحضرت کا سبب نہین ہوتا عدم واقفیت
شرع ابراہیمی کا الزام نہین ہوتا باوجود علم ارتکاب معاصی قرار نہین پاتا اور عدم اتصاف بصفات ابراہیمی
ہونا آنحضرت صلعم کا نہین نکلتا واے ہو آپ جیسے مسلمانوں پر کہ بپردۂ اسلام مین وہابیت اور دہریت کو شائع
کر رہے ہین یہ نہین جانتے واللہ متم نورہ حق سبحانہ تعالی تو اپنے انبیا و مرسلین کا کیا حفظ مراتب کرتا ہی
اور آپ کیسی کیسی توہینین اور تذلیلین اکابر انبیا خصوصًا سید المرسلین کی کرتے ہین دیکھیے کہ جب مومنین
نے اپنے زعم باطل مین گمان کیا کہ ابراہیم نے اپنے چچا مشرک کے لیے استغفار کیا تھا اور ہم کو اتباع ملت
ابراہیمی کا حکم ہی لاؤ ہم بھی اپنے آبا و اجداد مشرکین کے لیے استغفار کرین تو فورًا حق تعالی نے ظاہر کر دیا کہ
ابراہیم کی شان سے بعید تھا اور نیز جائز بھی نہ تھا کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کرتے مگر اُنھون نے بامید
اسلام یا بسبب وعدہ کے استغفار کیا اور جب اُنپر ظاہر ہوگیا کہ وہ دشمن خدا ہی تو بیزاری کی باوجود اس امر
کے کہ ابراہیم اوّاہ اور حلیم تھے اگر بصیرت ہو تو دیکھیے کہ کیسا حضرت ابراہیم کو حق تعالی نے اس اتہام سے
محفوظ رکھا اور آپ کیا کیا تہمتین حضرت رسول خدا کو دیتے ہین کہ نہ جناب رسالت مآب کو ابوطالب کے
اسلام لانے کی امید باقی تھی کہ وہ رحلت فرما چکے تھے نہ ابوطالب نے اُن سے وعدہ کیا تھا اسلام لانے کا
نہ جناب رسالت مآب نے بامید اسلام اُن سے وعدہ کیا اور معاذ اللہ جناب ابوطالب کو آنحضرت کافر اور
مشرک بھی جانتے تھے اور حق تعالی لا یغفر ان یشرک بہ بھی فرما چکا تھا یہ بھی جانتے تھے کہ حضرت ابراہیم کے
وقت مین بھی استغفار کرنا مشرکین کے لیے جائز نہ تھا یہ بھی واقف تھے کہ ایسا فعل یا عبث ہی یا معصیت
اور پھر بارہ برس تک استغفار کیا کیے بیزاری کیسی بلکہ محبت اور دوستی ظاہر کرمائی اب آپ ہی انصاف فرمائیے
کہ حضرت ابراہیم مطیع خدا اور افضل انبیا قرار پاتے ہین یا جناب ختمی مآب اعوذ باللہ من شر الوسواس
الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس **قولہ** اما ترجیح الزمخشری نزول الآیۃ
تعبیر بان موت ابی طالب کان قبل الہجرہ وھذا اخر ما نزل بالمدینۃ فمردود بما فی ارشاد الساری
عن الطیبی عن التقریب انہ یجوز ان النبی کان یستغفر لابی طالب الی حین نزولہا والتشدید
مع الکفار انما ظہر فی ھذہ السورۃ **اقول** اولا استدعا اور استغفار رسول مختار کو مردود سمجھنے والے
اور وعدہ کو اللہ جل شانہ کے جھوٹا قرار دینے والے اور نسبت ارتکاب معصیت کی انبیا و مرسلین معصومین
خصوصًا خاتم المرسلین کو دینے والے مردود خدا اور رسول ہین جسکی توضیح اوپر بیان ہو چکی کہ طالب غفران

مشرکین مردود الٰہی ہو اور حق تعالیٰ نے ادعونی استجب لکم کا وعدہ فرمایا تھا وہ صادق الوعد ہی پس یا
جناب ابوطالب مشرک نہ تھے یا آنحضرتؐ نے استغفار نہین کیا اور کسی حالت مین نزول آیہ شان ابوطالب مین
ثابت نہین ہوتا اور جو شخص استغفار آنحضرتؐ کو مردود اور وعدہ الٰہی کو جھوٹا کہے وہ موذی خدا و رسول
ہی اُسکی شان مین حق تعالیٰ فرماتا ہی ان الذین یوذون الله و رسوله لعنهم الله فی الدنیا والاخرة و
اعد لهم عذابا مهینا اور ارشاد ساری مین تقریب وطیبی سے جو کچھ مذکور ہی اُسکو آپ سمجھے نہین یہ بھی ویسا ہی
ہی جیساکہ امام فخر الدین رازی نے حسین بن فضل کے استبعاد سے استبعاد کیا ہی اُسکا جواب بھی ہم بیان
کر آئے ہین کہ استبعاد سے اُسی وقت استبعاد فی الجملہ صحیح قرار پا سکتا ہی کہ فقط یہ بھی ایک دلیل عدم
نزول آیہ کی شان ابوطالب مین قرار دین ورنہ جو دلائل قطعیہ ہم عدم نزول آیہ کے شان ابوطالب مین
بیان کر آئے ہین اُن سب کے ساتھ ایک یہ بھی دلیل قرار دین تو کسی مسلم کو شک باقی نہین رہ سکتا اور کوئی
ذی عقل نہین کہہ سکتا کہ یہ آیت شان ابوطالب مین نازل ہوئی ثانیاً عبارت ارشاد الساری انہ یجوز ان
النبی الخ اگر کہا جائے کہ آیت شان جناب ابوطالب مین نازل ہوئی اور سبب نزول کا ممنوع ہونا جناب
رسالت مآبؐ کا استغفار سے جناب ابوطالبؑ کے تھا اور امتداد زمانۂ استغفار قریب بارہ برس کے متحقق
ہی اور اس زمانۂ دراز تک استغفار کرنے کو انہ یجوز کہا گیا اور ظاہر ہی کہ جواز فائدہ ضرورت کا نہین دیتا
تو وجود استغفار بارہ برس تک اور عدم استغفار زمانۂ مذکورہ تک یہ دونون ضروری نہ ہوے بلکہ جائز ہوے
تو انہ یجوز ان النبی کان یستغفر لابی طالب الخ وانہ یجوز ان النبی ما کان یستغفر لابی طالب دونون
امرون کا احتمال ہوا و الاحتمال لا یقوم مقام الاستدلال اگر آپ فرمائین کہ دونون احتمال تو پائے جاتے
ہین مگر احتمال غالب یہی ہی کہ ان النبی کان یستغفر لابی طالب الی حین نزولها واقع ہوا تو جواب اسکا
یہ ہی کہ احتمال غالب کو بھی ہم تسلیم کیے لیتے ہین مگر احتمال غالب کو ظن کہتے ہین اور نص صریح اُسکے بطلان پر
موجود ہی قوله تعالیٰ وان الظن لا یغنی من الحق شیئا پس ظنیات اور احتمالات سے یقینیات کو رد کرنیوالے
مردود ہین اور تزئیف و استبعاد فقط زمخشری نے نہین کی ہی بلکہ اور علما نے بھی کی ہی جیساکہ تفسیر خازن
اور تفسیر کبیر وغیرہ مین موجود ہی اور اُسکا جواب بھی بالتصریح ہم بیان کر چکے ہین اور اشد یدعو الکفار اگرچہ
اسی سورہ مین نازل ہوئی ہی مگر ان الله لا یغفر ان یشرک به و یغفر ما دون ذلک قبل اس سورہ کے نازل
ہوچکا تھا اور ادعونی استجب لکم بھی حق تعالیٰ فرما چکا تھا اور اتباع ملت ابراہیمی کا حکم بھی ہوچکا تھا
قبل بعثت جناب رسول مقبول بھی ملت ابراہیمی پر تھے استغفار کرنا مشرکین کے لیے ملت ابراہیم مین بھی جائز
نہ تھا پس کس طرح ممکن ہی کہ آنحضرتؐ نے مشرک چچا کے لیے بارہ برس تک استغفار کیا اور یہ آیت اُنکی شان
مین نازل ہوئی **قوله** قال اعنی القسطلانی قال فی فتوح الغیب هذا هو الحق و روایة نزولها فی ابی طالب
هو الصحیح الخ و کذا اوردہ الامام الرازی فی الکبیر قال العلامة الخفاجی فی عنایة القاضی بعد نقل

کلام التقریب اعتمادہ من بعدہ من الشراح ولاینافیہ قولہ فی الحدیث فنزلت لاصنداد استغفارہ لہ الی نزولہا **اقول** لو سلمنا روایۃ نزولہا فی ابی طالب ھی الصحیحۃ اور قول قسطلانی قال فی فتوح الغیب ھذا ھو الحق یہ ہی حق اور پھر ہمارے مطلوب کے مخالف نہین اور آپ کے مفید مطلب نہین کہ روایت مین بقول برزنجی اور زینی حذف و اختصار واقع ہوا ہی اور بقول زرقانی کہ شرح مواہب مین مذکور ہی کہ راویون کی روایتین مختلف ہوگئین بہ سبب اُنکے تصرف کرنے کے اگر پوری روایت بیان کی جاتی تو ھو الحق اور ھی الصحیحۃ کی نوبت نہ آتی اور احتمال مرتفع ہو جاتا اسواسطے کہ جسوقت جناب رسالتمآبؐ نے فرمایا لاستغفرن لک مالم انہ عنک تو مومنین صحابہ نے کہا کہ یہ محمدؐ اپنے چچا کے لیے استغفار کرتے ہین ابراہیم نے اپنے چچا کے لیے استغفار کیا لاؤ ہم بھی استغفار کرین اور یہ نہ سمجھے کہ ابراہیم نے کیون استغفار کیا تھا اور جناب رسولؐ خدا نے کیون لاستغفرن فرمایا اور لگے اپنے آبائے مشرکین کے لیے استغفار کرنے تو نزول اس آیت کا ہوا اور حق تعالی نے بیان کر دیا کہ حضرت ابراہیمؑ کا استغفار بسبب وعدہ کے تھا کہ بامید اسلام اُنکی حیات تک استغفار کیا اور جب اُنپر ثابت ہو گیا کہ وہ دشمن خدا ہی اور اُسی حالت مین مر گیا تو بیزار ہوے ابراہیمؑ پس مومنین کسی طرح مجاز استغفار کرنے کے آبائے مشرکین کے لیے نہین ہو سکتے اور دلیل اسپر خود قول حق تعالی ہی والذین امنوا کہ مومنین کو لازم نہین ہی کہ استغفار کرین مشرکین کے لیے اگر مومنین استغفار اپنے آبائے مشرکین کے لیے نہ کرتے حق سبحانہ تعالی والذین امنوا نہ فرماتا حاصل یہ ہی کہ جناب رسولؐ خدا کا لاستغفرن لک مالم انہ عنک فرمانا سبب ہوا استغفار کرنے کا مومنین کے لیے اور اسی قول نے انحضرت کے اُن مومنین کو یاد دلایا قصہ حضرت ابراہیمؑ کا پس اُن لوگون نے گمان کر لیا کہ ابراہیم کا چچا مشرک تھا اور ابراہیمؑ نے اُسکے لیے استغفار کیا اور چونکہ جناب ابوطالب کا ایمان بھی مخفی تھا اُنکو بھی مشرک سمجھ لیا اور اپنے واسطے اُسکو حجت گروانا اور لگے استغفار کرنے اُنکا استغفار کرنا سبب نزول آیت یہ ہوا کہ ابراہیم کو اور مومنین کو لائق نہین ہی کہ مشرکین کے لیے استغفار کرین یعنی استغفار کرنا ابراہیمؑ کے وقت مین بھی جائز نہ تھا نہ مومنین کے لیے جائز ہی اور معنی خفی اس آیت سے یہ بھی نکلتے ہین کہ پیغمبر خدا نے استغفار مشرکین کے لیے نہین کیا کہ ملت ابراہیمؑ مین بھی ممنوع تھا وہ کس طرح استغفار فرماتے کہ اُنکی شان ارفع اور اعلی ہی تمام انبیا اور مرسلین سے اور انحضرت معصوم ہین بلا خلاف راویون کے حذف و اختصار اور تصرف اور زعم سے لاستغفرن لک مالم انہ عنک پر روایت ختم ہو گی تبھی ھی الصحیحۃ اور ھو الحق سب صحیح اور جناب رسالتمآبؐ کا لاستغفرن الخ فرمانا ابوطالب کی نسبت اور نزول آیت سب برحق ہی اور صحیح اور آپ مخبوط الفکر اور مطلب ہمارا حاصل کہ نہ جناب رسالتمآبؐ نے اپنے کسی چچا مشرک کے لیے استغفار کیا نہ یہ ممانعت انحضرتؐ کو ہوئی نہ یہ آیت شان ابوطالب مین نازل ہوئی مومنین کے احتمال اور راویون کے حذف و اختصار و تصرف کو تو آپ نہ سمجھے اور جناب ابوطالبؑ اور جناب رسالتمآبؐ دونوکو

آپنے گھیر لیا جناب ابو طالب کو مشرک اور کافر قرار دیدیا اور جناب رسول خدا خاتم الانبیا کو معاذ اللہ خاطی اور
عاصی اور مردود خدا بنا دیا اور خود ذات اقدس الٰہی کو مخالف الوعد ٹھہرا دیا لاحول ولا قوۃ الا باللہ آپ کی فکر و قیاس
اور خیال کاسد نے جناب ابو طالبؑ و رسول خدا و خدا سب کو متہم بقبائح کر دیا اگرچہ حق تعالی نے حضرت ابراہیم
کو تو بالکل بری کر دیا کہ اُنکا استغفار بسبب وعدہ کے تھا اور باوجودیکہ وہ اواہ و حلیم تھے اُسپر بھی جب
اُنپر ثابت ہو گیا کہ آزر دشمن خدا ہی تو بیزاری اُنھوں نے کی واسطے ہوا امت محمدی یہ کہ آجتک وہ سید المعصومین
خاتم المرسلین کو مرتکب معاصی اور خطا قرار دیتے ہین کہ نہ بسبب وعدہ کے اُن حضرت نے استغفار کیا نہ بامید اسلام
استغفار کیا بلکہ اصرار کیا استغفار مشرکین پر اور حق تعالی نے بھی ادعونی استجب لکم فرماکر دعاے آنحضرت قبول
نہ کی جب جناب رسول خدا اور خدا کو آپ نے نہ چھوڑا تو جناب ابو طالبؑ کہان کے فی الحقیقت رباعی جو جناب
علی بن ابی طالبؑ کی طرف منسوب ہی اگر بنظر انصاف دیکھیے تو کم از آیت و حدیث نہین وہ یہ ہی قیل ان الالہ
ذو ولد قیل ان الرسول قد کهنا ، ما نجی اللہ والرسول معا ، من لسان الوری فکیف انا حاصل
یہ ہی کہ آپکی زبان سے نہ خدا بچا نہ اُسکا رسول نہ ابو طالبؑ نے نجات پائی رسالہ شرح المطالب تو آپ نے
رقم فرمایا اگرچہ خسر الدنیا والآخرۃ ہو گئی **قولہ** ولکن ارواہ الامام الرازی فی الکبیر وقال العلامۃ الخفاجی
فی عنایۃ القاضی بعد کلام التقریب اعتمدہ من بعدہ من الشراح ولا ینافیہ قولہ فی الحدیث
فنزلت لامتداد استغفارہ لہ الی نزولہا **اقول** یہ بھی وہ ہی فریب دہی کی اور فطرتی آپ کی چال ہی
کہ ھذا ھو الحق وروایۃ نزولہا فی ابی طالب ھی الصحیحۃ الخ لکھکر رقم فرماتے ہین ولکن ارواہ الامام
الرازی فی تفسیرہ الکبیر تاکہ ہر شخص یہ ہی سمجھے کہ امام رازی کے نزدیک بھی یہ ہی حق اور صحیح ہی تو ہم کو پھر
آپ کی شان مین کلمہ حق اور صحیح کہنا پڑتا ہی کہ آپ مفتری کذاب ہین کہ امام رازی نے اسباب نزول کو اقوال
مختلفہ سے بیان کیا ہی اُس مین ایک قول یہ بھی بیان کیا ناقل قول کو قول نہین کہتے حق تعالی نے کلام مجید مین
اقوال کفار کو بکثرت نقل کیا ہی تو کیا اُن اقوال کو آپ قول خدا قرار دیجیے گا اور یہ اپنی چال بت پرستی کی نہ چھوڑیے گا
اور دلیل اُسپر قول خدا بیان فرمائیے گا کہ حق تعالی نے کلام مجید مین بھی فرما دیا ہی کہ لا تذرن ودا ولا سواعا و
لا یغوث ویعوق ونسرا کہ ہرگز نہ چھوڑو تم وُد اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو کہ یہ پانچون بت تھے
اگر یہ ہی آپ کا مذہب ہو تو آپ کو مبارک رہے لکم دینکم ولی دین مگر امام فخر الدین رازی نے تو اقوال مختلفہ
اپنے تفسیر مین بیان کیے اور جو جو فضائح اور قبائح اس روایت سے اور اُس روایت سے جو دربارۂ والدۂ حضرت
وارد ہین بوضاحت تمام کس کس طرح بیان فرمائے ہین کہ کسی آیت اور حدیث سے وہ رد نہین ہو سکتے پھر آپ نے
اُنکو بھی تو نقل فرمایا ہوتا مین یہ نہین کہتا کہ آپ نے اپنا مذہب قرار دیا ہوتا بیان فخر الدین رازی کو مگر نقل
قول سے امام فخر الدین کے آپ کی بد دیانتی کا انکشاف نہ ہوتا مگر آپ تو مرید ہین اُس مرید کے جس کا قول
لا نعبؤ بہا ہی اگر ہم کو آپ کی فقط رد منظور ہوتی تو جن علما و مفسرین و محدثین کے نام آپ نے رقم فرمائے ہین

اور بعضون سے احتمال مختلفہ اپنی اپنی تفسیرون مین وکتابون مین نقل کیے ہین ہم بھی انصیبت او نقل کر دیتے مثلاً
آپ نے رقم فرمایا تحت آیۃ انک لا تہدی کہ کشاف زمخشری اور تفسیر کبیر مین ہو قالوا الزجاج اجمع
المسلمون علی انہا نزلت فی ابی طالب اسکا جواب اتنا ہی تھا کہ آپ کا ... تفسیر کبیر مین ہو
... الا ان ہذہ الایۃ لا دلالۃ فی ظاہرہا علی کفر ابی طالب اور اس آیت کے جواب ... تا
او رواہ الامام الرازی فی الکبیر عن علی انہ سمع رجلا یستغفر لابویہ ... فنزلت ہذہ الایۃ
لیجیے جواب تو ہو گیا مگر ہم کو تو اظہار کرنا ہو ان ان تحریفات اور تکذیبات کا ... و تمویہات اور تلبیسات کا جنکو
آپ نے تلویحات و تلبیسات تو ... سے آراستہ کیا ہو کہ آپ کا کشف استار ہو جائے اور عوام ... دکھائین
ورنہ حق تعالی تو اپنے عباد مخلصین سے وعدہ کر چکا ہو الا عبادنا المخلصین فرما کر مستثنی فرما دیا ہو وہ تو کبھی آپ کے
دھوکے مین نہ آوینگے اور سورۂ اعوذ برب الناس آپ کی شان مین تلاوت فرماوینگے اور اسی طرح سے آپ نے
علامہ خفاجی اور عنایت القاضی وغیرہ کا نام رقم فرمایا اس سے مطلوب آپ کا گنوانا ہو کتابون کے نام اور
اسماے علماے اعلام **قولہ** اقول والدلیل علی الاستقرار واستدامۃ الاستغفار قول سید الابرار صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم لاستغفرن لک ما لم انہ عنک فہذا مقام الجزم دون التجویز والاستظہار **اقول** خیر
تو ہو مزاج کیسا ہو آپ کے نظیر جو مشہور بہ نذیر احمد تھے فالج ولقوہ مین مبتلا ہوے بدزبانی اور بغض خاندان
نبوت کا دنیا ہی مین مزا چکھا وہان کا حال خدا جانے کس قعر دوزخ مین مقر ہوا اب کیا آپ کو بھی سرسام ہوا
ہذیان لاحق ہوا کہ اردو بولتے بولتے عربی مین مثل بعیر بلبلانے لگے نہین نہین ہذیان نہین ہو یہ بھی وہی
عام فریبی مکاری دغابازی ہو کہ عوام اردو خوان اس رسالہ کو پڑھین اور ضرور گمان کرین کہ کسی بڑے عالم
کا رسالہ ہو جو عربی مین دستگاہ کامل رکھتا ہو اللہ اکبر عربی مین بھی جواب لکھ ڈالا سبحان اللہ سبحان اللہ آپ بھی
کیا باریک بین ہین ابلیس کے بھی استاد بلکہ اغوا کے ایسے ایسے راستہ آپ کو یاد ہین کہ شیطان بھی آپ سے
فراری ہو اقول کی عبارت سے آپ کا کیا مطلوب ہو آیا آپ نے نزول آیہ شان ابوطالب مین ثابت فرمایا
یا توہین وتذلیل جناب ختمی مآب کی فرمائی ہو یا مطلوب آپکا جھٹلانا ہو خدا کو اسواسطے کہ استمرار و استدامت
استغفار سید ابرار زمانۂ دراز یعنی بارہ برس تک دلالت کرتا ہو کہ آنحضرت کو انتہا کی محبت تھی جناب ابوطالب
سے اور حق تعالی نے اپنے حبیب سے وعدہ ادعونی استجب لکم فرمایا تھا ضرور بحبت استغفار وہ مستحق
جنت ہوے دعاے آنحضرت با تاخیر مقبول ہو اور استمرار و استدامت باعث علو مرتبت جناب ابوطالب
کا ہوا اور آپ تو بارہ برس تک استغفار فرمانے کی آنحضرت کے گواہی دیتے ہین مگر جناب ابوطالب کی پرورش
وحمایت وسرگرمی ... اور محبت قلبی انکی و انتہا درجہ کی مشقتین اور محنتین اور تکلیفین
اٹھانا راہ خدا مین اور محبت رسول مقبول مین مشہور و معروف ہو اور محبت رکھنا خدا کا اور رسول خدا کا جناب
ابوطالب کو آپ کی زبان سے اور بیان سے ثابت ہو اور حق سبحانہ تعالی نے تو من احببت فرما کر اظہار محبت

رسول مقبول جناب ابوطالب سے بوضاحت آشکار کر دیا پھر کیونکر ممکن ہو کہ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین اپنے دوست کے لیے استغفار نہ کریں اور یہ بھی یاد رہے کہ خاصان خدا اولیا واللہ وانبیا اوصیا ے انبیا و کبار انبیا و مرسلین خصوصا شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین سید المرسلین حضرت محمد مصطفی صلوات اللہ علیہ و علیہم اجمعین ممکن نہیں کہ دشمنان خدا و کفار و مشرکین کو دوست رکھیں بیشک اور بے شبہہ ابوطالب کو آنحضرت دوست رکھتے تھے اور بارہ برس تو کیا بلکہ حضرت رسالت مآب نے اپنے وقت وفات تک استغفار فرمایا ہوگا اور کسطرح ممکن ہو کہ ابوطالب تو مرتے دم تک اپنی جان اور مال و اولاد فدائی پائے آنجناب فرمائیں اور باوجود تمام کفار قریش و عرب کے ایک دل ہوجانے کے اور اذیتیں اور ایذائیں پہونچانے کے حضرت ابوطالب آنحضرت کو رسول کموسی اور آپ کے دین کو خیر الادیان فرماویں او حفاظت او حراست سے ہاتھ نہ اٹھائیں اور شفیع المذنبین ایسے محب خالص بے ریا کو ایک کلمۂ استغفار سے بھول جائیں بلکہ بالضرور جب آنحضرت بخضوع و خشوع بارگاہ کبریا میں اپنے واسطے دعا فرماتے ہونگے جناب ابوطالب کو بھی اس وقت خاص پر یاد فرماتے ہونگے حتی کہ وقت وفات تک جب آنحضرت نے اپنے واسطے استغفار فرمایا ہوگا تو ضرور جناب ابوطالب کے واسطے بھی استغفار کیا ہوگا فہذا مقام الجزم دون التجویز والاستظہار اور آپ تو دشمن خدا و رسول ہیں کہ استمرار اور استدامت استغفار کو سید ابرار کے بارہ برس تک عبث قرار دیتے ہیں یا معصیت اور دونوں حالتوں میں نقصان منصب یا انحطاط مرتبۂ نبوت آنحضرت ضمنی مرتبت ہوا جاتا ہے یہ توہین اور تذلیل نہیں ہو تو کیا اختتام درجۂ نبوت و رسالت اسی کا نام ہو پس صاف ظاہر ہو کہ آپ دشمن خاندان رسالت فی الظاہر اور دشمن رسول برحق فی الباطن ہیں کہ درپردہ دشمنی فرمارہے ہیں یہ تو دشمنی تھی جناب رسالت مآب سے جو بیان ہوئی اب دشمن خدا ہونا آپ کا خود ظاہر ہو کہ جو دشمن رسول ہو وہ دشمن خدا ہی مگر یہ دشمنی بالواسطہ ہو آپ تو بلا واسطہ دشمن خدا ہیں کہ فرماتے ہیں کہ استمرار اور استدامت استغفار سید ابرار مقبول بارگاہ ایزد غفار نہ ہوئی حاصل آنکہ حق تعالی ادعونی استجب لکم کا وعدہ فرما چکا تھا تو معاذ اللہ خدا نے ایفائے وعدہ نہ کیا اور مخالف الوعد ٹھہرا قطع ہو زبان ان لعینوں کی جو خدا کو جھوٹا اور مخالف الوعد قرار دیتے ہیں اور تو کیا کہوں قولہ علان الامام الجلیل السیوطی فی کتاب الاتقان عقد فصلا لبیان ما نزل من ایات السورۃ المکیۃ بالمدینۃ و بالعکس و ذکر فیہ عن بعضہم ان ایۃ ما کان للنبی الایۃ مکیۃ نزلت فی قولہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لابی طالب لاستغفرن لک ما لم انہ عنک واقرہ علیہ فعلی ہذا یزھق الاشکال من راسہ **اقول** امام سیوطی نے کتاب اتقان میں جس فصل میں بیان کیا ہو نزول آیات کا اس حیثیت سے کہ سورہ مکی ہو اور بعض آیات اسکے مدنی ہیں اور سورہ مدنی ہو اور بعض آیات اسکے مکی ہیں یہ تو صحیح لیکن وذکر فیہ عن بعضہم یعنی ذکر کیا بیچ اسی کتاب اتقان کے بعض مخفین سے یہ بعضہم کون ہیں کسی وقت تو فریب و خدع و مکر کو ترک فرمائیے ناظرین توجہ فرمائیں

کہ کتاب کا نام تو اتقان اور امام جلیل جلال سیوطی سے مذکور فصل کا پتہ بھی صاف صاف کہ ایک فصل مین
نزول آیات مدنیہ کا سورۂ مکیہ مین اور بالعکس مرقوم ہی اور آگے آئیے آیت عبارت اتقان غائب وذکر
فیہ کا جوڑ جو مکر و فریب کی بنا ہی قائم اور وہ بھی عن بعضہم کے ساتھ یہ بعضہم کون ہین بعض مفسر یا
بعض محدث یا بعض علما یا بعض ائمہ یا بعض رجال معروفین یا مجہولین اسکے قبل کی عبارت کو آپ نے
کیون نقل نہ فرمایا کہ ان بعض کا احوال بھی تو معلوم ہو جاتا مگر یہ تو وہی اغواے شیطانی ہی آپ کا کہ نام امام
جلال الدین سیوطی اور کتاب اتقان سن کر عوام آپ کے رسالہ کی قدر کرین کہ ایسے امام کے کلام سے اور
کتاب سے ثبوت دیا ہی کون اسکا جواب دے سکتا ہی بیشک یہ آیت شان ابوطالب مین نازل ہوئی
یہ آپ کو معلوم نہ تھا کہ آپ کا کشف استار ہو جائیگا علماے اعلام کا تو او رہی مرتبہ ہی ایک ادنی ہیچمدان
بے نام و نشان آپ کے دس رسالہ کی دھجیان اڑا دیگا چلیے وذکر فیہ عن بعضہم سلمنا اول تو یہی
آپ کے مفید مطلب نہین اسلیے کہ جو مذکور یہ بعضہم ہین مجہول الاحوال ہین وہ قول مجاہیل لائق اعتماد نہین
قابل قبول نہین جب تک انکی عدالت ثابت نہ ہو ساقط الاعتبار ہین اور ثانی عن بعضہم ان آیۃ ما کان
للنبی الآیۃ نزلت فی قولہ لابی طالب لاستغفرن لک ما لم انہ عنہ کے معنی یہ ہوے کہ بعض مجاہیل
سے منقول ہی کہ یہ آیت ما کان مکی ہی نازل ہوئی ہی فرمانے سے آنحضرتؐ کے ابوطالب کی نسبت کہ استغفار
کرونگا مین جب تک کہ منع نہ کیا جاؤن مین مطلب تو بعضہم الآیہ پر تمام ہو گیا تھا کہ سورہ مدنی ہی اور آیہ
مکی ہی پھر نزلت فی قولہ کی کیا ضرورت ہی مگر وہ بعض گویا دلیل لائے ہین کہ قول آنحضرتؐ لاستغفرن لک
بہ نسبت جناب ابوطالبؑ کے مکہ مین قریب وفات واقع ہوا اور یہ آیت نازل ہوئی اس سبب سے یہ آیت
مکی ہی اور مکی ہونا آیت کا دلالت کرتا ہی کہ شان ابوطالب مین بہ سبب قول آنحضرتؐ لاستغفرن کے نزول
ہوا پس مکی ہونا اس آیت کا موقوف ہوا قول آنحضرت پر کہ لاستغفرن لک الخ ہی اور قول رسول مقبول
لاستغفرن الخ موقوف ہوا کفر ابیطالب پر اور کفر ابی طالب موقوف ہوا اس آیت کے مکی ہونے پر اور یہی
دور ہی اور دور و تسلسل بالصراحت باطل ہو اور آپ کا شعور علم کلام سے عاطل ہے لہذا قولکم زاہق لاشکال
من راسہ مردود و زاہق ثالث نقل عبارت اتقان سیوطی مین وہ چال چلی ہی کہ یہودیت کی داد دی ہے
تحریف لفظی و معنوی فرماکر متصف باوصاف یہود جنود عنود ہوے ہین جنکی شان مین حق تعالی یحرفون الکلم
عن مواضعہ فرماتا ہی لہذا ہم عبارت اتقان کو بعینہ نقل کیے دیتے ہین تا کہ مومنین مطابق فرمالین کہ عبارت
اتقان سے آپ نے کس قدر تحریف فرماکر اپنا مطلب نکالا ہی وہ عبارت یہ ہی براءۃ قال ابن فرس مدنیۃ
الا یتین لقد جاءکم رسول الی آخرہا قلت غریب کیف وقد ورد انہا آخر ما نزل واستثنی بعضہم
ما کان للنبی الآیۃ لما ورد انہا نزلت فی قولہ علیہ الصلوۃ والسلام لابی طالب لاستغفرن لک
ما لم انہ عنک انتہی ناظرین ملاحظہ فرمائین کہ یہ تو عبارت اتقان کی ہی اب اس عبارت نا قل خائن سے

مطابق فرمائین عن بعضہم ان اٰیۃ ماکان للنبی الاٰیۃ مکیۃ نزلت فی قولہ علیہ الصلوۃ والسلام
لابی طالب لاستغفرن لک مالم انہ عنک یہ عبارت خود اس خائن کی ہی یا اسکو عبارت اتقان کہہ سکتے ہین
اب ہم اس تحریف اور تصرف کو بھی واضح کیے دیتے ہین کہ جن لوگون نے استثنی کیا ہی اس آیت کا وہ مذکور یہ
بعضہم ہین کہ مجہول الحال ہین جیسا کہ اوپر ہم بیان کر آئے ہین کہ جب تک وہ بعض معین اور مشخص نہ کیے
جائین اور عدالت اور راستی اُنکی ثابت نہ ہو اُس وقت تک اُنکا قول پایۂ اعتبار سے ساقط ہی اور لفظ
لما ورد کو عبارت سے تحریف کر دیا حالانکہ اسی لفظ لما ورد نے متنبہ کر دیا ہی اُن بعض کو کہ نزول آیہ
مکہ مین ہوا سوا اس لفظ ورد کے کوئی دلیل اُنکے پاس نہین تھی اگر کوئی دوسری دلیل اُنکے پاس ہوتی تو
ضرور وہ بیان کرتے پس اس لفظ ورد کو اُنھون نے دلیل گمان کیا اور کہدیا لما ورد انہا نزلت فی قولہ
اور یہ کلام بعضہم مستلزم دور ہی اسلیے کہ کفر جناب ابی طالب کو موقوف کرتے ہین اس آیہ کے مکی ہونے پر
اور اس آیت کا مکی ہونا موقوف کرتے ہین قول آنحضرت لاستغفرن پر اور قول آنحضرت لاستغفرن کو موقوف
کرتے ہین کفر ابی طالب پر اور کفر ابی طالب کو موقوف کرتے ہین اس آیت کے مکی ہونے پر اور یہی دور ہی
فقولکم یبقی الاشکال من راسہ صار ذہو قاً قولہ ثم ان انظا البخاری فی کتاب التفسیر فانزل
اللہ تعالی بعد ذلک قال الحافظ فی فتح الباری الظاہر نزولہا بعدہ بمدۃ لروایۃ التفسیر الخ
وسا ایضا بعلیہ ... ما افادہ ... العلامۃ الزرقانی فی شرح المواہب وبعد
الخ والذی اعتمد فی الحدیث الصحیح بنزولہا فیہ فکیف ترد بمصادم بالہوسات **اقول**
تفاسیر کا احوال اور اُنکے اختلافات کو ہم بیان کر چکے ہین مگر آپ کو تو گنوانا کتابون کا اور اسمائے علمائ کا
منظور ہی آنکھین بند کرکے لکھے چلے جاتے ہیں کہ اُنکی تفسیرون اور کتابون سے اور اُنکے علما کے اقوال سے کفر ابو طالب
ثابت ہی اور اپنی جبلی عادت سے ... آشنا مکر و فریب سے امر حق کو ... کیے جاتے غافل اس سے
کہ الحق یعلو ولا یعلی مشہور ہی امر حق کسی کے پوشیدہ کرنے سے مخفی نہین ہو سکتا اگرچہ آپ نے تو بڑی کوشش
اور عرق ریزی فرمائی ہی عبارات تفاسیر کو منتشر کرکے رقم فرمایا کہ تعارض اور تضاد جو تفسیرون مین ہی وہ مخفی
ہو جائے ہم بھی اُنھین تفاسیر کی عبارت کہ جنکو آپ نے نقل فرمایا ہی جمع کرکے ایک تفسیر کی عبارت دوسری
تفسیر کی عبارت سے مقابل کرکے اُنکا تعارض اور تضاد ظاہر کیے دیتے ہین کہ ہر خاص و عام آپ کی تزویر
اور دام مکر سے رہائی پائے آپ کے فریب مین نہ آئے جس تفسیر کو آپ نے تفسیر امام نسفی کا خطاب دیا ہی
اُسی مین یہ عبارت ہی ہم علیہ الصلوۃ والسلام ان یستغفر لابی طالب فنزل ماکان للنبی یعنی قصد کیا جناب
رسالت مآب نے کہ استغفار کرین ابی طالب کے واسطے پس نازل ہوئی آیت ماکان للنبی الخ پھر دو صفحون
کے بعد آپ رقم فرماتے ہین قال الحافظ فی فتح الباری الظاہر نزولہا بعدہ بمدۃ بروایۃ التفسیر کہا
حافظ نے فتح الباری مین کہ تحقیق کہ ظاہر ہی نازل ہونا اسی آیت کا بعد ایک مدت کے بسبب روایت تفسیر کے

اسپران دونون تفسیرون کو ملائیے کہ تفسیر امام نسفی مین تو قصد کرنا آنحضرت کا استغفار کے لیے اور نازل ہونا آیت
کا ہی اور فتح الباری مین نازل ہونا آیت کا بعد ایک مدت مدید کے ہی آیا یہ ایک دوسرے کی ضد ہی کہ نہین اور
آپس مین ایک دوسرے کا معارض ہی کہ نہین پھر آپ نے رقم فرمایا ان لفظ البخاری فی کتاب التفسیر
فانزل الله تعالی بعد ذلك اور قبل اسکے آپ فرما چکے ہین کہ قال العلامۃ الخفاجی فی عنایۃ القاضی
لاینافیہ قولہ فی الحدیث فنزلت لامتداد استغفارہ لہ الی نزولہا ان دونون مین بھی وہ ہی تعارض
اور تضاد موجود ہی اور اذا تعارضا تساقطا مشہور ہی یہ جواب تو اس وقت مین ہماری طرف سے
ہی جب ہم آپ کی تحریر کو قابل اعتنا سمجھین لیکن حال آپ کی دیانت داری کا تو معلوم ہی کہ آپ نقل اقوال بھی بغیر
کاٹ چھانٹ اور تغیر و تبدل کے نہین کرتے چنانچہ یہ ہی عبارت ان لفظ البخاری فی کتاب التفسیر
فانزل الله بعد ذلك دلالت کرتی ہی آپ کی نیک نیتی پر اسواسطے کہ صحیح بخاری شریف مین کتاب التفسیر مین
تو اس طرح لکھا ہی باب قولہ تعالی ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین حدثنا اسحق
بن ابراهیم قال اخبرنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن
ابیہ قال لما حضرت ابا طالب الوفاۃ دخل علیہ النبی صلی الله علیہ وسلم وعندہ ابوجہل وعبد الله
بن ابی امیۃ فقال النبی صلی الله علیہ وسلم ای عم قل لا الہ الا الله احاج لك بہا عند الله فقال
ابوجہل وعبد الله بن ابی امیۃ یا ابا طالب اترغب عن ملۃ عبد المطلب فقال النبی صلی الله علیہ وسلم
لاستغفرن لك ما لم انہ عنك فنزلت ما کان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین الآیۃ پھر
آپ یہ عبارت فانزل الله بعد ذلك کہان سے لائے کیا کوئی صحیح بخاری بھی تصنیف فرمائی ہی یا اس صحیح بخاری
کی اصلاح فرمائی ہی یہ تو حال آپ کی دیانت داری کا ہی اب ذرا ہوش و حواس درست فرماکر حدیث مندرج صحیح بخاری
شریف کو بغور ملاحظہ فرمائیے کہ قول آنحضرت قل یا عم کے بعد انکار کرنا جناب ابوطالب کا ثابت نہین ہوتا بلکہ
جناب رسالت مآب کا قریب وفات ابوطالب تشریف لانا اور سامنے ابوجہل و عبد الله ابن ابی امیہ کے قل یا عم
لا الہ الا الله فرمانا اور ان دونون کا یا ابا طالب اترغب عن ملۃ عبد المطلب کہنا پس فرمانا آنحضرت کا
لاستغفرن اور نزول آیہ یہ سب تو موجود ہی مگر انکار کرنا ابوطالب کا مذکور نہین اور نہ ذکر کرنا امام ہمام بخاری کا
انکار ابوطالب کو بے وجہ نہین اسواسطے کہ جب فرمانا رسول مقبول کا قل یا عم لا الہ الا الله ثابت ہی تو دو
حال سے خالی نہین یا اقرار کیا ابوطالب نے یا انکار اور جب دونون امرون کو امام بخاری نے ذکر نہ فرمایا تو قل
یا عم کے جواب مین سکوت پایا گیا اور سکوت مین دونون احتمال ہوسکتے ہین کہ سکوت کیا ابوطالب نے قل
یا عم لا الہ الا الله پر یا سکوت کیا یا ابا طالب اترغب عن ملۃ عبد المطلب پر دونون صورتون مین سکوت
اقرار اور انکار دونون پر دلالت کرتا ہی اور دلیل اسپر خود قول آنحضرت ہی کہ فرمایا لاستغفرن لك ما لم انہ عنك
مراد آنحضرت کی یہ ہوئی کہ سکوت ابوطالب اگر اقرار ہی تو منع نہ کیا جاؤنگا اور اگر انکار ہی تو ممانعت ہوگی اسواسطے

کہ مشرکین کے باب مین تو ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک وارد ہوچکا تھا پس جان بوجھکر آنحضرتؐ کس طرح مشرک کے لیے استغفار فرماتے اسی سے ثابت ہوگیا کہ سکوت ابوطالبؑ کو آنحضرتؐ نے کفر قیاس نہین فرمایا اور بارہ برس تک مطابق مقولۂ بعض مفسرین الی حین نزولہا استغفار کیا کیے اور اس قول لاستغفرن کو آنحضرتؐ کے مومنین نے سنا اور اپنے نزدیک جناب ابوطالبؑ کو کافر ٹھہرا دیا اور جناب رسالتمآب کو استغفار کرنے والا مشرک کا قرار دیا اور مشابہ کردیا اس امر کو قصہ حضرت ابراہیمؑ سے اور ان دونون امر کو اپنے واسطے حجت گردانا اور لگے اپنے آباے مشرکین کے لیے استغفار کرنے حق تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی ما کان للنبی الخ کہ نہین لائق ہی نبی اور مومنین یعنی نبی کے منصب کے خلاف ہی کہ مشرکین کے لیے استغفار کرین اگرچہ وہ قرابت مین اقرب ہون یعنی مان باپ کیون نہ ہون اب ہم یہان پر عرض کرتے ہین کہ ما کان کے معنی تو ما ینبغی کے ہین جیسا کہ امام فخرالدین رازی نے تصریح فرمائی ہی پس مومنین نے تو بہ سبب عدم واقفیت اور عدم عصمت کے نالائق کام کیا کہ اپنے آباے مشرکین کے لیے استغفار کرنے لگے مگر معصوم صاحب ان ھو الا وحی یوحی کو کون نسبت نالائق کام کرنے کی دیسکتا ہی امر اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہی کہ لائق شان نبی نہین ہی کہ مشرکین کے لیے استغفار کرین یعنی مومنین گمان نہ کرین کہ جناب رسالتمآبؐ نے مشرک کے لیے استغفار کیا کہ یہ امر اونکے منصب کے مخالف ہی اور ظاہر ہی کہ مشرکین دشمن خدا ہین پس حبیب خدا دشمن خدا کا حبیب نہین ہوسکتا اسی وجہ سے متنبہ کیا مومنین کو کہ تمھارا گمان حضرت ابراہیمؑ کی طرف بھی حق نہین ہی کہ انھون نے بھی بسبب وعدہ کے استغفار کیا تھا بامید ایمان اور جب انپر ثابت ہوگیا کہ وہ عدو اللہ تھا اور مر گیا تو بیزار ہوے اس سے باوجودیکہ ابراہیم اوّاہ اور حلیم تھے اور اسی سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ نزول آیہ شان مومنین مین ہوا اور آنحضرتؐ کو ممانعت بھی نہ ہوئی اور اقرار کرنا ابوطالب کا بھی ثابت ہوگیا اور یہ سب ثبوت اسی حدیث سعید ابن المسیب سے ہی کہ جو مذکور صحیح بخاری شریف مین اگرچہ اسی حدیث کو دوسرے محدثین اور مفسرین نے لکھا ہی اور اس مین انکار ابی طالب بھی ذکر کیا ہی مگر ان احادیث اور تفاسیر مین احتمال زیادتی اور کمی کا ممکن ہی بخلاف حدیث مندرج صحیح بخاری کے کہ اس مین زیادتی اور کمی کا احتمال بھی نہین ہوسکتا کہ اسکی صحت پر اتفاق ہی اب فانزل اللہ بعد ذلک رقم فرمانا آپ کا مکر و فریب ہی اور بالفرض فانزل اللہ بعد ذلک کو تسلیم بھی کرلین تو بعد ذلک کا مشار الیہ کون ہی کہ حدیث مین صحیح بخاری کی تو انکار کرنا جناب ابوطالب کا مذکور نہین بلکہ قول ابوجہل اترغب عن ملۃ عبد المطلب ہی اور فرمودۂ ختمی مآب لاستغفرن ہی اسکے بعد فنزلت ما کان ہی پس یہ ف تعقیب کی ہی یا سببیۃ کی جو آپ فرمائین وہ معنی لین مگر نزول آیہ شان ابوطالب مین قرار نہین پاتا فہذہ البراھین القاطعۃ طوابع لفوک ویطبع الشبھۃ من راسہا اور یہ جو آپ رقم فرماتے ہین اذ قد افصح الحدیث الصحیح بنزولہا فکیف تزد الصحاح بالھوسات یہ بھی ایک دلیل ہی آپ کی عدم ممارست کی علم کلام و حدیث سے اور نہ افصاح الحدیث کی رد افلاح البراہین

عقلی و نقلی سے باحسن الوجوہ ممکن ہی یہ راز بھی آپ پر منکشف ہوا جاتا ہی کہ جسکو آپ نے لفظ ہوسات سے خطاب کیا ہی وہ ہی مصدر افصاح قرار پاتے ہین اور جنکو آپ صحیح سمجھ رہے ہین ہوسات ہوے جاتے ہین اور آپکا کلام مردود کا مردود رہتا ہی بعد آیت ثالثہ فصل دوم مین جو آپ نے رقم فرمایا ہی اُسی کے جواب مین پہلے ہم کیفیت روایات صحیحہ اور راویان احادیث وغیرہ سے بحث کرکے آپ کی خوش فہمی وغیرہ واضح کیے دیتے ہین خاطر مطمئن رکھیے **قولہ** آیت ثالثہ قال عز مجدہ وھم ینھون عنہ وینئون عنہ وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون وہ اس نبی سے اورون کو روکتے اور باز رکھتے ہین اور خود اُس پر ایمان لانے سے بچتے ہین اور اُسکے باعث خود اپنی ہی جانون کو ہلاک کرتے ہین اور انھین شعور نہین یعنی جان بوجھ کر بے شعورون کے سے کام کرتے اُس سے بڑھ کر بے شعور کون سلطان المفسرین سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما اور اُنکے تلمیذ رشید سیدنا امام اعظم کے اُستاد مجید امام عطا ابن ابی رباح و مقاتل وغیرہم مفسرین فرماتے ہین یہ آیت ابو طالب کے باب مین اُتری ہی تفسیر امام بغوی محی السنۃ مین ہی قال بن عباس و مقاتل نزلت فی ابی طالب کان ینہی الناس عن اذی النبی ویمنعھم وینأی عن الایمان بہ ای یبعد انتہی ملخصا مین ہی ینھون عن التعرض لرسول اللہ وینأون عنہ فلا یومنون بہ کابی طالب **اقول** جواب دل امر اول بہ نسبت اقوال مفسرین کے پہلے ہی کلام علماے اعلام و فقہاے کرام و محققین فخام سے ثابت ہوچکا ہی کہ تفسیر بین مفسرون کی احادیث موضوعہ و ضعیفہ و آحاد سے مملو ہین اور بعض ہی اُن مین کی ایسی ہونگی جنھین حق تعالی نے محفوظ رکھا ہی کہ اُنھون نے احادیث موضوعہ اور ضعیفہ اور احاد سے اجتناب کیا ہو اور اپنی تفسیرون کو بچایا ہو امر ثانی اُس کا قول حجت نہین ہی انکا بوصناست بذیل مذکور ہوچکا ہی امر ثالث حافظ سیوطی نوع تاسع مسئلہ خامسہ مین اتقان کے فرماتے ہین کثیرا ما یذکر المفسرون لنزول الایۃ اسبابا متعددۃ فان عبر احدھم بقولہ نزلت فی کذا والاخر نزلت فی کذا و ذکر امرا اخر فقد تقدم ان ھذا یراد بہ التفسیر لا ذکر اسباب النزول فلا منافاۃ بینھما اذ کان اللفظ یتناولھما یعنی اکثر مفسرین نے اسباب نزول متعدد ذکر کیے ہین پس ایک تعبیر کرتا ہی اپنے قول مین کہ نازل ہوئی آیت اس طرح اور دوسرا بیان کرتا ہی کہ نازل ہوئی اس طرح اور وہ ایک دوسرا ہی امر ذکر کرتا ہی پس بہتر اور مقدم سب پر یہ ہی ہی کہ مراد لی جائے اُن بیانات مختلفہ سے تفسیر نہ ذکر اسباب نزول پس منافات اُن دو قولون مختلف مین نہ ہو گی اسواسطے کہ ہو گا وہ لفظ تفسیر شامل اُن دونون مختلف قولون کو یعنی مفسرون نے جو اسباب مختلفہ نزول آیہ کے بیان فرمائے وہ اسباب نزول ہی نہین قرار پاتے بلکہ وہ سب تفسیر مین شامل ہین نہ اسباب نزول مین امر رابع جو آپ نے رقم فرمایا کہ تفسیر امام بغوی مین ہی قال بن عباس و مقاتل نزلت فی ابی طالب یہ آپ کی پرانی چال ہی اور قدیمی فریب وہی ہی کہ آپ نے صاحب تفسیر کی اصلی راے کا اخفا کیا ہی اور عبارت پوری نہین لکھی عجب شیوہ ہی آپ کی تحریر کا کسی مقام پر اقوال قائلین کا اخفا اگر کسی مقام پر

ذکر بھی ہو تو اس اخفا کے ساتھ اور اس ڈھب سے کہ ہر شخص یہ بھی سمجھے کہ یہ مذہب صاحب تفسیر کا ہو جیسا کہ
ابھی آپ نے رقم فرمایا کہ تفسیر امام بغوی محی السنۃ مین ہو قال ابن عباس ومقاتل نزلت فی ابی طالب
حالانکہ تفسیر امام بغوی مین یہ قول ابن عباس و مقاتل سے نقلاً جملہ اقوال دیگر مین مذکور ہو نہ یہ کہ امام بغوی کے
نزدیک یہی قول نزول آیہ مین معتبر ہو اب فرمائیے کہ امام بغوی بھی جو ناقل قول عبد اللہ بن عباس اور
مقاتل ہین اور قائل نہین تو آپ کو کیا فائدہ پہونچتا ہو آپ کو تو اُس وقت فائدہ پہونچتا کہ آپ اُنکا مذہب
مختار بیان کرتے اب جو آپ نے اُنکا نام اور اُنکی تفسیر کا نام رقم فرمایا تو بجز خدع اور مکر کے کیا آپ کے
ہاتھ آیا آپکا خصم اگر جواب دے کہ تفسیر امام بغوی مین تو یہ ہو وھم ینھون الناس عن اتباع محمد
وینئون عنہ ای یتباعدون بانفسھم نزلت فی کفار مکۃ قالہ محمد ابن الحنفیۃ والسدی و
الضحاک وقال قتادۃ ینھون عن القرآن وعن النبی و یتباعدون عنہ تو آپ کیا کہینگے لیجیے آپکا جواب
بھی ہو گیا اور آپ کا خدع بھی ظاہر ہو گیا اور ذاتی دشمنی بھی جناب ابو طالب سے ثابت ہو گئی کہ زبردستی ہر
مفسر اور محدث کو کھینچ تان کر بمقابلہ جناب ابو طالب لاتے ہین اور اُنکے اقوال سے جناب ابو طالب کو
کافر ٹھہراتے ہین اور آخر نتیجہ اُسکا یہ ہوتا ہو کہ آپ ہر مقام پر منھ کی کھاتے ہین اگر آپ رقم فرما دیتے
کہ قول ابن عباس و مقاتل کو امام بغوی نے بھی نقل کیا ہو اگرچہ خود امام بغوی کا مذہب مختار نہین ہو بلکہ
اُنکا قول مختار نزلت فی کفار مکۃ ہو تو آپ کاذب مفتری کذاب نہ ٹھہرتے ناقل اقوال قرار پاتے مگر وقت تو یہ تھی
کہ مطابق قول حافظ سیوطی یقول احدھم نزلت فی کذا والآخر نزلت فی کذا قرار پاکر درجۂ اسباب نزول
سے ساقط ہو جاتا پھر بعد ذکر امام بغوی آپ رقم فرماتے ہین انوار التنزیل مین ہو ینھون عن التعرض لرسول
اللہ وینئون عنہ فلا یومنون بہ کابی طالب یہ بھی وہی فریب دہی ہو جو ہم مکرر ظاہر کر چکے ہین اور
آپ عبارت انوار التنزیل کو سمجھے نہین ورنہ آپ اُسکو دلیل نزول آیہ کی شان جناب ابو طالب مین نہ گردانتے
اب سنیے کہ مطلب صاحب انوار التنزیل کا یہ ہو کہ وہ کفار لوگون کو آنحضرت صلعم سے متعرض ہونے کو تو منع کرتے
ہین مگر خود آنحضرت صلعم سے بعید رہتے ہین اور اُنکے دین کو اختیار کر کے ایمان نہین لاتے جیسے حضرت
ابو طالب ایمان لائے یہ اصل مطلب ہو صاحب انوار التنزیل کا نہ یہ کہ مراد اُنکی یہ ہو کہ یہ آیہ نازل ہوا اُن
لوگون کے باب مین جو آنحضرت صلعم کے تعرض سے منع کرتے تھے اور خود آنحضرت سے بعید رہتے تھے اور
ایمان نہین لاتے تھے جیسے حضرت ابو طالب کہ وہ تعرض سے آنحضرت کے تو لوگون کو منع کرتے تھے اور
خود معاذ اللہ اُن حضرت سے بعید رہتے تھے اور اُنکا دین قبول کر کے ایمان نہین لاتے تھے کیونکہ اگر یہ
مراد ہو تو لازم آتا ہو کہ مصداق آیہ کے متعدد اشخاص ہون جو امثال حضرت ابو طالب ہون اور امثال جناب
ابو طالب بجمیع اوصاف جناب ابو طالب نہ کسی تفسیر سے ثابت ہو سکتا ہو نہ حدیث سے نہ مورخین نے
کہین ذکر کیا ہو پہلے آپ امثال جناب ابو طالب بجمیع صفات جناب ابو طالب معین فرمائیے پھر نزول آیہ

شان مین اُن کفار کے ثابت کیجیے اور جناب ابوطالب کو بھی اُن مین شامل فرمایئے اور یہ امر محال ہو مہر
ذی فہم سمجھ سکتا ہو کہ عبارت انوار التنزیل دلالت کرتی ہو کہ مراد اس آیت سے وہ کفار ہین جو بخاطر جناب
ابوطالب اُنکے شریک تھے صرف حفاظت و حراست مین آنحضرتؐ کی لیکن چونکہ اُنکا ظاہر و باطن کفر پر تھا
کہ وہ لوگ ایمان نہ لاتے تھے لیکن بلاچاری شریک جناب ابوطالب رہتے تھے لہذا وہ مثل حضرت ابوطالب
مومن نہ تھے اور اس تقریر سے ظاہر ہوا کہ یہ عبارت انوار التنزیل کی دلیل ایمان حضرت ابوطالب ہو نہ دلیل
عدم ایمان لیکن ہم تو آپ کی عقل و دانائی کے قائل ہین کہ ایسے صریحی امر کو آپ نہ سمجھے یا تجاہل عارفانہ
فرماکر ہٹ دھرمی سے مرتکب اکبر معاصی ہوے حالانکہ آپکا ہی قول ہو کہ فان الذنب بعد العلم اشد
منہ حین الجہل اور فان العلم حجۃ اللہ بہر کیف دو حال سے یہ امر خالی نہین یا تو عبارت انوار التنزیل
آپ نے سمجھے نہین تو آپ کا جہل ثابت ہوتا ہی یا آپ جان بوجھ کر بے شعور بنکے سے کام کرتے ہین تو آپ سے
بڑھکر بے شعور کون ہوگا کہ روگردانی کی آپ نے حجت خدا سے اور موذی نبی ہو کر خسر الدنیا والاخرۃ
ہوے **جواب ثانی** امام فخر الدین رازی کی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہی کہ آیہ وھم ینہون عنہ الخ اُن
لوگون کے باب مین ہو جنکے لیئے اس سے ماقبل کا آیہ ہی اور ماقبل کا آیہ یہ ہی [1] ومنھم من یستمع الیک
وجعلنا علی قلوبھم اکنۃ ان یفقھوہ وفی اذانھم وقرا وان یروا کل ایۃ لا یومنوا بھا حتی اذا جاؤک
یجادلونک یقول الذین کفروا ان ھذا الا اساطیر الاولین اور بعض اُن کفار مکہ سے وہ لوگ ہین کہ کان
رکھتے ہین وہ طرف تیرے یعنی تو اے محمدؐ جسوقت قرآن پڑھتا ہو تو وہ سنتے ہین اور ڈال دیے ہم نے
اُنکے دلون پر پردے اس بات کے کہ سمجھین وہ اُسکو یعنی ہم نے اُنکے دلون پر پردے ڈال دیے ہین
بسبب اُنکے عناد اور حسد اور تکبر کے کہ وہ غور اور تامل معنون مین نہین کرتے اور گردانا ہی اُنکے کانون مین
گرانی اور ثقل کو کہ وہ حق کو نہ سنین اور اگر مشاہدہ کرین وہ تجھ سے ہر ایک معجزہ کو کہ طلب کرین تو نہ ایمان لاوین
اُسپر بسبب عناد و حسد کے یعنی زیادتی اُنکے انکار اور جھٹلانے کی انتہاے درجہ کو پہونچی ہی یہانتک کہ جسوقت
آتے ہین وہ تیرے پاس تو مجادلہ کرتے ہین تجھ سے اور کہتے ہین وہ لوگ جو کافر ہین کہ یہ قرآن نہین ہو مگر قصے
کہانیان ہین پہلون کی الحاصل آیہ وھم ینہون متصل ہی اپنے ماقبل سے اور [2] بغوی معالم التنزیل مین اور خود امام
فخر الدین رازی مسئلہ اولی مین تحت آیہ مذکورہ لکھتے ہین قال ابن عباس حضر عند رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم ابو سفیان والولید بن المغیرۃ والنضر بن الحرث وعقبۃ وعتبۃ وشیبۃ ابنا ربیعۃ
وامیۃ وابی ابنا خلف والحرث بن عامر وابو جہل واستمعوا الی حدیث الرسول فقالوا للنضر ما
یقول محمد فقال لا ادری ما یقول لکنی اراہ یحرک شفتیہ ویتکلم باساطیر الاولین کہا ابن عباس
نے کہ آئے رسول اللہ کے پاس ابوسفیان اور ابن مغیرہ اور نضر بن الحرث اور عقبہ و عتبہ و شیبہ و ابناے ربیعہ
و امیہ و ابی ابناء خلف و الحرث ابن عامر و ابوجہل اور سنا اُنھون نے بیان رسولؐ کو اور نضر سے کہا کیا کہتے ہین

[1] قول الامام فخر الدین تفسیر کبیر ... چھاپہ مصر صفحہ ... سطر ...
[2] جز ... صفحہ ... سطر ...
[3] معالم التنزیل ... سطر ...

محمد اُسنے جواب دیا مین نہین جانتا لیکن دیکھتا ہون مین کہ دونون ہونٹھ ہلاتے ہین اور بیان کرتے ہین اُن قصون کو
کہ اولین کے ہین کہا ابن عباس نے کہ مراد اساطیر سے احادیث اولین ہین مطلوب کفار مذکورین کا یہ تھا کہ
قرآن معجزہ نہین ہی بلکہ مثل اُن کتابون کے ہی جو شامل ہین اخبار اولین اور اقاصیص اقدمین پر معالم مین کلبی سے
اور تفسیر کبیر مین ابن عباس سے جو اسماے کفار مذکور ہے اُس مین کہین ذکر ابوطالب نہین ہی اور آیہ وھم
ینھون حق مین اُن کفار کے نازل ہوئی ہی جو قرآن کو اساطیر الاولین کہتے ہین اور مجادلہ کرنے تھے جھگڑتے
تھے آنحضرتؐ سے اور بغض وعناد و حسد سے جھٹلاتے تھے جناب ختمی مآبؐ کو نہ جناب ابوطالب کی شان
مین اور بطریق صحیح تو بڑا امر ہی طریق ضعیف سے بھی ثابت نہین ہوتا کہ مدۃ العمر مین جناب ابوطالبؑ نے قرآن
کو یا کلام رسولؐ کو اساطیر اولین اور اقاصیص قدمین کہا ہو یا آنحضرتؐ کو جھٹلایا ہو یا کسی سے باعلان یا اخفا
کہا ہو کہ یہ نبی نہین ہین یا یہ کلام خدا نہین ہی بلکہ مخالفت جناب ابوطالب کی کفار مذکورین سے کلیۃً ثابت ہی
کہ کوئی انکار نہین کرسکتا چہ جائیکہ شریک ہونا اُن کفار مین چنانچہ الم تعلموا انا وجدنا محمداً رسولا
کموسی خط فی اول الکتب اُنکا قول ہی کہ جس سے تصدیق نبوت بھی موجود ہی اور اقرار قرآن مجید بھی کہ رسولؐ
صاحب کتاب کو کہتے ہین پھر اساطیر اولین کہنے والون مین کیونکر شریک ہوسے بلکہ جو اُنکو اس گروہ مین شامل
کرین وہ منافق قرار پاوینگے اور جب ابوطالب اُس گروہ مین شامل نہ ہوسے تو نزول آیہ بشان ابوطالب مین
بعید از قیاس ہی اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ حق تعالی نے ضمیر جمع سے ذکر فرمایا ہی اور ضمیر جمع یا واسطے جمع کے
بولتے ہین یا واسطے واحد کے تعظیماً تعظیم تو یہان مفقود بلکہ توہین مطلوب ہی اور توہیناً کلام عرب مین استعمال
ضمائر جمع کا واحد کے لیے مستبعد ہی پس وھم ینھون فرمانا حق تعالی کا اُنھین کفار قریش کے جواب مین ہی
کہ جنکا ذکر کلبی اور ابن عباس سے آیت ما قبل وھم ینھون مین آچکا ہی اور نام بنام عبد اللہ بن عباس نے
گنوادیا ہی امام محی السنۃ معالم مین فرماتے ہین تحت آیہ وھم ینھون عنہ وینئون عنہ ای ینھون الناس
عن اتباع محمد ویتباعدون عنہ بانفسھم نزلت فی کفار مکۃ یعنی منع کرتے تھے آدمیون کو اتباع
محمدؐ سے اور دوری کرتے تھے اسی سے ساتھ نفسون اپنے کے اور نازل ہوئی ہی آیت کفار مکہ کے حق
مین اور کہا ہی یہ محمد بن الحنفیہ اور سدی اور ضحاک نے اور قتادہ نے کہا ہی ینھون عن القرآن وعن النبیؐ
ویتباعدون عنہ یعنی منع کرتے تھے قرآن سے اور نبیؐ سے اور دوری کرتے تھے اُسی سے ایسا ہی مجمع البیان
وغیرہ مین بھی ہی اور تفسیر کبیر مین امام فخر الدین رازی فرماتے ہین قولہ تعالی وھم ینھون عنہ وینئون عنہ
وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون فی الایۃ مسائل المسئلۃ الاولی اعلم انہ تعالی لما بین انھم
طعنوا فی کون القرآن معجزا بان قالوا انہ من جنس اساطیر الاولین واقاصیص الاقدمین بین
فی ھذہ الایۃ انھم ینھون عنہ وینئون عنہ وقد سبق ذکر القرآن وذکر محمد علیہ الصلوۃ
والسلام فالضمیر فی قولہ عنہ محتمل ان یکون عائدا الی القرآن وان یکون عائدا الی محمد فلھذا

السبب اختلفت المفسرون یعنی امام فخر الدین بعد نقل آیہ وھم ینہون عنہ الخ رقم فرماتے ہین کہ آیت
مین چند مسائل ہین **پہلا مسئلہ** یہ ہی کہ جان تو تحقیق کہ حق تعالی نے جسوقت بیان کیا کہ وہ لوگ طعن
کرتے ہین قرآن کے معجزہ ہونے مین اس طرح کی وہ جنس اساطیر اولین اور اقاصیص قدمین سے ہی یعنی جیسے
پہلے لوگون کے قصہ لکھے ہین ویسا ہی یہ قرآن ہی تو ظاہر کیا حق تعالی نے اس آیت مین کہ تحقیق وہ لوگ منع
کرتے تھے اُس سے اور دوری کرتے تھے اُس سے اور بہ تحقیق کہ سابق ہوا ذکر قرآن کا اور محمدؐ کا پس ضمیر عنہ
کی محتمل ہی کہ ہو عائد طرف قرآن کے یا طرف محمدؐ کے اور اسی سبب سے اختلاف کیا مفسرون نے
فقال بعضہم وھم ینہون عنہ وینئون عنہ ای عن القرآن وتدبرہ والاستماع لہ پس کہا بعضون نے
اور وہ لوگ منع کرتے ہین قرآن سے اور اسکے تامل و سوچنے سے اور اُسکے سننے سے وقال آخرون بل
المراد ینہون عن الرسول اور کہا دوسرون نے بلکہ مراد ینہون عن الرسول ہی یعنی منع کرتے تھے
رسول سے واعلم ان النہی عن الرسول محال بل لابد وان یکون المراد النہی عن فعل یتعلق بہ علیہ
الصلوۃ والسلام وھو غیر مذکور فلا جرم حصل فیہ قولان پھر امام فخر الدین فرماتے ہین کہ جان تو
تحقیق نہی عن الرسول محال ہی تو ضرور ہی کہ ہو مراد نہی کی اُس فعل سے کہ متعلق ہی ساتھ اُسی رسولؐ کے اور وہ
فعل مذکور نہین ہی پس بالضرور حاصل ہوے اُس مین دو قول منہم من قال المراد انہم ینہون عن التصدیق
بنبوتہ والاقرار برسالتہ بعض اُن آخرون کے وہ ہین کہ کہا مراد انہم ینہون سے نہی کرنا ہی تصدیق نبوت
اور اقرار رسالت سے وقال عطاء ومقاتل نزلت فی ابی طالب کان ینہی قریشا عن ایذاء النبی
ثم یتباعد عنہ ولا یتبعہ علی دینہ اور دوسرا قول عطا اور مقاتل کا ہی کہ تھے ابوطالبؑ کہ منع کرتے تھے
قریش کو ایذا دینے سے نبی کے بعدہ دوری کرتے تھے اُن حضرت سے اور نہ متابعت کرتے تھے اُنکے
دین مین اُن کی والقول الاول اشبہ لوجہین اور قول اول اشبہ ہی بسبب دو وجہون کے الاول ان جمیع
الایات المتقدمۃ علی ہذہ الایۃ یقتضی ذم طریقتہم فکذلک قولہ وھم ینہون عنہ ینبغی ان یکون
محمولا علی امر مذموم فلو حملناہ علی ان ابا طالب کان ینہی عن ایذائہ لما حصل ہذا النظم وجہ
اول یہ ہی کہ جمیع آیات متقدمہ اس آیت کے مقتضی ہین مذمت طریقۂ کفار کی پس ایسا ہی قول خدا وھم
ینہون عنہ بھی محمول ہی طریقۂ مذموم پر پس اگر حمل کرین ہم اُسکو اوپر اس امر کے کہ بہ تحقیق ابوطالب منع کرتے تھے
کفار کو ایذا پہونچانے سے نبی کے تو نہ حاصل ہوگا یہ نظم والثانی انہ تعالی قال بعد ذلک وان یہلکون
الا انفسہم یعنی بما تقدم ذکرہ ولا یلیق ذلک ان یکون المراد من قولہ وھم ینہون عنہ النہی عن
اذیتہ لان ذلک حسن لا یوجب الہلاک وجہ دوسری یہ ہی کہ حق تعالی نے کہا بعد اسکے وان یہلکون الا
انفسہم یعنی نہین ہلاک کرتے وہ لوگ مگر نفسون اپنے کو ساتھ اُس چیز کے کہ مقدم ہوا ذکر اُسکا اور نہین لائق
ہی کہ ہو مراد قول حق تعالی وھم ینہون سے کہ منع کرتے تھے اذیت دینے سے نبی کو اسواسطے کہ یہ حسن ہی

موجب ہلاک نہیں ہو فان قیل ان قولہ وان یہلکون الا انفسہم یرجع الی قولہ وینئون عنہ لا الی قولہ ینہون عنہ لان المراد بذلک انہم یبعدون عنہ بمفارقۃ دینہ وترک الموافقۃ لہ وذلک ذم فلا یصح ما رجحتم بہ ہذا القول پس اگر اعتراض کیا جائے کہ قول حق تعالی وان یہلکون الا انفسہم راجع ہی طرف ینئون عنہ کے نہ ینہون عنہ کی طرف اسواسطے کہ تحقیق کہ مراد اُس سے یہ ہو کہ وہ دوری کرتے تھے نبیؐ سے ساتھ مفارقت دین کے اور ترک کرنے موافقت کے اُسی نبی کی پس نہیں صحیح ہو وہ چیز کہ ترجیح دی تم نے اُسکے ساتھ اس قول کو قلنا ان ظاہر قولہ وان یہلکون الا انفسہم یرجع الی کل ما تقدم ذکرہ لانہ بمنزلۃ ان یقال ان فلانا یبعد عن الشیٔ الفلانی وینفر عنہ ولا یضر بذلک الا نفسہ فلا یکون ہذا الضرر متعلقا باحد الامرین دون الاخر جواب دینگے ہم کہ ظاہر قول خدا کا وان یہلکون الا انفسہم راجع ہوتا ہی طرف کل اُس چیز کے کہ مقدم ہوا ذکر اُسکا اسواسطے کہ وہ قول بمنزلہ اس قول کے ہو کہ کہا جائے بہ تحقیق فلان شخص دوری کرتا ہی فلان شی سے اور تنفر کرتا ہو اُس شی سے اور نہیں ضرر دیتا ہو وہ بہ سبب اسکے مگر اپنے نفس کو پس نہ ہوگا یہ ضرر متعلق باحد الامرین دون الآخر یعنی یہ ضرر دو امرون میں سے ایک کے متعلق ہو اور دوسرے کے ساتھ نہ ہو یہ نہیں ہو سکتا **المسئلۃ الثانیۃ** اعلم ان اولئک الکفار کانوا یعاملون رسول اللہ بنوعین من القبیح جان تو کہ تحقیق کہ وہی کفار تھے کہ عمل کرتے تھے رسول اللہؐ کے ساتھ دو قسم کی بدی سے الاول انہم کانوا ینہون الناس عن قبول دینہ والاقرار بنبوتہ اول تحقیق کہ وہ کفار منع کرتے تھے آدمیون کو قبول کرنے سے دین کے اور اقرار کرنے سے نبوت کے والثانی کانوا ینئون عنہ اور دوسرے یہ کہ وہ خود دوری کرتے تھے اُسی سے والنائی البعید یقال نأی ینأی اذا بعد اور نائی بعید کو کہتے ہین کہا جاتا ہو نای ینای جسوقت کہ دور ہو ثم قال وان یہلکون الا انفسہم بسبب تمادیہم فی الکفر وغلوہم فیہ وما یشعرون انہم یہلکون الا انفسہم ویذہبونہا الی النار بما یرتکبون من الکفر والمعصیۃ واللہ اعلم بعد اسکے کہا حق تعالی نے وان یہلکون الا انفسہم وما یشعرون کہا ابن عباسؓ نے اور نہین ہلاک کرتے تھے وہ مگر اپنے نفسون کو بہ سبب انتہا کے کفر اور غلو کے اُسی کفر مین اور نہین سمجھتے ہین کہ تحقیق کہ وہ ہلاک کرتے ہین اپنے نفسون کو اور لیے جاتے ہین وہ اپنے نفسون کو نار مین بہ سبب ارتکاب کفر و معصیت کے واللہ اعلم کیجیے امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر مین اسباب اختلاف مفسرین اور سبب نزول کو بدلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ کس شد و مد سے بیان فرمایا ہو اُسپر بھی کسی بے بصیرت کو نہ سوجھے تو مستحق ہوا اسی آیہ کا جو حق تعالی فرماتا ہو کہ وجعلنا علی قلوبہم اکنۃ ان یفقہوہ لیکن ہم اتماما للحجہ وتوضیحا للمرام خلاصہ اُنکی تفسیر کا مع چند امور ضرور یہ عرض کیے دیتے ہین شاید وہ شخص جو بہ سبب غلبۂ کفر و نفاق کے گرداب ضلالت و غوایت مین غوطہ زن ہی نجات پائے ۲ امر اول یہ ہو کہ سابقا حق سبحانہ و تعالی نے ذکر فرمایا قرآن کا اور محمدؐ کا اور کفار کے طعن کرنے کا کہ قرآن معجزہ نہیں ہی بلکہ

جنس ساطیر الاولین اور ان قاصیص صادقہ مین سے ہو اور ان کفار نے نہ ماننا بھی روایت ابن عباس سے اور معالم مین کلبی سے
معلوم ہو چکے اور یہ بھی واضح ہو گیا کہ ان کفار مین ابو طالب شریک کبھی نہ تھے اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ آیہ وھم
ینہون مرتبط ہی آیۂ سابق کا تو یہ آیہ انھین کفار کی شان مین نازل ہوا نہ جناب ابو طالب کی شان مین **امر**
دوم یہ ہی کہ جب یہ آیہ وھم ینہون مرتبط ہی آیۂ سابق کا اور آیۂ سابق مین ذکر قرآن کا اور آنحضرت کا اور
کفار کے طعن کا ہی تو مفسرون کو بسبب سابق الذکر ہونے قرآن اور محمد کے ارجاع ضمائر مین احتمالات
پیدا ہو گئے اور یہ مشہور ہی کہ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال پس بطلان ایمان ابو طالب پر استدلال
کرنا خود باطل ہو گیا **امر ثالث** احتمالات مفسرین یہ ہین کہ بعضون نے کہا ضمیر عنہ کی قرآن کی طرف عائد ہی
تو معنی یہ ہوے کہ وہ کفار منع کرتے تھے اور ون کو قرآن کے سننے سے اور خود بھی بھاگتے تھے اور بعض دیگر
نے کہا کہ ضمیر عنہ عائد ہی محمد کی طرف تو معنی یہ ہوے کہ نہی کرتے تھے رسول سے اور نہی عن الرسول محال ہی تو
مراد نہی عن الرسول سے وہ فعل ہی کہ جو متعلق ہو رسول سے اور وہ فعل بھی مذکور نہین تھا تو اس مین بھی دو احتمال
پیدا ہوے ایک یہ کہ نہی کرتے تھے تصدیق نبوت اور اقرار رسالت سے آنحضرت کی دوسرا یہ کہ منع کرتے
تھے کفار کو ایذاے نبی سے اور اسکو منسوب کیا جناب ابو طالب کی طرف بہ سبب مخفی ہونے انکے ایمان کے
اس بیان سے ظاہر ہو گیا کہ بوجوہات متعددہ احتمالات مفسرین سے پیدا ہوے انکو اسباب نزول کہنا دلیل
بے عقلی ہی **امر رابع** امام فخر الدین رازی فرماتے ہین کہ قول اول یعنی نہی کرنا تصدیق نبوت اور اقرار رسالت
سے [illegible] ہی بسبب دو وجہون کے **وجہ اول** تمام آیات متقدمہ دلالت کرتی ہین امر مذموم پر
[illegible] دلالت کرے امر مذموم پر اور مانع ہونا ایذاے نبی سے امر مذموم نہین ہی بلکہ احسن
ہی اور [illegible] فرات ہی **وجہ ثانی** نہی کرنا ابو طالب کا ایذاے نبی سے موجب ہلاک نہین ہی جو آخر آیہ
مین حق تعالی نے وان یہلکون فرمایا ہی اور اگر کہا جاوے کہ یہ یہلکون متعلق ہی ینئون سے کہ دوری کرنا امر
مذموم ہی تو کہا جاوے ایسا نہین ہی کہ جس سبب سے مخصوص کر دین یہلکون الا انفسہم کو ینئون سے بلکہ
یہلکون [illegible] کل کے کہ جسکا ذکر مقدم ہوا یہ نہین ہو سکتا کہ یہ صرف ایک امر سے متعلق ہو اور دوسرے
امر سے متعلق نہ ہو پس بالضرور یہ آیت نازل ہوئی ہی انھین کفار کی شان مین کہ جو منع کرتے تھے آدمیون کو کہ
دین کو آنحضرت سے قبول نہ کرین اور اقرار رسالت نہ کرین اور خود بھی دوری کرتے تھے اسی سے اور وہ ہی
مستحق تھے وان یہلکون الا انفسہم کے نہ جناب ابو طالب کہ خود بھی آنحضرت کی حفظ و حمایت اور نصرت
مین اپنی جان و مال و اولاد سے مصروف تھے اور دوسرون کو بھی وعظ و پند و نصائح سے ترغیب دیتے
تھے اور باعلان فرماتے تھے کہ دین محمد تمام دنیا کے دینون سے بہتر ہی اور محمد رسول ہین مثل موسی کے انکی
متابعت مین فلاح ہی **امر خامس** راجع ہونا ضمیر مرفوع بارز کا جناب ابو طالب کی طرف بغیر تقدم ذکر
ابو طالب صریحاً یا ضمناً بموجودگی ذکر کفار صریحاً باطل ہی پس ثابت ہوا کہ وہ ضمیر اور ضمیرین مستترین مرجع مین متحد ہین

اور مراد کفار مکہ ہین اور جب یہ امر ثابت ہوگیا تو معلوم ہوا کہ نہی اور نائی دونون فعل
امرون کو نسبت دینا جناب ابوطالب کے ساتھ عقلاً اور نقلاً ممنوع ہوا امر سادس قول ابن عباس
حق سبحانہ تعالی نے وان یھلکون الا انفسھم بسبب تمادیھم فی الکفر وغلوھم فیہ وما یشعرون
یھلکون انفسھم ویذھبونھا الی النار بما یرتکبون من الکفر والمعصیۃ یعنی نہین ہلاک کرتے ہین وہ
لوگ مگر اپنے نفسون کو بسبب انتہاے کفر کے اور غلو کرنے کے اُسی کفر مین اور نہین سمجھتے ہین کہ تحقیق کہ وہ
لوگ ہلاک کرتے ہین اپنے نفسون کو اور لے جاتے ہین نار مین بہ سبب ارتکاب کفر اور معصیت کے انتہاے
کفر اور غلو فی الکفر یہ نہین ہو سکتا کہ محمدؐ کو ایذا دینے سے بچائے اور دوسرون کو منع کرے بلکہ انتہاے کفر
وہ ہی ہے کہ دوسرون کو بھی آمادہ کرے ایذا دینے پر اور خود بھی ایذا دے پس ان سب امرون سے ظاہر
ہو گیا کہ احتمالات مفسرین سے اختلاف پیدا ہوے اور اُسنے اصلی سبب نزول کو مخفی کر دیا پس ایسے اختلافات
مفسرین سبب نزول نہین ہو سکتے بلکہ ایسے اقوال متضادہ کو اگر تفسیر کہین تو ہو سکتا ہے اور سبب نزول
فی الحقیقت یہ ہے کہ حق تعالی نے سابقاً ذکر کفار اور قرآن اور محمدؐ کر کے اُسکا جواب اس آیہ مین اُن کفار کو دیا
معنی بھی درست ہو گئے اختلاف بھی برطرف ہو گیا نظم قرآن کے موافق بھی رہا سبب نزول بھی مثل آفتاب
نمایان ہو گیا وھم یعنی وہ مشرکین جنکا ذکر سابق مین گذرا ینہون عنہ منع کرتے تھے وہ ہی مشرکین دوسرے
آدمیون کو ایمان لانے سے اور اقرار کرنے سے رسالت کے اور قرآن کو معجزہ سمجھنے سے اور کہتے تھے کہ یہ
قرآن قصہ ہے اولین کا وینئون عنہ اور خود بھی دوری کرتے تھے ایمان لانے سے اور اقرار کرنے سے رسالت
کے اور قرآن کو معجزہ سمجھنے سے وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون اور نہین ہلاک کرتے ہین وہ لوگ مگر
اپنے نفسون کو بہ سبب انتہاے کفر اور غلو کے اور وہ بے شعور ہین اور تفسیر مدارک التنزیل[1] مین بھی ایسا ہی فرمایا
ہے علامہ ابو البرکات عبد اللہ ابن احمد ابن محمود نسفی نے وھم ای المشرکون ینھون عنہ الناس عن القرآن
او عن الرسول واتباعہ والایمان بہ وینئون بذالک یعنی مشرکین منع کرتے تھے آدمیون کو قرآن سے یا رسول
سے اور اتباع رسول سے اور ایمان لانے سے ساتھ اُس رسولؐ کے اور دوری کرتے تھے اُس سے وان یھلکون
الا انفسھم وما یشعرون ای لا یتعداھم الضرر الی غیرھم وان کانوا یظنون انھم یضرون رسول
اللہ اور نہین ہلاک کرتے ہین وہ لوگ مگر اپنے نفسون کو اور نہین شعور رکھتے وہ لوگ اس بات پر کہ نہین
تجاوز کرتا اُن لوگون سے وہ ضرر اُنکے غیر کی طرف اگرچہ وہ گمان کرتے ہین کہ تحقیق کہ وہ ضرر پہونچاتے ہین
رسول کو یعنی وہ لوگ گمان کرتے ہین کہ ہم ضرر پہونچاتے ہین آنحضرت کو مگر وہ ضرر اپنے نفسون کو پہونچاتے
ہین وقیل[2] عنی بہ ابو طالب لانہ کان ینھی قریشا عن التعرض رسول اللہ وینأی عنہ فلا یؤمن بہ
اور کہا گیا کہ مراد لی گئی ہے اس سے ابو طالب اسواسطے کہ ابو طالب منع کرتے تھے قریش کو تعرض رسول اللہ
سے اور دوری کرتے تھے اُن سے اور نہ ایمان لاتے تھے ساتھ اُنکے والاول اشبہ و اولاشبہ صحیح ہے

[1] مدارک النسفی

[2] سلمہ عبارت تفسیر مدارک النسفی

اول تو علامۂ ممدوح نے قیل کرکے قول ضعیف بیان کیا اور پھر اول کو اشبہ بصحیح فرمایا جیسا کہ امام فخر الدین رازی نے بدلائل قویہ ثابت فرمایا ہی اور تفسیر درمنثور میں ہی اخرج ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویہ من طریق علی بن ابی طلحۃ فی قولہ تعالی وھم ینھون عنہ قال ینھون الناس عن محمد ان یومنوا بہ وینئون عنہ یتباعدون عنہ واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابوالشیخ عن مجاھد فی قولہ وھم ینھون عنہ قال قریش عن الذکر وینئون عنہ یقول یتباعدون واخرج عبدالرزاق وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابوالشیخ عن قتادۃ قولہ وھم ینھون عنہ قال ینھون عن القران وعن النبی وینئون عنہ ای یتباعدون عنہ وعلی ھذا القیاس اقوال مفسرین بکثرت واقع ہوے ہین اور اسکے مخالف بھی واقع ہوے ہین پس یہ اقوال مفسرین ہین نہ اسباب نزول اور سبب نزول وہی ہی کہ یہ آیت مرتبط ہی آیت سابق سے اور شان مین اُن کفارون کے نازل ہوئی ہی جو تکذیب کرتے تھے اور قرآن کو اساطیر اولین کہتے تھے اقرار رسالت و نبوت سے مانع ہوتے تھے اور خود بھی دوری کرتے تھے اور تفسیر علامۂ ابوالسعود مین بھی اسی طرح بیان کیا ہی کہ نزول آیہ شان مین اُن کفار کے ہی جو تکذیب کرتے تھے رسول کی اور قرآن کو اساطیر اولین کہتے تھے کہ یہ قرآن معجزہ نہین ہی بلکہ قصہ ہی جیسا کہ ہم قصے اولین کے بیان کرتے ہین غرض علامۂ ابوالسعود کی تفسیر کا خلاصہ یہ ہی وھم ینھون عنہ الضمیر المرفوع للمذکورین والمجرور للقرآن ای لا یقنعون بما ذکر من تکذیبہ وعدّہ من قبیل الاساطیر بل ینھون الناس عن استماعہ لئلا یقفوا علی حقیقتہ فیومنوا بہ یعنی ضمیر مرفوع واسطے مذکورین کے ہی اور مجرور واسطے قرآن کے چونکہ علامۂ ممدوح آیۂ سابق مین بیان کرآئے ہین کہ ابوسفیان اور ولید اور نضر اور عتبہ اور شیبہ اور ابوجہل اور اصحاب اُنکے مجتمع ہوکر تلاوت قرآن آنحضرت سے سن کر کہتے تھے کہ یہ قرآن معجزہ نہین ہی بلکہ قصہ ہی اولین کا اس سبب سے مفسر نے لفظ مذکورین پر اکتفا فرمائی پھر فرمایا ای لا یقنعوا یعنی نہ قناعت کرتے تھے تکذیب کرنے پر اور قرآن کو اساطیر اولین سے شمار کرنے پر بلکہ منع کرتے تھے لوگون کو اُسکے سننے سے تاکہ اُسکی حقیقت پر واقف نہ ہون ورنہ اُسپر ایمان لے آوینگے وینئون عنہ ای یتباعدون عنہ بانفسھم اظھارا لغایۃ نفورھم وتاکیدا لنھیھم عنہ فان اجتناب الناھی عن المنھی عنہ من متممات النھی یعنی خود بھی دوری کرتے تھے اُس سے کہ نہایت تنفر اُنکا اُس قرآن سے اور اُسکی سماعت سے ظاہر ہو اور تاکید پائی جائے اُنکے منع کرنے کی اُس سے اور اُسکی سماعت سے پس بتحقیق کہ اجتناب ناہی کا منہی عنہ سے متممات نہی سے ہی یعنی دوسرون کو منع کرنا اور آپ بھی دوری کرنا اتمام سے نہی ہی ولعل ذلک ھو السر فی تاخیر الناٴی عن النھی اور شاید کہ یہی سر ہو موخر ہونے مین ناٴی کی نہی سے تحقیق ینھون عنہ وینئون عنہ سے وہی کفار سابق الذکر تکذیب کرنے والے اور قرآن کو اساطیر اولین کہنے والے ہوے نہ جناب ابوطالب پھر علامۂ ابوالسعود فرماتے ہین وقیل الضمیر المجرور للنبی

وقیل المرفوع لابی طالب اور کہا گیا کہ ضمیر مجرور واسطے نبی کے ہی اور کہا گیا مرفوع واسطے ابوطالب کے
ہی اور دونون مقامون پر قیل کرکے رقم فرمایا اسلیے کہ وہ ضعیف ہی اور وہ اسی طرح سے ہی کہ کچھ لوگ کفار جمع
ہو کر آئے ابوطالب کے پاس اور ارادہ کیا انھون نے بدی کا رسول اللہ سے اسوقت جناب ابی طالب نے
متوجہ ہو کر آنحضرت کی طرف یہ اشعار پڑھے واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم + حتی اوسد فی التراب
دفینا + فاصدع بامرک ما علیک غضاضۃ + وابشر بذاک وقر منہ عیونا + ودعوتنی وزعمت
انک ناصحی + ولقد صدقت وکنت ثم امینا + وعرضت دینا لا محالۃ انہ من خیر ادیان
البریۃ دینا + لولا الملامۃ او حذاری لسبۃ + لوجدتنی سمحا بذاک مبینا ان اشعار سے ابوطالب
کی جو بحث متعلق ہی اُسے پھر عرض کرینگے علامہ ابی سعود بعد اسکے فرماتے ہین وان یہلکون ای ما یہلکون
بما فعلوا من النہی والنای الا انفسہم بتعریضہا لاشد العذاب وافضعہا عاجلا واجلا وھو
عذاب الضلال والاضلال یعنی نہین ہلاک کرتے ہین ساتھ اُس چیز کے کہ کرتے ہین وہ لوگ نہی سے اور
نائی سے مگر اپنے نفسون کو ساتھ پیش کرتے اپنے نفسون کے واسطے شدید تر اور قبیح تر عذاب کے از روے
تعجیل کے اور تاخیر کے اور وہ عذاب ہی گمراہ ہونے کا اور گمراہ کرنے کا وما یشعرون حال من ضمیر یہلکون
ای یقصرون الاھلاک علی انفسہم والحال انہم ما یشعرون یعنی وما یشعرون حال واقع ہوا ہی
ضمیر یہلکون سے یعنی کوتاہ کرتے ہین اہلاک کو اپنے نفسون پر اور حال یہ ہی کہ تحقیق وہ نہین جانتے ہین
کہ ہم اپنے نفسون کو ہلاک کرتے ہین اور نہ وہ یہ جانتے ہین کہ اختصار اس ہلاک کا ہمارے ہی نفسون پر ہو کہ
بسبب اسکے وہ لوگ ضرر نہین پہونچا سکتے قرآن کو اور پیغمبر کو اور مومنین کو پس جو ضال اور مضل ہین وہ ہی اپنے
نفسون کو ہلاک کرتے ہین **تنبیہ** جو قول ضعیف نزول آیہ کا در بارہ جناب ابوطالب مذکور ہوا اُس مین چند مقام
لائق بحث ہین **مقام اول** امام فخر الدین رازی نے بتوضیح تمام بیان فرمایا کہ بعض ضمیر عنہ کو عائد کرتے
ہین آنحضرت کی طرف تو معنی یہ ہوے کہ نہی کرتے ہین آنحضرت سے اور نہی عن الرسول محال ہی تو اُس مین دو
احتمال ہوے ایک یہ کہ نہی کرتے تھے تصدیق نبوت اور اقرار رسالت سے دوسرے یہ کہ نہی کرتے تھے ایذا ے
نبی سے پس یہ دونون احتمال ہوے مفسرین کے اسی طرف اشارہ کیا ہی علامہ ابوالسعود نے اور فرمایا ہی
وقیل الضمیر المجرور للنبی یعنی ضمیر مجرور شی کی طرف راجع ہی باین معنی کہ منع کرتے تھے کفار تصدیق نبوت
اور اقرار رسالت آنحضرت سے پھر فرمایا وقیل الضمیر المرفوع لابی طالب یہ دوسرا احتمال ہی کہ ضمیر مرفوع
ابی طالب کی طرف عائد ہی باین معنی کہ ابوطالب نہی کرتے تھے ایذاے نبی سے پس یہ اقوال ضعیفہ احتمالات
مفسرین کے ہین یہ اسباب نزول ہو سکتے ہی نہین اور نیز احتمال مبطل استدلال ہی پس کسی طرح ممکن نہین کہ
ثبوت نزول آئیہ مذکورہ کا شان ابوطالب مین ہو سکے **مقام دوم** علامہ ممدوح نے روایت نقل فرمائی
ہی وہ یہ ہی انہم اجتمعوا الیہ وارادوا برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوءا یعنی تحقیق کہ وہ کفار

جمع ہوئے ابوطالب کے پاس اور ارادہ کیا آنحضرت سے بدی کا اسوقت ابوطالب متوجہ ہوئے رسول خدا
کی طرف اور یہ اشعار فرمائے واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتی اوسد فی التراب دفینا یعنی قسم
ہے خدا کی ہرگز نہ پہونچینگے وہ کفار تیری طرف اپنی جمعیت کے ساتھ یہانتک کہ مین زمین مین دفن کیا
جاؤن مطلب جناب ابوطالب کا یہ تھا کہ جب تک مین زندہ ہون کفار آپ کو اذیت نہین پہونچا سکتے
یہ کلام جناب ابوطالبؑ کا اسقدر موثر ہوا اور ایسا رعب غالب ہوا اُن کفار پر کہ دست و پا گم کردہ ہوگئے
اور سب کو یقین ہو گیا کہ بڑا کشت وخون ہوگا جب ابوطالبؑ قتل ہو نگے اور بعد اسکے بھی ہم محمدؐ کو گزند پہونچا سکینگے
یا نہ پہونچا سکین **مقام سوم** کفار عرب جناب ابوطالبؑ کے پاس جمع ہوئے تھے جناب ابوطالب کو
لازم تھا کہ اُن کفار کو جواب دیتے مگر جناب ابوطالب اُنکی طرف متوجہ نہ ہوئے اور اُسی حالت غیظ وغضب
مین چند امرون کا جواب دینا مطلوب ہوا ایک یہ کہ کفار عرب یہ نہ سمجھین کہ ہماری جمعیت سے ابوطالب ڈر گئے
دوسرے یہ کہ سب کفار عرب جو جمع ہوئے ہین سردار قوم ہین دو حال سے خالی نہین یا میرے رعب وداب
سے یہ لوگ خائف ہوجائینگے اور جو ارادہ اُنکے دلون مین ہے اُسکو ترک کرینگے اور یا آمادہ جنگ ہوجائینگے
تو اسی وقت مین اپنی جان فدا کرونگا تیسرے یہ کہ جو شخص مستعد بجنگ ہوتا ہے خصوصاً اُن لوگون سے کہ
جو شجاعت اور حمیت مین مشہور ہون اور قتل ہون تو پہلے ہی اپنی حیات سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے کہ فتحیابی
اسپنے اختیار سے باہر ہے باین وجہ جناب ابوطالب متوجہ ہوئے جناب ختمی مآب کی طرف اور جو تصدیق
قلبی ابوطالب کو حاصل تھی اور جیسا کہ والہ و فریفتہ تھے آنحضرت کے اور یا اور جو اذعان و اعتقاد کہ آپ کا
آنحضرت کے ساتھ تھا اُسکا اظہار فرما دیا اور نیز یہ بھی منظور تھا کہ جو قدر ومنزلت میری اُن کفار کے دلون
مین ہے وہ بھی قائم رہے کہ شاید اگر حیات باقی رہی تو سلسلہ حفاظت وحراست منقطع نہ ہوجائے چنانچہ
تمام کتب سیر وغیرہ مملو ہین کہ چند بار کفار مجتمع ہوکر جناب ابوطالب کے پاس آئے اور شکایت کی کہ محمدؐ آپ کا
بھتیجا ہمارے خداؤن کی تکذیب کرتا ہے ہمارے دین کی تذلیل ہے نسبت کفر وضلالت کی ہم کو اور ہمارے
آباء سلف کو دیتا ہے آپ اس امر سے اُسکو منع فرمائیے جناب ابوطالبؑ نے جواب املل دیکر واپس کیا پھر
پھر وہ لوگ جمع ہوئے اور اکابر جماعت کو مانند ابوجہل و عتبہ اور شیبہ وغیرہ کو جناب ابوطالب کے پاس
بھیجا کہ ہم مین طاقت سماعت نہین ہے اور تحمل باقی نہین رہا یا محمدؐ مکہ مین رہے یا ہم ہر چند جناب ابوطالب
نے سمجھایا کچھ مفید نہ ہوا اور وہ لوگ آزردہ ہوکر بخشم اُٹھ کر چلے گئے جناب ابوطالب نے آنحضرت کو
بلایا اور حقیقت حال سے آگاہ کیا کہ تمام قوم نے دشمنی پر کمر مضبوط باندھی ہے سب آمادہ بجنگ ہو رہے
ہین اب وہ اس امر پر راضی ہوئے ہین کہ اُنکے خداؤن کو اور اُنکے دین کو بد نہ کہو اور نسبت کفر وضلالت
کی اُنکو نہ دو پیغمبر خدا نے جواب دیا کہ قریش اگر ایک ہاتھ مین آفتاب اور ایک مین ماہتاب دین اور کہین
کہ اس امر سے باز آؤ تو بھی نہ مانونگا اور دین اسلام کو ظاہر کرونگا ملا معین کاشفی معارج النبوۃ مین رقم

فرماتے ہین کہ این بگفت و برخواست وآب در دیدہ بگردانید و برفت ابوطالب چون دید کہ پیغمبر از پیش وی
دلتنگ بیرون رفت ابوطالب از انچہ بآن حضرت گفتہ بود پشیمان شد وآن حضرت را بخواند و گفت کہ
ہر نوع دلخواہ تست آنچنان معاملہ کن کہ تا جان دارم از حمایت وتعصب تو باز نہ ایستم وتا زندہ ام در
طلب رضای تو می باشم انتہی اور ابن سعد نے طبقات مین اور امام اہل السیر محمد بن اسحق اور زہیرہ جوزی
نے اور ایک جم غفیر نے مواہب مین اور ملا معین کاشفی نے معارج مین نقل کیا ہی اکابر کفار قریش جمع
ہوکر پھر جناب ابوطالب کے پاس آئے اور کہا کہ آپکا بھتیجا ہمارے معبودون کی سب وشتم کرتا ہی اور ہمارے
آبائے سلف کی توہین وتذلیل کرتا ہی یا آپ اُسکو باز رکھین کہ وہ ایسے اقوال سے اجتناب کرے والا آپ
محمد کو ہمارے سپرد کیجیے کہ ہم اُسے قتل کرین اور اُسکے عوض مین عمارہ ابن ولید کہ اجمل قریش وحسین ترین
مردم ہی ہم آپ کی خدمت مین حاضر کرتے ہین آپ اُسکی تربیت اور پرورش مین مصروف رہین ہم نہین چاہتے کہ
ہماری طرف سے آپ کی خاطر اقدس غبار آلودہ ہو اس مقام پر عبارت معارج بلفظہ نقل کی جاتی ہی کہ جو رکن سوم باب
اول فصل چہارم مین ہی ابوطالب ازین سخن ایشان بخشم درآمد وگفت ای قوم این نوع اندیشہ بسیار از خرد دور
است وہیچ عاقل تصور نہ کند کہ من فرزند شما بستانم و بپرورم و فرزند خود بشما دہم تا بکشید در عالم ہیچ کس
این معاملہ کردہ است کہ شما مرای فرمائید تا باکنون سخن نگاہ می داشتم اکنون آشکارا می گویم کہ ہر کہ خصم پیغمبرست
من خصم اویم وہر کہ خصم دین اوست من خصم دین اویم چون ابوطالب این سخن بگفت ہمہ از پیش او برجستند وبدشمنی
وکدورت میان بربستند ابوطالب چون دید کہ قوم برسر جنگ اند قوم خود بنی ہاشم وبنی عبد المطلب را بخواند
واحوال بایشان بگفت وایشان را بنصرت ومعاونت آنحضرت تحریض کرد ہمہ گفتند سمعًا وطاعۃً ہرچہ فرمائی
بجان ایستادہ واطاعت وفرمان ترا آمادہ ایم انتہی الحاصل جناب ابوطالب نے تمام بنی ہاشم اور عشائر و
اولاد کو اپنے آمادہ کر لیا اور یہ بھی قصد کر لیا کہ ان سب کو فدائے پائے آنحضرت کر دونگا اور یہ بھی باعلان
کہدیا کہ ابتک تو مین نے مخفی کہا تھا اب آشکارا کہتا ہون کہ جو محمد کا دشمن ہی مین اُسکا دشمن ہون اور جو محمد
کے دین کا دشمن ہی مین اُسکے دین کا دشمن ہون اب انصاف فرمائیے کہ ابوطالب کس دین کے دشمن ٹھہرے
اور کس دین کے دوست اگر محبت تھی ابوطالب کو تو آنحضرت سے بقول آپ کے جیسی محبت چچا کو بھتیجے سے
ہوتی ہی ویسی محبت تھی پھر بھتیجے کے دین سے بھی تو ویسی ہی محبت کا اظہار فرمادیا اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ
تمام کفار عرب آنحضرت کے دین سے دشمنی رکھتے تھے تو تمام ادیان کفر کے ابوطالب بھی دشمن ٹھہرے اور
باعلان اُس مجمع مین کہدیا کہ مین تمام ادیان کفر کا دشمن ہون اب دوستی کس دین سے جناب ابوطالب کو تھی
وہ اپنے اس شعر مین جناب رسالتمآب کی طرف متوجہ ہو کر کس شد ومد سے ظاہر فرماتے ہین کہ مین نے تو باعلان
ظاہر کردیا کہ فاصدع بامرك ماعليك غضاضۃ + وابشر بذاك وقر منه عيونا یعنی ظاہر بظاہر
بیان کر تو اپنے امر کو اور نہین ہی اوپر تیرے منقصت اور ذلت اور خوشخبری ہو تجکو ساتھ اُسکے اور ٹھنڈی کر

آنکھین اپنی مراد حضرت ابوطالب کی اس شعر سے ظاہر ہی کہ مین تو اعلان کر چکا اب تو بھی کوشش کر ابلاغ رسالت
مین کہ تا حیات میری کوئی منقصت اور ذلت تجکو نہ ہو ئیگی اور ٹھنڈی کر آنکھین اپنی اور خوش ہو کہ مین ظاہر
بظاہر تیرا اور تیرے دین کا محب ہون ودعوتنی وزعمت انک ناصحی + ولقد صدقت وکنت ثم امینا
اور دعوت کی آپ نے مجکو اور گمان کیا آپ نے کہ تحقیق کہ آپ ناصح میرے ہین اور تحقیق کہ سچ کہا آپ نے اور
ہین آپ امین جناب ابوطالب کو اقرار اور اعتراف کرنا منظور تھا اس سبب سے دعوتنی وناصحی فرمایا ورنہ
یہ تخصیص جناب ابوطالب کیون فرماتے سبحان اللہ کیا کامل العقل تھے جناب ابوطالب کہ پہلے تو تمام بنی ہاشم
اور بنی عبد المطلب سے اقرار معاونت لے لیا اور بعدہ اُن سب پر واضح کر دیا کہ دیکھو میرا بھتیجا ہی مین نے
پرورش کیا ہی میرا فرزند ہی اور عرب مین چچا کو باپ کہتے تھے تو مین اسکا باپ ہون باوجود ان سب امور کے
اپنا ناصح ہونے کی تصدیق کرتا ہون اور باعلان تصدیق کرتا ہون کہ یہ صادق اور امین ہی اور جب یہ فرما چکے تو
ظاہر فرماتے ہین وعرفت دینا لا محالۃ انہ + من خیر ادیان البریۃ دینا اور ظاہر کیا آپ نے دین کو کہ لامحالہ
وہ دین بہترین ادیان خلائق سے ہی اس شعر مین صاف صاف فرما دیا پہلے تو ابلاغ رسالت کی خوشخبری دی
پھر ظاہر کیا کہ آپ نے مجھے دعوت کی پھر اپنا اذعان اور ایقان آشکارا کیا کہ بتحقیق کہ آپ تو ناصح وصادق
اور امین ہین اور یہ سب بیان فرما کر کہدیا کہ ظاہر کیا آپ نے وہ دین کہ بیشک وہ دین بہترین ادیان خلق ہی
اب اس کلام کو ابوطالبؑ کے اُس کلام سے ملا دیئیے کہ فرمایا کہ جو محمدؐ کے دین کا دشمن ہی اُسکے دین کا مین دشمن ہون
اس کلام سے بوضاحت مطلوب جناب ابوطالبؑ کا ثابت ہو گیا کہ جو بہترین ادیان ہی وہ ہی میرا دین ہی کہ جس
دین کے جناب ابوطالب دشمن تھے وہ اُنکا دین کسی طرح قرار پا سکتا ہی نہین اب رہا ایک شعر جسپر بڑا وثوق ہی
دشمنان خاندان نبوی وعلوی کو اور اُسکو دلیل عدم اقرار اسلام قرار دیتے ہین وہ شعر یہ ہی لولا الملامۃ او حذاری
سبۃ + لوجدتنی سمحا بذاک مبینا حالانکہ یہ شعر تمام تر دلالت کر رہا ہی جناب ابوطالبؑ کے ایمان واسلام
پر اس شعر سے نہ تکذیب پائی جاتی ہی نہ انکار بلکہ صاف اقرار موجود ہی مگر پردۂ تعصب نے متعصبین کو مصداق
افلا یعقلون بنا رکھا ہی وہ کیونکر سمجھین اور اُنھین کیونکر سوجھائی دے یہ واقعہ اُسوقت کا ہی کہ جناب ابوطالبؑ
آنحضرت کو شعب مین نہین لے گئے ہین بعد اس قیل وقال وبیان اشعار کے فرمانے کے پھر بنی ہاشم کو اور بنی عبد المطلب
کو جمع کیا اور سب کو ہمراہ لیکر داخل شعب ہوے سوائے ابولہب کے کہ وہ تو نہین گیا اور شعب مین جو جو اذیتین
اُٹھائین وہ سب کتب سیر وتواریخ سے بالتصریح معلوم ہو سکتی ہین فمن شاء فلیرجع الیہ اور یہ شعر جو جناب
ابوطالبؑ نے فرمایا سبب اسکا یہ تھا کہ تمام کفار قریش سے بلکہ تمام کفار عرب سے سوائے بنی ہاشم وعبد المطلب
کے آشکارا دشمنی ہو گئی تھی پس ابوطالب نے اندیشہ کیا کہ ایسا نہ ہو کہ بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب بھی
مثل دیگر کفار کے دشمنی پر آمادہ ہو جائین اور سلسلہ حفاظت اور حراست منقطع ہو جائے باین وجہ
فی الحقیقت خطاب تو بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب سے تھا مگر چونکہ ابوطالب مخاطب پیر رسول برحق تھے

انھین کی طرف متوجہ رہے اور کافر بنی ہاشم و بنی عبد المطلب کو ہدایت فرمائی کہ مین یہ سب جانتا ہون کہ آپ کا
دین بہتر دین ہی اور آپ سچے رسول ہین اور مین آنکو بھی دوست رکھتا ہون اور اُنکے دین کو بھی دوست
رکھتا ہون اور تم لوگ بھی مجکو ملامت کرنے لگوگے اور دشمن ہو جاؤ گے اگر یہ سب خوف نہ ہوتے تم سے
تو مین جوانمردی کرتا اس امر کے آشکارا کرنے مین یا آشکارا ہونے مین اور نیز آنحضرت پر بھی اپنے مطلب
کو ظاہر فرما دیا کہ خوف ملامت اور دشنام ہو جسکو ظاہر کر رہا ہوں فقط آپ کی حفاظت مطلوب ہے ورنہ جیسا
مین جوانمرد باطن مین ہون اس امر مین ویسا ہی آپ مجکو آشکارا پاتے اور معنی خفی جو اس شعر مین ہین وہ یہ ہین
کہ جب مین بجمیع الوجوہ دین اسلام کو بہترین ادیان خلق کہونگا اور تصدیق آنحضرت باین شد و مد کرونگا کہ یہ
میرے ناصح ہین اور صادق ہین اور امین ہین تو شاید بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب بھی ہمزبان ہو جائین
اور یہ سب آنحضرت کی اور نبوت و رسالت آنحضرت کی تصدیق کرنے لگین تو اُسوقت مین ان سب سے
کہون کہ جب تم سب متفق ہو اس امر پر تو پھر امر حق سے کیون کنارا کرتے ہو شاید یہ سب راہ راست پر
آجائین اور شاید اگر میرے اس کہنے پر بھی اسلام کو قبول نہ کیا اور میری طرف متوجہ اس امر مین نہ ہوسے
تو میری اطاعت و فرمانبرداری سے منہ نہ موڑینگے اور مین بھی کہہ سکونگا کہ تم لوگون کے خیال سے مین نے
بھی تم کو چھوڑا نہین ورنہ کون سی ملامت و دشنام و ایذا وہی کفار نے اُٹھا رکھی تھی یہانتک تو عہد و میثاق
آپس مین کیا تھا کہ ان سب سے متابعت اور مخالطت اور مبایعت نہ کرینگے اور انقطاع سلام و کلام و صلہ
رحمی کر چکے تھے اب کون سی ملامت و دشنام و ایذا باقی تھی جسکا خوف جناب ابوطالب کو تھا پس یہ اگر خوف
ابوطالب کو تھا تو یہی تھا کہ بنی ہاشم وغیرہ بھی ایذا رسانی پر آمادہ نہ ہو جائین اور میری معیت اور آنحضرت صلعم
کی معاونت ترک نہ کرین اور کیا فصیح و بلیغ کلام ہو جناب ابوطالب کا جس کلام سے مترشح ہو رہا ہو کہ دشنام
و ملامت کا ضرر دنیا مین ہو کہ عند الناس مذموم ہو نہ آخرت مین اور چونکہ یہ ضرر متعدی ہوتا تھا آنحضرت کی
طرف تو دنیا کے اس ضرر کو بہ سبب منفعت آنحضرت کے گوارا نہ کیا اسی طرح اقرار و اسلام کا اظہار بھی واسطے
اجراے احکام کے ہو دنیا مین اور نفع بھی اسکا دنیا مین ہی اور ممدوح بھی عند الناس ہو لیکن نفع اس
اظہار کا خاص جناب ابوطالب سے مخصوص تھا اور باوجود اس نفع خاص کے ضرر تھا آنحضرت کا بسبب
مضرت آنحضرت اس نفع کو گوارا نہ کیا اور فرما دیا لولا الملامة او حذاری سبة لوجدتنی سمحا بذاك مبينا
اور یہ لفظ مبین جو جناب ابوطالب نے فرمایا یہ لفظ خود دلالت کرتا ہی جناب ابوطالب کے ایمان باطنی پر کہ
بطور مخفی مومن کامل تھے اسواسطے کہ لفظ مبین لازمی بھی ہو متعدی بھی تو مراد یہ ہو کہ جو امر کہ مین نے ان اشعار مین
بیان کیا ان سب کو مین نے مخفی کیا ہی اگر خوف مذکور نہ ہوتا تو آپ مجکو پاتے ان امور مخفی کا واضح اور آشکارا
کرنے والا یا ساتھ ان امور کے واضح اور آشکارا ہونے والا اور یہ امر تو بالکل ظاہر ہو کہ اقرار و قبول کو واضح اور
آشکارا نہین کہتے اور یہان تو دونون معدوم سمجھے جاتے ہین پھر معدوم کا واضح اور آشکارا ہونا کیسا بلکہ

ہو شئی کہ وجود رکھتی ہو اُسکے ظاہر کرنے کو واضح اور آشکا رکھتے ہین اسواسطے کہ واضح اور آشکارا باطن اور مخفی
یہ صفتین ہین کہ بیان کرتی ہین حال شئی کو تو وجود شئی مقدم ہوگا صفت پر یعنی پہلے وجود شئی پایا جائیگا فی الواقع
بعدہٗ متصف ہوگا ساتھ ان الفاظ مذکورہ کے مثلاً کہین کہ فلان شخص ایمان لایا بعدہ پھر جیسا حال ہوگا وہ صفت
لگا ئینگے اور کہین گے کہ فلان شخص نے ایمان کو مخفی کیا یا آشکارا کیا پس جناب ابو طالبؑ نے بھی ایسا ہی فرمایا کہ
جو ایمان کہ میرا ہو اُسکا آشکارا کرنے والا پایا ساتھ اُسکے آشکارا ہونیوالا مجکو آپ پاتے اس شعر سے بالکل ثابت
ہوگیا کہ جناب ابو طالبؑ ایمان کو قبول کر چکے تھے لیکن اُسی ایمان کو متصف بصفت سمعاً بذلک مبینا نہ کیا تھا
اگرچہ اظہار فرما چکے تھے مگر جس طرح بخوف اظہار کرتے تھے اُس صفت سے اظہار نہ کیا تھا اگر اُس صفت سے
اظہار فرماتے تو خوف تھا کہ بجز تنہائی کوئی یار و مددگار نہ رہیگا اور جناب رسالت مآبؐ نرغۂ اعدا مین یکہ
و تنہا رہ جائینگے حفاظت اور حراست و نیز ابلاغ رسالت کے ابواب مسدود ہو جائینگے اب آپکو اگر عقل
و بصیرت ہو اور انصاف کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دیجیے اور مذہب جو آپ ظاہر فرما رہے ہین کہ ہین سنت جماعت
ہون تو اُسے ترک نہ کیجیے اور وہابیت و خارجیت کو دخل نہ دیجیے اور بتوجہ تمام ملاحظہ فرمائیے کہ جناب
ابو طالب باتفاق علما سے حدیث و سیر و نیز بقول آپ کے تمام عمر آنحضرتؐ کی حفاظت و حمایت و نصرت و کفالت
مین مصروف رہے اپنی اولاد سے زیادہ حضور کو عزیز رکھا اُس وقت مین ساتھ دیا کہ ایک زمانہ دشمن تھا تمام
قریش اور کل عزیز و اقربا کی مخالفت گوارا کی سب کو چھوڑنا گوارا کیا کوئی دقیقہ غمگساری جان نثاری کا فروگذاشت
نہین کیا اپنی جان و مال اولاد بلکہ کل قوم و قبیلہ کو فدائے آنحضرت فرمایا شبانہ روز آپ کی حفاظت و حراست
مین مصروف رہے جس وقت مین آنحضرتؐ کو مجنون ساحر شاعر کہتے تھے اُس وقت مین آپ کے دین کو
خیر الادیان کہا رسول کموسیٰ آپ کو تعبیر فرمایا صداقت و امانت کو آنحضرتؐ کے باعلان ظاہر فرمایا تمام قریش
بنی ہاشم کو وقت انتقال تک وصیت و نصیحت کی کہ محمدؐ کی تصدیق کرو فلاح پاؤ گے شان آنحضرتؐ مین
قصائد بے شمار انشا فرمائے اور باعلی صوت مجمع کفار مین فرمایا کہ جو محمدؐ کا دشمن ہو مین اُسکا دشمن ہون جو محمدؐ
کے دین کا دشمن ہو مین اُسکے دین کا دشمن ہون انصاف فرمائیے کہ اذعان و گرویدن و باور کردن و درست
دانستن و صادق داشتن و راستگوی دانستن و حق گوی دانستن کس کا نام ہو چونکہ ہم ابتدا ًمراتب تصدیق
مثل اذعان و قبول و تسلیم کو بیان کر آئے ہین یہان اسی قدر پر اکتفا کی جاتی ہو کہ اذعان کیفیات نفسانیہ سے
ہو اُسکا اظہار موقوف ہو زبان پر اور مشہور ہو کہ زبان ترجمان دل ہو اور نیز مولانا عبد الحق فرماتے ہین کہ زبان
معبر است از انچہ در نفس انسان ست پس جناب ابو طالبؑ نے جو کچھ کہ آپ کے نفس مین تھا نثراً اور نظماً
لساناً و کنایۃً وصیۃً و نصیحۃً ظاہر فرمایا اسپر بھی آپ نہ سمجھین تو آپ سے خدا سمجھے کہ آپ نے کس چیز کا نام
دین و اسلام و ایمان و تسلیم و اذعان اور تصدیق جنان رکھا ہو اب مین یہان پر وہ امر عرض کرتا ہون کہ قبل
آتش دوزخ کے دنیا ہی مین حسد کی آگ سے جل بھن کر خاک ہو جائین سنیے یا حضرت ابو طالبؑ اخیار المهاجرین

سید الناصرین ہین جو مراتب ابو طالبؑ کو حاصل ہوے مہاجرین مین سے کسی کو وہ مرتبے نہین حاصل ہوے
چنانچہ مشکوٰۃ[1] شریف کتاب الایمان مین یہ حدیث منقول ہی عن عبد اللہ ابن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ والمہاجر من ھجر ما نہی اللہ عنہ ھذا
لفظ البخاری ولمسلم قال ان رجلا سئل النبی ای المسلمین خیر قال من سلم المسلمون من لسانہ
ویدہ اشعۃ اللمعات[2] شرح مشکوٰۃ مین عبد الحق دہلوی رقم فرماتے ہین جسکا خلاصہ یہ ہی کہ عبد اللہ ابن عمرو ابن عاص
کہ یہ وہ بزرگ ہین کہ ابو ہریرہ جنکی شان مین کہتے تھے کہ مجھ مین اور عبد اللہ بن عمرو مین فرق اتنا ہی تھا کہ وہ
کاتب احادیث نبوی تھے اور مین نہ تھا اور وہ محب اہلبیت تھے فرماتے ہین کہ فرمایا رسولؐ خدا نے کہ
مسلمان کامل وہ شخص ہی کہ مسلمان اُسکی زبان اور ہاتھ سے سلامت رہین ایذا نہ پائین زبان اور ہاتھ
کی تخصیص اسوجہ سے کی کہ انواع و اقسام کی ایذائین انھین دونون سے پہونچتی ہین کہ زبان معبر ہی اُس
چیز کی کہ نفس انسان مین ہی اسی طرح اکثر امور ہاتھ سے سرزد ہوتے ہین اور تقدیم زبان کی ہاتھ پر اسوجہ سے
ہی کہ زبان سے ایذا پہونچتی ہی گذشتگان اور اہل زمان اور آیندگان کو اور ایذا ہاتھ کی بجز حاضرین کے دوسرے
کو نہین پہونچتی ہی اور کتابت زبان کے حکم مین ہی بلکہ کتابت زبان اور ہاتھ دونون کے حکم مین ہی پس مطابق رقم فرمانے
مولانا عبد الحق کے یہ کتابت یعنی رسالہ شرح المطالب جو آپ نے رقم فرمایا ہی ایذا دہی ہی گذشتگان اور اہل زمان
اور آیندگان آنحضرت کی والمہاجر من ھجر ما نہی اللہ عنہ یعنی مہاجر وہ شخص ہی کہ منہیات حق تعالی کو ترک
کرے عبد الحق دہلوی اس حدیث کی شرح مین باین عبارت رقم فرماتے ہین بدانکہ ہجرت در شرع بمعنی بیرون آمدن
از دار کفر ست بدار اسلام وگریختن از فتنہ دین ست و این را ہجرت ظاہرہ گویند و ہجرت باطنہ آنکہ از موطن طبیعت
بر آید و انچہ نفس و شیطان بدان داعی ست بگریزد و ترک دہد و بحقیقت شریعت ہجرت برای این غرض ست و
ہر کہ از وی این غرض حاصل شد در معنی مہاجر است اگرچہ در وطن باشد مگر آنکہ صورت ہجرت و ظاہران نیز واجب
گردد چنانچہ در زمان آنحضرتؐ بود کہ مسلمانان را از مکہ بمدینہ واجب بود ہجرت کردن و مقصود ازین حدیث ہمت
ترغیب مہاجران بر ترک مناہی تا بمجرد اسم و صورت اکتفا نہ کنند و بدان مغرور نشوند یا تسلی خاطر آنہا است
کہ صورت آنرا در نیافتند بحصول ثواب آن بترک منہیات این حدیث کو یا یہی لفظ بخاری نے روایت کی ہی
اور مسلم مین اس طرح مروی ہی کہ کسی نے پوچھا آنحضرت سے کہ کونسا مسلمان مسلمانون مین بہتر ہی اُسکے جواب مین
فرمایا کہ من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ اور مسلم مین والمہاجر من ھجر ما نہی اللہ عنہ نہین ہی مگر
مولانا عبد الحق رقم فرماتے ہین و ظاہر عبارت مؤلف موہم است کہ باشد فافہم پس جناب ابو طالب مصداق
اس حدیث کے ہین بجمیع الوجوہ یعنی داخل ہوتے ہین دار اسلام کے اور اول موطن طبیعت سے نکلنے مین
اور اکتساب کرنے مین امر حق کے اور تصدیق رسالت مین آنحضرت کی اور نصرت کرنے مین آنحضرت کی اور
اظہار رسالت و صداقت و امانت مین آنحضرت کی اور آپ کو رسول کموسی کہنے مین آپکے دین کو خیر الادیان

[1] مشکوٰۃ صفحہ ... سطر ...
[2] اشعۃ اللمعات جلد ... صفحہ ... سطر ...

کہنے ہیں اور فدا کرتے ہیں اپنی جان اور مال اور اولاد کے اور ان سب اوصاف میں سبق ہیں سابقین پر پس جناب ابو طالب کے خیر المہاجرین اور سید الناصرین ہونے ہیں بجز خوارج کے کسی مومن کو شک اور شبہہ نہیں ہو سکتا اور دلیل اسپر یہ حدیث متفق علیہ ہو عن انس بن مالک ابن النضر الانصاری الخزرجی خادم رسول اللہ یہ وہ بزرگ ہیں کہ آٹھ یا نو برس کے سن سے خدمت جناب رسول خدا میں رہے اور دس برس تک خدمت میں مصروف رہے مناقب انکے بکثرت ہیں جناب رسول مقبول نے انکے واسطے دعا کی تھی اور انکی والدہ کی خواہش سے عمر شریف انکی سو برس کی ہوئی اور اولاد انکی سو سے متجاوز ہوگئی تھی نخلستان انکا سال میں دو مرتبہ میوہ دیتا تھا یہ تو تاثیر دعاے آنحضرت کا ثمرہ دنیا میں تھا اور ثمر آخروی کا کیا بیان کیا جائے قال قال رسول اللہ لا یومن احد کم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین کہا انس نے فرمایا رسولخدا نے کہ ایمان نہیں لاتا تم میں سے کوئی اور مومن نہیں ہوتا جبتک کہ ہوں میں محبوب تر طرف اسکے والد سے اسکے اور اولاد سے اسکی اور تمام آدمیوں سے چنانچہ مولانا عبد الحق اسی حدیث کی شرح میں رقم فرماتے ہیں کہ محبت دو قسم ست یکی جبلی ست نہ از اختیار بندہ بیرون ست و بحکم طبیعت و جبلت بی اختیار بآنہا انجذابی دارد و این قسم خارج مبحث ست چہ دشمن در ایمان ست کہ تکلیف شرع در تحصیل و تکمیل آن بیرو دپس مراد درینجا محبتی خواہد بود کہ اختیار را دران مدخلی باشد و تکلیف دران جاری گردد پس مراد باجیبعہ درینجا ترجیح جانب آنحضرت ست صلی اللہ علیہ وسلم در اداء حق با التزام دین و اتباع سنت و رعایت ادب و ایثار رضای وی صلعم بر ہر کہ و ہر چہ غیر اوست از نفس و ولد و والد و اہل و مال و منال بجائیکہ راضی شود بہلاک نفس خود و فقدان ہر محبوب نہ فوات حق وی صلی اللہ علیہ وسلم چنانچہ حال کمل اصحاب بود و ازین میں بہی کے دوسری حدیث یا بن عبارت نقل فرماتے ہیں چنانکہ در حدیث دیگر آمدہ است کہ آنحضرت از عمر پرسید کہ حال چیست ما را دوست میداری و بس یا غیر ما را شریک میگردانی گفت محبت مشترک ست شما را دوست میدارم و نفس را و فرزندان و مال و منال را نیز دوست میدارم پس آنحضرت دستی بر سینۂ عمر زد و تصرفی کرد و پرسید اکنون حال چیست و چہ گونہ می دریابی گفت ساقط شد محبت اہل و مال اما محبت نفس ہنوز باقی ست بار دیگر دست بر سینۂ عمر زد و پرسید اکنون چہ گونہ گفت ہمہ ساقط شد مگر ما را محبت تو یا رسول اللہ ہم اس حدیث میں زیادہ بحث نہیں کرتے مگر اتنا امر تو ثابت ہوگیا کہ جناب ابو طالبؑ کو فقط محبت جبلی آنحضرت سے نہ تھی جو چچا کو بھتیجے سے ہوتی ہی اگر ویسی محبت ہوتی تو مثل دیگر اعمام کے اپنی اولاد اور مال و منال اور اپنے اقربا اور اپنے نفس سے زیادہ آنحضرت کو دوست نہ رکھتے بلکہ یہ محبت جناب ابو طالب کی وہ محبت تھی کہ اختیار کو اس میں مدخلیت تامہ تھی جیسا کہ بحث محبت میں تصریحا بیان ہو چکا ہو اور نیز تمام محدثین و مورخین و اہل سیر اس امر پر متفق ہیں چنانچہ ابو نعیم نے ابن عباس سے روایت کی ہی وکان ابو طالب یحب النبیؐ شدید الا یحب اولادہ فکان لا ینام الا الی جنبہ معہ و یخرج معہ حتی یخرجہ یعنی ابو طالب نہایت دوست رکھتے تھے آنحضرتؐ کو نہ دوست رکھتے تھے اپنی اولاد کو مثل آنحضرتؐ کے یعنی جناب

له مشکوٰۃ [illegible] باب [illegible] صفحہ ۵۶۲

ابو طالب کو جو محبت کہ آنحضرتؐ سے تھی ہرگز اسی قدر محبت اپنی اولاد سے نہ رکھتے تھے یہی سبب تھا کہ
جناب رسولؐ کو اپنے پہلو مین اپنے پاس سلاتے تھے اور باہر جاتے تھے تو آنحضرت کے ہاتھ اپنے ہاتھ مین
رکھتے تھے اور جب آنحضرت کو شعب مین لے گئے تو جس مقام پر فرش آنحضرت کا ہوتا تھا شب کو اس مقام پر
اپنے فرزندون مین سے کسی کو سلاتے تھے اور آنحضرت کو دوسرے مقام پر لیجاتے تھے خود پہلو مین آنحضرت
کے لیٹتے تھے تمام شب بیدار رہتے تھے کہ کفار اگر شب خون کرین تو میرے فرزندون سے مقتول ہون مگر
آنحضرتؐ کو گزند نہ پہونچے پس انس ابن مالک کی روایت سے جو مشکوٰۃ شریف سے نقل کی گئی کہ جو صحیحین مین موجود
ہی اور اس حدیث کو کہ جسکو مولانا عبد الحق نے ضمن مین اس حدیث کے نقل کیا ہی چند امر لائق توضیح ہین اول
یہ کہ فرمانا جناب رسالت مآبؐ کا کہ مومن کامل وہ شخص ہی جو آنحضرت کو اپنی جان و مال و اولاد اور تمام دنیا
و ما فیہا سے زیادہ دوست رکھے پس جناب ابو طالب ان اوصاف سے ایسے متصف تھے کہ کوئی انکار
نہین کرسکتا **دوم** مولانا عبد الحق دہلوی نے اسی حدیث کی شرح مین جو دو قسمین محبت کی لکھی ہین اور دوسری
قسم جو اختیاری اور اکتسابی ہی اور وہی درباب ایمان معتبر ہی اسکی تمام صفتون سے جناب ابو طالب ایسے
متصف تھے کہ مستغنی عن البیان ہی کوئی صفت ایسی اس قسم دوم مین نہین ہی کہ جسکے مصداق بالاتفاق جناب
ابو طالب نہ ہون **سوم** مولانا عبد الحق نے جو حدیث دیگر شرح مین اسکی دربارہ حضرت عمر رقم فرمائی وہ بھی
لائق غور ہی اولاً تو پوچھنا آنحضرتؐ کا کہ مارا دوست میداری و بس یا غیر مارا شریک میگردانی اور نہ پوچھنا آنحضرت
کا جناب ابو طالب سے انکے انتقال کے وقت تک ثانیاً جواب حضرت عمر کا محبت مشترک ست شما را دوست
میدارم و نفس خود و فرزندان و مال و منال را نیز دوست میدارم اور جناب ابو طالب نے وقت وفات عبد المطلب
سے اپنی وفات تک کبھی یہ کلمات اپنی زبان پر جاری نہین فرمائے بلکہ ہمیشہ آنحضرت کو اپنی جان و مال و
اولاد و اپنے نفس سے زیادہ عزیز رکھا جسکے تمام اہل سیر و حدیث اور نیز آپ بھی قائل ہین ثالثاً ضرب لگانا
آنحضرت کا سینۂ حضرت عمر پر اور تصرف کرنا اور پوچھنا اکنون حال چیست اور جواب دینا عمر کا کہ ساقط شد
محبت اہل و مال ما محبت نفس باقی ست بار دیگر پھر ضرب دوم لگانا دست مبارک سے سینۂ عمر پر اور پوچھنا
اکنون چہ گونہ اسکے جواب مین کہنا عمر کا ہمہ ساقط شد و نماند الا محبت تو یا رسول اللہ پس اس حدیث نے
واضح کر دیا کہ محبت اہل و مال و منال و نفس کس درجہ کی محبت ہی کہ جو حضرت عمر سے باوجود اسلام قبول کرلینے
کے یہ محبت ترک نہ ہوئی تھی اور محبت اکتسابی اور اختیاری کو کہ ایمان اسی پر موقوف ہی باختیار خود اکتساب
نہ فرمایا تھا بلکہ بضرب و تصرف اول محبت اہل و مال دفع کی آنحضرت نے اور جناب ابو طالب نے بغیر گھونسا
کھانے کے اور بغیر تصرف فرمانے آنحضرتؐ کے بالذات محبت آنحضرت کو اکتساب فرمایا تھا اور محبت اہل و
عیال اور مال و منال کو اپنے قلب سے دفع فرما دیا تھا چہارم محبت نفس وہ محبت ہی کہ غالب ہی
محبت اہل و مال و منال پر کہ جو ضرب اول آنحضرتؐ سے بھی زوال پذیر نہ ہوئی اسکو آنحضرتؐ نے بضرب ثانی

قلب عمر سے دفع فرمایا اور جناب ابو طالب نے بالذات باختیار خود اس مرتبہ کو اکتساب فرمایا اور باعلان فرمادیا
بجمع کفار ہیں واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتی اوسد فی التراب دفینا اور اپنی اولاد کو فرش آنحضرت پر سلاتا
اور آنحضرتؐ کو اس مقام معروف سے مقام دیگر پر لیجاتا اور تمام شب حفاظت کرتا بیدار رہتا اور کسی وقت
تنہا نہ چھوڑتا اور ماورا اسکے جو جو افعال و اقوال کہ جناب ابو طالب کے ہیں اُنسے کتب مملو ہیں باینوجہ اسیقدر
پر اکتفا کی گئی اور نیز ثابت ہو گیا کہ جناب ابو طالب آن حضرت کو اپنے مال و منال و اہل و عیال اور اپنے
نفس سے بہت زیادہ محبوب رکھتے تھے اور ان تمام امور کو کہ تکمیل ایمان پر دلالت کرتے ہیں خود جناب ابو طالب
نے اکتساب فرمایا تھا پس ان تمام دلائل قطعیہ اور براہین عقلیہ و نقلیہ سے ثابت ہو گیا کہ جناب ابو طالب خیر
المہاجرین اور سید الناصرین اور اسبق السابقین تھے اب بھی آپ انکار فرمائیں تو مصداق جحدوا بہا و
استیقنتہا انفسہم کے قرار پاتے ہیں اور وان یہلکون الا انفسہم کے مستحق ہوے جاتے ہیں **قولہ**
حدیث سوم فریابی اور عبد الرزاق اپنی مصنف میں اور سعید بن منصور سنن میں اور عبد بن حمید و ابن جریر و
ابن منذر و ابن ابی حاتم و طبرانی و ابو الشیخ و ابن مردویہ اور حاکم مستدرک میں بافادہ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ
میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی قال نزلت فی ابی طالب کان ینہی
عن اذی النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ینأی عما جاء بہ یعنی یہ آیت ابو طالب کے بارہ میں اُتری اور کافروں کو
حضور سید عالم کی ایذا سے منع کرتے باز رکھتے اور خود حضور اقدس پر ایمان لانے سے دور رہتے **اقول** اس
حدیث سوم کو بڑے زور و شور سے بحوالہاے کثیرہ و عدیدہ و بذکر اسماے کتب قدیمہ و جدیدہ رقم فرمایا
آپ اتنا بھی نہیں جانتے کہ اصطلاح محدثین میں حدیث کس کو کہتے ہیں پہلے اصطلاح محدثین سے واقفیت
حاصل فرمایئے پھر حدیث نقل فرمایئے حدیث اصطلاح محدثین میں قول و فعل و تقریر آنحضرت کو کہتے ہیں اور
تقریر سے مراد یہ ہی کہ کسی شخص نے کوئی فعل کیا یا کوئی بات آنحضرتؐ کے سامنے کی اور آنحضرتؐ اُسپر مطلع
بھی ہوے اور سکوت فرمایا اور منع نکیا اور انکار نہ کیا اور اُسکو مقرر رکھا اُسکو تقریر کہتے ہیں اور بعض نے
قول و فعل و تقریر صحابہ و تابعین کو بھی حدیث کہا ہی پس جو منتہی ہو آنحضرتؐ پر اُسکو مرفوع کہتے ہیں مثلا کہا
یا تقریر کی آنحضرتؐ نے اور جو منتہی بصحابہ ہو اُسکو موقوف کہتے ہیں اور جو منتہی ہو تابعین پر اُسکو مقطوع
کہتے ہیں اور موقوف و مقطوع کو آثار کہتے ہیں پس اثر ابن عباس کو آپ نے حدیث سوم رقم فرمایا حالانکہ
نہ قول رسول ہی نہ فعل رسول ہی نہ تقریر رسول ہی نہ آنحضرت کی طرف منتہی ہی پس اب آپ کا حدیث سوم
رقم فرمانا ناواقفیت اور عدم ممارست کی دلیل ہی اصطلاح شائع سے **قولہ** قال فی مفاتیح الغیب فیہ
قولان منہم من قال المراد انہم ینہون عن التصدیق بنبوتہ والاقرار برسالتہ وقال عطاء ومقاتل
نزلت فی ابی طالب کان ینہی قریشا عن ایذاء النبی ثم یتباعد عنہ ولا یتبعہ علی دینہ والقول
الاول اشبہ لوجہین الاول ان جمیع الآیات المتقدمۃ علی ہذہ الآیۃ یقتضی ذم طریقہم فکذلک

قوله وهم ينهون عنه ينبغي ان يكون محمولا على امر مكروه فلو حملناه على ان اباطالب كان ينهى عن ايذائه لما حصل هذا النظم والثاني انه تعالى قال بعد ذلك وان يهلكون الا انفسهم يعني به ما تقدم ذكره ولا يليق ذلك ان يكون المراد من قوله وهم ينهون عنه النهي عن اذيته لان ذلك حسن لا يوجب الهلاك الخ **قول** مفاتيح الغيب اچھا نام آپ کے ہاتھ لگا تاکہ عوام تو فریفتہ ہی ہو جائین کہ کیا کیا کتابین اس عالم کے پاس ہین یہ مفاتیح الغیب کوئی غیر معروف تفسیر یا کتاب ہی کہ آجتک نام بھی نہین سنا اور آپ نے باوجود مفاتیح الغیب رقم فرمانے کے نام بھی مصنف کا رقم نہ فرمایا اگر امام فخر الدین رازی آپ لکھتے تو راز سربستہ کھل جاتا حالانکہ جہان تفسیر کبیر نام مرقوم ہوا ہی وہان تو امام فخر الدین رازی بھی رقم فرمایا ہی اور یہان پر مفاتیح الغیب تو رقم ہوا مگر امام فخر الدین رازی غائب تاکہ کوئی سمجھ نہ جائے یا اگر مفاتیح الغیب کی عبارت مع نام مصنف کہ امام فخر الدین رازی ہی رقم فرماکر اُسکی رد کرتے تو عوام کہتے کہ امام بھی کہتا جاتا ہی اور اُسکی رد بھی کرتا ہی عجب مردود ہی الغرض بعد مفاتیح الغیب کے آپ رقم فرماتے ہین فیہ قولان یعنی اسباب نزول مین دو قول ہین حالانکہ تفسیر کبیر مین تحت آیۂ ما نحن فیہ مین چند مسائل بیان کیے ہین اور مسئلۂ اول مین چند قول ذکر کیے ہین اُسی مسئلۂ اولی مین یہ عبارت منقولہ آپ کی بھی موجود ہی مگر وہ مطلب ہی دوسرا رقم فرما رہے ہین اور آپ ایک نیا راگ گا رہے ہین اُنکی عبارت کو کاٹ چھانٹ کر مطالب مرقومہ کے بر زے اُڑا کر اپنے مطلب پر لا کر اُسکی تردید فرماتے ہین لہذا ہم اُنکے مسئلۂ اولی کی عبارت کو نقل کیے دیتے ہین اگرچہ ہم ابتدائً اسی آیت کی بحث مین امام فخر الدین کی تفسیر سے مسائل متعلقۂ آیت کو تمام و کمال باضافۂ بعض دلائل لائقہ بیان کر آئے ہین لیکن واسطے توضیح مرام کے فقط مسئلۂ اولی کی عبارت کو نقل کیے دیتے ہین کہ آپ کی کاٹ چھانٹ اور تحریف سے ہر شخص کو آگاہی ہو جائے اور یہ بھی آشکارا ہو جائے کہ آپ کیسے ہین اور کیا ہین امام فخر الدین رازی رقم فرماتے ہین تفسیر آیۂ وهم ينهون عنه مین المسئلة الاولى اعلم انه تعالى لما بين انهم طعنوا في كون القران معجزا بان قالوا انه من جنس اساطير الاولين واقاصيص الاقدمين بين في هذه الاية انهم ينهون عنه وينئون عنه وقد سبق ذكر القران وذكر محمد عليه السلام فالضمير في قوله عنه محتمل ان يكون عائدا الى القران وان يكون عائدا الى محمد یعنی حق تعالی نے بیان کیا کہ کفار طعن کرتے تھے قرآن کے معجزہ ہونے پر اور کہتے تھے کہ جنس اساطیر اولین سے ہی یعنی قصّے کہانیان پہلون کی ہین اُسکے جواب مین حق تعالی نے بیان کیا کہ وہ لوگ منع کرتے تھے اُس سے اور دوری کرتے ہین اُس سے یہ تو سبب نزول اس آیت کا امام فخر الدین نے بیان کیا اور اب سبب اختلاف مفسرین کو بیان فرماتے ہین کہ تحقیق کہ سابق مین ذکر قرآن اور ذکر محمدؐ ہو چکا تھا اس سبب سے ضمیر عنہ مین احتمال ہوا مفسرین کو کہ ضمیر عنہ عائد ہو قرآن کی طرف یا عائد ہو محمدؐ کی طرف فلهذا السبب اختلف المفسرون پس اسی سبب سے اختلاف کیا مفسرین نے فقال بعضهم وهم ينهون عنه وينئون عنه اى عن القران وتدبره والاستماع له پس بعض نے اُن مفسرون مین سے کہا اور وہ لوگ جنکا ذکر اوپر گذرا منع کرتے تھے اُس سے

اور دوری کرتے تھے اُس سے یعنی قرآن سے اور اُسکے سمجھنے سے اور اُسکے استماع سے یہ قول ایک احتمال
ہوا وقال الآخرون بل المراد ینہون عن الرسول اور دوسرے دین سے کرنا بلکہ مراد ینہون عن الرسول ہے یہ قول
آخرون کا دوسرا احتمال ہوا پھر امام فخر الدین فرماتے ہین؛ علم ان النہی عن الرسول محال جاننا تو کہ نہی عن الرسول
محال ہو لابد ان یکون المراد عن النہی عن فعل یتعلق بہ علیہ الصلوۃ والسلام وھو غیر مذکور یعنی بلکہ
ضرور ہو کہ ہو مراد نہی سے نہی ایک فعل سے کہ متعلق ہو ساتھ اُسکے علیہ الصلوۃ والسلام اور وہ فعل بھی مذکور نہین
تھا فلاجرم حصل فیہ قولان پس بالضرور حاصل ہوئے اُس مین دو قول یعنی جو احتمال آخرون نے کہا کہ ضمیر
عنہ عائد ہو آنحضرت کی طرف اور مراد ینہون سے ینہون عن الرسول ہو اور نہی عن الرسول محال تھی تو
نہی کو متعلق کیا اُس فعل سے کہ جو متعلق ہو آنحضرت سے اور وہ فعل مذکور نہ تھا اسوجہ سے اُسمین دو احتمال
ہوئے اُن دو احتمالون کو مفسرین کے امام فخر الدین رازی نے رقم فرمایا کہ لاجرم حصل فیہ قولان اب
آپ نے اپنی دیانت داری سے تمام مضمون مرقومۂ تفسیر کبیر کو ہضم فرمایا اور رقم فرمایا قال فی مفاتیح الغیب
فیہ قولان اور قبل اسکے آپ اقوال مفسرین اور محدثین نقل فرما چکے تھے سبب نزول آیۂ مذکورہ مین تو آپ کی
تحریر کا منشا یہ ہوا کہ ضمیر فیہ قول امام مین راجع ہو سبب نزول کی طرف یعنی مفاتیح الغیب مین کہا کہ سبب
نزول مین دو قول ہین حالانکہ فیہ کا مرجع قول آخرون ہو کہ ینہون سے مراد ینہون عن الرسول لیتے ہین
کہ جو محال ہو اور اس لحوق محال نے اُنکو لاچار کر دیا کہ نہی سے مراد لین نہی عن الفعل کہ متعلق بہ رسول ہو
پس اب ہم آپ سے پوچھتے ہین کہ تحریف لفظی و معنوی کے آپ مرتکب ہوئے یا نہین اور یہ صفت یہود کی ہو
یا نہین حاصل یہ ہو کہ احتمال ثانی مین جو دو احتمال پیدا ہوئے اُس مین سے ایک احتمال یہ ہو جو آپ نے
رقم فرمایا منہم من قال المراد انہم ینہون عن التصدیق بنبوتہ والاقرار برسالتہ اور دوسرا احتمال
یہ ہو وقال عطاء ومقاتل نزلت فی ابی طالب الخ پس اس احتمال ثانی کے دو احتمالون مین سے احتمال اول
کو امام فخر الدین رازی اور علامہ ابو البرکات عبد اللہ ابن احمد ابن محمود نسفی صاحب تفسیر مدارک اشبہ بالصحیح
فرماتے ہین اور آپ قول ثانی کے قائل ہو کر قول اول کی رد فرماتے ہین حالانکہ یہ قیل وقال مردود انا ایک
چشم زدن مین مردود ہوئی جاتی ہو خاطر مطمئن رکھے اولاً تو ہم آپ کے قول کو بفرض محال تسلیم کر لیتے ہین
اچھا آپ ثانی ہی کی صحت کے قائل رہیے زیادہ برین نیست کہ جہان عطا و مقاتل کہا گیا وہان پر قال عطا
ومقاتل واحمد رضا کہا جائیگا لیکن یہ تو فرمائیے کہ یہ سب احتمالات مفسرین کے ہین یا نہین اگر نہین ہین
تو یہ اختلاف کیسا اور کیون ہوا اور اگر احتمالات مفسرین کے ہین تو یہ تفسیر ہو سبب نزول نہین اور مکرر عرض
کر چکا ہون کہ ایسا احتمال قابل استدلال نہین ہو اور آپ کا خیال متعلق نزول آیہ خیال محال ہو ثانیاً تمام مفسرین
محققین نے ضمیر مرفوع کا مرجع کفار مذکورین آیۂ سابقہ کو قرار دیا آپ تعصب و عناد کو برطرف فرما کر ملاحظہ
تو فرمائیے چند تفسیرون کی عبارتین بلفظہ نقل کی جاتی ہین تفسیر روح[۱] مین ہو وھم ینہون عنہ وینئون عنہ

[۱] صفحہ ۵۲ سطر ۲۳

ادرکا فرمنع کرتے تھے لوگون کو ایمان لانے سے پیغمبر پرا ور دور رہتے تھے اسپنے آپ بھی یعنی نہ ایمان لاتے
تھے نہ اورون کو ایمان لانے دیتے تھے مواہب علیہ المعروف بہ تفسیر حسینی وھم اینشان یعنی کافران ینھون
عنہ باز میدارند مردمان را از ایمان برسول وینئون عنہ و دور میشوند بہ نفس خود از و یعنی نہ خود ایمان
می آورند و نہ دیگری را میگذارند معالم التنزیل وھم ینھون عنہ ای ینھون الناس عن اتباع محمد وینئون
عنہ ای یتباعدون عنہ بانفسھم مفاتیح الغیب المعروف بہ تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی اسکی عبارت کو
مکرر نقل کر چکے ہین تفسیر کبیر علامہ ابو السعود وھم ینھون عنہ الضمیر المرفوع للمذکورین والمجرور للقران
ای لا یقنعون بما ذکر من تکذیبہ وعدہ من قبیل الاساطیر بل ینھون الناس عن استماعہ لئلا یقفوا
علی حقیقتہ فیومنوا بہ وینئون عنہ ای یتباعدون عنہ بانفسھم اظھار الغایۃ نفورھم وتاکیدا
لنھیھم عنہ فان اجتناب الناھی عن المنھی عنہ من متممات النھی درمنثور اخرج ابن جریر وابن المنذر
وابن ابی حاتم وابن مردویہ من طریق علی بن ابی طلحۃ فی قولہ تعالی وھم ینھون عنہ قال ینھون
الناس عن محمد ان یومنوا بہ وینئون عنہ یتباعدون عنہ واخرج ابن ابی شیبۃ وعبد ابن
حمید وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابو الشیخ عن مجاھد فی قولہ وھم ینھون عنہ
قال قریش عن الذکر وینئون عنہ یقول یتباعدون واخرج عبد الرزاق وابن جریر وابن المنذر
وابن ابی حاتم وابو الشیخ عن قتادۃ قولہ وھم ینھون عنہ قال ینھون عن القران وعن النبی وینئون عنہ
یتباعدون عنہ تفسیر جلالین وھم ینھون الناس ای عن اتباع النبی وینئون یتباعدون عنہ فلا
یومنون بہ تفسیر بیضاوی صفحہ ۲۵۲ مطبوعہ نولکشور وھم ینھون عنہ ای ینھون الناس عن القران
او الرسول والایمان بہ وینئون عنہ بانفسھم تفسیر جامع البیان قلمی ینھون الناس عنہ عن استماع القران
او عن ایمان وینئون عنہ یتباعدون عنہ بانفسھم تفسیر علامہ ابو البرکات عبد اللہ بن احمد ابن محمود نسفی
مسمی بہ مدارک التنزیل وھم ای المشرکون ینھون عنہ الناس عن القران او عن الرسول واتباعہ و
الایمان بہ وینئون عنہ بذالک وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون ای لا یتعداھم الضرر الی غیرھم
وان کانوا یظنون انھم یضرون رسول اللہ ان تفسیرون کی عبارتین جو ہم نے نقل کین فقط اسواسطے کہ
اکثر مفسرین نے ضمائر مرفوعہ کا مرجع انھین کفار کو قرار دیا ہی اور یہی مذہب مختار انکا ہی ہماری یہ مراد نہین کہ
کہ اقوال ضعیفہ ان مفسرین نے ذکر نہین کیے بلکہ اقوال ضعیفہ کو بھی بیان کیا ہی لیکن صاف طرز تحریر سے
واضح ہوتا ہی کہ یہ قول مختار اس مفسر کا نہین ہی اب آپ ہی انصاف فرمائیے کہ اقوال مفسرین محققین مذکورہ
بالا مین ضمائر مرفوع کا مرجع وہی کفار سابق الذکر ہین یا نہین پس جو قول ضعیف کہ کشان کشان جناب ابو طالب
کی طرف نسبت دیا گیا ہی کیا وہ کچھ حقیقت رکھتا ہی اور جب وہ قول خود لاشی ہی تو اس سے حجت لانا اور اسکو
دلیل کفر ابی طالب ٹھہرانا دلیل حماقت ہی ثالثاً آپ نے یہ بھی تمیز فرمایا ہی یا نہین کہ امام فخر الدین رازی

له سورهٔ انعام رکوع ۳
که جز ۷ تفسیر کبیر مطبوعہ
صفحہ ۲۳ سطر ۲۵
سه بہ حاشیہ صفحہ ۱۴۳
سطر ۱۹

نے بھی مطابق قاعدۂ مقررہ کے اولا سبب نزول کو جو فی الواقع اور مجمع علیہ مفسرین اور علماے محققین کا ہو رقم فرمایا ہو پھر سبب اختلاف کو اور جو اقوال کہ اُس اختلاف سے پیدا ہوے بہ ترتیب اس نہج سے رقم فرمائے کہ قول قوی کو اول و ضعیف کو بعد قوی کے اور اضعف کو بعد ضعیف کے علی سبیل التنزل پس اس قول اضعف کو اگر کسی قول ضعیف سے کسی وجہ معقول یا نامعقول سے آپ نے ترجیح بھی دی تو بھی کسی طرح اُس قول کو لیاقت قوی ہونے کی حاصل نہ ہوگی ہان اضعف سے ضعیف مین شمار کیا جائیگا چہ جائیکہ سبب نزول مین آپ نے امام فخرالدین رازی اور علامۂ ابوالبرکات کی رد فرمائی ہو یہ بھی آپکا زعم باطل جہان صاحبوت کی رد تو جب شمار کی جاتی کہ سبب نزول و اسباب اختلاف مفسرین اور احتمالات اُنکے اور وہ قول کہ احتمالات سے پیدا ہوے ہین ان سب کی رد فرماتے اور یہ امر اشد محالات سے ہو کہان امام فخرالدین رازی کہان علامۂ ابوالبرکات اور کجا آپ اُنکے کلام کے سمجھنے کی لیاقت پہلے پیدا فرمائیے پھر میدان مین معرکۂ کلام محققین کے قدم رنجہ فرمائیے اگر آپ کلام امام فخرالدین رازی کو سمجھے ہوتے تو قال فی مفاتیح الغیب فیہ قولان رقم نہ فرماتے اور ہمارا عرض کرنا آپ قبول نہ فرمائینگے کہ امام فخرالدین رازی نے پہلے سبب نزول کو جو فی الواقع اور مجمع علیہ کثیرین محققین کا ہو بیان فرمایا ہو بعد اُسکے سبب اختلاف مفسرین اور احتمالات اور اقوال اُنکے علی سبیل التنزل بہ ترتیب تمام رقم فرمایا ہو اسوجہ سے ہم اُسکی توضیح کیے دیتے ہین کہ کسی کو مقام حرف باقی نہ رہے امام فخرالدین رازی نے اتمام تفسیر آیۂ ما قبل وھم ینھون مین یہ عبارت بلفظہ رقم فرمائی ہو واعلم ان الجواب عن ھذا السوال سیاق فی الایۃ المذکورۃ بعد ذلک اور اس سے ظاہر ہو کہ جو آیت کہ ما قبل وھم ینھون ہو جس مین مذکور ہو کہ کفار قرآن کو اساطیر اولین کہتے تھے اُسی سے آیت وھم ینھون عنہ وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون مرتبط ہو اور یہ امر کاشف سبب نزول ہو کہ اس مین احتمال کو دخل نہین اور مجمع علیہ ہو مفسرین محققین کا اور سابق مین ذکر قرآن کا اور ذکر محمدؐ کا ہو چکا تھا ضمیر عنہ مین احتمال پیدا ہوا بعضون کو احتمال ہوا کہ ضمیر عنہ عائد ہو قرآن کیطرف مگر ضمیر مرفوع یعنی وھم ینھون مین کوئی احتمال نہ ہوا وہی کفار سابق الذکر آیت سابقہ کے قائم رہے یہ احتمال مطابق مضمون آیۂ ما قبل کے ہو اور سبب نزول سے مخالفت نہین رکھتا مگر چونکہ یہ قول ایک احتمال سے پیدا ہوا فی الجملہ ضعیف ہو و قال الاخرون اور دوسرون کو احتمال ہوا کہ ضمیر مجرور عنہ کی عائد ہو محمدؐ کی طرف اب معنی آیت کے یہ ہوے کہ کفار نہی عن الرسول کرتے تھے یہ احتمال بہ نسبت احتمال اول کے بھی ضعیف ہو کئی وجہون سے ایک وجہ یہ ہو کہ نہی عن الرسول محال ہو دوسری وجہ یہ ہو کہ تاویل کی ضرورت ہوئی کہ معنی درست نہین ہوتے لاچار ہو کر نہی عن الرسول سے مراد ایک فعل کی کہ اُس فعل سے آنحضرت کو علاقہ ہو تیسری وجہ یہ ہوئی کہ وہ فعل بھی مذکور نہین تھا اُس مین بھی دو احتمال ہوے چوتھی وجہ یہ کہ ایک فعل مقرر کیا یعنی اُن دو احتمالون مین سے ایک احتمال بعض نے تصدیق نبوت اور اقرار رسالت کا لیا اور کہا ینھون عن التصدیق بنبوتہ والاقرار برسالتہ ان بعض نے بھی ضمیر وھم ینھون مین تغیر اور تبدیل نہین کیا وہ ہی کفار مذکورہ آیت سابقہ کے قائم رہے پانچوین وجہ ان دو احتمالون

بعض دیگر نے ایک دوسرا ہی فعل مقرر کیا یعنی بعض دیگر نے فعل متعلق بالرسول سے ایذاے نبی مراد لے لی یہ احتمال ثانی کے دو احتمالون مین سے دوسرا احتمال ہی کہ اضعف ترین احتمالات ہی کہ جامع ہوا احتمالات کا اس مین تمام اسباب ضعف مجتمع ہین اب ہم اس احتمال اضعف کے ضعف کو اور جو جو نقصان و خرابیان کہ اس قول کے قائلین کو حاصل ہوئی ہین اور جن جن خرابیون سے یہ قول حاصل ہوا ہی اُسکی بھی تصریح کیے دیتے ہین پہلا احتمال ضمیر عنہ سے مراد رسول کی لی اور اس مین یہ خرابی لاحق ہوئی کہ نہی عن الرسول محال ہی دوسرا احتمال جب نہی عن الرسول کو محال پایا تو فعل متعلق بالرسول مراد لینا پڑا تیسرا احتمال فعل متعلق برسول سے مراد ایذاے نبی لے لی اس مین یہ خرابی لاحق ہوئی کہ دوسری ضمیر عنہ مین جسپید گی حاصل نہ ہوئی چوتھا احتمال ایذاے نبی نے دوسرے ضمیر عنہ مین کام نہ دیا کہ مطلب بھی خبط ہوا جاتا تھا وان یہلکون الا انفسہم صادق نہ آتا تھا لاچار ہو کر لا یتبعہ علی دینہ مراد لی پانچوان احتمال معنی تو آیت کے درست ہوے مگر ضمائر مرفوع نے سب مشقت برباد کر دی کہ کفار تو ایذا دینے پر تلے ہوے تھے اُنھین تو مانع ایذا کہہ نہ سکے ضمائر مرفوع وھم ینہون اور ینئون کا مرجع جناب ابوطالب کو قرار دیا چھٹا احتمال ضمائر مرفوع سب جمع کے ہین جناب ابوطالب واحد ہین اور توہین اُنکی منظور رہی نہ تعظیم کھینچ تان کے جبرًا قہرًا ابوطالب سے مراد مع اتباع ابوطالب کے قرار دی باین کشمکش و خرابی نزلت فی ابی طالب صادق آیا لیجیے جناب بندہ مبارک ہو معنی آیت بھی درست ہو گئے دونون ضمیرین مجرور بھی عائد ہو گئین ضمائر مرفوع بھی ٹھیک ٹھاک سبب نزول بھی چوکس مگر یہ تو فرمائیے کہ آیات متقدمہ مین تو جناب ابوطالب کا ذکر پایا نہین جاتا نہ جناب ابوطالب شریک اُن لوگون کے تھے کہ جو تکذیب آنحضرت کی کرتے تھے نہ شرکت ابوطالب کی اُن کفار مین پائی جاتی تھی جو قرآن کو اساطیر اولین کہتے تھے کہ ابن عباس نے تصریح فرما دی ہے نہ اُن کفار مین صریحًا کہین ذکر ابوطالب کا پایا جاتا ہی نہ ضمنًا یہ ضمائر مرفوع کیونکر راجع ہونگے ابوطالب کی طرف اور اتباع ابوطالب مین باتفاق علما بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب باقی تھے اور تو سب منحرف ہو گئے تھے جنکی وجہ سے ابوطالب نے شعب مین پناہ لی تھی وہ بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کہ اُن مین اکثر مشرف باسلام بھی ہوے ہین وہ سب اُسوقت تک اتباع ابوطالب مین محسوب تھے وہ سب کے سب مستحق وان یہلکون الا انفسہم کے ہوے اور سب سے بڑھکر احسان آپ کا اُن کفار پر ہوا کہ جو ما قبل آیہ وھم ینہون مین مذکور ہین جنکی شان مین حق تعالی فرماتا ہی ومنہم من یستمع الیک وجعلنا علی قلوبہم اکنۃ ان یفقہوہ وفی اذانہم وقرا وان یروا کل ایۃ لا یومنوا بہا حتی اذا جاؤک یجادلونک یقول الذین کفروا ان ہذا الا اساطیر الاولین اسی آیہ کی تفسیر مین ابن عباس نے نام بھی اُن کفار کے بتلا دیے ہین تفسیر کبیر مین بھی موجود ہی قال ابن عباس حضر عند رسول اللہ ابو سفیان و ابو الولید بن مغیرہ والنضر بن الحرث وعقبہ وعتبہ وشیبہ ابنا ربیعۃ وامیہ وابی ابنا خلف والحرث بن عامر وابو جہل بشارت ہو اُن سب کفار گذشتگان کو اور اُنکے اعراب موجودین اور آیندگان کو کہ جناب احمد رضا خان صاحب نے بڑی عرقریزی اور جانفشانی سے وان یہلکون الا انفسہم وما یشعرون کے

مصداق ہونے سے بچالیا خداوندعالم نے تو تم کو مصداق اس آیہ کا بنا ہی دیا تھا مگر جناب ممدوح احمد رضا خان
نے وان یہلکون الا انفسہم کی بلا تمام بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب پر الٹ دی کہ تمام قوم و قبیلۂ محمد ہی اس مین
گرفتار رہین اور تم سب نے عنایت ممدوح الصدر کی بدولت نجات پائی تم کو تو شکریہ لازم و واجب ہی اور
ہزار ہزار آفرین ہی آپ کی عقل و دانائی پر ای احمد رضا خان صاحب کیا سچے مسلمان اور پکے سنت جماعت ہین
آپ کہ محبت اور مودت خاندان رسالت کی آپ کے کلام سے ٹپک رہی ہی افسوس ہی اسی روز بد کی خبر حق تعالی
نے اپنے حبیب کو دی تھی کہ سب کچھ امت آپ کی قبول کریگی مگر محبت امر دشوار ہی قل لا اسئلکم علیہ اجرا
الا المودة فی القربی ای محمد تو ان سب سے سوال کر کہ مین کچھ اجرت اپنے حق کی نہین مانگتا مگر مودت کرنا میرے اقربا
سے بس جو سوال کہ رسول نے بحکم خدا کیا تھا کیا خوب اسکو آپ ادا فرما رہے ہین جزاکم اللہ فی الدارین اب رہا
وما یشعرون اور وہ شعور نہین رکھتے یعنی وہ لوگ اپنے نزدیک ضرر پہونچا تے تھے حضرت رسالت مآب کو اور
قرآن کو کہ لوگ ایمان نہ لائین اور معجزہ نہ سمجھین مگر وہ ضرر انھین کو پہونچتا تھا اور وہ سمجھتے نہ تھے کہ یہ ضرر انھین پر
عائد ہی اور جناب ابوطالب نے تو کوئی فعل ضرر رسانی کا نہ کیا تھا پھر وما یشعرون انپر کیونکر صادق آیا الحاصل
باین تکلیفات کثیرہ اور ضمائر نامربوطہ اور خیالات فاسدہ اس قول کا وجود ہوا ہی بس تا قیام قیامت آپ سے
اور امثال سے آپ کے ثبوت اس قول اضعف کا بھی دربارۂ جناب ابوطالب نہ ہوسکیگا سبب نزول قرار پانا
تو امر محال ہی **قولہ** اصل الذم للناٸی وقد تشدد بالنہی فان الذنب بعد العلم اشد منہ حین الجہل
فذکر النہی لا بانة شدة ما یلحقہ من الذم فی ذلک وعظمة ما یحتربہ من الوزر فیما ہنالک فان
العلم حجة اللہ امالک واما علیک **اقول** یا احمد رضا خان لا تغتر بتسویلات نفسک الامارة
ودع التکلفات التی ہی ابرد من الثلج ما ہذہ الخرافات التی سودت بہ الکتاب واردت ان تخادع
المومنین وتذل بہا عم رسول رب العالمین مع انہ کان مومنا برب الارباب وامام الاطیاب و
ان ہی الا کسراب بقیعة یحسبہ الظمآن ماء حتی اذا جاءہ لم یجدہ شیئا فانتبہ واعلم ان ہذہ
الآیة ای ینہون عنہ وینئون عنہ نزلت فی شان المشرکین لا فی شان ابی طالب لان نہی ابی طالب
عن ایذاء النبی فعل حسن وتاییہ عنہ لو فرض فعل مذموم ولا نہ المترتب المذکور بعد النہی والنای
فی الآیة اہلاک انفسہم ولا یمکن ان یکون متعلقا بالنہی فیکون متعلقا بالنائی فقط ولا یلیق ان
یکون الاہلاک متعلقا باحد الفعلین المذکورین قبلہ کما ثبت من کلام الامام فخر الدین الرازی
فثبت ان ہذہ الآیة لیست بنازلة فی شان ابی طالب وان سلمنا ان ہذہ الآیة نزلت فی شان
ابی طالب لان ابا طالب کان ینہی قریشا عن ایذاء النبی فیکون نہی ابی طالب عن اذیة النبی فعلا
ناشیا عن محبة طبعیة جبلتہ ینجذب الیہا بالطبع وہذہ المحبة توجد فی کل الحیوانات کما
اوضحت فی ہذہ الرسالة فکیف یصح استدلالک بالنہی علی علمہ بل یکون ہذا النہی ناشیا عن محبة

جبلية لمحبة الوالد للولد او العم لابن اخيه لا لعلمه بنبوة النبي فقولك فان الذنب بعد العلم اشد
منه حين الجهل لا يصدق عليه ابدا ومع قطع النظر عن ذلك فاين الدلالة في الاية على ما
ادعيت من شدة الذم للنائى بسبب النهى الدال على العلم لانه انما يصح ذلك اذا كان الفعل مع
النهى عنه فانه اشد ذما لمفهومية العلم بالنهى وليس الامر في شان الاية المتنازع فيها لكن لك لا
في شان الاية على قولك ظهر ترك الفعل مع النهي عنه والفعل ههنا ايذاء النبي وهو مذموم والنهي
عنه مع تركه ليس بمذموم بل هو حسن واما النائى عنه فهو امر اخر فلا يصح ما زعمت ومما ذكرت
ههنا دليل قوى على الجهل وعدم المدارسة في العلوم العقلية والنقلية لانه اذا قيل ان زيدا ينهى
عن سب عمرو وينائى عن اكرام عمرو فلا ادرى اى لومة في ذلك لانه ترك السب مع النهي عنه
وهو ليس بمذموم بل هو حسن نعم اذا نهى عن سب عمرو وسبه هو بنفسه فقد استحق اشد العذاب
والملامة بالضرورة واذ ليس فليس فافهم **قوله** الا ترى الى قوله صلى الله تعالى عليه وسلم
في ابي طالب ولولا انا لكان في الدرك الاسفل من النار كما سياتي **اقول** في الحديث دلالة واضحة
على مذاق العامة على ان ابا طالب كان من المومنين كما سياتي تفصيله فكن من المنتظرين لكن
ليس لك ادراك لان الله قد القى على قلبك اغطية الا ترى قوله تعالى وجعلنا على قلوبهم اكنة
ان يفقهوه فذكره هذا الحديث ههنا دليل قوى على عدم التفقه **قوله** مع ما علم من حمايته وكفالته
ونصرته ومحبته للنبي صلى الله عليه وسلم طول عمره فانما كان يكون في الدرك الاسفل لولا شفاعة
رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم لما ابى الايمان مع كمال العرفان **اقول** هذه الشفاعة لا تخلو
من ان تكون مع علم النبي بان ابا طالب كان عالما عارفا بانه نبي ومع هذا ابى الايمان واختار الشرك
فيكون الشفاعة الصادرة عن النبي مخالفا لوعد الله فكيف يكون مقبولا لان العلم حينئذ كان حجة الله
عليه صلى الله عليه واله وسلم فيكون شفاعته عبثا او معصية وكلاهما غير جائز على اكابر
الانبياء فضلا من ان يكون مثل هذا صادرا عن سيد المرسلين او تكون مع علم ابي طالب بان
محمدا نبي حق ومع هذا ابى الايمان واختار الشرك فبالضرورة صار مستحقا لاشد العذاب فكيف
حصل له استحقاق شفاعة النبي لان العلم كان حجة الله عليه فيكون طلب الشفاعة لابي طالب
ايضا عبثا ومعصية لوجهين الاول قوله تعالى ان الله لا يغفر ان يشرك به ويغفر ما دون ذلك
وقال جل وعلا لا تنفعهم شفاعة الشافعين فطلب الشفاعة يكون جاريا مجرى ان يخلف الله
وعده ووعيده في حق الكفار وهو غير جائز والثاني كما قال رسول الله ص اني اختبأت شفاعتي
وجعلتها لمن مات من امتي لا يشرك بالله شيئا رواه احمد والطبراني وابن ابي شيبة عن
ابي موسى الاشعري وورد عن انس في رواية طويلة قال رسول الله ثم اشفع فيحد لي حدا

فاخرج فاخرجهم من النار وادخلهم الجنة حتى ما يبقى فى النار الا من قد حبسه القران اى وجب عليه الخلود فثبت شفاعة النبى مختصة لامة النبى لا تشرك بالله شيئا وهى لا تكون لمشرك فحينئذ طلب الشفاعة يقوم مقام لم تقولون ما تفعلون فهذه الشفاعة يوجب الخلف لهذين النصين وهو لا يجوز **قوله** فالاية على وزان قوله تعالى اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسكم وانتم تتلون الكتاب افلا تعقلون فذكر فى سياق الذم امرهم بالبر وتلاوتهم الكتاب وانما القصد الى نسيانهم انفسهم وذكر هذين للتسجيل بل قال جل ذكره يا ايها الذين امنوا لم تقولون ما لا تفعلون كبر مقتا عند الله ان تقولوا ما لا تفعلون فشدد النكير على القول من دون عمل وان كان القول خيرا فى نفسه قال فى معالم التنزيل قال المفسرون ان المومنين قالوا لو علمنا احب الاعمال الى الله عز وجل لعملناه ولبذلنا فيه اموالنا وانفسنا فانزل الله عز وجل ان الله يحب الذين يقاتلون فى سبيله صفا فابتلوا بذلك يوم احد فولوا مدبرين فانزل الله تعالى لم تقولون ما لا تفعلون الخ **اقول** الاية المذكورة المتنازع فيها ليست بوزان قوله تعالى اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسكم لان الامرين لا يفعلون ما يامرون اى يامرون بالبر وهم يفعلون خلاف ذلك البر وذلك مذموم بخلاف اية وهم ينهون عنه وينئون عنه لان البر مامور به ومتروك وترك المامور به اشد ذما لحصول علم الامر به وايذاء النبى فيها منهى عنه ومتروك ايضا وترك المنهى عنه حسن لا مذموم فكيف يكون اشد ذما ونائ ابى طالب وبعده عن النهى جاز ان يكون لمصلحة اخرى فلا موازنة بين الايتين وانما يكون الموازنة بينهما اذا كان المنهى عنه معمولا لان عمل المنهى عنه اشد ذما لحصول علم الناهى به ومن اين حكمت بان الاية على وزان قوله تعالى اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسكم لانه حينئذ يكون المعنى وهم ينهون الناس عن ايذاء النبى ولا ينئون عن المنهى عنه اى يوذونه بانفسهم وليس كذلك فكيف تكون احدى الايتين على وزان الاخرى ولما ثبت ان النهى عن ايذاء النبى صلعم حسن فكيف يكون ذكر هذا النهى فى سياق الذم فظهر انه لا مناسبة بين الاية المتنازعة فيها وبين اية لم تقولون ما لا تفعلون **قوله** وبه ينحل الوجهان لما تصنعت **اقول** اولا وان فرضنا صحة قولك وبه ينحل الوجهان فيكون القول الثانى مساويا للقول الاول فى الاشبهية مع ضعفه فيقوم مقام التفسير ولا يكون سبب النزول لانه احتمال من احتمالات المفسرين وثانيا هو مهمل فاسد ليس يجرى للتوجه لانه مردود من البراهين القاطعة المذكورة **قوله** وبالجملة نغطاء **اقول** ليس فيه غطاء بل ختم الله على قلبك وسمعك وجعل على بصرك غشاوة لا تدرك فلا تبصر ولا تسمع **قوله** اعلم منا ومنكم باساليب القران ونظمه فضلا عن هذا الحبر العظيم الذى قد فاق اكثر الامة فى علم القران وفهمه والله تعالى اعلم

اقول مثل الخفاجی فی علم تفسیر القران یظهر وصفه وفضله مما قال العلامة محمد الملقب
بالحنفی فی شرح رسالة السید الشریف التی هی فی علم اصول الحدیث وقد اخطاء المفسرون ای
وقعوا فی خطاء کالواقدی المفسر وغیره بین المفسرین فی ایداعهما ای ایراد الاحادیث الموضوعة
الواقدی
ودرجها فی تفاسیرهم الا من عصمة الله تعالی کصاحب المدارک العلامة النسفی والامام فخر الدین
الرازی فکیف یکون قول الخفاجی راجحا وقول الامام والعلامة النسفی مرجوحا بل هما فائقان
علی الکثیرین من المفسرین المحققین الراسخین فی علم القران واسالیبه ونظمه والله اعلم تنبیه و
اعلم ان للقلوب عیونا وبصائر قال الله تعالی لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور
فمن ابصر من البصر الظاهر فالمعرفة تجلوها والجهالة تعمیها فابصر بالمعرفة ان هداک الله تعالی
ثم ان الامر بالمعروف والنهی عن المنکر واجبان باجماع الامة والکتاب والسنة بهما ناطقان ولا یشترط
فی الامر بالمعروف ان یکون الامر فاعلا له لان امر الامر بنفسه واجب ولغیره واجب اخر فان
الاخلال باحد الواجبین لا یوجب الاخلال بالاخر بل لا یجوز ترک احدهما بترک الاخر وکذلک فی
النهی وانما فی القران العظیم ثلث آیات احدها اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وثانیها
لم تقولون ما لا تفعلون وثالثها وما ارید ان اخالفکم الی ما انهاکم عنه قیل لکل واحد منها دلالة ظاهرة علی ذم
قول بلا عمل وهو التشدید والتنکیر علی الامر والواعظ کما ظننت لکن لیس کذلک بل المراد بها
حث الواعظ علی تزکیة النفس والاقبال علیها بالتکمیل لیعمل عملا بنفسه ویحث علیه ویتعظ
بنفسه ویعظ غیره لا منع الامر غیر العامل عن الوعظ لان من فات منه واجب واحد لا یجوز
له ترک الواجب الاخر وان سلمنا ان ورد الایات الثلث المذکورة فی الامر بالمعروف والنهی عن
المنکر فالمراد منها الزجر والتوبیخ علی الامر لترک الفعل الواجب وعلی الناهی للفعل المنکر لا الامر
الامر وعلی الناهی لانهما کانا واجبین علیهما فکیف یکون التشدید والتنکیر علی الفعل الحسن و
اداء الواجب فالنهی عن المنکر مثل الامر بالمعروف لکن لا یشترط فی النهی عن المنکر الا ان یکون
الناهی تارکا له ولان فی الاصول قاعدة معینة وهی انه اذا کان الانکار یتوجه الی مجموع
الشیئین ففهم الانکار لکل واحد واحد منهما خطاء ففی هذه الایات الثلث بناء علی القاعدة
المقررة فی الاصول انکار علی المجموع هکذا فسر شیخ عبد العزیز الدهلوی فی تفسیر العزیزی و
القاضی البیضاوی فی انوار التنزیل وشیخ عبد الحق الدهلوی فی شرح المشکوة المسمی باشعة
اللمعات فافهم وتبصر **قوله** فصل دوم احادیث **اقول** فصل اول مین جناب نے آیات قرآنیہ یوسوسہ یوسوس
فی صدور الناس ثبوت کفر جناب ابوطالب مین رقم فرمائے اور اقوال مفسرین اور محدثین مین جو جو تحریفین
اور خیانتین فرمائین خدا کے فضل وکرم سے وہ سب طشت از بام افتادہ ہوگئین اور انھین آیات

اور محققین مفسرین کی تفسیرون سے اور محققین محدثین کی حدیثون سے مومن کامل ہونا جناب ابوطالبؑ کا ثابت ہوگیا اور نتیجہ یہ ہوا کہ بقول امام احمد بن حسین حنیفی اور علی اجہوری اور تلمسانی وغیرہم آپ موذی نبی کہلا کر خسر الدنیا والاخرۃ قرار پائے جب آیات و اقوال مفسرین سے آپ کی یہ حالت ہوئی تو فصل احادیث آپ کی کس قطار مین ہو کہ اُنکی رد کے لیے وہی احادیث مرقومہ آپ کی ہماری دلیلین ہین لیکن ہم کو تو منظور ہی کہ جس امر کا آپ کتمان فرما رہے ہین اور پردۂ امنا باللہ و رسولہ مین عوام فریبی کر رہے ہین اُسکا اظہار کر دین کہ آپ کیا ہین اور کیسے ہین اور آپ کے ظاہر اور باطن مین کیا فرق ہی لہذا مناسب ہی کہ اس فصل مین ہم مجملاً کچھ فضائل اہل بیت اور مناقب آل طٰہٰ و یٰسین اور سبب اختلاف بین الاصحاب اور کیفیت اقوال علماء کو لکھ جاتے ہین تاکہ ناظرین جب ان سب امرون پر بنظر انصاف نظر فرمائین تو امر حق اُنپر واضح اور ثابت ہوجائے اور بے کم و کاست پہچان لین کہ مذہب حق کیا ہی روایت کی ہی مسلم نے عن عائشۃ قالت خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم غداۃ وعلیہ مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسن ابن علی فادخلہ ثم جاء الحسین فدخل معہ ثم جاءت فاطمۃ فادخلہا ثم جاء علی فادخلہ ثم قال انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اہل البیت ویطہرکم تطہیرا کہا عائشہ نے کہ ایک روز صبح کے وقت نکلے نبیؐ کہ ایک گلیم سیاہ منقش اوڑھے ہوے تھے پس آئے حسن بن علیؑ اور داخل گلیم کیا آنحضرت نے اُنکو پھر آئے حسینؑ پس داخل ہوے وہ ساتھ اُنکے پس آئین فاطمہؑ پس لے لیا اُنکو آنحضرت نے اُس مین پس آئے علیؑ اور داخل گلیم کیا اُنکو بعد اسکے پڑھی آنحضرت نے یہ آیت انما یرید اللہ الخ یعنی جز این نیست کہ چاہتا ہی اللہ کہ دور کرے تم سے رجس کو اے اہل بیت نبوت اور طاہر کرے تم کو طاہر کرنا ترمذی کتاب التفسیر سورۂ احزاب مین عمر ابن ابی سلمہ سے مروی ہی لما نزلت ہذہ الایۃ علی النبی انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اہل البیت ویطہرکم تطہیرا فی بیت ام سلمۃ فدعی النبی فاطمۃ وحسنا وحسینا فجللہم بکساء وعلی خلف ظہرہ ثم قال اللہم ہؤلاء اہل بیتی فاذہب عنہم الرجس وطہرہم تطہیرا قالت ام سلمۃ وانا معہم یا رسول اللہ قال انت علی مکانک وانت علی خیر یعنی آیۂ تطہیر ام سلمہ کے مکان مین نازل ہوئی پس بلایا پیغمبر خدا نے فاطمہ اور حسن اور حسین اور علی علیہم السلام کو اور اپنی ردا مین اُنکو لے لیا پھر فرمایا خدایا یہ میرے اہل بیت ہین پاک کر اُنکو پاک کرنا ام سلمہ نے عرض کیا کہ مین ان مین سے ہون فرمایا تو اپنے مقام پر ہی اور عاقبت تیری بخیر ہی اور صحیح ترمذی کتاب المناقب مین خود ام سلمہ سے مروی ہی اور ترمذی کتاب تفسیر سورۂ احزاب مین انس بن مالک سے مروی ہی ان رسول اللہ کان یمر بباب فاطمۃ ستۃ اشہر اذا خرج الصلوۃ الفجر یقول الصلوۃ یا اہل البیت انما یرید اللہ الخ یعنی بہ تحقیق رسول اللہ صلعم بعد نزول آیہ مذا چھ ماہ تک دروازۂ فاطمہ پر وقت نماز صبح تشریف لے جاتے تھے اور باواز بلند فرماتے تھے الصلوۃ یا اہل البیت انما یرید اللہ الخ مشکوۃ شریف مین سعد ابن ابی وقاص سے منقول ہی لما نزلت ہذہ الایۃ ندع ابناءنا وابناءکم دعا رسول اللہ علیا

شرح اللمعات باب مناقب اہلبیت صفحہ ۳۷۸ جلد ۴ سطر ۲۷

اشعۃ اللمعات باب مناقب اہلبیت ص ۳۷۸ جلد

وفاطمۃ وحسنا وحسینا فقال اللھم ھؤلاء اھل بیتی رواہ مسلم یعنے جب آیہ مباہلہ نازل ہوئے تو بلایا رسول خدا نے علی و فاطمہ حسن وحسین علیہم السلام کو اور فرمایا کہ اے اللہ یہ اہلبیت میرے ہین ایسی حدیث کی شرح مین کہ جو اشعۃ اللمعات مشہور ہی مولانا عبد الحق دہلوی رقم فرماتے ہین کہ جب مباہلہ مقرر ہوا پس برآمد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درحالیکہ درکنار خود گرفت حسنؑ وحسینؑ را کہ خورد بودند دران زمان و فاطمہ پس آنحضرت وعلی پس فاطمہ سبحان اللہ این چہ وقت وچہ کسانند ارباب این وقت و امر کرد آنحضرت با یشان کہ چون من دعا کنم شما آمین گوئید وچون پیشوائے ترسایان ایشان را دید گفت با قوم خود وائے بر شما من می بینم این روئے ہا را کہ اگر از خدا درخواست کنند کہ کوہ را از جائے برکنند برمی کند تا چہ انوار تجلی دران وقت بر روئے ایشان تافتہ بود کہ کافر بیگانہ آنرا دریافت واز جائے رفت مومن محب بیگانہ را کہ با آن نور آشنا است چہ حال باشد عرفہ من ذاق اب ایک لطیفہ او سنیے کہ قبل آن روایات و آیات کے رقم فرمانی کی مولانا ممدوح نے معنے اہلبیت رقم فرمائے ہین جسکا خلاصہ یہہ ہی کہ اہلبیتؑ کے کئے معنی ہین ایک یہ کہ جنکو زکوٰۃ لینا حرام ہی وہ بنی ہاشم ہین کہ شامل ہین انمین آل عباس اور آل علی اور آل جعفر اور آل عقیل اور آل حارث اس معنے سے یہہ سب اہل بیت ہین دوسرے اہلبیت یعنے اہل وعیال ہی کہ جس رو سے ازواج نبی بھی داخل ہین پھر فرماتے ہین کہ ازواج کو اہل بیت سے نکالڈالنا مکابرہ ہی اور مخالف سیاق آیت ہی کہ امام فخر الدین رازی کہتے ہین کہ سیاق آیت ندا کرتی ہی کہ نسائے آنحضرت شامل ہین پس نکالڈالنا انکا اور مخصوص کرنا انکی غیر کا اس آیہ مین صحیح نہ ہوگا اور روایت صحیح مسلم و ترمذی ومشکواۃ جو ام سلمہ سے منقول ہی کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو فاطمہؑ اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام کو جناب رسولؐ برحق نے اپنی عبا مین لے لیا اور فرمایا ھولاء اھل بیتی اور جب ام سلمہ نے بھی داخل عبا ہونا چاہا تو فرمایا آنحضرت نے انت علی مکانک یعنے تو مقام زوجیت پر ہی وانت علی خیر یعنے عاقبت تیری بخیر ہی پس مولانا عبد الحق صاحب نے یہ خیال نہ فرمایا کہ نسبت مکابرہ کی کسکو دی اور خلاف سیاق آیت کسنے کیا اور کسکا فعل ہوا یا مولانا صاحب ام سلمہ کو زوجہ آنحضرت نہین جانتے اور اگر جانتے ہین تو ظاہر ہی کہ پیغمبر خدا نے نہ ندائے آیت کو سنا نہ سیاق آیت کو دیکھا اور ازواج کو آیت سے خارج کردیا اور انکے غیر یعنے فاطمہؑ وعلیؑ وحسنؑ وحسینؑ کو اپنی عبا مین لے لیا اور پکار پکار فرمایا اللھم ھولاء اھل بیتی کہ خداوندا یہ اہلبیتؑ میرے ہین پس مکابرہ اور خلاف سیاق آیت فعل آنحضرت ہوا نہ کسی غیر کا فافہم پھر تیسرے معنے فرماتے ہین کہ کبھی طلاق اہلبیت کا اسطرح آیا ہی کہ جسکا مفہوم مخصوص ہی فاطمہؑ وعلیؑ وحسنؑ وحسینؑ پھر بعد اسکے روایت ام سلمہ بھی رقم فرماتے ہین کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ یہہ مسجد میری حرام ہی ہر حیض والی عورت پر اور ہر جنب کے لئے

مردپر مگر خود آنحضرت اور اہلبیت اُنکے یعنی فاطمہؑ و علیؑ و حسنؑ اور حسینؑ مستثنیٰ ہین کہ حالت حیض و جنب
مین وہ مسجد اُنپر حرام نہین اس مقام پر ہمکو بحث کرنا مطلوب نہین ہی مگر اتنا ضرور عرض کرینگی کہ طہارت
صوری و معنوی کا استحقاق انھین پانچ فردون پر منحصر ہو جاتا ہی پھر مولانا عبد الحق صاحب فرماتے
ہین کہ بیت تین قسم کا ہوتا ہی ایک بیت نسب دوسرے بیت سکنی تیسرے بیت ولادت بالجملہ
بنی ہاشم اور اولاد عبد المطلب اہلبیت از روئے نسب کے ہین اور ازواج آنحضرت اہلبیت سکنی
ہین اور اولاد آپکے اہلبیت ولادت ہین اس مقام پر مولانائے ممدوح نے توریہ اور ابہام فرمایا
اور یہ نہ فرمایا کہ اہلبیت کے تمام معنی ان چار ہی شخصون مین پائے جاتے ہین اسلیے کہ صدقہ یعنے
زکوٰۃ انپر حرام ہی اس وجہ سے بھی یہ اہلبیت ہین بیت نسب بھی انپر صادق آتا ہی کہ بنی ہاشم
اور بنی عبد المطلب بھی ہین بلکہ ان چار شخصون کو خصوصیت ہی کہ اولاد جد قریب کو اہلبیت کہتے ہین
اور اولاد شریف آنحضرت کو اہلبیت کہتے ہین اُنہین بھی یہی اشرف ہین بیت سکنی مین بھی
یہہ شامل ہین اور مطابق اس حدیث کے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ یہ مسجد سب حیض والی عورتونپر
اور سب جنب والے مردونپر حرام ہی مگر مجھپر اور میرے اہلبیت پر کہ علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ
علیہم السلام ہین اس حدیث سے تو اہلبیت مثل پیغمبر برحق سب سے ممتاز ہین کہ جنکا مثل انھین پانچ
مین منحصر ہی کہ تطہیر بالذات انھین مین پائی گئی نہ انکے غیر مین پس با وجود کثیر المعنی ہونے اہل اور
بیت اور عترت اور آل اور ذریت اور ذوی القربے کے یہہ چار شخص سب معنے مین شامل اور
جناب رسول خدا نے جو معنے قرار دیے اُسکے مصداق اور سب سے ممیز اور ممتاز ہین پھر ان دونو
آیتون مین اور حدیثون مین اسقدر معنے بیان کرنا کسی وجہ خاص سے ہی ترمذی اور مشکوٰۃ[a] مین
ہی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ لعلی لا یحل لاحد یجنب فی ھذا المسجد
غیری وغیرک یعنے فرمایا رسول خدا نے واسطے علیؑ کہ نہین حلال ہی کسی کو جنب ہو بیچ اس مسجد کے
سوا میرے اور سوا تیرے خصائص امام نسائی مین ان یجنب ہی عبد الحق دہلوی اس حدیث کی
شرح مین فرماتے ہین جسکا خلاصہ یہہ ہی کہ علی مرتضےٰ اور خود رسول خدا کا ممر مسجد نبی واقع ہوئی تھی
اور یہ جائز ہی کہ اگر کسیکا خاص ممر مسجد واقع ہو تو اُسمین سے گذر جائے اگرچہ جنب ہو اسی واسطے
فی ھذا المسجد کہا کہ یہہ مسجد کہ ممر واقع ہوئی اور مرور اُسمین سے ضروری ہی بخلاف سائر مساجد
کے اولاً حاصل یہ ہی کہ یہ حدیث کیسی ہی صحیح ہو کوئی منقبت اور فضیلت نہین ہی مگر ہم اسیقدر
عرض کرینگے کہ ترمذی اور مشکوٰۃ باب مناقب علیؑ مین اس حدیث کا رقم فرمانا دلیل نافہمی قرار پائیگا
ثانیاً شاہ عبد الحق صاحب نے اتنا بھی خیال نہ فرمایا کہ باب[b] مناقب ابو بکر مین جو حدیث
صحیحین سے منقول ہوئی جسکا آخری کلمہ یہہ ہی کہ لا یبقین المسجد خوخۃ الا خوخۃ ابی بکر

[a] لمعات شرح مشکوٰۃ جلد ۴ باب مناقب علی صفحہ ۳۶۹ سطر ۳۵

[b] لمعات شرح مشکوٰۃ ۳۵۰ جلد ۴ سطر ۳

یعنے مسجد مین کوئی روزن نہ چھوڑا جائے مگر روزن ابوبکرؓ تکریماً و تعظیماً اور اس استثنا خوخہ کو تعریض
قرار دیا ہے یعنے کنایہ ہے خلافت صدیق اکبرؓ پر پس ایک روزن دیوار جو مسجد نبی کی طرف رکھنے کو اجازت
ملی تو اُسکو کنایۂ خلافت ٹہرایا اور حدیث لایحل لاحد الخ کی شرح ایسی فرمائیے کہ ایک منقبت بھی
نہ قرار پائے حالانکہ مسجد کا ممر ہونا اُسی وقت ثابت ہوگا کہ پہلے سد ابواب جمیع صحابہ اور افتتاح
باب علیؑ اُسی مسجد مین منظور رکریا جائے پس دروازہ علیؑ بمقابلہ خوخہ ابوبکرؓ تکریماً و تعظیماً و کنایۃً
بلکہ صراحۃً استحقاق خلافت قرار پائیگا اور یہ باجماع اہل سنت و جماعت باطل ہے بہرحال اس حدیث
سے ممیز اور ممتاز ہونا کلیۃً جمیع صحابہ سے حضرت علیؑ کا ثابت پھر رقم فرماتے ہین کہ بعد صدور حکم
حضرت رسولؐ باستثنائے خوخہ دیوار ابوبکر عمرؓ نے درخواست کی کہ اُنکی دیوار مین بھی ایک خوخہ
رکھا جائے جسکے جواب مین پیغمبر خدا نے فرمایا کہ سر سوزن کے برابر بھی نہ رکھا جائے یہ مقام انصاف ہے کہ اگر
خوخہ کنایہ خلافت رجا دلے تھا تو خلافت درجہ ثانوی انکا حق ہوا جنکو سر سوزن کے برابر بھی سوراخ
جانب مسجد رکھنے کا حکم نہ ہوا اور جس علیؑ کا باب مثل باب نبی اُسی مسجد مین مفتوح رہا جسکا ممر مثل ممر رسولؐ
وہی مسجد ہوئی جنکا مرور و سکون مثل پیغمبرؐ متحقق ہوا وہ نہ مستحق خلافت قرار پائے نہ لائق تعظیم و تکریم
ٹھہرے نہ اُمور مذکورہ کوئی منقبت قرار پائی سبحان اللہ شرح اسکو کہتے ہین تحقیق اسکا نام ہے محبت اہلبیت
کے یہ معنے ہین تا لثاً علیؑ ابن منذر نے ضرار ابن صرد سے جو معنے اس حدیث کے سنے تھے کہ یستطرقہ
جنباً ہین وہی معنے شارح صاحب نے بھی رقم فرمائے لیکن فی الحقیقت اس حدیث کو اگر تعریض سبب
سد ابواب جمیع صحابہ اور افتتاح باب علیؑ بجانب مسجد قرار دین تو ہو سکتا ہے کہ سکون و مرور مسجد نبوی
مین علیؑ کا ہر حال مین مثل نبیؐ تھا کیونکہ ان یجنب باب افعال سے ہے اور اجناب بمعنے جنب کردن
خود را باختیار ہے پس وہ جنب کرنا فی المسجد شامل ہے سکون مرور در خواب و بیداری در روز و شب
اختیاراً کو علی جمیع الاحوال پس مراد یہ ہوئی کہ کوئی شخص مجاز نہین کہ جنب کرے خود کو اس مسجد
مین سوا میرے اور سوا تیرے یعنے جماع اور خواب و بیداری و مرور و سکون ہر حال مین علیؑ و نبیؐ
کو اس مسجد مین جائز ہے اور انکی غیر پر حرام اور آیہ مباہلہ اور آیہ تطہیر اور فرمانا جناب رسول خداؐ کا
اللھم ھولاء اھلبیتی اور مبالغہ جو آیہ تطہیر مین ہے دلیل قاطع ہے کہ علیؑ الواث و انجاس صوریہ اور
معنویہ سے طاہر تھی پس بالضرور یہ خصائص ممتازیہ ممتاز ہوئے اور جب طہارت باین مبالغہ ثابت ہوئے
تو ہر وقت و ہر حال مین اور ہر مکان محترم اور ہر مسجد معظم مین سکون و مرور وغیرہ کی ماذون اور مجاز
ہوئی رابعاً فردوس و تاریخ الخلفاء و صواعق مین ہے قال عمر ابن الخطاب لقد اعطی علی
ثلثا لان یکون لی خصلۃ منہا احب الی من اعطی حمر النعم فسئلہ وما ھی قال عمر
البتہ ابن کو دیدی گئے [illegible] خصلت [illegible] دوست تر [illegible] اونٹ سرخ ہوئے
تزوجہ بنتہ فاطمۃ وسکناہ المسجد لا یحل فیہ لاحد ما یحل لہ و رایۃ یوم خیبر

حقائق لدنی شرح خصائص علوی مطبوعہ لاہور صفحہ ۵۹ مصنفہ سید ابو القاسم لاہوری

اشعۃ اللمعات جلد ۴ صفحہ ۳۰۳ سطر ۵

یعنے کہا عمر ابن خطاب نے کہ علیؑ کو تین چیزین دیگئین کہ اُسمین سے ایک چیز ہونا واسطے میرے زیادہ دوست
ہے واسطے میرے اس بات سے کہ دیے جاوین مجکو شتر سرخ بال والے پس پوچھا کسی سائل نے عمرؓ سے کہ وہ کیا
چیزین ہین کہا کہ ایک زوجہ اُسکی فاطمہ بنت رسول ہین دوسرے سکونت اُس علیؑ کی بجمیع احوال مسجد نبوی
مین ہے اور اصحاب واقربا مین سے کیسکو حلال نہ تھا جو کچھ کہ حلال تھا علی کو اُس مسجد مین تیسرے عطائے علم اسلام
بروز خیبر اس بیان سے بھی عبور اور سکون ہر حال مین علی لدوام واسطے علیؑ کے مسجد نبوی مین ثابت
ہوا اور جو شی کہ نفسہ مطہر ہو تو وہ بجنب ور تنجس بنجاست صوری و معنوی نہین ہو سکتی یہ سبب تھا
کہ علی لدوام سکونت اور مرور علیؑ کا مسجد نبوی مین کہ بعد کعبہ اشرف مساجد دنیا ہے حلال تھا اور یہی
سبب تھا کہ باب علی مسدود نکیا گیا اور فرمانا حضرت عمرؓ کا لایحل لاحد ما یحل لہ یعنے جو کچھ علیؑ کو حلال
تھا وہ کسی کو حلال نہ تھا صاف دلالت کرتا ہے کہ سونا جاگنا رہنا آمد و رفت جنب ہونا سب علیؑ کو اُس
مسجد مین حلال تھا اور حدیث ابوسعید جو ترمذی و مشکواہ سے منقول ہوئی کہ حضرت رسول نے فی
ھذا المسجد فرمایا پس فائدہ اس تخصیص کا یہ ہے کہ مسجد نبوی تمام مساجد دنیا سے بعد کعبہ کے اعلیٰ اور
اشرف ہے جب حلت اُسکے بجمیع احوال ثابت ہوئی تو مساجد دیگر بدرجہ اولی حلال و مباح ہوئین اور ابن مغازلی
نے یہ روایت کی ہے قال خرج رسول الله الی المسجد فقال ان الله عزوجل اوحی الی نبیہ
موسی ان ابن لی مسجدا طاھرا لا یسکنہ الا موسی وھارون وابنا ھارون وان الله
اوحی الی ان ابنی مسجدا طاھرا لا یسکنہ الا انا وعلی وابنا علی۔ بیان کرتا ہے کہ نکلے رسول خدا
طرف مسجد کے پس ارشاد فرمایا آنحضرت نے کہ اللہ تعالے نے وحی کی اپنے نبی جناب موسیٰؑ کیطرف اس امر کی
کہ بنا مین وہ ایک مسجد پاک اور پاکیزہ کہ نہ سکونت کرے اُسمین کوئی شخص مگر موسیٰؑ اور ہارون اور دونون
فرزند ہارون کے اور بہ تحقیق کہ وحی نازل کی خداوند عالم نے میری جانب کہ مین بھی ایک مسجد پاک اور پاکیزہ
بناؤن کہ نہ سکونت کرے اُسمین کوئی مگر مین اور علیؑ اور دونون فرزند علیؑ کے انتہی۔ یہی ابن مغازلی
بسند خود حذیفہ بن اسید غفاری سے روایت کرتے ہین قال قال النبی والله ما اخرجتہم ولا
اسکنتہ ان الله عزوجل اوحی الی موسیٰ واخیہ ان تبوا لقومکما بمصر بیوتا
واجعلوا بیوتکم قبلۃ واقیموا الصلوۃ وامر موسی ان لا یسکن مسجدہ ولا ینکح
فیہ ولا یدخل الا ھارون وذریتہ وان علیا منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰؑ
فرمایا پیغمبر خداؐ نے کہ قسم ہے خدا کی کہ مسجد سے صحابہ کو مین نے نہین نکالا اور نہ ساکن کیا مین نے علیؑ کو اُس
مسجد مین بہ تحقیق حق تعالے نے وحی کی موسے کیطرف اور اُنکے بھائی کیطرف کہ اپنی قوم کو اپنے
شہر مین گھر دو آگے اپنے گھر کے اور برپا رکھو صلوٰۃ کو حکم کیا موسیٰؑ کو کہ ساکن مسجد حق تعالیٰ کوئی
شخص نہ ہو اور وطی اُسمین کوئی نہ کرے اور داخل اُسمین کوئی نہو یعنے ہر حال مین داخل اُسمین نہو

اشعۃ اللمعات باب مناقب ابی بکرؓ صفحہ ۳ جلد

سوائے ہارون اور اُنکی ذریت کے اور تحقیق علیؑ میرے نزدیک مرتبہ ہارون کا رکھتے ہین کہ جو ہارون نزدیک موسیٰ کے رکھتے تھے حاصل یہہ ہی کہ ان سب حدیثون سے بجمیع الوجوہ ممیز اور ممتاز ہونا حضرت علیؑ کا ثابت ہی پھر مولانا عبد الحق صاحب لا تبقین فی المسجد خوخۃ الا خوخۃ ابی بکر کی شرح کے بعد رقم فرماتے ہین و ہذا عبارتہ بدانکہ حافظ ابن حجر عسقلانی در شرح صحیح بخاری گفتہ کہ بتحقیق آمدہ است درین باب احادیث بطرق متعددہ کہ بظاہر مخالفت مینماید این حدیث مذکور را کہ در باب ابی بکر آمدہ است ازآن جملہ حدیث سعد ابن ابی وقاصؓ است کہ گفت امر کرد رسول خدا بسد ابوابے کہ بجانب مسجد بود مگر باب علیؑ را و روایت کرد این حدیث را احمد ونسائی و اسناد او قوی است و روایت کرد طبرانی در اوسط بنقل ثقات کہ صحابہ جمع شدند وگفتند یا رسول اللہ امر کردی بسد ابواب اصحاب و فتح کردی باب علیؑ را گفت آنحضرت من نہ بستہ ام ونگشادہ ام بلکہ خدا بست وکشاد و من امر کردہ شدہ ام بسد ابواب جز باب علیؑ وہمچنین روایت کردہ احمد ونسائی از ابن عباس و ابن عمر وگفت شیخ ابن حجر وہر یکے ازین احادیث صالح است مر حجیت را الاسیما کہ متعاضد شدہ اند بعضی ازآنہا بہ بعضی و قوت گرفتہ بدان وگفت کہ ابن جوزی حکم کردہ است برین حدیث کہ وارد شدہ است در شان علیؑ بوضع وتکلم کردہ بر بعضی طرق وی بجہت مخالفت وی احادیث صحیحہ را کہ وارد شدہ اند در شان ابوبکرؓ وگفت وضع کردہ اند این را روافض در معارضہ آن و ذکر کردہ است شیخ ابن حجر این بر ابن جوزی در حکم کردن وی بوضع این حدیث بمجرد توہم معارضہ وی بحدیث ابی بکر وگفتہ است کہ حدیث علیؑ را طرق کثیرہ است بعضے ازان بحد صحت رسیدہ است وبعضی بمرتبہ حسن ومعارضت میان این حدیث وحدیثے کہ وارد شدہ است در شان ابی بکرؓ نیست ووجہ توفیق آن است کہ امر بسد ابواب وفتح باب علی در اول امر بود نزد بنائے مسجد وبود مر علیؑ را دری جانب مسجد کہ می درآمد ومی برآمد ازان وبتحقیق بصحت رسیدہ است ازآن حضرت کہ فرمود مر علیؑ را در نباید این مسجد را جنب ہیچ یکے مگر من وتو وامر بسد خوخات مگر خوخہ ابی بکرؓ در آخر امر بود در مرض آنحضرت کہ باقی ماندہ بود از عمر شریف وے دو سہ روز بعد اس عبارت کے پھر شاہ عبد الحق صاحب نے یہہ عبارت رقم فرمائی ہی و دلیل برین سخن اینست کہ وارد شدہ است کہ چون امر کرد آنحضرت بسد ابواب جز باب علیؑ مد حمزہ ابن عبد المطلب بعد از انکہ ظاہر شد ازوے در امتثال امر او نے توقفی وہر دو چشم وے پر داشت وآب میرفت ازان ہا وگفت یا رسول اللہ بیرون کردی عم خود را ودر آوردے ابن عم را گفت پیغمبر خدا ای عم من امر کردہ شدہ ام باین ومرا درین اختیاری نیست پس بذکر حمزہ درقصہ دانستہ شدہ کہ این مقدم بود زیراکہ حمزہ در غزوۂ احد شہید شد - اس دلیل سے ہمکو کوئی نقصان نہین کیونکہ اگر سد ابواب کا حکم مقدم ہی تو ہو مگر سد خوخات کا حکم جو آخر مین بیان کیا جاتا ہی وہ کب ثابت ہوا جو یہ دلیل سبب جمع وتوفیق ہو سکے

اور عدم ثبوت کی حالت خود آبندہ ظاہر ہوگی باایں ہمہ خود اہل سنت کی احادیث سے ثابت ہی کہ سد ابواب کے متعلق حضرت عباسؓ نے بھی گفتگو کی تھی اور اسلام عباس وسکونت اُنکی مدینہ مین بعد فتح مکہ ہوئی ہی تو پھر آپکو چاہیے کہ اس حدیث حمزہ کو حدیث عباس سے جمع کیجیے اور کہیے کہ ایک مرتبہ اول مین سد ابواب ہوا اور ایک مرتبہ آخر مین اور ایک مرتبہ حمزہ نے عذر کیا اور ایک مرتبہ عباس نے اور اگر آپنے اسطرح ان دونون حدیثون مین جمع کیا تو فضیلت امیر المومنین علیہ السلام کی دوبالا ہوجائیگی اور دو مرتبہ کے سد ابواب سے اُنکی افضلیت ثابت ہوگی ورسد خوخات کی حدیث بفرض ثبوت بھی اسکے مقابل نہو سکے گی اب وہ حدیث جس سے حضرت عباسؓ کا گفتگو کرنا سد ابواب مین ثابت ہوتا ہی سنیے امام نسائی[1] خصائص مین فرماتے ہین قال فطو عن عبد اللہ ابن شریک عن عبد اللہ ابن ارقم عن سعد ان العباس اتی النبیؐ فقال سددت ابوابنا الا باب علیؑ فقال ما انا فتحتہا ولا انا سددتہا یعنی روایت کی فطر نے عبد اللہ ابن شریک سے اور اُسنے عبد اللہ ابن ارقم سے اور اُسنے سعد ابن ابی وقاص سے کہ آئے عباسؓ پیغمبر خدا کے پاس اور عرض کی کہ ہمارے دروازے بند کروا دیئے آپنے سوائے باب علیؑ کے فرمایا آنحضرت نے کہ نہ مین نے کھولے نہ بند کیے پھر ساتھ ہی اس حدیث حمزہؓ کی دوسری روایت فرماتے ہین کہ در روایتے آمدہ است کہ خطبہ خواند آنحضرت وگفت وحی فرستاد حضرت رب العزت جل شانہ بسوی موسیٰ علیہ السلام تا مسجدی بنا کند مطہر کہ ساکن نگردد درو مگر وے و ہارون وہر دو پسر ہارون شبر وشبیر ہم چنین وحی فرستاد وی سبحانہ بسوئے من کہ بنا کنم مسجدی را مطہر کہ ساکن نگردد درو مگر من وعلی وہر دو پسر وی حسنؑ وحسینؑ علیہم السلام عنہم اجمعین پس امیر حمزہؓ ماہ شوال ۳ھ ہجری غزوہ احد مین شہید ہوئے کہ حضرت حسنؑ تو ماہ رمضان ۳ھ ہجری مین پیدا ہوچکے تھے ولادت حضرت امام حسنؑ اور شہادت امیر حمزہؓ مین ایک ماہ سے بھی کم کا فاصلہ تھا اور امام حسینؑ تو پیدا بھی نہ ہوئے تھے پس تعارض ان دونون روایتونکا ظاہری ہی پھر ایسی متضاد اور معارض روایتون سے ثبوت سے توافق اور تعاضد کیونکر ہوسکتا ہی اگرچہ یہی دونون روایتین علامہ ابن حجر نے اپنی دلیل مین پیش کی ہین تو یہی دونون حدیثین علامہ ممدوح کی تردید کے لیے کافی ہین پس قرائن سے تو یہہ معلوم ہوتا ہی کہ مولانا عبد الحق صاحب نے ان دونون روایتون کو دلیل گردانا ہی اور تعریضاً علامہ ابن حجر عسقلانی کی تردید فرمائی ہی کہ شاہ صاحب کی عادت ہی جہان کہین مناقب وفضائل اہلبیت اور آل رسولؐ پاتے ہین ضرور معنی بناتے ہین اور تضعیف مین اُنکی کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین فرماتے اور طرہ یہہ ہی کہ جذب القلوب[2] مین خود ہی یہہ روایت رقم فرماتے ہین کہ در بالا دیکھی نسبدیکہ دارند از یکے از اصحاب رسول اللہ روایت آوردہ اند کہ اصحاب ہمہ در مسجد نشستہ بودند ناگاہ منادی

[1] صفحہ ۱۰ طبع مصر

[2] جذب القلوب چھاپہ کلکتہ صفحہ ۱۶۲ از ذو الفقار حیدر صفحہ ۶۵

ندا در داد ایہا الناس سدوا ابواب انتہاہی در مردم پیدا آمد و لیکن ہیچکس بر نخاست بار دیگر ندا آمد
ایہا الناس سدوا ابواب بلہم قبل ان ینزل العذاب مردم ہمہ بر آمدند و بملازمت آنحضرت مبادرت
کردند علی مرتضیٰ نیز آمد و بر سر آنحضرت بایستاد و فرمود تو چہ ایستادی برو و بخانہ خود بنشین در خانہ خود را
بحال خود بگذار در میان مردم ازین معنی گفتگوے افتاد و زلیغی در دلہا راہ یافت آنحضرت را غضب
شد و بمنبر رفت و حمد و ثنائے الٰہی گفت و گفت حق تعالےٰ وحی فرستاد بر موسیٰؑ کہ مسجدے بناکن موصوف
بصفت طہارت و ساکن نشود در وی جز تو و ہارون و پسران وی شبر و شبیر ہمچنین وحی کرد بر من کہ
مسجدی سازم طاہر ساکن نشود در وے جز من و علیؑ و پسران وی حسنؑ و حسینؑ پس من بمدینہ آمدم و مسجدے
گرفتم و مراد را مدن مدینہ و گرفتن مسجد اصلا اختیاری نبود و من نمی خواستم مگر آنچہ بکنانند و لیکن دائم مگر آنکہ بدانانند
پس بر ناقہ سوار شدم و بیرون آمدم و قبائل انصار پیش آمدند تا بر ایشان فرود آیم و منزل گیرم و من بگفتہ
ایشان فرود نیامدم و گفتم راہ بر ناقہ من تنگ نکنید او ماموریست ہر جا کہ بنشیند منزل من ہمان است
واللہ من درہائے را نہ بستہ ام و نکشادہ ام و علی را من نہ در آوردہ ام او را خدا در آوردہ من چہ کنم
انتہی اس روایت مین چند امور لائق اظہار ہین انشاء اللہ انکا اظہار عنقریب کیا جائیگا قسطلانی
نے حدیث لا یبقین فی المسجد باب الا باب ابی بکر کی شرح باین عبارت فرمائی ہی قیل وفیہ
تعریض بالخلافۃ لہ لان ذلک شرط ان ارید بہ الحقیقۃ لان اصحاب المنازل
الملاصقۃ بالمسجد کان لہم الاستطراق منہا الی المسجد فامر بسدہا سوی خوخۃ
ابی بکر تنبیہا للناس علی الخلافۃ لانہ یخرج منہا الی المسجد للصلوۃ وان ارید
بہ المجاز فہو کنایۃ عن الخلافۃ وسد ابواب المقالۃ دون التطرق والتطلع الیہا
کہا گیا ہی کہ اس حدیث مین تعریض خلافت ہی اسواسطے کہ اگر معنی حقیقی مراد لین کہ جن اصحابون کے
مکانات ملتصق و متصل تھے مسجد سے اور ان مکانون کے دروازے اُسی مسجد مین تھے کہ آمد و رفت
کرتے تھے اُسی سے پس حکم ہوا اُنکے بند کرنیکا سوائے خوخہ ابی بکر کے تنبیہا الناس علی الخلافۃ
اسواسطے کہ نکلتے تھے وہ اُس خوخہ سے نماز کیواسطے اور اگر مجازی معنے مراد لین تو وہ کنایہ ہی خلافت
سے اور سد ابواب مقالات سے سوائے تطرق و تطلع کے اس مقام پر ہمکو کوئی بحث بابت خلافت
سے نہین لیکن ابن خطیب قسطلانی نے تعریض کو بلفظ قیل بیان کیا ہی اور شیخ عبدالحق صاحب نے بھی گفتہ اند
فرمایا ہی پس یہ قول خود ہی ضعیف ہی استیضاح تردید کی نہین پھر قسطلانی فرماتے ہین قال التورپشتی
واری المجاز اقوی اذ لم یصح عندنا ان ابا بکر کان لہ منزل بجنب المسجد وانما
کان منزلہ بالسنح من عوالی المدینۃ انتہی تورپشتی کہتے ہین کہ میرے نزدیک معنے
مجازی قوی معلوم ہوتے ہین کہ یہ تحقیق میرے نزدیک ابی بکر کا کوئی مکان قریب مسجد ہونا ثابت نہین

یہ قسطلانی مطبع نولکشور جلد اول صفحہ ۲۹

کر انکا مکان تھا سنح ہین کہ عوالی مدینہ ہو انتہی لیجیے معنی حقیقی تو حقیقۃً ثابت ہو سکتے ہی نہین معنی مجازی
خود قول ضعیف ہی پھر اس استدلال کی تضعیف بھی کی ہی اور یہہ بھی کہا ہی کہ ابی بکر کا ایک مکان مسجد سے
ملحق تھا جسکے خوخہ کا استثنا ہوا پھر وہ مکان بضرورت ابو بکر نے بیع کیا اور ام المؤمنین حفصہ نے چار ہزار
درہم کو خریدا غرض بعد تضعیف استدلال تورپشتی احتمال معنی حقیقی کا حاصل ہوا غرض بعد اس قیل و قال
کے رقم فرماتے ہین وقد وقع فی حدیث سعد ابن ابی وقاص عند احمد و النسائی باسناد
قوی امر رسول اللہ بسد ابوابہ الشارعۃ فی المسجد و ترک باب علی اور تحقیق کہ احمد نسائی
کے نزدیک حدیث سعد ابن وقاص مین جو کہ قوی الاسناد ہی واقع ہوا ہی کہ حکم کیا رسول اللہ نے سد ابواب
کا سوائے باب علیؓ کے و للطبرانی فی الاوسط رجال ثقات من الزیادۃ فقالوا یا رسول اللہ
سددت ابوابنا فقال ما انا سددتہا و لکن اللہ سدہا اور طبرانی نے اوسط مین باسناد
و رجال ثقات یہہ عبارت زیادہ کی ہی کہ پس کہا اصحاب نے رسول اللہ بند کیے آپنے دروازہ اصحاب
کے پس جواب دیا آنحضرت نے کہ مین نے بند نہین کیا دروازونکو لکن اللہ نے بند کیا اُنکے دروازونکو
و نحوہ عند احمد و النسائی و الحاکم و رجالہ ثقات عن زید بن ارقم و ابن عباس
اور اسیطرح نزدیک احمد و نسائی و حاکم کے باسناد رجال ثقات زید ابن ارقم سے اور ابن عباس سے
مروی ہی و زاد فکان یدخل المسجد و ھو جنب و لیس لہ طریق غیرہ رواہ احمد
و النسائی و رجالہ ثقات اور زیادہ کیا ہی کہ علی مسجد مین بحالت جنب داخل ہوتے تھے اور کوئی
راستہ اُنکا نہ تھا روایت کیا اسکو احمد اور نسائی نے اسکے رجال بھی ثقات ہین و نحوہ من حدیث
جابر ابن سمرۃ عند الطبرانی اور اسیطرح حدیث جابر ابن سمرہ سے ہی طبرانی کے نزدیک
و ھی کما قال الحافظ ابن حجر احادیث یقوی بعضہا بعضا و کل طریق منہا صالح
للاحتجاج فضلا عن مجموعہا لکن ظاھرہا یعارض حدیث الباب اور یہہ احادیث جیسا
کہ حافظ ابن حجر نے کہا ہی ایسی ہین انکے مقوی بعض کے ہین اور ہر طریق انکا صالح ہی حجت کے لیے فضلا
عن المجموع لکن بظاہر احادیث بخاری سے تعارض پایا جاتا ہی و الجمع بینہما بما دل علیہ
حدیث ابی سعید ... ان النبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم قال لعلی لا یحل لاحد
ان یطرق ھذا المسجد غیری و غیرک و المعنی ان باب علی کان الی جہۃ المسجد
و لم یکن لبیتہ باب غیرہ فلذالک لم یا مر بسدہ اور اجتماع بینہما اسطرح سے ہی کہ
حدیث ترمذی جو ابو سعید سے منقول ہی کہ واسطے علیؓ کے فرمایا حضرت نے کہ حلال نہین کسیکو کہ طریق
کرے اس مسجد کو سوا میرے اور سوا تیرے اس حدیث مین ابو سعید کے ان یجنب ... و ابن
صرانی اسکے معنی ان ... کہ نقطہ ... اسکو ... بند کر دیا اور اسپر بھی اکتفا نہین کی گئی اور

اور معنے بیان کرتا ہے کہ ... ہین کہ دروازہ علی مسجد کیطرف تھا اور کوئی دروازہ سوا اُس دروازہ
جہت مسجد کے نہ تھا ... ... بند ہونیکا حکم نہ ہوا حالانکہ اکثر اصحاب آنحضرت نے دروازہ مسجد
مین رکھے خصوصًا دروازہ صدیق اکبر اور عمر فاروق اور عثمان ذالنورین دُسی مسجد مین تھا مثل
دروازہ علی اور سب کے دروازہ بند کیے گئے سوائے دروازہ علیؑ اور تحقیق اس کی
آتی ہے پھر صاحب ارشاد ساری بن خطیب قسطلانی رقم فرماتے ہین وحصل الجمع ان الامر بسد
الابواب وقع مرتین نفی الاولی ستثنی علیا وفی الاخری استثنی ابا بکر ولکن لا
یتم ذلک الا بان یحمل ما فی قصة علی علی الباب الحقیقی وما فی قصة ابی بکر علی
الباب المجازی والمراد به الخوخة کما صرح به فی بعض طرقه وکانهم لما امروا
بسد الابواب سدوها ماحصل جمع یہ ہے کہ حکم سد ابواب کا دو مرتبہ واقع ہوا مرتبہ اول مین استثنا کیا
علی کو مرتبہ آخر مین استثنا کیا ابوبکر کو لکن اس کہنے سے بھی مطلوب حاصل نہین ہوتا جب تک کہ قصہ
علیؑ مین احتمال باب حقیقی کا اور قصہ ابی بکر مین احتمال باب مجازی کا نکرین اور اس باب سے خوخہ
مراد نلین جیسا کہ تصریح کی گئی ہے بعض طرق مین اُسکی اور گویا کہ اُن لوگون کو جسوقت حکم ہوا سد ابواب
کا بند کر لیے اُنھون نے ابواب وقد صرح ابو بکر الکلاباذی فی معانی الاخبار بان بیت
ابی بکر کان له باب من خارج المسجد وخوخة الی داخل المسجد وبیت علی لم یکن
له باب الا من داخل المسجد انتہی ؛ ملخصا من فتح الباری ابو بکر کلاباذی نے معانی
الاخبار مین تصریح کی ہے کہ ابو بکرؓ کا دروازہ خارج مسجد تھا اور خوخہ داخل مسجد اور علیؑ کے مکان کا
کوئی دروازہ نہ تھا مگر داخل مسجد انتہی ملخصًا من فتح الباری اس شرح قسطلانی سے بھی یہہ بات ثابت
نہین ہوتا کہ حدیث امیر حمزہؓ اور حدیث خطبہ کو علامہ ابن حجر عسقلانی نے رد ابن جوزی مین اپنی دلیل
قرار دی ہو پس رقم فرمانا مولانا عبد الحق صاحب کا دلیل بر این سخن این است کنایۃً رد ابن حجر کی قرار
پاتی ہے اور بسبب تعارض وتضاد کے مردود بھی ہوئی جاتی ہے اب یہ معلوم ہونا چاہیے کہ حکم
سد ابواب مین خلفاء ثلثہ بھی شامل ہین یا نہین مناقب فقیہ ابو الحسن مغازلی مین ہے عن حذیفة
ابن اُسید الغفاری قال لما قدم اصحاب النبی المدینة لم یکن لهم بیوت
یبیتون فیها فکانوا یبیتون فی المسجد فقال لهم النبی لا تبیتوا فی المسجد فتحتلموا ثم
ان القوم بنوا بیوتا حول المسجد وجعلوا ابوابها الی المسجد وان النبی بعث الیهم
معاذ بن جبل فنادی ابا بکر فقال ان رسول الله یامرك ان تخرج من المسجد
فقال سمعا وطاعة وسد بابه وخرج من المسجد ثم ارسل الی عمر فقال ان
رسول الله یامرك ان تسد بابك الذی فی المسجد وتخرج منه فقال سمعا وطاعة

فسد بابہ وخرج من مسجد اللہ ورسی لہ غبران رنب الی رسول اللہ فی خوختہ فی المسجد فابلغہ معاذ ما قال عمر ثم ارسل الی عثمان وعندہ رقیہ فقال سمعا وطاعۃ فسد بابہ وخرج من المسجد حذیفہ ابن اسید غفاری سے منقول ہی کہ جب اصحاب مدینہ مین وارد ہوئے تو اُنکے مکان نہ تھے کہ اُسمین سوتے پس سوتے تھے مسجد مین پیغمبر خدا نے منع فرمایا کہ مسجد مین نہ سویا کرو شاید احتلام ہو جائے بعد اسکے اُن لوگون نے گرد مسجد کے مکانات بنائے اور دروازے جانب مسجد قرار دیئے پس رسول اللہ نے معاذ ابن جبل کو اُنکے پاس بھیجا اُنھون نے ابوبکر کو آواز دی کہ حکم رسول ہی کہ مسجد سے نکل جاؤ اور دروازے بند کر لو پس کہا ابوبکر نے سمعا وطاعۃ اور دروازہ بند کیا اور مسجد سے نکل آئے بعد اُسکے بھیجا عمر کے پاس پس کہا معاذ نے کہ حکم رسول ہی کہ دروازہ جو مسجد مین واقع ہی اُسکو بند کر لو اور نکل جاؤ وہان سے اُنھون نے بھی کہا سمعا وطاعۃ اور دروازہ بند کر لیا اور نکل آئے مسجد اللہ و رسول سے اور ایک روزن رکھنے کی خواہش کی معاذ نے یہہ خواہش خدمت رسول مین ظاہر کی پھر بھیجا عثمان کے پاس اور یہی حکم اُنکو بھی سنایا حالانکہ اُسوقت رقیہ اُنکے پاس تھین اُنھون نے بھی سمعًا وطاعۃً کہا اور دروازہ بند کر لیا او مسجد سے نکل گئے شہاب الدین احمد نے توضیح الدلائل مین اسکو روایت کیا ہی مگر یہہ جملہ اُسمین زیادہ ہی وروی ان بعض الصحابۃ قال لرسول اللہ یا رسول اللہ دع کوۃ حتی ننظر الیک منہا حین تغدو وحین تروح فقال رسول اللہ لا واللہ ولا مثل ثقب الابرہ یعنے بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ایک روزن کھلا رہے کہ جب آپ صبح و شام تشریف لاوین تو ہم دیکھ لیا کرین حضرت نے فرمایا کہ نہ واللہ سوئی کے ناکے کے برابر بھی نہ کھلا رہیگا مولانا عبد الحق صاحب اشعۃ اللمعات مین رقم فرماتے ہین خوخہ بفتح ہر دو خا معجمہ دوا و درمیان آن روزنے کہ گذاشتہ میشود در دیوار تا روشنائی در خانہ درآید پھر جذب القلوب اور اشعۃ اللمعات مین رقم فرماتے ہین کہ در روایتے آمدہ کہ عمر ابن خطاب التماس کرد کہ در دیوار خانہ خود سوراخ بگذارد کہ در وقت برآمدن رسول اللہ برائے نماز نظر بر جمال وے افتد فرمود روا ندارم اگرچہ مقدار سر سوزن بود ان احادیث سے سد ابواب صحابہ علی الخصوص ابواب خلفاء ثلثہ و اخراج مسجد نبوی سے بعلت وقوع احتلام باستثناء علیؑ بوضاحت ثابت ہو گیا اور تاویلات بے سروپا سے علما کے راز ہائے مخفی کا انکشاف ور محبت و مودت اہلبیت سے انحراف ور زیغ و بغض و حسد کا اعتراف ہو گیا بفرض محال اگر مکان علیؑ کا کوئی دروازہ نہ تھا سوا اُس دروازہ کے جو داخل مسجد تھا اور دروازہ مکان ابوبکر کا خارج مسجد تھا اور خوخہ داخل مسجد اور اسی وجہ سے دروازہ مکان علیؑ اور خوخہ دیوار ابوبکر مفتوح رہا تو نہ کوئی منقبت علیؑ ثابت ہوئی نہ فضیلت ابوبکر ٹھری ور لطف تو یہہ ہوا کہ حدیث خوخہ جو تعریض منصب خلافت تھا وہ ایک چھوٹی سی منقبت بھی نہ رہی مگر بڑی خوشی کی

بات وہیہ ہوئی کہ فتح باب علی کی عظمت اور فضیلت ہی پر محمول ہو بالفرض مان لیجئی تاویل سے کہ الخلق یعلو ا
ولا یعلی ہی آپہ نظر اس رسالہ حدیث المسجد هو لا احلہ الا لعلی حدیث ام سلمہ کہ یہہ مسجد ہر ناپاک اور جنب
پر حرام ہی مگر علی و فاطمہ حسن و حسین پر اور حدیث لا یحل لاحد ان یجنب کے مصداق اور طہارت صوری
ومعنوی کا استحقاق منحصر ہو آنحضرت اور اہلبیت پر انکے اور اخص و اکمل افراد اہلبیت علی و فاطمہ و حسن
وحسین ہین نہ غیر انکے اسی وجہ سے ہر مکان معظم اور مساجد محترم کے ماذون و مجاز تھے اور جو کچھ کہ انکو
حلال تھا کسیکو حلال نہ تھا یہہ ہی سبب تھا کہ ابواب اصحاب مسدود کئے گئے اور فرمایا لا تبیتوا فی المسجد
فتحتلموا اور استثنا کیا باب علی کو اب ناظرین اہل انصاف خود ہی انصاف فرمالین کہ تعلیل مذکورہ بالا
حکم نبوی لا یحل لاحد اور الا باب علی واقع ہوا یا اس سبب سے کہ مکان علی کا کوئی دروازہ تھا
سوائے اُس دروازے کے جو داخل مسجد تھا اور خوخہ دیوار ابو بکر تعریض خلافت تھا یا نہین پس اگر
سد ابواب اصحاب و فتح باب علی کوئی فضیلت و منقبت نہ تھی تو بعد صدور حکم آنحضرت کے اصحاب نے
قیل وقال کیون کی تعمیل حکم آنحضرت مین اصحاب سے تاخیر کیون واقع ہوئی زیغ نے دلونمین کیون
راہ پائی نزول عذاب سے پیغمبر برحق نے کیون ڈرایا پیغمبر خدا نے غصہ کیون کیا غضبناک کیون ہوئے
خطبہ مین بوحی الہی حضرت موسیٰ مسجد کا طاہر بنانا اور اسمین مثل حضرت ہارون و ذریت ہارون علی
اور ذریت علی کا ساکن ہونا اور انکے غیر پر حرام ہونا کیون بیان فرمایا پیغمبر خدا کو کیون ظاہر کرنا پڑا کہ
مین نے سد ابواب کسیکا نہین کیا بلکہ خدا نے کیا اور مین نے علی کو داخل نہین کیا بلکہ خدا نے اُسے داخل
کیا مین بے اختیار ہون ترمذی و نسائی و ابو نعیم و احمد و ابن مغازلی و طبرانی و حاکم و صاحب جامع الاصول
وجمع بین الصحاح الستہ و ابن خطیب قسطلانی و فتح الباری و علامہ ابن حجر عسقلانی و شاہ عبد الحق صاحب
وغیرہم نے ان احادیث متعددہ متواترہ صحیحہ کو بہ تعدد طرق و باسانید رجال ثقات بالاتفاق نقل
فرمایا ہی پھر اسقدر تاویلین کرنا معنے بنانا اور بعض علما کا موضوعات روافض سے قرار دینا زیغ و بغض
حسد نہین ہی تو کیا ہی مناقب و فضائل اہلبیت اور علی مین تو یہہ عرق ریزیان یہہ تاویلین کہ کسیطرح
منقبت و فضیلت نرہے اور مناقب صدیق اکبر مین حدیث لا یبقین فی المسجد
خوختہ ابی بکر کہ جو تعریض خلافت تھی نہ اصحاب نے قیل وقال کی نہ تعمیل حکم مین تاخیر کی نہ دلون مین
زیغ و بغض و حسد نے راہ پائی بلکہ حکم سد ابواب سنتے ہی بطیب خاطر ابواب موصوفہ کو بند کر لیا نہ پیغمبر خدا
کو نزول عذاب سے ڈرانا پڑا نہ غضبناک ہوئے نہ خطبہ پڑھنے کی ضرورت ہوئی نہ کہنا پڑا کہ یہہ حکم میرا ہی
یا امیرانہین من جانب اللہ ہی معلوم نہین کہ اس تعریض کو اصحاب سمجھے بھی تھے یا نہین اور اگر سمجھے تھے تو
امیر منکم و امیر منا کیون کہنا پڑا یا یہہ علم اصحاب پر مخفی رہا اور انکشاف اُسکا بعض علما ہی پر ہوا اور وہ بھی
بایں کشاکش کہ خوخہ سے کنایہ باب کا اور باب سے کبھی معنی حقیقی اور کبھی معنی مجازی یعنے تعریض خلافت

بجی خوخہ کے معنے روزن دیوار کے پیغمبر خدا گو وہ دیکھتا ہوا آتے دیکھین کبھی خوخہ کا یہہ خطرات کہ صدیق اکبر جین سے نکلکر نماز کیواسطے مسجد مین جاتے تھے بعض علما کہتے ہین کہ کوئی مکان ملتصق مسجد تھا ہی نہین بعض کا فرمانا ہی مکان تو ملتصق مسجد تھا مگر دروازہ اُسکا خارج مسجد تھا اور خوخہ۔ الحق جبکہ بحکم سد ابواب کو دو مرتبہ ثابت کرنا کہ ایک مرتبہ استثنا ہوا باب علی کا ایک مرتبہ باب ابوبکر کا ہو باب کی جگہ خوخہ ابوبکر کی ور باب ابو بکر سے معنی مجازی مراد لینا اور اُسکو تعریض خلافت قرار دینا غرض عقل نقل ہوں کے تعارض ہو مختلف میں علما دلیل قطعی ہی عدم تصدیق کی اُنکی سواسطے کہ کوئی مصدق قول مخبر صادق ہو نہین سکتا اگر مصدق ہوگا تو ایک ہی قول کا ہوگا ماحصل یہہ ہی کہ جہانتک ممکن ہوتا ہی یا تباع اصحاب کے مکتبین میں فضائل اہلبیت کی تنقیص مین کوشش فرماتے ہین گویا کہ اُسکو ایمان فرض کر لیا ہی اور آنکھین بند کرکے جو چاہتے ہین لکھی چلے جاتے ہین یہہ نہین خیال فرماتے کہ اگر خوخہ کو دروازہ بنایا اور اُسکو سبب خلافت ٹھرایا تو علی اس باب خلافت سے کیون محروم کیے گئے اور باب خلافت حضرت فاروق اور ذی النورین کیو نکر مفتوح ہوا کہ اُنکو تو بالاتفاق سرسوزن کے برابر بھی خوخہ رکھنے کی اجازت نہ ملی تھی اور فی الحقیقت وہ خوخہ جو تعریض خلافت قرار دیا جاتا ہی اُسکی قدر و منزلت و عظمت صدیق اکبر کے آگے اتنی تھے کہ چار ہزار دینار پر بیع فرمایا فافہم ولا تغفل اے مسلمانون نام اسلام کو برباد نکرو آل نبی گوشت و خون و روح و جگر ہین پیغمبر خدا کے اُنکے فضائل و مناقب کی تنقیص ور دسے روح آنحضرت کو ایذا پہونچتی ہی اور موذی نبی موذی خدا آپکے اصول کے موافق ہی فضائل و مناقب کو منصب خلافت سے کیا نسبت خلافت کیلیے کیا یہہ دلیل کافی نہین ہی کہ خلافت اجماع اُمت پر منحصر ہی اور اجماع اُمت ضلالت پر محال ور حدیث لن یجتمع امتی علی الضلالۃ اُسپر دال کہ حل وعقد دین و ملت اُنپر منحصر تھا اور احتمال خطا اُنسے محال پھر فضائل و مناقب کے اہلبیت تنقیص ور خلاف اجماع خلافت کے تنقیص ور تو بالتعریض ضلالت بالتحقیق قرار پائیگی تصدیق حدیث لن یجتمع امتی مین رخنہ پڑجائیگا نعوذ باللہ من الجہالۃ والضلالۃ والعنا صحیح مسلم مین زید ابن ارقم سے روایت کی ہی کہ بروز غدیر پیغمبر خدا نے خطبہ فرمایا اور فرمایا انا تارک فیکم الثقلین اولہما کتاب اللہ فیہ الہدی والنور فخذوا بکتاب اللہ واستمسکوا بہ فحث علی کتاب اللہ ورغب فیہ ثم قال واہل بیتی اذکرکم اللہ فی اہل بیتی اذکرکم اللہ فی اہلبیتی اذکرکم اللہ فی اہلبیتی وفی روایۃ کتاب اللہ حبل اللہ من اتبعہ کان علی الہدی ومن ترکہ کان علی الضلالۃ یعنی چھوڑنے والا ہون تم مین دو متاع نفیس اول انکی کتاب اللہ ہی کہ جسمین نور ہدایت ہی پس لو تم کتاب خدا کو یعنے عمل کرو تم کتاب خدا پر اور محکم پکڑو تم اُسکو اور اہلبیت میرے یاد دلاتا ہون مین تمکو خدا اپنے اہلبیت کے حق مین یاد دلاتا ہون مین تمکو خدا اپنے اہلبیت کے حق مین یاد دلاتا ہون مین تمکو خدا اپنے اہلبیت کے حق مین؛ ور مکرر فرمانا اس کلمہ کا مبالغہ اور تاکید کے واسطے ہی اسکی شرح

شفعۃ اللمعات باب مناقب اہلبیت
جلد ۴ صفحہ ۲۸۰ و ۱۸۱

مین بھی مولانا عبد الحق نے داد محبت اہلبیت دی ہی رقم فرماتے ہین کہ یا دمید ہم شما را خدا و میترسانم از عقاب وے بتقصیر کردن شما در حق آنہا اور یہہ بھی رقم فرماتے ہین دشمنی اہلبیت معلوم شد وحمل این برجمیع آن معانی درست است خصوصًا بر معنی اخیر کہ محبت وتعظیم ایشان و رعایت حقوق وآداب ایشان اقدم واہم واتم است وظاہر چنان مے نماید کہ این اشارت باخذ سنت است الخ ملاحظہ فرمایئے شارح ممدوح نے یہان بھی حکم لگا دیا کہ حمل این برجمیع معانی درست است حالآنکہ ہم ثابت کرچکے ہین کہ معنی متعددہ جو متعدد افراد پر صادق آتے ہین وہ من بعض المعنی اہلبیت قرار پاتے ہین اور بعض معنی سے خارج از اہلبیت ہوتے ہین اور جو معنی کہ پیغمبر خدا نے فرمائے اور خدا کو اُن معنی پر شاہد کردیا ہی کہ اہلبیت کے کچھ ہی معنے ہون مگر میرے یہہ ہی چار شخص اہلبیت ہین اور نیز جتنے معنی لغوی واصطلاحی بیان فرمائے گئے اُن سب کے مصداق بھی یہہ ہی چار شخص ہین کہ کسی معنی سے یہہ خارج از اہلبیت ہو نہین سکتے پس حمل اس حدیث کا انھین پر ہوسکتا ہی جو بجمیع معنی اہلبیت ہین نہ من بعض المعنی کہ بعض معنی دیگر سے وہ اہلبیت اہلبیت ہی نہین رہتے پھر حمل اس حدیث کا اُنپر کیونکر ہوسکتا ہی اور یہہ جو رقم ہوا کہ این اشارت باخذ سنت است یہہ ہماری سمجھ مین نہین آتا اس لیے کہ اگر مراد اخذ سنت اہل بیت ہی تو یہہ عین اہل بیت کے واجب اطاع ولازم الاطاعۃ ہونیکی دلیل ہی اور اگر یہ مراد ہی کہ رسول کی سنت انسے اُسطرح حاصل کرو کہ جسطرح اصحاب سے حاصل کرتے ہو تو تخصیص اہل بیت بیکار ہوئی جاتی ہی اور یہہ سب تاکید بے محل ہوتی ہی معاذ اللہ من ذلک روایت ہی عن جابر قال رایت رسول اللہ فی حجتہ یوم عرفۃ وھو علی ناقتہ القصوی یخطب ویقول یا ایہا الناس انی ترکت فیکم ما ان تمسکتم او قال اخذتم بہ لن تضلوا کتاب اللہ وعترتی اھل بیتی یعنے دیکھا مین نے رسول خدا کو حجۃ الوداع یوم عرفہ کو ناقہ قصویٰ پر سوار تھے خطبہ فرمایا اور کہا کہ اے گروہ مردم مین تم مین وہ چیز چھوڑتا ہون کہ اگر تم لوگ اُسکو اور تمسک کروگے اور عمل کروگے اُس سے تو ہرگز گمراہ نہوگی ایک کتاب خدا ہی کہ اُسمین نور ہدایت ہی اور عترت میری اہلبیت میرے ہین یہان بھی شارح صاحب فرماتے ہین کہ مراد اینجا از عترت اخص از قوم واقربا است کہ اولاد ونبیرہ قریب باشند یعنے اولاد و ذریت وے صلعم وسابقًا گذشت کہ این اشارت باخذ سنت است تاہم ہم بھی قبل ازین عرض کرآئے ہین اور پھر گذارش ہی کہ عترت کے کچھ ہی معنے آپ لیجئے خواہ اولاد خواہ ذریت خواہ اولاد جد قریب خواہ اخص قوم مگر فاطمہ اور علی اور حسن اور حسین مصداق ان کل معنی کے ہین بخلاف دیگر جو اسکے غیر ہین اور یہہ اشارہ آپکا کہ این اشارت باخذ سنت است یہہ آپکی سنت ہی پیغمبر برحق نے تو صاف صاف تمسک کا حکم دیا جس سے اُنکا ہر قول وفعل حجت قرار پاتا ہی اور عصمت ثابت ہوتی ہی دوسری روایت ترمذی کی زید ابن ارقم سے یہہ ہی قال رسول اللہ انی تارک فیکم ما ان

تمسکتم بہ لن تضلوا بعدی احدھما اعظم من الاخر کتاب اللہ حبل ممدود من السماء الی الارض وعترتی اھل بیتی ولن یفترقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف تخلفونی فیھما یعنی کہ مین تم مین چھوڑتا ہون وہ چیز کہ اگر متمسک ہوگے تم ساتھ اُسکے تو ہرگز گمراہ نہوگے ایک اُن دونوں کا اعظم ہی دوسرے سے کتاب خدا مانند ریسمان ممدود کے ہی آسمان سے زمین تک کہ اُسکو پکڑین اور آسمان قدس تک پہنچین اور عہد و امان حقتعالے کا ہی بندون کے واسطے اور چھوڑتا ہون مین عترت اپنی کو کہ اہلبیت میرے ہین اور ہرگز جدا دونون نہونگے یہانتک کہ پہنچین میرے پاس حوض کوثر پر پس نظر کرو تم اور تامل و تفکر کرو تم کہ کیونکر چلتے ہو تم اور معاملہ و سلوک کرتے ہو تم بعد میرے درمیان قرآن اور اہلبیت کے مشکوٰۃ باب مناقب اہلبیت عن ابی ذر قال وھو اخذ بباب الکعبۃ سمعت النبی یقول الا ان مثل اھلبیتی فیکم مثل سفینۃ نوح من رکبھا نجا ومن تخلف عنھا ھلک رواہ احمد منقول ہی ابو ذر سے کہ کہا اُنھون نے دروازہ کعبہ کو پکڑ کر سنا مین نے پیغمبر خدا کو کہ فرماتے تھے کہ خبردار ہو کہ تحقیق مثل میرے اہلبیت کے تم مین مثل کشتی نوح کے ہی کہ جو شخص راکب کشتی نوح ہوا نجات پائی اُسنے اور جسنے تخلف کیا اُس سے ہلاک ہوا ترمذی مین زید ابن ارقم سے روایت ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے لعلی و فاطمۃ والحسن والحسین انا حرب لمن حاربھم وسلم لمن سالمھم واسطے علی و فاطمہ و حسن و حسین کی کہ ہم جنگ کرنیوالے ہین اُس سے جو جنگ کرے ان سے اور صلح کرنے والے ہین اُس سے جو صلح رکھے ان سے حاصل یہہ ہی کہ یہانتک جتنی حدیثین مناقب اہلبیت مین لکھی گئین مولانا عبد الحق صاحب نے شرح مین اُنکی کوشش بلیغ فرمائی اور حق محبت اہلبیت ادا فرمایا اور معنی کثیر رقم فرمائے اور علی جمیع التقدیر یہہ ہی چار شخص علی و اکمل و راخص و مصداق اہلبیت قرار پائے پس جو بعض معنی سے داخل اہلبیت ہوگا تو بعض معنی آخر سے خارج از اہلبیت بھی قرار پائیگا اور یہین معنی مستحق خروج و عدم مصداقیت آیات و احادیث مرقومہ بالا بھی ہوگا پھر دوسرونکو داخل کرنا لغو اور عبث ہوا علامہ فخر الدین رازی فرماتے ہین تفسیر آیہ مودت مین المسئلۃ الثالثہ نقل صاحب الکشاف عن النبی انہ قال من مات علی حب آل محمد مات شہیدا الا ومن مات علی حب آل محمد مات مغفورا لہ الا ومن مات علی حب آل محمد مات تائبا الا ومن مات علی حب آل محمد مات مومنا مستکمل الایمان الا ومن مات علی حب آل محمد بشرہ ملک الموت بالجنۃ ثم منکر و نکیر الا ومن مات علی حب آل محمد یزف الی الجنۃ کما تزف العروس الی بیت زوجھا الا ومن مات علی حب آل محمد فتح لہ فی قبرہ بابان الی الجنۃ الا ومن مات علی حب آل محمد جعل اللہ قبرہ مزار ملائکۃ الرحمۃ الا ومن مات علی حب آل محمد مات علی السنۃ والجماعۃ الا ومن مات علی بغض آل محمد جاء یوم القیمۃ

ملتوبا بين عينيه آيس من رحمة الله الا ومن مات على بغض آل محمد مات كافرا
الا ومن مات على بغض آل محمد لم يشم رائحة الجنة هذا هو الذي رواه صاحب الكشاف
مسئلہ ثالث نقل کیا صاحب الکشاف نے ہی سے کہ فرمایا رسول خدا نے کہ جو شخص مرے او پر محبت آل محمد کے
مرا شہید آگاہ ہو کہ جو شخص کہ مرے محبت آل پر وہ مرا دراں حالیکہ مغفرت کیگئی واسطے اُسکے آگاہ ہو کہ جو شخص
مرا محبت آل محمد پر تو مرا تائب ہو کر آگاہ ہو کہ جو شخص مرے محبت آل محمد پر وہ مرا مومن مستکمل الایمان آگاہ ہو
کہ جو شخص موا محبت آل محمد پر خوشخبری دیتا ہی ملک الموت اُسکو جنت کی پھر نکیر و منکر خوش خبری جنت دیتے
ہین آگاہ ہو کہ جو شخص مرا محبت آل محمد پر بھیجا جائیگا طرف جنت کے جسطرح عروس اپنے شوہر کے گھر بھیجی جاتی
ہی آگاہ ہو کہ جو شخص مرا محبت آل محمد پر کھولے جاتے ہین اُسکے لیے دو دروازہ جنت کیطرف آگاہ ہو
کہ جو مرا محبت آل محمد پر گردانتا ہی اللہ اُسکی قبر کو مزار ملائکہ رحمت کا آگاہ ہو کہ جو شخص مرا محبت آل محمد
مرا او پر سنت اور جماعت کے آگاہ ہو کہ جو شخص مرا بغض آل محمد پر یوم القیامت اسطرح آئیگا کہ درمیان
دونون آنکھون کے لکھا ہوگا مایوس ہی رحمت خدا سے آگاہ ہو کہ جو شخص مرا بغض آل محمد پر مرا کافر آگاہ
کہ جو شخص مرا بغض آل محمد پر نہ سونگھے گا بوئی جنت کو یہہ وہ ہی کہ جسکو صاحب کشاف نے بیان کیا ہی
امام فخر الدین رازی کہتے ہین انا اقول مین کہتا ہون آل محمد هم الذين يؤل امرهم اليه
فكل من كان امرهم اليه اشد واكمل كانوا هم الآل ولا شك ان فاطمة وعليا
والحسن والحسين كان التعلق بينهم وبين رسول الله اشد التعلقات وهذا كالمعلوم
بالنقل المتواتر فوجب ان يكونوا هم الآل وايضا اختلف الناس في الآل فقيل هم
الاقارب وقيل هم امته فان حملناه على القرابة فهم الآل وان حملناه على الامة
الذين قبلوا دعوته فهم ايضا آل فثبت ان على جميع التقديرات هم الآل واما
غيرهم فهل يدخلون تحت لفظ الآل فمختلف فيه وروى صاحب الكشاف انه
لما نزلت هذه الآية قيل يا رسول الله من قرابتك من هؤلاء الذين وجبت علينا
مودتهم فقال علي وفاطمة وابناهما فثبت ان هؤلاء الاربعة اقارب النبي و
اذا ثبت هذا وجب ان يكونوا مخصوصين بمزيد التعظيم ويدل عليه وجوه
آل محمد وہ ہین کہ رجوع امر اُنکا طرف رسول کے ہو پس کل وہ لوگ کہ ہو رجوع امر اُنکا طرف رسول
کے اشد اور اکمل ہونگے وہ ہی لوگ آل رسول اور کوئی شک نہین ہی کہ تحقیق فاطمہ اور علی اور
حسن اور حسین علیہم السلام تھے کہ تعلق اُنکین اور رسول خدا مین اشد تعلقات سے تھا اور یہ امر کالمعلوم
اور متواترات سے ہی پس واجب ہی کہ ہون وہ ہی آل اور نیز اختلاف کیا ہی آدمیون نے معنی آل مین
بعض نے کہا کہ وہ اقارب ہین آنحضرت کے بعض نے کہا کہ اُمت رسول ہی پس اگر حمل کرین ہم اُسکو قرابت پے

پس جب بھی وہ آل ہین اور اگر حمل کرین ہم اُسکو اُمت پر ایسی اُمت کہ قبول کیا اُسنے دعوت آنحضرت
کو پس جب بھی وہ آل ہین پس ثابت ہوا کہ علی جمیع التقدیرات وہ ہی آل ہین اور داخل ہونے مین
اُنکے غیر کے تحت لفظ آل اختلاف ہی اور روایت کی ہی صاحب کشاف نے کہ جسوقت یہہ آیت مودت
نازل ہوئی تو پوچھا گیا آنحضرت سے کہ یا رسول اللہ وہ کون لوگ ذوالقربےٰ ہین کہ جنکی مودت ہمپر واجب
ہوئی پس کہا پیغمبر خدا نے کہ وہ علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہین پس ثابت ہوا کہ یہہ چار شخص اقارب نبیؐ ہین
اور جب یہ ثابت ہو گیا تو واجب ہوا کہ ہون وہ لوگ مخصوصین ساتھ مزید تعظیم کے اور دلالت
کرتے ہین اس امر پر کئی وجہ الاول قولہ تعالی الا المودۃ فی القربی و وجہ الاستدلال بہ ما
سبق وجہ اول قول حقتعالےٰ الا المودۃ فی القربےٰ ہی اور وجہ استدلال مذکور ہو چکی الثانی لاشک
ان النبی کان یحب فاطمۃ قال صلعم فاطمۃ بضعۃ منی یوذینی ما یوذیہا وثبت
بالنقل المتواتر عن محمد انہ کان یحب علیا والحسن والحسین اذا ثبت ذلک
وجب علی کل منہ مثلہ لقولہ تعالی واتبعوہ لعلکم تہتدون ولقولہ تعالی
فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ ولقولہ تعالی قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی
یحببکم اللہ ولقولہ سبحانہ لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ وجہ ثانی یہہ ہی کہ شک نہین کہ تحقیق
رسول اللہ دوست رکھتے تھے فاطمہؑ کو فرماتے تھے پیغمبر خدا صلعم فاطمہؑ پارۂ جگر میری ہی ایذا دی اُسنے مجکو جسنے ایذا دی
فاطمہؑ کو اور ثابت ہوا ہی منقولات متواترہ سے کہ آنحضرت صلعم دوست رکھتے تھے علیؑ و حسنؑ و حسینؑ کو اور جب ثابت ہو گیا
تو واجب ہو کل اُمت پر مثل اُسکا یعنی دوست رکھنا فاطمہ اور علی و حسن و حسین کا اور دلیل اسپر قول حق سبحانہ تعالی ہی واتبعوہ لعلکم
تہتدون اور اتباع اور پیروی کرو تم اُسکی تاکہ ہدایت پاؤ تم دوسرے مقام پر حقتعالی فرماتا ہی
فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ پس چاہیے کہ پرہیز کرین وہ لوگ جو مخالفت کرتے ہین حکم
پیغمبر سے تیسری دلیل قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ یعنے کہہ تو کہ اگر تم دوست
رکھتے ہو اللہ کو تو پیروی کرو تم میری دوست رکھیگا تم کو اللہ چوتھے لقد کان لکم فی رسول اللہ
اسوۃ حسنۃ الثالث ان الدعاء للآل منصب عظیم ولذلک جعل ہذا الدعاء
خاتمۃ التشہد فی الصلوۃ وہو قولہ اللہم صل علی محمد وآل محمد وارحم
محمدا وآل محمد وہذا التعظیم لم یوجد فی حق غیر الآل فکل ذلک یدل علی
ان حب آل محمد واجب وقال الشافعی ان کان الرفض حب آل محمد فلیشہد
الثقلان انی رافضی تیسری وجہہ تحقیق کہ دعا کرنا واسطے آل کے منصب عظیم ہی اسی واسطے
خاتمہ تشہد صلوۃ مین اس دعا کو رکھا ہی وہ یہہ ہی کہ خداوندا درود بھیج تو محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور رحم کر
تو محمدؐ و آل محمدؐ پر اور یہہ تعظیم غیر آل کے حق مین پائی نہین جاتی اور یہ کل دلالتین ہین اثبات پر

کہ محبت آل محمدؐ واجب ہی کہا امام شافعی نے کہ اگر رفض حب آل محمدؐ ہی پس گواہ رہین ثقلان کہ ہین رافضی ہون
اور علامہ ابی السعود نے بھی تحت آیہ ہذا رقم فرمایا ہی کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو پوچھا رسول خدا سے کہ یا رسول اللہ
من قرابتك من هولاء الذين وجبت علينا مودتهم قال علیؑ وفاطمة وابناهما
کون ہین وہ قرابت دار کہ جنکی محبت اور مودت ہمپر واجب ہوئی فرمایا علیؑ اور فاطمہ اور دو لونڈے اُنکے
وعن النبیؐ حرمت الجنة على من ظلم اهل بيتي واذانى فی عترتی فرمایا نبیؐ نے کہ حرام
کی گئی جنت اُسپر جو ظلم کرے میرے اہلبیت پر اور ایذا دے مجکو میری عترت مین یعنے جسنے میری عترت
کو ایذا دی اُسنے مجکو ایذا دی امام فخر الدین رازی فرماتے ہین فیه منصب عظیم للصحابة
یعنے اس آیت مین منصب عظیم ہی صحابہ کے واسطے کہ حقتعالے نے السابقون السابقون اولئك
المقربون فرمایا ہی فکل من اطاع الله کان مقربا عند الله پس کل نلوگون کے کہ اطاعت کی
اُنھون نے اللہ کی ہوئے مقرب عند اللہ تعالے اور داخل ہوئے تحت قولہ تعالی الا المودة
فی القربی والحاصل ان هذه الاية تدل على وجوب حب ال رسول الله وحب الصحابه
اور حاصل یہہ ہی کہ آیت دلالت کرتی ہی وجوب حب آل رسول اللہ پر اور حب اصحاب پر تمام ہوا قول
امام فخر الدین رازی کا اتنا آقول اب مین بھی عرض کرتا ہون کہ آیہ تطہیر اور آیہ مباہلہ اور آیہ مودت اور
احادیث مناقب اہلبیت کی شرح جو مولانا عبد الحق صاحب نے فرمائی اُسکا حاصل یہ ہی کہ اہلبیت اور آل
اور عترت اور قربی وغیرہ ان آیات واحادیث مین جمیع معنی پر شامل ہین اور ظاہر امر اواخذ سنت ہی کوئی
خصوصیت و منقبت فاطمہؑ اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کو نہین ہی اور صاحب کشاف اور امام فخر الدین
رازی نے محبت آل رسول کو واجب اور الفاظ مذکورہ کو مخصوص فاطمہؑ و علیؑ و حسنؑ اور حسینؑ سے
ثابت کرکے فرمادیا کہ غیر آل کے حق مین یہہ تعظیم پائی نہین جاتی اور امام شافعی نے تو محبت آل مین رافضی
ہونیکا اقرار کرلیا امام فخر الدین نے یہہ بھی رقم فرمایا ہی کہ جو شخص اطاعت اللہ کرے وہ مقرب عند اللہ ہی
اور تحت آیہ مودت داخل ہی اور اصحاب کو بھی اس آیہ مین منصب عظیم ہی اصحاب کا لفظ عام ہی شامل ہی
جمیع صحابہ کو تخصیص کسی کی نہین اور کل اُمت جو مطیع خدا ہو تحت آیہ ہذا داخل ہے مگر وجوب محبت مخصوص
ہی علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ سے پس ناظر منصف پر موازنہ کرنے سے ان اقوال کے مثل آفتاب عیان
ہوجائیگا کہ کون انمین سے محب اہلبیت و آل رسول ہی اور کون مبغض اہلبیت و آل رسول ہی اور کون
مداح اہلبیت ہی اور کون مدح بالذم کر رہا ہی وما علينا الا البلاغ اور تفسیر نیشاپوری مین تحت
آیہ قل لا اسئلکم لکھتے ہین کفی شرفا لال رسول الله وفخرا ختم التشهد بذكرهم والصلوة
عليهم فی كل صلوة لہ یعنے آل رسول کے لیے یہ شرف و فخر کافی ہی کہ تشہد اُنکے ذکر پر تمام ہوتا ہی
اور ہر نماز مین اُنپر صلوۃ بھیجی جاتی ہی صحیح بخاری و صحیح مسلم مین اور مشکوٰۃ مین مروی ہی کہ اصحاب نے

عرض کی یا رسول اللہ خدا نے جو ہمکو حکم کیا کہ صلوۃ اور سلام بھیجین ہم اوپر اہلبیت کے فکیف الصلوٰۃ علیکم اهل البیت فان الله قد علمنا کیف نسلم علیک پس کیونکر صلوۃ بھیجین ہم اہلبیت پر پس بتحقیق سکھایا ہمکو خدا نے کسطرح سلام بھیجین ہم آپ پر فرمایا پیغمبر خدا نے قولوا اللهم صل علی محمد وال محمد وعلی ال محمد کما صلیت علی ابراهیم وعلی ال ابراهیم انك حمید مجید اللهم بارك علی محمد وال محمد کما بارکت علی ابراهیم وال ابراهیم انك حمید مجید متفق علیه الا ان مسلما لم یذکر علی ابراهیم فی موضعین یعنے کہو تم کہ خدایا درود و رحمت بھیج محمد اور آل محمد پر جیساکہ درود بھیجا تو نے ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر برکت بھیج محمد پر جیساکہ برکت بھیجی تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر تحقیق کہ تو محمود اور مجید ہی پس ظاہر ہو گیا کہ آل اور اہلبیت متحد المعنی ہین اسواسطے کہ اصحاب نے سوال کیا ساتھ لفظ اہلبیت کے اور آنحضرت نے جواب مین بلفظ آل فرمایا چنانچہ ابن طلحہ شافعی ذیل مین اسی حدیث کے لکھتے ہین فسر احدهما بالاخر فالمفسر والمفسر به متحد معنے آنحضرت نے ایک لفظ کی دوسری لفظ سے تفسیر فرمائی پس معلوم ہوا کہ آل اور اہلبیت کے ایک ہی معنی ہین اور یہہ حدیث متفق علیہ ہی لیکن صحیح مسلم مین علی ابراہیم دونون مقام پر مذکور نہین ہی اور صحیح بخاری مین دوسری حدیث اسطرح منقول ہی وعن ابی حمید الساعدی قال قالوا یا رسول الله کیف نصلی علیك فقال رسول الله قولوا اللهم صل علی محمد وازواجه وذریته کما صلیت علی ابراهیم وبارك علی محمد وازواجه وذریته کما بارکت علی ال ابراهیم انك حمید مجید متفق علیه ابی حمید ساعدی نے کہا کہ پوچھا اصحاب نے کہا کہ پوچھا اصحاب نے یا رسول اللہ کیونکر صلوۃ بھیجین ہم اوپر آپکے فقال پس فرمایا رسول خدا نے کہو تم درود خدا کا اوپر محمد کے اور ازواج پر اُسکے اور ذریت پر اُسکی جیساکہ درود بھیجا تو نے ابراہیم پر اور برکت بھیج تو محمد کو اور ازواج کو اُسکے اور ذریت کو اُسکی جیساکہ برکت بھیجی تو نے آل ابراہیم پر تحقیق کہ تو محمود اور مجید ہی اس حدیث متفق علیہ کو ہم نے اسواسطے لکھا ہی کہ سابق مین مذکور ہوا اور ثابت ہوا ہی کہ ذریت عترت کو اور عترت اہلبیت کو کہتے ہین کہ قول رسول خدا عترتی اہل بیتی ہی پس اس حدیث مین ذریت فرمانا گویا اہلبیت فرمانا ہی پس اگر ازواج داخل ذریت یعنے اہلبیت ہوتے تو ازواجہ کی حاجت نہ تھی کہ تکرار لفظ موضع واحد مین خلاف فصاحت افصح الفصحا ہوتی ہی اور بروایت مسلم مروی ہی فقلنا من اهل بیته نساؤه قال لا ایم الله ان المرءة تکون مع الرجل العصر من الدهر ثم یطلقها فترجع الی ابیها وقومها اهل بیته اصله وعصبته الذین حرموا الصدقة علیهم بعده خلاصہ یہ کہ کہا راویون نے زید ابن ارقم سے پوچھا کہ ازواج آنحضرت اہلبیت ہین زید ابن ارقم نے کہا قسم بخدا ازواج

یعنی اہلبیت پر کیونکر صلوۃ بھیجین شافعی

یعنی ایک لفظ کی دوسرے لفظ سے

ابوالقاسم صاحب

ایک مدت مدید شوہر کے ساتھ رہتے ہیں اور بعد طلاق رجوع کرتی ہیں اپنے باپ اور قوم کیطرف اور اہلبیت
اصل اُنکے ہین اور قرابت دار آنحضرت کے ہین اور صدقہ بعد آنحضرت اُنپر حرام ہی تو وہی ذیل حدیث
ہذا فرماتے ہین هذا دلیل لابطال قول من قال هم قریش کلها فقد کان فی نسائه
قرشیات وهن عائشه وحفصه وام سلمه وسوده وام حبیبه یعنے قسم کھانا اور
انکار کرنا زید ابن ارقم کا دلیل ہی بطلان قول کے اُس شخص کے جو کہتا ہی کہ تمام قریش اہلبیت ہین
اسواسطے کہ زنان آنحضرت مین قرشیہ بھی تھین اور وہ عائشہ اور حفصہ اور ام سلمہ اور ام حبیبہ وسودہ
ہین پس نووی کے اس قول سے کہ کل قریش کا اہلبیت ہونا باطل ہی ازواج قرشیات کا بھی داخل
اہلبیت ہونا باطل ہوا اور مسلم وسنن ابو داؤد ونسائی ومشکوٰۃ مین بہت سی سندون سے مروی
ہی عن عبد المطلب بن ربیعه قال قال رسول الله صلی الله علیه واله وسلم ان
هذه الصدقات انما هی اوساخ الناس وانها لاتحل لمحمد ولا لآل محمد یعنے
عبد المطلب بن ربیعہ ابن الحارث ابن ہاشم نے کہا کہ رسول خدا نے فرمایا کہ اقسام صدقات
اوساخ یعنے میل مردم سے ہی اور وہ حلال نہین ہی محمدؐ اور آل محمدؐ پر اور موطاء مالک ابن انس
مین بھی ایسا ہی ہی قال النبی لاتحل الصدقة لآل محمد انما هی اوساخ الناس کہ صدقہ
آل محمدؐ پر حلال نہین ہی کہ وہ چرک ہی آدمیونکا مشکوٰۃ اور مسلم مین اور بخاری نے من تکلم بالفارسیه
مین ابو ہریرہ سے روایت کی ہی قال اخذ الحسن ابن علی تمرة من تمر الصدقة فجعلها
فی فیه فقال النبی کخ کخ اما شعرت اور بعض نسخ مین اما تعرف ہی انا لا ناکل الصدقة
کہا ابو ہریرہ نے کہ حسن ابن علیؑ نے دانہ خرما اُٹھایا کہ وہ خرما صدقہ سے تھا اور اُسکو منہ مین رکھلیا
فرمایا پیغمبر خدا نے کخ کخ یعنے پھینک دے پھینکدے اس خرمہ کو آیا تم نہین جانتے کہ ہم اہلبیت پر صدقہ حرام ہی
ہم صدقہ نہین کھاتے یہہ لفظ کخ کخ واسطے زجر کے بولتے ہین اُسوقت کہ بچونکو باز رکھنا ہو اُس فعل سے
کہ وہ کر رہے ہون اور بعض کے نزدیک یہہ کلمہ فارسی ہی اسی سبب سے بخاری مین باب تکلم بالفارسیه
مین لکھا ہی اور اشعة اللمعات مین انا لا ناکل الصدقة کا ترجمہ باین عبارت کیا ہی کہ ما بنی ہاشم واہلبیت
طہارت نمیخورند صدقہ را اور مروی ہی کہ ایک روز آنحضرت نے عائشہ کے خرمون مین سے ایک خرمہ
اپنے منہ مین رکھا عائشہ نے عرض کی کہ یہہ صدقہ ہی پیغمبر خدا نے فرمایا علیك صدقة ولنا هدية
یعنے تجھپر صدقہ ہی اور تیرا حصہ اور مال میرے واسطے ہدیہ ہی مسلم مین ہی کہ حصین نے زید ابن ارقم
سے پوچھا من اهل بیته یا زید الیس نسائه من اهل بیته قال نساؤه من اهل بیته
ولکن اهل بیته من حرم الصدقة بعده قال ومن هم قال آل علی وآل عقیل
وآل جعفر وآل عباس کل هولاء حرم الصدقة قال نعم یعنے کون اہلبیت ہین آنحضرت

مشکوٰۃ کتاب الزکوٰۃ باب من لا تحل له الصدقة

کیا ازواج اہلبیت نہین ہین آنحضرت کے جوابدیا کہ ازواج اہلبیت ہین یعنے خانہ صوری کے کہ مٹی وغیرہ
سے بنا گیاہی واسطے قضا و حاجت کے لئن اہلبیت صوری و معنوی وہ ہین جنپر صدقہ حرام ہی بعد
پیغمبر کے پوچھا وہ کون ہین جواب دیا کہ آل علیؑ وآل عقیل وآل جعفر وآل عباس ہین اسواسطے کہ صدقہ
اُنپر حرام ہی خلاصہ یہہ ہی کہ آیات واحادیث سے اور اقوال سے ثابت ہوگیا کہ اہلبیت ہین ازواج
داخل نہین ہین بعض علمانے تاویلات عبید مضطربہ شامل کیا ہی من بعض لوجہ او ربکل لوجوہ اللھم
ھولاء اہل بیتي جنکی شان مین فرمایا وہ ہی اہلبیت آنحضرت ہین پھر نووی نے ذیل حدیث صلوۃ کہا ہی
فذھب ابوحنیفہ و مالك الی انہا سنۃ لو ترکت صحت الصلوۃ وذھب الشافعی
واحمد الی انہا واجبۃ لو ترکت لم یصح الصلوۃ یعنے مذہب ابوحنیفہ اور مالک یہہ ہی
کہ صلوۃ سنت ہی اُسکے ترک سے نماز باطل نہین ہوتی ور مذہب شافعی ور احمد مین واجب ہی کہ
ترک صلوۃ سے نماز باطل ہی امام شافعی کی ایک رباعی مشہور ہی یا اھل بیت رسول اللہ حبکم
فرض من اللہ وفی القرآن انزلہ ٭ کفاکم من عظیم الفخرانکم ٭ من لم یصل علیکم
لاصلوۃ لہ ٭ یعنے ای اہلبیت رسول محبت تمھاری خدا سے فرض کی ہی اور منزل من اللہ ہی قرآن
مین کافی ہی تمھاری قدر و منزلت کو کہ جو شخص نماز پڑھے اور تمپر صلوۃ نہ بھیجے نماز اسکی صحیح نہین ہی
پس آل ور اہلبیت ور قربے اور ذریت ورعترت مین تو علیؑ بالاتفاق شامل ہین اب کچھ مناقب
خاص بھی علی بن ابی طالب کے عرض کرین صحیح بخاری مین ہی حدثنا قتیبہ ابن سعید قال
حدثنا یعقوب بن عبد الرحمن عن ابی حازم قال اخبرنی سہل بن سعد الساعدی یحبل اللہ و
ان رسول اللہ قال یوم خیبر لاعطین ھذہ الرایہ غدا رجلا یفتح اللہ علی یدیہ
رسولہ و یحبہ اللہ و رسولہ قسطلانی رقم فرماتے ہین زاد ابن اسحاق لیس بفرار و فی حدیث بریدۃ
لا یرجع حتی یفتح اللہ لہ قال فبات الناس یدوکون لیلتھم ایھم یعطاھا فلما
اصبح الناس غدوا علی رسول اللہ کلھم یرجون ان یعطاھا و فی حدیث بریدہ
فما منا احد لہ منزلۃ عند رسول اللہ الا و ھو یرجوان یکون ذالک الرجل حتی
تطاولت انا فقال این علی بن ابی طالب فقالوا ھو یا رسول اللہ یشتکی عینیہ قال
ارسلوا الیہ فاتی بہ فبصق رسول اللہ فی عینیہ ودعالہ فبراء حتی کان لم یکن
بہ وجع فاعطاہ الرایۃ فقال یا رسول اللہ اقاتلھم حتی یکونوا مثلنا فقال انفذ
علی رسلك حتی تنزل بساحتھم ثم ادعھم الی الاسلام واخبرھم بما یجب
وعلیھم من حق اللہ فیہ فواللہ لان یھدی اللہ بك رجلا واحدا خیر لك
من ان یکون لك حمر النعم یعنے بیان کیا مجھسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی مجھسے یعقوب

بن عبد الرحمن نے ابی حازم سے کہا کہ خبر دی مجکو سہل بن سعد الساعدی نے کہ تحقیق رسول اللہ نے فرمایا
بروز خیبر کہ ہر آیئنہ عطا کرونگا مین اس نشان کو کل اس شخص کو کہ فتح کریگا اللہ اُسکے ہاتھونپر اور وہ ایسا ہی
کہ دوست رکھتا ہی اللہ کو اور اُسکے رسول کو اور دوست رکھتا ہی اُسکو اللہ اور رسول اُسکا۔ اسمقام پر
اتنا ہی عرض کرنا ہی کہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ ہر مومن من جہتہ الایمان محب خدا ہی اور خدا بھی بسبب
اُسکے ایمان کے محب ہر مومن ہی پس جواب اُسکا یہہ ہی کہ یہہ محبت جسکا ذکر پیغمبر خدا نے کیا مخصوص تھی
علیؑ سے اور افراد اصحاب مین کسیکو یہہ تخصیص نہ تھی وکذلک جو محبت کہ خدا اور رسولؐ کو علیؑ سے تھی
اصحاب مین سے کسی کے ساتھ مخصوص نہ تھی قسطلانی مین ہی کہ زیادہ کیا ابن اسحاق نے لفظ لیس
بفرار کا یعنے اُس شخص کو علم دونگا جو غیر فرار ہی الخ اور حدیث بریدہ مین ہی لا یرجع حتی یفتح اللہ لہ
یعنے نہ پھریگا اُسوقت تک کہ فتح دے اللہ اُسکو ابن اسحاق و بریدہ کے درمیان مین الفاظ کا فرق ہی
مطلب ایک ہی ہی فبات الناس کہا کہ تمام شب اصحاب اسی تمنا مین بیدار رہے اور آپسمین تذکرہ
رہا کہ یہہ دولت عظمیٰ کسکے مقدر مین ہی چنانچہ عبد الحق صاحب فرماتے ہین آوردہ اند کہ صحابہ را تمام شب
خواب نبرد از شوق و انتظار آنکہ فردا این نعمت نصیب کہ باشد فلما اصبح الناس پس جب صبح ہوئی
توسب حاضر ہوئے رسولؐ کے سامنے اور وہ سب امیدوار علم تھے اور حدیث بریدہ مین ہی کہ ہم مین
سے کوئی ایسا نہ تھا کہ جسکی قدر و منزلت رسولؐ کے آگے تھی ور امیدوار اس مرتبہ عظمیٰ کا نہ تھا یہانتک
کہ مین بھی خواہش مند تھا پس فرمایا آنحضرت نے کہان ہین علیؑ ابن ابی طالب پس اصحاب نے عرض کی
کہ اُنکی آنکھین دکھتی ہین فرمایا بلواؤ اُنکو پس لائے گئے علیؑ پس لعاب دہن اپنا آنحضرتؐ نے اُن کی
آنکھون مین لگا دیا اور دعا کی اُنکے واسطے پس اسطرح سے اچھے ہوگئے کہ گویا کوئی درد ہی اُنکو نہ تھا
اور عطا فرمایا اُنکو رایت پس فرمایا علیؑ نے یا رسول اللہ قتال کرونگا مین یہانتک کہ ہو جاوین وہ لوگ
مثل ہمارے مومن فرمایا پیغمبرؐ برحق نے کہ نفوذ کر اپنی نرمی کے ساتھ کہ تو اُنکے قریب پہنچے اور دعوت
اسلام کی کرے اُنکو اور خبر دے اُن لوگون کو اُس چیز سے کہ اُنپر واجب ہی حق اللہ سے پس قسم ہی
خدا کی کہ ہدایت کرے بسبب تیرے ایک آدمی کو بہتر ہی تیرے واسطے چارپایہائے سرخ اور شتران
سرخ سے اور مسلم مین ہی ما احببت الامارۃ الا یومئذ قَالَ فَتَسَاوَرتُ بہا رجاءَ اَنْ اُدعیٰ
لہا۔ عمر ابن خطاب کہتے ہین کہ مین امارت کو نرکھتا تھا مگر اُس روز پس آمادہ رہا مین اس امید پر
کہ مجھے بلوائین اس منصب کے لیے پس جب صبح ہوئی تو علیؑ کو طلب کیا اور عطا فرمایا رایت اُنکو الخ
اور دوسری روایت صحیح بخاری مین اسطرح ہی حدثنا عبد اللہ ابن مسلمۃ قال حدثنا
حاتم عن یزید ابن ابی عبید عن سلمۃ قال کان علی بن ابی طالب تخلف عن النبی
فی خیبر وکان رمدا فقال انا اتخلف عن النبی فلحق بہ فلما بتنا اللیلۃ التی

صحیح بخاری باب غزوہ خیبر
صفحہ ۶۰۵

ففتح قال لاعطین الرایۃ غدا او لیاخذن الرایۃ غدا رجل یحب اللہ و رسولہ و
یحبہ اللہ و رسولہ یفتح اللہ علیہ فنحن نرجوھا فقیل ھذا علی فاعطاہ ففتح علیہ
یعنے بیان کیا مجھسے عبد اللہ ابن مسلمہ نے کہا کہ حدیث بیان کی مجھسے حاتم نے یزید ابن ابی عبید سے اُسنے
سلمہ سے کہا علیؑ ابن ابی طالب پیغمبر خدا کے ہمراہ خیبر نہ گئے کہ آشوب چشم تھا اور ابونعیم نے زیادہ کیا ہی
بسبب آشوب کے دیکھائی ندیتا تھا پس کہا علیؑ نے کہ مین بسبب رمد چشم کے ہمراہ پیغمبر نہ جاؤن گویا کہ اپنے
پس ماندگی کو ناپسند کیا اپنے نفس کے واسطے اور لاحق ہوئے پیغمبر خدا سے بعض کہتے ہین کہ خیبر مین پہنچکر
اور بعض کہتے ہین کہ قبل خیبر پہنچنے کے لاحق ہوئے آنحضرت سے پس جبکہ وہ رات ہوئی ہمکو کہ جسکی
صبح کو فتح ہوئی فرمایا پیغمبر خدا نے کہ ہر آئینہ عطا کرونگا مین یہہ رایت یا بہ تحقیق لیگا اس رایت کو کل
وہ شخص جو دوست رکھتا ہی خدا کو اور اُسکے رسولؐ کو اور دوست رکھتا ہی اُسکو خدا اور رسولؐ
قسطلانی مین ہی عند احمد والنسای وابن حبان والحاکم من حدیث بریدۃ بن
الحصیب لما کان یوم خیبر اخذ ابوبکر اللواء فرجع ولم یفتح لہ فلما کان الغد
اخذہ عمر فرجع ولم یفتح لہ وقتل محمود بن مسلمۃ فقال النبی لادفعن لوائی
غدا الی رجل یفتح علیہ یعنے نزدیک احمد اور نسائی اور ابن حبان اور حاکم کی حدیث بریدہ ابن
حصیب سے یہہ ہی کہ یوم خیبر لواے آنحضرتؐ ابوبکر نے لیا اور جہاد کو گئے پس پھر آئے اور نہ فتح ہوئی
اُنکی اور جب دوسرا روز ہوا تو لیا اُسی علم کو عمر نے اور پھر آئے اور فتح نہ ہوئی اور قتل کیے گئے محمود ابن
مسلمہ پس فرمایا آنحضرت نے کہ ہر آئینہ کل اُس شخص کو علم دونگا کہ جسکو فتح حاصل ہوگی اور نیز قسطلانی مین ہی
یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ زاد ابن اسحق لیس بفرار وفی حدیث بریدۃ
لا یرجع حتی یفتح اللہ یعنے ابن اسحق نے بعد جملہ یحب اللہ الخ کے لیس بفرار زیادہ کیا ہی اور
روایت بریدہ مین لا یرجع حتی یفتح اللہ لہ ھی یعنے وہ بھاگنے والا نہین ہی اور پھرنے والا
نہین ہی جب تک اسکو فتح ندے اللہ۔ غرض حاصل اس حدیث کا اور حدیث اول کا ایک ہی ہی کہ
علیؑ محب خدا و رسولؐ تھے اور خدا و محمدؐ محب علیؑ تھے اور یہ امر ظاہر ہی اور مذکور بھی ہوچکا کہ کل
صحابہ اور مومنین محب خدا و رسولؐ ہین اور خدا و رسولؐ محب صحابہ و مومنین ہین پس یہ تخصیص جو آنحضرت نے
فرمائی اس سے ثابت ہوگیا کہ جس قسم کی محبت علیؑ کو خدا و رسولؐ سے تھی اصحاب و مومنین مین سے
کسیکو حاصل نہ تھی اور جس قسم کی محبت خدا و رسولؐ کو علیؑ سے تھی اصحاب و مومنین مین سے کسیکے ساتھ
نہ تھی یہہ ہی سبب تھا کہ تمام اصحاب آنحضرت شب بھر اس منصب عظمیٰ کی تمنا مین بے چین رہے اور
یہہ شرف و منزلت سوائے علیؑ کے کسیکو حاصل نہ ہوا مولانا عبد الحق صاحب ذیل جنگ احد لکھتے ہین
کہ جب احد کی لڑائی بگڑی تو اصحاب اُسوقت سراسیگی مین چار قسم ہوئے ایک گروہ لڑے اور شہید ہوئے

مدارج النبوت

رضی اللہ ایک گروہ بھاگ کر کونوں اور دامنوں میں پہاڑ کے چھپے ایک گروہ وہ جو بھاگ کر شہر میں جاکر دم لیا او ر[illegible] عثمان ابن عفان انھیں سے تھے کہ جو بھاگ کر شہر میں یک راست گئے مقاتلہ کے معاملے کے تمام ہونے کے بعد اور شعلہ جنگ کے تسکین پانے کے بعد خدمت میں حضرت کی پھر آئے اور قسم چہارم مرکز صدق پر ثابت قدمی کر کے قائم و دائم رہے انتہی پھر رقم فرماتے ہیں کہ سوائے چودہ تن کے کہ ساتھ حضرت [illegible] نہ رہا سکے کوئی نہ رہا تھا ان چودہ شخصوں میں حضرت ابوبکر اور حضرت علی کا نام بھی ہے مگر حضرت عمر کا نام [illegible] چودہ میں نہیں ہے اس مقام پر مولانا کو تعجب لاحق ہوا ہے کہ کیون ان چودہ میں [illegible] حضرت عمر کا نہ لکھا مگر میں تعجب کرتا ہوں کہ مولانا ممدوح نے کیون تعجب نہ کیا کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کا نام اُس قسم میں نہ لکھا جو کونوں میں اور دامنوں میں پہاڑوں کے چھپے تھے جیسا کہ آیندہ مذکور ہوگا پھر لکھتے ہیں کہ جب اصحاب آنحضرت جمع ہوئے تو ابوسفیان نے ندا کی کہ

هل في القوم محمد هل في القوم ابن ابي قحافه هل في القوم عمر ابن الخطاب

یعنے قوم میں محمد زندہ ہیں ابوبکر ابن ابی قحافہ ہیں عمر ابن الخطاب زندہ ہیں جناب رسول اللہ نے فرمایا جواب نہ دو آخر عمر ابن خطاب نہ رہ سکے بیتاب ہو کر جواب اُسکو دیا لیکن اُسکے آگے کا ذکر نہیں کیا کہ تیر اندازوں میں تھے عمر ابن خطاب یا اُنمیں جو بھاگے یا اُنمیں جو متزلزل ہوئے وہ حکایت مشتبہ ہے ابن عثمان کے احوال میں آیا ہے کہ بھاگے احد کے روز جیسا کہ صحیح بخاری میں آیا ہے مگر عمر ابن خطاب کا ذکر نہیں ہے کہ بھاگنے والوں میں تھے یا ہمراہ آنحضرت باقی رہنے والوں میں انتہی آیندہ انشاء اللہ ہم اس شبہہ کو مولانا عبدالحق صاحب کے رفع کر دینگے پھر لکھتے ہیں کہ جب لشکر اسلام فراری ہوا اور حضرت کو اکیلا چھوڑا حضرت غضب میں آئے اور پسینہ پیشانی مبارک سے متقاطر ہوا دیکھا کہ حضرت علی پہلو میں کھڑے ہوئے ہیں حضرت نے فرمایا کہ کسطرح کی بات ہے کہ تم یاروں میں اپنے ملحق نہ ہوئے یعنے نہ بھاگے اُنکے ہمراہ علی مرتضیٰ نے کہا اکفر بعد الایمان ان لي بك اسوة یعنے آیا کافر ہوں میں بعد ایمان کے بہ تحقیق مجھے تمسے کام ہے یاروں سے کیا کام انتہی اس کلام سے بھی فرار ہونیکا ایمان سے خارج ہونا اور نبی و علی کا ایک ہونا اور دیگر اصحاب سے مستثنیٰ ہونا ثابت پھر لکھتے ہیں کہ علی مرتضیٰ نے جب یہ مردانگی کی تو جبرئیل نے حضرت سے کہا یا محمد یہہ کمال مواسات اور جوانمردی ہے جو علی مرتضیٰ تمسے کر رہے ہیں حضرت نے فرمایا انه مني وانا منه تحقیق کہ وہ مجھسے ہے اور میں اُس سے جبرئیل نے کہا انا منكما یعنے میں تم دونوں سے ہوں کہتے ہیں کہ ایک آواز غیبی سنی کہ گوینده غیبی کہتا ہے لا فتى الا علي لا سيف الا ذو الفقار اور قصہ ناد علی بھی اسی معرکہ میں واقع ہوا ہے اور مشہور جنگ خیبر ہے انتہی پھر لکھتے ہیں کہ روایت کرتے ہیں کہ انس ابن مالک کا چچا واقعہ بدر میں حاضر نہیں تھا چاہا کہ احد میں آکر تدارک مافات کرے جب پہنچا حضرت کا حال دیکھا

مدارج النبوة صـ ۴۰۸

مدارج النبوة صـ ۳۶۲

مدارج النبوة صـ ۴۰۷

مدارج النبوة صـ [illegible]

لوگون نے کہا کہ ایسا سنتے ہین کہ حضرت مقام شہادت کو پہنچے تب اُنسنے اصحاب سے کہا کہ یہہ روا ہے کہ تم جیتے رہو اور پیغمبر کو مار ڈالین یہہ کہکر محاربہ عظیم کیا اور شہید ہوا انتہی صاحب حبیب السیر لکھتے ہین کہ انس بن نضر عم انس بن مالک در معرکہ احد عمر ابن خطاب را دید کہ با طائفہ از اہل اسلام در مقام تحیر بگوشہ نشستہ بود از سبب حزن پرسید جواب داد کہ رسول بقتل رسید گفت پس دیگر حیات چہ میکند برخیزید و با عدا مقاتلہ نمائید تا کشتہ شوید انتہی مناہج النبوت ور حبیب السیر کا مضمون واحد ہی فرق یہہ ہی مولا عبدالحق صاحب لکھتے ہین کہ انس بن مالک نے لوگون سے پوچھا اور صاحب حبیب السیر لکھتے ہین کہ عمر ابن خطاب ایک طائفہ اہل اسلام کے ساتھ متحیر بیٹھے تھے اُنسے پوچھا اس روایت سے بھی حضرت عمر کا اُس قسم مین ہونا ثابت ہی جو بھاگ کر دامنون مین پہاڑون کے چھپے تھے ابن ابی الحدید لکھتے ہین کہ قد اختلف فی عمر ابن الخطاب هل ثبت یومئذ ام لا مع اتفاق الرواة کافة علی ان عثمان لم یثبت ولواقدی ذکر انه لم یثبت واما محمد ابن اسحاق والبلادری فجعلاه مع من ثبت ولم یفروا تفقوا کلهم علی ان ضرار بن الخطاب الفهری قرع راسه بالرمح وقال انها نعمة مشکورة یا بن الخطاب انی آلیت ان لا اقتل رجلا من قریش وروی ذلك محمد ابن اسحاق وغیره ولم یختلفوا فی ذلك و انما اختلفوا هل قرعه بالرمح وهو فار هارب او مقدم ثابت والذین رووا انه قرعه بالرمح و هو هارب ولم یقل احد منهم انه هرب حین هرب عثمان ولا الی الجهة التی فر الیها عثمان وانما هرب معتصما بالجبل وهذا لیس بعیب ولا ذنب لان المسلمین الذین ثبتوا مع رسول الله اعتصموا بالجبل کلهم و اصعدوا فیه ولکن یبقی الفرق بین من اصعد فی الجبل فی آخر الامر ومن صعد فیه والحرب لم تضع اوزارها فان کان عمر اصعد فیه آخر الامر فکل المسلمین هکذا اصعدوا حتی رسول الله وان کان ذلك والحرب قائمة بعد فقد فر ابن ابی الحدید کہتے ہین کہ اختلاف واقع ہوا ہی ثبات و فرار عمر ابن خطاب مین اور جمیع روات کا اتفاق ہی کہ عثمان کو ثبات نہین ہوا اور واقدی نے ذکر کیا ہی کہ لم یثبت یعنے عمر ثابت نرہے اور محمد ابن اسحاق ور بلادری نے رکھا ہی حضرت عمر کو اُس شخص کے ساتھ جو ثابت رہا اور نہین بھاگا اور اس امر مین کل کا اتفاق ہی کہ ضرار ابن خطاب فہری نے اُنکے سر مین نیزہ چبھویا اور ہلکا سا چرکا دیا اور کہا کہ یہہ نعمت مشکورہ ہی یا ابن الخطاب بہ تحقیق مین نے قسم کھائی تھی کہ مین کسی مرد قریشی کو قتل نکرونگا اور اسیطرح محمد ابن اسحق وغیرہ نے روایت کی ہی اور اسمین کسی نے اختلاف نہین کیا اور اختلاف واقع ہوا ہی تو اسمین کہ قرعہ رمح حالت فرار و حرب مین تھا یا وقت مقابلہ اور ثبات

پس جو قائل ہین کہ حالت فرار ہروب مین ضرار نے نیزہ سر مین چھویا تو کوئی ایسا نہین لکھا کہ وہ بھاگے ہین اُسوقت کہ جسوقت عثمان بھاگے یا اُسطرف بھاگے جسطرف عثمان بھاگے اور جز این نیست کہ بھاگنا اُنکا جبل پر واسطے پناہ لینے کے تھا اور یہ عیب و رذنب نہین ہی اسواسطے کہ جن مسلمانونکی ثبات قدمی ثابت ہی اُن سب نے پہاڑ پر پناہ لیے ہی اور اُسپر چڑھ گئے ہین لیکن فرق یہ ہی کہ صعود جبل آخر امر مین ہوا کہ فتح ہو چکی تھی یا اُسوقت مین کہ لڑائی قائم تھی پس اگر پہاڑ پر چڑھنا آخر امر مین تھا تو سب مومنین حتیٰ کہ پیغمبر خدا بھی پہاڑ پر چڑھے تھے اور اگر لڑائی قائم تھی و رتنہائے دار و گیر مین حضرت عمر پہاڑ پر چڑھے تو بتحقیق اُنھون نے فرار کیا انتہی پھر ابن حدید لکھتے ہین روی الواقدی ان عمر کان یحدث فیقول لما صاح الشیطان قتل محمد اقبلت ارقا فی الجبل کانی اروبۃ یعنے واقدی روایت کرتے ہین کہ تحقیق عمر بیان کرتے تھے کہ جب شیطان نے چیخنا شروع کیا کہ محمد قتل ہوگئے تو گیا مین اُچکتا ہوا پہاڑ پر گویا کہ مین بز کوہی تھا دوسری روایت ہی جاءتہ فی ایام خلافتہ امراۃ تطلب بردا من برود کانت بین یدیہ وجاءتہ معہا بنت العمر تطلب بردا ایضا فاعطی لمراۃ ورد ابنتہ فقیل لہ فی ذلک فقال ان ابا ہذہ ثبت یوم احد وابا ہذہ یوم احد ولم یثبت یعنے خلافت حضرت عمر مین ایک عورت چادر مانگتی ہوئی آئی اُن چادرونسے کہ حضرت عمر کے آگے رکھی ہوئی تھین اور اُسی عورت کے ہمراہ بنت حضرت عمر بھی چادر کو مانگتی ہوئی آئی پس حضرت عمر نے چادر اُس عورت کو دی اور اپنی بیٹی کو نہ دی پوچھا گیا اُنسے اسبات مین تو جواب دیا کہ اسکا باپ یوم احد ثابت قدم رہا اور نہ بھاگا اور اسکا باپ یعنے خود عمر بھاگے احد مین اور ثابت قدمی نہ کی روی الواقدی فی کتاب المغازی قصۃ حدیبیۃ یعنے واقدی نے کتاب مغازی مین بیان کیا ہی اور نیز ملا معین کاشفی نے معارج النبوت رکن ۳ باب نہم وقائع سال ششم صـ ۱۹۱ سطر ۱۴ مین اسی مضمون کو بوضاحت بیان کیا ہی کہ حدیبیہ مین جب صلح کی پیغمبر خدا نے تو کہا عمر ابن خطاب نے یا رسول اللہ لم تکن حدثتنا انک ستدخل المسجد الحرام وتاخذ مفتاح الکعبۃ وتعرف مع المعرفین اپنے نہین کہا تھا کہ تم مسجد حرام مین داخل ہوگے اور کلید ہائی کعبہ لے لین گے فقال رسول اللہ اقلت لکم فی سفرکم ہذا قال عمر لا پس پیغمبر خدا نے جواب دیا کہ کیا مین نے تمسے اس سفر کا وعدہ کیا تھا کہا عمر نے نہین پیغمبر برحق نے فرمایا کہ قریب ہی کہ مسجد الحرام مین داخل بھی ہونگے اور کلید کعبہ بھی لے لینگے اور معرفین کے ہمراہ عرفہ بھی کرینگے ثم اقبل علی عمر وقال انسیتم یوم احد اذ تصعدون ولا تلوون علی احد وانا ادعوکم فی اخرٰکم انسیتم یوم الاحزاب اذ جاؤکم من فوقکم ومن اسفل منکم واذ زاغت الابصار وبلغت القلوب

نسخہ نہج البلاغہ جلد ۳ صـ ۱۲

الحناجر انسیتم یوم کذا وجعل یذا کرھم امورا انسیتم یوم کذا پھر آگے آئے رسول خدا عمرؔ کے اور فرمایا کہ آیا بھول گئے تم یوم احد کو جسوقت کہ تم چڑھے جاتے تھے پہاڑ پر اور کسیکو پیچھے پھر کر نہ دیکھتے تھے اور مین بلاتا تھا اور پکارتا تھا ایک ایک کو کیا تم بھول گئے یوم احزاب کو جسوقت کہ آگئے وہ لشکر تمھارے پاس اوپر سے تمھارے یعنے جانب مشرق سے وہ بنی غطفان سے اور نیچے سے یعنی جانب مغرب سے وہ قریش تھے اور جسوقت کہ بصارتین تمھاری خیرہ ہوگئین تھین اور کلیجے تمھارے منھ کو آگئے تھے بسبب خوف کے آیا بھول گئے تم اُن دنون کو غرض بار بار پیغمبرؐ برحق انسیتم فرماتے تھے اور امور گذشتہ یاد دلاتے تھے فقال المسلمون صدق اللہ ورسولہ انت یا رسول اللہ اعلم باللہ منا پس مسلمانون نے کہا کہ سچ فرمایا خدا اور رسولؐ خدا نے ای رسول اللہ آپ اعلم ہین قسم ہی خدا کی ہم سب سے فلما دخل عام القضیہ وحلق راسہ قال ھذا الذی کنت وعدتکم بہ پس جب وہ دن آیا اور حلق راس ہوا کہا کہ یہہ وہ روز ہی کہ وعدہ کیا تھا مین نے تم سے ساتھ اُسکے فلما کان یوم الفتح واخذ مفتاح الکعبۃ قال ادعوا الی عمر ابن الخطاب فجاء فقال ھذا الذی قلت لکم پس جب یوم فتح ہوا اور مفتاح کعبہ لے لی تو فرمایا بلاؤ عمر ابن خطاب کو پس آئے اُسوقت فرمایا رسولؐ خدا نے کہ یہہ وہ روز ہی کہ جسکا وعدہ کیا تھا تم سے قالوا فلولہ یکن فی یوم احد لما قال سنبینہا اذ تصعدون ولا تلوون پس جو لوگ کہ قائل ہین فرار حضرت عمرؔ کے وہ کہتے ہین کہ اگر فرار نہین کیا حضرت عمرؔ نے تو پیغمبرؐ خدا نے کیون فرمایا انسیتم الخ کو مخاطب ہوکر حضرت عمرؔ سے اور اُنکے آگے جاکر انتہی خلاصہ یہہ ہی کہ ان روایات منقولہ بالا سے تو صاف ظاہر ہی کہ حضرت عمرؔ اُس قسم مین تھے جو بھاگ کر کونون مین اور پہاڑ کے دامنون مین چھپے تھے اور فرار کرنا اُنکا خود اُنکی زبان سے اور پیغمبرؐ خدا کی لسان سے جو روز حدیبیہ فرمایا جسکا ذکر گذرا ثابت ہی اور ضرار ابن خطاب فہری کی گستاخانہ کلام اور تعریض سے کہ جسمین اختلاف بھی نہین ہی صاف صاف ظاہر ہی کہ تعریض حالت فرار مین واقع ہوا اگر حالت ثبات مین اور مقابلہ مین تھا تو ضرار کو کیون نہ منھ توڑ جواب دیا قتل کیون نہ کیا اگر جزاء الاحسان الا الاحسان منظور تھا تو نیکی ہی کرکے چھوڑ دیا ہوتا اور واقدی نے یہہ جو رقم فرمایا کہ جو لوگ روایت کرتے ہین کہ ساتھ فرار مین بنزہ جمہور یا اُنمین سے کوئی نہین کہتا کہ عمرؔ بھاگے اُسوقت کہ جسوقت عثمان بھاگے یا جسطرف عثمان بھاگے تھے اُسطرف بھاگے اور جز این نیست کہ وہ پناہ لینے کو پہاڑ پر بھاگے ہم بھی یہہ ہی گذارش کرتے ہین کہ نہ اُسطرف بھاگے جسطرف عثمان بھاگے تھے نہ اُسوقت بھاگے جسوقت کہ عثمان بھاگے تھے بلکہ بالضرور پناہ لینے کو کونون اور دامنون مین پہاڑ کے چھپے تھے مگر فرمانا شاہ عبد الحق صاحب کا کہ وہ حکایت منقبہ یہہ ہی ایسا ہی کہ گواہ چست و مدعی سست حضرت عمرؔ تو اپنی خلافت مین صدق مقال کو

ترک نہ فرماوین اور اقرار کرین کہ مین بھاگا پیغمبر خدا صلعم یوم احد و احزاب فرماکر یاد دلاوین محدثین مورخین ضبط و ثبت کرتے جاتے ہین مگر اللہ رے شبہہ کہ کسیطرح برطرف ہی نہین ہوتا آپ ورملاحظہ ہو ابن ابی الحدید کہتے ہین کہ قال رواۃ من اہل الحدیث ان ابابکر لم یفر یومیذ وانہ ثبت فی من ثبت وان لم یکن نقل عنہ قتل وقتال والثبوت جہاد وفیہ وحدہ کفایۃ یعنے راویان اہل حدیث کہتے ہین کہ بہ تحقیق یوم احد ابوبکر نہین بھاگے اور وہ ثابت رہے اُسکے ساتھ جو ثابت رہا اگرچہ اُنسے قتل ور قتال منقول نہین ہی اور ثابت رہنا بھی بمنزلہ جہاد کے ہی کہ ہمراہ آنحضرت کے تھے اور اُنکی نسبت فقط وہ جہاد کافی ہی یہہ روایت بھی معنی کثیر رکھتی ہی یعنے فرار یوم احد بھی ثابت نہین اور ثبات کا ثبوت اگرچہ نہ کسیکو قتل کیا نہ کوئی مقتول ہوا کسی سے مقابلہ ہوا نہ کوئی خود اُنسے معارض ہوا نہ کسیکو زخمی کیا نہ خود زخمی ہوئے فقط جہاد مین ہمراہی آنحضرت کا ثبوت ہی وہ ہی اُنکے ثبات کے لیے کافی تصور کیا گیا ہی حالانکہ قصہ احد مشہور اور کتب احادیث و تفسیر و تواریخ مین مسطور ہی کہ ایسی شکست ہوئی کہ ہوش و حواس اہل اسلام مین باقی نہ رہے تھے آپسمین ایک دوسرے کو قتل کر رہے تھے ایسے مہلکہ مین نہ حضرت ابوبکر بھاگے نہ درجہ شہادت پر فیض یاب ہوئے نہ زخمی ہوئے نہ زخمی کیا نہ حراست و حفاظت پیغمبر زمان کر سکے نہ کوئی اُنسے متعرض ہوا پیغمبر خدا زخمی ہوئے دندان مبارک شہید ہوئے کڑیان خود کی رخسار رومین گھس گئین گڑھے مین گر پڑے مگر حضرت ابوبکر کو کوئی امر پیش ہی نہین آیا مگر اسمقام پر نہ علماء سنت کو شبہہ ہوتا ہی نہ استعجاب ہذا لشئے عجاب درمنثور سیوطی سورہ آل عمران مین ہی عن عمر لما کان یوم احد ہزمنا ففررت حتی صعدت الجبل وقد رایتنی انزو کانی اروی یہ کہا عمر نے کہ احد کی لڑائی مین ہم بھاگے پہاڑ پر اور دیکھتا تھا مین اپنے تئین اچکتا ہوا اسطرح کہ جیسے بز کوہی اُچکتی ہی تاریخ الخلفا باب شجاعت حضرت صدیق مین ہیثم ابن حکم کی مسند سے نقل فرماتے ہین قال ابوبکر لما کان یوم احد انصرف الناس کلہم عن رسول اللہ فکنت اول من فاء یعنے کہا ابوبکر نے کہ جب یوم احد ہوا انصراف کیا کل آدمیون نے رسول اللہ سے پس مین اول اُس شخص کا ہون کہ جسنے رجوع کی دوسری حدیث صحیح حاکم سے منقول ہی عن عائشۃ قالت قال ابوبکر الصدیق لما جال الناس عن رسول اللہ یوم احد کنت اول من فاء عائشہ صدیقہ سے مروی ہی کہ کہا ابوبکر صدیق نے کہ جسوقت معرکہ کارزار مین جولان کیا آدمیون نے رسول اللہ سے یوم احد تو تھا مین اول اُسکا کہ رجعت کی جسنے اس حدیث مین اور حدیث اول مین جو لفظ فاء ہی وہ خود دلالت کرتا ہی کہ رجعت کی ابوبکر نے اس لیے کہ فاء بمعنے رجع ہی اور یہہ بھی ان دونو حدیثون سے ثابت ہوتا ہی کہ انصرف الناس اور جال الناس مین بھی ابوبکر صدیق شریک ہین کہ رجعت مین اُن سب پر سابق اور اول ان سب کے ہین اور یہہ امر بھی ظاہر ہی کہ اہل حدیث

سے نے جدال وقتل وقتال اُنکا ہمین کیا اب خیتار رہی خواہ انصرف الناس خواہ جال الناس خواہ فر الناس مین حسبین چاہیے
شریک فر... تک کہ موقع جنگ سے ٹل جانا کہ خود بخود ثابت ہو رہا ہی قبول نہ کیا جائیگا اول مین
فار صاد... ابتکا اور مولانا صاحب نے جو رقم فرمایا کہ وہ حکایت مشتبہ ہی اسکا بڑا سبب یہہ بھی ہی کہ روایات
کے اختلاف پر نقل فرمانا اور تحقیق سے ہاتھ اُٹھایا ہی ورنہ تحقیق سبب اختلاف روات سے رفع اشتباہ بخوبی
ہو جاتا راویون کے اختلاف کرنیکا بڑا سبب یہہ ہی کہ جسنے موقع جنگ سے منحرف پایا اور صاعد معتصما الی
الجبل دیکھا یا گوشہ جبل مین ہمراہ طائفہ فارہ متحیر بیٹھا ہوا پایا اُن لوگون نے فراریون مین محسوب کیا اور جن
لوگون نے پیغمبر خدا کے پاس وقت مراجعت وحصول فتح دیکھا ثابت قدم کہا مگر خود حضرت صدیق اکبر کے
صدق مقال سے کہ فرماتے تھے کنت ول من فاء اور فاروق اعظم کے بیان سے کہ اقبلت ارقا الی
الجبل کانی اروی سب فرمایا سب اختلاف مرتفع ہوگئے اور علی جمیع الاحوال اختلاف مورخین اور محدثین کا ثبات
اور فرار مین تو بلا اختلاف ہی پس صفت فرار سے متصف ہونا حضرت ابو بکر اور حضرت عمر کا بعید از قیاس تو
نہ ٹہرا کوئی گناہ تو قرار نہین پایا بلکہ فی الظاہر کوئی ذلت اور منقصت بھی نہین ہو سکتی ہی نہ منصب خلافت
کے مخالف قرار پاتا ہی کہ خود مولانا عبد الحق صاحب اور تمام محدثین حتی کہ امام بخاری تک فرار حضرت عثمان
کے قائل اور مصرح ہین اور بالاتفاق ثابت ہی کہ پیغمبر برحق کو ایسے مہلکہ مین تنہا چھوڑ کر یک است بھاگے
کہ شہر مین جا کر دم لیا اور بعد شعلہ جنگ کے تسکین پانے کے خدمت مین آنحضرت کی حاضر ہوئے اور
عند البعض تو تین روز کے تشریف لائے پھر اس فرار نے اُنکو کونسی مضرت پہنچائی کیا شان و شوکت
حضرت عثمان کی گھٹ گئی کونسا فضائل ومناقب مین نقصان واقع ہوا کیا افضلیت حضرت عثمان کی
حضرت علی پر بالاتفاق ثابت نہین کی گئی کیا استحقاق خلافت مین کچھ کمی ہوئی کیا خلیفہ درجہ ثالث مین
بشورہ و باجماع اُمت معین نہین ہوئے کیا وہ شورہ اور اجماع ضلالت قرار پایا کیا باوجود فرار کے حضرت
عثمان لیس بفرار اور علی ابن ابی طالب سے افضل نہین قرار پائے چنانچہ یہہ مسئلہ تو اعتقادیہ ہی تمام کتب
عقائد اس بیان سے مملو ہین اور نیز عبد الحق صاحب رقم فرماتے ہین وفضلہم علی ترتیب الخلافۃ
والمراد بالافضلیۃ اکثریۃ الثواب یعنے افضلیت خلفاء اربعہ کی علی ترتیب الخلافت ہی اور مراد
افضلیت سے اکثریت ثواب ہی پھر تصریح فرماتے ہین ومقام ثانی آنکہ افضلیت خلفاء اربعہ بر ترتیب خلافت
است یعنے افضل صحاب ابو بکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی پس از برائے خدا فرمائیے کہ فرار سے کیا بگڑ گیا کونسا
خلل پڑ گیا پھر اسقدر کد وکوشش کرنا کہ فرار شیخین مین اختلاف ہی یا یہہ حکایت مشتبہہ بھی محض ہٹ دھرمی ہی
بالفرض یوم احد اختلاف ہی صحیح فرار اور اثبات مین اور یوم خیبر بھی رجع ولم یفتح سے فرار مراد نہین
تو پیغمبر برحق کا یہہ فرمانا کہ کل اُسکو علم دونگا جو لیس بفرار ہی کیا معنی رکھتا ہی اور دوسرے غزوات مین فرار
تو بالاتفاق مثل شمس آشکار ہی چنانچہ ملا معین کاشفی ذکر جنگ احزاب مین رقم فرماتے ہین اُسکا خلاصہ یہہ ہی

کہ جب بعساکر مخالفین کا محاصرہ کر لیا تو اُن کفار مین ایک پہلوان تھا کہ بوفور شجاعت اور کمال جرأت
کے قبائل عرب مین مشہور تھا اور مبارزان عرب اسکو مقابل مین ہزار سوارون کے جانتے تھے چنانچہ عمر
کہتے تھے کہ ایک مرتبہ مین اسباب تجارت لیکر ہمراہ ایک طائفہ کے کہ اُسمین عمرو ابن عبدود بھی تھا بعزم شام
روانہ ہوا ناگاہ قریب ایک ہزار قطاع الطریق کے ہمپر آگرے اور اہل کاروان ایسے ہراسان ہوئے کہ
جان و مال دونون سے ہاتھ دھو بیٹھے اس اثنا مین عمرو ابن عبدود نے نیام سے تیغ کھینچی اور مانند شیر ژیان
اور پیل دمان کے مخالفون پر حملہ آور ہوا اور سبکو بھگا دیا اور قافلہ کو صحیح و سالم لیکر اُس راہ سے
گذر گیا پھر صاحب معارج رقم فرماتے ہین کہ روز جنگ قریب سو سرہنگون کے ہمراہ عمرو ابن عبدود خندق کے
کنارہ پر آئے اور عمرو نے اپنے گھوڑے کو تازیانہ مارا کہ ایک ہی جست مین خندق کے پار ہوا
اور قریب لشکر اسلام پہنچکر مبارز طلب کیا چونکہ اہل اسلام اُسکی شجاعت و زور سے مطلع ہو چکے تھے اور
تہور و مردانگی سے اُسکی واقف ہو چکے تھے ایسا خوف اُنپر غالب ہوا کہ خون اُنکے بدنون کا خشک
ہو گیا اور سر بگریبان ہو کر کھڑے ہو رہے کوئی مقابلہ کو نہ نکلا اُسوقت جناب رسالتمآب صلعم نے
فرمایا کہ کون میرا ایسا دوست ہی کہ شر کو اس دشمن کے مجھسے دفع کرے کسی مین جان باقی نہ تھی سب خاموش
کھڑے رہے اُسوقت علیؑ نے فرمایا انا ابارزہ پیغمبر برحق نے جواب مین اُنکے کچھ نہ فرمایا دوسری مرتبہ
عمرو ابن عبدود نے مبارز طلبی کی اس مرتبہ بھی سب نے سکوت کیا اور کچھ جواب ندیا پھر علیؑ ابن ابیطالب
نے رخصت حرب طلب کی رسالتمآبؐ نے اس مرتبہ بھی رخصت ندی اب تیسری مرتبہ عمرو ابن عبدود نے
نہایت توہین سے کہا کہ تم مین کوئی مرد بھی ہی یا نہین کہ مرد میدان نبرد ہوا اور مردانگی کرے بار سیوم بھی اصحاب
مین سے کسیکو بجز خاموشی و سر بگریبان کھڑے رہنے کے طاقت جواب کی نہ ہوئی پھر علیؑ نے عرض کی یا
رسول اللہ مجھے اجازت دیجیے اُسوقت حضرت ختمی مرتبت نے اپنی شمشیر جسکا نام ذوالفقار تھا کمر مین شاہ ولایت
کی لگائی اور اپنی زرہ خاص پہنائی اور اپنا عمامہ سر پر اُنکے باندھا پھر دونو ہاتھ جانب آسمان بلند کئے
اور دعا فرمائی کہ خداوندا عبیدہ کو روز بدر اور حمزہؓ کو یوم احد لے لیا تو نے اور یہہ علیؑ بھائی میرا اور
ابن عم میرا ہی فلا تذرنی فردًا وانت خیر الوارثین یہہ فرمایا اور رخصت کیا علیؑ اُسوقت پیادہ
روانہ ہوئے انتہی اور اس حدیث کو دیلمی نے بھی بیان کیا ہی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا اللھم انک اخذت
عبیدة ابن الحارث یوم بدر وحمزة ابن المطلب یوم احد وھذا علی فلا تذرنی فردًا
وانت خیر الوارثین خداوندا بتحقیق لے لیا تو نے عبیدہؓ ابن حارث کو بدر کے روز اور حمزہؓ ابن مطلب
کو احد کے روز اور یہ علیؑ ہی پس نہ چھوڑ تو مجکو تنہا اور تو خیر الوارثین ہی و روی المحاملی فی امالیہ
عن ابن عباسؓ قال سمعت عمر یقول جاء عمرو بن عبدود فجعل یجول بفرسہ حتی
جاوز الخندق وجعل یقول ھل من مبارز وسکت اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ

وسلم ثم قال رسول الله هل یبارزہ احد فقام علی فقال انا یارسول الله فقال رسول الله صلعم هل یبارزہ احد فقال علی دعنی یارسول الله فانما انا بین حسنیین اما ان اقتله فیدخل النار واما ان یقتلنی فادخل الجنة فقال رسول الله اخرج یا علیؑ فقال عمرو یا ابن اخی من انت قال انا علی قال ان اباک کان ندیما لی لا احب قتالک فقال علی نلت تحلف قسمت لا یسئلک احد ثلثا الا اعطیته فاقبل منی واحدۃ فقال عمرو وما ذاک قال دعوک ان تشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله فقال عمرو ولیس لی ذلک سبیل قال فترجع فلا تکون علینا ولا معنا ثلاثا قال نی نذرت ان اقتل حمزۃ فسبقنی الیه وحشی ثم انی نذرت ان اقتل محمدا قال علی فانزل فنزل فاختلفنا فی ضربتہ فضربہ علیؑ فقتله ترجمہ روایت کی ہی محاملی نے اپنی امالیہ میں ابن عباس سے کہا سنا مین نے عمر سے کہ کہتے تھے کہ عمرو ابن عبد ود اپنے فرس کو جولان کرتا ہوا آیا اور خندق کو پھاند کر مبارزطلبی کی اور کہتا تھا ہی کوئی لڑنے والا ہی اور اصحاب رسول اللہ سب ساکت تھے بعدہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ آیا ہی کوئی مقابلہ کرنے والا اس عبد ود سے پس علیؑ کھڑے ہوئے اور کہا مین ہون یا رسول اللہ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آیا کوئی اس سے مقابلہ کرنے والا ہی پھر کوئی نہ بولا پس علیؑ نے بار دیگر بھی فرمایا کہ رخصت دیجیے مجھکو یا رسول اللہ کہ مین درمیان دو فائدون کے ہون یا مین قتل کرونگا اور فی النار کرونگا اسکو یا وہ مجھکو قتل کریگا اور داخل جنت ہونگا مین پس پیغمبر برحق نے اجازت دی جب میدان کارزار مین پہنچے اور مقابل عمر ابن عبد ود ہوئے اُسنے کہا یا ابن اخی تو کون ہی جواب دیا کہ مین علیؑ ہون اُسنے کہا کہ تیرا باپ میرا دوست تھا مین قتال کو دوست نہین رکھتا تجھ سے پس علیؑ نے کہا کہ مین نے سنا ہی کہ تو نے قسم کھائی ہی کہ جو تو مجھ سے نہین سوال کرے تو تو ضرور ایک کو قبول کریگا پس اُن سوالون سے ایک میرا سوال قبول کر عمر ابن عبد ود نے کہا کہ وہ کیا سوال ہی کہا کہ تو اشهد ان لا اله الا الله کہہ عمر نے کہا کہ یہہ مجھسے ممکن نہین علیؑ نے فرمایا کہ پس تو ہم سے نہ مقابلہ کر نہ ہمارا شریک ہو یعنے پھر جا تین مرتبہ اسی قول کو فرمایا اُسنے جواب دیا کہ مین نے نذر کی تھی کہ حمزہؑ کو شہید کرونگا پس سبقت کی مجپر وحشی نے بعد اُسکے مین نے نذر کی ہی کہ مین محمدؐ کو قتل کرون فرمایا علیؑ نے پس اُتر گھوڑے سے پس وہ فورا کود پڑا اور متواتر حرب وضرب طرفین سے ہونے لگے اور حضرت علیؑ مرتضے نے قتل کیا اُسکو وقال الشافعی عمرو بارز یوم الخندق عمرو ابن عبد ود لانہ خرج ونادی من یبارز فقام علیؑ وهو مقنع بالحدید فقال انا له یا نبی الله فقال انه عمرو اجلس فنادی عمرو الا رجل یبارز ثم جعل یونبهم ویقول این جنتکم التی تزعمون ان من قتل منکم دخلها افلا یبرز الی رجل الخ وفیه فاستقبله علی بدرقته فضربه عمرو فی الدرقة فقدها واثبت فیها السیف واصاب راس علیؑ فشجه وضربه

علی رم علی جبل عاتقه فسقط قتیلا وجاء فی بعض الروایات ان علیا لما بارز عمرا قال رسول الله
البیوم برز الایمان کله للشرک کله کذا فی حیات الحیوان الکبری ترجمہ شافعی رہ کہتے ہین کہ مقابلہ کیا علی نے
یوم خندق عمرو ابن عبدود کا اس صورت سے کہ عمرو نکلا اور پکارا کون شخص مقابلہ کرتا ہی پس علی کھڑے ہوے اور
وہ پوشیدہ تھے لوہے مین پس کہا مین ہون اسکا مقابل یا رسول اللہ پس کہا پیغمبر خدا نے کہ بتحقیق وہ عمرو ہی
بیٹھ تو ای علیؑ پس بار دیگر پکارا عمرو آیا کوئی مرد نہین ہی کہ مقابلہ کرے اور زجر و توبیخ کرتا تھا اور طعن کرتا تھا کہ
کہاں ہی جنت تمہاری جسکا تم گمان کرتے تھے کہ جو شخص تم مین سے قتل ہوگا تو داخل ہوگا اُس مین آیا پھر
کیون نہین نکلتا میری طرف کوئی مرد الخ اور یہ بھی کہہ رہا تھا کہ نکلے علیؑ اور آگے گئے اُسکے اور سپر لیے ہوے
تھے پس مارا عمرو نے ہاتھ تلوار کا اور پڑا سپر پر پس پھاڑا اُس ڈھال کو اور ٹھہری اُس مین تلوار اور پہونچا سر علیؑ
کو ملکا زخم پھیر مارا علی رضنے ہاتھ اُسکی گردن پر پس جدا ہوگئی گردن اور گر پڑا اور بعض روایات مین آیا ہی کہ جس وقت
علی لڑتے تھے عمرو ابن عبدود سے تو پیغمبر خدا فرماتے تھے کہ آج کے روز کل ایمان مقابل کل شرک کے ہی کذا فی
حیات الحیوان الکبری انھین مضامین کو ملا معین ہروی نے رقم فرمایا ہی کہ جب پیغمبر خدا رب لا تذرنی فردا و
انت خیر الوارثین فرما چکے بعد ازان حضرت مرتضی پیادہ روان شد و دران معرکہ عمرو سوار بود کہ علیؑ سر راہ برو گرفت
وگفت ای عمرو تو گفتہ کہ ہیچ کس مرا بیکی از دو چیز نخواند مگرا اجابت کنم عمرو گفت بلی چنین ست امیر گفت من ترا
بخوانم بانکہ گواہی دہی کہ خدا یکی ست و محمد رسول وست و منقاد شوی پروردگاریکہ پروردگار ہمہ عالمیان
است عمرو گفت این توقع از من مدار کہ این امر از من نیاید امیر گفت امر دیگر اختیار کن کہ مباشرت آن امر ترا
بہتر است عمرو گفت آن کدام ست امیر المومنین گفت دست از محاربہ اہل اسلام بدار و بدیار خود باز گرد کہ اگر کار
محمد نظام و رونق گرفت و بر جماعت اعدای خود مظفر و منصور گشت تو اسعاد و امداد او بجای آوردہ باشی و اگر
کارش برعکس شود بے منازعت و مخاصمت تو آنچہ مقصود تو باشد بوصول پیوندد عمرو گفت زنان قریش این
نقل نکنند ہرگز کہ من قدرت یافتہ باشم برنذر خویش وفا ننمایم و بوطن باز گردم و نذر وی آن بود کہ روز بدر
کہ زخم خوردہ گریختہ بود نذر کرد کہ تا انتقام از محمد نکشد روغن بر خود نمالد القصہ چون عمرو از این ہر دو امتناع
نمود امیر المومنین علی فرمود کہ کار ما و تو بمقاتلہ قرار گرفت عمرو بخندید و گفت این خصلتی است کہ گمان نمی بردم کہ کسی
از دلیران عرب این التماس را از من تواند نمود باز گرد کہ تو ہنوز در حداثت سن ہستی ہنوز ترا وقت نیست کہ
با مردان در میدان نبرد در آئی و حال آنکہ میان من و پدر تو دوستی و برادری بود و نمیخواہم کہ خون تو بر دست ما ریختہ
شود امیر المومنین فرمود کہ اگر تو دوست نمیداری کہ خون من بر دست تو ریختہ شود من دوست میدارم کہ خون
ترا بریزم عمرو از این سخن بغایت بر آشفتہ [illegible] فرود آمد و اسپ خود را [illegible] شمشیر [illegible]
کشیدہ [illegible] بر علی حملہ آورد [illegible]
[illegible]

آن بفرق ہمایون امیر رسید آنگاہ حیدر کرار بیک ضرب ذو الفقار بدن آن ملعون خاکسار را از بار سر سبکبار
گردانید و بالفور بآواز بلند تکبیر بگفت وچون رسول آواز تکبیر علی شنید دانست کہ عمرو ملعون مقتول گشت خلاصہ یہ
ہی کہ ضرار ابن خطاب اور ہبیرہ ابن ابی وہب اور نوفل بن عبد اللہ مخزومی سے کہ ہمراہ عمرو تھے مقابلہ کیا ضرار
بھاگ کر نکل گیا ہبیرہ اور نوفل کو امیر المومنین سے قتل کیا منقول ہی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا مبارزۃ علی بن ابیطالب
یوم الخندق افضل من اعمال امتی الی یوم القیامۃ اور دوسری روایت ہی کہ ضربۃ علی یوم الخندق
افضل من عبادۃ الثقلین پس اس جنگ خندق کے وقوع مین اور اصحاب کے اضطراب وتحیر وخوف مین تو کوئی
شک نہین ہی اور عمرو بن عبد ود کی مبارز طلبی اور اصحاب کے سر بہ گریبان ہو کر کھڑے رہنے مین تو اختلاف
نہین ہی اور استیلاے خوف وحراس ور اضطراب قلوب اصحاب تو قرآن مجید اور فرقان حمید سے ثابت ہی اور
وقت مبارز طلبی عمرو خوف سے اصحاب کے جان پر بن جانا خون کا بدنون مین خشک ہو جانا سر بگریبان ہو کر
کھڑے رہنا اور پیغمبر برحق کا فرمانا کون میرا دوست ہی کہ اس دشمن کے شر کو مجھ سے دفع کرے اور بار بار فرمانا
رسول خدا کا ھل یبارزہ احد اور کسی کا جواب نہ دینا بجز علی بن ابی طالب کے تو احادیث وتفاسیر وتواریخ وسیر
سے بلا اختلاف ثابت ہی اور یہی معرکہ یوم حدیبیہ پیغمبر برحق نے یاد بھی دلایا ہی اور حق تعالی نے کلام مجید مین
اذ زاغت الابصار وبلغت القلوب الحناجر فرمایا ہی اس جنگ خیبر مین ہم بھی کہتے ہین کہ فرار کسی صحابی کا ثابت
نہین ہوتا مگر یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ ھل من مبارز یبارزہ کا جواب بھی کسی نے نہ دیا اور کسی نے اتنی ہمت
بھی نہ کی کہ دوستی پیغمبر ظاہر کرتا اور اس دشمن سے آنحضرت کے بچانے کی کوشش کرتا اگرچہ آتش جدال وقتال
کی تاب نہ لاتا فرار ہی کرتا فرار وثبات تو بعد مقابلہ ومقاتلہ واقع ہوتا ہی جو میدان کارزار مین نکلیگا نہین سکا
فرار وثبات کیونکر ثابت ہو سکتا ہی فرار تو باین وجہ افضل قرار پاتا ہی تدبر وتفہم ملا معین ذکر غزوہ حنین مین
فرماتے ہین حضرت پیغمبر وقت سحر بود کہ تعبیہ لشکر نمودہ علم با میر المومنین علی ع ودیگر بسعد وقاص
وبجنین ہر قبیلہ را از قبائل بلواے اختصاص نمود نقل است کہ چون آن جنود ظفر ورود از مکہ بیرون شد نظر بجسیہ اشہ
صدیق اکبر بران کثرت وشوکت افتاد وبر زبان مبارکش گذشت کہ ما امروز بسبب قلت سپاہ مغلوب نخواہیم شد
وبواسطہ صدور این سخن در حنین اول لشکر بی ثقلین شکست یافتند وآیت لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ
ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم درین باب نازل گشت ملا معین ہروی لکھتے ہین چون محل گذرگاہ تنگ بود
سپاہ اہل اسلام از طرق متعددہ بوادی حنین در آمدند مخالفان انتظار فرصت نمودہ یکبار بر مسلمانان حملہ آوردند
وتیر اندازان مشرکان جبہہ جر بجانب اہل اسلام فرو ریختند مقدمہ لشکر خالد ابن ولید فرار نمود چنانکہ ایشان نداشتند
دیگر تفرقہ در میان اہل اسلام بمرتبہ واقع شد کہ بیش از معدودی چند پیش آنحضرت نماندند واز جملہ دلاورانکہ دران
روز ثبات قدم ورزیدند امیر المومنین علی بود وعباس وعبد اللہ مسعود وسفیان بن حارث بن عبد المطلب واولاد
جعفر وربیعہ وقثم وفضل پسران عباس واسامہ بن زید وبرادر وی وایمن ابن ام ایمن حضرت رسالت پناہ

چون دیدکہ اصحاب بمقتضاے الفرار ممن لا یطاق من سنن المرسلین عمل میفرمایند مینمایند میفرمود الی این ایہا الناس
پھر بعد چند سطرون کے رقم فرماتے ہین و روایت است کہ آن روز چہار کس پیش آنحضرت بیش نماند علی از بنی ہاشم
علی و عباس و سفیان الحارث و یکی دیگر غیر بنی ہاشم و آن ابن مسعود بود پھر فرماتے ہین آوردہ اند کہ چون
اصحاب در حنین متفرق شدند حضرت مقدس نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و یکچند معدودی کہ چہار نفر بود باجمع
روایات باقی نماندند و کذا فی روضۃ الصفا و حبیب السیر پھر ملا معین رقم فرماتے ہین در کشف الغمہ آوردہ
کہ بعد از غزوہ تبوک اعرابی بنزد آنحضرت آمد و گفت قومی از عرب در وادی الرمل آمدند و داعیہ آن دارند کہ
بہ سبیل شبخون بجانب مدینہ توجہ نمایند سرور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم با یاران گفت کہ کیست سعیدی کہ دفع شر این
جماعت نماید طائفۂ از اصحاب صفہ و غیرہم در امر رغبت نمودند آنگاہ حضرت رسالت لوارا با امیر المومنین ابوبکر
صدیق دادہ بر آن طائفہ اش امیر گردانید و بر سر راہ اعدا فرستاد و مقام لفان را وادی بود کثیر الحجارۃ
و الاشجار چنانچہ انحدار دران وادی دشواری نمود چون مومنان خواستند کہ پای دران وادی نہند و دست
بروی نمایند ناگاہ ارباب خلاف اتفاق نمودہ از آن وادی بیرون رفتند و دست بہ شمشیر و تیر بردہ نیران
قتال اشتعال پذیرفت چنانچہ بسیاری از سپاہ اسلام شربت شہادت چشیدند و باقی راہ انہزام پیش گرفتند
و بمدینہ مراجعت نمودند بعد از ان کہ آن سرور صلعم از ان واقعہ اطلاع یافت عقد رایتی نمود بفاروق اعظم رض
تسلیم نمود و چون بمقصد رسید خواست تا دران وادی درآید مشرکان کہ از عقب اشجار و احجار کمین کردہ بودند
بیرون آمدند و روی بمسلمانان بیاوردند و بعد از کوشش و کشش لشکر اسلام باز طریق فرار اختیار کردہ بدار
اسلام معاودت نمودند بعد از وقوع این شیوہ عمرو عاص کہ بشیوۂ مکر و حیلہ اختصاص داشت التماس
نمود کہ آنحضرت صلعم اورا بایشان فرستند تا بمقتضاے الحرب خدعۃ عمل نماید و اعدارا مغلوب و مقہور
گرداند آنحضرت التماس او را مبذول داشت و اورا امیر جمیع گردانیدہ بجانب مخالفان فرستاد و او نیز چون متوجہ
معاندان شد و بمقابلہ و مقاتلہ ایشان درآمد منہزم بازگشت و بعضی از مسلمانان شہید شدند و بعد از چند روز
از مراجعت عمرو ابن عاص حضرت نبوی از برای امیر المومنین علی لوای راست کرد و دست بجانب آسمان برداشت
و در شان او دعای نیکو بہ تقدیم رسانید و تا بہ مسجد احزاب بتشییع شاہ مردان قدم رنجہ فرمود و فرمان داد کہ
امیر المومنین ابوبکر و امیر المومنین عمر و عمرو ابن عاص و جمیعی دیگر از یاران رضی اللہ عنہم دران سفر با امیر المومنین
علی مرافقت نمایند و از صواب دید او تجاوز نہ نمایند امیر المومنین علی از طریق وادی الرمل اعراض نمود متوجہ عراق
عرب شد بعد از طی منازل گرد عزیمت محاربت مخالفان نمودہ روز از راہ برکران میرفت و بآسایش و استراحت
می پرداخت و چون بمساکن اہل نفاق رسیدہ سپاہ را بہ تسکین دلالت نمود و خود پیش پیش لشکر روان شد عمرو
عاص خواست تا در انچہ رای امیر بران قرار گرفتہ تغیر دادہ دران قوم تفرقہ پدید آرد با یاران گفتند کہ چون مارا حضرت
رسالت بمتابعت شیر یزدان دلالت نمودہ پیرامون خلافت او گشتن و با تو اتفاق نمودن ممکن نیست القصہ

شاہ مردان برانچہ ضمیر منیرا دعکس انداختہ بود عمل نمودہ میراند تا وقت طلوع فجر بر سر عدو رسیدہ بر وفق خاطر خواہ
الحمد للہ از معاندان انتقام کشید و صاحب کشف الغمہ گوید کہ سورۂ والعادیات درین باب نازل شدہ و آن
سرور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اصحاب را بالفتح بشارت داد چون شاہ مردان مرتضی کرم اللہ وجہہ مراجعت نمود و
بنزدیک مدینہ رسید آن سرور صلعم یاران را باستقبال او امر فرمود و خود نیز با یاران روان شد دران زمان کہ چشم
ولایت تاب و بر روی فرخندۂ آن سرور صلعم افتاد از اسپ پیادہ شد آن سرور فرمود کہ ای علی سوار شو کہ خدا و رسول
او از تو راضی اند شاہ مردان از غایت فرح در گریہ درآمد آنحضرت فرمود کہ اگر اندیشہ آن نمی داشتی کہ طوائف امت
در بارۂ تو گویند آنچہ در بارۂ مسیح یعنی عیسی ابن مریم گفتند ہر آئینہ در بارۂ تو سخنی میگفتم کہ بر ہیچ گروہی نمی گذشتی
الا آنکہ خاک قدمت را بردا شتہ کحل الجواہر دیدہ مدیدۂ خویش میکردند حاصل یہ ہی کہ جنگ حنین مین بھی فرار
ثابت ہی اور وادی الرمل مین تو سب تمام لشکر کے فرار فرمانا موجود ہی ہم تو یہ تعجب کرتے ہین تحریر عبد الحق اور
بعض دیگر علما سے کہ اسقدر کیون کد و کاوش کی گئی ہی اور امر حق مین کس واسطے اخفا کیا گیا ہی کہ اکثر غزوات مذکورہ
اور دیگر غزوات مین جو فرار اکثر مسلمین مذکور ہی کہ احد مین احزاب مین حنین مین بدر مین فرار اور جو جو امور قبیح
منقول ہین کیا وہ افعال و اعمال مسلمین کے نہین تھے کیا وہ لوگ اصحاب کبار مین محسوب نہین تھے پھر جب آن
سب کا فرار بلا خلافت ثابت ہی تو ان صاحبون کو اصحاب سے کیون مستثنی کیا جاتا ہی اگر انکا فرار بھی ثابت ہو تو کونسا
بڑا نقصان ہی کہ مولانا صاحب تکملۂ تحفہ فرماتے ہین کہ از قطعیت خلافت قطعیت افضلیت لازم نیاید و ظنیت
افضلیت ظنیت خلافت را مستلزم نگردد پس قطعیت فرار و قطعیت خلافت کی معارض نہین ہی اور ظنیت فرار تو
قطعیت خلافت کے منافی بطریق اولی نہین ہی پھر فرار سے اسقدر فرار کرنا اور فرار کو ثابت قرار دینے مین
اسقدر رد ثبات کرنا مقام استعجاب ہی تنبیہ مولانا صاحب صحیح بخاری سے نقل کرتے ہین جسکا خلاصہ یہ ہی کہ براء بن
عازب سے پوچھا کہ آیا تم بھاگ گیے تھے حنین کے روز اُسنے کہا ہان لیکن ہین بھاگے رسول خدا اور مرکز
استقامت پر ثابت و مستقیم رہے اور اپنے بغلہ بیضا پر سوار تھے اور کہتے تھے انا النبی لا اکذب انا ابن
عبد المطلب اس مقام پر عبد الحق صاحب رقم فرماتے ہین کہ جائز نہین اُس جناب یعنی پیغمبر پر فرار اور ہرگز کسی
مقام پر فرار و انہزام نہین کیا اور خود فرار کیا صورت رکھتا ہی ساتھ اُس شجاعت کے اور حضرت حق کے ایسے
مضبوط وعدے کے ہوتے تنزل ہوا اور فرار کرین نعوذ باللہ اور علما متفق ہین کہ سرور عالم نے ہرگز فرار
نہین کیا اور قاضی عیاض نے شفا مین ابن مرابط سے نقل کیا ہی کہ جو کوئی کہے کہ فرار کیا پیغمبر برحق نے تو اسکو
توبہ کرنا لازم ہی ورنہ قتل کیا جائیگا اور علامہ بساطی نے کہا کہ جو شخص گالی دے پیغمبر کو اُسکا حکم اور جو کہے
کہ پیغمبر بھاگ گئے اُسکا حکم ایسا ہی ہی یعنی توبہ بھی کرے تو مقبول نہین علما نے اختلاف کیا ہی کہ گالی دینے
والے کی توبہ مقبول ہی یا نہین اور حکم قتل بطور ارتداد ہی یا بجہت تعزیر فقط اور تاریخ الخمیس مطبوعۂ مصر مین ہی
کہ جناب رسول خدا نے ابو دجانہ کو ایک تلوار اور ایک عصا بہ عنایت فرمایا تھا تلوار کی ایک جانب لکھا تھا

فالجبن عار وفی الاقبال مکرمة + والمرء بالجبن لا ینجو من القدر اور عصابہ پر یہ شعر تھا الجبانة فی الحرب عار + ومن فرلم ینج من النار اور اسی مضمون[۱] کو صاحب معارج نے بھی لکھا ہی کہ اثناے جنگ مین پیغمبر برحق نے فرمایا کون ہی کہ یہ شمشیر مجھ سے لے اور اسکا حق ادا کرے اصحاب آنحضرت سے خواہش کی مگر یہ شرف ابو دجانہ کو ملا اور ابو دجانہ اُس تلوار کو لیے ہوے میدان مین گیا اور مقاتلہ کیا یہ حال تھا کہ جس طرف وہ متوجہ ہوتا تھا کوئی اُسکے سامنے نہ ٹھہرتا تھا حاصل یہ ہی کہ پیغمبر خدا نے خلفاے ثلاثہ کو لحمک لحمی اور انہم منی وانا منہم اور جبرئیل نے انا منکم نہین فرمایا اور حق تعالی نے اُن سب کو نفس رسول نہین قرار دیا کہ فرار جز مستلزم فرار کل ہو جائے یا اُن سب کے فرار سے فرار پیغمبر اور جبرئیل لازم آئے اور محکوم بکفر وارتداد ہو جائے اور پیغمبر نے من سب اصحابی فقد سبنی بھی نہین فرمایا کہ فرار وسب حکم واحد مین قرار پائے اور قائل فرار اصحاب ثلاثہ قائل فرار پیغمبر مین محسوب ہو کر واجب القتل سمجھا جائے ہان یہ فرار ایک ایسی صفت تو ضرور ہی کہ جو اس فرار کی نسبت پیغمبر کو دی وہ بلا شک کافر مرتد واجب القتل ہوا اور یہ بھی مذکور ہو چکا ہی کہ جب رسول خدا نے علی سے فرمایا کہ تم اپنے یارون کے ساتھ کیون نہ فراری ہوے تو اُنھون نے جواب دیا اکفر بعد الایمان ان لی بک اسوة یہ صفت فرار شجاعان ذی وقار کے لیے البتہ ننگ وعار ہی خلفاے ثلاثہ کو اس سے کیا سروکار ہی وہ تو رضی عنہم افضلیت کثرت ثواب سے ممتاز ہین اور فضلہم علی ترتیب الخلافة سے شرفیاب ایک صفت فرار سے متصف ہونا قطعیت خلافت اور اکثریت ثواب کے معارض نہین ہی اگرچہ اکثریت ثواب بھی ظنی ہی قطعی نہین ہی بلکہ تقلیدی ہی کہ مولانا ے ممدوح کو تقلید کرنا پڑی ہی رقم فرماتے ہین کہ ما مشایخ سلف را چنان یافتیم کہ میگویند افضل ابو بکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی مرتضی و حسن ظن ما برایشان اقتضای آن کند کہ اعتقاد کنیم کہ اگر ایشان برآن دلیلی نمی دانستند حکم بدان نمی کردند واتفاق بران نمی نمودند وما درین مسئلہ افضلیت اتباع ایشان می کنیم وبراہ تقلید ایشان میرویم وحقیقت امر را بعلم الٰہی تفویض مینمائیم اور قبل اس عبارت کے ایک جملہ یہ بھی رقم فرماتے ہین کہ امامت مفضول با وجود فاضل نزد اہل سنت وجماعت جائز است وعدم جواز آن قطعی نیست اور اسی تکملہ پر مولوی حبیب اللہ صاحب نے صفحہ ۸۲ بہ نشان ۱ حاشیہ رقم فرمایا ہی کہ وجوب نصب امام متفق علیہ است الا وجوبش برحق تعالی است یا بر خلق درین اختلاف کردند صحیح آنکہ بخلق واجب است بدلیل نقلی یعنی بحدیث سرور عالم کہ فرمودند کسی کہ بمیرد وامام زمانش معلوم نہ گرداند بتحقیق آنکس مرد مانند موت ایام جاہلیت وبدلیل عقلی اینکہ جمع صحابہ کبار از مہاجرین وانصار بعد وفات سرور عالم نصب امام از اہم مہمات قرار دادند حتی کہ بر دفن آنحضرت ہم آنرا مقدم گردانیدند الخ پس آن دلائل قطعیہ سے قطعیت خلافت کا ثبوت ہی اگرچہ مولانا ی موصوف نے اپنا حسن ظن اس مسئلہ مین باتباع مشایخ سلف ظاہر فرمایا اور اُنکی تقلید کو واجب جانا لیکن انی تارک فیکم الثقلین اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ سے روگردانی فرمائی اور جب بالاتفاق ثابت ہی کہ امامت مفضول کی باوجود فاضل کے جائز ہی تو ہزار بار

[۱] له معارج النبوة [illegible]

فراد بھی ایک ذرہ اُنکو نقصان نہین پہونچا سکتا اور اُسپر دلیل مولوی حبیب اللہ صاحب کی کس قدر قطعی
ہی کہ جو شخص مرے اور اپنے امام زمان کو نہ پہچانتا ہو تو اُسکی موت مثل موت ایام جاہلیت کے ہی پس واجب
ہی کہ جس مفضول سے فضول کو پائے فوراً امام بنائے اور اُسکو امام زمان کا خطاب دیدے اور بیعت کرلے
اگرچہ ناگہان کیون نہ ہو حق تعالے اُس کے شر سے بچا ہی لیگا اور دلیل عقلی کا تو کیا کہنا عقلا کا دم بند کر دیا
کہ جمیع صحابہ کبار مہاجرین و انصار نے نصب امام کو ایسا اہم قرار دیا کہ دفن پیغمبر پر مقدم گردانا مگر خلیفۂ
ثانی نے اُس اجماع اور اُس بیعت کو شر محض و ناگہانی قرار دیا چنانچہ صحیح بخاری مین موجود ہی کہ خود حضرت عمر
فرماتے تھے الا وان بیعۃ ابی بکر قد کانت فلتۃ ولکن اللہ وقی شرہا یعنی آگاہ ہون اہل اسلام یہ تحقیق
بیعت ابی بکر کی تھی ناگہانی و دفعۃً لیکن خدا نے اُسکے شر سے بچا لیا لیجیے دلیل عقلی تو سراسر شر محض نکلی اب
دلیل نقلی جو شرح عقائد نسفی مین بھی متفق علیہ بین الفریقین درج ہی قال رسول اللہ من مات ولم یعرف
امام زمانہ مات میتۃ جاہلیۃ یعنی جو شخص مرے اور نہ پہچانتا ہو اپنے امام زمان کو تو موت اُسکی موت
موت مثل جاہلیت کے ہی یعنی کافر کی موت مرا پس اب انصاف کا مقام ہی کہ جو رسول معرفت امام زمان کو اسقدر
ضروری دین فرماوے وہی رسول بعد اپنے امام کو معین اور مقرر نہ کر جائے اور اپنی امت کو ورطۂ اضطرار مین
ڈال دے کہ ہر ایک اُس مین سے کہے منا امیر و منکم امیر اور پیغمبر کو بے دفن و کفن تنہا چھوڑ دین کیا
پیغمبر کو اپنے بیگور و کفن پڑے رہنے کا خیال بھی نہ آیا کیا پیغمبر خدا مثل حضرت ابو بکر کے بھی نہ تھے کہ استخلاف
فرماتے یا مثل حضرت عمر کے عشرۂ مبشرہ پر منحصر فرماتے کہ دفن و کفن مین تاخیر تو نہ ہوتی امت تہ دل سے دفن
تو کرتی اس حدیث مین چند امور قابل گذارش ہین **امر اول** من مات اعم ہی کہ شامل ہی اصحاب و کل مسلمین
کو اور لم یعرف کے معنی لم یجعل کے نہین ہین کہ معرفت کے معنی اور استعمال لفظ کو اُسکے ہم بیان کر آئے
ہین کہ معرفت حصول صورت الشئی فی العقل کو کہتے ہین یا اشیاے بسیط کے جاننے کو یا اشیاے معلوم شدہ
فراموش ہو جائین اور بار دوم اُسکو جانے اس بار دوم کے پہچاننے کو معرفت کہتے ہین پھر فرمایا امام
زمانہ یعنی اپنے زمانہ کے امام کو پس ہر زمانہ مین وجود امام ضروری ہوا کہ جسکی عدم معرفت کفر ہی پس بمجرد
وفات فرمانے پیغمبر کے وجود امام ضروری ہوا کہ جسکی معرفت تمام مسلمین اور اصحاب آنحضرت پر فرض ہی اور اجماع
ہوا تو نصب امام پر نہ معرفت امام پر کہ جو واجب تھی اور بالاتفاق ثابت و صریح ہی کہ پیغمبر کی تدفین و تکفین و تجہیز
کل مسلمانون پر اور خصوصاً اصحاب پر آنحضرت کے واجب تھی پس قبل از تحقق اجماع صحابہ کے پاس کونسی دلیل تھی
وجوب تعیین امام کی نہ کوئی نص کلام مجید مین پائی جاتی ہی نہ کوئی حدیث ہی کہ پیغمبر نے امت کو تعیین امام کا حکم
دیا پھر اصحاب کے پاس کونسی سند تھی کہ اتفاق کیا تعیین امام پر اور اتفاق بھی تو ثابت نہین کہ علیؑ اور عباس
اور ابی ذر اور مقداد و عمار و بریدۂ اسلمی و خالد ابن سعید بن عاص اور ابو الہیثم ابن التیہان و سہل و عثمان ابنا
حنیف و خزیمہ ابن ثابت ذو الشہادتین و ابی ابن کعب و ابو ایوب انصاری اور کل بنی ہاشم وغیرہ شریک

شرح عقائد نسفی [illegible] صفحہ ۱۱۲ سطر ۱۶

اجماع بالاتفاق نہ تھے پس تعین امام کو اہم مہمات سے قرار دینا اور دفن آنحضرتؐ سے مقدم کروانا کہ دفن وکفن آنحضرت کا بالاتفاق واجب تھا کس دلیل سے واجب ہوا اور نصب امام کا وجوب اجماع پر کسنے واجب کیا **امر دوم** فرمایا پیغمبر برحق نے کہ الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ ثم یصیر بعدہا ملکا عضوضا یعنی خلافت میرے بعد تیس برس ہی بعد اسکے ہونگے بادشاہی گزندہ اس حدیث مین بھی ذکر خلافت مقیدہ ہی اور حدیث اول مین ذکر امامت لیکن امام اور خلیفہ کا نہ بالاجمال ذکر نہ بالتفصیل کہ جسکی معرفت واجب اور فرمانا آنحضرتؐ کا امام زمانہ عام ہی شامل ہی ہر زمانہ کو اور ثلثون سنۃ مقید ہی تیس برس تک کو پس کیا بعد تیس برس کے حدیث من مات الخ منسوخ متصور ہو گی یا بعد ثلثین سنہ کے موت تمام امت محمدیہ کی موت جاہلیت قرار پائیگی اور اگر بفرض محال اس تیس برس کو خلافت کاملہ کہین اور بعد اسکے تا زمانہ خلفاے عباسیہ خلافت کو ناقصہ اور خلافت مجازی قرار دین تو پھر بعد خلفاے عباسیہ تو تمام امت کی موت موت جاہلیت ہو گی اور بعد خلفاے عباسیہ کے تا زمانہ حال جو اجماع امت خلیفہ بنانے پر نہین ہوا تو یہ گویا اجماع ہوا عدم نصب امام پر اور اجماع ضلالت تو ہو سکتا ہی نہین مگر موت جاہلیت سے نجات دشوار ہی جب تک خلیفہ نہ ہونے کو خلیفہ قرار نہ دین اور اگر دین تو البتہ جہالت کی موت سے نجات مل سکتی ہی اور یہ بھی ثابت ہی کہ خلفاے عباسیین سے بعضے جابر اور خارج از دائرۂ عدل و احسان بھی ہوے ہین اور انکو امام زمان کا خطاب دیا گیا ہی پس کیا وہ خلفا مصداق قولہ تعالی نہین ہین وجعلنا منہم ائمۃ یدعون الی النار اور اطاعت و اتقیا دکرنا انکا ضلالت نہ ہوگا اور معرفت انکی موت جاہلیت سے نجات دے سکتی ہی حاصل یہ ہی کہ یہ وہ مقام دشوار ہی کہ صاحب عقائد نسفی نے قالامر مشکل فرماکر چھوڑ دیا ہی مگر محشی شارح نے بہ نشان نمبر۲- اسے قالامر مشکل پر حاشیہ لکھا ہی وہو ہذا لانہ لو وجب الامام بعد الخلفاء العباسیۃ ایضا لزم اطباق الامۃ فی اکثر الاعصار علی ترک الواجب لانتفاء الامام المتصف بما یجب من الصفات واللازم منتف لان ترک الواجب معصیۃ وضلالۃ والامۃ لا یجتمع علی الضلالۃ والجواب انہ انما یلزم الضلالۃ لو ترکوہ عن قدرۃ واختیار لا عن عجز واضطرار شرح مقاصد جواب الجواب اقول ان ارتفاع القدرۃ والاختیار واستیلاء العجز والانکسار مع کثرۃ امۃ رسول المختار و وجود السلاطین ذوی الاقتدار وتسلط الامراء والملوک صاحب الاختیار محال وعذر بارد و تعلیل علیل ودلیل غیر جمیل **امر سوم** حضرت ابوبکر کا استخلاف فرمانا چنانچہ اصحاب سیر و تواریخ و حدیث بالاتفاق لکھتے ہین کہ جب صدیق اکبر کی علالت زیادہ ہوئی اور تاب و طاقت کم ہوئی تو ایک عہدنامہ لکھا اور صحابہ مین سے ایک کو دیا کہ مسجد مین لیجاؤ مہاجر و انصار وضیع و شریف کو طلب کرو اور یہ عہدنامہ سناؤ غرض وہ شخص عہدنامہ لیے ہوے مسجد مین آیا وہان سب کو مجتمع پایا کہا کہ ای یاران رسول خلیفۂ رسول نے عہد لکھا ہی اور اسکی متابعت کا حکم فرمایا ہی خواجہ احمد محمد ابن علی المعروف باعثم کوفی کے ترجمۂ مطبوعۂ بمبئی مین

یہ عبارت لکھی ہی ہمہ گفتند تقریر باید کرد پس کاغذی کہ بخط صدیق بود و عمر خطاب را خلیفہ خویش کردہ بود بیرون آوردہ برا[illegible]ن بخواند قومی گفتند سمعنا و اطعنا و جماعتی خاموش بودند پس طلحہ ابن عبد اللہ نزدیک امیر المومنین ابو بکر صدیق شد و گفت ای خلیفہ رسول عمر خطاب را بر مسلمانان خلیفہ می کنی صدیق فرمود چرا خلیفہ نہ کنم طلحہ گفت عمر مردی درشت است و دانستہ کہ مردم از غلظت او چہ رنج دیدہ اند در حیات تو و اگر عیاذاً باللہ از سرای فانی بدار جاودانی انتقال کنی چہ ایذا ہا بمردم رسد و توان دانست کہ بر چہ منوال ما با زندگانی کند و لا شک دران جہان ازین معنی ترا سوال کنند کہ بکار زیردستان چگونہ پرداختی و کدام کس را بر مسلمانان نائب و خلیفہ ساختی غرض صدیق اکبر نے ایک نہ سنی اور طلحہ کو جواب دیا کہ مین خدا کو جواب دی لونگا کہ بہترین مردم کو مین نے خلیفہ کیا پھر عثمان کو طلب کیا اور وصیت نامہ لکھوایا کہ عمر ابن خطاب کو مین نے اپنا نائب اور خلیفہ کیا اور اس مین بہت سی شرطین نصیحت آمیز لکھین اور عمر ابن خطاب کو بلوایا اور زبانی بھی بہت سی نصیحتین کہین اور وہ عہد نامہ سنایا پھر حاضرین صحبت کی طرف متوجہ ہوے اور اعثم کوفی مین یہ عبارت ہی کہ فرمود ای امت رسول عمر ابن خطاب را بر شما امیر گردانیدم راضی باشید و از فرمان او سر بر مگردانید تا بخدای سبحانہ و رسول و قربت یابید گفتند سمعنا و اطعنا و از نزدیک او دل تنگ بیرون آمدند اس استخلاف مین بھی بعض مقام لائق توضیح ہین اولاً استخلاف فرمانا حضرت صدیق کا اتباع اور سنت پیغمبر کے مخالف ہوا کہ آنحضرت نے اپنی امت کو ایسا لائق اور فائق اور عادل قرار دیا کہ امر امامت کو کہ جسکی عدم معرفت کفر ہی اجماع امت پر منحصر کر دیا اور لن یجتمع امتی علی الضلالۃ سے سرفراز فرمایا لیکن دو ہی برس مین اس امت کا یہ حال ہوا کہ انکے اجماع پر وثوق نہ رہا اور بے بنیاد تصور کر کے استخلاف کرنا پڑا اگر جس طرح کہ استخلاف نہ کرنا پیغمبر کا دلالت کرتا ہی کہ نصب امام بحدیث من مات الخ خلق پر واجب ہی اسی طرح استخلاف صدیق اکبر دلالت کرتا ہی کہ اجماع امت ضلالت ہی ورنہ استخلاف کی کیا حاجت تھی اگر اجماع امت علی الضلالۃ محال تھا تو استخلاف بالضرور ضلالت پائیگا اور طلحہ کے اعتراضات اور ایک قوم کا سکوت سمعنا و اطعنا سے اور رنجور و دلتنگ ہوکر چلے جانا اسپر دال ہی ثانیاً جسطرح صدیق نے آخری وقت دوات و قلم طلب کیا اور وصیت نامہ لکھا اسی طرح تو رسول نے بھی قریب وفات دوات و قلم طلب فرمایا تھا جسپر فاروق اعظم نے ما ینطق عن الہوی ان ھو الا وحی یوحی کو نسبت ہذیان دی اور کہا کہ یغلب علیہ الوجع یعنی درد انپر غالب ہو گیا جسپر پیغمبر خدا کو غصہ آیا اور فرمایا قوموا عنی یعنی دور ہو مجھ سے یا چھوڑ دو مجھکو اس کلام سے کس قدر ملال آنحضرت ظاہر ہی اور اسی کو ابن عباس یاد کرتے تھے اور روتے تھے کہ سنگریزے آنسوؤن سے تر ہو جاتے تھے اور صدیق اکبر نے جب دوات و قلم طلب فرمایا تو نہ کسی نے نسبت ہذیان کی دی نہ انحراف سنت پیغمبری سے متنبہ کیا نہ حدیث لن یجتمع الخ یاد دلائی گئی حالانکہ وقت تحریر کرانے وصیت نامہ کے حضرت ابو بکر پر غشی طاری ہوئی چنانچہ صاحب روضۃ الصفا لکھتے ہین کہ طائفہ از علما و اخیار رحم

لہ روضۃ الصفا ج۲ ضمن سیر ابو بکر

از اسلم مولای عمر چنین روایت کنند کہ عثمان ابن عفان در زمان اشتداد مرض ابو بکر با شارت او این کلمہ در قلم آورد
کہ خلیفہ بعد از ابو بکر و دران حین ابو بکر از ہوش رفتہ و عثمان لمحہ توقف کردہ نوشت کہ عمر خواہد بود و چون ابو بکر
بہوش آمد صحیفہ را طلب داشت نام عمر دران جا ثبت دید پرسید کہ این نام را کہ نوشت عثمان جواب داد کہ من
در قلم آوردم ابو بکر فرمود کہ رحمک اللہ وجزاک اللہ خیرا غرض دن کو وصیت نامہ لکھا اور شب کو انتقال فرمایا
اور وقت تحریر وصیت نامہ بھی بیہوشی عارض ہوئی مگر نہ کسی نے غلب علیہ الوجع کہا نہ حسبنا کتاب اللہ فرمایا
اور پیغمبر با وجود ثبات عقل اور ما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی ہونے کے متصف بہ غلب علیہ الوجع
ہوے اور لوگون کو تردد ہوا کہ پیغمبر برحق مختلط العقل ہو گئے فقالوا ما شانہ اہجر یعنی کہا ان لوگون نے
کیا حال ہے اور کیا ہوا ہے اسکو آیا مختلط اور پریشان ہے کلام اسکا اور فحش و ہذیان بکتا ہے اعوذ باللہ من
ہذا المقال اور یہ سب نسبتین پیغمبر خدا کو فقط اسوجہ سے دیگئین کہ فرمایا اکتب لکھ کتابا لن تضلوا بعدی
اور اس وصیت نامہ کو کہ جسکی شان مین پیغمبر نے لن تضلوا فرمایا لکھنے نہ دیا اور کہا کہ حسبنا کتاب اللہ
حالانکہ حجۃ الوداع سے پھرتے وقت غدیر خم مین حضرت فرما چکے تھے انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ
وعترتی اہل بیتی فان تمسکتم بہما لن تضلوا بعدی مگر تھوڑے سے ہی عرصہ مین عترتی اہل بیتی کو
کہ مکرر حضرت نے فرمایا تھا بھول گئے معلوم نہین لن تضلوا بعدی سے کیون تنفر تھا کہ فقط حسبنا کتاب
اللہ پر اکتفا فرمائی اور جب صدیق اکبر نے باوجود غلبہ درد و لواز عروض بیہوشی کے انھین حضرت عمر کے
واسطے وصیت نامہ لکھا تو یغلب علیہ الوجع کا تو کیا ذکر ہے حسبنا کتاب اللہ کو بھی فراموش فرمایا اور بطیب
خاطر اس وصیت نامہ کو منظور فرمایا مقام تاسف اور انصاف ہے کہ فقط اکتب لکھ کتابا فرمانے پر نسبت ہذیان
کی آنحضرت کو دی یغلب علیہ الوجع فرمایا جسکے جواب مین پیغمبر نے فرمایا قوموا عنی اٹھ جاؤ دور ہو جاؤ
مجھ سے دعوانی ذرونی چھوڑ دو مجھ کو اور رہا کرو مجھ کو اس نزاع اور خلاف اور لفظ سے یہ سب گوارہ کیا
مگر تحریر وصیت نامہ لن تضلوا گوارہ نہ کی حاصل یہ ہے کہ باعث ضلالت اہل اسلام اگر ہے تو یہی ایک امر ہے
کہ کتابت لن تضلوا بعدی نہ لکھی گئی اسواسطے کہ اگر آنحضرت رسول برحق اور ما ینطق عن الہوی سے تھے
تو اکتب کتابا لن تضلوا بعدی بھی بوحی الہی فرمایا تھا پس بالضرور عدم تحریر کتابت باعث ضلالت ہوئی
اور قول آنحضرت قوموا عنی اور دعونی ذرونی یعنی اٹھ جاؤ دور ہو مجھ سے چھوڑ دو مجھ کو یہ سب گوارہ کیا
اور کتابت گوارہ نہ کی اور جب حضرت ابو بکر نے وصیت نامہ لکھا اور سنایا تو سمعنا و اطعنا کے نعرے بلند
ہوے فتبصر ولا تغفل اور کیا نسیان غالب ہو گیا تھا کہ حضرت ابو بکر بھی اپنا فرمانا بھول گئے چنانچہ اعثم
کوفی لکھتے ہین کہ جب بیعت ابو بکر کی منعقد ہو چکی اور علی طلب کیے گئے اور ان سے بھی بیعت پر اصرار بالجبر
کیا گیا تو اسوقت حضرت مرتضی نے بھی اپنا استحقاق ظاہر فرمایا کہ ما حجت شما بر شما بیکار میدارم و دعوی بر شما
بہ حجت می آرم اسکے جواب مین فرمایا کہ ای ابو الحسن اگر من دانستمی کہ تو درین کار رنا رغبت کنی قبول نکردمی

ط ۱ تشیید المطاعن ج ۲ ص ۳۴۲ س ۸

اکنون کہ مردمان بیعت کردند الرتو ہم موافقت نمائی بخطای ماصواب بودہ باشد اور نیز روضۃ الاحباب مین بھی رقم فرمایا ہی اور [illegible] مین شاہ عبد الحق صاحب لکھتے ہین کہ عمدہ ترین کتب سیر ہی لہذا مین بخوف طول خلاصہ اسکا اور بعض بعض مقام پر بعینہ عبارت بھی نقل کرتا ہون لکھتے ہین کہ بعد از فراغت مہم بیعت علیؓ کو مجمع مہاجرین وانصار مین طلب کیا اور کہا کہ سب نے بیعت ابو بکر کی تم بھی بیعت کرو علیؓ نے فرمایا کہ من ہمان سخن کہ شما بر انصار حجۃ ساختہ این منصب را گرفتید مر شما حجت میگیرم وانم راست بگوئید کہ بحضرت رسالت اقرب کیست عمر گفت ترا نگذارم تا بیعت نکنی علیؓ گفت اول مرا جواب باصواب بگوئید بعد ازین از من بیعت جوئید غرض ابو عبیدہ نے کہا کہ آپ بواسطۂ سبقت اسلام و فضل قرابت کے سزاوار خلافت ہین لیکن اصحاب نے بیعت کی ہی آپ بھی اگر موافقت کرین تو بہتر ہی علیؓ نے جواب دیا کہ تو امین این امتی بقول رسول مختار مقتضای امانت وراستی است در گفتار و کردار موہبتی کہ حق سبحانہ تعالی بخاندان نبوت کرامت کردہ در بندما بیباشید کہ بجای دیگر کنید مہبط قرآن و وحی و مورد امر و نہی و منبع فضل و علم و معدن عقل و حلم ماایم و بواسطۂ این امور خلافت راشائستہ و امارت را سزاواریم بشیر ابن سعد انصاری نے کہا کہ اگر آپ پہلے ادعا کرتے تو سب آپ سے بیعت کرتے لیکن آپ نے خانہ نشینی کی لوگون کو گمان ہوا کہ خلافت سے آپ نے کنارہ کیا جناب امیر المومنینؑ نے جواب دیا کہ ای بشیر تو روا میداری کہ من جسد انور و قالب اطہر سید عالم را غسل نادادہ و تجہیز و تکفین او نہ نمودہ و از دفن او فراغت نہ کردہ دم از طلب حکومت زدمی و با مردم در منازعت و خصومت شدمی ابو بکر صدیق چون دید کہ کلمات علی جملہ محکم و استوار و ہر یکی از نہا مقابلہ صد کلمہ بلکہ صد ہزار کلمہ است در رفق و مدارا درآمد و گفت ای ابو الحسن مرا گمان این بود ترا با من مضائقہ نباشد و اگر میدانستم کہ از بیعت با من تخلف خواہی کرد ہرگز آنرا قبول نمی کردم اکنون کہ مردمان با من اتفاق نمودہ اند اگر تو نیز با ایشان اتفاق نمودہ ظن ما را مطابق واقع ساختہ باشی و اگر حالا توقف کنی و خواہی کہ درین مائل و تفکر نمائی ہیچ حرجی نیست انتہی پس وقت تحریر وصیتنامہ بھی یاد نہ رہا کہ مجمع اصحاب مین فرما چکے تھے کہ اگر تو ہم موافقت نمائی بخطای ما صواب بودہ باشد و اگر میدانستم کہ از بیعت با من تخلف خواہی کرد ہرگز آنرا قبول نمی کردم ثالثاً حضرت عمر نے قریب انتقال شوری مقرر کیا کہ علی و عثمان و طلحہ و زبیر و سعد وقاص و عبد الرحمن تین روز مین مشورہ کر کے ایک کو ان مین سے خلیفہ بنائین و قال لا یمضی الیوم الرابع الا ولکم امیر وان اختلفتم فکونوا مع الذی معہ عبد الرحمن فمضی علیؑ الی العباس وقال لہ عدل عنا لان سعد الا تخالف عبد الرحمن لانہ ابن عمہ وعبد الرحمن صہر عثمان فلا یختلفون فیولیہا احدہم الآخر یعنی چار روز نہ گذرین کہ تم پر امیر یعنی خلیفہ مقرر ہو جائے اور اگر اختلاف ہو تم مین تو جسطرف عبد الرحمن ہو اسطرف تم رجوع کرنا اور عبد الرحمن کی متابعت کرنا اس حوال کو علیؑ نے عباس سے کہا اور کہا کہ سعد ابن عم عبد الرحمن ہی اور عبد الرحمن بہنوئی عثمان کا پس ایک دوسرے کی خلافت کا خواہشمند ہوگا پس ضرور عثمان

[1] از روضۃ الصفا ج ۲ [illegible] ابو الفدا ج ۱ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۶۴

خلیفہ ہوگا اعثم کوفی لکھتے ہین کہ کہا حضرت عمر نے کہ ای بھائیو بعد میرے تین روز تک طلحہ ابن عبد اللہ کا انتظار کرنا اور بعدہ ان چھ شخصون مین سے بسکو لائق سمجھنا اپنے اوپر امیر کرنا کہ مین نے ان چھ شخصون کو امر خلافت سپرد کیا ہی اور میرے پسر عبد اللہ کو بلوانا اس شرط سے کہ اُسکو امر خلافت مین کوئی حصہ نہین ہی اور جس شخص کو ان مین سے تم اختیار کرو اور کوئی اُس سے مخالفت کرے اُسکو قتل کرنا اور ایسا ہی دیگر اصحاب سیر نے بھی لکھا ہے چنانچہ ابن اثیر نے تاریخ کامل مین روایت کی ہی اور تصریح کی ہی کہ اگر تین تین ایک دوسرے کے مقابل مین ہوجائین فحکموا عبد اللہ ابن عمر فان لم یرضوا بحکم عبد اللہ ابن عمر فکونوا مع الذین فیہم عبد الرحمن و اقتلوا الباقین پس حاکم کرنا عبد اللہ ابن عمر کو اگر اسپر بھی راضی نہ ہون تو جس طرف عبد الرحمن ہون اُس طرف تم ہونا اور قتل کرنا باقی کو اب صاحبان بصیرت پر مخفی نہ رہا کہ سوا عثمان کے کون خلیفہ بن سکتا ہی اور کون خلیفہ بنا سکتا ہی چھ شخصون کا نام لینا بھی حکمت عملی و رتالیف قلوب سے خالی نہین تھا کہ سعد ابن عم عبد الرحمن اور خود عبد الرحمن صہر حضرت عثمان اُسپر قطعیت حکم قتل مخالفت پر کون کلمہ مخالف کہہ سکتا ہی سبحان اللہ دو ہی کلمو نمین بیخ و بنیاد مخالفت کی کھود کر پھینک دی کہ یہ تین شخص تو آپس مین مخالفت کر نہین سکتے کہ ایک چچا زاد بھائی دوسرے بہنوئی تیسرے سالے اجماع ان ثلاثہ کا ضروری ہی اب رہے علیؑ کہ وہ اور طلحہ و زبیر ممکن ہی کہ ایک رائے نہ ہون اور اگر ایک رائے بھی ہوے تو عبد الرحمن جس طرف ہونگے وہ رائے مقبول ہوگی اور مخالفین کے لیے شرط قتل لگی ہوئی ہی تو علیؑ و طلحہ و زبیر ضرور مقتول ہونگے بچشم انصاف دیکھیے تو دو شخصون پر انحصار امام بنانے کا ہوا اور ایک پر انحصار خلافت کا اور ما بقی قابل قتل سبحان اللہ دو شخصون پر اطلاق اجماع امت کا کیسا زیبا اور درست و بجا ہی یہ فرمان حضرت عمر کا اجماعی ہی اختلافی نہین مین حیران ہون کہ اس حکم کا نام اجماع ہی یا قتل پیغمبر خدا تو بنا بر گمان اہل سنت تمام اصحاب کے حق مین اور خاص امیر المومنین علی بن ابی طالب کے حق مین فرمائین اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم اور علی مع الحق والحق مع علی اور اللہم ادر الحق حیث ما دار و القرآن مع علی و علی مع القرآن و من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللہم وال من والاہ و عاد من عاداہ و علی منی وانا منہ اور ما ورا اسکے آیات و احادیث جو فضائل و مناقب مین ہین اُنکا ذکر باعث طول ہے وہی اصحاب اور وہی علیؑ بفرمان حضرت فاروق واجب القتل ٹھہرین اور حق عبد الرحمن کی طرف رہے یہ چھ شخص تو عشرہ مبشرہ مین سے تھے پس اصحابی کالنجوم ہونے نے اور علی مع الحق ہونے نے کیا نفع دیا فضلیت عشرہ مبشرہ ہونے کی کیا کام آئی مہاجر صاحب بیعۃ الرضوان صاحب حل عقد ہونے نے کون سی جان بخشی کی فاعتبروا یا اولی الابصار اور سب پر طرہ یہ ہی کہ واجب القتل ہونے پر کوئی حدیث بھی نہین بنائی گئی نہ اُسکے ارتداد و نفاق پر کوئی دلیل بیان ہوئی نہ اُنکا کفر ثابت کیا گیا معلوم نہین کس جرم پر کشتنی و گردن زدنی ہوے حق تعالی نے تو اہل بدر و حدیبیہ اور احد کو اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم کا اختیار دیا جیسا کہ تکملۃ الایمان مین مرقوم ہی ان اللہ قد اطلع علی اہل بدر فقال اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم

وجای دیگر فرمود لن یدخل الله النار رجلا شہد ببدر والحدیبیۃ و در حدیث دیگر آمده است کہ آن ملائکہ کہ در غزوۂ بدر حاضر بودند فضل و عزتی در درگاه خداوندی دارند کہ دیگران را نیست فاھل احد بعد از اہل بدر فضیلت مر اہل غزوه احد راست انتہی جن اصحاب کے یہ فضائل ہون کہ اہل بدر و حدیبیہ اور احد ہون بلکہ آن سب کا خلاصہ ہون عشرۂ مبشره سے مخاطب ہون حق تعالی تو انکو مرفوع القلم کر دے کہ جو چاہو کرو مین بخش دونگا مگر فاروق اعظم بیدھڑک اُنکے قتل کا حکم لگا دین یہ حکم حضرت فاروق کا تو فوق حکم خدا و رسول بلکہ ناسخ حکم خدا و رسول قرار پاتا ہی حاصل یہہ ہی کہ بعد شہادت خلیفۂ ثانی مطابق وصیت جب تین روز گذر گئے ثم جمع[له] عبد الرحمن الناس بعد ان اخرج نفسہ عن الخلافۃ فدعا علیا فقال علیک عہد الله ومیثاقہ لتعملن بکتاب الله وسنۃ رسولہ وسیرۃ الخلیفتین من بعدہ فقال ارجوا ان افعل واعمل مبلغ علمی وطاعتی ودعا بعثمان وقال لہ مثل ما قال لعلی فرفع عبد الرحمن راسہ الی سقف المسجد ویدہ فی ید عثمان وقال اللہم اسمع واشہد اللہم انی جعلت ما فی رقبتی من ذلک فی رقبۃ عثمان وبایعہ فقال علی لیس ہذا اول یوم تظاہرتم علینا فیہ فصبر جمیل والله المستعان علی ما تصفون یعنی جمع کیا عبد الرحمن نے آدمیون کو اور بلایا علیؑ کو اور کہا کہ تم پر عہد و میثاق خدا ہی کہ عمل کرو ساتھ کتاب خدا کے اور سنت رسول کے اور سیرۂ خلیفتین کے جواب دیا علیؑ نے کہ امید کرتا ہون مین کہ عمل کرونگا اپنے مبلغ علم و طاقت کے ساتھ پھر بلایا عثمان کو اور اُنسے بھی ویسا ہی کہا جو علیؑ سے کہا تھا پس عبد الرحمن نے سر اپنا سقف مسجد کی طرف بلند کیا اور ہاتھ عثمان کا اپنے ہاتھ مین پکڑے ہوے تھے اور کہا کہ خداوندا سن تو اور گواہ رہ تو خداوندا جو کچھ امر خلافت سے میری گردن مین تھا مین نے عثمان کی گردن مین ڈالا اور بیعت کی اسکی اسوقت علیؑ نے فرمایا کہ یہ پہلا دن نہین ہی کہ آپس مین ایک دوسرے کو مدد دی تم نے اور ہم پر غلبہ کیا تم نے اس امر مین فصبر جمیل والله المستعان علی ما تصفون افسوس صد ہزار افسوس کہ خلیفۂ ثانی نے تین روز کی مدت مقرر فرمائی اس تقرری مدت مین ماورا دیگر مصالح کے ایک مصلحت تو بدیہی یہ تھی کہ بعد وفات تجہیز و تکفین و تدفین مین کسی طرح کا خلل و ہرج نہ ہو کل مسلمین شریک مشایعت ہون تجمل و شوکت سے مدفون ہون اگرچہ اس چار روز کی مدت مین من مات ولم یعرف کے مصداق ہو کر مومنین جہنم و اصل ہون یا تو نصب امام ایسا اہم مہام تھا کہ دفن پیغمبرؐ پر مقدم گردانا گیا یا ایسا امر سہل ہو گیا کہ تقریب سوم خلیفۂ ثانی سے بھی مؤخر گردانا گیا ایک شعر مولانا روم کا مشہور اور زبان زد خلائق ہی وہ یہ ہی۔ چون صحابہ طمع دنیا داشتند ✣ مصطفی را بے کفن بگذاشتند ✣ جسد مطہر اور جثۂ انور رسالت مآبؐ تو بے گور و کفن پڑا رہے اور سقیفۂ بنی ساعدہ مین منا امیر و منکم امیر کے ڈنکے بجائے جائین اور خلیفۂ رسول اللہ کی وفات کے بعد کوئی کان نہ ہلائے کتاب خدا اور سنت محمد مصطفیؐ و حدیث خیر الوری بالائے طاق رکھی جائے چوتھے روز دو شخصون کے اجماع سے خلیفہ مقرر کیا جائے اور اس اجماع کو اجماع امت کا نام دیا جائے اور مخاطب بحدیث لن یجتمع امتی علی الضلالۃ کیا جائے اب

[له] ابو الفدا جلد ۱ صفحہ ۱۶۶

مین باادب پوچھتا ہون کہ اس تین دن کی مدت مین جو لوگ مرے اُنکی موت مثل کافر کی موت کے قرار دیجائیگی یا
نہین اور عدم اجماع امت باوجود قدرت و اختیار لاعن عجز و اضطرار ضلالت اور معصیت ہوگا یا نہین
اور ایسے واجب فوری کا جو دفن پیغمبر پر مقدم گردانا گیا تھا ترک لازم آئیگا یا نہین اور جو ایسے واجب
فوری مین تاخیر کرنے کا حکم قطعی لگائے اوسکا بھی عندالاجماع کچھ حکم ہے یا نہین امر چہارم صحیح بخاری[۱]
صحیح مسلم مشکوٰۃ وغیرہ مین جابر ابن سمرہ سے منقول ہے قال سمعت النبی یقول یکون اثنا عشر امیرا فقال
کلمۃ لم اسمعھا فقال ابی انہ قال کلھم من قریش یعنی جابر ابن سمرہ سے منقول ہے کہا کہ سنا مین نے
نبی کو کہ فرماتے تھے کہ ہونگے بارہ امیر پس ایک کلمہ کہا کہ مین نے نہین سنا میرے باپ نے جواب دیا کہ فرمایا
کلھم من قریش قسطلانی مین ہے وعند ابی داود من طریق الشعبی عن جابر ابن سمرۃ لا یزال ھذا الدین
عزیزا الی اثنی عشرۃ خلیفۃ قال فکبر الناس وضجوا فلعل ھذا ھو سبب خفاء الکلمۃ المذکورۃ
علی جابر وفیہ ذکر الصفۃ التی تختص بولایتھم وھی کون الاسلام عزیزا وعند ابی داود من طریق
اسمعیل لا یزال ھذا الدین قائما حتی یکون علیکم اثنا عشر خلیفۃ کلھم تجمع علیہ الامۃ کذا فی
فتح الباری یعنی ابی داود کے نزدیک طریق شعبی سے جابر ابن سمرہ سے ہے کہ ہمیشہ یہ دین عزیز رہیگا بارہ
خلیفہ تک کہا پس تکبیر کی لوگون نے اور شور کیا پس شاید کہ یہی سبب خفائے کلمہ کا ہوا جابر پر اور اس مین ذکر صفت
ہے کہ جو مخصوص ہے ولایت پر اُن اثنا عشر کی اور وہ اسلام کا عزیز ہونا ہے اور ابو داود کے نزدیک طریق اسمعیل سے
ہے کہ ہمیشہ یہ دین قائم رہیگا جب تک کہ ہون اوپر تمھارے بارہ خلیفہ کل وہ ہونگے کہ جمع ہون اُنپر امت ایسا
ہی فتح الباری مین ہے اور عبدالحق اشعۃ اللمعات مین ان احادیث کی شرح فرماتے ہین کہ اس حدیث مین علما
نے اشکال کیا ہے ظاہر حدیث یہ ہے کہ بارہ خلیفہ بعد آنحضرت کے دربے متصل ہون کہ مستقیم ہو ساتھ اُنکے امر
دین اور عزیز ہو اُنکے وجود سے اسلام اور جاری ہو دین اُنکی عدالت سے احکام پھر اس بیان کے بعد بعینہ
یہ عبارت رقم فرماتے ہین باآنکہ شہادت نمی دہد بآن انچہ واقع ست در وجود زیراکہ ہستند در ایشان از امراء
جور و فساد از بنی مروان کہ ممدوح نیست طریق ایشان و محمود نیست سیرت آنہا پھر لکھتے ہین کہ اس اشکال کی توجیہ
اس طرح کی ہے کہ مراد بارہ نفس ہین کہ بعد آنحضرت سلطنت اور امارت پر قائم ہوئے اور انتظام ملک و سلطنت کا
بے نزاع و اختلاف کے اُن سے واقع ہوا اگرچہ بعضے اُن مین کے جابر اور خارج از دائرۂ عدل و احسان تھے
ایسا ہی قاضی عیاض نے اور علامہ ابن حجر نے کہا ہے کہ بعض طرق صحیحہ مین اس حدیث کے واقع ہوا ہے کلھم تجتمع
علیہ الناس اور مراد اجتماع سے انقیاد و اطاعت اور اتفاق ہے اُنکی بیعت پر اگرچہ بکراہت ہو اور یہ حدیث
مدح و ثنا مین اُنکے دین اور مذہب اور عدالت اور حقانیت پر وارد نہین ہوئی عبدالحق صاحب لکھتے ہین کہ این
قول خالی نیست از عدم ملائمت و سیاق حدیث صریح است در مدح ایشان بصلاح دین و ظہور حق و قوت اسلام
در زمان ایشان واللہ اعلم بعضون کا قول ہے کہ مراد خلفاء عادل و امراء صالح ہین کہ مستحق اسم خلافت ہوئے

[۱] صحیح بخاری ص ۱۰۷۲ ج ۲ قسطلانی جلد ۱۰ ص ۲۷۲ ج ۱۲ و اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۳۹۵

مگر یہ لازم نہین ہی کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پے در پے متصل ہون شاید کہ یہ عدد بارہ کا تمام ہو اگرچہ قریب قیامت ہو تو بیہقی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہی بعضون نے کہا کہ مراد اس حدیث سے یہ ہی کہ بعد موت مہدی انکا وجود ہوا اور پانچ اولاد امام حسنؑ سے اور پانچ اولاد امام حسینؑ سے خلیفہ ہون اور آخر انکا وصیت کرے ایک شخص کو اولاد امام حسنؑ سے اور وہ اپنے فرزند کو پس تمام ہوا عدد بارہ کا اور ہر شخص انمین کا امام عادل و ہادی و مہدی ہو عبد الحق صاحب لکھتے ہین کہ اگر اس مین حدیث صحیح وارد ہوئی ہو تو یہ توجیہ موجہ ہی اور بعضون نے کہا کہ مراد یہ ہی کہ بارہ خلیفہ ایک زمانہ مین موجود ہون اور وجود زمانہ واحد مین اثنا عشر خلیفہ کا سبب اختلاف اور انہدام اسلام کا ہو حاصل یہ ہی کہ یہ توجیہات منتشر النظام مختلف القوام کیسی موجب اختلال حواس انام اور مخرب اور متعارض احادیث صحیحہ عظام اور مغیر و ہادم شریعت حقہ خیر الانام ہین اسلیے کہ مقتضاے حدیث لن یجتمع امتی علی الضلالۃ تو یہ تھا کہ مجمع علیہ امت مفضول فاسق و ظالم و جابر و خارج از دائرۂ عدل و احسان نہ ہون کہ جبر و ظلم و فسق و خروج از دائرۂ عدل و احسان بالبداہتہ ضلالت ہی پس اتباع و اطاعت و انقیاد ایسے خلفا کا بدرجۂ اولی ضلالت ہوگا اور بعض توجیہ مہمل اور بے ربط اور مخالف سیاق حدیث ہی بعض وجہ سے انحصار خلفاے عادل کا اور صالح کا کہ جو مستحق اسم خلافت ہین بعد وفات امام مہدی کے پایا جاتا ہی تو حدیث لن یجتمع امتی علی الضلالۃ مصداق لن یجتمع امتی الا علی الضلالۃ ہوا جاتا ہی بعض وجہ سے خلافت اثنا عشر سبب اختلاف اور اختلال کا قرار پاتا ہی حاصل یہ ہی اختلاف علما خود ہی ضلالت ہی کہ باتباع امراء ظلم و جبر و فسق اور انقیاد خلفاے بغض و عناد خارج از دائرۂ عدل و احسان و خوشامد رؤساے فساق ذوی الاقتدار باستیلاء طمع دنیای ناپائدار یا بجہت بغض و حسد اہل بیت اطہار اُن سے ظہور مین آیا ہو پھر معرفت امام زمان کہ اہم مہمات سے اور واجب فوری ہی کیونکر حاصل ہو سکے اور ایسے اختلافات سے عقول مسلمین خصوصاً ضعفا و جہال کیونکہ منتشر اور متحیر نہ ہون حالانکہ احادیث ایک دوسرے کی متعاضد ہوتی ہین کلام معصوم کا تضاد اور تعارض سے منزہ اور مبرا ہوتا ہی اگر چشم بصیرت اور منصف مزاجی ہو تو ملاحظہ فرمایئے[1] کہ احادیث منقولہ صحاح مذکورہ مین قال کلہم من قریش ہی اور سید علی ہمدانی شافعی نے کتاب المودۃ فی القربی مین اسی حدیث جابر ابن سمرہ کو بلفظ قال کلہم من بنی ہاشم لکھا ہی پس یہ حدیث منقولہ سید علی ہمدانی مبین اور مخصص حدیث صحاح ہی کہ بنی ہاشم افضل و اشرف قریش ہین اور بالاتفاق قریشی متنازل المرتبہ ہین بنی ہاشم سے جسکی تحقیق بھی آیندہ مذکور ہوگی اُسی مودۃ[2] فی القربی مین شعبی نے عمر ابن قیس سے روایت کی ہی کہ ایک اعرابی نے عبد اللہ ابن مسعود سے پوچھا کہ تمھارے پیغمبر نے تم سے بیان کیا ہی کہ بعد اُنکے خلفاے حق کتنے ہونگے عبد اللہ ابن مسعود نے کہا نعم اثنا عشر عدد[3] نقباے بنی اسرائیل اُسی مودۃ مین شعبی سے اور اُسنے مسروق سے روایت کی ہی کہ ہم مین ابن مسعود بیٹھے ہوے مقابلہ قرآن کر رہے تھے کہ ایک جوان نے پوچھا اہل عہد الیکم نبیکم کم یکون بعدہ خلیفۃ یعنی آیا کچھ بیان کیا ہی

لہ کتاب البشری بالحسنی فی شرح مودۃ فی القربی ص ۱۲۱ ، سلہ کتاب البشری بالحسنی فی شرح مودۃ فی القربی ص ۱۳۳ ، تلہ کتاب البشری بالحسنی فی شرح مودۃ فی القربی ص ۱۲۱

تمھارے نبی سے کہ کے خلیفہ ہونگے بعد اُنکے عبد اللہ ابن مسعود نے جواب دیا کہ تو حدیث السن ہی اور تو عمر ہی
آج تک مجھ سے یہ سوال کسی نے نہین کیا تھا نعم عہد الینا نبینا یکون بعدہ اثنا عشر خلیفۃ بعدد
نقباء بنی اسرائیل ہان ہمارے ساتھ ہمارے نبی نے عہد کیا ہی کہ ہونگے اونکے دین بارہ خلیفہ بعدد نقباء
بنی اسرائیل پس اس روایت سے ثابت ہوا خلافت کا معہود اور منصوص ہونا من اللہ والرسول کہ سائل
نے ھل عہد الیکم کہا اور ابن مسعود نے نعم عہد الینا فرمایا اور دوسرا امر بعدد نقباء بنی اسرائیل کہنے
سے ثابت ہوا کہ عدد اُنکا بارہ ہی اور یہی بارہ خلفاے رسول ہین انحضین کی خلافت تا بقاے نبوت نبی
کہ تا بقاے دنیا ہی موجود رہیگی پھر اُسی کتاب مودۃ فی القربی مین جریر سے اور اُسنے اشعث سے اور اُسنے
ابن مسعود سے روایت کی ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے الخلفاء بعدی کعدد نقباء بنی اسرائیل یعنی خلفاء
بعد میرے بارہ مثل عدد نقباے بنی اسرائیل کے ہونگے اُسی کتاب المودۃ مین روایت ہی کہ سلیم ابن قیس
ہلالی نے سلمان فارسی سے روایت کی ہی کہ مین داخل ہوا خدمت پیغمبر خدا مین اُس وقت امام حسین گود مین آنحضرت
کی بیٹھے ہوے تھے اور حضرت دونون آنکھین اور لب امام حسین کے چوم رہے تھے اور فرماتے تھے انت سید
ابن السید انت امام ابن الامام وانت حجۃ بن حجۃ ابو حجج تسعۃ من صلبک تاسعہم قائمہم یعنی تو
ای حسین سید ابن سید اور امام ابن امام اور حجۃ ابن حجۃ اور ابو حجج ہی کہ تیری پشت سے نو امام پیدا ہونگے نوان
اُنکا قائم اُنکا ہوا ابراہیم حموینی نے فرائد سبطین مین باسانید خود سعید ابن جبیر سے اور عبد اللہ ابن عباس سے
روایت کی ہی قال قال رسول اللہ ان خلفائی واوصیائی وحجج اللہ علی الخلق بعدی اثنا عشر اولھم
اخی واخرھم ولدی قیل یا رسول اللہ ومن اخوک قال علی بن ابی طالب قیل فمن ولدک قال المھدی
الذی یملأ الارض قسطا وعدلا کما ملئت جورا وظلما والذی بعثنی بالحق بشیرا لو لم یبق من
الدنیا الا یوم واحد لطول اللہ ذلک حتی یخرج فیہ ولدی المھدی وینزل روح اللہ عیسی بن مریم
فیصلی خلفہ وتشرق الارض بنورہا ویبلغ سلطانہ المشرق والمغرب یعنی فرمایا پیغمبر خدا نے کہ خلفاء
اور اوصیا میرے اور حجتہاے خدا اوپر خلق کے بعد میرے بارہ ہین کہ اول اُنکا بھائی میرا اور آخر اُنکا بیٹا میرا ہی
عرض کیا گیا کہ کون بھائی آپکا فرمایا علی بن ابی طالب پھر عرض کیا گیا کون بیٹا فرمایا مہدی کہ جو بھر دیگا زمین کو
انصاف وعدل سے جیسا کہ بھر گئی ہوگی جور وظلم سے قسم ہی اُس خدا کی کہ جسنے مجکو نبی بشیر کرکے بھیجا ہی اگر
باقی نہ رہے دنیا سے مگر ایک دن تو ہر آئینہ طویل کریگا خدا اُس دن کو یہانتک کہ خروج کرے اُس روز فرزند
میرا مہدی اور نزول فرمائین عیسی بن مریم اور نماز پڑھین عقب اُسکے اور روشن ہووین نور پروردگار سے اور
پہونچے اُسکی سلطنت مشرق ومغرب مین امام حافظ ابو نعیم حلیۃ الاولیا مین اور ابی الحدید نہج البلاغہ مین اور
حموینی فرائد سبطین مین باسانید خود عکرمہ سے اور اُنھون نے ابن عباس سے روایت کی ہی قال قال رسول
اللہ من سرہ ان یحیی حیاتی ویموت مماتی ویسکن جنۃ عدن غرسہا ربی فلیوال

علیا من بعدی ولیوال ولیہ ولیقتد بالائمۃ من بعدی فانہم عترتی خلقوا من طینتی ورزقوا فہمی وعلمی وویل للمکذبین بفضلہم من امتی والقاطعین منہم صلتی لا انالہم اللہ شفاعتی یعنی پیغمبر خدا نے فرمایا کہ جو شخص چاہے کہ مسرور ہو اور دوسری روایت مین ہی کہ جو شخص کہ ارادہ کرے مثل میری زندگی کے اور موت اُسکی مثل میری موت کے ہو اور سکونت جنت عدن کی کرے کہ جسکو میرے پروردگار نے دست قدرت سے بنایا ہی پس ہر آئینہ چاہیے کہ دوستی کرے علی کی میرے بعد یعنی باعتقاد امامت کیونکہ ولایت عامہ قبل و بعد یکسان ہی اور چاہیے کہ دوست رکھے اُنکے ولی کو تحقیق کہ وہ ذریت میری ہین پیدا کئے گئے ہین میری طینت سے روزی کیگئی ہی اُنکو علم و فہم میرے سے اور مقام ویل ہی اُنکے مکذبین پر جو اُنکی بزرگی کی تکذیب کرین میری امت سے اور قاطعین پر اُنھین مین سے یعنی جو میری قرابت کو قطع کرین اُن سے نہ پہونچائیگا اُن مکذبین اور قاطعین کو خدا شفاعت میری زمخشری نے ربیع الابرار مین اور حموینی نے فرائد سمطین مین باسناد خود اور نیز مناقب مین موفق ابن احمد مکی نے روایت کی ہی قال قال رسول اللہ صلعم فاطمۃ مہجۃ[1] قلبی وبعلہا قرۃ عینی ونور بصری وابناہا ثمرۃ فوادی والائمۃ من ولدہا امناء ربی وحبلہ الممدود بینہ وبین خلقہ من اعتصم بہ نجی ومن تخلف عنہ ھوی وفی اخر من اعتصم بہم فالی الجنۃ سلک ومن تخلف عنہم ففی النار ھلک پیغمبر خدا نے فرمایا کہ فاطمہ سرور قلب ہی میری اور شوہر اُسکا نور چشم اور خنکی چشم ہی میرا اور فرزند اُسکے میوہ دل ہین میرے اور ائمہ اُسکی اولاد سے امین ہین میرے رب کے اور حبل ممدود ہین درمیان خالق اور خلق کے پس جس شخص نے محکم اور مضبوط پکڑا اُنکو وہ جنت کو گیا اور جسنے تخلف کیا اُن سے وہ نار مین ہلاک ہوا حموینی[2] نے باسانید خود روایت کی ہی جسکا آخر یہ ہی ثم قال الحسن والحسین اماما امتی بعد ابیہما وسیدا شباب اہل الجنۃ وامہما سیدۃ نساء العالمین وابوہما سید الوصیین ومن ولد الحسین تسعۃ ائمۃ تاسعہم القائم من ولدی طاعتہم طاعتی ومعصیتہم معصیتی الی اللہ اشکو المنکرین لفضلہم والمضیعین لحرمتہم بعدی وکفی باللہ ولیا وناصرا لعترتی وائمۃ امتی ومنتقما من الجاحدین حقہم وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون بعد اُسکے فرمایا پیغمبر نے کہ حسن و حسین[3] دونون میری امت کے امام ہین اپنے باپ کے بعد اور سردار ہین جوانان اہل جنت کے اور مان اُن دونون کی سیدۂ نساء عالمین ہی اور باپ ان دونون کا سید اوصیاء اولین و آخرین ہی اور اولاد حسین سے نو امام ہین نوان اُنکا قائم اُنکا ہی اُنکی اطاعت میری اطاعت ہی اور معصیت اُنکی میری معصیت ہی جو اُنکے فضائل کے منکر ہین اُنکی شکایت کرتا ہون خدا سے اور اُنکی حرمت ضائع کرنے والون کی شکایت کرتا ہون اور خدا کافی و بس ہی از روے ولایت اور نصرت کے میری عترت اور ذریت کا اور میری امت کے امامون کا اور خدا کافی ہی انتقام لینے کو اُنکے منکران حق امامت سے اور بہت جلد اُن لوگون کو معلوم ہوگا کہ جنھون نے ظلم کیا ہی (یعنی حق امامت مین) کہ وہ کس مقام پر منقلب ہونے والے ہین پس ان مرویات سید علی

[1] کتاب البشری شرح مودۃ فی القربی ج ۲ سنا صفحہ ۱۱۱ [2] المہجۃ بالضم الدم اودم القلب والروح ۱۲ قاموس صفحہ ۱۱۱ [3] کتاب البشری شرح مودۃ فی القربی صفحہ ۱۱۱ ج ۲

ہمدانی اور اخطب خوارزم اور ابراہیم حموینی اور ابونعیم اور زمخشری سے بوضاحت ثابت ہی کہ کلمہ من قریش سے مراد کلمہ من بنی ہاشم ہی اور امامت وخلافت کا معہود اور منصوص من اللہ والرسول ہونا سائل کے سوال سے کہ ھل عھد الیکم نبیکم اور ابن مسعود کے جواب سے نعم عھد الینا سے ثابت اور اُسپر تخصیص کہ بارہ خلیفہ بعدد نقباے بنی اسرائیل ہونگے اول اُنکا بھائی میرا علیؑ اور آخر اُنکا بیٹا میرا مہدی ہی اب کون اخفا رہا پھر فرمایا کہ جو چاہے کہ مثل میری زندگی کے زندگی کرے اور مثل میری موت کے اُسکی موت ہو اور سکونت اُسکی جنت عدن ہو تو وہ اعتقاد کرے علیؑ کی امامت کا اور میری ذریت کی پیروی کرے کہ اُنکی طینت میری طینت سے ہی اور میرے علم وفہم سے اُنکو روزی ملی ہی اور جو میری ذریت کی تکذیب کرین اور میری قرابت کو اُن سے قطع کرین میری شفاعت سے محروم رہینگے پس کسی طرح تردد نہ رہا اس بات مین کہ معتقد امامت علیؑ اور پیرو ذریت نبوی کی موت مثل موت معصوم کے ہوئی اور قاطعین قرابت اور مکذبین ذریت آنحضرت بقول آنحضرت شفاعت آنحضرت سے محروم ہوے اب مبصرین ملاحظہ فرمائین کہ یہ حدیثین اور حدیث من مات الخ متحد المعنی ہین یا نہین اسلیے کہ حدیث مذکور من مات یعنی جو شخص اپنے امام زمان کو نہ پہچانتے اُسکی موت مثل موت کافر کے ہی اور اس حدیث کا یہ مطلب ہی کہ جو اعتقاد علیؑ کی امامت کا کرے اور ذریت وعترت آنحضرت کی پیروی کرے اُسکی موت مثل موت پیغمبرؐ کے ہی اور یہ بھی واضح ہوگیا کہ جو پردہ اتباع مین داخل ذریت کیے جائین ذوی القربیٰ کے مصداق بنائے جائین وہی مکذبین اور قاطعین ہین اور یہ ہی فرمایا حضرت نے کہ فاطمہؑ سرور قلب ہی اور علیؑ نور چشم اور سید اوصیاے اولین وآخرین ہی دونون فرزند اُسکے حسنؑ وحسینؑ میری امت کے امام ہین اور سرداران جوانان اہل جنت ہین اور اولاد حسینؑ سے نو امام ہین نوان اُنکا قائم اُنکا ہی اُنکی اطاعت میری اطاعت ہی اُنکی معصیت میری معصیت ہی اُنکے منکرین فضائل اور اُنکی حرمت ضایع کرنے والون کی شکایت پیش خدا کرتا ہون پس ان نصوص صریحہ سے انکار گویا بدیہیات سے انکار کرنا ہی اگر ان احادیث وآیات مذکورۂ سابق پر حکم لگا دیجیے کہ گفتہ را ناگفتہ اور شنیدہ را ناشنیدہ انکار ہند تو اختیار ہی اور جان بوجھ کر افلا یبصرون اور افلا یعقلون کے مصداق بنیے تو لاچاری یا ان احادیث کو حالت یغلب علیہ الوجع مین داخل فرمائیے تو دعاے آنحضرت اُنکی ذریت کے واسطے کافی ہی کہ فرمایا آنحضرت نے کہ خدا کافی ہی ازروے ولایت اور نصرت میری ذریت کا اور اُنکے منکرین اور مکذبین سے انتقام لینے کو بس ہی اور بہت جلد اُنپر واضح ہوجائیگا کہ وہ کس مقام پر منقلب ہونے والے ہین اور مضامین احادیث سے یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ جناب رسالتمآبؐ واقف تھے کہ بعد میرے میری ذریت کی تکذیب کی جائیگی حرمت اُنکی ضائع ہوگی قرابت اُنکی قطع کرینگے پردۂ اتباع مین قرابت اپنی ظاہر کرینگے حق اُنکا غصب کیا جائیگا اطاعت اُنکی ناپسند ہوگی آل رسول اور ذریت اور ذوی القربیٰ اور عترت اور اولی الامر مولی کے معنی بنائے جائینگے اُنکی مخالفت پر اجماع ہوگا کوئی پرسان حال میری ذریت اور عترت کا نہ ہوگا

یہ سبب تھا کہ فرمایا خدا کافی ہے از روے ولایت اور نصرت کے میری عترت کا اور وہی بس ہے انتقام لینے کو پھر بھی ارشاد فرمایا کہ خلافت اور امامت منحصر ہے علی اور حسنین اور نو فرزندان حسین میں اور اسی کو استخلاف کہتے ہیں ثابت ہو گیا کہ نصب امام یا علام امام اور علام پیغمبر اتمام صلی اللہ علیہ و آلہ الکرام پر واجب تھا اور آنحضرت نے ابتداے نزول وحی و آیۂ انذر عشیرتک الاقربین سے لیکر تا حدیث قرطاس بہ نصوص خفیہ و جلیہ بمواقع و مقامات مختلفہ و متعددہ میں ظاہر فرمایا جو احادیث صحاح ستہ و غیر صحاح ستہ سے کہ جو مبین اور مصرح اور مخصص صحاح ستہ میں ہویدا و آشکار ہے اور ان حدیثوں سے تو خلافت کاملہ اور خلافت ناقصہ بھی مراد نہیں لے سکتے کہ یہ وہ خلفا ہیں جنکی خلافت میں باحادیث صحیحہ دین محمدی ہمیشہ قائم رہیگا اور یہ دین اسلام ہمیشہ عزیز رہیگا اور روایت ان اثنا عشر خلیفہ کی مخصص ہے لا یزال ہذا الدین قائما اور لا یزال ہذا الدین عزیزا کے ساتھ پس کسی طرح ممکن نہیں کہ کوئی خلیفہ ان بارہ سے اس صفت مذکورہ میں کامل اور ناقص متصور ہو بلکہ اثنا عشر کو ایک ہی صفت سے متصف فرمایا ہے اب اگر کوئی ناقص اور کامل کا خطاب دے تو اسکی عقل کا کمال نقص ہے اور نیز یہ احادیث متعارض حدیث الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ اور لن یجتمع امتی علی الضلالۃ سے ہیں پس اب فرمائیے کہ المذہب انہ یجب علی الخلق سمعا لقولہ من مات الخ اور ولات الامامۃ قد جعلوا اہم المہمات بعد النبی نصب الامام حتی قدموہ علی الدفن یہ دونوں دلیلیں نقلی و عقلی وجوہات مذکورۂ بالا سے مخالف عقل و نقل و لیس بشئ ہو گئیں اور امام کا منصوب اور منصوص من اللہ و الرسول بالاجمال و بالتفصیل ثابت اور حکم وجوب نصب امام علی الخلق ہباءً منثورا ہو گیا اب فقط باقی رہا الاجماع علی نصب الامام واجب اور اختلاف تھا تو یہی تھا کہ انہ واجب علی اللہ او علی الخلق پس جب وجوب نصب علی الخلق باطل ہو گیا تو انہ واجب علی اللہ ثابت اور صحیح ہوا کہ جناب ختمی مآب نے ظاہر فرمایا اب اس مقام پر دو امر کا بار ثبوت ہم پر ضروری ہے ایک تو یہ کہ احادیث منقولہ سید علی ہمدانی و غیرہم لائق اعتماد ہیں یا نہیں اور دوسرے یہ کہ حق تعالی پر کوئی امر واجب ہے یا نہیں امر اول سید علی ہمدانی شافعی اعاظم اولیاے عارفین اور افاخم مشائخ مکرمین سے تھے چنانچہ عبقات الانوار میں مدائح و مناقب و فضائل انکے کتب مبسوطہ اور علماء مقبولین سنت و جماعت سے بتصریح مذکور ہیں تذرے قلیل یہاں بھی حیز تحریر میں آتی ہیں نور الدین جعفر بدخشانی کی کتاب خلاصۃ المناقب میں بعض مسائل سید علی ہمدانی اس طرح مذکور ہیں لکھتے ہیں قرۃ عین محمد رسول اللہ ثمرۃ فؤاد المرتضی والبتول المطلع علی حقائق الاحادیث والتفاسیر المعن فی السرائر بالبصیرۃ والتبصیر المرشد للطالبین فی الطریق السبحانی الموصل للمتوجہین الی جمال الرحمانی العارف المعروف بالسید علی الہمدانی نفحات الانس میں عبد الرحمن جامی نے اس طرح لکھا ہے میر سید علی بن شہاب الدین ابن محمد الہمدانی قدس سرہ جامع بودہ است میان علوم ظاہری و باطنی و ویرا در علوم مصنفات مشہور است چون کتاب اسرار النقطہ و شرح اسماء الحسنی و شرح فصوص الحکم و شرح قصیدۂ خمریہ فارضیہ و غیر آن وی مرید شیخ شرف الدین محمود ابن عبد اللہ

سنہ ۵۲ [illegible] اسلام لکھنؤ صفحہ ۱۰۹ سنہ ۵۳ عبقات الانوار ج ۱ صفحہ ۳۷۷ سنہ ۵۵ عبقات الانوار ج ۶ صفحہ ۳۷۷

المزدقانی بوده واما کسب طریقت پیش صاحب الہ بین الاقطاب تقی الدین علی دوستی کرده چون تقی الدین علی از دنیا برفت باز رجوع بشیخ شرف الدین کرده وگفت فرمان حبیبست وی توبہ کرده وگفت فرمان آنست که در اقصای عالم بگردی سه مرتبه ربع مسکون را سیر کرد و صحبت هزار وچهارصد ولی را دریافت وچهارصد ولی را دریک مجلس دریافت محمود بن سلیمان کفوی نے کتاب اعلام الاخیار من فقہاء مذہب النعمان المختار میں لکھا ہے لسان العصر سید الوقت المنسلخ عن الہیاکل الناسوتیہ والمتوکل الی الہیئات اللاہوتیہ الشیخ العارف الربانی والعالم الصمدانی میر سید علی ابن شہاب الدین بن محمد ابن محمد الہمدانی قدس اللہ تعالی سرہ کان جامعا بین العلوم الظاہرۃ والباطنۃ بعد کسب طریقت کو او تین مرتبہ سیر ربع مسکون کی اور ملاقات ایک ہزار چارسو ولیون کی اس طرح ذکر کی ہین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور مجد الدین علی ابن ظہر الدین محمد بدخشانی نے جامع السلاسل مین اس طرح لکھا ہی علی ثانی لقب اوست ومشائخ زمان توصیف او چنین نوشتہ اند سلطان الاولیا برہان الاصفیا قدوۃ العارفین زبدۃ المحققین مستجمع الاسماء والصفات جامع جمیع التجلیات مجلی الشریعۃ والطریقۃ والحقیقۃ ختم المتقدمین زبدۃ المتاخرین وارث الانبیاء والمرسلین مرشد الاولیاء الی طریق الحق والیقین مرکز دائرۃ الوجود الہادی الی المقصود قطب الاقطاب الکامل المکمل الصمدانی علی ثانی امیر کبیر سید علی ہمدانی سمط مجید احمد قشاشی مین ہی کہ قد ساح الہمدانی فی الربع المسکون ثلث مرات بامر شیخہ المزدقانی وقد وضحت ہذا فی سیاحتہ وصحب الفا واربعمائۃ ولی شاہ ولی صاحب نے رسالۃ انتباہ فی سلاسل اولیا مین رقم فرمایا ہی کہ آنحضرت یعنی سید علی ہمدانی مدت عمر خود معمورۂ عالم را سہ نوبت سیر کرده اند وہزار وچہارصد ولی کامل را دریافتہ وچہارصد را از ایشان دریک مجلس سلطان خدابندہ دیدہ اند واز ہر ولی در وقت وداع دعا واقعۂ التماس نموده اند وآن رقعہا را بر جامہ خود مرقع کرده اند وآن ادعیہ واذکار را کہ بی اختیار بر زبان ایشان جاری می شد جمع ساختہ اند این اوراد شدہ است منقول است از ہمان حضرت کہ چون دوازدہم بار بزیارت کعبہ رفتم بمسجد اقصی رسیدم حضرت رسول را در واقعہ دیدم کہ بجانب این درویش می آیند برخاستم پیش رفتم وسلام کردم از آستین مبارک خود خبرہ بیرون آوردہ این درویش را فرمودند خذ ہذہ الفتحیۃ بگیر این فتحیہ را چون از دست مبارک حضرت گرفتم ونظر کردم ہمین اوراد بود تا بدین اشارہ اوراد فتحیہ نام کرده شد واللہ الہادی الی الصراط المستقیم شیخ عبد العزیز محشی شرح مقاصد شارح مقاصد کا قول شرح فتوح الغیب سے نقل فرماتے ہین انہ قال انا نری النبی ونسالہ عن الاحادیث یقول صلعم ہو صحیح وقد یکون غیر صحیح باصطلاح العلوم فی نقل الحدیث یعنی صاحب فتوحات فرماتے ہین کہ ہم دیکھتے ہین آنحضرت کو اور ان سے پوچھتے ہین احادیث کو اور وہ حضرت فرماتے ہین کہ اس ہین صحیح ہی اور مطابق اصطلاح علوم کے وہ صحیح نہین ہوتے اور نیز اکثر علما نے تصریح فرمائی ہی کہ قول اہل علم دلیل صحت حدیث ہی اگرچہ اسناد اوہ حدیث قابل اعتماد نہ ہو پس جب بتصریح علماء ثابت ہی کہ قول اہل علم دلیل صحت

حدیث ہے تو سلطان الاولیا برہان الاصفیا قدوۃ العارفین زبدۃ المحققین محی الشریعۃ والحقیقۃ والطریقۃ ختم المتقدمین
وارث الانبیاء والمرسلین مرشد الاولیا الی طریق الحق والیقین مرکز دائرۃ الوجود والہادی الی المقصود قطب
الاقطاب الکامل المکمل الصمدانی علی ثانی سید علی ہمدانی کہ ایکہزار چارسو ولیوں سے شرفیاب ہوے ہوں اور مجلس
مین چارسو اولیا کی بیٹھے ہوں حضرت زیارت محمد مصطفےٰ سے بلاواسطہ مشرف ہوے ہوں پیغمبر برحق نے بالمشافہہ
اُن سے کلام کیا ہو اور بخذ هذه الفضيلة سے ممتاز فرمایا ہو اُنکے احادیث منقولہ کیونکر صحیح نہ ہونگے اور
حدثین بھی وہ حدثین جنکی عظمت وجلالت اُنکے خطبہ سے ظاہر ہے کہ اُن حدیثوں کو جواہر اخبار اور لآلی آثار جان کر
حق تعالی سے امید کی کہ اُنکو وسیلہ اپنا ساتھ اہل بیت علیہم السلام کے اور باعث نجات اپنا بہ سبب اُن حضرات
کے گردانا ہو اور نیز دعا کی ہو کہ حق تعالی مجھے نگاہ رکھے خبط وخلل سے قول وعمل مین اور نہ محول ہو قلم میرا طرف نالم
ینقل کے الحمد لله على ما انعم اولى النعم والهمني مودة حبيبه جامع الفضائل والكرم الذي بعثه
الله رسولا الى كافة الامم محمد الامي العربي صلى الله عليه وسلم وبعد فقد قال الله تعالى قل
لا اسئلكم عليه اجرا الا المودة في القربى وقال رسول الله احبوا الله لما رفدكم من نعمه واحبوني
بحب الله واحبوا اهل بيتي لحبي فلما كان مودة ال النبي مسئولا عنها حيث امر الله تعالى حبيبه
العربي بان لايسئل عن قومه سوى المودة في القربى وان ذلك سبب النجاة للمحبين وموجب وصولهم
اليه والى اله عليهم السلام كما قال قال عليه السلام من احب قوما حشر في زمرتهم وايضا
قال المرء مع من احب فوجب على من طلب طريق الوصول ومنهج القبول محبة الرسول ومودة
اهل بيت البتول وهذه لاتحصل الا بمعرفة فضائله وفضائل اله عليهم السلام وهي موقوفة على
معرفة ما ورد فيهم من اخباره عليه السلام ولقد جمعت الاخبار في فضائل العلماء والفقراء
اربعينات كثيرة ولم تجمع في فضائل اهل البيت الا قليلا فلذا وانا الفقير الجاني علي العلوي الهمداني
اردت ان اجمع في جواهر اخباره ولالي اثاره مما ورد فيهم مختصرا موسوما بكتاب المودة في القربى
تبركا بالكلام القديم كما في مامول ان يجعل الله ذلك وسيلتي اليهم ونجاتي بهم وبوبته على اربعة
عشر مودة والله يعصمني من الخبط والخلل في القول والعمل ولم يحول قلمي الى ما لم ينقل بحق محمد
ومن اتبعه من اصحاب الدول ترجمہ جمیع حمد ثابت ہیں اُس خدا کو جسنے بہترین نعمتوں سے اپنی نعمت دی
ہم کو اور اپنے حبیب کی مودۃ کی طرف الہام کیا ہم کو وہ حبیب جو جامع فضائل وکرم ہے اور وہ ایسا ہے کہ اللہ
نے اُسکو رسول کرکے سب امتوں کی طرف بھیجا جسکا نام محمد امی عربی ہے درود اللہ کا اُسپر اور سلام بعد
حمد وصلوۃ کے پس بہ تحقیق کہ فرمایا حق تعالی نے کہ کہہ تو اے محمد مین تم سے ابلاغ رسالت کی اجرت کا سوال
نہین کرتا مگر سوال کرتا ہوں مین کہ میرے اقربا سے دوستی کرنا اور فرمایا رسول خدا نے کہ دوست رکھو خدا کو
کہ اُسنے تم کو اپنی نعمتین بخشی ہین اور دوست رکھو مجکو بسبب محبت خدا کے اور دوست رکھو میرے اہل بیت کو

بہ سبب میری محبت کے پس ہرگاہ کہ محبت آل رسول مسئول عنہا ہی کہ حکم کیا خدا نے اپنے حبیب کو کہ سوال نہ
کرے امت سے کسی چیز کا بجز محبت اقربا کے کہ وہ نجات محبین کا سبب ہی اور موجب وصول محبین ہے
بسوے آنحضرت وآل آنحضرت اسلیے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جو شخص جس قوم سے دوستی رکھیگا وہ شخص
زمرہ مین اُسی قوم کے محشور ہوگا اور نیز فرمایا کہ ہر شخص اپنے محبوب کے ساتھ ہی پس واجب ہوا اُس شخص پر
کہ طلب کرے طریق وصول و منہج قبول کو یہ کہ اختیار کرے محبت رسول اور مودۃ اہل بیت بتول کی اور یہ حاصل
نہین ہوتا مگر بمعرفت فضائل رسول اور فضائل آل رسول کے اوپر اُن سب کے سلام اور یہ معرفت موقوف
ہی اُن اخبار کی معرفت پر جو وارد ہوے ہین اُنکی شان مین اور بہ تحقیق جمع کیے گئے ہین اخبار اور احادیث
فضائل علما اور فقرا مین اربعینات کثیرہ یعنی چالیس چالیس حدیثین بکثرت اور نہین جمع کی گئین فضائل
اہل بیت مین مگر قدر سے قلیل پس اسی واسطے مین فقیر گنہگار علی ہمدانی نے ارادہ کیا کہ جمع کرون جو اہر
زواہر احادیث نبوی اور لآلی درخشندہ آثار مصطفوی کو کہ جو وارد ہوئی ہین اُن اہل بیت کی شان مین ایک
مختصر کو اور مسمی کرون مین اُسکو بکتاب المودۃ فی القربی درانحالیکہ برکت چاہتا ہون مین ساتھ کلام قدیم کے
چنانچہ آرزو میری اور امید ہی کہ گردانے اللہ اس کتاب کو وسیلہ طرف اُنھین اہل بیت کے اور نجات دے مجھکو
بہ سبب اُنھین کے اور مرتب اور منطوی کیا مین نے اُسکو اوپر چودہ مودتون کے اور اللہ حفاظت کرے میری
خبط وخلل سے میرے قول وعمل مین اور نہ پھراے میرے قلم کو حق تعالی اُس چیز کی طرف کہ منقول نہ ہو بحق محمد اور
بحق اُس شخص کے کہ پیرو ہی اُن حضرت کا اُنکے اصحاب دول سے یعنی جو اصحاب کہ دولت ایمان سے پر ہین انتہی ترجمہ
اس خطبہ سے ثابت ہوگیا کہ محبت اہل بیت مسئول عنہا ہی اور سبب نجات ہو امت کا اور باوجود اسکے علماء وفقراء
کے فضائل بکثرت جمع کیے گئے اور نہین جمع کیے گئے فضائل اہل بیت مگر بہت کم اس سبب سے حضرت علی ہمدانی
نے یہ فضائل جمع کیے اور انکو جواہر اخبار اور لآلی آثار فرمایا اور وسیلۂ نجات قرار دیا اور دعا کی کہ قول وعمل
مین خبط وخلل واقع نہ ہو اور ما لم ینقل پر قلم محول نہ ہو پس ان احادیث مذکورہ منقولہ علی ثانی سید علی ہمدانی مین
اور اُنکی صحت مین کسی طرح کا تردد نہ رہا بلکہ صحاح ستہ مین اگر یہ حدیثین نہ بھی ہون تو بھی اُنکی صحت یقینی ہی
کہ سید علی ہمدانی بالاتفاق اولیاء عارفین مین سے ہین مین یہانتک لکھ چکا تھا کہ اوراد فتحیہ مطبوعہ نولکشور
میرے ایک دوست نے عنایت کی حق تعالی اُنکو جزاے خیر دے اسنا دمین اس اوراد کی مدح مین سید علی
ہمدانی کی چند نقلین مرقوم ہین جو اُنکے علو مرتبت اور سمو منزلت پر دلالت کرتی ہین لہذا سپرد قلم کرتا ہون لکھتے
ہین کہ سید علی ہمدانی سر حلقہ مشایخ ہمدانیہ است وسر دفتر اصحاب حضرت شیخ محمود مزدقانی علیہ الرحمہ وازسی وچہار
مشائخ کامل ارشاد واجازات داشت ازانجملہ یکی سعید حبشی بود رضی اللہ عنہ کہ از اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم بودہ است وعلی ہمدانی از صحبت او بشرف تابعین مشرف شد و فروغ دل یافت وخرقہ خلافت گرفت
ودر علم از فحول علما بود وطی الارض داشت چنانچہ سہ مرتبہ ربع مسکون را طی کرد نقل ست کہ علماء نصاری را در ولایت

بروم با علماء اہل سلام بروایت حدیث مذاکره انتاد که علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل یعنی پیغامبر شما گفته است
که علماے امت من مثل انبیاء بنی اسرائیل اند وعیسی احیاء اموات میکرد اگر درین قول پیغمبر شما راست مرده را
زنده کنید علماء اسلام عاجز گشته مهلت چهل روز خواستند چون مدت رسید وحسب الہام ربانی علی همدانی بطی الارض
دران مجمع حاضر شد وگفت پیغمبر ما راست گفته است پس فرمود تا مرده را حاضر آوردند روبروی علما ونصاری کرد
وفرمود که پیغمبر شما که احیاء اموات میکردند چه میگفتند جواب گفتند پیغمبر ما قم باذن الله گفتی فرمود اگر من بفرمان
الله تعالی قم باذنی بگویم واین مرده زنده شود شما به پیغمبر ما ایمان آرید گفتند آری پس فرمود من یکی از فروترین
امت وی ام چون من هزاران هزار درین زمان یافته میشوند پس گفت قم باذنی و دست آن مرده بگرفت وبرداشت
پس همه ایمان آوردند پس مثل اسکے بکثرت کشف وکرامات کتب متعدده مین منقول ہین چنانچه نقل ہی کہ کشمیر مین
ایک شخص فقیر صورت صاحب استدراج سے مناظره ہوا ایک گاے کے پیٹ مین گوساله کا رنگ اور اسکا
نر ہونا بتایا اسکے رنگ مین اختلاف ہوا اُس فقیر نے کہا پیشانی گوساله کی سفید ہی سید علی ہمدانی نے فرمایا
کہ سر دُم اُس گوساله کی سفید اور وه دم اُس کی پیشانی پر رکھی ہوئی ہی غرض اسکا پیٹ چاک کرکے دیکھا تو
فی الحقیقت دُم اسکی پیچ کھائی ہوئی اُسکی پیشانی پر رکھی ہوئی تھی غرض اہل کشمیر مین اسلام کی ترقی اسی سبب سے
ہوئی اور وه کافر صاحب استدراج شرمنده اور غمناک ہوا اور منفعل ہوکر وه بھی اسلام لایا غرض احادیث منقوله
سید علی ہمدانی خصوصًا وه احادیث جو کتاب المودة فی القربی مین جمع فرمائے احادیث صحیحین سے صحت مین بدرجہا
فائق ہین کہ بہ تصریح علماء قول اہل علم دلیل صحت حدیث ہی پس سید علی ہمدانی کہ تابعین اور صاحب خوارق ہین کہ طی
الارض اور احیاء اموات جن سے واقع ہوا اور پیغمبر کے بلا واسطه ملاقات سے مشرف ہوے اُنکی بیان فرمائی ہوئی
حدیثین کیونکر صحاح سته سے اصح نہ ہونگی فتبصر ولا تغفل آب رہا امر ثانی کہ حق تعالی پر کوئی امر واجب ہی یا نہین
پس ماورا دیگر دلائل عقلی اور نقلی کے یہ حدیث متفق علیه یعنی من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیة
دلیل کافی ہی بجنسه وجه اول عقائد نسفی پر بہ نشان ۵ ملا جلال سے حاشیه لکھا ہی اعلم ان مسئلة
الامامة لیست من الاصول التی یجب علی کل مکلف معرفتها عند اهل السنة والجماعة یعنی مسئلہ امامت
اصول سے نہین ہی کہ جسکی معرفت ہر مکلف پر واجب ہو پس فرق بین الاصول والفروع کیا ہی وه بھی عرض
کردیا جائے پس علم ومعرفت سے اگر مقصود بالذات نفس تصدیق واذعان ہی چنانچه خدا کا اور اسکے رسول کا
اور اسپر ایمان لانا اگرچه بالواسطه یا بوسائط متعدده تفرع عمل کا بھی اسکے ضمن مین ہو اسکا نام حکمت نظریه اور
اصول دینیه ہی اور اگر علم ومعرفت سے نفس تصدیق مقصود بالذات نہ ہو بلکہ اُن سے مقصود بالذات نفس
عمل ہو تو اسکو حکمت عملیه اور فروع دینیه کہتے ہین حاصل یہ ہی کہ مقصر اول دائرۂ اسلام اور ایمان سے باہر
ہوا اور مقصر ثانی اگر معذور نہ ہو تو آثم ہی مگر خارج از دائرۂ اسلام وایمان نہین ہوسکتا اب دیکھنا چاہیئے کہ
حدیث من مات کس امر پر دلالت کرتی ہی آثم پر یا خروج اسلام پر چونکہ دلالت حدیث کی یہ ہی کہ جو نہ پہچانتا ہو

امام زمان کو اُسکی موت کا فر کی موت ہے پس عدم معرفت محکوم بموت جاہلیت ہوئی اسی سے ثابت ہو گیا کہ معرفت
سے مراد نفس اذعان ہی ہے معرفت سے مراد نصب امام لینا اور نصب کو خلق پر منحصر کرنا اور اسکو تکلیف عملی
قیاس کرکے مسائل فرعی میں سے کرنا اور پھر اسکی عدم معرفت کو محکوم بموت جاہلیت قرار دینا بناء فاسد
علی الفاسد ہی سبحان اللہ عند اہل السنۃ والجماعۃ قواعد اصول سے نہیں ہی کہ جو شی واجب ہو معرفت اسکی
واجب ہو اور معرفت امام واجب ہو اور وجوب معرفت امام دلیل وجوب نصب امام علی الخلق او رعدم معرفت
محکوم بموت جاہلیت حالانکہ تارک فروع ضروریہ فرعیہ سے آثم ہی نہ خارج از ایمان جیسا کہ بحث ایمان میں مذکور
ہوا تو مقصر معرفت فروع ضروریہ بدرجۂ اولی کافر نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ مقصر معرفت امام کی موت موت کافر قرار
دی جائے پس بالضرور مسئلۂ امامت اصول قطعیہ سے قرار پائیگا ورنہ حدیث متفق علیہ من مات الخ کا معاد
آنا محال ہو جائیگا چنانچہ حدیقۂ سلطانیہ میں مذکور ہی کہ جمعی دیگر چون قاضی بیضاوی در کتاب منہاج و شراح
کلام او بر آنند کہ این مسئلہ از اعظم مسائل اصول دین است مخالف آنرا کافر و مبتدع شمردہ اند و یکی از علماء حنفیہ
در کتابی کہ بہ فصول مشہور است گفتہ کہ ہر کہ بامامت ابی بکر قائل نیست کافر است بلکہ جمعی از ایشان متصدی
بقتل کسی میشوند کہ اعتقاد بامامت ابی بکر نداشتہ باشد یا بگوید کہ علی بعد از رسول بلا فاصلہ امام است مرتکب
قتلش میشوند پس اس تقریر سے بالبداہۃ ثابت ہو گیا کہ مسئلۂ امامت اصول دین سے ہی اسواسطے کہ کسی طرح
ایک فرع کا نہ جاننے والا کافر واجب القتل نہیں ہو سکتا محشی کا رقم فرمانا لیست مسئلۃ الامامۃ من الاصول
عند اہل السنۃ والجماعۃ بھی اتہام ہی کہ ایک جماعت اور قاضی بیضاوی اور صاحب فصول خارج از سنت
جماعت ہوے جاتے ہین کہ جو اعلی اور اکمل اور اعلم و افہم اہل سنت جماعت ہین اور فی الحقیقت یہ وہ بحث ہی
کہ اعاظم اعلام و افاضل تام اور اکابر اہل کلام اور عقلاء عالی مقام ہوش و حواس باختہ معرکۂ مناظرہ مین سپر
انداختہ ہوکر امام زمان سے مراد قرآن مجید اور سورۂ حمد کہ ہر نماز مین واجب ہی لینے لگتے ہین تدبر و تفہم وجہ
دوم امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین رقم فرماتے ہین آیۂ فقد جاءکم بشیر و نذیر المعنی ان حصول الفترۃ
یوجب احتیاج الخلق الی بعثۃ الرسول واللہ تعالی قادر علی کل شیٔ فکان قادرا علی بعثتہ ولما کان
الخلق محتاجین الی البعثۃ والرحیم الکریم قادرا علی بعثۃ الرسل وجب فی کرمہ و رحمتہ ان یبعث
الرسل الیہم یعنی حصول فترت سبب ہی خلق کی محتاجی کا طرف بعثت رسل کے اور حق تعالی قادر ہی ہر شی پر پس
وہ قادر ہی بعثت پر اور ہر گاہ کہ خلق محتاج ہوئی طرف بعثت کے اور رحیم و کریم قادر ہی بعثت پر تو واجب ہوا
کرم و رحمت مین اُسکی کہ مبعوث کرے رسل کو انکی طرف پھر دوسرے مقام پر فرماتے ہین آیۂ کتب ربکم علی نفسہ
الرحمۃ المسئلۃ الاولی کتب کذا علی فلان یفید الالزام وکلمۃ علی یفید الایجاب ومجموعہما مبالغۃ
فی الایجاب فہذا یقتضی کونہ سبحانہ راحما بالعبادہ رحیما بہم علی سبیل الوجوب انتہی یعنی کتب
کذا علی فلان فائدہ دیتا ہی لزوم کا اور کلمۂ علی مفید ایجاب ہی اور مجموع ان دونون کا مبالغہ ہی ایجاب مین

پس یہ مقتضی ہی ہونے کو اُس سبحان کے راحم اپنے بندون پر اور رحیم ہونے کو اُنھین بندون پر علی سبیل الوجوب انتہی اس کلام سے امام فخر الدین رازی کے ثابت ہوگیا کہ فضل وکرم حق تعالی پر کسی امر کا واجب ہونا مذموم اور مقدوح نہین ہی اور اسی کا نام واجب علی اللہ ہی پس جس طرح سے فترت نے محتاج کیا تھا خلق کو طرف بعثت رسل کے اسی طرح سے وفات پیغمبرؐ نے محتاج کیا خلق کو طرف امام کے ایسے امام کہ راسخین فی العلم ہون صادقین ہون رموز وغوامض قرآن وشریعت کو بتلا سکین حافظ شریعت رسول آخر الزمان رہین معصوم ہون گناہان کبیرہ وصغیرہ سے عالم ہون علوم دینی اور دنیوی کے جمیع صفات کمال سے متصف ہون جمیع عیوب سے مبرا ہون اور تا قیامت حافظ شریعت پیغمبر آخر الزمان رہین اور حق تعالی قادر ہی ہر شی پر اور جب خلق کی احتیاج طرف امام کے ضروری ہوئی کہ موت جاہلیت سے بغیر امام کے چھٹکارا نہین ہی اور رحیم وکریم قادر ہی اوپر نصب امام ممدوح کے پس واجب ہوا کرم ورحمت حق تعالی مین نصب امام معصوم اور اسی کا نام انہ واجب علی اللہ لا علی الخلق ہی اور یہ بھی ظاہر اور بالاتفاق ہی کہ عصمت پر بجز خدا اور رسول خدا کے کوئی واقف نہین اسواسطے کہ العصمۃ ملکۃ نفسانیۃ قدسیۃ لا یمکن الاطلاع علیہا الا من قبل اعلام العلیم الحکیم بہا یعنی عصمت ملکۂ نفسانیۂ قدسیہ ہی جسپر اطلاع ممکن نہین مگر از طرف اعلام علیم حکیم پس با علام علیم حکیم رسول کریم نے مکرر بتایا اور کس کس طرح سمجھایا پھر آخر کو اکتب لکم کتابا فرمایا اُسپر بھی مخالفت قول رسول کہ بعینہ مخالفت خدا ہی کی جائے اور منصب رحمت حق تعالی اور رحمۃ للعالمین نے لیا جائے اور انہ واجب علی الخلق بتایا جائے تو تری ہٹ دھرمی اور نفس پرستی ہی اور عصمت امام نص ملک العلام سے ثابت ہی حق تعالی فرماتا ہی انی جاعلک للناس اماما امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین فرماتے ہین کہ یہ آیت دلالت کرتی ہی عصمت پر خلیل الرحمن کی باین علت کہ امام وہ ہی کہ جسکی اقتدا کی جاتی ہی پس اگر اُس سے کوئی گناہ صادر ہو تو اقتدا اُسکی مخصوص اُس گناہ مین نہ کی جائیگی اور ہم پر واجب نہین ہی کہ ہم اُس گناہ مین اُسکی اقتدا کرین اسواسطے کہ اگر اطاعت اُسکی واجب ہو تو محال لازم آئیگا اسواسطے کہ معصیت ممتنع ہی اور بایں وجہ کہ فعل امام ہی عمل کرنا اُسپر واجب تو اجتماع امر ونہی کا واجب ہوا اور یہ محال ہی مناقب ابن مغازلی شافعی مین عبد اللہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ فرمایا پیغمبر برحق نے انا دعوۃ ابراہیم یعنی مین دعوت ابراہیم ہون پس مین نے کہا کہ کیونکر آپ دعوت ابراہیم مین فرمایا کہ جب وحی کی ابراہیمؑ کو خداے یگانہ نے کہ انی جاعلک للناس اماما قال ومن ذریتی قال لا ینال عہدی الظالمین یعنی جب ابراہیم نے جلالت مرتبت امامت کو دیکھا آرزو کی کہ میری ذریت کو بھی یہ مرتبہ ملیگا فرمایا جو تیری ذریت سے ظالم ہوگا وہ اس عہد کو نہ پائیگا پوچھا حضرت ابراہیمؑ نے ظالم کون لوگ ہین فرمایا جو اصنام پرستی کرین اُسوقت حضرت ابراہیمؑ نے دعا کی وہ دعا سے ابراہیمؑ منتہی ہوئی میری طرف کہ ہرگز ہم مین سے کسی نے پرستش اصنام نہین کی فاتخذنی نبیا واتخذ علیا ولیا امام فخر الدین اسی آیہ کی تفسیر مین مسئلہ خامسہ رقم فرماتے ہین جسکا خلاصہ یہ ہی کہ جمہور فقہا ومتکلمین سے عقد امامت فاسق پر جائز نہین

رکھی ہی اور اسی آیہ سے حجت لاتے ہین اُس عنوان پر کہ مراد عہد سے امامت ہی فوجب ان یکون المراد
بھذا العھد ھو الامامۃ فیصیر الایۃ کانہ قال تعالیٰ لا ینال الامامۃ الظالمین اذ کل عاص
فانہ ظالم انفسہ فکان الایۃ دالۃ علی ما قلنا یعنی پس واجب ہے کہ ہو مراد عہد سے امامت
پس معنی آیت یہ ہوئے کہ نہین پہنچے گی امامت ظالمین کو اسواسطے کہ کل عاصی ظالم لنفسہ ہین پس دلالت آیہ وہی
کرتی ہے جو ہمنے کہا ہے لکھتے ہین کہ اگر کہا جائے کہ ظاہر آیہ کا یہ ہی کہ ظاہراً اور باطناً ظلم منتفی ہو تو یہی عصمت ہی تو جواب دینگے
ہم کہ ہمنے ترک کیا اعتبار باطن کا اور باقی رہا ظاہر اس سوال وجواب مین ضعف و قوت آشکار ہو اگر کوئی کہے
کہ ہمنے دونون اعتبار ترک کیے تو کچھ باقی نرہا کہ عصیان ظلم ہی نہین ہی پس جو جواب امام فخرالدین اسکا فرمائینگے
وہی جواب ہمارا ہی تفسیر بیضاوی مین آیہ فلما انباھم مین رقم فرماتے ہین واعلم ان ھذہ الایات تدل علی
شرف الانسان ومزیۃ العلم وفضلہ علی العبادۃ وانہ شرط فی الخلافۃ بل العمدۃ فیھا
جان تو کہ یہ آیتین دلالت کرتی ہین اوپر شرف انسان کے اور مزیت علم کی اور اُسکے بہتری پر عبادت کے اور بہ تحقیق
وہ شرط ہی خلافت مین بلکہ عمدہ ہی خلافت مین اور امام فخرالدین رازی لکھتے ہین آیہ وکونوا مع الصادقین
مین کہ یہ آیہ دلالت کرتی ہی دوام وجود صادقین پر اور صیغہ امر شامل ہی جمیع اوقات پر اور بعین وقت بھی نہین ہی
پس لازم ہوا کہ جائز الخطا اقتدا کرے اُسکی کہ صدور خطا سے ممتنع ہوا اور اس آیت کی تفسیر مین بعض مفسرین نے
صادقین سے مراد اجماع لی ہی جواب اُسکا یہ ہی کہ معنی آیہ سے ثابت ہوتا ہی کہ غیر صادقین مامور ہین باطاعت صادقین
اور حدیث مین لن یجتمع اُمتی ہی اور اُمت کا لفظ اعم ہی شامل ہی صادقین اور غیر صادقین پر اور ظاہر ہی کہ
اتحاد مطیع اور مطاع کا ممتنع ہی پھر صادقین سے مراد اجماع کیونکر رکھ سکتے ہین اور بعض نے صادقین سے مراد اصحاب
لی ہی اور تفسیر اسطرح کی ہی وکونوا مع النبی واصحابہ حالانکہ یہ بھی مراد نہین ہوسکتی کہ یہ آیہ دلالت کرتی
ہی دوام وجود صادقین پر اور کونوا شامل ہی ہر زمانہ کو اور ہر زمانہ مین وجود صحاب کا محال پس بالضرور وجود
صادقین کا ہر زمانہ مین واجب ہوا اور ہر شخص پر معرفت اُنکی بھی واجب ہوئی اور منصب نصب امام خلق پر
منحصر کرنا غصب منصب خدا و رسول ہوا اور نصب امام خدا اور رسول پر واجب ہوا کہ عقول امت ادراک
اوصاف مذکورہ سے عاجز ہین اور امامت مفضول باوجود موجودگی فاضل از سر تا پا باطل اسواسطے کہ حال
امامت کا بعینہ حال بعثت کا ہی جو دلیلین کہ وجوب بعثت پیغمبرون کی دلالت کرتی ہین وہی وجوب نصب
امام پر بھی دال ہین اور شارح مواقف اور نیز صاحب مواقف نے بحث امامت مین بیان کیا ہی کہ امامت
ریاست عامہ ہی دنیا و دین کی پس امام دنیا و دین کو لازم ہی کہ حاوی کمالات دنیا و دین ہو بجمیع الوجوہ اسواسطے کہ
کافہ اُمت کو اُسکی اتباع واجب ہے پس فاضل اتباع مفضول کیونکر کرسکتا ہی اور مفضول بجمیع الوجوہ حاوی
کمالات کیونکر ہوسکتا ہی ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون انما یتذکر
اُولو الالباب یعنی کیا مساوی ہوتے ہین وہ لوگ کہ صاحب علم ہین اور وہ لوگ جو صاحب علم نہین ہین

اور مخبر این نیست کہ پند پکڑتے مین صاحبان عقل اور آیہ یا ایہا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و اطیعو
الرسول و اولی الامر منکم یعنی ای مومنو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو اُسکے رسول کی اور
اولی الامر کی اپنی اطاعت خدا مین اور اطاعت رسول مین فرق ہو مگر اطاعت رسول مین اور اطاعت
اولی الامر مین کچھ فرق نہین ہو اسی سے ثابت ہو کہ اولی الامر وہی صادقین معصومین ہین جنکی طاعت
بعینہ اطاعت رسول ہو اور یہ خطاب بھی اعم ہو جمیع مکلفین پر الی یوم القیامہ اسی سے ثابت ہے کہ ہر زمانہ
مین اولی الامر موجود ہون اور یہ امر بھی مخفی نہین ہو کہ اولی الامر اگر فساق و عصاۃ ہونگے تو اطاعت اور
مخالفت انکی یہ دونون امر واجب ہو جائینگے اور یہ امر بالضرور محال اور ممتنع ہو اور اگر اولی الامر سے اجماع
مراد لیجائے تو عدم اجماع ہو اکثر اعصار مین اور خصوصاً فی زماننا موجود ہی ضلالت اور معصیت قرار پائیگا اور
خلو زمان از صادقین و اولی الامر لازم آئیگا اور حدیث لن یجتمع امتی کا صدق محال ہو جائیگا یا عدم اجماع کو
اجماع کا خطاب دیا جائیگا اور عدم امام کو امام گردانا جائیگا ورنہ موت علی الکفر سے نجات محال پس ثابت ہو گیا
کہ نصب امام واجب ہو اخدا پر اور اُسکے رسول پر وجہ سوم چونکہ نصب امام حق تعالی پر واجب تھا یہ
نصوص متعددہ حق تعالے نے اظہار فرمایا جیسا کہ مذکور ہوا منجملہ انکے ین نصوص کے آیہ انما ولیکم اللہ و
رسولہ والذین آمنوا الذین یقیمون الصلواۃ و یوتون الزکواۃ وھم راکعون ہی
کہ باتفاق مفسرین یہ آیت شان مین علیؑ اور آل رسولؐ کے نازل ہوئی ترجمہ کوئی ولی تمھارا نہین ہو مگر خدا اور
رسول اُسکا اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہین قائم رکھتے ہین صلواۃ کو اور دیتے ہین زکواۃ کو در انحالیکہ وہ رکوع کرنیوالے ہین
خلاصہ یہ ہو کہ اس آیہ سے ثابت ہے کہ جو نسبت خدا کو اور اُسکے رسولؐ کو مومنین سے ہو وہی نسبت علیؑ کو مومنین سے
ہو اگر خدا کو اور رسولؐ کو ولی امر صاحب اختیار مومنین کا مانا جائے تو علیؑ کو بھی ولی امر صاحب اختیار ماننا لازم
ہوگا اور یہی معنی امام کے ہین پس ثابت ہوا کہ علیؑ امام ہین بعد اُسکے فرمایا حق تعالے نے یا ایہا الرسول بلغ
ما انزل الیک و من ربک و ان لم تفعل فما بلغت رسالتہ ثعلبی نے ابن عباس سے روایت کی ہو
کہ یہ آیت شان علیؑ مین نازل ہوئی جناب رسالتمآب صلعم مامور ہوے کہ اُنکے باب مین تبلیغ فرمائین پس
پیغمبر خدا نے ہاتھ علیؑ کا پکڑا اور فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ
و عاد من عاداہ تفسیر کبیر مین امام فخر الدین نے ابن عباس سے روایت کی ہو کہ العاشر
نزلت ھذہ الایۃ فی فضل علی رضی اللہ عنہ یعنی دسوان قول یہ ہو کہ یہ آیت فضل علی ابن ابیطالب
مین نازل ہوئی ولما نزلت ھذہ الایۃ اخذ بیدہ وقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ
اللھم وال من والاہ و عاد من عاداہ فلقیہ عمر ابن خطاب فقال ھنیئا لک یا ابن ابی
طالب اصبحت و امسیت مولای و مولا کل مومن و مومنۃ و ھو قول ابن عباس و البداء بن
عازب و محمد ابن علی ہر گاہ کہ نازل ہوئی یہ آیت تو ہاتھ پکڑا انکا یعنے علیؑ کا اور فرمایا من کنت مولاہ الخ پس ملاقات کی

عمر ابن خطاب نے اور مبارک باد دی کہ تم مولا ہوے میرے اور کل مؤمنین اور مومنہ کے اور یہ قول
ابن عباس و برا ابن عازب و محمد ابن علی یعنی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا ہے آیہ والنجم اذا ھوی
مناقب ابن مغازلی شافعی مین ابن عباس سے منقول ہے کہ پیغمبر نے فرمایا یہ ستارہ جسکے مکان مین گرے
وہی میرا وصی ہے پس جو جو صحابہ آنحضرت کی خدمت مین تھے اُٹھے اور نظر کی تو دیکھا کہ وہ علی ابن ابیطالب
کے مکان مین تھا پس ایک کہنے والے نے کہا یا رسول اللہ تو محبت علی مین گمراہ ہوا اُسوقت یہ آیت نازل
ہوئی والنجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم وما غوی آیہ وانذر عشیرتک الاقربین کی تفسیر
اپنی تفسیر مین اور صاحب سیرۃ کہتے ہین کہ ابتدای بعثت مین یہ آیہ نازل ہوئی پیغمبر نے طعام
پکوایا اور بنی عبد المطلب کو جمع کیا اور دعوت اسلام فرمائی اور فرمایا کون ہے کہ میری دعوت کو قبول کرے
اور وارث و وزیر و خلیفہ میرا ہو میرے بعد اُسوقت علی نے فرمایا انا یا رسول اللہ تین مرتبہ رسولخدا نے
فرمایا اور ہر مرتبہ علی نے انا یا رسول اللہ کہا اُسوقت تمام قوم نے ابوطالب سے کہا کہ ای ابوطالب اب طاعت اپنی
لڑکی کی کرو کہ تمہیرا امیر ہوا اور صاحب معارج النبوت سے بھی بیان کرتے ہین امام نسائی نے بھی اس حدیث کا
ذکر کیا ہے اور حافظ محمد ابن موسی الشیرازی نے آیہ وربک یخلق ما یشاء ویختار ما کان لھم الخیرۃ
کی تفسیر مین انس ابن مالک سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسولخدا نے کہ حق تعالے نے مٹی سے آدم کو پیدا کیا اور مجکو
اور میرے اہلبیت کو اختیار کیا اور برگزیدہ کیا جمیع خلق سے اور گردانا مجکو نبی اور علی کو وصی امام احمد ابن حنبل
نے اور شیرویہ دیلمی نے کتاب فردوس مین اور ابن مغازلی شافعی نے کتاب مناقب مین روایت کی ہے جسکا خلاصہ
یہ ہے کہ مین اور علی ایک نور تھا خدا کے نزدیک قبل از پیدایش حضرت آدم پھر وہ نور صلب آدم مین رکھا گیا اور ہمیشہ
اصلاب طاہر سے منتقل ہوتا ہوا صلب عبد المطلب تک پہنچا اور وہان سے دو حصہ ہوا مجھ مین نبوت اور علی مین
خلافت ہوئی مناقب امام احمد ابن حنبل مین ہے کہ سلمان نے کہا یا رسول اللہ من وصیک یعنی کون ہے وصی
قال من کان وصی اخی موسیٰ قال سلمان یوشع ابن نون قال رسول اللہ ان وصیی ووارثی ومن یقضی
دینی وینجز وعدی علی بن ابی طالب فرمایا کون شخص تھا وصی اخی موسیٰ کا سلمان نے کہا یوشع ابن
نون جواب دیا رسول اللہ نے کہ تحقیق وارث اور ادا کرنے والا میرے قرضہ کا اور وفا کرنے والا میرے وعدہ کا
علی ابن ابیطالب ہے صحیحین مین مشکوٰۃ مین سعد ابن ابی وقاص سے منقول ہے قال رسول اللہ لعلی
انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی الا انہ لا نبی بعدی کہ فرمایا رسول خدا نے واسطے
علی کے کہ تو مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ سے مگر بعد میرے کوئی نبی نہین ہے اور فرمایا پیغمبر نے
القرآن مع علی وعلی مع القرآن اور فرمایا اللھم ادر الحق حیث ما دار اور انی
تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی پس ان نصوص جلیہ وخفیہ سے اور دلایل قطعیہ وبدیہات
مذکورہ سے مثل آفتاب ظاہر ہو گیا کہ غضب امام خالق علام ہے اور تعلیم حکیم علیم رسول انام پر واجب لازم تھا کہ

کہ جسکو پیغمبر خدا نے ابتدا مین نزول وحی آیۂ انذر عشیرتک الاقربین سے اور انتہا سے وقت وفات مین اَلستُ بکم اولیٰ تک با کھکر اظہار فرمایا جیسا کہ مذکور ہوا نہ خلق و انام پر اور معرفت اُسکے ہر فرد پر افراد امت سے واجب ہوئی اور مقصر اس معرفت کا حدیث من مات ولم یعرف امام زمانہ مات میتۃ جاہلیتہ کا مصداق ہوا تنبیہ ہماری مراد تحریر سے اس رسالہ کے نہین ہو کہ ہم حقیقت مذہب مین یا امامت یا خلافت مین بحث کرین بلکہ خاص منشا ہمارا یہ ہو کہ ابتدا ظہور اسلام اور اظہار رسالت سید مرسلین سے الی الآن حسد و بغض و کینہ بنی ہاشم سے اور خصوصاً اہلبیت اور علیؑ اور آل رسول سے جاری ہو حتی کہ پیغمبر صلعم کے وقت مین منافقین کی شناخت بغض و عداوت علیؑ سے ہوتی تھی بعد وفات حضرت رسالتمآب تو جو کچھ ہوا وہ ظاہر ہو کہ وہی بغض و حسد علیؑ علامت تقوی اور ایمان قرار پائی کوئی فضیلت منقبت آل رسول اور اہلبیت اور علیؑ ابن ابیطالبؑ کی ایسی نہین ہو جسکی تاویل اور تضعیف نہ کیگئی حتی کہ یہ شیوہ علما قرار پایا ہو کہ جب کسی کتاب حدیث کی شرح رقم فرماتے ہین تو جہان کہین فضائل اہلبیت اور مناقب آل عترت کا ذکر آیا تو تغیر معنی اور تاویلین کرنا پڑتا ہو حاصل یہ ہو کہ کوئی دقیقہ تنقیص علیؑ اور آل رسول اور اہلبیت کے اُٹھا نہین رکھی گئی امیر معاویہ کے وقت مین تو سب و شتم باعلان منبر و نبر جاری کیا گیا یزید نے تو باعلان اپنے آبا و اجداد کا ایسا معاوضہ لیا کہ تا قیامت یادگار رہیگا اور بڑا سبب بغض کا یہ بھی تھا کہ کوئی قبیلہ قبائل عرب سے ایسا نہ تھا کہ جسکے نامی گرامی شجاعونکو قتل نہ کیا ہو کوئی غزوہ غزوات حضرت رسالتمآب سے ایسا نہین ہوا کہ جسمین علیؑ موجود نہون اور اُنکے ہاتھ سے کوئی مقتول نہوا ہو پھر کسطرح ممکن ہو کہ وہ بغض و کینہ و حسد سے پاک صاف ہون جب کل بنی ہاشم اور علیؑ اور آل اور اہلبیت نبی کی توہین مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا گیا اور نہین کیا جاتا تو جناب ابو طالبؑ کہ باپ تھے علیؑ کے اور عم تھے نبی کے اُنکو کافر کہنا کونسا مقام استعجاب ہو امیر معاویہ اور دیگر خلفاء امویہ نے تو خطبون مین منبر و نبر ہر جمعہ و جماعت مین لعن کرنیکا حکم قطعی دیا تھا اور علیؑ ولی خدا کو لعن ابن اللعین کا خطاب دیا تھا وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون اس بحث مین بغیر قصد ہمسے طول ہوا حالانکہ یکے از ہزار و مشتی از انبار بھی احاطہ تحریر مین نہین آیا کتب کلامیہ دلایل و براہین قاطعہ اور نزاع و جدال اور قیل و قال جانبین سے مملو ہین فمن شاء فلیرجع الیہا ابتداءً ہم ذکر بغض و حسد و کینہ کا تمام قبایل کے بنی ہاشم سے کر آئے ہین لہذا بعض احادیث صحیحہ مناقب و فضائل بنی ہاشم مین جو متفرق طور سے کتب مین مذکور ہین اُنکا بیان کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ کتب احادیث مین اکثر مناقب قریش تو مرقوم ہوے ہین مگر کوئی باب یا فصل مناقب بنی ہاشم مین مستقل طور سے پائے نہین جاتے صحیح بخاری مشکوٰۃ شریف مین ہو عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی کنت من القرن الذی کنت منہ شاہ عبدالحق صاحب اسکی شرح فرماتے ہین جسکا خلاصہ یہ ہو کہ میں بھیجا گیا ہون

بہترین طبقات بنی آدم مین ایک قرن سے بعد دوسرے قرن کے قرن سے مراد ایک زمانہ ہو بعد
دوسرے زمانہ کے پس بہترین طبقات بنی آدم ہر وہ طبقہ ہو کہ پدران آنحضرت اُس طبقہ مین تھے چنانچہ
بعد اسمٰعیل کنانہ اور اُنکے بعد قریش اور اُنکے بعد ہاشم یہانتک کہ پہنچا مین اُس قرن مین کہ ہو مین اُس سے
پہلے بعینہ یہ عبارت نقل فرماتے ہین کہ ہمہ ایشان از آدم تا عبد اللہ طاہر و مطہر اند از دنس کفر و رجس
شرک چنانچہ فرمودہ بیرون آمدہ ام از اصلاب طاہر و ارحام طاہرہ و دلایل دیگر متاخرین علما عاشی
آنرا تحریر و تقریر نمودہ اند لعمری این علمی است کہ حق سبحانہ تعالی مخصوص گردانیدہ است باین متاخرین
را یعنی علم آنکہ آباو اُمہات شریف آنحضرت ہمہ بر دین توحید و اسلام بودہ اند بعد چند سطر و کے رقم
کرتے ہین کہ خدا جزا خیر دہد شیخ جلال الدین سیوطی را کہ درین باب رسائل تصنیف کردہ پھر لکھتے ہین
وحاشا اللہ کہ این نور پاک را در جائے ظلمانی نہند و در عرصات آخرت بہ تعذیب وتحقیر آباء او اظہر ہیں نہ نزول
گردانند وعن واثلۃ ابن الاسقع قال سمعت رسول اللہ یقول ان اللہ اصطفی کنانہ

من ولد اسمعیل واصطفی قریشا من کنانۃ واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی
من بنی ہاشم یعنے حق تعالے نے برگزیدہ کیا کنانہ کو اولاد اسمعیل سے اور برگزیدہ کیا قریش کو کنانہ
اور برگزیدہ کیا قریش سے بنی ہاشم سے اور برگزیدہ کیا مجکو بنی ہاشم سے روایت کیا اُسکو مسلم نے اور ترمذی
مین اسقدر زیادہ ہو ان اللہ اصطفی من ولد ابراہیم اسمعیل واصطفی من ولد اسمعیل
بنی کنانہ الخ اور بیہقی نے دلائل مین اور طبرانی نے اوسط مین روایت کی ہو عن عائشۃ قالت
قال رسول اللہ قال لی جبرئیل تقلبت الارض مشارقہا ومغاربہا فلم اجد رجلا
افضل من محمد ولم اجد بنی اب افضل من بنی ہاشم ترجمہ کہا عائشہ نے فرمایا رسولخدا
کہ جبرئیل نے بیان کیا کہ مین تمام زمین کے مشرق و مغرب مین پھرا لیکن کسی کو مین نے افضل محمد
سے نہ پایا اور اولاد بنی آدم مین افضل آل بنی ہاشم سے کسیکو نہ پایا مین نے وعن عمر قال قال رسول اللہ
ان اللہ خلق الخلق فاختار من الخلق بنی آدم واختار من بنی آدم العرب واختار
من العرب مضر واختار من مضر قریشا واختار من قریش بنی ہاشم فانا خیار من
خیار الی خیار منقول ہو عمر سے کہ فرمایا رسولخدا نے کہ تحقیق اللہ نے پیدا کیا خلق کو اور برگزیدہ کیا خلق سے
بنی آدم کو اور بنی آدم سے عرب کو اور عرب سے مضر کو اور مضر سے قریش کو اور قریش سے بنی ہاشم کو اور مجکو
بنی ہاشم سے پس ہین برگزیدہ ہون سب برگزیدون سے اول برگزیدونسے آخر برگزیدہ تک عن ابن عباس
قال قال رسول اللہ ان اللہ حین خلق جعلنی من خیر خلقہ ثم خلق القبایل وجعلنی من خیرہم
قبیلۃ وحین خلق الانفس جعلنی من خیر انفسہم ثم حین خلق البیوت جعلنی من خیر بیوتہم فانا خیرہم
بیتا وانا خیرہم نسبا ابن عباس سے منقول ہو کہ کہا فرمایا رسول خدا نے کہ جسوقت خلق کیا مجکو

شرح اللمعات جلد دوم

توگردانا مجکو بہترین خلق سے اپنے پھر خلق کیا قبائل کو اور گردانا مجکو بہترین قبائل سے اور جب خلق کیا نفسونکو
توگردانا مجکو بہترین نفسون سے پھر جب خلق کیا تو بیوتونکو تو گردانا مجکو بہترین بیوت سے اور مین بہتر انکا ہون از روے
بیت کے اور از روے نسب کے وعن العباس انہ جاء الی النبی صلعم فکانہ سمع شیئا فقام النبی
علی المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول اللہ قال انا محمد ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب
ان اللہ خلق الخلق فجعلنی فی خیرہم ثم جعلہم فرقتین فجعلنی فی خیرہم فرقۃ ثم جعلہم
قبائل فجعلنی فی خیرہم قبیلۃ ثم جعلہم بیوتا فجعلنی فی خیرہم بیوتا فانا خیرہم نفسا
وخیرہم بیتا اور خود عباس سے منقول ہو کہ تحقیق وہ خدمت نبی مین داخل ہوے پس گویا کہ انہون نے
کچھ سنا تھا کہ آثار غضب چہرہ پر نمایان تھے اور آنحضرت سے بیان کیا پس کھڑے ہوگئے رسول خدا اور اوپر منبر
کے اور فرمایا کہ مین کون ہون سب نے کہا آپ رسول اللہ ہین فرمایا کہ مین محمد ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب ہون
تحقیق کہ اللہ نے خلق کیا خلق کو پس گردانا مجکو بہترین انکا پھر گردانا انکو دو فرقہ اور کیا مجکو بہترین فرقہ سے
پھر کیا انکو قبائل اور گردانا مجکو بہترین قبیلہ سے پھر گردانا انکو بیوت اور گردانا مجکو بہترین بیت سے پس مین
بہترین نفس ہون از روے ذات کے اور بہترین انکا ہون از روے بیت کے وعن عبد المطلب ابن
ربیعہ ان العباس دخل علی رسول اللہ مغضبا وانا عندہ روایت ہیکہ عبد المطلب بن ربیعہ کہ
عباس عم آنحضرت در آمد بر آنحضرت صلعم حالیکہ در غضب بود وہ شدہ است عباس یعنی کسے اورا در غضب در آورد و کارے کردہ یا حرفے
گفتہ کہ موجب غضب عباس شدہ و من نزدیک آنحضرت بودم فقال ما اغضبک پس گفت خطاب بعباس
کردہ چہ چیز در غضب در آورد ترا فقال گفت عباس یا رسول اللہ ما لنا ولقریش چہ حال است
مارا و قریش را اذا تلاقوا بینہم تلاقوہ مبشرۃ وقتیکہ ملاقات کنند قریش میان خود با ملاقات
کنند بروی باے تر و تازہ و مبشرہ یعنی تازہ لی وکشادہ روی واذا لقونا لقونا بغیر ذلک وچون
پیش آیند مارا کہ بنی ہاشم و بنی عبد المطلبیم پیش آیند بغیر آن صفت و حال یعنی بے بشر و طلاقت فغضب
رسول اللہ پس در غضب آمد رسول خدا حتی احمر وجہہ تا آنکہ سرخ گشت روے آنحضرت ثم قال
والذی نفسی بیدہ لا یدخل قلب الرجل الایمان حتی یحبکم للہ ولرسولہ پس ترگفت آنحضرت
بخدا سوگند در نیاید در دل ہیچ مردے ایمان تا آنکہ دوست دارد شمارا براے محبت خدا و رسول وے
ثم قال یا ایہا الناس من اذی عمی فقد اذانی پس ترگفت آنحضرت آگاہ باشید ای مردم کسے کہ
آزار کند عم مرا پس بتحقیق آزار کرد مرا فانما عم الرجل صنو ابیہ زیرا کہ نیست عم مگر مثل پدر او
رواہ ترمذی غرض مرویات بیہقی و طبرانی و مشکوٰۃ و ترمذی و صحیحین وغیرہ سے بنی ہاشم کا
بہتر ہونا تمام بنی آدم سے بلکہ تمام خلق سے از روے نسب اور زمانہ اور قبیلہ اور بیت اور نفس کے
اسی طرح ثابت ہو کہ جس طرح خیر البشر ختمی مآب رسول الثقلین محمد مصطفے صلعم کا افضل اور بہتر ہونا

۱ مشکوٰۃ المصابیح ۲ ...

۱ نسخہ ... ۲ ...

۳ صنو ابیہ یعنی ...

اور برگزیدہ ہونا تمام خلق سے ثابت ہی اور یہی افضلیت ایک سبب قوی بغض و حسد و کینہ کا دیگر قبائل کے بنی ہاشم سے جو بحدیث عبداللہ ابن عباس اور خود عم آنحضرت مذکور ہوا کہ حضرت عباس عم رسول انام کو ظاہر کرنا پڑا جسکے سُننے سے پیغمبر خدا غضب مین آئے آثار قہر و غضب چہرۂ مبارک رحمۃ للعالمین پر نمایان ہوے واحمرّ وجہہ اور مُنہ آنحضرت کا سرخ ہوگیا استغفر اللہ من غضب اللہ و رسولہ اور اسی حالت مین حضرت نے فرمایا کہ جو تمھین دوست نہین رکھتا اُسکے دل مین ایمان داخل نہین ہوتا یہ حال تو تھا قریش کا بنی ہاشم سے اور بنی عبدالمطلب سے اور بنی ہاشم مین جو مرتبہ اور فضیلت علی ابن ابیطالب کو تھے کسیکو افراد بشر مین حاصل نہ تھی کہ علیؑ و نبیؐ نور واحد تھے شعر علیؑ و نبی ہر دو نسبت بہم + دو تا و یکے چون زبان قلم چنانچہ احمد و ثعلبی و امام رازی و نیشاپوری و نبیرۂ ابن جوزی و شیرویہ و ابن مغازلی نے روایت کی ہو سُبّاق الامم ثلثۃ لم یکفروا باللہ طرفۃ عین علی ابن ابی طالب و صاحب آل یٰسین و مومن آل فرعون ثم الصدیقون و علی افضلہم یعنی سباق امم تین شخص ہین کہ جنھون نے طرفۃ العین سے کفر نہین کیا ہو ساتھ اللہ کے ایک علی ابن ابیطالبؑ ہین اور صاحب آل یٰسین اور مومن آل فرعون ایس وہی صدیق ہین اور علیؑ اُنسے افضل ہین احمد حنبل سے دوسری روایت ہو کہ فرمایا پیغمبر خدا نے خلقت انا و علی من نور واحد قبل ان یخلق السموات والارض باربعۃ الف عام یعنی مین اور علیؑ نور واحد تھا قبل ہونے آسمانون اور زمینون کے دو ہزار برس پہلے اور حدیث انت منی و انا منہ و حدیث انت منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ اور حدیث ضربۃ علی یوم الخندق افضل من اعمال امتی الی یوم القیامۃ اور حدیث طیر اور حدیث غدیر اور حدیث ثقلین وغیرہ اور دیگر نصوص قطعیہ سے فضیلت بنی ہاشم اور اہلبیت کہ وہ سب بنی ہاشم ہین اور خصوصاً علی ابن ابیطالبؑ کہ اکمل افراد ہین بعد رسول ثابت ہے اور علیؑ و نبیؐ کا نور واحد ہونا اور جناب رسول خدا کا جمیع ماکان و مایکون سے بجمیع الوجوہ افضل ہونا قطعی ہو اسیوجہ سے اور سبطین جیسے علیؑ اور آل رسولؐ کا افضل کا ہونا بھی قطعی ہوا اب مقام انصاف ہو کہ فضیلت کثرت ثواب کہ ظنی ہو کیا مقابلہ رکھتی ہو فضیلت قطعی کے ساتھ ایک ضربت علیؑ اعمال سے تمام اُمت کے جو قیامت تک کرینگے افضل ہوا اور بالاتفاق ثابت ہو کہ کل صحاب آنحضرت شامل اُمت آنحضرت ہین پس ضرور علیؑ سب صحابون سے افضل ہین اگرچہ وہ صحاب لن یجتمع مع الحق کے مصداق ہون مگر کیا مقابلہ ہو سکتا ہو کسی فرد کو افراد بشر سے کہ ہم پلۂ علیؑ ہو سکے اور کثرت ثواب کا دعوی کر سکے اور مسئلہ امامت مفضول باوجود فاضل فضول و نامعقول خلاصہ یہ ہو کہ از منہ خلفاء جابر و خارج از دایرہ عدل و احسان و منغضبان و معاندان خاندان رسالت مآب مین جو وہ قلبی عداوت سے توہین و تنقیص علی ابن ابیطالبؑ و آل رسولؐ مین مصروف تھے حتی کہ اپنی صحبت مین نام ابوتراب یا ابوالحسن تک لینا اور سُننا گوارہ نہ کرتے تھے اُنکی خوش آمد مین یہ ہوا و ہوس نفسانی اور حصول

حقائق لدنی فی شرح خصایص علوی امام نسائی صفحہ ۱۱ سطر ۳ – ۵۱

دنیار فانی نہمار ہاحدیثین اُنکی مدح وثنا مین لوگون نے بناڈالین ہر فاسق وفاجر وظالم وجاہل کو خلیفۃ اللہ وخلیفۃ الرسول کہنا پڑا احادیث صحیحہ متواترہ کو ضعیف الاسناد آحاد اور موضوع کا خطاب دیا گیا ملت حقہ رسول آخر الزمان کو متغیر کرڈالا حدیث من مات فلم یعرف امام زمانہ کا مہر مفضول جابر وفاسق وجاہل وخارج از دایرہ اسلام کو مصداق ٹھہرایا نصب امام کا وجوب خلق پر منحصر کیا ثقلین کو پس پشت پھینکا کتاب خدا وحدیث محمد مصطفے کو نسیاً منسیاً کرڈالا رفتہ رفتہ اسکو مذہب مقرر کیا حالانکہ امور مذکورہ بجہتہ حفاظت جان ومال وآبرو یا بوجوہات دیگر بھی عمل مین آئے ہون نہ یہ کہ بنا مذہب اُن سب کا یہی تھا غرض حسد وبغض دیگر قبایل کا خصوصاً قریش کا بنی ہاشم سے مثل آفتاب کے نمایان ہو انتہا یہ ہے کہ کتب احادیث مین بالاستقلال ابواب وفصول مناقب وفضایل قریش کے مشروحا بیان کی گئی ہین مگر مناقب بنی ہاشم کا ذکر اگر ضمناً کہین آگیا ہے تو ناچاری سے لکھنا پڑا ہے بالاستقلال کوئی باب منقبت اور فضیلت کا بنی ہاشم کے صحیحین وغیرہ مین کہین پایا نہین جاتا اور حجۃ الاسلام امام غزالی سر العالمین مین بیان فرماتے ہین باین عبارت اختلف العلماء فی ترتیب الخلافۃ وتحصیلہا لمن آل امرہا الیہ فمنہم من زعم انہا بالنص ودلیلہم ثم قولہ تعالی قل للمخلفین من الاعراب ستدعون الی قوم اولی باس شدید تقاتلونہم او یسلمون فان تطیعوا یوتکم اللہ اجرا حسنا وان تتولوا کما تولیتم من قبل یعذبکم عذابا الیما وقد دعاہم ابوبکر رض الی الطاعۃ بعد رسول اللہ فاجابوہ وقال بعض المفسرین فی قولہ تعالی واذا اسر النبی الی بعض ازواجہ حدیثا قال فی الحدیث ان اباک ہو الخلیفۃ من بعدی یا حمیرا فی قالت امرأۃ اذا فقد ناک فالی من توجہ فاشار الی ابی بکر ولانہ امام بالمسلمین علی بقاء رسول اللہ والامامۃ عماد الدین ہذا جملۃ ما یتعلق بہ القائلون بالنصوص ثم تاولوا لو کان علی اول الخلفاء لا نسحب علیہم ذیل الفناء ولم یاتوا بفتوح ولا مناقب ولا یقدح فی کونہ رابعا کما لا یقدح فی نبوۃ رسول اللہ اذا کان آخر الخلفاء والذین عدلوا عن ہذا الطریق زعموا ان ہذا التعلق فاسد وتاویل بارد جاء علی زعمہم وہو ینکرہ فدو قع المیراث فی الخلافۃ والاحکام مثل داؤد وزکریا وسلیمان ویحیی قالوا کان لا زواجہ ثمن الخلافۃ فہذا تعلقوا وہذا باطل اذ لو کان میراثا لکان العباس اولی لکن اسفرت الحجۃ وجہہا واجمع الجماہیر علی متن الحدیث عن خطبۃ یوم غدیر خم باتفاق الجمیع وہو یقول من کنت مولاہ فعلی مولاہ فقال عمر بخ بخ لک یا ابا الحسن لقد اصبحت مولای ومولی کل مومن ومومنۃ فہذا تسلیم ورضا وتحکیم وبعد ہذا غلب الہوی لحب الریاسۃ وحمل عمود الخلافۃ وعقود البنود وخفقان الہوی فی قعقعۃ الرایات واشتباک ازدحام الخیول وفتح الامصار سقاہم کاس الہوی

آواز

فعادوا الی الخلاف الاول فنبذوہ وراء ظہورہم واشتروا بہ ثمنا قلیلا فبئس ما یشترون انتہی
یعنے اختلاف کیا ہی علما نے ترتیب خلافت مین اور اُسکی تحصیل مین جسکو یہ خلافت ملی بعض نے گمان کیا کہ از روئے
نص ابوبکر خلیفہ ہوئے اور دلیل اُنکی اس امر مین یہ قول باری ہی کہ کہہ تو ای پیغمبر مخلفین اعراب سے کہ قریب ہی تم
بلائے جاؤ گے طرف اُس قوم کے جو صاحب باس شدید ہی پس بلایا اُنکو ابوبکر نے بعد وفات آنحضرت طرف طاعت
کے اُن لوگون نے اجابت کی پس معلوم ہوا کہ یہ ہی خلیفہ ہین دوسرے یہ کہ بعض مفسرین نے تفسیر آیہ اذ اسر
النبی الی بعض ازواجہ مین کہا ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ باپ تیرا خلیفہ ہوگا بعد میرے ای حمیرا تیسرے یہ کہ
ایک عورت نے حضرت سے پوچھا کہ اگر آپکو نہ پائین ہم تو کسکی طرف رجوع کرین حضرت نے اشارہ کیا طرف
ابوبکر کے چوتھے یہ کہ حضرت کی زندگی مین ابوبکر نے امامت نماز کی اور نماز عمود دین ہی جو لوگ ابوبکر کے
بارے مین نص کے مدعی ہین اُنکی یہ دلیلین ہین اسکے بعد اُنھون نے تاویل کی اور کہا کہ اگر علیؑ اول خلیفہ ہوتے تو
سب کے سب ہلاک ہوجاتے اور یہ فتوح اور مرتبہ نمایان نہ ہوتے اور حضرت کا یعنے علیؑ کا خلیفہ رابع ہونا قادح
نہین ہی جیسا کہ جناب رسالت مآب کا آخر انبیا ہونا قادح نہین ہی اور جن لوگون نے اس رائے سے عدول کیا
وہ کہتے ہین کہ تحقیق یہ سب اور جو اس سے متعلق ہی یہ سب عقائد فاسدہ اور تاویلات باردہ ہین کہ تمھارے زعم
مین تمھاری خواہشون سے واقع ہوئے ہین اور یہ تحقیق کہ خلافت مین میراث جاری ہوئی ہی مثل داؤد اور
ذکریا اور سلیمان اور یحیی کے کہ اُنکو نبوت بمیراث ملی اور اس دسے ازواج کو بھی مثل خلافت پہنچتی ہی اور یہ باطل
ہی اسلیے کہ اگر میراث ہوتی تو عباس زیادہ مستحق خلافت تھے لیکن روشن ہوا چہرہ حجت اور دلیل کا یعنے روشن
اور نمایان ہوئی حجت کہ اجماع کیا ہی جمہور محدثین نے اوپر صحت متن حدیث کے کہ یوم غدیر خطبہ فرمایا آنحضرت
نے اور یہ باتفاق کل محدثین کے ثابت ہی کہ فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ اُسپر عمرؓ نے کہا مبارک ہو مبارک ہو
ای ابوالحسن کہ آج صبح کی آپنے اس حالت مین کہ مولا ہوئے ہمارے اور کل مومن اور مومنہ کے پس یہ قول
حضرت عمرؓ کا تسلیم اور رضا ہی اور اظہار ہی اسکا کہ حضرت علیؑ کی خلافت اور حکومت پر راضی ہوئے
مگر بعد اسکے غالب ہوئی ہوا و ہوس نفسانی بسبب حب ریاست کے اور اُٹھا لینے عمود خلافت کے اور
اور خلافت کے جھنڈون کا بستہ ہونا اور ہوا سے پھریرونکا اُڑنا اور سوارون کی کثرت سے گھوڑون کی ٹاپین
چوگرد مثل جال کے معلوم ہونا اور ہر شہر و دیار کا فتح کرنا ان سب خیالات نے اُن لوگونکو جام خواہش نفسانی
پلاکر مدہوش کردیا پس پھر گئے وہ لوگ خلاف اول کی طرف اور اُس عہد و تسلیم و رضا و تحکیم
و مبارکباد کو پس پشت ڈالدیا اور خرید لیا بسبب اُسی خواہش نفسانی کے مال قلیل یعنے حکومت
چند روزہ دنیا کو پس کیا بری چیز مول لی اُنھون نے تمام ہوا ترجمہ کلام امام غزالی کا اس جگہ پر
ہمکو ضرور ہی کہ ہم امام غزالی اور اُن کی تصنیف کی نسبت تحقیق علما کی لکھدین کہ عوام یا بعض
خواص اس عبارت کو ملاحظہ فرماکر یہ نہ کہنے بیٹھین کہ یہ عبارت کسی رافضی اور عالم شیعی کی ہی یا اس

عبارت کو منسوب به امام غزالی کردیا ہی یا امام غزالی لائق اعتبار نہین ہین یا سر العالمین اُنکی تصنیف
نہین ہی چنانچہ علامہ سیوطی توثیق امام غزالی مین رقم فرماتے ہین قال بعض العلماء الاکابر الجامعین
من العلوم الظاهر والباطن لو کان بعد النبی نبی لکان الغزالی وانه یحصل ثبوت معجزاته ببعض
مصنفاته یعنی بعض اکابر علماء ظاہر و باطن نے کہا ہی کہ اگر بعد نبی کوئی نبی ہوتا تو غزالی ہوتے اور اُن کے
معجزات کا ثبوت خود اُنکی بعض مصنفات سے ظاہر اور علامہ سبط ابن جوزی نے کتاب تذکرہ
خواص الائمہ مین بھی بایجاز و اختصار عبارت امام غزالی کو اسی سر العالمین سے نقل کیا ہی اور علامہ
ذہبی نے میزان الاعتدال مین اسی سر العالمین کو تصنیفات امام غزالی سے لکھا ہی اور مرآۃ الجنان
امام شافعی اور علامہ سیوطی اور شرح مواہب لدنیہ اور ہدایۃ السعداء دولت آبادی مین مدائح
امام غزالی قابل ملاحظہ ہین بلحاظ طول اسی قدر پر اکتفا کیا گیا اور یہ کتاب یعنے سر العالمین شامل ہی
بیس مقالو نپر اور مقالہ چہارم مین یہ عبارت ہی فمن شاء فلیرجع الیه پس امام غزالی ابی حامد
محمد ابن محمد الغزالی الشافعی مصنف احیاء العلوم حجۃ الاسلام نے تو پوست کندہ احوال اصحاب رقم
فرما دیا کہ وہ ہوا و ہوس ریاست مین بادہ حب جاہ و سروت سے مدہوش ہوگئے تھے اور مادر دیگر
قبائل کے اکثر اُنہین قریشے تھے پھر بنی ہاشم اور آل رسولؐ کا کون پرسان حال تھا اور جبتک اہلبیت و آل
اور عترت و ذریت و ذوی القربا مین شریک نہوتے استحقاق خلافت کیونکر حاصل ہوتا اور اگر مسئلہ
فضیلت کثرت ثواب و مسئلہ امامت مفضول باوجود فاضل نہ گڑھا جاتا تو فضیلت کیونکر
ثابت کی جاتی اور الی الان ہر دُ بضینہ حیلا ہا چند احادیث موضوعہ یاد کرکے اہلبیت و آل رسولؐ اور
عترت اور ذریت و ذوی القربی مین کیونکر شامل ہوتا پس صاف ظاہر ہی کہ امام غزالی نے جن اصحاب کی نسبت
رقم فرمایا سفاہت کا سن لیوی اُنھین کی محبت و مودت ہین باتباع اُنھین اصحاب کے بعض علما بھی متوالی
ہو رہے ہین اپنے تصنیفات مین کوئی دقیقہ مذلت اور منقصت و خذلان آل رسولؐ باقی نہین
رکھتے منجملہ اُنھین کے مسئلہ اثبات کفر و شرک آبائے نبوی ہی اور مسئلہ کفر جناب ابی طالب بھی ہی جو پدر مجازی
اور عم حقیقی رسول مختار اور والد بزرگوار جناب حیدر کرار کے تھے پس جب تمام بنی ہاشم اور اہلبیت نبوی کا
یہ حال ہو تو جناب ابو طالب سب سے زیادہ مستحق ہوئے وہ کیونکر کافر و مشرک نہ بنائے جائین وسیعلم
الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون وعن البراء بن عازب وزید بن ارقم لما نزل بغدیر خم
اخذ بید علی فقال الستم تعلمون انی ولی بالمومنین من انفسهم قالوا بلی قال الستم تعلمون
انی ولی بکل مومن من نفسه قالوا بلی فقال اللهم من کنت مولاه فعلی مولاه اللهم وال
من والاه وعاد من عاداه فلقیه عمر بعد ذلک فقال له هنیئا یا ابن ابیطالب اصبحت و
امسیت مولی کل مومن ومومنة رواه احمد روایت ہی براء ابن عازب و زید ابن ارقم سے کہ جب اُترے

آنحضرت غدیر خم مین پکڑا ہاتھ علی کا اور فرمایا کیا تم نہین جانتے کہ مین اولی ہون ساتھ مومنین کے اُن کے
نفسون سے سب نے کہا ہان آپ ویسے ہین پھر فرمایا کیا تم نہین جانتے کہ مین ویسا ہون ہر مومن اور مومنہ کی
ذات سے سب نے کہا ہان آپ ویسے ہین پھر فرمایا خداوندا جسکا مین مولی ہون اُسکا علی مولے ہی خداوندا دوست
رکھ اُسکو جو دوست رکھے علیؑ کو اور دشمن رکھ اُسکو جو دشمن رکھے علی کو پس ملاقات کی علی سے عمر نے اور کہا
کہ مبارک ہو یا ابن ابیطالب صبح کی تمنے اور شام کی تمنے اسطرحپر کہ ولی ہوئے ہر مومن اور مومنہ کی روایت کی اسکو احمد نے
مولانا عبدالحق صاحب فرماتے ہین اشعۃ اللمعات مین کہ یہ روایت صحیح ہی بلاشک روایت کیا ہی اسکو
ایک جماعت نے مانند ترمذی و نسائی و احمد کے اور طرق اسکے کثیر ہین روایت کیا اسکو سولہ صحابیون
نے اور احمد کی روایت سے ثابت ہوتا ہی کہ تیس صحابیون نے گواہی دی بہت سی سندین اس کے
صحاح وحسان ہین اور التفات نکرنا چاہیے اُس شخص کے کلام پر کہ جس نے اس روایت کی صحت مین کلام
کیا ہی حاصل یہ ہی کہ باعتراف شیخ عبدالحق صاحب کہ اس حدیث کے طرق کثیرہ ہین اور سب صحاح وحسان ہین
اُسپر بھی بعض نے اسکی صحت مین کلام کیا ہی اور مولے اور اولے کے معنے بناہی ڈالی ہین مگر اکثر علما اور
خصوصًا امام غزالی انصاف فرما چکے ہین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا تو ہم مولی اور اولے کے وہ معنی جو مولوی وحید
الدین صاحب نے حد تحقیق مین فرمائے ہین پسند کرتے ہین وہ فرماتے ہین کہ اولی اور مولی کے معنی کچھ ہی ہون
مگر جو نسبت رسول اللہ کو مسلمانون سے اور مومنین اور مومنات سے ہی وہ ہی نسبت علیؑ کو بھی ہی یعنے اگر رسولؐ
کو صاحب اختیار اولی بتصرف اور حاکم کل مسلمین اور مومنین کا سمجھین تو علیؑ کو بھی سمجھین اور مبارکباد دینا عمر کا دلیل
قوی ہی کہ اُنھون نے مولی ہونا علیؑ کا بہ نسبت کل کے قبول کیا جیسا کہ کلام حجۃ الاسلام امام غزالی سے مذکور ہوا
عنؓ سعد ابن ابی وقاص قال قال رسول اللہ لعلیؑ انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ
الا انہ لا نبی بعدی سعد ابن ابی وقاص کہتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ نے واسطے علیؑ کے کہ تم مجھسے
بمنزلہ ہارون کے ہو موسیٰ سے مگر فرق یہ ہی کہ تحقیق نہین ہی کوئی نبی بعد میرے متفق علیہ یعنے صحیح مسلم
وصحیح بخاری ہر دونون مین یہ حدیث مذکور ہی اس حدیث سے بعد پیغمبر خدا کے اگر حضرت علیؑ کو کوئی نبی کہے
تو خلاف حدیث ہی رافضی بھی علیؑ کو پیغمبر یا نبی نہین کہتے اُسی مشکواۃ مین بروایت ابن عمر منقول ہی
کہ جناب رسول خدا نے مواخات مقرر کی درمیان اصحاب کے پس علیؑ نے آبدیدہ ہو کر عرض کیا کہ یا
حضرتؐ آپنے عقد مواخات کیا درمیان اصحاب کے اور میرے درمیان مین برادری نہین قرار دی فرمایا حضرتؐ
نے کہ تو بھائی میرا ہی دنیا و آخرت مین تجھکو کیا مناسبت ہی کسی سے برادری کی اُسی مشکواۃ مین ہی عن انس
قال کان عند النبیؐ طیر مشوی فقال اللھم ائتنی باحب خلقک الیک یاکل معی ھذا
الطیر فجاء علی فاکل معہ رواہ الترمذی روایت ہی انس سے کہ جناب رسول خداؐ کے پاس
ایک طیر مشوی تھا پس کہا رسولؐ برحق نے خداوندا بھیج تو میرے پاس ایسے شخص کو کہ محبوب ترین خلق ہو

تیرے نزدیک کہ میرے ساتھ اس طیر کو کھاوے پس آئے علیؑ اور کھایا اُس طیر مشوی کو ہمراہ اُس رسولؐ کے
روایت کیا اسکو ترمذی نے اس لفظ احب پر بھی بہت قیل و قال ہی اور پھر یہ بھی کہا گیا ہی کہ احب مطلق حضرت
رسولؐ تھے پس ہم زیادہ بحث اس لفظ احب پر نہین کرتے مگر یہ کہنا ہی کہ احب خلق حضرت رسول تھے
اس امر کو تو آنحضرت بھی جانتے تھے کہ مین احب خلق عند اللہ ہون پھر یہ سوال فرمانا آنحضرت کا معاذ اللہ
عبث قرار پاتا ہی مگر یہ دعا فرمانا رسالتمآب کا اور بھیجنا خدا کا حضرت علی کو خود دلالت کرتا ہی کہ احب مطلق
نے باوجود علم سوال کیا مراد یہ تھی کہ سب پر واضح ہو جائے کہ بعد میرے یہی احب خلق عند اللہ ہی جیسا کہ
اوپر بھی مذکور ہو چکا کہ فرمایا آنحضرت نے لاعطین ھذہ الرایۃ غدا رجلا یفتح اللہ علی یدیہ
یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ پس جسکو خدا اور اُسکا رسولؐ دوست رکھے اور جو خدا اور
رسول کو دوست رکھے وہی احب خلق عند اللہ وعند الرسول ہی اور یہ بھی مذکور ہوا کہ کل مومنین محب خدا
و رسولؐ ہین اور خدا و رسولؐ بھی محب مومنین ہین اب پیغمبر خدا کا فرمانا خود دلالت کرتا ہی کہ جو محبت خدا اور
رسول کو علیؑ سے تھی مومنین مین سے کسی سے وہ محبت نہ تھی اور علیؑ کو جو محبت خدا و رسولؐ سے تھی مومنین
مین سے کیکو وہ محبت خدا و رسول سے نہ تھی پس بعد احب مطلق رسولؐ برحق وہی علیؑ احب خلق قرار
پائے اور پیغمبر نے اُسی کو طلب کیا اور خدا نے اُسی کو بھیجا فاکل معہ پس کھایا اُنھون نے اُنکے ساتھ اور
اسی معنی مین دوسری حدیث ابن عمر سے بھی منقول ہی قال دخلت مع عمتی علی عایشہ فسالت ای
الناس کان احب الی رسول اللہ قالت فاطمۃ فقیل من الرجال قالت زوجہا کہا ابن عمر نے کہ
داخل ہوا مین اپنی پھوپھی کیساتھ عائشہ کے پاس پوچھا مین نے کون شخص محبوب تر تھا رسول اللہ کے پاس
کہا فاطمہ کہا پھر پوچھا گیا مردونسے کون محبوب تر تھا کہا شوہر اُسکا وعن زر ابن جبیش قال قال علی والذی
فلق الحبۃ وبرء النسمۃ لعہد النبی الامی الی ان لایحبنی الا مومن ولا یبغضنی الا منافق رواہ مسلم
زر ابن جبیش سے روایت ہی کہ فرمایا علیؑ نے کہ قسم ہی خدا کی کہ جسنے چیرا دانے کو اور پیدا کیا خلق کو کہ عہد کیا
نبی نے میرے ساتھ کہ نہ دوست رکھیگا مجھکو مگر مومن اور نہ بغض رکھیگا مجھسے مگر کافر اور حدیث انا مدینۃ العلم وعلیؑ بابہا
تو مشہور ہی اور یہ قصہ بھی مشہور ہی کہ حضرت عمر نے ایک عورت حاملہ کو بعلت زنا سنگسار کرنیکا حکم دیا اُسوقت حضرت
علیؑ نے کہا کہ تا ولادت مولود مہلت دیجائے ورنہ ایک زانیہ کی سزا مین دو جانین تلف ہونگی چنانچہ حضرت عمر نے
مہلت دی اور فرمایا لولا علی لہلک عمر اور اکثر حضرت عمر فرماتے تھے اعوذ باللہ ان اعیش فی قوم لست فیہم
یا ابا الحسن اور قضیۃ ولا ابا حسن لہا تو ضرب المثل ہو گیا تھا اور مشکوۃ باب مناقب علیؑ مین ہی عن جابر قال
دعا رسول اللہ علیا یوم الطایف فانتجاہ فقال الناس لقد طال نجواہ مع ابن عمہ فقال رسول اللہ
ما انتجیتہ ولکن اللہ انتجاہ جابر سے روایت ہی کہ بلایا رسول اللہ نے علیؑ کو بروز غزوہ طائف پس راز مین بات کی
آنحضرت نے اُنسے پس لوگون نے کہا بہت طول ہوا راز مین باتین کرنیکو اُس نبی کو اپنے ابن عم سے اُسوقت کہا آنحضرت نے

کہین نے نہین راز مین بات کی ہی علی سے دیکھا اللہ نے راز مین بات کی ہی ام سلمہ سے روایت ہی کہ
فرمایا رسول خدا نے لایحب علیا منافق ولا یبغضہ مومن رواہ احمد وترمذی دوسری روایت انہین
ام سلمہ سے ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے من سب علیا فقد سبنی رواہ احمد اور القرآن مع علی وعلی مع
القرآن اور فرمانا آنحضرت کا اللہم ادر الحق معہ حیث دار اور آیہ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین
امنوا یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ وھم راکعون ترجمہ نہین کوئی ولی تمھارا مگر اللہ اور رسول
اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہین اور قائم رکھتے ہین صلوۃ کو اور دیتے ہین زکوۃ کو در آنحالیکہ وہ رکوع
کرنیوالے ہین تفسیر معالم التنزیل ور نیشاپوری وغیرہ مین ہین کہ آیہ یہ شان حضرت علی مین نازل ہوئی
اسی آیہ کی نسبت ایک میرے عنایت فرما ذی علم حافظ قرآن نے فرمایا کہ اس لفظ ولی سے اس آیہ مین صاحب
امر اور حاکم اور صاحب اختیار مراد لیتے ہین تو ایک بڑی قباحت لازم آتی ہی کہ بمجرد نزول آیہ علی حاکم اور
صاحب امر ہوئے جاتے ہین اور بموجودگی رسول برحق یہ امر محال اور غیر جائز ہی جسکے جواب مین احقر نے
عرض کیا کہ کیا آپ بموجودگی خدا رسول کو بھی حاکم نہین سمجھتے یا رسول کو حاکم سمجھنے سے خدا کو حاکم سمجھنا محال
اور غیر جائز ہی جسطرح بموجودگی خدا رسول کو حاکم سمجھتے ہین اسی طرح بموجودگی رسول علی کو قیاس فرمایئے
عدم جواز اور لزوم محال دونو باطل ہین اور چھوٹی سی قباحت بھی لازم نہین آتی شاہ ولی اللہ صاحب
تفہیمات الہیہ مین رقم فرماتے ہین یا اخی انی ذاکر تلک من الوجاھۃ واحدا من الالف
اذا اصار العبد وجیہا اجمل واکمل فتکون کل خطوۃ منہ یخطوھا حسنۃ وکل حرکۃ
یتحرک بہا حسنۃ واذا رفع اللقمۃ الی فمہ کانت حسنۃ واذا استنت فرسکان لہ
بکل خطوۃ حسنۃ واذا نام انقلا بہ یمنۃ ویسرۃ کلہا حسنات ویشکر اللہ منہا لا یشکر
اضعافہ من غیرہ وھو المحبوب ولاجلہ خلق ما خلق واذا تمت العصمۃ کانت افاعلیہ
کلہا حقہ لا اقول انہا تطابق الحق بل ھی الحق بعینہا بل الامر منعکس من تلک الافاعیل
کالضوء من الشمس والیہ اشار رسول اللہ حیث دعی للہ تعالی لعلی اللہم ادر الحق معہ
حیث دار ولم یقل درہ حیث دار الحق ای بھائی مین نے وجاہت مین سے ہزار مین سے ایک کو
ذکر کیا کہ جسوقت بندہ وجیہہ ہوتا ہی تو جمیل اور کامل ہوجاتا ہی ہر قدم اسکا کہ اٹھاتا ہی حسنہ اور کل حرکت کہ
متحرک ہوتا ہی ساتھ اسکے حسنہ اور جسوقت کہ لقمہ منہ مین رکھتا ہی حسنہ ہوتا ہی اور جسوقت گھوڑا اسکا
قدم رکھتا ہی یہ سب حسنہ ہوتا ہی سونے مین جو دہنے بائین کروٹ لیتا ہی حسنہ ہوتا ہی قبول کرتا ہی خدا
اُسے اُس چیز کو جسکے اضعاف کو اُس کے غیر سے قبول نہین کرتا اور وہ ہی محبوب ہے اور اُسیکے
واسطے کل مخلوقات پیدا ہوئی ہی اور جب عصمت تمام ہوجاتی ہی تمام افعال اُس کے حق ہین
مین یہ نہین کہتا کہ وہ افعال مطابق حق ہوتے ہین بلکہ وہ افعال اُسکے عین حق ہین بلکہ حق اُنکے مؤید

کر منعکس ہوتا ہے اُسکے افعال سے جیسا کہ ضو منعکس ہوتی ہے آفتاب سے اور اسی کی طرف اشارہ کیا ہے
رسول اللہ نے جب کہ دعا کی علی کے لیے خدا سے کہ خدایا پھیر تو حق کو ساتھ اُنکے جسطرف کہ وہ پھرین اور یہ
نہ فرمایا کہ پھیر تو اُنکو اُسطرف کہ جسطرف حق پھرے انتہی اس بیان سے شاہ ولی اللہ صاحب کے ظاہر ہو گیا
کہ علی معصوم تھے اور حق علی کے ساتھ پھرتا تھا بلکہ جو افعال و اقوال علی سے منعکس ہوتے تھے وہی حق تھے پس
حق ایک امر قرار پایا کہ جو مستنبط ہوا اقوال و افعال سے علی کے نہ اُنکے غیر سے اور اس قول کو شاہ ولی اللہ صاحب
کے رشید الدین خان مؤلف شوکت عمریہ نے کتاب ایضاح اللطافت مین نقل فرمایا ہے اس امر کے ثبوت مین
کہ اہل سنت عصمت جناب امیر کے اور اہلبیت طاہرین کی عصمت کے قائل ہین اور عزۃ الراشدین مین بھی
اُنھین رشید الدین خانصاحب نے نقل کیا ہے امام فخر الدین رازی لکھتے ہین ومن اقتدی فی دینہ بعلی ابن
ابیطالب فقد اھتدی والدلیل علیہ قولہ اللھم ادر الحق معہ حیث ما دار یعنے جو شخص پیروی
کرے اپنے دین مین علی ابن ابیطالب کی تو ضرور اُسنے ہدایت پائی دلیل اسپر قول رسول اللہ ہے کہ فرمایا خدایا
پھیر تو حق کو علی کی طرف جسطرف کہ وہ پھرے اور امام فخر الدین رازی نے یہ قول اپنا اُس مقام پر لکھا ہے کہ مذہب
علی تھا کہ نماز کے پہلے بسم اللہ کا آواز بلند کہنا چاہیے مولوی مبین لکھنوی کتاب وسیلۃ النجات مین رقم فرماتے ہین
باب اول در شمائل و فضائل و اعمال و افعال و کرامات مخزن اسرار رسالت معدن انوار ولایت محبوب خدا
حضرت علی مرتضی علیہ السلام از حال ولادت موفور السعادت تا وقت وفات آنصاحب آیات و بینات
بدانکہ بموجب من سعد سعد فی بطن امہ آثار سعادت و صدور کرامت ازان مظہر ولایت قبل از
ظہور عالم شہادت واضح و لایح گشت چنانکہ در شکم مادر کہ بود کرامات از روے مشہور است و اول و آخر کسے کہ
باسعادت باشد و از لوث شرک و شوب شقاوت و خلط نجاست پاک باشد و بجز طہارت از ابتدا تا انتہا نگذشتہ
باشد سوائے علی مرتضی از صحابہ کسے نبود لہذا بر نام نامی وے کرم اللہ وجہہ گویند انتہی شاہ عبد العزیز صاحب
تفسیر عزیزی مین لکھتے ہین در حدیث شریف وارد است مثل اھلبیتی فیکم مثل سفینۃ نوح من
رکبھا نجی ومن تخلف عنھا غرق یعنے مثال اہلبیت من در شما کشتی نوح است ہر کہ سوار شدہ
در آن کشتی از طوفان نجات یافت و ہر کہ پس ماند ازان کشتی غرق طوفان گشت و وجہ تخصیص حضرات
اہلبیت باین مراتب و فضیلت آن است کہ کشتے حضرت نوح کمال عملے آنجناب بود و حضرات
اہلبیت را نیز حق تعالے صورت کمال عملے جناب خاتم المرسلین گردانیدہ بود کہ عبارت از طریقت است
زیراکہ کمال عملے آنجناب بدون مناسبت مخصوصے باآنجناب در قواے روحیہ در عصمت و حفظ و قوت
و سماحت متصور نیست کہ در ہر کسے جلوہ گر شود و این مناسبت بدون ولادت و علاقہ اصلیت و فرعیت
ممکن الحصول نیست پس این کمال را باجمیع شعب آن کہ معدن ولایات مختلفہ است درین مجرا جاری
کردند و از ہمین ناودان ریختند و ہمین است معنے امامت کہ یکے مرد دیگرے را از ایشان بآن وصی ساخت

۱؎ عزۃ الراشدین صفحہ ۱۶۳
۲؎ تفسیر کبیر جلد اول صفحہ ۱۲۳
۳؎ تفسیر کبیر صفحہ ۱۰۳
۴؎ تفسیر کبیر صفحہ ۱۰۲
۵؎ تفسیر عزیزی

وہمین است برانکہ این بزرگواران مرجع جمیع سلاسل اولیائے امت شدند وہر کہ تمسک بحبل لتشمنا ید چار و
ناچار شد استفاضہ او باین بزرگواران منتھی میگردد و دران کشتی می نشیند انتھی اس بیان سے بھی شاہ
عبد العزیز صاحب کی عصمت حضرت علیؑ کے اور جو آئمہ کہ انکی اولاد سے ہوئے ہین انکی بھی عصمت ثابت ہے
اور انکے غیر ہین عصمت کا محال ہونا لازم ہے کہ سلسلہ اصلیت اور فرعیت سے وہ خارج ہین تحفہ اثنا عشری
کے کیدہ ۸ ہین شاہ عبد العزیز صاحب فرماتے ہین امام نائب نبی است و نائب نبی صاحب شریعت
است نہ صاحب مذہب زیراکہ مذہب نام راہے است کہ بعضے امتیان را در فہم شریعت کشادہ شود و بعقل
خود چند قاعدہ قرار دہد کہ موافق آن قواعد استنباط مسائل شرعیہ از ماخذ آن نماید و لہذا محتمل خطا و صواب
می باشد و چون امام معصوم از خطا است و حکم نبی دارد نسبت مذہب باو نمودن ہیچ معقول نمی شود
و لہذا مذہب را بسوئے خدا و جبرئیلؑ و دیگر ملائکہ و انبیا نسبت کردن کمال بے خردیست بعد اس کے
فرماتے ہین پس حضرات آئمہ در زمان خود مقدمات سلوک و طریقت ساختہ اند و شریعتہ را بر ذمہ
یاران رشید و مصاحبان حمید خود حوالہ فرمودند اس تقریر سے بھی عصمت جناب امیر المومنین علیؑ و ہر کل
اہلبیت طاہرین کی مثل خدا و رسولؐ و جبرئیل و ملائکہ و انبیا کے ثابت ہے علامہ عبد الوہاب شعرانی کتاب
الیواقیت والجواہر مین رقم فرماتے ہین ذکر امام مہدی مین فان قلت فما صورۃ ما یحکم بہ المہدی
اذا خرج ھل یحکم بالنصوص او بالاجتہاد او بہما فالجواب کما قالہ الشیخ محی الدین انہ یحکم
بما القی الیہ ملک الالہام من الشریعۃ وذلک بہ یلہمہ الشرع المحمدی فیحکم بہ کما
اشار الیہ حدیث المہدی انہ یقفو اثری ولا یخطی فعرفنا انہ متبع لا مبتدع لانہ معصوم فی حکمہ
اذ لا معنی للمعصوم الا انہ لا یخطی وحکم رسول اللہ لا یخطی فانہ لا ینطق عن الہوی ان ھو
الا وحی یوحی وقد اخبر عن المہدی انہ لا یخطی وجعلہ ملحقا بالانبیاء فی ذلک الحکم
قال الشیخ فعلم انہ یحرم علی المہدی القیاس مع وجود النصوص التی منحہ اللہ ایاھا علی
لسان ملک الالہام بل حرم بعض المحققین علی جمیع اہل اللہ القیاس لکون رسول اللہ مشہود
لہم فاذا شکوا فی صحۃ حدیثا وحکم رجعوا الیہ فی ذلک فاخبرہم بالامر الحق یقظۃ ومشافہۃ
وصاحب ھذا المشہد لا یحتاج الی تقلید احد من الائمۃ غیر رسول اللہ قال تعالی قل ھذہ
سبیلی ادعوا الی اللہ علی بصیرۃ انا ومن اتبعنی واطال فی ذلک ترجمہ پس اگر کہے تو کہ کیا صورت ہے
اس چیز کی کہ حکم کرینگے ساتھ اسکے مہدیؑ جسوقت کہ نکلے وہ آیا حکم انکا بنص ہوگا یا باجتہاد یا بنص
و اجتہاد دونوںسے ہوگا پس جواب اسکا مطابق قول شیخ محی الدین عربی یہ ہے کہ بحسب لقاء ملک الہام
وہ حکم کرینگے شریعت سے اور شریعت محمدیہ سے انکو الہام ہوگا جیسا کہ یہ حدیث اس کی طرف اشارہ
کرتی ہے کہ مہدیؑ قائم رکھیگا میری سنت کو یعنی میری پیروی کریگا خطا نکریگا پس پہچانا ہم نے کہ مہدی متبع ہے

اور مبتدع نہین اور وہ اپنے حکم مین معصوم ہین اسواسطے کہ معصوم کے معنی یہ ہین کہ وہ خطا نکرے اور حکم رسولؐ
خطا نہین کرتا اسلیے کہ وہ اپنی خواہش سے حکم نکرتے تھے انکا حکم مطابق وحی تھا اور تحقیق کہ خبر دی انھون نے
مہدیؑ کی حالت سے کہ وہ خطا نکرینگے اور اس حکم مین انکو ملحق انبیا سے کیا ہی شیخ کہتے ہین کہ پس جاننا چاہیے کہ قیاس
مہدی پر حرام ہی ساتھ پائے جانے ان نصوص کے کہ عطا کیا ہی حق تعالے نے زبان سے ملک الہام کے بلکہ حرام
کیا ہی بعض محققین نے قیاس کو جمیع اہل اللہ پر کہ رسولؐ اللہ ہر وقت پیش نظر انکے ہین پس جسوقت جس حدیث مین
یا جس امر مین انکو شک ہوتا ہی رجوع کرتے ہین رسول اللہ کی طرف پس آنحضرت خبر دیتے ہین انکو امر حق کی
جانتے ہین اور روبرو ہین اور صاحب اس مرتبہ کا محتاج نہین ہی کسی کی تقلید کا آئمہ مین سے بجز تقلید رسول اللہ
کے حق تعالیٰ فرماتا ہی کہہ تو یہ ہی راہ میری بلاتا ہون خدا کی طرف اوپر بصیرت کے مین اور جسنے میری پیروی کی
اور بہت طول پایا ہی اس مقام پر گو یہ تقریر امام مہدی کی عصمت مین ہی مگر اس تقریر سے عصمت جناب امیر کی ثابت
ہی کہ وہ جناب افضل ہین اور یقینا اہل اللہ ہین کہ مرجع جمیع سلاسل و اولیاء اللہ ہین پس یقینا معصوم ہین شیخ
عبد العزیز محشی شرح مقاصد شرح فتوح الغیب مین نقل فرماتے ہین کہ انہ قال تا تر النبی حیا و تسئلہ
الاحادیث منہا یقول صلعم ہو صحیح وقد یکون غیر صحیح باصطلاح العلوم فی نقل الحدیث یعنی صاحب
فتوح الغیب فرماتے ہین کہ ہم دیکھتے ہین آنحضرتؐ کو اور انسے پوچھتے ہین احادیث اور آنحضرت فرماتے ہین کہ
انمین سے یہ صحیح ہی اور مطابق اصطلاح علوم کے وہ صحیح نہین ہی اور اکثر علمانے تصریح فرمائی ہی کہ قول اہل علم
دلیل صحت حدیث ہی اگرچہ اسنادا وہ حدیث قابل اعتماد نہو اور شیخ محی الدین عربی فرماتے ہین کہ مین نے
ایک حدیث دیکھی کہ جو شخص ستر ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے اسکی مغفرت ہوگی اور اگر کسی کے لیے پڑھے
تو حق تعالے اسکی بھی مغفرت کریگا مین نے ستر ہزار مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھا مگر کسی کے لیے خاص نیت
نہین کی ایک روز مین اپنے بعض رفیقون کے ہمراہ دعوت مین گیا وہان ایک جوان صاحب کشف مشہور تھا
وہ بھی آیا اور شریک دعوت ہوا اثنا کھانا کھاتے کھاتے رونے لگا مین نے اس سے رونیکا
سبب دریافت کیا اسنے کہا کہ مین اپنی مان کو گرفتار عذاب دیکھتا ہون اسوقت مین نے اپنے
پڑھنے کا ثواب اسکی مان کو بخشدیا فورا وہ جوان ہنس پڑا اور کہنے لگا کہ اب مین اسے اچھی طرح
پاتا ہون امام محی الدین فرماتے ہین کہ صحت حدیث اس جوان کے کشف سے ثابت ہوئی اور اسکے
کشف کی صحت اس حدیث سے پائی گئی انتہی شیخ عبد العزیز کا بیان پہلے بھی مذکور ہوا ہی مجملا بیان پر
بتصریح مرقوم ہوا اور اس سے مولانا علیؑ کا معصوم اور صاحب کشف و کرامات ہونا بالضرور ثابت ہی کہ وہ
حضرت منبع اہل کشف و کرامات اور مرجع اولیاء عالی صفات ہین اور معصوم وہ ہی جس سے خطا نہو اور اس
حالت مین خطا علیؑ سے محال ہی قاضی ملا مبین لاہوری شاگرد شیخ عبد القادر مفتی مکہ معظمہ کے دراسات
اللبیب مین بعد ذکر کلام شیخ محی الدین عربی کے جو درباره امام مہدیؑ علامہ عبد الوہاب شعرانی نے کتاب

[illegible] فرمایا ہوا اور مذکور ہوا فرماتے ہین ولہذا الحقیر ہہنا کلام لا یاخذ ماخذہ
من [illegible] ابناء الزمان لا لبعد خلعہم قلادۃ الغصارۃ والانحراف والقائہم آذان
[illegible] ولا یسمح بہ علی مناعب التحریر والتفصیل الا لما انشد وقیل فقل والفیض
[illegible] من غیر سامع ففی الدھر من یرجی لما لفوز ظافرًا ترجمہ اور واسطے حقیر کے اسجگہ
ایک کلام ہی [illegible] زمانے کے قلوب اسکو حق نہ سمجھین گے اور قبول نکرینگے مگر جب کہ وہ حماقت و نادانی و انحراف
کے قلادہ کو اپنی گردنون سے جدا کرین اور عدل و انصاف کے کانون سے سنین اور نہین جوانمردی کرتا ہون
مین ساتھ اُسکے اور مشقت تحریر کے اور تفصیل کے مگر اسوجہ سے کہ شاعر کہتا ہی پس کہہ تو جو فیض پہچاتا ہی
وقت بغیر کسی سامع کے یعنے جو فیض وقت ہو وہ کہہ بغیر کسی سننے والے کے کہ زمانہ مین وہ لوگ بھی ہین جنسے
اُمید کی جاتی ہی فوز کی درآنحالیکہ وہ ظفرمند ہون فاعلم رزقك اللہ تعالی الفوز والظفر بالحق
حیث ما وجدناہ ان مدار اثبات العصمۃ ھذہ فی المھدی علی ثبوت الحدیث فیہ وخبار المعصوم
انہ لا یخطاء فلو صح الحدیث بالاخبار عن غیرہ بذلك ثبت عصمتہ بعین ما ثبتہ الشیخ
لہ من غیر فرق فی ذلك بینہ وبین غیرہ فتفحصنا عنہ فلم نجد مثلہ فی امام من ائمۃ
الدین من غیر اھلبیت النبی وعلیہم اجمعین وھذا ھو المراد من قول الشیخ المتقدم ما نص
علی امام من ائمۃ الدین پس جان تو کہ دے تجکو حق تعالے فوز و ظفر حق پر اس حیثیت سے کہ جو ہمنے
پایا یہہ ہی کہ مدار عصمت کا بیچ مہدی کے ثبوت حدیث پر اور اخبار معصوم پر ہی کہ بہ تحقیق وہ خطا نکرینگے
پس اگر اخبار سے صحت حدیث اُنکے غیر مین ثابت ہو جائے کہ وہ خطا نکرینگے تو اُنکی عصمت بھی اُسیطرح ثابت
ہوگی جسطرح کہ شیخ نے امام مہدی کی عصمت ثابت کی ہی ساتھ اُنکے اور کچھ فرق نرہیگا اُنمین اور اُنکے غیر مین پس
بہت تفحص کیا ہم نے اور نہ پایا ہم نے مثل اُسکا بیچ کسی امام کے ائمہ دین سے کہ عصمت اُسکی ثابت ہو سوائے اہلبیت
نبی صلعم کے اور یہہ ہی مراد ہی شیخ کی قول متقدم سے کہ نہین نص ہی کسی امام کی عصمت پر آئمہ دین سے بعد اسکے
ملا محمد معین لاہوری فرماتے ہین ووجدنا فی اھل البیت سلام اللہ علیہم اجمعین ونجبۃ حدیث
التمسك المشہور فتتبعنا عن مخرجیہ فاذا من مخرجیہ ابو الحسن مسلم بن الحجاج القشیری
فی صحیحہ ولفظہ من حدیث زید بن ارقم قال قام فینا رسول اللہ خطیبًا فحمد اللہ
واثنی علیہ ثم قال اما بعد یا ایہا الناس انا بشر مثلکم یوشك ان یاتینی رسول ربی
عز وجل فاجیبہ وانی تارك فیکم الثقلین اولہما کتاب اللہ عز وجل فیہ الہدی
والنور فتمسکوا بکتاب اللہ عز وجل وخذوا بہ وحث فیہ ورغب فیہ ثم قال اھلبیتی
اذکرکم اللہ فی اھلبیتی ثلث مرات الحدیث فنظرنا فیہ فوجدنا نعبر عن القرآن
واھل البیت بالثقلین وھو کل نفیس وخطیر مصون ففہمنا نفاستہ اھل البیت

وخطرة وصونه من قبيل كل تلك الاوصاف التى للقران للجمع بينهما بذلك وعلمنا هذه الاوصاف وغيرها للقران يرجع عمدتها الى افادة علوم المعارف الالهيه والاحكام الشرعية فظننا انها فى اهلبيت على منوالها فى القران راجعة الى افادة تلك العلوم وقد اعتضد ناقى هذا قوله فى هذا الحديث يوشك ان ياتينى رسول ربى فاجيبه وانى تارك فيكم الثقلين فان النبى لا يوصى لبعده الا بالقيام على الحق والسنة فترك الثقلين فيهما والوصية لهما ليس الا لانهما خليفتين منه فى الارشاد دريافت کیا ہم نے محققین اہلبیت کے حدیث تمسک کو جو مشہور ہی اور ڈھونڈا ہم نے اُن محدثین کو جنھوں نے اُس حدیث کو لیا ہی پس پایا ہمنے ان سے مسلم ابن حجاج قشیری کو کہ اپنے صحیح مین بیان کیا ہی اور لکھا ہی حدیث زید ابن ارقم سے کہا زید ابن ارقم نے کہ کھڑے ہوئے ہم مین رسول اللہ درآنحالیکہ خطبہ پڑھتے تھے پس بعد حمد وثنا فرمایا ایہا الناس ہین بھی مثل تمھارے بشر ہون جلد آئیگا میرے پاس رسول میرے رب کا (یعنے ملک الموت) اور مین قبول کرونگا اسکو اور تحقیق مین چھوڑتا ہون تم مین دو چیزین نفیس و بزرگ اول انمین کی کتاب خدا ہی جسمین ہدایت و نور ہی پس تمسک کرو تم ساتھ کتاب اللہ عزوجل کے اور لو تم اُسکو اور برانگیختہ کیا کتاب خدا پر اور رغبت دلائی اُسپر بعد اُسکے فرمایا آنحضرت نے اور میرے اہلبیت یاد دلاتا ہون مین تمھین خدا کو اپنے اہلبیت کے بارے مین تین مرتبہ فرمایا اسی کو پس ہم نے اس حدیث مین نظر کی تو پایا ہم نے کہ تعبیر کیا رسول اللہ نے قرآن اور اہلبیت کو لفظ ثقلین سے اور ثقل ہر نفیس و بزرگ اور محفوظ کو کہتے ہین تو ہم سمجھے کہ نفاست اہلبیت کی و بزرگی انکی و حفظ انکا از قبیل ان اوصاف کے ہی جو قرآن کے لیے ہین بسبب مجتمع ہونے اُن اوصاف کے درمیان قرآن اور اہلبیت کے اور جانا ہمنے کہ یہ اوصاف اور غیر ان اوصاف کے جو واسطے قرآن کے ہین تو عمدہ غرض ان اوصاف کی راجع ہی طرف افادہ علوم معارف آلہیہ اور احکام شرعیہ کے پس گمان کیا ہم نے کہ یہہ ہی اوصاف اہلبیت مین بھی بطور قرآن راجع ہین طرف افادہ انھین علوم کے اور تائید دی ہمکو اسی ظن مین قول آنحضرت نے کہ قریب ہی کہ آوے میرے پاس رسول میرے رب کا پس قبول کرون مین اُسکو و تحقیق کہ مین چھوڑتا ہون تم مین دو چیزین نفیس اور بزرگ پس بتحقیق نہین وصیت کی نبی نے بعد اسکے مگر ساتھ قیام کرنیکے حق پر اور سنت پر پس چھوڑ ثقلین کو بیچ اُمت کے اور وصیت کرنا اُن دونون کے لیے نہین ہی مگر اسواسطے کہ ہین وہ دونون خلیفہ اُسی سوا کے ہدایت وارشاد مین واذ قد ثبت صحة هذا الحديث وما تزعليك مما ينوط به لفظا ومعنى ودلالة وانضمت اليه آية التطهير بتفسيرها الذى تدل عليها الصحيح فلا وجه لان يمترى من له ادنى انصاف فى ان من صدق عليهم هذا الحديث والاية من غير شائبة وهم الائمة الاثنا عشر من اهل البيت وسيدة نساء العالمين بضعة رسول الله ام الائمة الزهراء الطاهرة على ابيها وعليها الصلوة والسلام لا شائبة فى كونهم

معصومین کالمہدی منہم من حدیث قفوا الاثر وعدم الخطاء علی ما تمسک بہ الشیخ
الاکبر بالمعنی الذی بینا ہ سوالا وجوابا فیما تقدم بل ہذا الحدیث اوثق عروۃ من حیث
الصحۃ بالسند القوی من ذلک الحدیث والکشف یؤید ما شاء اللہ سبحانہ ان یوید
اور جسوقت ثابت ہوئی صحت اس حدیث کی اور اُن اُمور کے جو گذرے اوپر تیرے متعلقات سے اسی
حدیث کے لفظاً اور معنیً اور دلالۃً اور شامل ہوئے طرف اُسی حدیث کے آیۂ تطہیر اور وہ تفسیر جسپر دلالت
کرتی ہی حدیث صحیح مسلم میں کوئی وجہ شک کی نہیں ہی اُس شخص کو کہ کچھ بھی انصاف رکھتا ہی کہ جسپر یہ حدیث
اور آیت صادق آتی ہی بلاشک وہ ائمہ اثنا عشرہ ہیں اہل بیت میں سے اور سیدۃ النساء العالمین ہیں
بضعۃ رسول اللہ ام الائمہ زہرا طاہرہ اُنکے باپ پر اور اُنپر درود و سلام بلاشک وہ معصوم ہیں مثل مہدی
کے کہ اُنھیں میں سے ہیں اور تخصیص کی ہی شیخ نے اُنکی عصمت کی حدیث قفوا الاثر سے اور عدم خطا سے
اُس چیز پر کہ تمسک کیا ہی ساتھ اُسکے شیخ اکبر نے ساتھ اُن معنی کے ظاہر کیا ہی ہم نے اُسکو سوالاً و جواباً پیچ
اُس امر کے کہ باطل کیا گیا ہی یعنے قیاس بلکہ یہ حدیث اوثق ہی من حیث الصحیح ساتھ سند قوی کے بہ نسبت
اُس حدیث امام محمد مہدیؑ کے اور کشف تائید کرتا ہی اُس چیز کی کہ چاہتا ہی اللہ سبحانہ تائید کرنا فان قلت
الخطاء فی الاجتہاد لیس بمعصیۃ حتی یشملہ الرجس فی الایۃ فیلزم تطہیر اہل البیت
الکرام عنہ ویشملہ الضلال فی الدین حتی ینتفی عنہم فیثبت عدم ضلال من تمسک
بہم فلا بہ والحدیث وان سلمنا اثباتہما عصمتہم عن الکفر بل المعصیۃ ایضا لاطلاق
الرجس والضلال وشمولہما جمیعا لکن لا نسلم اثبات العصمۃ عن الخطاء کما فی المہدی
المصرح فیہ بقولہ لا یخطاء قلنا الخطاء فی دین اللہ جہل ومعصیۃ وانتساب لما
لیس من اللہ سبحانہ ورسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم والجہل والانتساب
المذکور مما یعظم امر ہذہ المعصیۃ ولا یوحبان فی کل معصیۃ فہو نفسہ رجس
وضلال یشملہ اللفظان بلا شک ولا یمنع صدق اللفظ علی معناہ زوال لازم لہ فی الاکثر
بعارض فلا یمنع صدق الرجس والضلال علی الخطاء والجہل والانتساب المذکور زوال
العصیان عن مرتکبہ بعارض کون مجتہدا یبذل جہدہ فی طلب الحق وبالجملۃ کون الذنب
معفوا عنہ لا یخرجہ عن حقیقتہ حتی لا یصدق علیہ لفظہ واجرالحاکم الخاطی علی ما ورد
بہ الخبر لیس لخطائہ بل لبذلہ وسع مالہ من الجہد فی فوز الحق ثم لا یخفی واذا ثبت
ہذا علم ان من اقر بصحۃ حدیث التمسک الزم بعصمۃ الائمۃ حتی استحالۃ صدور
الخطاء عنہم کالمہدی منہم عند الشیخ وہذا الخصوص فی الامۃ بالائمۃ من اہل البیتؑ
پس اگر اعتراض کرے کوئی کہ خطا فی الاجتہاد معصیت نہیں ہی کہ شامل ہو اُسکو رجس بیچ آیت کے اور

جس سے لازم ہو مطہر ہونا ائمہ کرام کی ورثا مل ہو اسی اجتہاد کو ضلال فی الدین حتی کہ منتفی ہو جائے بہ سبب ہی ضلال
انھین حضرات سے اور ثابت ہو عدم ضلال اُن لوگون کا جو متمسک ہون ساتھ اُنکے در صورتیکہ مسلم ہو کہ جو لوگ متمسک
بہم ہون پس آیت اور حدیث کو اگر تسلیم کرین ہم کہ اثبات اُن دونو کا عصمت اہلبیت کی ہے تو غرض
بھی کہ اسپر اطلاق رجس و ضلال کا ہوتا ہی لیکن ہم تسلیم نہین کرتے اثبات اُس عصمت کا کہ جسکے
جیسا کہ امام مہدیؑ کے بارے مین تصریح ہی کہ وہ خطا کرینگے تو جواب دینگے ہم کہ خطا کرنا در حالت معصیت کرنے
ہی اور نسبت دینا ہی امر غیر واقع کی خدا اور رسولؐ کی طرف اور ایسا جہل اور ایسے نسبت دینے سے امر معصیت کا
عظیم ہو جاتا ہی اور یہ دونو امر معصیت مین پائی نہین جاتی پس خطائی نفسہ رجس و ضلال ہی اور ان دونون
لفظون مین داخل ہی اور زوال لازم معنے کا اگر بسبب کسی عارض کے ہو تو وہ مانع صدق لفظ علی المعنی کو
نہین ہی پس صدق رجس کا اور ضلال کا خطا و جہل انتساب مذکورہ پر ممتنع نہین ہی زوال عصیان جو اُسکے
مرتکب سے ہوا بسبب کسی عارض کے تو اُسکے اصلی معنی بدل نہین سکتے اس لیے کہ مجتہد نے جو طلب امر حق مین
کوشش کی ہی اُسکا انعام دیا گیا ہی غرض خطا فی الاجتہاد پر بھی رجس و ضلال فی الدین کا اطلاق ہو گا کیونکہ
اگر گناہ بخش ہی دیا جائے معفو ہو جائے تو حقیقت اُسکی نہ بدلے گی (یعنے یہ نہ ہو گا کہ وہ گناہ گناہ نہ رہے)
یا اطلاق لفظ ذنب کا اُسپر صادق نہ آوے اور یہ جو خبر مین وارد ہوا ہی کہ حاکم خاطی اجر پائیگا تو اُسکی یہ وجہ نہین
ہی کہ اُسنے خطا کی اس وجہ سے مستحق انعام ہوا بلکہ وجہ اجر پانیکی یہ ہی کہ اُسنے بہت کوشش کی اور سعی کی کہ امر
حق پر فائز ہو جیسا کہ پوشیدہ نہین ہی اور جسوقت یہ ثابت ہوا تو معلوم ہوا کہ جو شخص اقرار کرے صحت حدیث
تمسک بالثقلین کا اُسکو ضرور لازم ہی قائل ہونا عصمت آئمہ ہدیٰ کا ایسی عصمت کہ صدور خطا اُنسے محال ہی
جیسا کہ امام مہدیؑ کے بارے مین شیخ قائل ہین اور یہ عصمت مخصوص ہی اس اُمت مین ساتھ ائمہ اہل بیت
علیہم السلام کے و مما یجب ان انبہ علیہ ان ھذا الکلام فی عصمۃ الائمۃ انما جرینا فیہا
علی جری الشیخ الاکبر قدس سرہ فیما فی المہدی رضی اللہ عنہ من حیث ان مقصودنا منہ
ان قولہ صلعم فیہ یقفو اثری لا یخطاء لما دل عند الشیخ علی عصمتہ فحدیث الثقلین یدل
علی عصمۃ الائمۃ الطاہرین رضی اللہ عنہم بما مر تنبیا بنولیست عقدۃ الا انا صل علی
ان العصمۃ الثابتۃ فی الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام لا توجد فی غیرہم و انما اعتقد
فی اہل الولایۃ قاطبۃ العصمۃ بمعنی الحفظ وعدم صدور الذنب لا استحالۃ صدورہ
وللائمۃ الطاہرین اقدام من الکل فی ذلک و بذلک یطلق علیہم الائمۃ المعصومون
فمن رمانی من ھذا البحث باتباع مذہب غیر السنۃ مما یعلم اللہ سبحانہ براءتی
منہ فعلیہ اثم فریتہ واللہ خصیمہ اور واجب ہی ہم پر کہ ہم تنبیہ کرین اوپر اسکے کہ یہ کلام عصمت
آئمہ کے باب مین مطابق اُسکے ہی کہ شیخ اکبر قدس سرہ نے امام مہدیؑ کی ثابت کی ہی اس لیے کہ مقصود ہمارا

اس سے یہ ہی کہ رسول خدا کا دربارہ امام مہدی ہو یقفوا اثری لا یخطی یعنی پیروی کریگا میری اور خطا نکریگا جسوقت یہ حدیث دلیل ہی شیخ کے نزدیک عصمت پر امام مہدی کے تو حدیث ثقلین دلالت کرتی ہی عصمت پر آئمہ اہلبیت طاہرین کے جیسا کہ پہلے مذکور ہوا انتہی اور الفاظ یہ ہین کہ جو عصمت انبیا کے لیے ثابت ہی انکے بیچ مین نہین پائی جاتی اور قاطبتہ اہل ولایت یعنی اولیا اللہ کی عصمت کا اعتقاد کیا گیا ہی وہ عصمت کہ جسکے معنی حفظ اور عدم صدور خطا ہی نہ یہ کہ خطا ہونا اُنسے محال ہو اور آئمہ اہل بیت معصوم ہیں ان سب امر مین تمام اولیا اللہ پر اور اسی وجہہ سے اطلاق کیا جاتا ہی اُنپر آئمہ معصومین کا پس جو شخص تہمت لگاتا ہی ہم پر اس محبت کو دیکھکر کہ ہم پیروی کرتے ہین مذہب شیعہ کی بسبب محبت کی رُو سے جو شخص ہمکو مذہب شیعہ کا پیرو کہے تو بری ہونا ہمارا خدا کو معلوم ہی پس ایسے شخص پر ہی گناہ افترا کرنے کا اور اللہ خصم اسکا ہی انتہی یہانتک جو فضائل اور مناقب اہلبیت بیان ہوئے اور یہ بھی بیان ہوا کہ بعض علمانے اہلبیت اور آل اور عترت اور ذریت اور ذوی القربے کے معنی بتانے مین کوشش کی اور تنقیص و تذلیل اہلبیت مین خصوصاً فاطمہ اور علی اور حسن و حسین مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اور یہ بھی مذکور ہوا کہ بعض علمانے قلادہ تعصب کو گردنون سے اُتار کے پوست کندہ صاف صاف حوال لکھدیا کہ کوئی آئمہ دین مین بجز اہلبیت کے معصوم نہین ہی اور جو کچھ اُنکو امر حق نظر آیا اُسکا اعتراف کیا حاصل یہ کہ اس اختلاف علما کا کوئی سبب بھی ہونا چاہیے اگرچہ ابتدائے بعض بعض مقام پر مجملاً مذکور بھی ہوا ہی لیکن زیادتی بصیرت کے لیے پھر توضیح کیجاتی ہی علامہ ابن تیمیہ اپنے منہاج السنہ مین تحریر کرتے ہین فانہ من المعلوم انہ لما قولی کان الصحابۃ و سائر المسلمین ثلثۃ اصناف صنف قاتلوا معہ وصنف قاتلوہ وصنف قعدوا عن هذا واکثر السابقین الاولین من القعود وقد قیل ان بعض السابقین الاولین قاتلوہ وذکر ابن حزم ان عمار بن یاسر قتلہ ابو الغادیہ وان ابا الغادیہ هذا من السابقین الاولین ممن بایع تحت الشجرۃ یعنے جب علی والی خلافت ہوے تو صحابہ اور سائر مسلمین تین گروہ ہوئے ایک گروہ تو وہ جنھون نے ساتھ دیا اور انکے ساتھ اُنکے مخالفین سے مقاتلہ کیا دوسرے وہ جنھون نے خود حضرت علی سے مقابلہ اور مقاتلہ کیا تیسرے وہ جو ادھر ہوئے نہ اُدھر بلکہ بیٹھ رہے اور اکثر سابقین اولین اس قسم مین داخل تھے اور یہ بھی کہا گیا ہی کہ تحقیق کہ بعض سابقین اولین نے قتال کیا علی سے اور ابن حزم نے ذکر کیا ہی کہ عمار یاسر کو قتل کیا ابو الغادیہ نے اور یہ ابو الغادیہ سابقین اولین سے تھے اور شریک تھے بیعت الرضوان کے پھر شیخ الاسلام ابن تیمیہ کہ جنکی مدح بیان ہو چکی کہ بعد امام احمد کے استاد اہل حدیث ہین لکھتے ہین کہ اکثر مہاجرین اولین معاویہ کے ہمراہ تھے اس تقریر سے شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی واضح ہی کہ جو لوگ جنگ و جدال اور قتال کرتے تھے علی سے وہ لوگ ضرور کینہ رکھتے تھے علی سے اور جو لوگ شریک نہ ہوئے علی کے اور اُنسے بیعت نہین کی وہ بھی علی سے صاف نہ تھے اور اُنکو خلیفہ چہارم ہونا بھی علی کا گوارا نہ ہوا اور یا الضرور

ذوالفقار جلد ۲ صفحہ ۱۲۷ و ۱۲۸

مناقب و فضائل علیؑ کے منکر ٹھہرے اور باوجود اُنکے امام برحق ہونیکے روگردانی کی اُنسے حالانکہ خلافت حضرت
علیؑ کی باجماع اور باتفاق واقع ہوئی تھی اگرچہ بعض اُن قاعدین کے شریک معاویہ بھی نہین ہوئی مگر باعث خذلان
جناب امیرؑ ہوئے اور مستحق ولعید لعرف امام زمانہ بالضرور قرار پائے اور جو لوگ کہ بیعت سے علیؑ کی شرف
اندوز ہوئے اور ابتدا سے انتہا تک ہر جنگ وجدال ورہر مہلکہ و رقتال مین شریک علیؑ رہے وہ ہی محب
مخلص ٹھہرے اور یہ امر بھی بدیہی ہی کہ دو ثلث صحابہ کبار مین سے مخالفت علی ابن ابی طالبؑ تھے تو وہ بیشک
مخالف حق تھے الحق مع علیؑ وعلیؑ مع الحق اور المہ ادراالحق مع علی حیث ما دار شان جناب
امیر المومنین علی مین ثابت ہی اور یہ بھی ثابت ہی کہ بغض وعداوت و خذلان علیؑ بغض وعداوت و خذلان
رسول انام ہی جنگ با علیؑ جنگ با رسول عربی صلعم ہی اور بروایت ابن عساکر قال علی امرنی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ والہ وسلم بقتال الناکثین والقاسطین والمارقین یعنے کہا علیؑ نے کہ مجکو
حکم کیا ہی رسول خدا نے ساتھ قتال ناکثین اور قاسطین ور مارقین کے وھکذا روی ابن عساکر عن
ابن مسعود ایضًا والمراد بالناکثین طلحہ والزبیر واصحاب الجمل وبالمارقین الخوارج
وبالقاسطین معویہ واصحابہ اور اسیطرح روایت کی ہی ابن عساکر نے ابن مسعود سے بھی ورمراد
ناکثین سے طلحا ور زبیر اور اصحاب جمل ہین اور مارقین سے خوارج اور قاسطین سے معویہ ور اصحاب اُسکے اب
ہم یہ بھی عرض کردین کہ خوارج کسکو کہتے ہین علامہ عبدالکریم شہرستانی ملل ونحل مین فرماتے ہین الخوارج والمرجیہ
والوعیدیہ کل من خرج علی الامام الحق الذی اتفقت الجماعۃ علیہ یسمی خارجیا
سواء کان الخروج فی ایام الصحابۃ علی الائمۃ الراشدین او کان بعدھم علی التابعین باحسان
والائمۃ فی کل زمان والمرجیۃ صنف اٰخر تکلموا فی الایمان والعدل الا انہم وافقوا
الخوارج فی بعض المسائل التی تتعلق بالامامۃ والوعیدیۃ داخلۃ فی الخوارج وھم القائلون
بتکفیر صاحب الکبیرۃ وتخلیدہ فی النار یعنے خوارج مرجیہ اور وعیدیہ کل وہ لوگ ہین کہ جنھون نے
خروج کیا امام حق پر جسکی امامت پر جماعت نے اتفاق کیا ہو اُسکو خارجی کہتے ہین خواہ خروج زمانہ صحابہ
مین آئمہ راشدین پر ہو یا بعد اُنکے تابعین پر یا اور آئمہ پر ہر زمانے مین اور مرجیہ دوسری قسم ہی جس نے کلام
کیا ایمان مین اور عدل مین مگر اُنھون نے موافقت کی ہی خوارج کے بعض مسائل متعلق امامت مین پھر کہتے ہین
الخوارج اعلم ان اول من خرج علی امیر المومنین علی ابن ابی طالب جماعۃ ممن کان
فی حرب صفین واشدھم خروجا علیہ ومروقا من الدین الاشعث بن قیس ومسعود
ابن فدکی التمیمی وزید ابن حصین الطائی خوارج مین جان تو تحقیق سب سے پہلے جسنے خروج کیا
امیر المومنین علیؑ پر وہ جماعت ہی جو جنگ صفین مین حضرت علیؑ کے ساتھ تھے اور اُنمین زیادہ تر اور
سخت خروج مین اور دین سے نکلنے مین اشعث بن قیس اور مسعود تمیمی اور زید ابن حصین طائی ہی حین قالوا

سیرۃ کنزی باب رابع والناکثون فی بعض ما اخبرہ من الشدائد والفتن

ملل و نحل ص ۶۰ مطبوعہ مصر مطبع بولاق سنہ ۱۲۶۳ھ

القوم یدعوننا الی کتاب اللہ وانتم تدعوننا الی السیف حتی قال انا اعلم بما فی کتاب اللہ انفروا الی بقیۃ الاحزاب انفروا الی من یقول کذب اللہ ورسولہ وانتم تقولون صدق اللہ ورسولہ جسوقت کہ کہا اُنھون نے کہ قوم بلاتی ہے ہمکو کتاب خدا کیطرف اور تم بلاتے ہو تلوار کیطرف فرمایا حضرت علیؑ نے کہ مین خوب جانتا ہون کتاب خدا کو کوچ کرو اور جاؤ طرف بقیہ احزاب کے اور ہجوم کرو اور جاؤ طرف اُس شخص کے کہ کہتا ہے جھوٹ کہا اللہ نے اور اُسکے رسول نے اور تم لوگ کہتے ہو کہ سچ کہا اللہ نے اور اُسکے رسول نے قاموس مین ہے النواصب والناصبیۃ اھل النصب المتدینون ببغض علی کرم اللہ وجہہ لانہم نصبوا لہ ای عادوہ نواصب و ناصبیہ و اہل نصب وہ لوگ ہین کہ جنھون نے اپنا دین بغض علیؑ کو قرار دیا ہے اسواسطے کہ دشمنی رکھتے ہین وہ لوگ علیؑ سے پھر علامہ عبدالکریم شہرستانی فہرست خوارج کے اخیر مین لکھتے ہین والذین اعتزلوا الی جانب فلم یکونوا مع علی فی حروبہ ولا مع خصومہ وقالوا لاندخل فی غمار الفتنۃ من الصحابۃ عبداللہ ابن عمر وسعد ابن وقاص ومحمد ابن مسلمۃ الانصاری واسامۃ ابن زید بن حارثۃ الکلبی مولی رسول اللہ وقال قیس ابن حازم کنت مع علی فی جمیع احوالہ وحروبہ حتی قال یوم صفین انفروا الی بقیۃ الاحزاب انفروا الی من یقول کذب اللہ ورسولہ وانتم تقولون صدق اللہ ورسولہ فعرفت ایش کان یعتقد فی الجماعۃ فاعتزلت عنہ اور وہ لوگ جو جدا ہوئے اور کنارہ کش ہوئے اور نہ ساتھ دیا حضرت علیؑ کا اُنکی لڑائیون مین اور نہ اُنکے دشمنون کے شریک ہوکر لڑے حضرت علی سے کہتے تھے کہ ہم غمار فتنہ مین داخل نہونگے وہ لوگ صحابہ سے یہ ہین عبداللہ ابن عمر و سعد ابن ابی وقاص و محمد ابن مسلمہ انصاری و اسامہ ابن زید غلام رسول خدا اور کہا قیس ابن ابی حازم نے کہ مین علیؑ کے ساتھ تھا ہر حال مین اور ہر جنگ مین یہانتک کہ بروز صفین حضرت علیؑ نے کہا جاؤ طرف بقیہ احزاب کے جاؤ طرف اُس قوم کے جو کہتے ہین دروغ کہا اللہ نے اور اُسکے رسول نے اور تم لوگ کہتے ہو سچ کہا خدا نے اور اُسکے رسول نے پس ہم نے پہچانا کہ علیؑ کا کیا اعتقاد ہے جماعت معاویہ کی نسبت اُسوقت کنارہ کیا ہم نے علیؑ سے الغرض یہان ہمکو بحث کرنا دربارہ خلافت مطلوب نہین ہے بلکہ اصل غرض یہ ہے کہ اکثر یاران رسول مختار اور اصحاب رسول کبار کا یہ حال تھا آئمہ اطہار او رجناب حیدر کرار سے بقول ابن تیمیہ دو ثلث صحاب کبار مخالف علی ابن ابی طالب تھے کہ بعض نے نکث بیعت کی بعض نے اس بیعت علیؑ کا نام غمار فتنہ رکھا بعض فی الظاہر شریک خصوم تو نہ ہوئے مگر فی الباطن مدد دیا و ر ناکثین و رقاسطین کے ہوئے اب جن صاحبون نے بیعت علیؑ کی ورنہ یا ورعلی ابن ابیطالب فی الظاہر بنے شریک حروب علی ابن ابیطالب رہے وہ ایک ثلث تھے اب اس ایک ثلث کا حال جنگ صفین مین کھل گیا اور ایک ثلث کے تین حصہ ہوگئے ایک حصہ تو معاویہ کو خلیفہ بحق سمجھکر اپنی سرشت کے موافق اُنسے جاملے ایک حصہ اُنکے عثمان معاویہ طلحہ زبیر علیؑ سب کو خارج از دایرہ اسلام اور کافر کہنے لگا ایک حصہ مطیع و فرمان بردار علی ابن ابی طالب رہا یہ حال تھا

اصحاب کبار کا اور یہ امر بھی ظاہر ہے کہ جب کہ حصہ صحابیون خاص مخالفت پر ہون تو احادیث فضائل و مناقب اہلبیت و علیؑ کو کون بیان کرے نصوص جلیہ کا کون ثبوت دے بلکہ بالعوض فضائل و مناقب کے یہ حال تھا کہ سب و شتم لعن و طعن منبر و نہیں ہر خطبہ میں در رحمیہ و جماعت مین جاری ہو گئی چنانچہ جز ثانی مین شرح نہج البلاغۃ کی جناب امیر المومنین ؑ سے نقل کیا ہے کہ پوچھا آپ سے درباب ایمان معاویہ اور اصحاب معاویہ کے فقال علیؑ ما اقول المعاویہ و کلا اعلم انہم موصنون ولا مسلمون پس فرمایا حضرت علیؑ نے کہ مین اقرار نہین کرتا کہ معاویہ اور اسکے اصحاب مومن ہون یا مسلم پھر جناب علیؑ ابن ابی طالب سے منقول ہے قال والذی فلق الحبۃ و برء النسمۃ ما اسلموا ولکن ھم استسلموا و اسروا الکفر فلما وجدوا علیہ اعوانا اظہروہ یعنے قسم اُس خدائے یگانہ کی جسنے چیرا دانہ کو اور پیدا کیا خلق کو کہ معاویہ اور اصحاب معاویہ ایمان نہ لائے تھے لیکن ظاہر مین اسلام قبول کیا تھا اور کفر کو مخفی رکھا تھا پس جسوقت کہ اعوان و انصار کو پایا کفر مکتوم کو ظاہر کیا اور اُسی جز رابع مین ابن مسعود سے روایت کی ہے قال رسول اللہ اذا رئیتم معاویہ بن ابی سفیان یخطب علی منبری فاضربوا عنقہ فقال الحسن فو اللہ ما فعلوا ولا افلحوا یعنے پیغمبرؐ نے فرمایا جسوقت معاویہ کو میرے منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھو اسکی گردن مارو پس کہا حسن بصری نے قسم خدا کی نہ کیا انھون نے اور نہ فلاح پائی انھون نے ابن ابی الحدید لکھتے ہین وخطب بذلک معاویہ باللعن علی منابر الاسلام وصار ذلک سنۃ فی ایام بنی امیۃ الی ان قام عمر ابن عبد العزیز فازالہ یعنے خطبہ پڑھا معاویہ نے اور لعن کی معاذ اللہ حضرت علیؑ پر اوپر منابر اسلام کے اور یہ لعن کرنا سنت امویہ ہو گئی تھی زمانہ بنی امیہ مین اور باقی رہی یہ سنت یہانتک کہ خلیفہ ہوا عمر ابن عبد العزیز پس اُس نے موقوف کی کان خلفاء بنی امیہ یسبون علیا رضی اللہ عنہ من سنۃ احدی واربعین وھی السنۃ التی خلع الحسن فیہا نفسہ من الخلافۃ الی اول سنۃ تسع وتسعین اخر ایام سلیمان عبد الملک فلما ولی عمر ابطل ذلک وکتب الی نوابہ بابطالہ ولما خطب یوم الجمعۃ ابدل السب فی اخر الخطبۃ بقراۃ قولہ تعالی ان اللہ یامر بالعدل الخ وذکر شیخنا ابو عثمان عمر ابن جاحظ ان معاویہ کان یقول فی اخر خطبۃ الجمعۃ اللھم ان ابا تراب الحد فی دینک وصد عن سبیلک فالعنہ لعنا وبیلا وعذبہ عذابا الیما وکتب ذلک الی الآفاق فکانت ھذہ الکلمات یشاد بہا علی المنابر الی خلافۃ عمر ابن عبد العزیز ملخص کلام ابن ابی الحدید اور ابو الفدا اور ابو عثمان عمر ابن الجاحظ یہ ہی معاذ اللہ پناہ خدا کہ خود معاویہ بر ملا منابر اسلام پر عام طور سے خطبہ مین کہتا تھا خدایا ابوتراب نے شرک کیا تیرے دین مین اور برگشتہ ہو گیا تیری راہ سے پس لعنت وبال کر اور عذاب الیم کر اور یہ حکم آفاق مین ہر ہر مقام پر لکھا تھا کہ یہ ہی کلمات ہر مشہد اور مسجد مین اور خطبون مین بالائے منابر پڑھے جاوین چنانچہ یہ سنت قرار پائی تھی بنی امیہ مین اور عمر ابن عبد العزیز کے زمانہ تک جاری رہی اور عمر ابن عبد العزیز اول

جز ثانی شرح نہج البلاغہ صـ ۱۱ سطر ۱۸

جز رابع صـ ۱۵۸ سطر ۲۰

جز رابع صـ ۱۹۵ سطر ۲۲

شرح نہج البلاغہ سطر ۱۴

حیات الحیوان جز اول صـ ۲۲۲ سطر ۱۲

شرح نہج البلاغہ سطر ۱۲

انکا ہی کہ جسنے موقوف کیا اُسکو اسی جزمین عمر جاحظ نقل کرتے ہین کہ ایک باعث نے بنی امیہ کی معاویہ سے کہا کہ
اے معاویہ تو اپنی آرزو کو پہنچا اب تو تو زبان عن کو اس مرد پر روک پس معاویہ نے جواب دیا کہ لا واللہ حتی
یربو علیہا الصغیر و یہرم علیہ الکبیر ولا یذکر ذاکر فضلا لہ واللہ واللہ زبان لعن کو نہ روکونگا
اسوقت تک کہ بچے بڑے ہوجاوین اور بڑے بڈھے اور ذکر خیر دنیا سے فنا ہوجائے اور اسکافی سے نقل
کیا ہی کہ ان معاویہ وضع قوما من الصحابۃ وقوما من التابعین علی روایۃ اخبار قبیحۃ فی علیؑ
تقتضی الطعن فیہ یعنے اسکافی سے نقل کیا ہی کہ معاویہ نے ایک قوم کو اصحاب سے اور ایک قوم کو تابعین
سے مقرر کیا تھا کہ نقل کرین اخبار قبیحہ اور احادیث موضوعہ کو کہ شامل ہون طعن پر علیؑ کے اور بنات پر معاویہ
کے انمین ابوہریرہ وعمرابن عاص ومغیرہ ابن شعبہ ہین اور بروایت زہری تابعین سے عروہ ابن زبیر ہین بیان
کرتے ہین قال حدثتنی عایشہ قالت کنت عند رسول اللہ اذا قبل العباس وعلیؑ فقال عایشہ
ان ہذین یموتان علی غیر ملتی او قال دینی بیان کیا مجھسے عایشہ نے کہ مین رسول اللہ کے پاس
تھی کہ ناگاہ آئے عباس اور علیؑ پس فرمایا رسولؐ خدا نے ای عائشہ بہ تحقیق یہ دونو مرینگے کہ میری ملت پر
نہ ہونگے یا فرمایا کہ میرے دین پر نہونگے و روی عبد الرزاق عن معمر قال کان عند الزہری حدیثان
روایت کیا عبد الرزاق نے معمر سے کہا کہ زہری کے نزدیک دو حدیثین تھین عروہ سے کہ اُسنے عایشہ سے نقل کین
شان علیؑ مین پس مین نے ایک دن دونو حدیثون کی نسبت پوچھا اُسسے فقال ما تصنع بہما وبحدیثہما
اللہ اعلم بہما انی لاتہمہما فی بنی ہاشم قال فاما الحدیث الاول فقد ذکرناہ واما الحدیث
الثانی فہو ان عروہ زعم ان عایشہ حدثتہ قالت کنت عند النبیؐ اذ اقبل العباسؓ وعلی فقال
یا عایشہ ان سرک ان تنظری الی رجلین من اہل النار فانظری الی ہذین قد طلعا فنظرت
فاذا العباسؓ وعلی بن ابی طالب الخ اور واقدی نے نقل کیا ہی کہ معاویہ بعد صلح کے امام حسنؑ سے شام مین پہونچا
اور آدمیون کو جمع کیا اور اپنی تعریفین کین بعدہ کہا والعنوا ابا تراب فلعنوہ پھر ذکر کیا کہ صحوان بنی امیہ
منعوا من اظہار فضائل علیؑ وعاقبوا ذاکر ذلک یعنے صحیح اور ثابت ہی کہ بنی امیہ کہ جسمین سے معاویہ بھی
ہین منع کرتے تھے اظہار فضائل علیؑ سے اور عقاب کرتے تھے تا قل اور ذاکر فضائل علیؑ پر و روی اہل السیرۃ
ان الولید بن عبد الملک فی خلافۃ ذکر علیا فقال لعنہ اللہ بالجر کان لص ابن اللص وراہل سیر
نے روایت کی ہی کہ ولید ابن عبد الملک اپنی خلافت میں جب ذکر علیؑ کرتا تھا تو کہتا تھا لعنہ اللہ بالجر کان
لص بن اللص وامر المغیرہ بن شعبہ وہو یومئذ امیر الکوفۃ من قبل معاویہ حجر بن عدی
ان یقوم فی الناس فیلعن علیا فابی ذلک فتوعدہ فقام وقال ایہا الناس ان امیرکم امرنی ان العن
علیا فالعنوہ فقال اہل الکوفۃ لعنہ اللہ وعاد الضمیر الی المغیرۃ بالنیۃ والقصد واراد زیاد ان یعرض
اہل الکوفۃ اجمعین علی البراءۃ من علیؑ ولعنہ وان یقتل کل من امتنع من ذلک

ویجوب منزلہ حکم کیا مغیرہ بن شعبہ نے اور وہ اسوقت معاویہ کیطرف سے امیر کوفہ تھا کہ حجر ابن عدی کھڑا ہو
آدمیون مین اور بناہ خدا لعنت کرے علیؑ پر اسنے انکار کیا پس ڈرایا اسکو پس کھڑا ہوا وہ اور کہا ایہاالناس
تمھارے امیر نے حکم کیا ہی مجکو کہ لعنت کرون علیؑ پر پس تم سب لعنت کرو اسپر پس تمام اہل کوفہ نے کہا لعنت ہو اسپر
اللہ کی اور عائد کیا ضمیر کو مغیرہ کی طرف نیت اور قصد مین اور ارادہ کیا زیاد نے کہ اہل کوفہ سب برارت کرین
علیؑ سے اور لعنت کرین اسپر اور اسبات پر آمادہ کیا کہ قتل کیا جائے ہر وہ شخص کہ باز رہے اس لعن سے اور
کھود ڈالا جائے مکان اسکا وکان الحجاج یلعن علیا و یامر بلعنہ اور حجاج لعن کرتا تھا علیؑ پر اور حکم کرتا تھا
لعن کرنیکا وذکر المبرد فی الکامل ان خالد بن عبد اللہ القسری لما کان امیر العراق فی خلافۃ
ھشام کان یلعن علیاً علی المنبر فیقول اللھم العن علی ابن ابیطالب بن عبد المطلب ابن
ھاشم صہر رسول اللہ وعلی بنتہ وعلی الحسنؑ والحسینؑ اور ذکر کیا مبرد نے کامل مین کہ خالد بن
عبد اللہ القسری جسوقت امیر عراق ہوا خلافۃ ہشام مین تو منبر پر بیٹھ کر لعنت کرتا تھا علیؑ کو اور کہتا تھا خداوندا لعنت
کر علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم داماد رسول اللہ پر اور اوپر انکی بیٹی کے اوپر حسنؑ اور حسینؑ کے
قال ابوبکر حدثنی ابوجعفر قال حدثنی ابراھیم قال حدثنی محمد ابن عاصم صاحب الخانات
قال قال لنا حریز ابن عثمان انتم یا اھل العراق تحبون علی ابن ابی طالب ونحن نبغضہ قالوا
لما قال لانہ قتل اجدادی ویروی فیہ اخبار امکذوبۃ کہا ابوبکر نے بیان کیا مجھسے ابوجعفر نے کہا
حدیث کی مجھسے ابراہیم نے کہا بیان کیا مجھسے محمد ابن عاصم صاحب خانات نے کہا کہ کہا ہمکو حریز ابن عثمان نے ای
اہل کوفہ تم دوست رکھتے ہو علیؑ بن ابیطالب کو اور ہم بغض رکھتے ہین اُستے لوگون نے کہا کسواسطے تو بغض رکھتا ہی
جواب دیا کہ اسنے ہمارے اجداد کو قتل کیا ہی اور روایات مکذوبہ اور اخبار موضوعہ شان علی مین بیان کرتا ہی
وکان الاشعث ابن قیس الکندی وجریر ابن عبد اللہ البجلی یبغضانہ اور اشعث ابن قیس کندی
اور جریر ابن عبد اللہ بجلی مبغضان علی بن ابی طالب سے تھے وکان ابومسعود الانصاری منحرف عن علیؑ
اور ابومسعود انصاری بھی منحرف تھا علیؑ سے وکان کعب منحرفا عن علیؑ وکان نعمان ابن بشیر انصاری
منحرفا عنہ وعدوًا لہ اور کعب منحرف تھا علیؑ سے اور نعمان ابن بشیر انصاری منحرف تھا اُنسے اور دشمن
تھا اُنکا وقد روی ان عمران ابن حصین کان من المنحرفین عنہ اور بتحقیق روایت ہی کہ عمران ابن
حصین منحرفین علیؑ سے تھا ومن المنحرفین عنہ ای علی المبغض لہ عبد اللہ ابن زبیر اور منحرفین
اور مبغضین علیؑ سے عبد اللہ ابن زبیر تھا ومن المعلوم الذی لاریب فیہ لاشتھار الخبر بہ واطباق
الناس علیہ ان الولید بن عقبۃ ابن ابی معیط کان یبغض علیا ویشتمہ وابوہ عقبۃ ابن ابی
معیط ھو العدو فلا ذنب ھمکہ اور مشہور ومعروف ہی کہ جسمین شک نہین ہی اور اتفاق ہی آدمیونکا
کہ تحقیق کہ ولید ابن عقبہ ابن ابی معیط بغض رکھتا تھا علیؑ سے اور سب وشتم کرتا تھا اُن کی اور باپ

کسی عورت کا بوسہ لے تو وضو جاتا رہتا ہی عائشہ نے کہا کہ اکثر حضرت رسول اللہ روزے کیحالت مین بوسے لیتے تھے
اور اعادہ وضو نکرتے تھے اسیطرح صحیح مسلم اور نیز صحیح بخاری مین ہو کہ عثمان کی ایک بیٹی مری اُسکی تعزیت کے واسطے
عبداللہ ابن عمر اور ابن عباس گئے اور اُنکی بیٹی کو رونے سے منع کیا اور کہا کہ عزیزون کے رونے سے میت پر عذاب
ہوتا ہی ابن عباس نے کہا تمھارے باپ بھی ایسا ہی کہتے تھے یہ ذکر عائشہ نے سنکہا خدا بخشے عمر کو قسم خدا کی ہرگز
رسول اللہ نے یہ نہین کہا بلکہ کافر کے مردہ پر رونے سے عذاب ہوتا ہی یہ بیان حال عبداللہ ابن عمر اسواسطے لکھا کہ جو شخص متہم
بکذب ہو اور ایک حدیث جھوٹی بیان کرے تو اُسکی بیان کی ہوئی حدیث مقبول نہین ہو عبداللہ ابن زبیر کا احوال تو
مشہور ہی کہ کلاب جواب کے بارے مین پچاس آدمیون سے جھوٹی گواہی دلوائی کہ یہ آب جواب نہین ہی اسکی نسبت
لکھا جاتا ہی کہ اول شہادت دروغی بود کہ در اسلام بوقوع پیوست اور ابو دردا بھی تارکین بیعت مرتضوی سے
تھے سنن بیہقی مین ہی کہ ابو دردا نے خطبہ مین بیان کیا کہ جو شخص شب کو سو کر صبح کو ایسے وقت اٹھے کہ جسمین نماز صبح پڑھی
جائے تو وہ نماز وتر نہین پڑھ سکتا یہ خطبہ جب صدیقہؓ نے سنا فرمایا کذب ابو دردا کان النبی یصبح فیوتر
یعنے ابو دردا جھوٹے ہین رسول اللہ صبح کرتے تھے اور بعد نماز صبح وتر پڑھتے تھے پس کذب ابو دردا کا
بہ لسان صدیقہؓ بیان بھی ثابت ہی اور حسان ابن ثابت کعب ابن مالک مسلمہ ابن مخلد ابو سعید خدری
محمد ابن مسلمہ نعمان ابن بشیر زید ابن ثابت رافع ابن خدیج فضالہ ابن عبید کعب ابن عجرہ انسب نے
بیعت علیؑ سے کنارہ کیا اور بیعت نہ کی علامہ ابن اثیر لکھتے ہین کہ عبداللہ ابن سلام صہیب ابن سنان
مسلمہ ابن سلامہ بن وقش اسامہ بن زید قدامہ بن مظعون مغیرہ ابن شعبہ عبداللہ ابن سلام صحابہ کبار
سے ہین اور صہیب ابن سنان مہاجرین اولین سے ہین ایسا ہی اسماء الرجال مشکوٰۃ شیخ عبدالحق دہلوی
مین بھی ہی عبدالرحمن ابن عثمان تیمی ابو الاعور ابو سفیان پدر معاویہ خالد ابن ولید بحسب نصوص خلیفہ دوم
مبتلائے زنا ہوئے ابو بکرہ نافع ابن کلیدہ شبل بن معبد معاویہ ابن حدیج مہاجرین سے ہین جنھون نے محمد ابن
ابی بکر کو قتل کیا اور گدھے کی کھال مین رکھکر جلوا دیا جسپر ام المومنین عائشہؓ نے لعنت کی در مستدرک امام
حاکم مین ہی بذیل حدیث طولانی کہ عائشہ نے کہا کہ خدا لعنت کرے عمر عاص پر کہ وہ گمان کرتا ہی کہ اُسنے
ذو الثدیہ کو مصر مین قتل کیا تھا لکھتے ہین کہ یہ حدیث صحیح ہی مگر صحیحین مین نہین ہو علامہ سیوطی اپنی کتاب
الوسائل الی معرفۃ الاوائل مین لکھتے ہین اول من رشا فی الاسلام المغیرہ بن شعبہ رشا یرفا
حاجب عمر ذکرہ ابو نعیم یعنے مذہب اسلام مین جسنے پہلے پہل رشوت کو رواج دیا وہ مغیرہ
بن شعبہ ہی کہ خلیفہ دوم کے دربان یرفا کو رشوت دی اور اُسی مستدرک مین ہی کہ ان المغیرہ بن
شعبہ سب علی ابن ابیطالب فقام الیہ زید ابن ارقم فقال یا مغیرہ الم تعلم ان رسول اللہ
نہی عن سب الاموات یعنے مغیرہ بن شعبہ سب علیؑ کرتا تھا زید ابن ارقم نے کہا کہ آیا تم نہین جانتے کہ
رسول اللہ نے مردونکو گالی دینے سے منع کیا ہی اس سے ثابت ہوتا ہی کہ مغیرہ جو بقول شیخ عبدالحق ... اسلام تھے

عند علیؑ فاتاہ رجل علیہ زی السفر فقال یا امیر المومنین انی اتیتک من بلدۃ ما رایت لک بہا محبا قال من این اتیت قال من البصرۃ تحقیق کر روایت کی یونس بن ارقم نے یزید ابن ارقم سے اور انھون نے ابی ناجیہ غلام ام ہانی سے کہا اُسنے کہ مین علیؑ کے پاس تھا پس آیا اُنکے پاس ایک شخص لباس سفر پہنے ہوئے اُسنے عرض کی یا امیر المومنینؑ مین آپکے پاس آتا تھا ایک شہر سے نہ دیکھا مین نے کوئی دوست آپکا فرمایا تو کہان سے آتا ہی کہا بصرہ سے منقول ہی کہ ابوہریرہ اور عمر ابن عاص اور مغیرہ بن شعبہ اور تابعین سے عروہ ابن زبیر وضع کرتے تھے احادیث مذمت علیؑ مین اور روح معاویہ مین چنانچہ شارح نہج البلاغہ نقل کرتے ہین ابوہریرہ کی نسبت کہ ضربہ عمر بالدرۃ و قال قد اکثرت من الروایۃ واحربک ان تکون کاذبا علی رسول اللہ یعنے حضرت عمر نے ابوہریرہ کو درے لگائے اور کہا کہ مین جانتا ہون کہ تو زیادتی کرتا ہی روایت مین اور دروغ بندی کرتا ہی رسولؐ خدا پر روی سفیان الثوری عن منصور عن ابراھیم التیمی قال کانوا لا یاخذون عن ابی ھریرۃ الا ما کان من ذکر جنۃ و نار سفیان ثوری نے منصور سے اور اُنھون نے ابراہیم تیمی سے روایت کی کہ کہا لوگ نہ لیتے تھے ابی ہریرہ سے کوئی حدیث لیکن جسمین ذکر جنت و نار ہوتا تھا امام فخر الدین رازی سورہ حمد کی تفسیر مین اپنی تفسیر کبیر مین نقل کرتے ہین عن علی قال الا ان اکذب الناس علی رسول اللہ ابوھریرۃ الدوسی یعنے منقول ہی علیؑ سے کہ دروغ گوترین مردم رسولخدا پر ابوہریرہ ہی اور ابو یوسف و امام ابو حنیفہ سے نقل کرتے ہین کہ الصحابۃ کلھم عدول الا رجالا منھم ابو ھریرۃ و انس بن مالک صحابہ کل عدول ہین مگر دو شخص ایک اُنمین کا ابوہریرہ ہی اور دوسرا انس بن مالک وکان المغیرۃ صاحب دنیا یبیع دینہ بالقلیل النزر منھا و یرضی معاویۃ بذکر علی حتی قال یوما ان علیا لم ینکحہ رسول اللہ ابنتہ حبا و لکنہ اراد ان یکافی بذلک احسان ابی طالب لہ یعنے مغیرہ صاحب دنیا تھا کہ اُسنے اپنے دین کو دنیائے قلیل کیواسطے بیچ ڈالا اور راضی کیا معاویہ کو ذکر علیؑ سے یہانتک کہ ایک دن کہا کہ رسول اللہؐ نے عقد فاطمہؑ زہرا کا علیؑ سے از روئے محبت کے نہین کیا بلکہ بارادہ مکافات احسان ابو طالب یہ نکاح کردیا قال ابو جعفر وقد روی ان معاویۃ بذل لسمرۃ ابن جندب مائۃ الف درھم سمرہ ابن جندب کو معاویہ نے سو ہزار درہم دیے کہ آیہ و من الناس من یعجبک کو حق مین علیؑ کے روایت کردے اور آیہ و من الناس من یشری نفسہ کو شان ابن ملجم مین اُسنے قبول نہ کیا پھر دو لاکھ درہم دینے کا وعدہ کیا اُسپر بھی نہ مانا پھر چار لاکھ درہم دینے کہے اُسوقت حدیث محمد مصطفےؐ اور دونون آیتون کے سبب نزول کو اعلان دیا پھر ابن ابی الحدید لکھتے ہین کہ بہت سے صحابہ اور تابعین اور محدثین منحرف تھے علیؑ سے اور اسرار پر تمام مشائخ بغداد متفق ہین پھر لکھتے ہین کہ ذکر شیخنا ابو جعفرؒ فی ھذا المعنی فی کتاب التفصیل و ذکر جماعۃ من شیوخنا البغدادیین ان عدۃ من الصحابۃ والتابعین والمحدثین کانوا منحرفین من علی و قائلین فیہ السوء منھم من کتم مناقبہ

شرح نہج البلاغہ صفحہ ... سطر ...

تفسیر کبیر صفحہ ...

تفسیر کبیر سطر ...

شرح نہج البلاغہ صفحہ ... سطر ...

واعان اعدائہ میلا مع الدنیا وایثارا للعاجلة فنھم انس بن مالک ذکر کیا ہی ہمارے شیخ ابو جعفرؒ نے اسی معنی مین کتاب تفضیل مین اور ذکر کیا ایک جماعت نے ہمارے شیوخ بغداد سے کہ بہت سے صحابہ سے اور تابعین اور محدثین سے منحرف تھے اور بدی بیان کرتے تھے علیؑ کی اور اُنکے فضائل اور مناقب کا کتمان کرتے تھے اور اُنکے دشمنوں کی اعانت کرتے تھے بسبب میلان دنیا کے اور طالب تھے کہ جلد اُنکو ملے منجملہ اُنکے انس ابن مالک تھے چنانچہ جب حضرت علیؑ نے شہادت حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ چاہی تو انس ابن مالک نے کہا کبرت وشیبت یعنے کہ مین ضعیف ہوگیا اور جب پیر فرمایا علیؑ نے اللھم ان کان کاذبا فارمہ بہا بیضاء لا تواریہا العمامہ کہ خداوندا اگر انس دروغ گو ہی تو تو اُسکو مبروص کردے بسبب اُسی کے روایت کے عمامہ سے پوشیدہ نہ ہوسکے طلحہ ابن امیر کہتے ہین کہ واللہ دیکھا مین نے کہ سفیدی برص مابین آنکھون کے ظاہر ہوئی کہ انس اُسکو چھپا نسکے اسیطرح زید ابن ارقم سے استشہا د فرمایا اُسی حدیث من کنت مولاہ پر فامسک زید ابن ارقم فلم یشہد وکان یعلمہا فدعا علیہ بذہاب البصر فعمی یعنے زید ابن ارقم نے شہادت ندی باوجود اس حدیث کے جاننے کے پس علیؑ نے دعا کی کہ اگر جان بوجھ کر یہ شہادت نہین دیتا تو خدایا اسکو اندھا کردے دفعتہً وہ اندھا ہوگیا وکان علیؑ یقنت فی صلوة الفجر وفی صلوة المغرب و یلعن معاویہ وعمرو والمغیرہ ولید ابن عقبہ وابا الاعور والضحاک ابن قیس بسر بن ارطاة وحبیب بن مسلمہ وابا موسی الاشعری ومروان ابن الحکم وکان ھولاء یعیبون علیہ و یلعنونہ یعنے حضرت علیؑ نماز صبح اور مغرب مین قنوت پڑھتے تھے اور لعنت کرتے تھے معاویہ اور عمر اور ولید ابن عقبہ اور ابو الاعور اور ضحاک ابن قیس بسر بن ارطاہ اور حبیب ابن مسلمہ اور ابو موسے اشعری اور مروان ابن حکیم پس یہ عیب جوئی کرتے تھے اور لعنت کرتے تھے اُن حضرت پر حتی کہ منقول ہی وان علیا لما قتل قصد بنوہ ان یخفوا قبرہ خوفا من بنی امیہ یعنے جسوقت علی شہید کیے گئے تو اُنکے صاحبزادون نے ارادہ کیا کہ قبر کو حضرت علیؑ کی پوشیدہ کرین بنی امیہ کے خوف سے اور خطبون مین جناب علیؑ نے جو جو اوصاف معاویہ اور اعوان وانصار معاویہ بیان فرمائے ہین بکثرت شرح نہج البلاغة مین مسطور ہین اور دیگر کتب مین خطبہ مین فرماتے ہین ونحن سائرون انشاء اللہ الی من سفہ نفسہ وبتناول مالیس لہ وما لا یدرکہ معویہ وجندہ الفئتہ الطاغیتہ الباغیہ یقودھم ابلیس ویبرق لھم ببارق تسویفہ ویدلیھم بغرورہ وانتم اعلم الناس بالحلال والحرام فاستغنوا بما علمتم واحذروا ما حذرکم اللہ من الشیطان وارغبوا فیما عندہ من الاجر والکرامة الخ یعنے اور ہم جانے والے ہین انشاء اللہ اُس شخص کیطرف کہ جسنے اپنے نفس کو احمق بنایا ہی اور اخذ کرتا ہی اُسکو جو اُسکے لائق نہین ہی اور اُس چیز کو کہ جسکو سمجھتا نہین وہ معاویہ ہی اور لشکر اُسکا کہ وہ گروہ سرکش اور باغی ہی اور پیشوا اُنکا ابلیس ہی اور چمک دیکھاتا ہی اُنکو اپنے فریب دینے کی بجلی سے اور نزدیک کرتا ہی اُنکو اپنے غرور سے

اور تم اعلم ناس ہو حلال و حرام سے پس مستغنی ہو اُس چیز سے کہ عمل کرتے ہو تم اور ڈرو تم اُس چیز سے کہ خدا نے تمکو ڈرایا ہی اور وہ شیطان ہی اور رغبت کرو اُس چیز مین کہ عند اللہ وہ اجر و کرامت ہی اور شارح نہج البلاغت علامہ ابن ابی الحدید لکھتے ہین کہ قیس ابن ابی حازم کہتا تھا کہ انی ابغض علیا و بغضہ فی قلبی یعنے مین بغض رکھتا ہون علیؑ سے اور اُنکا بغض میرے دل مین ہی اسماء الرجال مشکواۃ مین عبد الحق دہلوی لکھتے ہین عمران ابن حطان قال العجلی تابعی ثقۃ قال ابو داؤد لیس فی اہل الاہواء اصح حدیثا من الخوارج وکان خارجیا مدح ابن ملجم یروی لہ البخاری و ابو داؤد و النسائی یعنے عمران ابن حطان کی نسبت کہا عجلی نے کہ تابعی اور بصری تھا ابو داؤد نے کہا کہ بدعت والون مین خارجیون سے زیادہ کوئی سچا نہین ہی اور اس عمران نے ابن ملجم کی مدح مین اشعار لکھے ہین اور روایت کی ہی اس سے بخاری نے اور ابو داؤد اور نسائی نے اور قتادہ نے کہا کہ یہ حدیث مین متہم نہین ہی عمرو عاص کا احوال تو مشہور ہی کہ امیر المومنینؑ جو بعد بسم اللہ صلح نامہ مین لکھا گیا تو مجمع عام مین اُسنے کہا کہ لفظ امیر المومنین نکال ڈالو کہ وہ ہمارے امیر نہین ہین اشعث ابن قیس خلیفہ اول کے بہنوئے نے کہا کہ مٹا دو اس لقب کو خدا مٹا دے اس لقب کو یہ وہ اشعث ہین جنکی نسبت علامہ ابن حجر عسقلانی نے اصابہ فی ترجمۃ الصحابہ مین لکھتے ہین کہ یہ مرتد ہو کر خلیفہ اول کی خدمت مین آیا اور پھر اسلام لایا اور کسی نے انکو صحابیت سے خارج نہین کیا اور سب نے انسے حدیثین نقل کین ہین عبد الرحمن ابن خالد جنکی شان مین ہی کان عبد الرحمن من فرسان قریش و شجعانہم وکان لہ فضل و زہد و کرم الا انہ کان منحرفا عن علیؑ و بنی ہاشم یعنے عبد الرحمن فرسان اور شجاعان قریش سے تھا صاحب فضل و کرم و زہد تھا مگر علیؑ اور بنی ہاشم سے خلاف تھا براءؓ ابن عازب نے گواہی نہ دی اور کتمان کیا حدیث من کنت مولاہ کا دعائے جناب پیغمبر سے اندھے ہو گئے عبد اللہ ابن عمر نے بیعت علیؑ نہ کی چنانچہ مستدرک امام حاکم مین ہی کہ علیؑ نے سعد ابی وقاص اور عبد اللہ بن عمر اور محمد بن مسلمہ سے کہلا بھیجا کہ تمھاری خبرین ہمکو پہنچتی ہین جسکے جواب مین کہا کہ ہم نہ تمھاری بیعت کرینگے نہ تمھارے ساتھ جہاد مین نکلین گے جب تک ایسی تلوار نہ دو کہ جو کافر اور مومن کو پہچانے اور عبد اللہ ابن عمر نے کہا کہ ہمکو مجبور نہ کرو بیعت پر ہم بیعت نکرینگے جبتک سب مسلمانونکا اجماع نہو غرض علامہ سبط ابن جوزی تذکرہ خواص الامہ مین لکھتے ہین کہ امام زہری فرماتے ہین کہ تعجب ہی عبد اللہ ابن عمر اور سعد وقاص سے کہ دونو صاحبون نے علیؑ کی تو بیعت کی مگر معاویہ اور یزید کی بیعت کر لی انتہی علامہ ابن حجر عسقلانی فتح الباری مین لکھتے ہین کہ معاویہ نے جب عبد اللہ ابن عمر کی بیعت چاہی تو پہلے اُنھون نے انکار کیا معاویہ نے ایک لاکھ درہم عبد اللہ ابن عمر کو بھیجے جسے اُنھون نے لے لیا آخرش جب معاویہ کا انتقال ہوا تو عبد اللہ ابن عمر نے یزید کو لکھ بھیجا کہ ہمنے تمھاری بیعت قبول کی علامہ قسطلانی ارشاد الساری مین لکھتے ہین کہ بعد فوت معاویہ عبد اللہ ابن عمر نے یزید کو خط لکھا کہ تمھاری بیعت ہمنے منظور کی انھین عبد اللہ ابن عمرؓ کی نسبت لکھتے ہین کہ ایک روز عائشہؓ نے سنا کہ عبد اللہ ابن عمر کہتے ہین کہ اگر کوئی

اُسکا وہ عدو ازرق تھا کہ مین دو روی صاحب کتاب الغارات عن اسمعیل بن حکیم عن ابی مسعود
الجریری قال کان ثلثۃ من اہل البصرہ یتواصلون علی بغض علیؑ مسطرف ابن عبداللہ ابن الشخیر
والعلاء ابن زیاد وعبداللہ ابن شقیق صاحب کتاب غارات نے روایت کی ہی اسمعیل ابن حکیم سے
اُسنے ابی مسعود جریری سے کہا کہ تین شخص اہل بصرہ سے ہمیشگی کرتے تھے بغض علیؑ مین مسطرف ابن عبداللہ
ابن شخیر اور علا ابن زیاد اور عبداللہ ابن شقیق ومسروق ابن الاجدع واسود ابن یزید یفرطان فی سب
علی بن ابی طالب مسروق ابن اجدع اور اسود ابن یزید سب علی بن ابیطالبؑ مین افراط کرتے تھے و
روی ابو نعیم عن عمر ابن ثابت عن ابی اسحق قال ثلثہ لا یومنون علی علیؑ بن ابیطالب مسروق
ومرہ وشریح وروی ان الشعبی رابعہم ومن المبغضین القالین ابو بردہ ابن ابی موسی
الاشعری ابو نعیم نے روایت کی عمر ابن ثابت سے اور اُسنے ابی اسحق سے کہا کہ تین شخص قابل اعتماد
نہین ہین علی ابن ابی طالب کے باب مین ایک مسروق دوسرے مرہ ہمدانی اور تیسرے شریح اور روایت ہی
کہ شعبی چوتھی اُنکے ہین اور ابو نعیم نے روایت کی ہی کہ ابو بردہ اور ابو الغاویہ جہنی قاتل عمار یاسر منحرفین سے
تھے اور من المنحرفین ابو عبدالرحمن السلمی القاری وکان قیس ابن ابی حازم یبغض علیا
وکان سعید ابن المسیب منحرفا عن علی اور منحرفین سے ابو عبدالرحمن سلمی قاری تھا اور تھا قیس ابن ابی
حازم کہ بغض رکھتا تھا علیؑ سے اور سعید ابن المسیب منحرف تھا علیؑ سے وکان الزہری من المنحرفین عنہ
اور زہری منحرفین علیؑ سے تھا اور عروہ ابن زبیر بھی کذالک وکان یزید ابن ثابت وعمر ابن ثابت من
اعداء علیؑ ومبغضیہ اور یزید ابن ثابت اور عمر ابن ثابت دشمنان علی اور مبغضین سے اُنکے تھے روی فی
عمرانہ وکان یرکب ویدور القری بالشام ویجمع اہلہا ویقول یایہا الناس ان علیا کان
رجلا منافقا فالعنوہ ثم یسیر الی القریۃ الاخری فیامرہم مثل ذلک وکان ذلک فی ایام
معاویہ روایت کی گئی ہی عمرو ابن ثابت کے حق مین کہ بہ تحقیق وہ سوار ہوتا تھا اور پھرتا تھا شام کے
قریون مین اور اہل قریہ کو جمع کرتا تھا اور کہتا تھا ایہا الناس تحقیق کہ علیؑ ایک مرد منافق تھا پس لعنت کرو
اُسپر پھر وہان سے دوسرے قریہ مین جاتا تھا اور اُنکو اسیطرح حکم کرتا تھا اور تھا زمانہ معاویہ کا وکان
مکحول من المبغضین لہ اور مکحول مبغضین علیؑ سے تھا قال شیخنا ابو جعفر الاسکافی کان اہل البصرہ
کلہم یبغضونہ وکثیر من اہل الکوفۃ وکثیر من اہل المدینۃ واما اہل مکۃ فکلہم کانوا
یبغضونہ قاطبۃ وکانت قریش کلہا علی خلافہ وکان جمہور الخلق مع بنی امیہ کہا شیخ ہمارے
ابو جعفر اسکافی نے کہ اہل بصرہ کل بغض رکھتے تھے علیؑ سے اور بہت سے اہل کوفہ اور بکثرت اہل مدینہ دشمن
علیؑ تھے اور لیکن اہل مکہ پس وہ تو کل قاطبۃ بغض وعداوت علیؑ رکھتے تھے اور کل قریش مخالف علیؑ تھے اور
جمہور خلق بنی امیہ کے ہمراہ تھے وقد روی یونس ابن ارقم عن یزید ابن ارقم عن ابی ناجیہ مولی ام ہانی قال

وہ بعد وفات حضرت علیؑ بھی انکو گالیان دینے سے باز نہین آئے اور یہ مغیرہ زانی بھی تھے کہ ام جمیل سے زنا کرنا
اور نین صحابیون کا خلیفہ دوم کے سامنے زبان پر گواہی دینا اور ایک تابعی کا پوری پوری گواہی نہ دینا مشہور
اور معروف ہے جسکی طرف خود خلیفہ دوم نے دیکھکر کہا اما انی ارٰی رجلاً ارجو ان لا یفضح اللہ بہ رجلا من اصحاب
رسول اللہ یعنے مین ایسے مرد کو دیکھتا ہون امید کرتا ہون کہ نہ فضیحت کریگا اللہ بسبب اسکے ایک اصحاب رسول
کو اس کلام کو سنکر اُس تابعی نے پوری گواہی نہیں دی اور حد زنا سے بچالیا عمران ابن حطان صحابی یا تابعی
تھے اور ابن ملجم قاتل علی بن ابیطالب کے مداح تھے اشعار مدح مین ابن ملجم کے کہتے تھے اور باتفاق اہلسنت
وجماعت کے خارجی ہوگئے تھے ولید ابن عقبہ صحابی مشہور ہین اور شراب خواری مین نامی گرامی تھے چنانچہ
روضۃ الاحباب مین ہے کہ حضرت عثمان نے حکومت کوفہ سے ولید کو معزول کیا اُسکا سبب باین عبارت لکھتے
ہین کہ سبب عزل وے آن بود کہ صیت اشتغال وے بشرب خمر در افواہ و السنہ اہل کوفہ افتادہ الخ سمرہ ابن
جندب مشہور صحابی تھے اسماء الرجال مشکوۃ شیخ عبد الحق دہلوی مین ہے کہ سمرۃ بن جندب کان علی رای
الحروریۃ والخوارج ومن قاربھم فی مذاھبھم یعنے سمرہ بن جندب کا مذہب مطابق حروریہ اور
خوارج کے تھا چنانچہ کسی نے عمر سے کہا کہ سمرہ نے شراب بیچی جسپر اُنھون نے کہا خدا لعنت کرے سمرہ پر عبد اللہ
ابن ابی صحابی مشہور ہین یہ وہ صاحب ہین کہ جنگ احد مین تین سو آدمیون کو حضرت کے لشکر سے لیکر نکل گئے
جس سے آپکی فوج ایک ثلث کم ہوگئی اس حساب سے تو ایک ثلث صحابہ کا متصف بارتداد و نفاق ہونا ثابت
ہوتا ہے ربیعہ ابن امیہ صحابی عہد خلیفہ دوم مین نصرانی ہوگئے احمد ابن حنبل نے بھی ناقل روایات ہین الغرض حال
منحرفین و مبغضین علی بن ابیطالبؑ و حالات ارتداد و نفاق و افعال و کردار و بغض اصحاب اگر لکھا جائے
تو ایک مطول تیار ہو لہذا نظر باختصار اسیقدر پر اکتفا کیا گیا اور فضائل و مناقب اہلبیت و علی بن ابیطالبؑ
سے صحاح ستہ مملو ہین مشتی نمونہ خروار تحریر مین آئی اور بعض بعض مقامون پر مذکور بھی ہونگے اور بعض علما متعصبین
منحرفین صحابہ کے اعتراض جو در بارہ جدال و قتال علیؑ ہین اُنکے جواب اور نقل اعتراضات سے ہم نے عمداً
پرہیز کیا کہ جدال و قتال علی مطابق فرمودہ آنحضرت بعینہ در مطابق جدال و قتال رسول اللہ واقع ہوا چنانچہ
شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید مین منقول ہے قال حدثنی یحیی بن سلیمان قال حدثنی یحیی بن عبد الملک
ابن حمید بن عیینہ عن ابیہ عن اسمعیل بن رجاعن ابیہ محمد ابن فضیل عن الاعمش
عن اسمعیل بن رجا عن ابی سعید الخدری قال کنا مع رسول اللہ فانقطع شسع نعلہ
فالقاھا الی علیؑ لیصلحہا ثم قال ان منکم من یقاتل علی تاویل القرآن کما قاتلت علی تنزیلہ
فقال ابو بکر الصدیق انا ھو یا رسول اللہ فقال لا فقال عمر ابن الخطاب انا یا رسول اللہ
قال لا ولکنہ ذاکم خاصف النعل و ید علیؑ علی نعل النبیؐ و یصلحہا الخ ابو سعید خدری کہتے ہین
کہ ہم رسول اللہ کے پاس تھے کہ بند نعل آنحضرت ٹوٹ گیا تو دیا اُسکو علیؑ کو کہ درست کردین بعد اُسکے فرمایا تم مین سے

وہ شخص ہی کہ مقاتلہ کریگا تاویل قرآن پر جیسا کہ مقاتلہ کیا مین نے تنزیل قرآن پر پس کہا ابو بکر صدیق نے وہ مین ہون
یا رسول اللہ فرمایا آنحضرت نے کہ نہین پھر کہا عمر ابن خطاب نے انا یا رسول اللہ فرمایا تم بھی نہین ہو ولیکن وہ شخص
ہی درست کرتا ہی میرے نعل کو اور رہا تھ علیؑ کا نعل آنحضرتؐ پر تھا کہ درست کر رہے تھے اُسکو اور حدیث ابو ایوب
انصاری جو مذکور ہی کہ کہا ابو ایوب انصاری نے کہ ان رسول اللہ عہد الینا ان نقاتل مع الناکثین
فقاتلنا ھم وعہد الینا ان نقاتل مع القاسطین فہذا وجہنا الیہم یعنے معاویہ و اصحابہ
وعہد الینا ان نقاتل مع المارقین ولما رھم بعد تحقیق کہ رسول اللہ نے حکم فرمایا ہم کو کہ قتال کرین
ناکثین سے پس قتال کیا ہم نے اُنسے اور حکم فرمایا ہم کو آنحضرت نے کہ مقاتلہ کرین ہم قاسطین سے پس ہم
متوجہ ہین اُنکی طرف یعنے معاویہ اور اُسکے اصحاب کیطرف اور حکم فرمایا ہمکو کہ ہم مقاتلہ کرین مارقین کے ساتھ اور
نہین دیکھا ہم نے اُنکو اب تک اور احادیث صحیحہ متواترہ جو شان علیؑ مین مکرر مذکور ہوئے کہ دشمن علیؑ اور دشمن
رسول اور حرب علیؑ حرب رسولؐ اور سب علیؑ سب رسولؐ اور اذیت علیؑ اذیت رسولؐ ہی اور نیز ثابت ہی کہ شناخت
منافق کی زمانہ رسالت مآبؐ مین یہ مقرر تھی کہ منافق وہ ہی جو بغض وحسد رکھے علیؑ سے اور مولانا عبد الحق
باوجود تعصب شدید کے یزید کو شقی اور واجب اللعن فرماتے ہین اور مستحق لعن ہونے مین یزید کے فرماتے ہین کہ
کہ عند البعض یزید بھی مستحق لعن نہین ہی کہ اُسنے حکم قتل امام حسینؑ نہ دیا تھا بعضے کہتے ہین کہ قتل مومن گناہ کبیرہ ہی
وہ موجب لعن نہین کہ لعنت مخصوص ہی کفار سے اُسکا جواب رقم فرماتے ہین باین عبارت کہ لیتؔ شعری کہ
ارباب این اقاویل با حدیث نبوی کہ ناطق اند بانکہ بغض و ایذا و اہانت فاطمہؑ و اولادوے موجب بغض و عداوت
و اہانت رسولؐ است چہ میگویند و آن سبب کفر و موجب لعن و خلود نار جہنم است بلا شک و لا ریب ان الذین
یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا لیس ارباب ناظرین
سے انصاف طلب یہ امر ہی کہ جب بغض وحسد و ایذا و اہانت حضرت فاطمہ زہراؑ اور اُنکی اولاد کی موجب بغض و
عداوت و اہانت رسولؐ خدا ٹھہرے اور وہ سبب کفر اور موجب لعن اور خلود نار جہنم ہوا تو حضرت علیؑ اہلبیت
نبویؐ مین ایک فرد اعلیٰ اور اکمل ہین اور بلا شک حضرت فاطمہؑ اور اُنکی اولاد سے کسی طرح مرتبہ مین کم نہین ہین
اور اُن سب حدیثون مین جو بہ نسبت جناب فاطمہؑ اور اُنکی اولاد کے بغض و عداوت مین مذکور ہوئین شامل
ہین اور ما ورا اُن حدیثون کے احادیث صحیحہ متواترہ شان علی ابن ابیطالب مین وارد ہین اور ناطق ہین
کہ پیغمبرؐ خدا نے ایذا ء علیؑ کو اپنی ایذا اور اُنکے خذلان کو اپنا خذلان اور اُنکی اہانت کو اپنی اہانت اور اُنکی حرب
کو اپنی حرب فرمایا اور بغض و عداوت و اہانت وسب وشتم ولعن وطعن علیؑ بعینہ ایذا ء و بغض وحسد و
عداوت و اہانت وسب و لعن نبی صلعم قرار پائے گا اور وہ موجب کفر و لعن اور خلود نار جہنم ہوگا پس معاویہ
اور اُنکے اصحاب و اعوان و انصار اس استحقاق سے کیونکر نجات پا سکتے ہین کہ مولانائے ممدوح محبت معاویہ مین
باتباع اسلاف نا انصاف رقم فرماتے ہین آنچہ از بعضے از ایشان در مشاجرات و محاربات و تقصیر در حفظ حقوق

اہلبیت نبوی در رعایت سوئے ادب با یشان نقل کنند بعد از تسلیم آن اخبار از ان اغماز کنند و تغافل ورزند و گفتہ
ہا ناگفتہ و شنیدہ را ناشنیدہ انگارند اگر پہ نسبت معاویہ اور اصحاب معاویہ اغماز و تغافل و گفتہ را ناگفتہ
تسلیم کر لیا جائے تو بیچارہ یزید کیون محروم کیے جاتے ہین اُنکی نسبت بھی یہی اعتقاد کرنا لازم ہی اسواسطے
اول تو یزید نے وراثتہ دعوائے خلافت کیا اور خود معاویہ قریب موت یزید اپنے اعوان و انصار سے
لے چکا تھا جسطرح معاویہ نے مقابلہ علیؑ کیا اور ہزارہا مومنین ور اصحاب رسول مختار مقتول ہوئے یزید
نے بھی اُنھین کی پیروی کی فرق اتنا ہی رہا کہ علیؑ نے مجبور ہوکر مصلحت وقت سے مصالحہ پر صبر فرمایا اور سکوت
کیا اور امام حسینؑ نے بمصلحت اطاعت یزید گوارہ نکی ورنہ کوئی دقیقہ توہین اور تفضیح ور جدال و قتال کا
معاویہ نے اُٹھا نہین رکھا قتل کرنے مین جناب امیرؑ کے کون سی کوشش تھی جو معاویہ نے نہین کی اور بعد
مصالحہ جو جو امور سب و لعن اہلبیت اور علیؑ ور اولاد فاطمہؑ کے معاویہ سے سرزد ہوئے شہرہ اُسکا او پر مذکور
ہوا دوسرے یہ کہ جس قسم کے اخبار سیر و تواریخ مین امیر معاویہ کے منقول ہین اُسی قسم کے اخبار یزید کے
بھی انھین کتابون مین مذکور ہین پس جس دلیل سے اغماض و تغافل اور گفتہ را ناگفتہ درباره معاویہ ثابت
کیا جاتا ہی اُنھین وجوہ سے اخبار یزید بھی قابل اغماز و تغافل قرار پاتے ہین کہ مولانا عبدالحق صاحب فرماتے
ہین زیراکہ صحبت ایشان با پیغمبر یقینی است و نقل ہائے دیگر ظنی و ظن با یقین معارض نگردد و یقینی با ظنی
متروک نشود پس حدیث عمار ابن یاسر کہ صحیح بخاری و نیز تکملۃ الایمان مین مذکور ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے ویلے
یا عمار ستقتلک الفئۃ الباغیۃ تدعوھم الی الجنۃ و یدعونک الی النار
پس فرقہ باغیہ ہونا معاویہ اور اُنکے اصحاب کا اور جہنمی ہونا اُنکا اس حدیث سے بھی بے تکلف ثابت ہی پس
یہ حدیث بمنزلہ یقینی کے ہی کہ سرحد تواتر کو پہنچی ہی بخلاف یزید کے کہ جس قسم کے اخبار و نقول کہ درباره معاویہ
اُنسے اغماض اور تغافل کا حکم لگایا گیا ہی یزید کے بارے مین بھی پائے جاتے ہین یہی سبب ہی کہ بعضے
یزید سے بھی کف لسان کے قائل ہین پس بالضرور اغماض و تغافل افعال و کردار یزید سے لازم ہوا کہ کوئی
حدیث درباره یزید مثل حدیث عمار یاسر بیان نہین ہوئی اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ فئتہ باغیہ اور صاحب نار
ہونا معاویہ کا یقینی ہی اور ناجی ہونا کل اصحاب پیغمبر کا ظنی اور بقول مولانا ظن ساتھ یقین کے معارض نہین
ہوتا اور یقینی ظنی سے متروک نہین ہوتا اس تقریر سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جب یزید قابل لعن ہی تو امیر
معاویہ بدرجہ اولے مع فئتہ باغیہ مستحق لعن و خلود نار جہنم قرار پاتے ہین اور فی الحقیقت تو یہ اغماض و
تغافل اخبار و نقلہائے مندرجہ سیر و تواریخ درباب معاویہ سے نہین ہی بلکہ یہ تغافل و اغماض ہی اُن
احادیث صحیحہ متواترہ سے کہ جو درباره معاویہ اور اہلبیت و علیؑ اور اولاد فاطمہؑ کے وارد ہین اور یہ تصور
یہ کہنا پڑیگا کہ بعد از تسلیم صحت و تواتر احادیث ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی از ان اغماض
کنند و تغافل ورزند و گفتہ رسول مقبول را ناگفتہ انگارند پھر اُسی تکملۃ الایمان مین رقم فرماتے ہین بالجملہ سرحد

دار اسلام وسنت جماعت با معاویہ و عمر بن عاص و مغیرہ بن شعبہ و اشباہ و امثال ایشان است حاصل یہ ہو
کہ سرحد دار اسلام وسنت جماعت جب معاویہ اور عمر عاص اور مغیرہ قرار پائے اور ان صاحبون کا حال
بھی مذکور ہوا کہ باعلان منابر اسلام پر ہر جمعہ و جماعت مین سبّ ولعن علی اور اہلبیت کو مسنون جانتے تھے
اور حکم کرتے تھے حکام کو کہ ہر شہر و دیار مین اس امر کو شہرت دین پس بقول مشہور چون کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند
مسلمانی جب سرحد دار اسلام منحرف اور مبغض حیدر کرار ہوئے تو مسلمان وہ ہی قرار پائے جو باتباع سرحد
داران دشمن ہون علی بن ابی طالب کے اور سبّ ولعن اہلبیت اور علیؑ کو مسنون سمجھے نہ یہ کہ دعوائے محبت اہلبیت
کرنا اور با این ہمہ دعوائے محبت اہلبیت کرنا مصداق قول حق تعالے یقولون بافواھھم مالیس فی قلوبہم
کے قرار پائیگا پھر مولانا صاحب فرماتے ہین کہ المؤمن لیس بلعان ولعنت خصوص شخصی اگرچہ کافر باشد
جائز ندارند یعنے عادت اور رسم اہل سنت وجماعت کے ترک سبّ ولعن ہی کہ مومن لعان نہین ہوتا اس تقریر
سے مولانا صاحب کے صاف صاف ظاہر ہوگیا کہ معاویہ اور اصحاب معاویہ سنت وجماعت اور مومن ہی تھے
اور فی الحقیقت سبّ ولعن کی عادت جبتک ترک نکیجائے اسوقت تک سرحد داران اسلام اس سبّ ولعن
سے محفوظ نہین رہ سکتے بلکہ واجب اللعن قرار پاتے ہین حاصل یہ ہی کہ جب ایسے ایسے منحرفین اور معاندین اور
مبغضین علیؑ اور اہلبیت سرحد دار اسلام ہون توکیون اباؤ اجداد رسولؐ خدا اور علی مرتضےٰ کافر و مشرک
نہ بنائے جائین کہ علی بن ابیطالب خطبہ مین فرماتے ہین اپنے احباب سے کہ سیروا الی اعداء اللہ سیروا
الی اعداء القرآن کہ چلو دشمنان خدا کیطرف اور چلو دشمنان قرآن کی طرف یعنے چلو واسطے قتال اہل شام کے
پس جن لوگون کو حضرت علیؑ دشمن خدا و رسولؐ فرماوین اور وہ ہی سرحد دار اسلام ہون توکیونکر اباو اجداد
رسول خدا اور علیؑ عاصی و مشرک کا خطاب نہ پائین اور اہلبیت رسولؐ برحق سبّ ولعن سے یاد نکیے جائین
چنانچہ امام حافظ ابن حجر عسقلانی تہذیب التہذیب اور نووی تہذیب الاسماء اور لمعات اور وفیات الاعیان وغیرہ مین
لکھتے ہین ابو عبد الرحمن احمد ابن علی بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر نسائی امام اہل حدیث ہین مصر سے
شام مین آئے اور جامع دمشق مین داخل ہوئے دیکھا کہ تمام معتقد اور مقلد معاویہ ابن ابی سفیان کے ہین
اور ہر ہر مسجد مین خطیب مقرر ہین اور اُن خطیبون کے وظیفہ معین ہین کہ بعد نماز کے خطبہ مین بعد حمد خدا و
نعت محمد مصطفے سبّ ولعن معاذ اللہ علی بن ابیطالب پر کرین امام نسائی کو یہ امر نہایت شاق ہوا ہر شخص
کو منع کرتے تھے کوئی نہ مانتا تھا پس چند روز مین نہایت مختصر اور چند حدیثین صحاح احادیث کی کہ جو متفق
علیہ اُمت تھین جمع کین اور خصائص علیؑ نام رکھا اور بغرض ہدایت اُنکو منبر پر پڑھنا شروع کیا اثناء وعظ مین
ایک جماعت نے کہا کہ احادیث فضائل معاویہ سے بھی کچھ بیان کیجیے اُنکے جواب مین امام احمد نسائی نے فرمایا
کہ معاویہ کو اتنا کافی نہین ہی کہ سر بسر نکل جاوے یہانتک ترجیح دیا جائے اور تم فضل معاویہ کے خواہش کرتے ہو
ما اعرف لہ فضیلۃ الا قال النبی صلعم لا اشبع بطنک یعنے میرے نزدیک کوئی حدیث صحیح

اسکی فضیلت مین وارد نہین ہوئی سوا اسکے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ خدا تیرے شکم کو سیر نکرے پس دفعۃً کل اہل مسجد دمشق نے ہجوم کیا اور خصیہ امام نسائی کو ٹ ڈالے اور کھینچتے ہوئے مسجد کے باہر لائے کہ اُسی صدمہ سے وہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور وقت انتقال اُنھون نے وصیت کی کہ مجھکو مکہ معظمہ مین دفن کرنا دارقطنی کہتے ہین کہ بروز دوشنبہ تیرہ صفر اور بقول بعض شعبان ۳۰۳؁ھ مین یہ واقعہ ہوا اور ولادت شہر نسا مین ۲۱۵؁ھ یا ۲۱۴؁ھ مین ہوئی تھی مکہ معظمہ مین دفن کیے گئے اور بقولے رملہ کہ ارض فلسطین سے ہی وہان مدفون ہوئے اور بقولی بیت المقدس مین حاکم ابو عبد اللہ نیشا پوری کہتے ہین کہ اول محدثین اسلام مین نسائی تھے امام سبکی نے اپنی شیخ ذہبی سے پوچھا کہ ایہما احفظ مسلم ابن الحجاج او النسائی فقال النسائی یعنے کون ان دونومین احفظ ہی مسلم ابن حجاج یا نسائی ذہبی نے کہا نسائی دارقطنی کہتے ہین کہ نسائی مقدم ہین اُن لوگون پر کہ علم حدیث اور تعدیل و جرح مین امام ہوئے ہین اور نور الہدایہ ترجمہ اُردو شرح وقایہ کے مقدمہ کتاب مین احوال امام نسائی مین یہ عبارت لکھا ہی کہ امام نسائی نے بڑے بڑے عالمون کو علم حدیث کے پایا شافعی مذہب تھے اور بڑے عابد تھے ایک روز روزہ رکھتے تھے اور ایک روز افطار کرتے تھے پہلے ایک کتاب حدیث لکھی نام اُسکا سنن کبریٰ رکھا اور اُسمین سے احادیث صحیحہ کو انتخاب کیا اور نام اُسکا مجتبیٰ رکھا اور اُسکو سنن صغریٰ بھی کہتے ہین اور وہ جو سنن نسائی مشہور ہی وہ ہی سنن صغرا ہی سبب اُنکی وفات کا یہ ہوا کہ حضرت علی مرتضیٰ کے مناقب مین ایک کتاب اُنھون نے تصنیف کی بعد فراغت کے اُنھون نے چاہا کہ اس کتاب کو جامع دمشق مین بیان کرین کہ وہان کے لوگ بسبب سلطنت بنی امیہ کے خوارج کی طرف میل رکھتے ہین غرض کچھ تھوڑا سا بیان کیا تھا کہ ایک شخص نے کہا آپنے امیر المومنین معاویہ کے مناقب مین بھی کچھ لکھا ہی فرمایا کہ معاویہ کو یہ ہی کافی ہی کہ نجات پا جائین اُنکے مناقب کہان ہین اور بعضے کہتے ہین کہ یہ کلمہ بھی کہا کہ میرے نزدیک اُنکے مناقب مین سے کچھ صحیح نہین ہی اسطرح کچھ کہا کہ عام لوگون نے اُنکو تشیع کی طرف منسوب کیا اور لاتین مارنا شروع کین کچھ چوٹ اُنکے فوطون مین پہنچی کہ اُسکے سبب سے آپ نیم جان ہوگئے خادم اُنکو اُٹھا کر گھر مین لے آئے اُنھون نے کہا کہ مجکو اسیوقت مکہ معظمہ لے چلو کہ وہان جا کر مرون یا راستہ مین مرجاؤن غرض مکہ مین پہنچے اور صفا و مروہ کے بیچ مین مدفون ہوئے وفات اُنکی دن شنبہ تاریخ ۱۳ صفر سال تین سو تین مین ہوئی اور بعض کہتے ہین کہ راہ مین انتقال ہوا اور وہان سے لاش اُنکی مکہ مین لے گئے اب اہل انصاف خود انصاف کرین کہ امام نسائی جو فن حدیث مین سب پر مقدم اور احفظ تھے اور کسی طرح اُنپر تہمت رفض اور شیعہ ہونے کی نہین کی گئی جب اُنھون نے بعض مناقب و فضائل بیان کیے اور کلمہ حق دربارہ معاویہ زبان سے نکالا جسکے معاوضہ مین کس ذلت و خواری سے غربت سفر و بیکسی مین قتل کیے گئے اور درجہ شہادت پر فایز ہوئے پھر کون ایسا تھا کہ فضائل و مناقب اہلبیت خصوصاً فضائل علی بیان کرتا اور کلمہ حق زبان پر جاری کرتا اور یہ زمانہ یعنی اوائل حکومت بنی امیہ کا نہ تھا سنہ ۹۹ مین کہ سلطنت عمر ابن عبد العزیز کی تھی سب و لعن خطبون سے موقوف ہو چکی تھی کہ جسکو دوسو چار برس گذرے

تھے غرض امام نسائی اسی کتاب مناقب میں بیان فرماتے ہیں انبانا احمد بن شعیب قال خبرنا
اسحاق بن ابراہیم ومحمد بن قدامہ واللفظ لہ عن جریر عن الاعمش عن اسمٰعیل
ابن رجاء عن ابیہ عن ابی سعید الخدری قال کنا جلوسا ننتظر رسول اللہ فخرج الینا قد
انقطع شسع نعلہ فرمی بہا الی علیؓ فقال ان منکم من یقاتل علی تاویل القرآن کما قاتلت
علی تنزیلہ فقال ابو بکر انا فقال لا فقال عمر انا فقال لا ولکن خاصف النعل اس حدیث کو
ہم بیان کرآئے ہیں لیکن چونکہ خصائص میں باسانید معتبرہ یہ حدیث تھی بایں وجہ ہم نے نقل کر لی کہ اس حدیث
سے یہ امر ثابت ہے کہ قتال علیؓ مثل قتال رسولؐ ہے خواہ وہ ناکثین سے ہو خواہ قاسطین سے ہو خواہ
مارقین سے پس یہ قتال ناکثین وقاسطین ومارقین کا پیغمبر برحق سے واقع ہوا نہ فقط علیؓ سے اسیطرح حدیث
عمار بھی اسی خصائص میں مذکور ہے بچند سند لہذا مع اسانید ہم نقل کرتے ہیں کہ کسی کو شک باقی نہ رہے انبانا
حمید بن مسعدہ عن یزید وھو عن زریع قال حدثنا ابن عون عن الحسن عن ام سلمہ
قالت لما کان یوم الخندق وھو یعطیہم اللبن وقد اغبر شعرہ صدرہ قالت فواللہ مانسیت
وھو یقول اللھم ان الخیر خیر الاخرۃ فاغفر للانصار والمھاجرۃ قالت وجاء العمار فقال
ابن سمیہ تقتلہ الفئۃ الباغیہ اسی حدیث کو پھر رقم فرماتے ہیں امام نسائی اخبرنا محمد بن
عبد بن عبد الاعلیٰ قال حدثنا ابن عون عن الحسنؓ قال قالت ام الحسینؓ قالت ام سلمہ
ما نسیت یوم الخندق الخ پھر اسی حدیث کی سند میں فرماتے ہیں اخبرنا احمد بن عبد اللہ
بن عبد الحکیم ومحمد بن الولید قال حدثنا ابن محمد بن جعفر قال حدثنا شعبہ عن خالد
عن عکرمہ عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ قال لعمار الخ پھر رقم فرماتے ہیں انبانا
اسحاق بن ابراہیم قال انبانا النضر بن شمیل عن شعبہ عن ابی سلمہ عن ابی نضرۃ عن
ابی سعید الخدری قال حدثنا من ھو خیر منی ابو قتادہ ان رسول اللہ قال لعمار یوشک
یا ابن سمیہ ومسح الغبار عن راسہ لعلک تقتلک الفئۃ الباغیہ پھر لکھتے ہیں امام نسائی کہ انبانا
احمد بن سلیمان قال حدثنا یزید قال انبانا العوام عن الاسود بن مسعود بن حنظلہ
بن خویلد قال کنت عند معاویہ فاتاہ رجلان یختصمان فی راس عمار یقول کل واحد
منہما انا قتلتہ فقال عبد اللہ بن عمرو لیطیب احدکما نفسا لصاحبہ فانی سمعت رسول اللہ
یقول تقتلک الفئۃ الباغیۃ قال ابو عبد الرحمن خالفہ شعبہ عن العوام عن رجل
عن حنظلہ بن سوید دوسرے حدیث اس طرح نقل کی ہے اخبرنی محمد بن المثنیٰ قال حدثنا محمد
قال حدثنا شعبہ عن عوام بن حوشب عن رجل من بنی شیبان عن حنظلہ بن سوید قال
جیئ براس عمار فقال عبد اللہ ابن عمر سمعت رسول اللہ یقول عمار تقتلک الفئۃ الباغیہ

بحوالہ خصائص علوی صفحہ ۱۹۰ سطر ۵
ایضاً سطر ۱۲
ایضاً سطر ۱۶
ایضاً صفحہ ۱۹۱ سطر ۱

پھر نقل کرتے ہین اخبرنی محمد بن قدامہ قال حدثنا جریر عن الاعمش عن عبدالرحمن عن عبداللہ بن عمر قال سمعت رسول اللہ یقول تقتل عمار الفئتہ الباغیۃ قال ابو عبدالرحمن خالفہ معاویہ فرواہ عن الاعمش قال اخبرنا عبداللہ بن محمد قال ابو معاویہ قال حدثنا الاعمش عن عبدالرحمن بن ابی زیاد پس تعدد طرق سے اور درجہ تواتر کے پہنچنے سے صحت حدیث مین تو کوئی کلام نہین حتی کہ صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب تعاون مسجد مین بھی مرقوم ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے ویح عمار تقتلہ الفئتہ الباغیۃ یدعوھم الی الجنۃ ویدعونہ الی النار ویقول عمار اعوذ باللہ من الفتن یعنے ہائے عمار کو قتل کریگا اُسکو گروہ باغی کہ دعوت کریگا عمار اُن لوگون کو طرف جنت کے اور وہ لوگ بلائینگے عمار کو دوزخ کیطرف اور عمار کہتے تھے کہ پناہ مانگتا ہون مین طرف اللہ کے فتنون سے ان چند حدیثون سے ثابت ہوتا ہی کہ پیغمبر برحق نے اول تو معاویہ اور اُنکے ساتھیون کو فتنہ باغیہ کا خطاب دیا پس قیامت تک جو طرفدار اور محب مخلص معاویہ ہین اور اُسکے قول و فعل پر راضی ہین وہ سب فتنہ باغیہ قرار پاتے ہین ثانی فرمایا پیغمبر برحق نے یدعوھم الی الجنۃ یعنے کہ عمار اُنکو جنت کی طرف بلائیگا پس بیعت علیؑ اور اُنکے گروہ کو جنت فرمایا پس دوست اور محب علیؑ بالضرور جنتی ہین ثالث ویدعونہ الی النار فرمایا جسکا صاف ترجمہ یہ ہی کہ بلائینگے وہ لوگ عمار کو طرف نار کے پس بیعت معاویہ اور اُنکے گروہ کو نار سے خطاب فرمایا تو بلاشک فرقہ معاویہ ناری ہوا اور اُسکے جب معاویہ نے عمار کے قتل ہونیکی خبر پائی تو کہا کہ عمار کو علیؑ نے قتل کرایا قاتل عمار خود علیؑ ہین جسکے جواب مین حضرت علیؑ نے فرمایا کہ بقول معاویہ قاتل حمزہؓ بھی کفار نہ ہوئے بلکہ خود پیغمبرؐ خدا ہوئے مسند امام احمد سے مناوی نے کنوز الحق مین ابن عساکر سے روایت کی ہی قال دم عمار حرام علی النار ان تاکلہ او تمسہ یعنے خون عمار حرام ہی آگ پر کہ کھاوے یا مس کرے اُسکو ہم تاسف کی نظر سے دیکھتے ہین کہ یہ حدیثین اور خصوصاً حدیث عمار صحیح ہی اور صحیح بخاری شریف مین بھی موجود ہی اور اس امر سے بھی انکار نہین ہوسکتا کہ گروہ معاویہ نے عمار کو قتل کیا اور گروہ معاویہ مین صحابہ کبار بھی شریک تھے اور حق بھی علیؑ کی طرف تھا اور فرقہ علیؑ کو جنتی بھی آنحضرت نے فرمایا اور فرقہ معاویہ کو نار یعنے جہنمی بھی خطاب کیا باوجود ان سب نصوص صریحہ صحیحہ کے معاویہ مجتہد خاطی مستحق اجر کیونکر قرار پائے اور طرفداران معاویہ اور اصحاب جو شریک معاویہ تھے کیا وہ سب بھی مجتہد خاطی تھے کہ فی النار واسقر ہونے سے نجات پائینگے اور اجر کے مستحق قرار پائین گے افسوس ہی کہ تمام افعال و کردار اور اقوال کفر آثار مجتہد صاحب کے خلاف کتاب خدا اور برعکس نصوص محمد مصطفےؐ تھے اور تمام عمر اُسی پر قائم رہے اور بغض و عداوت اہلبیت رسول کبریا سے مرتے دم تک باز نہ آئے اور خطائے اجتہادی پر قائم رہے حتی کہ زمانہ امام حسنؑ تک یہ شرط لگائی گئی کہ سب و شتم علیؑ پر موقوف نہ کیجائیگی مگر جب صحبت مین تم ہوگے سکوت کیا جائیگا باینہمہ سرحد دار اسلام اور مجتہد خاطی اور اُنکے افعال و اقوال کو ناشنیدہ کرنے کا حکم حالانکہ حق تعالے صریحاً فرماتا ہی کہ ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الکافرون پس خلافت

ما انزل اللہ حکم کرنا اور مخالف احادیث رسول مختار اجتہاد کرنا کفر و نفاق ہی اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ حق تعالے نے
اپنے پیغمبر پر جہاد کو واجب کیا بقولہ تعالیٰ یا ایہا النبی جاھد الکفار والمنافقین واغلظ علیھم یعنے ای
نبی جہاد کر کفار و منافقین سے اور شدت کر اُنپر اس آیہ وافی ہدایہ سے ثابت ہوتا ہی کہ حکم ہوا حق تعالے کا اپنے
حبیب پر کہ جہاد کرین کفار و منافقین سے پس قتل کفار تو بدست حق پرست رسول مختار بالاتفاق ثابت ہی لیکن
قتل منافقین آنحضرت سے وقوع مین نہین آیا حالانکہ حکم خدا جاہد الکفار والمنافقین ہی اگر جاہد الکفار و جاہد المنافقین
ہوتا تو البتہ ہوسکتا تھا کہ جاہد کفار کے معنے اور جاہد منافقین کے معنے مین فرق ہوتا جیسا کہ اطیعوا اللہ و
اطیعوا الرسول واولوالامر منکم کہ اطاعت خدا اور اطاعت رسول مین فرق تھا تو اطیعوا کا لفظ باوجود
عطف کے حق تعالے نے مکرر فرمایا اور اطاعت رسول اور اطاعت اولوالامر مین فرق نہ تھا اس سبب سے
فقط واو عطف پر اکتفا فرمایا اور اطیعوا کا لفظ ملحق نہ کیا پس اب معنی جاہد الکفار والمنافقین کے یہ ہوئے
کہ جہاد کر کفار سے اور منافقین سے یعنے جسطرح کہ جہاد کرنا کفار سے لازم ہی اُسیطرح منافقین سے بھی جہاد کرنا
لازم اور یہ امر بھی مشہور اور معروف ہی کہ فعل نائب فعال منوب سے محسوب ہوتا ہی پس جدال وقتال علی ابن ابیطالب
کہ بالاتفاق خلیفہ رسول تھے جدال وقتال رسول خدا قرار پایا اور نیز پیغمبر برحق نے اسی کی توضیح بھی فرمادی کہ
کہ یا علی حربک حربی کہ تیری حرب میری حرب ہی اور اگر یہ معنے نلین تو ترک واجب سیدالمرسلین حبیب رب
العالمین سے لازم آتا ہی اور وہ محال ہی پس جہاد علی بداہتہ و بالاتفاق منافقین سے واقع ہوا اب
نجات منافقین پردہ اجتہاد سے محال ہی بقولہ تعالیٰ ان المنافقین فی الدرک الاسفل
من النار حاصل یہ ہی کہ بقول ابن تیمیہ تمام اصحاب کبار منقسم تھے تین قسم پر پس اُسیطرح تابعین اور تبع تابعین
اور علمائے ماہرین اور فضلائے کاملین الی الان منقسم بسہ قسم پائے جاتے ہین پس کل فرقہ سنت وجماعت
منقسم بسہ قسم ہوا چنانچہ ایک قسم سنت وجماعت مین سے وہ لوگ ہین کہ جب اُنھون نے کہین فضائل و مناقب
اہلبیت اطہار خصوصا فضائل حیدر کرار قاتل کفار کو دیکھا از سرتا پا بے اختیار ہو گئے تاویلات بے سروپا کرنے
لگے اور اہل و اہلبیت و آل و عترت و ذریت و ذوی القربا اور مولے کے معنے تحریف بیان کرنے لگے
جب کسی کتاب مین فضائل احمد مختار اور مناقب اصحاب کبار دیکھے اُسکی شرح مین بدل وجان مصروف ہوئے
جب تمام اصحاب کے مناقب و فضائل سے فرصت پائی اور کوئی فضل مناقب اہلبیت اور علی و فاطمہ و حسن
و حسین علیہم السلام آئے فوراً رنگ تحریر بدل گیا اہل و اہلبیت و آل و عترت و ذریت و ذوی القربے
کے معنے بتانے لگے کہ یہ الفاظ مخصوص فاطمہ و علی و حسن و حسین سے نہین ہین اور جب دشمنان اہلبیت کا
ذکر آگیا تو اُنکی نجات و برات کی تاویلین کرنے لگے کہین خطائے اجتہادی قرار دی کہین کف لسان کا حکم
فرمایا کہین فاعل کبیرہ یا فاسق کہکر لعن سے بچایا لیکن مشاجرات صحابہ مین فکر و خوض کرنے سے منع فرمایا صحابہ
بھی وہ صحابہ جنکی شان فیئتہ باغیہ پیغمبر خدا نے فرمایا جو نار کی طرف بلانے والے ہین بحدیث عمار یاسر جو مرتے

تفریح الاذکیا جلد دوم صفحہ ۵۱۹

مرتے ظلم وستم سے باز نہین آئے اہلبیت نبوی کے مٹانے کی کوشش وسعی مین آخر وقت تک ثابت رہے چنانچہ تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا جلد دوم مین ہی کہ سنہ ۵۱ ہجری مین معاویہ ابن ابی سفیان حج کیواسطے بیت اللہ گیا اصل منشا اُسکا اخذ بیعت یزید عدو اللہ تھا چنانچہ مکہ مین اہل حجاز اور حرمین شریفین سے جبرًا بیعت یزید کرائے مگر امام حسین اور عبدالرحمن ابن ابی بکر اور عبداللہ ابن عمر اور عبداللہ ابن زبیر اور عبداللہ ابن عباس نے بیعت نہ کی تو معاویہ نے یہ حیلہ کیا کہ منبر پر چڑھکر خطبہ پڑھا اور کہا کہ ابن عمر اور ابن ابی بکر اور ابن زبیر نے یزید کی بیعت کی جسکے جواب مین اہل شام نے کہا کہ بیعت یزید پر کہ مخفی کی ہی ہم راضی نہین ہین جب تک علانیہ بیعت نہ کرین گے الا ہم اُنکی گردن مارینگے غرض جب معاویہ نے بیعت یزید مین یہ کوشش کی اور یہ بھی خطاے اجتہادی معاویہ ٹھہری جس خطا کا یہ ثمرہ ہوا کہ شہادت خامس آل عبا کربلا کے معلے مین واقع ہوئی اور مثل بندیان ترک و روم اہلبیت رسول خدا سر برہنہ دیار بدیار پھرائے گئے اور سر ہائے شہدا جنمین اٹھارہ بنی ہاشم تھے مع سید الشہدا روحی لہم الفدا نیزون پر چڑھائے گئے درختون مین لٹکائے گئے گھرون مین صندوقون مین رکھے گئے پھر صفحہ ۵۴۴ مین لکھتے ہین کہ یزید اور ابن زیاد کو یہ بھی منظور تھا کہ سب جگہ کے لوگ واسطہ اور بلا واسطہ آگاہ ہون کہ پیغمبر خدا کی وفات سے تھوڑے عرصے کے بعد عوض اپنے اعزا و اقارب کا جو بسبب شرک و کفر مارے گئے تھے پیغمبر کی اولاد سے کیا خوب لیا القصہ خطاے اجتہادے سے معاویہ نے خاتمہ کر دیا اہلبیت نبوت کا لیکن مجتہد خاطی مستحق ثواب ہوتا ہی پھر بھی حضرت معاویہ مستحق ثواب قرار پائے مقام افسوس تو یہ ہی کہ شہادت امام نسائی جو جامع دمشق مین ہوئی تو بقول صاحب نور الہدایہ اہل دمشق خوارج کیطرف میل رکھتے تھے باین وجہ امام نسائی شہید کیے گیے لیکن معاویہ نے امام بحق پر خروج بھی کیا بیعت یزید جبرًا ہر شخص سے لے اور یزید نے اپنے اعزا اقربا کا عوض بھی اولاد پیغمبر سے خوب لیا مگر حضرت معاویہ مستحق ثواب ہی رہے خارجی تو معاویہ کو کون کہہ سکتا ہی بلکہ حضرت معاویہ نے امیر المومنین کا خطاب پایا اُنکے حرکات کا فرانہ سے اغماض و تغافل کرنا عین ایمان قرار پایا اگر کسی نے پنجتن پاک کا نام لیا نائرہ آتش سینہ پر کینہ سے نکلنے لگا اور لگے آستینین چڑھانے کیا حضرت یہی پنجتن پاک تھے اور دوسرے سب ناپاک جب آیہ تطہیر کا ذکر آیا تمام ازواج اور اولاد ہاشم کو داخل کر دیا ہزار پیغمبر خدا ہٰؤلاء اہلبیتی کہا کیے ایک نہ سنی اور اگر ذکر یزید آیا علیہ ما یستحقہ کہکے اوڑا دیا اور اللہم اغفر للمومنین مین شامل فرما دیا الغرض اگر تمام حالات اس قسم سنت جماعت کے لکھے جائین تو ایک مطول طیار ہو قسم دوم دوسری قسم سنت جماعت کے وہ لوگ ہین کہ ذکر فضائل اہلبیت پر بھی خوشی ظاہر کرتے ہین اور فضائل و مناقب بھی لکھے سنتے ہین اور لکھتے ہین اور آل و عترت و ذریت و اہلبیت و ذوی القربےٰ اور مولا کے معنے مین تاویلین بھی فرماتے ہین ذکر معاویہ و یزید پر رضی اللہ عنہما بھی کہتے ہین اور یزید کو اللہم اغفر للمومنین والمومنات مین شریک بھی کیے جاتے ہین اگر کسی نے پوچھا یا حضرت آپ تو عالم ہین معاویہ و یزید کے بارے مین کیا فرماتے ہین جواب دیا کہ ہمارے مذہب مین لعن طعن نہین ہی جسنے جو کچھ کیا اچھا یا برا جو جس بات کا مستحق ہی خدا کے یہان اُس کو ملے گا

ہم اگر کسی پر لعنت کرین اور شاید خدا اُسکو بخشدے یا وہ مستحق لعن نہو تو یہ لعن ہم پر آئیگی اگرچہ معاویہ و ر علیؑ در
دز بیر وغیرہم مین مقاتلے ہوئے مگر ایک دوسرے کے دشمن نہ تھے ہزار ہا آدمی طرفین سے مقتول ہوئے سب حق پر
تھے درجہ شہادت پر فائز ہوئے قاتل و مقتول دونو مثاب سبحان اللہ کیا فتوی ہے افسوس ہے کہ معاویہ تو خطائے اجتہادی
سے بھی مستحق ثواب ہوئے مگر قاتل و مقتول من قتل مومنا متعمدا فجزاءہ جہنم سے کیونکر بچے حاصل یہ ہے کہ
حدیث غدیر کو کہ الست اولی بالمومنین من انفسہم اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ اور اللہم وال
من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ ہے اسکا اقرار کرتے ہین اور یہ بھی
کہتے ہین کہ جو فضائل علی ابن ابی طالب کو حاصل تھے صحابہ مین سے ایک کو بھی حاصل نہ تھے چنانچہ حاکم نے امام
ابن حنبل سے روایت کی ہے کہ ماجاء لاحد من اصحاب رسول اللہؐ من الفضائل ماجاء لعلی ابن
ابی طالب یہ بھی انکا منقول ہے کہ پیغمبر خدا نے لایحبہ الا مومن ولا یبغضہ الا منافق اور من سب علیا
فقد سبنی اور اللہم ادر الحق معہ حیث مادار اور القرآن مع علیؑ وعلیؑ مع القرآن اور جب ذکر
معاویہ آگیا تو امیر المومنین معاویہ اور سیدنا معاویہ فرمانے لگے غرض ظاہر تحریر و تقریر انکی مبہم ہے اور مساوات پر
دلالت کرتی ہے اور احادیث منقولہ بالا کو بھول جاتے ہین اور گفتہ رسول مقبولؐ کو ناگفتہ اور ناشنیدہ کر دیتے ہین
حاصل یہ ہے کہ محبت معاویہ مین سرشار اور دوستی علیؑ کا اظہار اگرچہ معاویہ نے تمام عمر اپنی سب علیؑ اور اہلبیت
مین بسر کی اگر کسی نے کہا کہ ای معاویہ تو اپنے مقصود کو پہنچا اب تو لعن وطعن اس مرد پر موقوف کر تو جواب دیا کہ جبتک
بچے بڑے نہ ہو جائین اور بڑے فانی نہ ہون اور ذکر خیر اُنکا دنیا سے مفقود نہ ہو جائے اُسوقت تک ترک نکرونگا
اور جب ان حرکات اور اقوال کو احادیث متواترہ منقولہ بالا سے ملاتے ہین تو تمام عمر جو معاویہ کی سب و شتم علیؑ
مین گذری بلاشک سب و شتم پیغمبر مین گذری مگر یہ سب خطائے اجتہادی ہے یہی اس قسم کے سنت جماعت بعین
اُس گروہ کے ہین کہ جو شریک علیؑ نہ ہوئے اور بیعت سے اُن حضرت کی کنارہ کیا بلکہ خلافت حضرت علیؑ کو عمارت فتنہ
قرار دیا اور ظاہر مین شریک معاویہ بھی نہ ہوئے **قسم سیوم** سنت جماعت کے وہ لوگ ہین جو تابعین ہین
اُس گروہ اصحاب کے جنھون نے بیعت کی علیؑ ابن ابی طالب کی ابتدا سے انتہا تک ہر مقام مین شریک حضرت علیؑ
رہے بغض و عداوت علیؑ کو علامت نفاق سمجھے محبت علیؑ کو ایمان جانا سب علیؑ سب رسولؐ سمجھے نصرت علیؑ کو
نصرت رسولؐ خیال کیا ولائے علیؑ کو ولائے پیغمبر حرب علیؑ کو حرب رسولؐ سمجھے بڑی بڑی سختیان اُٹھائین مصیبتین
جھیلین مگر زبان پر یا محمد یا علیؑ جاری رہا اولاد علیؑ کو اولاد رسولؐ جانا کیے دشمنان علیؑ کو دشمنان پیغمبر برحق سمجھے
فدائے اہلبیت اور آل رسولؐ رہے اجتک علمائے کاملین عارف باللہ صاحب کشف و کرامات موجود ہین
اور اہلبیت اور عترت رسولؐ کو معصوم جانتے ہین اور عصمت ائمہ طاہرین کو اقوال بعض مارقین سے ہم ثابت
کر آئے ہین اب ایک امر یہ بھی لائق اظہار ہے کہ خارجی کون ہے اور سنت جماعت کے عرف مین خارجی کسکو کہتے ہین
علامہ شہرستانی نے ملل و نحل مین جو تعریف خارجی کی ہے اور ہم اُسکو بیان کر چکے ہین کہ جن لوگون نے خروج کیا

امام برحق پر جس کی امامت پر اتفاق ہے جماعت نے وہ خارجی ہو جیسی سی تعریف ہین تمام ناکثین اور
قاسطین اور مارقین خارجی قرار پاتے ہین درحالیکہ علی بن ابیطالب خلیفہ رابع منصوص ہوئے اور اگر خلافت ناکثین
اور قاسطین کے ثابت ہو تو علیؑ اور اُنکے تمام ہمراہی معاذ اللہ خارجی کہلاتے ہین اور فی زمانا اکثر مذہب سنت
بھی خارجی مارقین کو کہتے ہین کہ جو جنگ صفین مین بعد قصہ تحکیم حضرت علیؑ و معاویہ دونون کو لعن کرنے لگے
اور تکفیر ..... کو خارج از دائرہ اسلام سمجھنے لگے حاصل یہ ہو کہ علیؑ او ر ہمراہیان علیؑ کو خارجی کہہ سکتے ہی نہین
کہ خلیفہ رابع قبول کرنا پڑا ہی ناکثین بیعت مرتضوی کو بھی خارجی نہین کہہ سکتے کہ اصحاب کبار بلکہ عشرہ مبشرہ مین سے
راس و رئیس ناکثین ہین کہ بعد نکث بیعت اُنھون نے دعوائے خون عثمان کیا اگرچہ بلا استحقاق تھا اور نیز وہ سب
دوستداران معاویہ بھی تھے اور قاسطین تو خود معاویہ اور طرفداران معاویہ کا نام ہی اگرچہ تعریف خوارج
ان تینون فرقون پر صادق آتی ہی مگر حضرت معاویہ کے دوست علیؑ کو اور اُنکے تابعین کو باعلان ظالم اور خاطی
بلکہ کافر کہنے والے تھے اُنکو کیونکر خارجی کہہ سکتے ہین اب رہے مارقین کہ اُنھون نے عثمان معاویہ علیؑ سب کو
بالاتفاق کافر کہنا شروع کیا تو وہ بیشک خارجی ہوئے حاصل یہ ہوا کہ جو معاویہ اور حضرت عثمان کو سب و
لعن کرے وہ خارجی ہی کہ ناکثین نے تو ظالم اور خاطی کہا علیؑ کو مگر وہ خارجی نہ ہوئے قاسطین نے باعلان سب
و لعن علیؑ کو مستون سمجھا ہزارہا مومنین کو شہید کیا مگر خارجی نہ ہوئے ہان مارقین نے سب و لعن معاویہ جو کیا
تو خارجی ہونے سے بچ نہین سکتے تو اب تعریف خوارج کی یہ ہوئی کہ جو معاویہ کو سب و لعن کرے وہ خارجی ہے کہ
باغیان و عادیان علیؑ خوارج کہلائین حیرت و افسوس تو یہ ہی کہ تفریح الاذکیا جلد دوم مین لکھتے ہین کہ مناقب حضرت
ولایت مآب بکثرت ہین کہ کسی اور کے حق مین نہین منجملہ متواترات کے یہ ہی کہ فرمایا حضرت نے علیؑ منی وانا منہ
یعنے علی مجھسے ہی اور مین علیؑ سے ہون یعنے علیؑ کا کمال مجھسے ہی اور میرا کمال علیؑ کے سبب سے عالم مین ظاہر ہوگا
اور باقی رہیگا اور میری اولاد اُس سے چلے گی پھر فرمایا اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ یعنی خداوندا جو اُس سے
محبت رکھے تو اُس سے محبت رکھنا اور جو اُس سے عداوت رکھے تو اُس سے عداوت رکھنا یہان سے ظاہر ہوا کہ محبت
حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مسلمان کا ایمان ہی اور عداوت موجب کفر و خذلان ہی اور من کنت مولاہ فعلی
مولاہ یعنے میرے اور علیؑ کے موالات ایک ہی ہی جسکو اُس سے موالات نہین ہی اُسکو مجھسے بھی نہین ہی پس جسطرح بدون موالات
مصطفوی ولایت الہیہ کا حاصل ہونا محال ہی اُسیطرح بدون ولائے مرتضوی وہ ولایت نہین حاصل ہو سکتی
ازان جملہ فرمایا کہ علیؑ سے محبت رکھنا ایمان کی علامت ہی اور بغض رکھنا نفاق ہی چنانچہ جامع ترمذی مین ابو سعید
خدری سے روایت ہی کہ ہم گروہ انصار اسی بات سے منافقون کو پہچانتے تھے کہ وہ علیؑ مرتضے سے بغض رکھتے
تھے یعنے حضرت سرور کائنات سے جو بغض تھا کھلنے نہین پاتا تھا مگر علی مرتضے کیطرف اُسکا خبث باطنی کچھ کھل
بھی جاتا تھا یہ بھی فرمایا کہ جو چیز مین نے اپنے لیے خدا سے مانگی وہ علی مرتضے کے واسطے مانگی ازانجملہ فرمایا کہ مسجد مین
بحالت جنب کیسکو جانا نہین درست مگر مجھکو اور علیؑ کو یعنے طہارت حقیقیہ روحانیہ اتنی غالب تھی کہ نجاست حکمیہ

بدینہ کے احکام مغلوب ہوگئے تھے از انجملہ فرمایا انا مدینۃ العلم وعلی بابہا یعنے میں اقرب باطنی بلا تقرب
علی مرتضے کے کسیکو حاصل نہ ہوگا از انجملہ فرمایا کہ مجھے وحی ہوئی کہ علی ابن ابیطالب قائد الغر المحجلین ہی یعنے علیؑ
میرے اُمت کا کھینچ لانے والا ہی جنت مین امام المتقین سید المومنین ہی یہانتک تفریح الاذکیا کی بعینہ عبارت نقل
کی ہی اور صواعق مین مذکور ہی کہ قال رسول اللہ من سب اھلبیتی فانما یرتد عن اللہ والاسلام
ومن اذانی فی عترتی فعلیہ لعنۃ اللہ یعنے فرمایا رسول اللہ نے کہ جسنے سب میرے اہلبیتؑ کے کی
پس ضرور وہ مرتد ہوا خدا سے اور اسلام سے جس نے اذیت دی مجکو میری عترت کے بارے مین اُسپر لعنت ہی
خدا کی دیلمی نے روایت کی ہی من اذی علینا فقد اذانی ومن اذانی فعلیہ لعنۃ اللہ یعنے جسنے اذیت دی
علیؑ کو پس تحقیق کہ اذیت دی مجکو اور جسنے اذیت دی مجکو اُسپر لعنت ہی خدا کی کشاف زمخشری مین ہی کہ بعد ترک ت کے بجائے سب
علیؑ یا رھان اللہ یامر بالعدل والاحسان مقرر ہوا اور باسانید مختلفہ ابن حبش سے روایت
کی کہ فرمایا علیؑ نے کہ رسول برحق نے مجھسے عہد کیا کہ لایحبک الا مومن ولا یبغضک الا منافق ترمذی
نے بھی اسی روایت کو ام سلمہ سے بیان کیا کہ منافق علیؑ کو دوست نہ رکھے گا اور مومن بغض نہ رکھے گا احمد و
حافظ وابونعیم نے حدیث مدارج مین حدیث قدسی نقل فرماتے ہین قال لنبی ان اللہ تعالی لعہد الی ان
علیا لایحبہ الا مومن ولا یبغضہ الا منافق وجعلتہ امام اولیای یعنے خدا نے مجھسے مقام
قاب قوسین مین عہد کیا کہ بتحقیق کہ دوست نرکھے گا علیؑ کو مگر مومن اور بغض نرکھے گا مگر منافق اور گردانا مین نے
علیؑ کو مقتدا اولیاؤن اپنے کا اور سید علی ہمدانی وشیرویہ دیلمی ومناوی نے روایات قدسیہ مین ذکر کیا ہی کہ
حق تعالے نے فرمایا لولا علی لم یعرف حزبی ولا اولیای ولا اولیاء رسلی یعنے اگر علیؑ عالم مین موجود
نہ ہوتے تو نہ پہچانے جاتے گروہ میرے دوستون کے اور نہ دوست میرے کے رسولون کے اور ترمذی مین
ابو سعید خدری سے روایت مذکور ہوچکی ہی کہ انصار رسول مختار کہتے تھے کنا نحن معاشر الانصار نعرف
المنافقین ببغض علی بن ابیطالب الغرض ان حدیثون سے اور احادیث مرقومہ بالا سے ثابت ہی اور نیز
صاحب تفریح الاذکیا نے بھی لکھا ہی اور اکثر محدثین کا اتفاق ہی کہ مناقب حضرت علیؑ سقدر ہین کہ صحابہ مین سے
کسیکے نہین ہین اب منصفین انصاف فرمائین کہ زمانہ جناب رسول مختار مین تو علامت نفاق بغض و عداوت
علیؑ قرار پائے اور محبت علیؑ علامت ایمان سمجھی جائے اور نیز باحادیث صحیحہ ثابت ہو کہ ایذائے علیؑ ایذائے رسولؐ
ولائے علیؑ ولائے رسولؐ خذلان علیؑ خذلان رسول حرب علیؑ حرب رسولؐ نصرت علیؑ نصرت رسولؐ دشمنی
علیؑ دشمنی رسولؐ سب علیؑ سب رسولؐ ہی اور ان حدیثون مین الفاظ مثل اہلبیتؑ اور آل اور عترت وغیرہ
کے بھی نہین ہین کہ جسکے معنے بنائے جاوین اور نیز کوئی دوسرے علیؑ بھی نہین ہین کہ جو شریک ان احادیث
مین کیے جائین اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ وقت خلافت خلیفہ اول جن لوگون نے مخالفت ابوبکر کی اُنکو
مرتدین اور اہل ردہ کا خطاب دیا گیا مگر مخالفان وخاذلان ودشمنان علیؑ ہر حال مین مومن ہی رہے

بمجرد وفات رسولؐ کبریا علامت نفاق کہ بغض و عداوت علیؑ کا نام تھا اُسکی بھی وفات ہوگئی محبت علیؑ کہ علامت
ایمان تھی وہ بھی فانی ہوگئے اور سب علیؑ کہ سب رسولؐ ایذاء علیؑ ایذاء رسولؐ ولائے علی ولائے رسولؐ
نصرت علیؑ نصرت رسولؐ خذلان علیؑ خذلان رسولؐ حرب با علیؑ حرب با رسولؐ بھی ہمراہ رسول مقبول مدفون
ہوگئی پھر معادیان و خاذلان و لاعیان و موذیان و محاربان علیؑ کیونکر مرتد و خارج از دائرہ اسلام قرار پاتے
ہزار ہزار افسوس ہی کہ بعد وفات سرور کائنات وہ زمانہ آیا کہ ناکثان بیعت مرتضوی نے خروج کیا اور تہمت
قتل حضرت عثمان حضرت علیؑ پر کی حالانکہ بقول عائشہ جو ابن اعثم کوفی نے لکھا ہی اور نیز تمام سیر احوال سے معلوم ہین چنانچہ لکھتے ہین کہ عائشہ در قتل
عثمان جہد وافی مبذول میداشت و میگفت کہ ہنوز پیراہن مصطفیؐ کہنہ نشدہ است عثمان شریعت ورا کہنہ ساخت ہان ای مردم بکشید این
پیر کفتار را کہ خداوند این سر کفتار را زندہ نگذارد و عبداللہ ابن عباس پیش او باز آمدہ عائشہ او را گفت ای عبداللہ حقتعالے
عقلے و فضیلتے ترا دادہ است زنہار مردمان را از کشتن این طاغیے باز ندارے ام المومنین عائشہ چندانکہ
توانست و دانست مردم را در قتل عثمان تحریص کردتا گاہے کہ سفر مکہ در پیش داشت در مکہ او را آگاہے دادند
کہ عثمان بدست مصنا دید اصحاب مقتول شد نیک شاد شد پہلے تو یہ کد و کوشش تھی قتل حضرت عثمان مین مگر احوال
بیعت علیؑ سنکر دعوائے خون عثمان ہمراہ طلحہ و زبیر کے ہوکر فرمایا اگرچہ ام المومنین ام سلمہ نے حدیث جناب
رسالت مآبؐ یاد دلائی اور نصیحت بھی کی کہ ای عائشہ آنحضرت نے فرمایا تھا لا تکونی صاحب کلاب
الحوئب ولا یغرنک الزبیر والطلحۃ فانہما لا یغنیان عنک من اللہ شیئاً یعنی ای عائشہ زنہار
آن زن نباشی کہ سگان آب حوئب در روئے بانگ کنند و نفریبد ترا سخن زبیر و طلحہ کہ ایشان ہیچ چیز از تو باز
ندارند و در قبول قول و سخن ایشان ترا ہیچ منفعت نباشد مگر اس حدیث نبویؐ اور نصیحت ام سلمہ سے کچھ اثر
نہوا اور احوال جنگ جمل تو مشہور ہی جو ہوا سو ہوا مگر فریقین مومن ہی رہے سبحان اللہ بیعت علیؑ کو عمارؓ فتنہ بھی قرار
دیا نصرت علیؑ بھی نہ کی خذلان علیؑ مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا عداوت سے بھی باز نہین آئے اللھم
وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ کی کچھ پرواہ نہین کی من سب
علیاً فقد سبنی کو فراموش کیا پس کیا خذلان رسولؐ نہین ہوا نصرت رسولؐ سے روگردانی نہین ہوئی سب
علیؑ سب رسولؐ نہ ٹہری عداوت علیؑ عداوت خدا و رسولؐ قرار نہین پائی مومنیت مین کسی طرح کا فرق نہ آیا و یحادون
اللہ و رسولہ کے مصداق نہین ہوئے بعد جنگ جمل جب معاویہ کی طرف رجوع کی تو جہنم کی طرف نہین
گئے وہ امیر المومنین معاویہ جنکی تمام عمر سب علیؑ مین کٹی خروج بھی کیا خلیفہ وقت پر کہ جنپر اجماع ہوچکا تھا مگر
خارجی قرار نہ پائے اور جب بعد قصہ تحکیم ایک گروہ نے معاویہ اور علیؑ دونون کو چھوڑ دیا تو خارج از اسلام اور
خارجی کہلائے جسکا پورا پورا مطلب یہ ہی کہ جو معاویہ کو چھوڑ دے اور انپر لعن و طعن کرے اور اُنسے عداوت
رکھے وہ خارجی اسواسطے کہ علیؑ کے چھوڑنے والے علیؑ سے لڑنے والے سب علیؑ کرنے والے نکث بیعت علیؑ
کرنے والے عمار یاسر کے قاتل یعنیہ پیغمبرؐ سے لڑنے والے اور آنحضرت کے سب کرنے والے آنحضرتؐ کی

عثم سوم صفحہ ۱۵۹

سیر جی صفحہ ۱۶۰

سیر عثم صفحہ ۱۶۲

کی نصرت سے منہ موڑنے والے تو نہ ہوئے بلکہ سب کے سب مومن ہی رہے اور جب حضرت معاویہ سیدنا
معاویہ امیرالمومنین معاویہ کو بد کہا تو خارجی واجب اللعن واجب القتل قرار پائے پس قسم اول و ثانی کے سنت
جماعت فی الظاہر اور بغض فی الباطن مخالف اہلبیت و خصوصاً علیؑ و اولاد علیؑ قرار پاتے ہین اور کیونکر نہون
کہ حب و ثلث صحابہ کبار مخالفت پر پردہ خطائے اجتہادی مین گرفتار اور مبتلائے دنیائے ناپائدار رہون اور
بیعت علیؑ کو غمار و فتنہ فرمائین سب علیؑ باعلان جاری رکھین اور حضرت معاویہ کی خوشامد مین حدیثین وضع
کرین توہین و تنقیص حضرت علیؑ مین کوششین کرین حتے کہ جناب رسالت مآبؐ کی تنقیص شان آسمان جانے
عقد حضرت فاطمہؑ کا سبب مکافات احسان ابیطالب قرار دین آیہ ومن الناس من یعجبک کو شان
علیؑ مین روایت کرین ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء کو شان ابن ملجم مین قرار دین اور نیز ثابت
ہی کہ مشائخ بغداد متفق ہین کہ بہت سے صحابہ و تابعین اور محدثین منحرف تھے علیؑ سے اور انکا ذکر بدی کرتے
تھے اور کتمان مناقب علیؑ اور اعلان مناقب و فضائل اعداء علیؑ مین مبتلا تھے پھر اگر انھون نے بغض و عداوت
رکھی علیؑ اور اولاد علیؑ سے اور اسکا اعلان کیا تو کونسا استعجاب ہی بلکہ فی الحقیقت بمتابعت انھین صحابہ
کبار کے تابعین اور تبع تابعین اور بعض علمائے دین بھی پائے گئے تو کیا تعجب ہی مگر انھین مین سے کوئی
حق پسند ایسا بھی نکل آتا ہی کہ کلمہ حق کہہ جاتا ہی جہاد لسانی کر جاتا ہی پھر آپ ایسے سنت جماعت کے سے سنی کہین
یا رافضی جیسے کہ امام شافعی یا امام نسائی امام شافعی فرماتے ہین انکان الرفض حب علیؑ فانا رافضی
اور امام نسائی تو بیچارہ شہید کیے گئے اب ہم کچھ حالات بعض علمائے اعلام اور محدثین و فقہائے عالیمقام
کے اور انکے اقوال جو بنسبت اہلبیتؑ و آل رسول مختار کے واقع ہوئے ہین مختصراً عرض کرتے ہین کہ زیادتی بصیرت
ہی شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا مقولہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہین قال فی حق علی خطاء فی سبعۃ عشر شیئاً
ثم خالف فیہا نص الکتاب یعنے کہا ابن تیمیہ نے حق مین علیؑ کے کہ انھون نے سترہ چیزون مین خطا کی
اور مخالفت کتاب خدا کی شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہین بلکہ غلط از حضرت مرتضےٰ واقع شدہ آن غلط
در نفس مسئلہ فقہ بود و سبب عدم ذکر غلطات حضرت مرتضےٰ در کتب متداولہ بجہت اختفاء علم او و اختلاط قضایا نے
او ست چون روات او مستور الحال غیر حفاظ بودہ اند مولوی محمد حسن بھوپالی تحریر فرماتے ہین کہ جناب امام
زین العابدینؑ کی نسبت کہا گیا کہ یہ نوبت پرستون کیسی باتین کرتے ہین امام محی الدین کا قول تو دربارہ جناب
امام حسینؑ مشہور ہی کہ قتل بسیف جدہ کہ اپنے جد کی تلوار سے قتل کیے گئے یعنے یزید کی اطاعت فرض تھی امام
ذہبی امام عقیلی سے ناقل ہین کہ امام موسیٰ کاظم کی حدیثین غیر محفوظ ہین امام ذہبی ابو حاتم سے نقل کرتے ہین
امام رضا علیہ السلام کے بارے مین یاتی عن ابیہ العجائب یعنے اپنے باپ سے عجیب باتین نقل کرتے ہین ا
قطنی امام حبان سے ناقل ہین یروی عن ابیہ العجائب بعد و یغفل یعنے اپنے باپ سے عجیب روایتین
نقل کرتے ہین جنمین وہم بھی کرتے ہین اور خطا بھی ابن تیمیہ لکھتے ہین کہ زفر و ابن لبیلہ طبری و ابراہیم حربی و

۱؎ درر کامنہ صفحہ ۱۴۴
۲؎ قرۃ العینین صفحہ ۱۸۴
۳؎ اتحاف الناس صفحہ ۷
۴؎ میزان الاعتدال جلد ۲ ترجمہ
۵؎ میزان الاعتدال جلد ۲ صفحہ

دارمی ہر واحد انکا زیادہ جاننے والا ہی دین رسول خدا کا واجب علی مثل العسکریین وامثالہما ان
یتعلموا من الواحد من ہولاء یعنی واجب تھا عسکریین یعنی امام علی نقی اور امام حسن عسکری اور
اُنکے امثال پر کہ تعلیم لیتے ان اشخاص مذکورین سے علامہ سیوطی لکھتے ہین الحسن العسکری لیس بشئ یعنے
امام حسن عسکری تو کچھ چیز بھی نہین ہین امام حنفیہ کمال الدین ابن الہمام نے تو ایسا الزام دیا ہی امام حسن کو کہ
جسپر ملا معین لاہوری حنفی المذہب کو بھی ناگوار گذرا جسکا جواب وہ لکھتے ہین لما قال مالک بحجیۃ عمل
اہل المدینۃ المعظمۃ لزم ہذا القول بحجیۃ عملہم لاسیما فیما اجتمع علیہ الائمۃ الاثنا عشر
لما ذکرنا والحق حق وان لم یاخذ بہ احد وعلی ہذا الذی اعتقد فی اہل بیت النبوۃ انتقد
امام الحنفیہ کمال الدین ابن الہمام فی موضعین من کتابہ فتح القدیر فقد احرق قلبی
بما افرط فیہم مع وفور علمہ وحسن سیرتہ وشمائلہ فستر نا اللہ وایاہ بجمیل عفوہ ورحمتہ
بعزہم وجاہہم علی جدہم وعلیہم افضل الصلوۃ والتسلیمات احدہما فی مباحث الطلاق
حیث ذکر قولہ لعن اللہ کل ذواق مطلاق وحرم بذلک فعلہ ثم قال واما ما فعل الحسن
فرای منہ یعنی ما فعلہ رضی اللہ عنہ من کثرۃ الطلاق فرای منہ فی مقابلۃ النص من غیر
تمسک بنص آخر ولا جواب عن ہذا فلا یقبل فان یکون تمسک من النص وجواب عما یرد
علیہ لیس ہذا عنوان ذکرہ فیبعد عدم قبول قولہ مع ان الحنفیۃ یقبلون الف رای
کذلک عن علمائہم ویرتکبون لفقہہم تاویل النصوص بل یدعون نسخہا حمایۃ لہم ولا
یاتون فی رائہم بمثل ہذا القول الذی جاء بہ امام من ائمتہم فی رای الحسن غیر ما ول
لا اصلاحہ لسوء طرحہ محجوبا بالحدیث یعنے جب امام مالک قائل ہین بحجیۃ عمل اہل مدینہ تو لازم ہی قائل
ہونا بحجیۃ عمل اہلبیت خصوصًا جسپر اجماع ہوا آئمہ اثنا عشر کا جیسا کہ ذکر کیا ہم نے اور حق حق ہی اگرچہ اسکو کوئی
قبول نکرے اور اختیار نکرے اور اسی اعتقاد کے سبب سے دوبارہ اہلبیت نبوت مین معترض ہون امام
الحنفیہ کمال الدین ابن ہمام پر دو مقامون مین اُنکی کتاب فتح القدیر سے جسنے جلا دیا میرے قلب کو ساتھ
اُس چیز کے کہ افراط کیا ہی اُنکے یعنے اعتراض کرنے مین اُنپر افراط کی باوجود وفور علم اور حسن سیرت اور حسن
شمائل کے خدا مغفرت کرے اُنکے اور ہمارے ساتھ جمیل عفو اور رحمت اپنے کے بحرمت عزت جاہ آل اہلبیت
کے اُنپر افضل صلوات اور تسلیمات ایک اُن دو مقامون مین سے بحث طلاق ہی اس طرح سے کہ حدیث منقولہ حضرت
الٰہی کو بیان کی کہ خدا لعنت کرے بہت چکھنے والے طلاق دینے والے پر اور تحریم بیان کی اُس فعل کی پھر کہا
جو کچھ کیا اُسکو امام حسن نے یہ اُنکی رائے سے تھا یعنے کثرت طلاق جو آنحضرت سے ہوئی یہ اُنکی رائے اور اجتہاد تھا
نص کے مقابلہ مین بغیر تمسک بنص دیگر کے اور کوئی جواب اسکا نہین ہوسکتا پس قابل قبول نہین پس اگر وہ فعل
اُنکا ہوتا مطابق نص کے یا کوئی جواب ہوتا اُس اعتراض کا تو اسی عنوان سے ذکر نکرتے امام ابن ہمام پس

مفاد اس اعتراض کا یہ ہی کہ کوئی اُنکے قول کو قبول نکرے باوجود اس امر کے کہ حنفی لوگ ہزارہا ائمہ اسطرح کی
اپنے علماؤن سے قبول کرتے ہین اور اُنکے اقوالون کی تاویلین کرتے ہین بلکہ ادعا کرتے ہین کہ رائے اور قیاس
ناسخ نص ہی اور اُنکی حمایت کرتے ہین اور اُنکی راؤن پر ایسا اعتراض نہین کرتے جو کوئی امام اُنکے ائمہ مین سے
ایسی رائے اور قیاس کرتا ہی جیسا کہ امام حسنؒ کی رائے پر کہا نہ اصلاح کی نکے اس قول کی نہ تاویل کی اور طرح
کر دیا اسکو حدیث سے مغلوب ہو کرکے وثانیہما فی باب الغنائم حیث تکلم علی قول ابی جعفر محمد
بن الباقر فیما اخبر بہ عن جدہ علی بن ابیطالب انہ کان یری ان سہم ذوی القربی لکن لم
یعطہم مخافۃ ان یدعی علیہ بخلاف سیرۃ ابی بکرؓ وعمرؓ لکلام محصولہ کون ذلک
الخبر خلاف الواقع فیکون ذلک اما من جہلہ بمذہب علیؓ ابن ابیطالب وسہوہ او نسیانہ
او کذبہ علیہ لترویج مذہبہ ومذہب الائمۃ من ولدہ وکل ذلک یقشعر منہ جلود
الذین یخشون ربہم ولو کان رایا من ابی جعفر فرحہ بما بدای لہ لکان اہون رد ما روی
وخبر بہ فالعجیبۃ کل العجیبۃ علی الائمۃ ان خلت کتب المذاہب الاربعۃ عن مذہب
ائمۃ اہل الحدیث ثم اذا وجد فیہا شی من ذلک یعارض بمثل ہذا وقد سبقت منہ
رسالۃ مفردۃ فی انتقاد الموضعین وتکلمنا فیہا علی الثانی واستوفینا الکلام فی الجواب
عن الامام الحق فلیلتفت بہ ولنتکلم علی الاول فاعلم ان الائمۃ الطاہرین یحرمون
الرای والقیاس ولہذا لما دخل ابوحنیفہ علی جعفر بن محمد علی ما حکاہ الشعرانی فی
لواقح الانوار قال لہ لقد بلغنی انک تقیس لا تقس ان اول من قاس ابلیس فاستناد
ذلک الی الامام الحسن باطل وانما عملہم علی النصوص والالہام والکشف والفہم من اللہ
سبحانہ فی معانیہا اور دوسرا مقام باب غنایم ہی جسپر اعتراض کیا ہی امام ابوجعفر محمد ابن علی الباقر پر کہ اُنھون
نے خبر دی اپنے جد علی بن ابیطالبؓ سے کہ اُنکی رائے یہ تھی کہ سہم ذوی القربےٰ کا ہی لیکن اُنکو دیا نہین اس خوف سے
کہ دعویٰ کیا جائیگا کہ خلاف شیخین کیا حاصل کلام یہ ہی کہ یہ خبر امام محمد باقرؒ کے خلاف واقع ہی پس نہ ہوگا یہ مگر یا جہل
اُنکا مذہب علیؓ سے یا اُنکو سہو اور نسیان ہوا یا کذب و افترا کیا علیؓ پر واسطے رواج دینے اپنے مذہب کے اور مذہب
باقی ائمہ کے اُنکی اولاد سے یہ کل باتین ایسی ہین کہ جس سے رونگٹے کہڑے ہوتے ہین اُنکے جو اپنے خدا سے ڈرتے
ہین اور اگر یہ رائے ہوتی ابوجعفر کی پس رد اُسکا کہ وقوع مین آیا ابن ہمام سے سہل ہوتا اس امر سے کہ رد کیا
اُنکی روایت اور خبر کو اور تکذیب کی اُنکی خبر کی اور جھوٹا کہا اُنکو پس وائے ہی صد وائے ہی اُن آئمہ پر کہ کتابین اُنکی
خالی ہین مذہب آئمہ اہل حدیث یعنے مذہب اہلبیتؑ سے بعد اُسکے جسوقت کوئی شی مذہب اہلبیتؑ سے پائیگی
تو اسکا معارضہ کیا جاتا ہی مثل ایسے معارضے کے اور تحقیق کہ قبل ازین ہم سے ایک رسالہ مفردہ ان دونو مسئلون کے
نسبت ہو چکا ہی اُس مین نہایت تحقیق سے کلام کیا ہی اور ثابت کیا ہی اور اعتراض ثانی کا جواب پورا پورا

دیاہی اور اول اعتراض کا جواب جو دربارہ امام حسنؑ بھی یہ ہی جان تو تحقیق کہ آئمہ طاہرین نے رائے اور قیاس کو حرام کیا ہی اسی سبب سے جسوقت ابو حنیفہ پہونچے خدمت مین امام جعفر صادقؑ کے جیسا کہ بیان کیا ہی امام شعرانی نے لواقح الانوار مین تو کہا امام جعفر صادقؑ نے کہ مین نے سنا ہی کہ تو قیاس کرتا ہی ای ابو حنیفہ قیاس نکر پہلے جسنے قیاس کیا وہ شیطان تھا انتہی پس نسبت رائے اور قیاس کی امام حسنؑ کی طرف باطل ہی اور حزا این نیست کہ عمل ان آئمہ اہلبیت کا نصوص اور الہام اور کشف اور فہم معانی پر تھا انتہی امام ذہبی امام جعفر صادقؑ کی نسبت لکھتے ہین کہ نہین احتجاج کیا اُنسے بخاری نے یعنے اُنسے روایت نہین کی یحیی ابن سعید قطان اُستاد بخاری کا قول ہی کہ مجالد مجھے اُنسے زیادہ محبوب ہی کچھ میرے دل مین اُنکی طرف سے ہی (یعنے خلش) اور نہ روایت کی اُنسے امام مالک نے جب تک کسی کو اُنکے ساتھ شریک نکرلیا اور یہ ہی ذہبی کتاب مغنی مین حضرت امام جعفر صادقؑ کو ضعفا سے شمار کرتے ہین بحر العلوم عبد العلی لکھتے ہین کہ اجماع اہلبیت حجت نہین اسوجہ سے کہ وہ عمداً خطا کر سکتے ہین جیسا کہ واقع ہوا سیدۃ النسا فاطمہ زہراؑ سے کہ اُنھون نے کلام اور سلام حضرت ابوبکر سے ترک کر دیا جسوقت رد کیا اُنکو ابوبکر نے فدک سے اب آگے چلیے جناب رسول خداؐ کا احوال اور طلب قرطاس اور قول حضرت عمر قد یغلب علیہ الوجع اور حسبنا کتاب اللہ تو مشہور ہی حاجت تحریر نہین مگر نہ یہ رائے مخالف نص کہی جاتی ہی نہ کسی طرح کا الزام لاحق کیا جاتا ہی نہ اُنکو نسبت جہل دی جاتی ہی فاعتبروا یا اولی الابصار اور یہ ہم نہین سمجھتے کہ علما و محدثین نے جناب رسول خداؐ کی نسبت کیا خیال کیا ہوگا کہ آنحضرت نے ہولای اہلبیتی اُنکی شان مین فرمایا اور وقت نزول آیہ تطہیر و آیہ مباہلہ اور بعدہ چھ ماہ تک ہر روز فاطمہ صلواۃ اللہ علیہا دروازہ پر تشریف لیجا کر الصلواۃ یا اہل البیت انما یرید اللہ الخ کیونکر فرمایا اور ما و را اسکے فرمایا ما ان تمسکتم بہ لن تضلوا اور احدہما من الاخر اور مثل سفینۃ نوح اور اللہم صل علی محمد و آل محمد کما صلیت الخ اور اللہم وال من والاہ وعاد من عاداہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ اور من سب علیا فقد سبنی اور اللہم ادر الحق معہ حیث ما دار اور ما القرآن مع علیؑ وعلی مع القرآن اور من تخلف عنہا غرق اور لا یحبہ الا مومن ولا یبغضہ الا منافق اور اصحاب غلق وغیرہ کہ جنکا لکھنا طول کلام ہی کہ صحاح ستہ مملو ہین ان احادیث سے یہ فضائل و مناقب اور یہ اوصاف ما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی نے کیون فرمائے کیا یہ سب خطائین پیغمبر برحق کی طرف منسوب نہ ہونگی کہ فاطمہ زہراؑ اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کا نام لے لیکر یہ فضائل و مناقب اور یہ اوصاف اُنکی شان مین فرمائے اسواسطے کہ جب علیؑ سے اٹھارہ خطائین اور خصوصاً اصل مسئلہ تعیین خطا واقع ہوئی تو بالضرور قرآن وحق دونون سے جدا ہوگئے یا قرآن وحق ناحق ہوگئے کہ علیؑ کی طرف پھر گئے یا دعا اُنکے آنحضرت قبول نہ ہوئی یا پیغمبرؐ نے خطا کی اسیطرح تمام اہلبیت خصوصاً جناب سیدہ طاہرہ اور حسن مجتبےٰ اور حسینؑ شہید کربلا کا خاطی ہونا علما نے ثابت فرمایا ما حصل یہ ہی کہ یہ علما مستحق ان مناقب کے تھے معاذ اللہ

رسول خدا روحی لہ الفدا نے اپنے اہلبیت اور آل خصوصاً اپنی پارۂ جگر فاطمہؑ و علیؑ و حسنؑ و حسینؑ کی محبت اور
بغیر استحقاق انکو متصف ان صفات سے کر دیا پس ان سب علماء کو پکار پکار کر اعدل یا محمد اعدل یا محمد
کہنا لازم ہی اگرچہ در پردہ تو کہہ رہے ہین کہ فرادی فرادی سب کو خاطی بنا دیا بلکہ جیسی خطائین کہ پیغمبر کیطرف منسوب
ہوتی ہین حق تعالے کی نسبت منسوب ہوتی ہین کہ جیسا انصاف رسول نے کیا ویسا ہی خدا نے بھی کیا کہ پیغمبر
برحق نے تو محبت اہلبیت مین بغیر استحقاق انکو فضائل مذکورہ بالا کا مستحق قرار دیا اور خدا نے بھی انھین کی محبت
کا حکم دیا اور فرمایا قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودة فی القربی یعنے کہہ تو ای محمدؐ مین تم سے کچھ نہین
مانگتا مگر دوستی اپنے اقربا کی اور فرمایا رب العزت نے یا ایہا الذین امنوا اطیعوا اللہ ورسولہ اور و
من یطع الرسول فقد اطاع اللہ اور فاتبعوہ لعلکم تہتدون غرض حق تعالے تو عالم الغیب
تھا اور ماکان اور مایکون سے واقف تھا جانتا تھا کہ رسول میرا محبت اہلبیت در آل مین خصوصاً محبت فاطمہؑ
اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ مین انصاف نکریگا ہم تو اپنے رسول حبیب کو آگاہ کر دین مگر خدا نے بھی یہ ہی حکم
دیا کہ اطاعت رسولؐ اطاعت خدا ہی اسی رسول کی تابعداری کرو وہ ہی ہدایت پر ہی جسنے رسول کی اطاعت
کی اسنے خدا کی اطاعت کی خدا کو تو معلوم تھا کہ میرا پیغمبر القرآن مع علی و علی مع القرآن فرمائیگا اور دعا
کریگا کہ خداوندا پھیر تو حق کو جسطرف علی پھرے اور کہا اگر تم تمسک با اہلبیت کروگے تو گمراہ نہ ہوگے اور یہ بھی
جانتا تھا کہ علیؑ ستر مقام پر خصوصاً نفس مسئلہ فقہ مین خطا کریگا اور فاطمہؑ ابو بکر سے سلام و کلام ترک کر دین گی
حسنؑ بہت طلاق دینے والون سے ہونگے حسینؑ تو مخالفت یزید کرکے اپنے جد کی تلوار سے شہید ہونگے پس کیسی
اطاعت کیونکر اطاعت خدا ہو سکتی ہی پس جو لوگ احکام خدا کے جاننے والے معصوم اور حقانی دین کے نکالنے
والے تھے انکی اطاعت خدا کی اطاعت ہوئی لیکن معاذ اللہ خدا نے بھی عدل نکیا کہ خدا اور رسول اپسمین ملکر
ایک ساز کئے ہوئی کہ وہ اہلبیت خصوصاً علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ و حسینؑ کہ خطائین کرتے جائین اور حق انھین کے پیچھے
دوڑتا چلا جائے اور بیچارہ علما ستر ستر خطائین پکڑتے ہین مگر نہ خدا سنتا ہی نہ رسول پس اب ان علما کو لازم ہی
کہ اعدل یا رب کا کلمہ پڑھین علامہ ذو النسبین ابن دحیہ کتاب شرح اسماء النبی مین قصہ خالد ابن ولید کے یمن
پہنچنے اور جناب امیرؑ کے جانے اور بریدہ کی شکایت کرنے اور حضرت رسول خدا کے فرمانے مین لکھتے ہین
اوردہ البخاری ناقصا مبترا کما تری وہی عادتہ فی ایراد الاحادیث التی من ہذا القبیل و
ماذلک الا بسوء رایہ فی التنکب عن ہذا السبیل یعنے وارد کیا ہی اس روایت کو بخاری نے ناقص
ادھورا جیسا کہ اسکی عادت ہی ان حدیثون کے وارد کرنے مین جو اس قبیل سے ہین اس وجہ سے کہ وہ منحرف
اور برگشتہ ہی اس راہ سے پھر اسی کتاب مین صحیح مسلم سے ایک روایت نقل کی ہی بعدہ بخاری سے پھر لکھتے ہین
انما اوردہ مسلم لانہ اورد بکمالہ وقطعہ البخاری واسقط منہ علی عادتہ کما تری وہو
مما یعیب علیہ فی تصنیفہ علی ماجری ولاسقاطہ لذکر علی رضی اللہ عنہ یعنے مسلم سے

اسواسطے روایت کو نقل کیا ہی وہ روایت کو پورا پورا نقل کرتا ہی اور بخاری نے اسکو کاٹ چھانٹ کر
ذکر کیا ہی جیسا کہ اسکی عادت ہی کہ دیکھتا ہی تو اوریہ قطع برید بخاری کی ایسی ہی کہ جسنے اُنکی تصنیف کو عیب لگا دیا ہی
جیسا کہ گذرا اور خصوصًا اسوجہسے کہ ساقط کر دیتا ہی وہ ذکر کو علیؑ کے علامہ عبد الکریم شہرستانی مرجیہ کی فہرست
مین لکھتے ہین مقاتل بن سلیمان کو جو امام شافعی کے اُستاد تھے اور حماد ابن ابی سلیمان کو کہ اُستاد تھے ابو حنیفہ
کے اور امام اعظم ابو حنیفہ کو اور ابو یوسف اور محمد ابن حسن کو کہ شاگرد امام اعظم تھے اور سعید ابن جبیر و طلق
ابن حبیب عمرو ابن مرہ محارب بن دثار اور ذر و عمرو ابن ذر و قدید ابن جعفر اور حسن ابن محمد کو کہ یہ سب مرجیہ
ہین اور نیز یہ کل آئمہ فن حدیث ہین اور یہ سب اصحاب کبائر کو کافر نہین کہتے اور اُنکے مخلد فی النار ہونے کی
قائل نہین ہین بخلاف خوارج اور قدریہ کے یعنے خوارج سے اس مسئلہ مین مخالف ہین اور غوث اعظم نے مرجیہ
کے بارہ فرقے لکھے ہین اور مرجیہ کا ایک فرقہ حنفیہ ہی وھذہ عبارتہ اما الحنیفۃ فہم بعض اصحاب
ابی حنیفہ النعمان ابن ثابت یعنے حنفیہ بعض اصحاب ہین ابی حنیفہ نعمان ابن ثابت کے اور مختصر تاریخ
خطیب مین علامہ ابو علی یحیی لکھتے ہین کہ سعید ابن سالم نے قاضی القضاۃ ابو یوسف شاگرد تھے ابو حنیفہ کے
اُنسے کہا کہ اہل خراسان ابو حنیفہ کو جہمی مرجی کہتے ہین ابو یوسف نے کہا کہ ہم لوگ فقط علم فقہ اُنسے سیکھتے
تھے دین مین اُنکی تقلید نہین کرتے تھے حاصل یہ ہی کہ ہم نے جو احوال یہانتک لکھے ہین غرض ہماری اس تحریر
سے یہ نہین ہی کہ ہم اثبات مذہب حق مین بحث کرین بلکہ منشا ہمارا یہ ہی کہ باوجود کثرت اہتمام رسالتمآب
کے دربارہ حقوق اہلبیتؑ اور خصوصًا علیؑ اور فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کے اکثر اصحاب کبار رسول مختار کے کیا
روش اور کس قسم کی رفتار تھی ان اہلبیتؑ کے ساتھ اور فرمان رسول مقبول کو کہ فانظروا کیف تخلفونی
کو کسقدر نباہا اور کتنے اصحاب متمسک باہلبیتؑ رہی اور کتنے صاحبون نے ترک تمسک کر کے شریک مخالفین
ہوئے بلکہ خود مخالفت کے بانی ہوئے مقابلہ اور مقاتلہ کیے تو ہین اور خذلان اہلبیتؑ اور آل اطہار مین
سرگرم رہے سب اہلبیتؑ اور خصوصًا سب علیؑ مین اس دنیائے فانی سے رحلت فرمائی بغض و عداوت کو
خاندان رسالت کے مرتے دم تک نہ چھوڑا منابر اسلام پر باعلان لعن و طعن کو ایمان اپنا قرار دیا مال ناپایدار کو
عزیز کیا جاہ و حشمت کے طالب رہے پھر کسطرح ممکن ہی کہ تابعین اُن اصحاب کے اُس راہ کو اختیار نکرتے اور
جب اُنھون نے بھی وہ ہی راہین اختیار کین تو تبع تابعین اور علماء دین کیونکر پیروی اُنکی نہ کرتے یہ ہی
سبب ہی کہ اکثر علماء اعلام نے اہلبیتؑ خصوصًا علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام کو خاطی عاصی
اور پلید یلیتی کا خطاب دیا ہی پس جو شخص ان چند اوراق کو بہ نظر انصاف دیکھے گا بیساختہ کہے گا کہ ان علما
اور مجتہدین نے پیروی کی ہی اُن اصحاب کی جو ناکثین اور قاسطین اور مارقین سے تھے اب ہماری غرض یہ
ہی کہ بعض احوال اصحاب رسول امام نووی الصحابۃ کلہم عدول سے بھی نجات پا جائینگے مگر تابعین اور تبع
تابعین اور علماء مبرین جو اُن اصحاب کے مقلدین ہین اُنکے اقوال و افعال کا تتبع کرتے ہین اُنکی پیروی پر

جان دیتے ہیں کیونکر نجات پائینگے چنانچہ شیخ عبد الحق تکمیل الایمان میں فرماتے ہیں و اصحابہ خیر الامۃ اصحاب
پیغمبر مارضوان اللہ علیہم اجمعین فاضل تر و بہتر و مہتر از باقی اُمت ند خیر ده تو خیر امت تھے اور مرفوع القلم
تھے کلہم عدول سے ہے مگر اُمت اُنکے چال و چلن اور اُنکے افعال کی پیروی نہ کرنا چاہیے کہ اُنکو بالضرور
گرداب ضلالت میں پھنسا ہوگا کہ کبھی نجات نہ ملے گی اگر مثل معاویہ و عمر عاص و مغیرہ وغیرہ سب اہلبیت اور
جدال و قتال کرینگے سیدھے آتش دوزخ میں چلے جاوینگے کف لسان اور گفتہ را ناگفتہ کے مستحق نہ ہونگے
پھر فرماتے ہیں کہ از امام مالک آوردہ اند ما افضل علی ما ہو بضعۃ من النبی احدا پھر بعد دو سطر کے
فرماتے ہیں و این فضائل کہ ذکر کردہ شد راجع بکثرت ثواب و نفع اہل اسلام نیست بلکہ بمزید شرف نسب و کرامت
جوہر ذات است چہ شک نیست کہ در اولاد پیغمبر کا جز لئے وے اند شرفے و شانے ہست کہ در ذات شیخین
نیست ہیچ کس اور این جا مجال توقف و انکار نخواہد بود پھر رقم کرتے ہیں کہ و نکف عن ذکر الصحابۃ
الا بخیر و روش اہل سنت آنست کہ صحابہ رسول را بخیر یاد کنند و لعن و سب و شتم و اعتراض و انکار بایشان
براہ سوئے ادب نروند از جہت نگاہ داشت نسبت صحبت آنحضرت سبحان اللہ جناب امیر المومنین اور فاطمہ
زہرا اور امام حسن اور امام حسین کو اصحاب میں بھی شامل نہیں کرتے پھر بعد پانچ چھ سطروں کے رقم فرماتے ہیں
و آنچہ از بعضے از ایشان مشاجرات و محاربات و تقصیر در حفظ حقوق اہل بیت نبوی و رعایت سوئے ادب
بایشان نقل کنند بعد از تسلیم صحت آن اخبار از آن اغماض کنند و تغافل ورزند و گفتہ را ناگفتہ و شنیدہ را ناشنیدہ
انگارند زیرا کہ صحبت ایشان با پیغمبر یقینے است و نقل ہائے دیگر ظنی یقینے بظنی متروک نشود و ظن بالیقین
معارض نگردد بالجملہ سرحد دار اسلام و سنت جماعت با معاویہ و عمر عاص و مغیرہ بن شعبہ و اشباہ و امثال ایشان است کہ ہمراہ عقبہ مشائخ سنت
و جماعت و دگو زبان را از سب و لعن ایشان بربندد اگرچہ بجہت تصور بعضی امور کہ ارباب سیر و تواریخ نقل کنند و قدر مشترک آن بسرحد تواتر
رسید باطن او وحشتی و خاطر او کدورتی دست دہد با وجود آن سلامت در اغماض و کف لسان است پس مطابق تحریر شیخ عبد الحق صاحب
جو کچھ کہ افعال و کردار کہ اصحاب باغی و طاغی بیان کیے گئے اُن سب سے چشم پوشی کی جائے اور گفتہ کو ناگفتہ
اور شنیدہ کو ناشنیدہ فرمادیا جائے مگر اُنکے افعال و اقوال کی پیروی تو نہ کی جائے اور جو کچھ کہ نقل سیر و تواریخ
سے بسرحد تواتر پہنچا ہی کہ جس سے باطن کو وحشت اور خاطر کو کدورت حاصل ہوتی ہی اُسکی اتباع نہ کیجائے
کہ وہاں تو کف لسان اور اغماض کا حکم ہی مگر مقلدین اور پیروان اُن اصحاب کے تو مستحق اسی امر کے ہونگے
کہ جس سے کف لسان اور اغماض کیا گیا ہی پھر رقم فرماتے ہیں کہ علما سنت و جماعت گویند کہ نہایت کار معاویہ
و امثال وے بغی و خروج است بر امام برحق و خلیفہ مطلق کہ علی مرتضٰی باشد چنانچہ در حدیث عمار ابن یاسر کہ
بسرحد شہرت و تواتر معنوی رسیدہ ستقتلک الفئۃ الباغیۃ تدعوہم الی الجنۃ و یدعونک
الی النار اگرچہ مطابق حدیث صحیح و متواتر کے جناب معاویہ طاغی باغی خارجی ناری قرار پاتے ہیں اور کلمہ
ہمراہیان معاویہ بھی کذالک مگر آپ فرمودہ رسول مقبول کو ناگفتہ اور حدیث صحیح و متواتر کو ناشنیدہ کر دیجیے

اور کف لسان اور اغماض اور الصحابۃ کلہم عدول کا فتوے دیے جانے اور خود نہ اغماض کیجیے نہ کف لسان نہ الصحابہ کلہم عدول کا خیال رکھے فئۃ طاغی باغیہ جنھی نے فرمایا معاویہ اور آسکے سب لشکر کو اور اُس فرقہ کو جہنم بھی قرار دیا اور علیؑ اور اُنکی جانب اور ونکو نسبت کا خطاب بھی دیا معلوم ہین کہ کف لسان اور اغماض کس امر سے فرمایا اسے صاحب اصحاب نار اور اصحاب جنت تو فرما چکے اور کیا کہیگا لغت مین باغی کے معنی ستمگار حق سے پھرا ہوا گردن کش دروغ گو کے ہین اور طاغی کہتے ہین حد سے گذرنے والے اور ... کرنے والے اور ظلم کرنے والے کو اور غلو کرنے والے کو کفر مین اور جبار احمق کو پس جب معاویہ کو اور گروہ معاویہ کو ستمگار ظالم حق سے پھرا ہوا گردن کش کاذب اشرف المعاصی خالی فی الکفر جبار احمق قرار دیا اور جہنمی کسی فرقہ کا نام رکھا تو پھر ایک صفت کہ جسے آپنے موصوف فرمایا نص کلام مجید مورد لعن ہی پھر کف لسان فقط ایک مسئلہ دھوکا دہی بھلا کاہے اس لعن کو اپنے ایک چیستان بنایا ہے لعن کے معنے راندن و دور کردن از نیکی و رحمت کے ہین پس طاغی باغی ظالم کاذب کون سے صفت ایسی ہی جو قابل سلام وصلوٰۃ یا رضی اللہ کے ہی بلکہ حق تعالے تو ظالمین و کاذبین پر باعلان لعن فرما رہا ہے اب یا اغماض و کف لسان کا سبب کہ صحبت ایشان با پیغمبر یقینی ست و از جہت نگاہداشت صحبت آنحضرت پس یہی انصاف جناب ابوطالب کو یقین دیا جاتا کہ صحبت اور پرورش اور نصرت و محبت و حفاظت و حمایت اُنکی یقینی اور لا الٰہ الا اللہ کہتے کا ذکر نا اُنکا ظنی ہی اور یقینی ظنی سے متروک نہین ہو سکتا پھر شیخ عبد الحق صاحب فرماتے ہین کہ در حدیث آمدہ است کہ ہر کہ دیگری را کافر گوید اگر وی در نفس الامر کافر بود قائل بالفعل کافر گردد مطابق اس تحریر کے بھی جو لوگ جناب ابوطالب کو کافر کہتے ہین اور ثبوت کفر مین اُنکے رسالہ لکھ رہے ہین اگر وہ نفس الامر مین کافر تھے تو اب قایل کے بالفعل کافر ہونے مین کوئی شک باقی نہ رہا اور افسوس ہزار افسوس تو یہ ہی کہ اُسی تکملہ مین فرماتے ہین و بعضے دیگر گویند اخاتمت وے (یعنے یزید) معلوم نیست شاید بعد از ارتکاب از کفر و معصیت توبہ کردہ باشد و در نفس آخر بہ توبہ رفتہ باشد و میل امام غزالی در احیاء العلوم باین حکایت است کیون حضرات جس نے تاراج کر دیا اہلبیت کو اور اٹھارہ بنی ہاشم کو قتل کیا جنکا مثل و نظیر عالم مین نہ تھا اور تمام اعوان و انصار حسینؑ کو شہید کیا سرہائے بریدہ بزرگوں کی سنانون کی نوک پر رکھکر دیا ربدیار پھرایا اہلبیت عصمت و طہارت کو بے مقنع و چادر دربار عام مین بلا کر کیسا ذلیل کیا کیسی کیسی تکلیفین دین اطفال شیر خوار تک زندہ نہ رکھے ایسے پلید عدو اللہ شارب الخمر تارک الصلوٰۃ زانی فاسق مستحل محارم کی نسبت تو یہ عقیدہ کے بعد از ارتکاب از کفر و معصیت توبہ کردہ باشد اور حضرت ابوطالب کہ عم رسول برحق اور مربی و معین دیا ور و ناصر و حامی جو آنحضرت کے دین کو خیر الادیان اور خود آنحضرت کو رسول کہہ کے خطاب کرے اور دوسرونکو ترغیب دے اور سمجھاوے کہ یہ رسول برحق ہین یہ کبھی جھوٹ نہین بولے عرب مین انسے بڑھکر کوئی صادق نہین یہ جو دعوے نبوت کرتے ہین سچے ہین انکی پیروی کرو اور وہ خود اپنے جان و مال و لا د فدائے آنحضرت کرے اور نے اظہار کلمہ

لا الہ الا اللہ عند البعض نہ کہے اور بعض دیگر کے نزدیک بروایت ابن عباس یعنے اُس کلمہ کا کہنا ثابت اُنکی طرف
یہ عقیدہ کہ وہ کافر اور مخلد فے النار اُنکی طرف اتنا بھی نہین کہا جاتا کہ بعد از انکار بہ نفس الاخر اقرار کردہ باشد
اور صفحہ ۷۹ مین اُسی تکملہ کے فرماتے ہین المومن لیس بلعان یعنے مومن لعنت کرنے والا نہین ہوتا پس
معلوم نہین کہ ابتدا از زمانہ معاویہ سے تا زمانہ عمر ابن عبد العزیز جو سنہ ۱۰۰ ؁ مین مقرر ہوئے تھے اور خطیب منابر
اسلام پر باعلان لعن کرتے تھے حضرت علیؑ اور اہلبیت پر اور نسبت کفر و الحاد کی اُن حضرت کو دیتے تھے وہ
مومن تھے یا نہین اور بعد ان افعال کے بھی مومن رہے یا نہین اور نفس الامر مین جناب علی مرتضے اور اُنکے ہمراہی
اگر ملحد اور کافر نہ تھے تو قائلین اور لاعنین زمرہ کفار مین محسوب ہوئے یا نہین اور جب جناب علی ابن ابیطالبؑ
اور اُنکے اصحاب کا مستحق لعن ہونا بالاتفاق ثابت نہین تو لعن قائلین پر عائد ہوئی یا نہین باوجود ان سب امور کے
کف لسان کا حکم اور جناب ابو طالب کی نسبت یہ زبان درازیان فسیکفیکہم اللہ وھو السمیع العلیم
حالانکہ جناب ابو طالب بھی اصحاب آنحضرت مین ہین کہ ابو مندہ اور ابو نعیم کے نزدیک صحابیون مین وہ لوگ
بھی ہین جو قبل از نبوت ایمان لائے تھے اور بعد نبوت آنحضرت کی خدمت مین نہ پہونچے جیسا کہ بحیرہ کہ انکو اصحاب
آنحضرت مین شمار کیا ہی پس جناب ابو طالب بدرجہ اولے افضل اصحاب مین شمار ہوسکتے ہین بلکہ السابقون
السابقون اولئک المقربون کے مصداق ہین مگر دشمنی اہلبیت سے قسب یا چشم نابینا گوش کر زبان گنگ
ہی لفظ طاغیان و باغیان و معادیان اہلبیت کو جو الصحابہ کلہم عدول کے مصداق بنا کے جاتے ہیں
اُنکی پیروی کیجاتی ہی اور کو ذریت یعنے اہلبیت طاہرین خصوصا حضرت علی مرتضے اور فاطمہ زہرا و حسن و
حسین شہید دشت کربلا اور دیگر آئمہ ہدا علیہم الآلاف التحیۃ والثنا کی ذلت و خواری کا باقی نہین رکھا جاتا کیسی
کیسی تہمتین دی جاتی ہین خاطی مخالف نص عمل کرنے والے کاذب لیس بشیٔ بنائے جاتے ہین احادیث و
آیات جو شان مین آئمہ اہلبیت کے ہین اُنکی تاویلین کیجاتے ہین اور تمام تر کوشش وسعی کی جاتی ہی کہ
کہ دشمنان اہلبیت سے کف لسان کیا جائے اور جہان کہین آل رسولؐ اہلبیت ذوی القربے ذریت اولے
مولی کا لفظ آیات و احادیث مین آگیا فوراً معنے بنا ڈالے اور تاویلات بے سروپا کرنے لگے کف لسان کا
سبب تو از جہت نگاہ داشت نسبت صحبت آنحضرت قرار دیا اور جو اجزاء بدن اور پارہ جگر آنحضرت تھے
اُنکی یہ عظمت کی کہ خاطی کاذب لیس بشیٔ مخالف نص عمل کرنے والے ٹہرائے وہان نہ جہت نگاہ داشت نسبت
صحبت کا لحاظ کیا نہ اجزاء جسم و روح آنحضرت کا خیال کیا الغرض جو منصف مزاج ان حالات سے واقف
ہوگا وہ بالضرور قائل ہوگا کہ یا قوال انھین علما کے ہین جو پیرو ہین اُن اصحاب کے کہ جو طاغی و باغی و عادی
اہلبیت تھے اور متصف با صحاب بغض و عناد تھے چنانچہ شیخ دہلوی کے کلام سے معلوم ہوا کہ بعض علما فرماتے ہین
کہ خاتمہ وے یعنے یزید معلوم نیست شاید کہ بعد از ارتکاب آن کفر و معصیت توبہ کردہ باشد و بہ نفس آخر بہ توبہ رفتہ
باشد اور بعضے یزید کو اللھم اغفر للمومنین والمومنات مین شامل فرماتے ہین ہم پہلے بیان کر آئے ہین

کرآنحضرت اصحاب کبار رسول مختار کہ کلھم عدول کا خطاب پائے ہوئے ہیں منحرف تھے اہل بیت سے خصوصاً علی بن ابیطالبؑ سے حتے کہ بعضے تو رسولؐ برحق پر تہمت کی کہ بسبب مکافات احسان ابوطالب کے عقد جناب فاطمہ زہرا کا علیؑ سے کردیا تھا اور بعض دیگر نے خوشامد معاویہ مین منبر و بنبر باعلان لعن کرنا شروع کیا علیؑ و اہلبیت پر بعض نے یزید تک کی بیعت کی مگر علیؑ و حسنؑ اور حسین علیہم السلام کی بیعت نہ کی چنانچہ عبد الحق صاحب فرماتے ہین نعم جماعتی از مدینہ مطہرہ بشام نزد وے (یعنے یزید) کرہاً و جبراً رفتند وا و جایزہا ئے سنی و فائدہا ئے سنی ایشان نہاد اس بیان سے بھی صاف ظاہر ہی کہ اہل مدینہ بیعت یزید کرنیکو شام گئے مگر امام حسینؑ کی بیعت نہ کی گو مولانا عبد الحق صاحب نے کرہاً اور جبراً فرمایا مگر یہ نفرمایا کہ جبر و کرہ کس قسم کا تھا مجبوری کی یہ شان نہین ہوتی کہ بعد اس عبارت کے لکھتے ہین بعد از ان کہ حال قباحت مال ورا دیدند بمدینہ باز آمدند و خلع بیعت وے کردند و گفتند کہ وے عدو اللہ شارب خمر تارک الصلواۃ زانی فاسق مستحل محارم است پس مجبور خلع بیعت پر کیونکر مختار ہوئے ماحصل یہ ہو کہ دشمن خدا و رسولؐ سے بھی بیعت جایز اور اہلبیت علیہم السلام کی بیعت سے انکار با لجملہ فضائل و مناقب اہلبیت جو صحاح ستہ خصوصاً صحیحین سے مختصراً مذکور ہوئے جس سے صاف صاف ثابت ہوتا ہی کہ اہل بیت واجب التمسک اور واجب التعظیم تھے جنکی محبت ایمان جنکا بغض نفاق تھا جنکا خذلان خذلان رسول جنکی اہانت اہانت رسول جنکا بغض بغض رسول جنکی ایذا ایذائے رسولؐ تھی اور موذی رسولؐ واجب اللعن بنص جلی ہو کہ حق تعالے فرماتا ہی انّ الذین یؤذون اللہ و رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا اور جناب شیخ عبد الحق صاحب فرماتے ہین ومارا و دوستان ما را در زمرہ محبان ایشان محشور گرداند و در دنیا و آخرت بردین و کیش ایشان بدارد بمنہ و کرمہ وھو قریب مجیب آمین اس قول سے بھی محبت اور صدق عقیدت اور دین و کیش اہل بیت نبوت کا واجب التمسک قرار پاتا ہی اور افضل اہلبیت علی بن ابی طالب بلا شک و لا ریب ہین کہ ما ورائے قرابت نسبی کے پیغمبر برحق نے انت اخی فی الدنیا والاخرۃ اور لحمک لحمی بھی فرمایا پس جناب فاطمہ زہرا کو بضعۃ منی فرمایا اور علی مرتضے کو لحمک لحمی کہ فاطمہ پارہ جگر ہی اور علیؑ کا گوشت و خون میرا گوشت و خون ہی اور انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی اور القران مع علیؑ و علیؑ مع القران بھی فرمایا مگر جسوقت بمکر و حیلہ عمرو عاص معاویہ کی طرف قران بلند کئے گئے تو حدیث پیغمبرؐ کو ناشنیدہ کردیا اور قول علیؑ مقبول نہ ہوا اگرچہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا تھا لا یحبہ الا مومن ولا یبغضہ الا منافق اور شان علیؑ مین فرمایا آنحضرت نے احب الخلق اور اللھم ادر الحق حیث ما دار اور فرمایا انت اخی و وزیری و خیر من اُخلّف بعدی اور یہ بھی فرمایا و تجاھد ھم علی التاویل کما جاھدتہم علی التنزیل اخرجہ الدیلمی و ابن مردویہ اور فرمایا انت سید فی الدنیا و الاخرۃ اخرجہ ابو عمر و الحاکم و الخطیب و زاد فیہ دیلمی من احبک فقد احبنی و حبیبک حبیب اللہ ومن ابغضک فقد ابغضنی و بغیضک بغیض اللہ الویل

لمن ابغضك من بعدی یعنے تو دنیا و آخرت کا سردار ہی ابو عمر اور حاکم اور خطیب بغدادی نے اس
حدیث کو اسیقدر لفظون سے روایت کیا ہی لیکن شیرویہ دیلمی نے فردوس الاخبار مین اسی روایت کو اسطرح
روایت کیا ہی کہ یا علی جسنے تجھسے محبت رکھی اسنے مجھسے محبت رکھی اور حبیب تیرا حبیب خدا کا ہی اور جسنے تجھسے
بغض رکھا اُسنے مجھسے بغض رکھا اور تیرا دشمن خدا کا دشمن ہی افسوس اوسپر واے ہی جو میرے بعد تجھسے بغض رکھے اور
فرمایا پیغمبر خدا نے انت اول من اٰمن بی وصدق وانت صدیق الاکبر اخرجہ الحاکم نقلت من
الریاض النظرۃ اے علی تو وہ شخص ہی جو سب سے پہلے مجھپر ایمان لایا اور میری تصدیق کی اور تو صدیق اکبر ہی
اور سلمان فارسی اور ابو ذر غفاری سے مروی ہی کہ پیغمبر خدا نے پکڑا ہاتھ علی کا اور فرمایا ھذا اول من
اٰمن بی کہ یہ اول ہی اس کا جو سب سے پہلے مجھپر ایمان لایا ھذا فاروق ھذہ الامۃ اور یہ جدا کرنیوالا ہی
اس اُمت مین حق و باطل کا ھذا یعسوب المومنین یہ امیر مومنین ہی ھذا من یصافحنی یوم القیامۃ
یہ وہ ہی جو قیامت کے روز مصافحہ کریگا مجھسے وھذا الصدیق الاکبر اور یہ صدیق اکبر ہی اخرجہ الطبری
والدیلمی والطبرانی فی الکبیر فی مسند سلمان دوسری حدیث بھی عن ابی ذر غفاری قال
سمعت رسول اللہ یقول لعلی انت صدیق الاکبر والفاروق الاعظم الذی یفرق بین الحق
والباطل الریاض النظرۃ فی فضائل العشرۃ محب الطبری ابی ذر غفاری سے روایت ہی کہ مین نے
رسول اللہ سے سنا ہی کہ علی سے فرماتے تھے کہ تم صدیق اکبر اور فاروق اعظم ہو کہ فرق کروگے حق و باطل مین
عن ابی لیلی قال قال رسول اللہ سیکون من بعدی فتنۃ فاذا کان ذلک فالزموا علیا فانہ
الفاروق بین الحق والباطل اخرجہ الخوارزمی والدیلمی وابن عبد البر فی الاستیعاب ابی
لیلی سے روایت ہی کہ جناب ختمی مآب فرماتے تھے عنقریب میرے بعد فتنہ ہوگا تو تم ملازمت مین علی کے رہنا
کہ تحقیق کہ وہ حق باطل مین فرق کرنیوالا ہی اور حافظ ابی بکر محمد ابن ابی نصر ابن ابی بکر العتوانی نے اور دیلمی نے اور نقاش نے انس سے
روایت کی ہی کہ فرمایا رسول اللہ نے انا وعلی حجۃ اللہ علی عبادہ حذیفہ سے منقول ہی کہ فرمایا رسالتمآب
نے کہ یا علی انت قسیم النار والجنۃ اخرجہ الدیلمی وابن المغازلی وقاضی عیاض فی
الشفا عقبہ ابن سعد العوفی سے روایت ہی کہ ہم جابر ابن عبد اللہ کے پاس گئے اور اُنکے ابرو کے
بال اُنکی آنکھون پر پڑے ہوئے تھے ہم نے علی ابن ابیطالب کی نسبت سوال کیا وہ اپنی آنکھون سے اپنے ابرو
کے بال اُٹھا کر کہنے لگے کہ وہ تو خیر البشر ہی اخراج کیا اُسکو احمد نے اپنے مناقب مین اور ابن مردویہ نے حذیفہ سے
روایت کی ہی کہ فرمایا رسول خدا نے علی خیر البشر من ابی فقد کفر یعنے علی خیر البشر ہین جسنے انکار کیا
وہ کافر ہی غرض فضائل و مناقب علی ابن ابی طالب سے کتب مملو ہین تمام مہاجر و انصار اور کل اصحاب کبار
رسول مختار ان مناقب و فضائل سے واقف تھے باوجود علم کے حاسد واتنا فسوا کے مصداق بنکر کینۂ دیرینہ
کو نکالنا اُنکی بیعت کرنا نہ تھا اور اعتقاد سے دست بردار ہونا اہانت کرنا ذلت دینا مخالفت کرنا معاندین

ومخالفین کی خوشنآمد مین حدیثین بنانا سب وشتم علی مرتضے کو مسنون جاننا جمعہ وعیدین کے خطبون مین منابر اسلام
پر باعلان لعن کرنا کلمات نامربوط شان اہلبیت مین کہنا کسی کو خاطی کسی کو مخالف نص عمل کرنیوالا کسی کو لیس
بشئے سمجھنا یہ سب امر ہم تصریحًا بیان کر آئے ہین یہ سب افعال واقوال باعث ایذاء رسول اللہ ہین یا نہین
اور یودذون اللہ ورسولہ کے مصداق ہین یا نہین مگر ہم کف لسان کرتے ہین بجز صبر وشکر کچھ نہین کہتے
نگہداشت نسبت صحبت آنحضرت پر عمل کرتے ہین لیکن جن علماؤن نے باتباع اُن اصحاب موصوفین کے
ازحضرت فاطمہ زہرا وعلی مرتضے تا حضرت امام عسکری علیہم السلام سب کو خاطی عاصی لیس لشئی فرمایا اُنکی نسبت
کف لسان کی کیا وجہ ہی منصفین انصاف فرمائین کہ جب فاطمہ زہرا بضعۃ خیرالورے اور علی مرتضے نفس خاتم
الانبیا اور حسن مجتبےٰ اور حسین شہید دشت کربلا کی نسبت ایسی ایسی خطائین منسوب کیجاتین اور دیگر آئمہ جو
اولاد فاطمہ زہرا سے ہین اُنکو عاصی خاطی کاذب لیس لشئے کہا جاوے اور حضرت معاویہ کی خوشامد مین خود
آنحضرت پر تہمت رکھی جائے کہ عقد فاطمہ بسبب مکافات احسان ابوطالب کے علی کے ساتھ واقع ہوا نہ بسبب محبت
علی کے تو ایسے ایسے اصحاب خیار اور ایسے ایسے مہاجر وانصار اگر بہ نسبت ابوطالب کے کہ والد حقیقی علی اور
والد مجازی رسول اللہ ہین اہتمام کرین اور حدیثین وضع کرین اثبات کفر مین اُنکی تاکہ موجب توہین اور تنقیص ہو
علی اور اولاد علی کا تو کوئی مقام تعجب نہین ہی پس جتنی حدیثین کہ کفر جناب ابوطالب مین مذکور ہین وہ سب
موضوعات زمانہ امویہ اور عباسیہ کی ہین اور علماء اعلام نے اُنھین صحابیان ممدوحین کی ان احادیث کو ذکر
کیا ہی اور اُنکی پیروی کی ہی پس ایسے اقوال واحادیث اگرچہ صحیحین مین کیون نہ ہون معتبر نہین ہوسکتے چنانچہ
شیخ عبد الحق صاحب شرح سفر السعادت اور اشعۃ اللمعات مین لکھتے ہین در جامع الاصول میگوید کہ اخذ کردہ اند
جماعت از ائمہ حدیث کہ از فرقہ خوارج اند از آنہا یکہ منسوب اند بقدر وتشیع ورفض ودیگر اصحاب بدع واہوا
اور عبارت جامع الاصول یہ ہی قد اخذ جماعۃ من ائمۃ الحدیث عن الخوارج وجماعۃ ممن
نسب الی القدر والشیعۃ والرافضۃ واصحاب البدع والاہوا پس صحیح بخاری مین بکثرت روایات
خوارج سے اور جو لوگ بکثرت میلان بخوارج رکھتے تھے موجود وماخوذ ہین اور خوارج کا مذہب تو مشہور ہی
کہ جو حضرت مولانا علی کو خارج از دائرہ اسلام جانتے تھے پھر اگر اُن خوارج نے اُسی اپنی دشمنی قلبی سے جناب
ابوطالب کے کفر کی حدیثین وضع کین تو کوئی مقام تعجب نہین ہی اور صحاح ستہ مین ان حدیثون کا ہونا
ہمارے مطلب کے مخالف نہین ہی اگرچہ صحیح بخاری مین بھی ہون اسواسطے کہ اشعۃ اللمعات مین شیخ عبد الحق
صاحب فرماتے ہین کتب ستہ کہ مشہور اند در اسلام عبارت اند از صحیح بخاری ومسلم وجامع ترمذی وسنن ابوداود
ونسائی ونزد بعضے موطا است بدل ابن ماجہ وصاحب جامع الاصول موطا را اختیار کردہ ودرین کتب
ستہ اقسام احادیث از صحاح وحسان وضعاف ہمہ موجود است وتسمیہ آن بصحاح بطریق تغلیب است
اس عبارت سے ثابت ہی کہ صحاح ستہ مین صحاح وحسان وضعاف کا وجود ثابت ہی اور یہ بھی اسی عبارت سے

ثابت ہی کہ صحیح بخاری منجملہ کتب ستہ ہی اور کتب ستہ کا تسمیہ بہ طریق تغلیب ہی تو پھر صحیح بخاری
کا تسمیہ بھی تصحیح بہ طریق تغلیب ہونا چاہیے بالجملہ احادیث منقولہ صحاح ستہ کا ضعیف ہونا البداہتہ
ثابت ہی اور ہمارے مطلوب کی منافی نہین ہے اور نیز ہم یہ بھی ثابت کر دیتے ہین کہ راویان
احادیث کفر جناب ابوطالب کس قسم کے ہین بیعت علی کو عمارہ فتنہ کہنے والے یا نکس بیعت کرنے
والے یا افراد فئتہ باغیہ جو جہنم کیطرف بلانے والے تھے یا خروج کرنے والے امام برحق پر کہ جنکی امامت پر
اتفاق جماعت بھی ہو چکا تھا یا محب خالص علی ابن ابیطالب کے اور انکی بیعت کو حق اور انکو امام برحق سمجھنے والے
تھے اور با این ہمہ اگر اغماض کیا جائے اور راویونکا احوال بھی مدنظر رکھا جائے جب بھی وہی حدیثین جنسے
آپ کفر ثابت کرتے ہین وہ ہی ہماری دلیلین ہین انھین سے اسلام اور مومن خالص ہونا جناب ابوطالب
کا ثابت ہوتا ہی احوال بعض بعض اصحاب تو ہم لکھ آئے ہین لقدر حاجت اور بھی اظہار کرنا ضروری ہی تاریخ
ابوالفدا جلد اول مین ہی کان خلفاء بنی امیۃ یسبّون علیا من سنۃ احدی وار بعین وھی
السنۃ التی خلع الحسن فیھا نفسہ من خلافتہ الی ول سنۃ تسع وتسعین اخر ایام سلمان
ابن عبدالملک فلما ولی عمر ابطل ذلک وکتب الی نوابہ بابطالہ ولما خطب یوم الجمعہ بدل
السب فی اخر خطبتہ ویقراہ قولہ تعالیٰ ان اللہ یامر بالعدل والاحسان یعنے خلفاء بنی امیہ
سب علیؑ کرتے تھے ابتدا ۴۱ سنہ ہجری سے کہ جس سنہ مین امام حسنؑ نے خلع خلافت کیا اول سنہ ۹۹ تک کہ
جو آخر زمانہ سلیمان ابن عبدالملک کا تھا پس جسوقت متولی خلافت عمر ابن عبدالعزیز ہوا تو یہ سب علیؑ موقوف ہوئی
اور لکھا کہ حکام کو موقوف کرین خطبون سے جمعہ وجماعت کے سب علیؑ کو اور جسوقت کہ خطبہ یوم جمعہ ہوا تو
بدل دیا آخر خطبہ سے سب علیؑ کو اور پڑھا اُسمقام پر قول حق تعالیٰ ان اللہ یامر بالعدل والاحسان
صحیح مسلم جلد دوم عن عامر ابن سعد ابن ابی وقاص عن ابیہ قال امر معاویہ بن ابی سفیان سعدا
ما منعک ان تسب ابا تراب یعنے معاویہ نے حکم دیا سعد ابن ابی وقاص کو کہ کون سی چیز تجھے مانع ہی سب
ابوتراب کرنے مین ابن ابی الحدید لکھتے ہین کہ بعد خلع خلافت امام حسنؑ کے معاویہ خلیفہ مقرر ہوا اور کل مسلمانون نے
اُسکی بیعت کر لی تب اُسنے اپنے عاملونکو لکھا کہ جو کوئی فضائل حضرت علیؑ و اہلبیت بیان کریگا اُس سے
ذمہ بری ہی یعنے اُسکے لیے امان نہین ہی پس خطیبون نے خطبون مین بالائے منابر علیؑ اور اہلبیت پر لعنت
کرنا شروع کر دیا اُسوقت اہل کوفہ کا نہایت سخت حال تھا اسلیے کہ وہان شیعہ بہت تھے معاویہ نے زیاد ابن
سمیہ کو وہانکا حاکم کیا وہ چونکہ بزمانہ علی علیہ السلام سے شیعون کو خوب جانتا تھا اُنکے ہاتھ اور پیر کاٹے آنکھین
نکلوا لین درخت مین سولی دیکر لٹکا دیا یہانتک کوئی مشہور اُنمین سے باقی نرہا پھر معاویہ نے عاملونکو لکھا کہ
جس پر ثابت ہو جائے کہ وہ محب علیؑ و اہلبیت ہی اُسکا نام دفتر سے کاٹ دو اور اُسکا وظیفہ بند کر دو پھر دوسرا
نامہ عمال کو یہ لکھا کہ ثبوت کا ذکر نہین جسپر تمکو اہلبیت کی محبت کا شبہہ ہو اُسکو بلائے سخت مین مبتلا کر دو گھر کھود ڈالو

تاریخ ابوالفدا جلد اول صفحہ ۱۹۲

صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۷۸

الغرض اس حالت مین شیعیان علیؑ گرفتار رہے حتےٰ کہ جو شیعہ و محب علیؑ اپنے کسی دوست پر بڑا اعتبار رکھتا تھا اور وہ اُسکے مکان مین مخفی آتا تھا اور اوقات مین رازداری کی بات بیان کرتا تھا اور اپنے ملازمین اور غلام و کنیز سے اپنے ڈرتا تھا اور سخت قسمین دیتا تھا کہ کسی پر اسکا راز ظاہر ہونے نہ پاوے کہ سبب قتل اُس مومن کا ہوتا تھا یہانتک کہ جناب امام حسنؑ نے وفات پائی پس بہت زیادہ ہوا فتنہ اور فساد اور کوئی محب علیؑ کے نام سے نرہا مگر یہ کہ وہ خائف تھا اپنی جان پر یا جلاوطن ہوگیا تھا اور بعد شہادت امام حسینؑ عبدالملک بن مروان حاکم ہوا اُسنے اور زیادہ سختی کی اُس زمانہ کے اہل تقوے بغض علیؑ و اہلبیت سے عبدالملک کا تقرب حاصل کرتے تھے اس بیان سے صاف ظاہر ہوا کہ ۴۱ سنہ ہجری سے ۹۹ سنہ تک اٹھاون برس ہوئے جو ابتداء زمانہ خلافت عمر ابن عبدالعزیز تھا اور ۴۱ سنہ مین جو جناب امام حسنؑ نے خلع خلافت کیا تو تمام ناکثین اور قاسطین اور جو مارقین سے چند اشخاص نہروان مین بچے تھے اُن سب نے دشمنی علیؑ و اہلبیتؑ کو مخفی پھیلایا سب ایک دل ہوگئے اس سبب سے کہ عثمان تو شہید ہو چکے تھے اُنسے تو سعاد ہمند ے چکے تھے اور زمانہ معاویہ عروج پر تھا اُنکی دشمنی کا اظہار بخوف جان و ناموس آبرو کر نہ سکتے تھے باقی رہے علیؑ اور اہلبیت علیہم السلام اُنکی تذلیل اور تنقیص کا موقع ہاتھ لگا تمام خوارج نہروان اور قاسطین و ناکثین آپسمین ایک ہوگئے اور دشمنی علیؑ و اہلبیتؑ پر کمر مستحکم باندھلی اور اپنے آبا و اجداد کفار کا کہ از دست حیدرؑ کرار قاتل کفار جہنم واصل ہوئے تھے عوض لینے پر آمادہ ہوگئے اور اس اٹھاون برس مین یہ نوبت پہونچی کہ صحابہ و تابعین ملکِ کل ممالک دشمن علیؑ و اہلبیتؑ کا اظہار کرنے لگے اگرچہ اُنمین اکثر محب خالص بھی تھے مگر بخوف جان اور آبرو اور ... پوشیدہ کرتے تھے اور اظہار محبت نکر سکتے تھے پھر اٹھاون برس تک فضائل اہلبیت کون بیان کرتا مذہب اہلبیتؑ کیونکر رواج پاتا دین و کیش اُنکا کس طرح باقی رہتا حاصل مطلب یہ ہی کہ وصیت حضرت رسالت مآبؐ کو کہ ہم ذکر کر آئے ہین کہ فرمایا آنحضرت نے آخر حدیث مین فانظروا کیف تخلفونی اور اذکرکم اللہ فی اہلبیتی کو کیا خوب نباہا اور کیا اچھا سلوک کیا اہلبیتؑ سے جب اہلبیتؑ کی یہ حالت پہونچی کہ کوئی دقیقہ اُنکی ذلت و خواری کا چھوڑا نہین گیا جیسا کہ مذکور ہوا تو منجملہ اُنھین باتون کے ایک یہ بھی امر خوشامد بنی اُمیہ و بنی مروان مین اگر ظاہر کیا گیا کہ علیؑ کے باپ یا آبائے رسولؐ مقبول سب کافر تھے تو کیا استعجاب کا مقام ہی اسواسطے کہ آبا و اجداد بنی امیہ کا کفر علی العموم ثابت ہی وہ اُنکی ذلت و خواری کا سبب تھا جب آبا و اجداد رسولؐ خدا اور علی مرتضےٰ کافر مشہور کیے گئے تو ... ذلت نرہی اور اُن خلفائے باغی

و طاغی کی خوشنودی بھی ہوئی اور دیگر اصحاب بھی جایزہ ہائے نہی اور فائدہ ہائے سنی سے محروم نرہے تاریخ الخلفا السیوطی صفحہ ۱۹۸ مین ہی عبداللہ بن احمد بن حنبل قال سالت ابی عن علی و معاویہ فقال اعلم ان علیا کان کثیر الاعداء ففتش لہ اعداءہ عیبا فلم یجدوا فجاؤا الی رجل قد حاربہ و قاتلہ فاطروہ کیادا منھم عبداللہ ابن احمد ابن حنبل نے کہا کہ پوچھا مین نے اپنے باپ سے علیؑ اور معاویہ کے باب مین پس جواب دیا کہ جان تو بہ تحقیق دشمنان علیؑ بکثرت تھے اور عیب جوئی کرتے تھے اُنکی اور نہ ملتا تھا اُنکو کوئی عیب

پس گئے وہ لوگ اُس شخص کی طرف کہ جسنے مقابلہ اور مقاتلہ کیا اُنسے شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی حجۃ اللہ
البالغہ مین ایک قول امام غزالی سے نقل فرماتے ہین جسکا خلاصہ یہ ہی کہ جب زمانہ خلفائے راشدین کا ختم ہوا
اور خلافت آگئی اُس قوم مین کہ جنکو کچھ استحقاق نہ تھا حتی کہ علم فتادی و احکام کا بھی اُنکو نہ تھا پس وہ خلفا مضطرب
ہو کر طالب اعانت فقہا سے ہوئے اور علما بطریق صحابہ عامل حدیث تھے بدون قیاس کے جب اُن علمانے دیکھا کہ
عزت و دولت خلفا کی رضامندی مین ہی پس اُن علمانے خلفاء وقت کی خوشنودی کے واسطے قیاس کو داخل کیا
کہ بحث و تقریر کو گنجائش ملے غرض یہ وہ قیاس ہی جو ناسخ نص سمجھا جاتا ہی اب ملاحظہ فرمایا جائے کہ ہم پہلے بیان
کر آئے ہین کہ زمانہ خلافت عبد الملک بن مروان مین حکم تھا کہ پرہیز کیا جاوے محبت علی سے اور اکثر محبان علی
مبتلا بعذاب شدید ہوتے تھے اُسی زمانہ مین امام زہری تابعی قاضی تھے اُمور دینیات مین احکام شرع کا اجرا
انھین کی ذات سے متعلق تھا اور امام زین العابدین انھین کے زمانہ مین تھے عبد الوہاب شعرانی
جلد اول لواقح الانوار مین لکھتے ہین کہ امام زہری کہتے تھے کہ دنیا مین چار عالم ہین ایک ابن المسیب مدینہ مین
دوسرے حسن بصرہ مین تیسرے مکحول شام مین چوتھے شعبی کوفے مین زہری تابعی نہ کہہ سکے کہ امام زین العابدین
اور امام محمد باقر بھی عالم ہین زہری ان دونوں اماموں کو عالم نہ جانتے تھے اور انھین زہری نے کہ اول صدی
ہجری اور زمانہ حکومت بنی مروان تھا احادیث جمع کیے اور یہی پہلی کتاب ہی علم حدیث مین اسکے قبل علم حدیث
مین کوئی کتاب نہ تھی پس زہری عہد عبد الملک مین کہ عہدہ قضا پر تھے فضائل و مناقب علی کیونکر جمع کرتے
اور لکھتے اور اصحاب تابعین مین کون ایسا تھا جو حدیث فضائل اہلبیت کا اظہار کرتا سوا اہانت و ذلت
اہلبیت کے اور کون ایسا تھا کہ جو مروج مذہب اہلبیت ہوتا اور دین و کیش اُنکا رواج پاتا نام امام زین العابدین
اور امام محمد باقر تو زمرہ علما مین بھی شامل نہ کیے گئے اُنکے مذہب کو کون پوچھتا امام ابو حنیفہ سنہ ۸۰ھ زمانہ خلافت
عبد الملک مین پیدا ہوئے اور امام شعبی و امام حماد زمانہ خلافت بنی مروان مین مجتہد تھے انھین دونو صاحبوں سے
امام ابی حنیفہ نے تحصیل علم کیا سنہ ۱۲۰ھ مین امام حماد کی وفات ہوئی اور ابتدا ء زمانہ اجتہاد امام ابو حنیفہ ہوا انکے
زمانہ مین بھی امام جعفر صادق موجود تھے مگر انھین ابو حنیفہ نے فقہ کو مرتب کیا اور ظاہر بھی ہی کہ فقہ و حدیث اقوال
اہلبیت و علی و اولاد علی سے خالی ہی اور اگر کوئی حدیث یا کوئی مسئلہ ائمہ اہلبیت سے منقول بھی ہی تو یا اُسکو
قول ضعیف کرکے اوڑا دیا یا اُسکو اجتہاد و راے مقابل نص کہکر ساقط کر دیا جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور آل مروان کا
دشمن خاندان آل رسول ہونا بالاتفاق ثابت ہی انھین کے زمانہ خلافت مین حدیثین جمع کی گئین فقہ مرتب ہوئی
اور مذہب حنفی بھی شروع ہوا اور راویان حدیث بھی اکثر قبیلہ مروان کے لوگ ہین جو کربلا مین قاتلان امام حسین کے شریک
تھے اور جو شریک بھی نہ تھے تو اکثر دشمنان آل رسول تو تھی دوستداران ال مروان تھے اور یہ امر بھی مثل آفتاب
کے روشن ہی کہ اگر خوشنودی خلفاء جور و فساد کی نہ کی جاتی تو احادیث کا جمع کرنا اور ترتیب فقہ کا موقع ہاتھ نہ لگتا
اور خلفاء وقت اگر بوے محبت اہلبیت پاتے تو نہ امام بنائے جاتے نہ عہدہ قضا پر معین کیے جاتے نہ اجتہاد کرنے کا

موقع ہاتھ لگتا بلکہ مثل امام نسائی قتل کیے جاتے پس فقہ و حدیث مذہب اہلبیتؑ اور دین و کیش اہل بیتؑ سے بالضرور مخالف اور خلفاء وقت کے مذہب کے موافق قرار پائے حاصل یہ ہی کہ جب آئمہ اہلبیتؑ کا شمار علماء میں بھی نہ کیا گیا بلکہ خاطی عاصی لعین بلکہ شقی مخالف نص عمل کرنے والے مقتول السیف جد امجد قرار پائے از علی ابن ابیطالبؑ تا امام جعفر صادقؑ کہ زمانہ امامت ابوحنیفہ رہا امام جاننا تو کیسا کوئی عالم بھی نہ جانا گیا تو جناب ابوطالب کا اسلام در بیان کہاں رہتا ہی اگر مذہب حنیفہ کے مقلد ہوتے تو مومن کہلاتے اب جناب ابوطالب کو کافر کہنا اُنکے کفر کی حدیثیں بنانا خلفائے بنی امیہ اور مروانیہ و خوش کرنا عین ایمان قرار پایا اگر ان حالات کی تفصیل کی جائے تو ایک مطول تیار ہو اور اصل مطلب فوت ہو جائے لہذا ہم بروش اہل سنت و جماعت بہ نسبت صحابہ کبار کے کف لسان اور اغماض کرکے گفتہ را نگفتہ و شنیدہ را ناشنیدہ کیے دیتے ہین مگر تابعین اُن اصحاب کے جو اُنکے اقوال و افعال کی پیروی اور اتباع کرتے ہین کہ جو اہل سیر و تواریخ نے نقل کیے ہین جسکی نسبت شیخ عبدالحق صاحب نے تکملہ مین فرمایا ہی کہ قدر مشترک از ان بسر حد تواتر رسیدہ و بسر حد شہرت و تواتر معنوی رسیدہ اور پھر تحریر فرمایا کہ باطن را وحشتے و خاطر را کدورتے دست دہد پس تابعین و تبع تابعین سے جو ایسے ایسے حرکات قولاً اور فعلاً ظہور مین آئے دن کی نسبت تو کف لسان اور کلمہ عدول اور اغماض و شنیدہ را ناشنیدہ اور گفتہ را ناگفتہ صادق نہ آئے گا اور تابعین اور تبع تابعین سے جو جو تقصیرین حفظ مراتب اہل بیت نبوی مین واقع ہوئین یقین ہی کہ اُنسے تو اغماض نکیا جانے مگر ہم روش سنت و جماعت کا حکم تابعین اور تبع تابعین پر بھی لگانے دیتے ہین اور بفرض محال کلمہ عدل بھی کیے دیتے ہین اور کف لسان بھی کرتے ہین مگر قاعدہ سنت و جماعت جو اخذ احادیث مین منقول ہی کہ فرقہ خوارج اور قدریہ اور شیعی اور مرجیہ و فضلی در اصحاب بدع واہوا سے بھی آئمہ حدیث نے احادیث اخذ کیے ہین شیخ عبدالحق صاحب فرماتے ہین کہ مختار آنست کہ اگر داعی باشد بسوی بدعت خود و در مقام ترویج و تزیین آن بود قبول نکنند و اگر چنین نبود قبول کنند پس یہ ہی قاعدہ یہان بھی جاری رکھنا چاہیے کہ جو مشاجرات و محاربات مابین صحابہ واقع ہوئے اور آپس مین ایک دوسرے کی توہین و تذلیل مین احادیث و آیات بیان ہوئے مسموع نہون اور اسیطرح تابعین اور تبع تابعین اور علماء دین بجہت خوشامد خلفائے جور و فساد بطمع جائزہ اپنے سنی و فائدہ اپنے ہنی توہین و تذلیل اہل بیت نبوی مین مصروف رہے اُنکے اقوال و احادیث جو مقام ترویج اور تزیین و تحزو مباہات مین اُن خلفائے بنی امیہ و بنی مروان کے وارد و صادر ہون قبول کیے نہ جائین اگرچہ وہ سب متصف بصدق لہجہ اور صیانت لسان اور تقوے اور ورع اور احتیاط کیون نہ ہون اس لیے کہ اگر پابندی اس قاعدہ کی نہ کیجائیگی تو کبھی یہ اقوال و احادیث منقولہ اصحاب معاویہ کو جو بصف بغتہ باغیہ تھے اور دیگر معاندین مصاحبان خلفائے امویہ اور مروانیہ کہ اکثر اُنمین اصحاب کبار رسولؐ مختار بھی بالاتفاق تھے اہل بیتؑ اور آل رسولؐ پر سب و شتم کے مجاز ہو جائینگے اور کبھی باتباع اہلبیتؑ اور اقوال و احادیث منقولہ آل رسولؑ اور اصحاب و معاندین عترت اُن سب پر لعن و طعن کرنیکے مستحق ہو جائینگے اور یہ امر بالضرور محال ہی پس اب ہم جواب لاجواب فصل ثانی کا جو

احمد رضا خان نے تحریر فرمایا ہی لکھتے ہین وبہ نستعین قولہ فصل دوم اقول فصل دوم مین جو حدیث چہارم جو سیدنا
عباس عم رسول اللہ سے صحیحین اور مسند امام احمد مین سے مذکور ہوئے ارشاد الساری وقسطلانی شرح صحیح بخاری جز ششم
باب قصہ ابیطالب مین باین اسناد مذکور ہی حدثنا مسدد هو ابن مسرهد قال حدثنا یحیی بن سعید القطان
عن سفیان الثوری انه قال حدثنا عبد الملك بن عمیر حدثنا عبد الله ابن الحارث بن نوفل
ابن الحارث بن عبد المطلب قال حدثنا العباس بن عبد المطلب قال للنبی صلعم ما اغنیت
عن عمك فوالله كان یحوطك ویغضب لك قال هو فی ضحضاح من نار ولولا انا لكان فی
الدرك الاسفل من النار یعنے مسدد نے یحیی سے اور انھون نے سفیان ثوری سے اور انھون نے
عبد الملک ابن عمیر سے اور انھون نے عبد اللہ ابن حارث سے اور انھون نے حضرت عباس سے اس حدیث
کو لیا ہی سفیان ثوری امام علم حدیث ہین ورع اور زہد مین مشہور اور آئمہ مجتہدین مین معدود ولادت انکی ۹۶ سنہ
خلافت سلیمان ابن عبد الملک مین ہوئی اور وفات انکی ۱۶۱ سنہ خلافت مہدی مین ان سفیان ثوری نے عبد الملک ابن
عمیر سے اس حدیث کو سنا ولادت عبد الملک ابن عمیر ۳۳ سنہ مین ہوئی جب سفیان ثوری سولہ برس کے ہوئے تو عبد الملک ۷۹ برس کے ہوئے
کہ ۱۱۳ سنہ خلافت ہشام کی تھی اور یہ سن ابتداء بلوغ اور مراہق کہلاتا ہی انتہا اسکی اکیس سال ہی اور بائیسوین برس سے سن فتی اور سن رشد
شروع ہوتا ہی تو سفیان ثوری کے بائیس برس کے سن مین عبد الملک ابن عمیر کا سن چھیاسی برس کا ہوا کہ ۱۱۹ سنہ ہجری تھی علامہ ابن
حجر تقریب تہذیب مین اسطرح تحریر فرماتے ہین ثقة فقيه تغير حفظه وربما دلس پس سفیان ثوری کا عبد الملک ابن عمیر سے اخذ
روایات کرنا انکے ۸۶ و ۷۰ برس کے سن مین کہ جس سن مین تغير حفظه وربما دلس کے مصداق ہو چکے تھے نہایت حیرت خیز
ہی اور پھر وہ روایت صحیحین مین امام بخاری اور امام مسلم کا نقل فرمانا اور بھی حیرت فزا ہی اور ایسی روایت پر
اعتماد کرنا اور اسکو صحیح جاننا سب سے زیادہ عجیب ہی کہ ایسے وقت کی حدیث مین کسی احتمال سے صحیح ہونیکی گنجایش ہی
باقی نہین رہتی اس حدیث کو صحیح کہہ سکتے ہی نہین اس لیے کہ وجوہ طعن مین شیخ عبد الحق صاحب فرماتے ہین وجہ ہشتم
سوئے حفظ است اور اسکی تفصیل مین فرماتے ہین کہ سوئے حفظ اگر لازم حال وے در جمیع اوقات عمر ویست گرد حدیث او
معتبر نبود وایں قسم را شاذ گویند برراے بعض محدثین واگر طاری وعارض شد بجہت عارضی مثل اختلال حافظہ
بکبر سن یا ذہاب بصر یا فوات کتب این قسم را مختلط نامند پس عبد الملک ابن عمیر کے سبب سے تو تغیر حفظه وربما دلس
بھی ہی تو یہ حدیث مختلط بھی قرار پائے اور مدلس بھی اب آپ فرماوینگے کہ صحیحین مین تو موجود ہی تو ہم پہلے عرض
کر چکے ہین کہ تسمیہ صحیحین کا بطریق تغلیب ہی ثانیا ہم پہلے بقول علامہ ذہبی تنقیص اہل بیت ذہبیہ بیان کر آئے ہین کہ امام بخاری
کی عادت ہی کہ وہ ذکر علی کو ساقط کر دیتے ہین اور وہ برگشتہ ہین اس سبیل سے پس جب وہ ذکر مناقب علی ساقط
کرنیکے عادی ہین اور منحرف اور برگشتہ ہین اس سبیل سے تو بالضرور علی اور انکی اولاد اور انکے آبا و اجداد کی
تنقیص اور تذلیل کے بھی عادی اور حریص ہونگے اور دلیل اسپر آپ حدیث مختلط اور مدلس کا اپنی صحیح مین
وارد کرنا ہی لیجیے صحیحین کی حدیث ہی اور کسی طرح صحیح نہین قرار پا سکتی ثالثا ان شکایات احوال عبد الملک ابن عمیر

اسطرح لکھتے ہین کان قاضیا علی الکوفۃ بعد الشعبی کہ قاضی کوفہ ہوئے بعد شعبی کے تخمیناً سن عبد الملک بن عمیر کا پچاس برس کا یا کچھ کم تھا کہ خلافت عبد الملک بن مروان کی ۶۵ھ سے ۸۶ھ تک ہی پھر ابن خلکان لکھتے ہین روی عن جابر ابن عبد اللہ ومن اخبارہ انہ قال کنت مع عبد الملک بن مروان بقصر الکوفۃ حین جیئ براس مصعب ابن زبیر فوضع بین یدیہ فرانی قد ارتعدت فقال لی مالک فقلت اعیذک یا امیر المومنین کنت بہذا القصر بہذا الموضع مع عبید اللہ ابن زیاد فرایت راس الحسین ابن علی بین یدیہ فی ھذا المکان ثم رایت فیہ مع المختار بن ابی عبید الثقفی فرایت راس عبید اللہ ابن زیاد فیہ بین یدیہ ثم رایت فیہ مع مصعب بن زبیر فرایت راس المختار فیہ بین یدیہ ثم ھذا راس مصعب بن زبیر بین یدیک قال فقام عبد الملک من موضعہ وامر بہدم ذالک الطاق الذی کنا فیہ وکان وفاتہ سنۃ ست وثلثین وماتۃ وھو ابن ماتۃ وثلث سنین روایت ہی جابر ابن عبد اللہ سے کہا عبد الملک بن عمیر نے کہ مین قصر کوفہ مین عبد الملک بن مروان کے پاس بیٹھا تھا اسوقت سر مصعب بن زبیر کا لایا گیا اور آگے رکھا گیا اُسنے مجھے دیکھا در حالیکہ مین کانپنے لگا اُسنے مجھسے پوچھا کہ یہ کیا حال ہی تیرا مین نے کہا کہ پناہ مانگتا ہون مین تیرے واسطے خدا سے ای امیر المومنین کہ اسی مقام پر اسی قصر مین عبید اللہ ابن زیاد کے پاس بیٹھا تھا مین کہ دیکھا مین نے سر حسینؑ ابن علی کو اسی مقام پر بعدہ اسی قصر مین مختار بن عبیدہ ثقفی کے ساتھ بیٹھا تھا اسمین دیکھا مین نے سر عبید اللہ ابن زیاد کا اسی جگہ پر پھر مین اسی قصر مین مصعب بن زبیر کے پاس بیٹھا تھا کہ سر مختار کو اسی مقام پر دیکھا مین نے اب یہ سر مصعب بن زبیر تیرے سامنے آیا ہی عبد الملک بن عمیر کہتے ہین کہ اٹھ کھڑا ہوا عبد الملک بن مروان اور حکم کیا کہ اس طاق کو منہدم کردو کہ ہم جسمین تھے اس بیان سے ابن عمیر کے صاف ظاہر ہی کہ عبید اللہ ابن زیاد کی مصاحبت مین سر امام حسینؑ کا تماشا کیا اور مصاحبت ترک نہ کی پھر رفاقت مختار مین سر عبید اللہ ابن زیاد کا مشاہدہ کیا اور ترک رفاقت اُنکی بھی نہ کی پھر مصعب بن زبیر کی معیت مین سر مختار کا نظارہ کیا اور معیت سے کنارہ نہ کیا پھر عبد الملک بن مروان کی صحابیت مین سر مصعب ابن زبیر کی زیارت کی ورا رتعاد وارتعاش تمام بدن مین پیدا ہوا اور خدا سے پناہ مانگنے لگے امیر المومنین عبد الملک ابن مروان کے لیے سبحان اللہ کیا محبت تھی عبد الملک بن مروان کی کہ تمام بدن مین رعشہ پڑگیا اور حق تعالے سے دعا نکلنے لگے اور بدبختی مکان سے آگاہ کرکے انہدام قصر کرادیا مگر جب سر سید الشہدا دیکھا نہ بدن مین رعشہ ہوا نہ زبان کی حرکت ہوئی نہ خدا سے پناہ مانگی بلکہ بطیب خاطر مصروف تماشا رہے ان ابن ابی عمیر نے فقط سر سید الشہداء دیکھنے کا اقرار کیا لیکن فقط سر ہی نہین دیکھا بلکہ تمام اہل بیت عصمت وطہارت کو سر برہنہ دربار عام مین مثل بندیان ترک و دیلم رسیمان بستہ کھڑا ہوا ذلت وحقارت سے اپنے سامنے کھڑا ہوا دیکھا اور غالب ہی کہ تہنیت ومبارک باد دیا کئے ہونگے عبید اللہ ابن زیاد کو غرض ابو عبد الملک ابن مروان مذکور بھی

ہو چکا ہی کہ خاندان رسولؐ کا دشمن تھا جس نے حکم دیا تھا کہ انکا بوجہ محبت علیؑ سے اور ابن تیمیہ کے ہاتھ پاؤن کاٹکر درخت مین لٹکا دیا تھا کہ محبت اہلبیت کی یہ سزا ہی اور علی ابن عبد اللہ ابن عباسؓ کی کنیت ابوالحسن تھی عبد الملک بن مروان نے کہا کہ نام اور کنیت کو اپنی بدل ڈالو کہ مجکو اس نام سے اور کنیت سے عداوت ہی مین نہین چاہتا کہ اس نام اور کنیت سے کوئی شخص موسوم اور مکنی ہو چنانچہ ابن خلکان نے بھی اسی حوال کو اس عبارت سے لکھا ہی قال الحافظ ابو نعیم فی کتاب حلیۃ الاولیاء انہ قدم علی عبد الملک ابن مروان فقال لہ غیر اسمک وکنیتک فلا صبر لی علی اسمک وکنیتک فقال اما الاسم فلا واما الکنیۃ فاکنی بابی محمد فغیر کنیتہ وانتہی کلام ابی نعیم پھر ابن خلکان لکھتے ہین قلت انا وانما قال لہ عبد الملک ہذہ المقالۃ لبغضہ فی علی بن ابی طالب کرہ ان یسمع اسمہ وکنیتہ یعنے ابن خلکان کا قول ہی کہ عبد الملک ابن مروان نے بے شک بغض علی ابن ابیطالب سے یہ خواہش کی کہ سنا اسم وکنیت علیؑ کا اسکو کریہہ معلوم ہوتا تھا حاصل یہ کہ زمانہ خلفائے مروانیہ مین محبان اہلبیت پر جو جو سختیان گذرین ہین بیان سے باہر ہی تاریخ ابو الفدا مین مرقوم ہی کہ ۱۲۱؁ اور قبل ۱۲۲؁ مین زمانہ ہشام ابن عبد الملک کا تھا زید ابن علی بن حسین ابن علی ابن ابیطالب کو یوسف ابن عمر ثقفی نے شہید کیا زید کے ہمراہیون نے ان کی نعش کو مخفی دفن کر دیا یوسف ابن عمر نے سراغ لگا کر انکی قبر کو کھدوا کر سر زید شہید کاٹ کر ہشام کے پاس بھیجدیا اُس نے دمشق مین اُس سر کو لٹکوا دیا اور جثہ زید کو صلیب پر چڑھا دیا حتے کہ تین برس یا چار برس وہ سر لٹکا رہا اور بدن مصلوب ۱۲۵؁ھ مین ہشام مرا اُسوقت ولید خلیفہ ہوا اسنے بدن مصلوب زید کو بلوایا حاصل یہ ہی کہ ابن عمیر کی وفات ۱۳۶؁ مین ہوئی اگر محبت آل رسولؐ بھی ہوتی تو اسکو ظاہر نفرماتے مگر انکی سوانح عمری سے جو اوپر مذکور ہوئی معلوم ہوتا ہی کہ محبت مروان تھی اگر اُنکے حفظ مین تغیر بھی نہ ہوا ہوتا اور تدلیس بھی نیز غالب نہ ہوتی اور علی بن ابی طالب یا اُنکے باپ ابو طالب کو کافر کہتے اور حدیث وضع فرماتے تو انکو شایان تھا مگر ہم تو نیز بھی بروش سنت جماعت کف لسان کر کے کہتے ہین کہ یہ حدیث اُنھون نے اپنے امام عبد الملک ابن مروان کی خوشامد مین بطمع فائدہ ہاے سنی و رجایزہاے سمی بیان فرمائی یہ حدیث کسی طرح قابل اعتماد نہین ہو سکتی کہ اخذ حدیث مین شرط ہی کہ خوارج اور روافض و رشیعہ اور اہل بدع داعی اگر ہون اور خود کے مذہب کی ترویج مین جو حدیث بیان کرین وہ قابل قبول نہین ہی کہ شیخ عبد الحق صاحب فرماتے ہین کہ اگر داعی باشد بہ بدعت خود و در مقام ترویج و تزئین آن بودہ قبول نکنند پس ویسا ہی یہان بھی تصور کرنا لازم و واجب ہی کہ اگر داعی باشد بطمع فایدہ ہاے ہنی و جایزہ ہاے سنی خود و در مقام خوشامد خلیفہ وقت باشد قبول نکنند پس یہ حدیث اگرچہ صحیحین و در مسند مین اور مسند امام احمد مین بھی مذکور ہو مگر قابل اعتماد اور قبول نہین ہو سکتی قولہ حدیث پنجم صحیحین اور مسند مین ابو سعید خدری سے ہی ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ذکر عندہ عمہ ابو طالب فقال لعلہ تنفعہ شفاعتی یوم القیامۃ فیجعل فی ضحضاح فی

ابوالفدا جلد ۱ صفحہ ۲۱۲

فی النار یبلغ کعبیہ یغلی منہ دماغہ یعنے حضور اقدس سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے سامنے
ابوطالب کا ذکر آیا فرمایا مین اُمید کرتا ہون کہ روز قیامت میری شفاعت اُسے یہ نفع دیگی کہ جہنم مین پاؤن
تک کی آگ مین کردیا جائیگا جو اُسکے ٹخنون تک ہوگی جسسے اُسکا دماغ جوش مار یگا یونس ابن بکیر نے حدیث
محمد ابن اسحٰق سے یون روایت کی ہی یغلی منہ دماغہ حتی یسیل علی قدمیہ اُسکا بھیجا ابل کر پاؤن پر
گریگا عمدۃ القاری و ارشاد الساری شرح صحیح بخاری و مواہب لدنیہ وغیرہ مین امام سہیلی سے منقول ہی
الحکمۃ فیہ ان اباطالب کان تابعا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم بجملتہ الا انہ
استمر ثابت القدم علی دین قومہ فسلط العذاب علی قدمیہ خاصۃ لتثبیتہ ایاھما
علی دین قومہ یعنے ابوطالب کے پاؤن تک آگ رہنے مین حکمت یہ ہی کہ اللہ عز وجل جزا ہمشکل عمل دیتا ہی
ابوطالب کا سارا بدن حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حمایت مین صرف رہا ملت کفر پر ثابت قدمی
نے پاؤن پر عذاب مسلط کیا اسیطرح تیسیر شرح جامع الصغیر وغیرہ مین ہی **اقول** یہ حدیث بحمد اللہ صحیحین اور مسند
مین موجود ہی چنانچہ قسطلانی و ارشاد الساری شرح صحیح بخاری مین فرماتے ہین حدثنا عبد اللہ ابن یوسف
التنیسی قال حدثنا بالجمع ولابی ذر حدثنی اللیث ابن سعد قال حدثنا بالجمع ولابی ذر
حدثنی ابن الہاد ہو یزید بن عبد اللہ ابن اسامہ ابن الہاد اللیثی عن عبد اللہ ابن
خباب الانصاری التابعی عن ابی سعید سعد بن مالک بن سنان الخدری انہ سمع
النبی ذکر عندہ عمہ ابوطالب فقال لعلہ تنفعہ شفاعتی یوم القیامۃ فیجعل فی ضحضاح
من النار یغلی منہ دماغہ دوسری سند حدثنا ابراھیم ابن حمزۃ الزبیری الاسدی
المدنی قال حدثنا ابن ابی حازم عن سلمۃ ابن دینار والدہ والدراوردی عبد العزیز ابن
محمد عن یزید ابن الہاد بہذا الحدیث المذکور وقال تغلی منہ ام دماغہ وفی روایۃ
یونس عن ابن اسحٰق فقال یغلی منہا دماغہ حتی یسیل علی قدمیہ اس حدیث مین علامہ ابن
حجر عسقلانی نے احوال دراوردی اسطرح تحریر فرماتے ہین عبد العزیز ابن محمد بن عبید الدراوردی
ابو محمد الجہنی مولاھم المدنی صدوق کان یحدث من کتب غیرہ فیخطی قال النسائی
حدیثہ من عبید اللہ العمری منکر من الثامنۃ مات سنۃ ست او سبع وثمانین یہ
عبد العزیز صدوق ہین کتب غیر سے حدیث بیان کرتے ہین پس خطا کرتے ہین نسائی کہتے ہین کہ حدیث انکی
عبید اللہ عمری سے منکر ہی طبقہ ثامنہ سے ہین ۱۸۶ھ یا ۱۸۷ھ مین مرگئے جو زمانہ خلافت ولید ابن عبد الملک ابن
عبد الملک بن مروان کا تھا ابن ابی حازم سلمہ ابن دینار ۱۴۳ھ مین مرگئے یا کچھ قبل اسکے امام بخاری نے
عبد العزیز ابن محمد کو کہ خاطی تھے ابن ابی حازم سے مقرون کرکے حدیث انکی اپنی صحیح بخاری مین درج فرمائی
خلافت عبد الملک بن مروان مین اُنھون نے وفات فرمائی یہ وہ زمانہ دشمنان اہلبیت کا تھا کہ محب اہلبیت

قسطلانی جز ۲ صفحہ ۱۲۰ سطر ۱۲

قسطلانی جز ۹ صفحہ ۴۳۳ سطر ۱۴

تقریب التہذیب مطبوعہ دہلی صفحہ ۲۲۴ سطر ۱۷

جن جن کے قتل کیے جاتے تھے اور بعض روایات سے تو ثابت ہوتا ہی کہ فرمایا تھا پیغمبر خدا نے کہ فرعون میری
اُمت کا ولید نامے ایک شخص ہوگا پس یہی ولید ابن عبد الملک بن مروان فرعون امت تھے اور
اُنھین خلفائے بنی مروان کے وقت مین ذلت و حقارت اہل بیت و محبان اہلبیت کا کوئی دقیقہ فرو گذاشت
نہین کیا گیا جسکو ہم مکرر ذکر کر چکے ہین پھر یہ حدیث منقولہ ابو داؤد اگرچہ متفرد نا بغیرہ یعنی عبد العزیز
ابن ابی حازم سے بھی بیان فرمائی گئی صحیح و قابل احتجاج نہین ہو سکتی کہ اُن خلفائے جور و فساد
معاندین و خاذلین اہل بیت کے وقت مین مذکور ہوئی ہو کہ جو نام علیؑ و اہل بیت سنتے تھے ہزار
تھے اور بغیر عداوت اہلبیت اور اظہار بغض علی کوئی شخص مناصب جلیلہ اور فوائد و مراتب جمیلہ کا
مستحق ہوتا تھا یہ حال تو راویان حدیث کا ہی اب ختم اسناد ابو سعید خدری پر ہی جنکا اسم مبارک سعد ابن
مالک بن سنان ہی یہ بزرگوار بھی معتزلین بیعت مرتضوی سے جیسا ابو الفدا نے لکھا ہی اس مضمون کو
بھی ہم بصراحت بیان کر آئے ہین مگر زیادتی بصیرت کے واسطے مکرر عبارت ابو الفدا کو نقل کیے دیتے ہین
وہ عبارت یہ ہی بایعتہ الانصار الا نفرا قلیلا منہم حسان ابن ثابت و کعب
ابن مالک و مسلمہ ابن مخلد و ابو سعید الخدری و نعمان ابن بشیر و محمد ابن مسلمہ
و فضالہ ابن عبید و کعب بن عجرہ و زید ابن ثابت و کان ہولاء عثمانیہ و ولاہم عثمانؓ
علی صدقات و غیرہا و کذلک لم یبایع علیا سعد ابن زید و عبد اللہ ابن سلام و
صہیب ابن سنان و اسامہ ابن زید و قدامہ ابن مظعون و المغیرہ ابن شعبہ و سموا
ہولاء المعتزلہ لاعتزالہم بیعتہ علی بعد شہادت عثمان و بیعت مہاجرین و انصار یا جید لکرار
قاتل کفار تھوڑے صاحبون نے اعتزال کیا بیعت علیؑ سے بقول ابو الفدا وہ لوگ معتزلی ہوئے پس یہ ابو سعید
خدری معتزلین مین سے تھے اعتزال کے معنے اہل لغت نے بہ یکسو شدن کے لکھے ہین اور قاموس مین
بھی عزلہ یعزلہ فاعتزلہ و انعزل و تعزل نحاہ جانبا فتنحی پس مطابق معنے لغوی جو لوگ بیعت
علی کو چھوڑ کر ایک جانب ہو گئے اور بیعت علیؑ کو غبار فتنہ قرار دیا اور ناکثین و قاسطین مین جا ملے اور باوجود
اجماع حل و عقد اُنکے اجماع سے مخالفت کی وہ لوگ معتزلہ ہوے اور رئیس و رئیس معتزلین ابو موسے
اشعری تھے کہ بمقابلہ امام حسنؑ کوفہ مین حدیث بیان فرمائی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہی کہ بعد میرے فتنہ برپا ہوگا
اُسمین قاعد بہتر ہی قایم سے اور قایم بہتر ہی ماشی سے اور ماشی بہتر ہی راکب سے اور یہ امر متواترات سے
ہے کہ حضرت علیؑ و تابعین علیؑ باوجود ماشی و راکب ہونیکے متصدی جدال و قتال بھی ہوئے باین معنی
خود علیؑ اور تابعین اُنکے یعنے اصحاب حل و عقد جو شریک حضرت علیؑ ہوئے تھے بدترین فرق و ضالین فرق
مین شمار کیے گئے یہ بھی سبب عدم بیعت کا معین ہوا یعنی بالضرور تارکین بیعت علی اور شامل ناکثین و قاسطین
مخالفت و معاند مذہب علی ہوے اور اسی وجہ سے وہ لوگ معتزلہ مشہور ہوئے اور یہ اصطلاح حسن بصری

اور واصل اُنکے شاگرد سے مشہور ہی کہ حسن بصری نے واصل کو کہا اعتزل عنا واصل فسمی هو واصحابه
معتزلہ یہ اعتزال ثانوی ہی ورنہ فی الحقیقت تارکین بیعت علی معتزلہ اولی ہین اور جسطرح اعتزال ثانوی کی
معتزلہ مخالف مذہب حسن بصری قرار پائے اُسیطرح معتزلہ اعتزال اولی کے بھی مخالف مذہب علی ہوئے پس
تارکین بیعت علی کے روایات جو توہین و تنقیص و تذلیل علی [illegible] کسی طرح قابل قبول نہین ہو سکتین خصوصاً
جب وہ راوی معتزلین اور مثل ناکثین اور قاسطین اور [illegible] و طاغیان مین محسوب ہون پس
یہ ابوسعید خدری [illegible] اُن اصحاب سے ہین کہ ترک بیعت کر کے شام چلے گئے اور اہل شام کا اعتقاد بہ نسبت
علی بن ابی طالب [illegible] مشہور [illegible] کتب سیر و تواریخ و حدیث [illegible] رسالہ مین شمہ اُسکا مذکور
ہو چکا ہی جسنے [illegible] نسائی تک مقتول ہوگئے پس اگر وہ [illegible] اسلام [illegible] اور اہلبیت کو کافر کہین
اور [illegible] ابوطالب کو کافر کہین اور اُن کے کفر کی حدیثین [illegible] فرمائین تو نہ وہ قابل لوم ہین نہ
وہ حدیثین قابل احتجاج اب رہا صحیحین و رمسند مین ہونا وہ بھی ہم بیان کر چکے ہین کہ ایک راوی اس کے
دراوردی جو خاطی و رحدیث اُنکی منکر ہی اور ختم سند [illegible] امام بخاری کی عادت ہی
کہ وہ ذکر علی کو قطع کر دیتے ہین اور اس سبیل سے برگشتہ ہین پھر اگر اس حدیث کو بخاری نے صحیح مین داخل
فرمایا تو بھی قابل احتجاج نہین ہو سکتی اس مقام پر ہم معتزلین اولین کا ایک اعتقاد اور بھی عرض کر دین علامہ
شہرستانی تحریر فرماتے ہین فی الفریقین من اصحاب الجمل واصحاب صفین ان احدهما مخطئ
لا بعینه وکذلک قوله فی عثمان وقاتلیه وخاذلیه قال احد الفریقین فاسق لا محالة
کما ان احد المتلاعنین فاسق لا بعینه وقد عرفت قوله فی الفاسق واقل درجات
الفریقین انه لا یقبل شهادتهما کما لا یقبل شهادة المتلاعنین یعنی اصحاب جمل کے دونو
فریقون مین سے اور اصحاب صفین کے دونو فریقون مین سے ایک اُن دونو نکا مخطی ہی لا بعینہ یعنے ہم
کسیکو معین نہین کر سکتے اسیطرح قول اُسکا ہی بہ نسبت عثمان کے اور قاتلین و رخاذلین عثمان کے کہ ایک
اُن دونون کا لا محالہ فاسق ہی جیسا کہ احد المتلاعنین فاسق ہین اور اقل مدارج فریقین یہ ہی کہ اُن کی
شہادت مقبول نہو پھر بعد دو تین سطرون کے لکھتے ہین لو شهد رجلان من احد الفریقین مثل
علی و رجل من عسکرہ او طلحة و زبیر لم یقبل شهادتهما یعنے دونون فرقون کے دو شخص مثل
علی یا کوئی شخص لشکر علی کا یا طلحہ و زبیر کی ہم گواہی مقبول نہین اور تارکین بیعت علی کا یہ ہی عقیدہ تھا بہ نسبت
علی کے اور یہ ہی سبب ہوا ترک بیعت یا نکث بیعت کا اور وہ لوگ ملحق ہوئے عسکر طلحہ اور زبیر سے یا شام
جا کر اصحاب معاویہ ہوئے پس اُن کی شہادت بہ نسبت علی اور اہلبیت کے اور علی کے باپ ابوطالب کے
کیونکر مقبول ہو سکتی ہی پس حدیث منقولہ ابوسعید خدری بہ نسبت جناب ابوطالب کے اگرچہ تمام صحاح ستہ
مین کیون نہو مقبول نہین ہو سکتی عمدة القاری و ارشاد الساری و رمواهب سے جو عبارت آپنے

[illegible] سطر ۲۵

نقل فرمائے وہ آپکے مطلوب کی منافی اور ہماری موید بلکہ مثبت ایمان جناب ابوطالب ہے امام سہلی کا قول
قولہ الحکمۃ فیہ ان اباطالب کان تابعا لرسول اللہ بجملتہ یعنے ابوطالب بہ تحقیق کہ تھے پیرو رسول اللہ
کے بتمامہ پہلے تو آپ بیان کرآئے ہین کہ ابوطالب حامی وناصر ومعین ویاور وکفیل تھے رسول اللہ کے اب امام
سہلی نے اس حدیث کی شرح مین صاف صاف فرمادیا کہ ابوطالب تابع رسول اللہ تھے بجملتہ اور اصطلاح محدثین
مین تابع اور تابعین مسلم اور مسلمین کو کہتے ہین اور اہل لغت خصوصا قاموس مین ہی تبعہ کفرح تبعا
بالتحریک وتباعۃ مشی خلفۃ اور تبعہ ای لحقہ اور تابع معنی عاشق کے بھی ہین تو امام سہلی
کی عبارت کے معنے یہ ہوئی کہ تھے ابوطالب پیرو تمامہ یعنے تمامہ قدم باقدم رسول اللہ کے چلتے تھے اور لحق
رسول اللہ تھے اور عاشق رسول اللہ تھے پس جناب ابوطالب کا پیرو ہونا رسول اللہ کا یعنے قدم باقدم
رسول اللہ کے چلنا اور لحوق ہونا آنحضرت سے اور عاشق ہونا انکا اور مسلم ہونا انکا ثابت ہوتا ہے اب رہی حکمت
حکیم مطلق کہ جسکی سبب سے پاؤن پر عذاب مسلط ہوا جسکا سبب امام سہلی نے ثابت القدم علی دین
قومہ فسلط العذاب علی قدمیہ فرمایا اولاً تو اس عبارت کا ترجمہ آپنے فرمایا کہ ملت کفر پر ثابت قدمی
نے پاؤن پر عذاب مسلط کیا دین قوم سے ملت کفر مراد لینا یہ آپ کی کمال عداوت ہے اسواسطے کہ ابتدای نزول
وحی سے تا بوقت ظہور دعوت عام کہ تین سال ہوگئے تھے اور آنحضرت نے دو مرتبہ طعام قلیل طیار کرایا
اور تمام بنی عبدالمطلب کو جمع کیا اور ابلاغ رسالت فرمائی اسوقت جناب ابوطالب نے فرمایا کہ اے محمد مجکو
کوئی امر تیری اعانت سے زیادہ محبوب نہین ہے اگر یہ سب قبول کرین تو مین سب پر سبقت کرتا ہون ورنہ مین
دین عبدالمطلب پر ہون اور وہ حدیث جو آپ بحث آیہ انک لا تہدی من احببت اور آیہ ما کان للنبی مین بیان
کرآئے ہین کہ جناب ابوطالب کا آخر ما کلمہم بہ علی ملۃ عبدالمطلب تھا اور قسطلانی نے اسکو یعنی علی
ملۃ الاشیاخ فرمایا اور قسطلانی مین تحت حدیث ہذا امام سہلی سے علی دین قومہ کے مقام پر علی دین
عبدالمطلب موجود ہے پس جب تک آپ کفر جناب عبدالمطلب اور تمام اشیاخ ابوطالب کا کہ وہ سب
اشیاخ رسول اللہ ہین ثابت نفرمائے گا وہانتک علی دین قومہ سے ملۃ کفر مراد لینا آپکا کفر ثابت کریگا
جسکو ہم مکرر بیان کرچکے ہین اگر آپ دین قوم سے مراد گروہ موجودہ لین کہ جو اسوقت موجود تھے تو جواب
اسکا ظاہر ہے کہ کبھی جناب ابوطالب نے اس گروہ سے کہا کہ مین تمہارے دین پر ہون نہ کسی دوسرے سے
اقرار کیا بلکہ جب فرمایا تو یہی کہ مین دین عبدالمطلب پر ہون پس یہ استمرار ثابت قدمی کا علی دین قومہ جب
ہو تو وہ دین عبدالمطلب کہ دین ابراہیم تھا قرار پائے گا اور نیز حق تعالی نے
واتبع ملۃ ابراهیم فرمادیا اس بات پر جناب ختمی مآب بھی تھے پس ملت ابراہیمی کو ملت کفر خطاب کرنا
مخاطب کے کفر کی دلیل واضح ہے ثانیا حدیث چہارم اور پنجم کے ترجمہ مین آپ بیان کرآئے ہین کہ آنحضرت
نے فرمایا کہ مین نے اسے سراپا آگ مین ڈوبا ہوا پایا تو اسے کھینچ کر پاؤن تک کی آگ مین کردیا اور امام ابن

حجر کے بیان سے آپ ثابت کر چکے کہ شفاعت لینے پاؤن تک [illegible] مین کر دینا آنحضرت کی خصوصیت سے
ہوا اسی حدیث پنجم مین یہ عبارت بھی موجود ہی لعلہ تنفعہ شفاعتی یوم القیامۃ فیجعل فی ضحضاح پھر آپنے امام
سہیلی سے نقل فرمایا کہ اللہ عزوجل جزا ہمشکل عمل دیتا ہی ابوطالب بن قوم پر ثابت قدم رہے اس سبب سے
پاؤن پر عذاب مسلط ہوا دیکھی حدیث صحیحین [illegible] اور حکم [illegible] اللہ مین تعارض اور تناقض موجود ہی کہ جب حق تعالی
نے ابوطالب کو جزا ہمشکل عمل دی تو پھر شفاعت آنحضرت کہان رہے اور قول آنحضرت لعلہ تنفعہ
شفاعتی نے کیا نفع بخشا اگر امام سہیلی کا قول من باب النظر فی حکمۃ اللہ صحیح ہی تو صحیحین کی دونون
حدیثین غیر صحیح اور اگر دونو حدیثین یعنے چہارم اور پنجم صحیح ہین تو قول امام سہیلی کا غیر معتبر ثالثا استمر ثابت
القدم علی دین قومہ مین ثابت القدم استعارہ ہی اسواسطے کہ کفر و ایمان فعل قلب کا نام ہی جسکو ہم
بحث ایمان و کفر مین ثابت کر آئے ہین پس قلب کو ایک شخص تصور کیا جائے اور آسکے جوارح فرض کیے
جائین اور کہا جائے استمر ثابت القدم تو عبارت کے معنے درست ہون اور استعارہ حدیث نبوی مین
بھی واقع ہوا ہی کہ آنحضرت نے فرمایا الفتنۃ نائمۃ لعن اللہ من ایقظہا فتنہ کو ایک شخص تصور
کر کے متصف بہ نوم و تیقظ کیا اب فرمائیے کہ یہ کون سی حکمت ہی کہ فرضی قدمون کے عوض مین حقیقی قدمون پر
عذاب مسلط ہو اور فرضی قدمون کے ثبات پر اصلی قدم جو ابتدا سے انتہا تک حفاظت و حراست مین ثابت
رہے ہون اور ایک دم خدمت آنحضرت سے جدا نہ ہوئے ہون رات کو مثل پروانہ گرد آنحضرت پھرتے ہون
تمام شب قائم رہتے ہون کہ کوئی کافر گزند پہنچانے پائے آنحضرت کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر
چھپاتے پھرتے ہون اور تمام کفار عرب [illegible] پر رہتے دم تک قائم رہین انپر تو عذاب مسلط ہو اور
فرضی پاؤن مین سے استراحت کرین سبحان اللہ کیا خوب حکیمانہ تحقیق ہی آپکی کیون نہ ہو حکمت حق تعالے
کو بھی آپنے بقواعد حکیمانہ ثابت کر دیا بیشک اس تقریر سے ثابت ہو گیا کہ حق تعالے جزا ہمشکل عمل دیتا ہی
اسی سبب سے جناب ابوطالب کے قدمون پر عذاب کو مسلط کیا واہ واہ کیا عالمانہ تحقیق ہی مگر اس تقریر سے
آپکی اور امام سہیلی کی عبارت سے صحیحین کی حدیثون کو خلعت فاخرہ موضوعیت بھی مل گئی بالجملہ الغرض محال
الا انہ استمر فیہ ثابت القدم الخ کو تسلیم بھی کر لین اور یہ بھی قبول کر لین کہ حق تعالے جزا ہمشکل عمل دیتا ہی
تو پھر جناب ابوطالب تمام عمر رسول اللہ کے کفیل رہے اور جناب ثابت قدمی کے ہمشکل عمل دی گئی تو یعنی
[illegible] دماغ [illegible] علی [illegible] خلاف حکمت قرار پاتا ہی کہ [illegible] کفیل مین دماغ مستثنا نہین کیا گیا
پھر بیگناہ دماغ کیا [illegible] رسول اللہ تھا [illegible] کیون غلیان دیا کہ بیگناہ تھا اور بلکہ قدمونپر گر کر داخل
ضحضاح ہوا [illegible] اور یہ کلام [illegible] کہ بیان حشیانہ خامسا امام سہیلی
کے کلام کو آپ [illegible] امام [illegible] بظاہر رد کرنا ان حدیثون کا منظور
ہوا [illegible] نے حکیمانہ طور سے رد بھی فرمائی

اور موضوعیت بھی ثابت کردی گئی ہے اور بعض علماء اور سمجھے فرماتے ہین کہ ان اباطالب کان تابعا
لرسول اللہ صلعم اور یہ نہ کہا کہ ان اباطالب کان ناصرا وحامیا لرسول اللہ صلعم چونکہ امام
سہیلی کو اثبات اسلام وایمان ابوطالب کرنا منظور تھا اس واسطے اس حدیث کی شرح مین تابعا فرماتے کہ اصطلاح
حدیث مین تابع مسلم اور مسلمین واحد وجمع دونون کے واسطے مصطلح ہی اور اہل لغت نے تابع کے معنے عاشق قدم
باقدم چلنے والے اور پیرو کے لکھے ہین الا انہ استمر ثابتا القدام علی دین قومہ استثنا کرکے فرمایا کہ
وہ ہمیشہ ثابت قدم رہے دین پر اپنی قوم کے سبحان اللہ پہلے تو قدم باقدم رسول اللہ کے چلنے والے کہا اور
اب ثابت قدم دین پر اپنی قوم کے فرمایا غرض دین وایمان فعل قلب کا نام ہی جب ہم بحث ایمان وکفر مین
ثابت کرائے ہین پس اب اس قلب کو ابوطالب فرض کیا جائے اور کہا جائے کہ دونون قدم فرضی ابوطالب
کے اپنی قوم کے دین پر ثابت رہے تو معنے درست ہون اس مقام پر امام سہیلی نے استمر علی ملۃ الکفر
رقم نہ فرمایا کہ استمرار ملت کفر پر ثابت ہوجاتا اور حدیث صحیحین کی صحت کی دلیل ہوتی ور آپنے اپنی عادت جبلی
یہان بھی ترک نہین فرمائی قسطلانی شرح صحیح بخاری مین تحت مقولہ امام سہیلی علی دین عبدالمطلب لکھا ہی اور
آپ اُس مقام پر علی دین قومہ رقم فرماتے ہین اور معنے اُسکے ملت کفر لیتے ہین اور ان سب تحریفون کے بعد
کفر جناب ابوطالب ثابت فرماتے ہین یہ آپ نہین سمجھتے کہ امام سہیلی کی شرح ان صحیحین کی حدیثون کو موضوع بنائے
دیتی ہی غرض امام سہیلی بعد اُسکے فرماتے ہین فسلط العذاب علی قدمیہ لتثبیتہما علی دین
قومہ یعنے دین قوم پر ثابت قدمی کے سبب سے قدمون پر حق تعالے نے عذاب مسلط کیا کہ خدا جزا مشکل عمل
دیتا ہی مراد امام سہیلی کی یہ ہی کہ ابوطالب کا عمل مومنین مرتکبین کبائر کا سا ہی ورنہ تمام تر عذاب کے مستحق ہوتے کہ
کفار کو تو شفاعت شافعین کی نفع نہین دیتی کہ حق تعالے وتنفعہم شفاعۃ الشافعین فرماچکا ہی
پس شرح کرنا امام موصوف کا معارض ومضاد ہی حدیث صحیحین کی شرح تو جب ہوتی کہ یہ حکمت نہ بیان فرماتے
اور فسلط العذاب علی قدمیہ کے مقام پر فسلط علیہ غمرات النار لکن من برکۃ رسول اللہ صلعم
خرج منہا یعنے ملت کفر پر ہمیشہ رہنے کے سبب سے سراپا آگ مین داخل کیے گئے لکن برکت رسول اللہ
سے اور اُنکی شفاعت سے غمرات نار سے نکال لیے گئے اور ضحضاح مین کردیے گئے ہین اگر اسطرح سے
رقم فرماتے تو شرح حدیث کی کہلاتی اور صحیحین وغیرہ کی حدیثین صحیح قرار پاتین مگر امام موصوف نے ان حدیثون کی
ردکی ہی اور اُنکی موضوعیت ثابت کی ہی آپ نہ سمجھین تو امام سہیلی کا کیا قصور رفتہ بروتفہم تو کہ حدیث شعبی
بزار اور ابویعلی ور ابن عدی وتمام جابر ابن عبداللہ انصاری سے راوی ہین قیل للنبی صلی اللہ تعالے
علیہ وسلم ہل نفعت اباطالب قال اخرجتہ من غمرات جہنم الی ضحضاح منہا یعنے حضور
اقدس سے عرض کی گئی کہ حضور نے ابوطالب کو کچھ نفع دیا فرمایا مین نے دوزخ کے غرق سے اُنکو پایاب
آگ مین کھینچ لیا امام عینی عمدۃ مین فرماتے ہین فان قلت اعمال الکفرۃ ہباء منثورا لا فائدۃ فیہا فلنا

هذا النفع من برکة رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وخصائصہ اسکا بھی وہی مطلب ہی کہ ابو طالب کو یہ نفع ملنا صرف حضور اقدس کی برکت سے ہوا ورنہ کافرون کے اعمال تو [illegible] ہوئے **اقول** حدیث ششم اور پنجم اور چہارم مین کوئی فرق زیادہ نہین ہی اور [illegible] اللہ تعالے بفضل حق تعالے [illegible] ہوگئین [illegible] دیکھ چکین [illegible] بلکہ انھین حدیثون سے مسلط [illegible] ہوگئین تو اب اس حدیث ہفتم [illegible] مین سے ہین کما قال الامام البخاری بن عدی جماعۃ من الضعفاء [illegible] علی ان فی حدیثہ بعض ما فیہ [illegible] ابن حجر کما ابن عدی [illegible] ونس له بیسر ولا یتبیف [illegible] ابن حجر نے رقم فرمایا [illegible] جو فرمایا قلت هذا النفع من برکة رسول اللہ [illegible] اولا تو قول امام سہیلی جو اوپر مذکور ہوا وہ معارض [illegible] کلام امام عینی ہی اور [illegible] کافی ہی نہ امام سہیلی کا کلام قابل استدلال ہی نہ امام عینی کا بیان منفعت بخشتا ہی ثانیا اسنی المطالب مین جسکا ترجمہ محبوب الرغائب ہی قول برزنجی اسطرح مذکور ہی فان قلت اثبت العلماء نوعا من الشفاعة للکفار وجعلوا ذلك خصوصية لنبينا ومثلوا ذلك بشفاعة لابی طالب وهی التخفیف من عذابه یعنے اگر تو کہے کہ علمانے ایک قسم کی شفاعت کفار کے واسطے بھی ثابت کی ہی اور اسکو ہمارے نبی کا خاصہ قرار دیا ہی اور اسکی تمثیل مین شفاعت کرنا آنحضرت کا ابیطالب کے لیے اور تخفیف عذاب ہونا بیان کرتے ہین اسکا جواب چند سطرون کے بعد یون دیتے ہین کہ فلیس مستثنی من قوله تعالی فما تنفعهم شفاعة الشافعین ولا مخصصا لعموم الایة فهی باقیة علی عمومها ولیس عندهم مثال اخر مثلوا به بشفاعة لاحد من الکفار غیر ابیطالب فان کان لهم دلیل آخر فلیذکر حتی ننظر فیه یعنے قول خدا مین استثنا نہین ہی اور کوئی تخصیص بھی نہین ہی اور آیہ اپنے عموم پر موجود ہی اور ان علما کے پاس کوئی دلیل بھی نہین ہی کہ بہ نسبت کسی کافر کی شفاعت نبی کی مثال دین پس اگر انکے پاس کوئی دوسری مثال یا دلیل ہو تو بیان کرین کہ ہم اسمین نظر کرین فتدبر بلکہ احادیث متعددہ صحیحین اور دیگر صحاح مین موجود ہین کہ فرمایا پیغمبر خدا نے شفاعتی لاهل الکبائر لمن لم یشرك باللہ شیئا یعنے میری شفاعت اہل کبائر کے لیے ہی کہ جس نے خدا کے ساتھ کسیکو شریک نہ کیا ہو اور یہ لام لمن کا اختصاص کے واسطے آیا ہی مثل لام الحمد کے یعنے میری شفاعت مخصوص ہی اہل کبائر کے ساتھ امام احمد وطبرانی وابن ابی شیبہ نے ابی موسی اشعری سے روایت کی ہی قال قال رسول اللہ انی اختبأت شفاعتی وجعلتها لمن مات من امتی لا یشرك باللہ شیئا یعنے پیغمبر خدا نے فرمایا کہ مین نے اپنی شفاعت اس شخص کے ساتھ

مخصوص کی ہی کہ جسنے میری اُمت مین سے اللہ کے ساتھ شرک نہ کیا ہو وفی روایۃ لابی یعلی وابی نعیم عن ابی ذر وھی نائلۃ منھم ان شاء اللہ تعالیٰ من لم یشرک باللہ شیئا یعنے میری شفاعت اُنکو پھونچیگی کہ جنھون نے شرک نہ کیا ہو اللہ کے ساتھ روایت کیا اُسکو احمد نے اپنی مسند مین اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن حبان نے اور حاکم نے انس بن مالک سے مستدرک مین اور روایت کیا اسکو طبرانی نے کبیر مین ابن عباس سے اور خطیب نے ابن عمر سے اور کعب بن عجرہ سے اور اوسط مین بسند حسن ابو سعید خدری سے قال قال رسول اللہ انی خبأت شفاعتی لامتی وھی بالغۃ ان شاء اللہ تعالیٰ من مات لا یشرک باللہ شیئا یعنے مین نے اپنی شفاعت کو اپنی اُمت کے لیے موخر رکھا ہی کہ وہ انشاء اللہ اُس شخص کو پھونچیگی کہ جو بوقت موت مشرک باللہ نہو مناوی نے تیسیر مین جو شرح ہی جامع صغیر کی فرمایا شفاعتی مین اضافت یعنے الف لام عہد کے ہی شفاعتی وہ شفاعت جسکا حق تعالےٰ نے مجھسے وعدہ کیا ہی پس ان احادیث سے صاف صاف ثابت ہی کہ شفاعت ہمارے پیغمبر کی مخصوص اہل کبائر سے ہی اور بقول برزنجی لمن جو احادیث بعض مین آیا ہی تو اُسکا لام مثل لام الحمد کے ہی اور تفسیر جامع البیان سورۂ نسا مین تحت قولہ تعالیٰ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک لکھتے ہین لا یغفر لمن یلقیہ مشرکا ویغفر ما دون الشرک صغیرا وکبیرا لمن یرید تفضلا یعنے [illegible] جو ملاقات کرے اپنے خالق سے درحالیکہ مشرک ہو اور ماسوائے شرک اپنے فضل و کرم سے [illegible] چاہیگا خواہ وہ گناہ کبیرہ ہون یا صغیرہ حاصل یہ ہی کہ جب اہل شرک کی مغفرت ہی نہوگی تو پھر وہ [illegible] کیونکر داخل ہوسکتے ہین کہ صرف عذاب مقابل ذنب ہی جب تک اُس ذنب کی مغفرت نہ ہوگی عذاب [illegible] اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ شرک لائق مغفرت ہی نہین ہی اور بہ نص کلام مجید شفاعت شافعین [illegible] اب کہنا کہ یہ شفاعت مخصوص ہی اور خصوصیات سے ہمارے پیغمبر کے ہی دعوائے بے دلیل ہی [illegible] بالفرض یہ برکت رسول اللہ شفاعت آنحضرت نے اگر نفع دیا اور وہ خصوصیات و برکت آنحضرت سے قرار پایا تو وہ عذاب جو مقابلہ ذنب تھا مرتفع ہوا پس وہ ذنب اُس مبارک لہ کا ذنب ہی نہ رہا بلکہ قابل مغفرت قرار پایا اور اُسی برکت رسول اللہ نے درک اسفل سے کہ جو مقام کفار و مشرکین کا تھا نکال کر داخل ضحضاح کیا اور ضحضاح گنہگاران اُمت محمدی کا مقام ہی تو ابو طالب شامل اُمت محمدی ہوئے اور روز قیامت آنحضرت بالضرور اپنی اُمت کے گنہگارون کو اُسمین سے نکال کر داخل جنت کرینگے تو ابو طالب کو بدرجۂ اولیٰ داخل جنت کرینگے یہ جواب ہمارا اُسوقت مین ہی کہ ہم امام عینی کے اجتہاد بمقابلہ نص کو قبول کرین اور تسلیم کرلین ورنہ فی الحقیقت تو قولہ تعالیٰ لا تنفعھم شفاعۃ الشافعین فائدہ عموم کا دے رہا ہی وکذلک لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک پھر کس طرح ممکن ہی کہ امام عینی کا قول معتبر سمجھا جاوے اور نیز سورہ زخرف مین حق تعالےٰ فرماتا ہی ان المجرمین فی نار جھنم خالدون تفسیر جامع البیان مین

مجرمین یعنے کفار کے ہی اور معالم التنزیل مین مجرمین سے مشرکین ہی یعنے کفار و مشرکین ہمیشہ جہنم مین رہینگے
لا یفتر عنہم وہم فیہ مبلسون فاتر لغت مین ضعیف و ناتوان کو کہتے ہین مفسرین نے لا یفتر کی تفسیر
لا یخفف و لا ینقص کے ساتھ کی ہی یعنے نہ خفیف ہونگے اور نہ کم ہونگے عذاب اُنسے اور وہ لوگ اُس مین
خاموش اور مایوس ہونگے نا امید ہوکر وما ظلمناہم ولکن کانوا انفسہم یظلمون حق تعالے فرماتا ہی
کہ اُن لوگون پر ہمنے ظلم نہین کیا لیکن وہ ہی لوگ اپنے نفسون پر ظلم کرنیوالے ہین پھر حق تعالے سورۂ نور مین
فرماتا ہی والذین کفروا اعمالہم کسراب بقیعۃ یحسبہ الظمان ماء حتی اذا جاءہ لم یجدہ
شیئا یعنے جو لوگ کفر کرتے ہین اعمال اُنکے مثل سراب کے ہین صحرا ہموار مین کہ گمان کرتا ہی اسکو پیاسا کہ وہ پانی
ہی یہانتک کہ جب پہنچتا ہی اُس تک تو نہین پاتا اُسکو کوئی شی اور سورۂ فرقان مین حق تعالے فرماتا ہی وقدمنا
الی ما عملوا من عمل فجعلناہ ہباء منثورا ان سب آیات مین جو حکم محکم حق تعالے نے فرمایا ہی اُس مین
نہ کہین استثنا کیا ہی نہ کسی جگہ کوئی خصوصیت ہی اور تکرار حکم فائدہ تاکید کا دیتی ہی کہ کفار و مشرکین کے عذاب مین
تخفیف اور کمی نہ ہوگی بلکہ نا امید کرتا ہی کفار و مشرکین کو اور سورۂ زمر مین حق سبحانہ تعالے فرماتا ہی ولقد
اوحی الیک والی الذین من قبلک لئن اشرکت لیحبطن عملک فلتکونن من الخاسرین یعنے
ہر آئینہ محقق کہ وحی کی گئی تیری طرف اور اُن لوگون کی طرف جو تجھسے قبل گذرے ہین یعنے انبیا و رسل
کے اگر تو شرک کریگا یہ خطاب مفرد اس مقام پر باعتبار ہر واحد کے ہی تو البتہ گر جائینگے عمل تمہارے اور ہوجاؤگے
خاسرین سے کیجیے اس آیت مین تو خاص کر خطاب ہمارے پیغمبر اور پیغمبران سلف سے ہی کہ ای حبیب ہمارے تمکو
بھی وحی کی جاتی ہی اور تمھارے قبل جو انبیا گذرے اُنپر بھی وحی نازل کی کہ اگر شرکت کروگے تو عمل تمھارے
گر جائینگے اور تم خسران آخرت کے مستحق ہوجاؤگے مفسرین نے تفسیر اسکی اسطرح کی ہی کہ خطاب فرمایا حق تعالے
نے انبیا علیہم السلام سے تادیبا یعنے یہ خطاب ادب سکھاتا ہی انبیا کو یا برانگیختہ کرتا ہی اُنکو یا نا امید کرتا ہی کافرون کو
یا ہدایت اور ڈراتا ہی اُمت کو یا خطاب ہی انبیا سے اور مراد اُمت اُنکی ہی بہرحال آیات مذکورہ مین کفار و
مشرکین کی عدم نجات اور مخلد ہونا فی النار اور عدم تخفیف عذاب اور عدم مغفرت اور عدم منفعت شفاعت
شافعین کی ہی اور اُن مین نہ کسیکا استثنا ہی نہ کسی کی تخصیص ہی اور اس آیہ مین خطاب ہی ہمارے پیغمبر سے
اور خبر ہی پیغمبران سلف کی کہ اُنسے بھی یہی خطاب ہوا پس کیا کوئی مسلم کہسکتا ہی کہ معاذ اللہ کسی پیغمبر سے
اگر شرک صادر ہوتا تو حق تعالے اُسے خاسرین مین شمار نکرتا کہ نصوص قطعیہ ہین اگرچہ ایسے اُمور بہ نسبت انبیا
علیہم السلام کے منجملہ محالات کے ہین حق سبحانہ تعالے نے اپنے انبیا و مرسلین کو برانگیختہ کیا ہی اور سمجھایا ہی
کہ شرک وہ گناہ عظیم ہی کہ اگر تمام عمر ہدایت خلق کرو اور منصب نبوت کو بجا لاؤ مگر شرک سب اعمال گرا دیتا ہی
بمقابلہ شرک کوئی عمل کام نہ آئیگا تا کہ انبیا بسبب انتہائے ترحم اور بہ وفور علم اور ہیبت کی شفاعت مشرکین
نکرین کہ شرک وہ گناہ عظیم ہی کہ بفرض صدور شرک انبیا بھی خاسرین مین محسوب ہوجاوینگے پس کیونکر غیر انبیا

ان نصوص قطعیہ سے منتفی ہو سکتے ہین اور جو اقوال مخالف ہین ان نصوص کے کیونکر مقبول ہو سکتے ہین اور
یہ کہنا کہ ھذہ الدنعۃ من برکتہ رسول اللہ و خصایصہ دعوائے بے دلیل و مخالفت تنزیل اور
اجتہاد مقابلہ نصوص رب جلیل ہی رابعًا جو حدیثین آپنے صحیحین اور غیر صحیحین سے نقل فرمائین کہ فرمایا رسولخدا
نے ھو فی ضحضاح من نار ولولا انا لکان فی الدرک الاسفل من النار اور فرمایا وجدتہ فی
غمرات من النار فاخرجتہ الی ضحضاح اور فرمایا اخرجتہ من غمرات جہنم الی ضحضاح منہا
ان سب حدیثون مین نہ ذکر شفاعت ہی نہ ذکر تبا مست اور بالاتفاق زبان زد خلائق ہی کہ جناب رسالتمآب
صلعم شفیع روز جزا ہین اور دار دنیا مین بشیر و نذیر ہین پس اگر ان سب حدیثون کو تسلیم بھی کر لین اور بفرض
محال صحیح بھی مان لین تو بھی ہمارے واسطے وہ سب مبطلین ہین اور آپ کو کوئی نفع نہین دیتین کہ فرمانا
پیغمبر خدا کا ھو فی ضحضاح کہ وہ ضحضاح مین ہین اور ضحضاح مقام ہی عصاۃ مومنین کا تو جناب ابوطالب عصاۃ
مومنین مین شامل ہوئے ولولا انا لکان الخ یعنے اگر مین نہ ہوتا تو درک اسفل نار مین ہوتے جو مقام کفار
و مشرکین کا ہی حاصل معنے یہ ہین کہ ابوطالب مومن ہین اگر مین نہ ہوتا یعنے اگر مین ہدایت نہ کرتا تو کافر و مشرک
ہوتے اور مستحق درک اسفل نار کے ہوتے اور فرمایا وجدتہ فی غمرات من النار فاخرجتہ الی ضحضاح
یعنے پایا تھا مین نے ابوطالب کو مستحق غمرات نار کا بسبب انکے کفر کے پس نکال لیا مین نے انکو طرف ضحضاح
کے یعنے مین نے ہدایت کی ایمان کی اور وہ ایمان لائے اس سبب سے وہ اب عصاۃ مومنین مین شامل
ہین اور حدیث ششم جو آپنے رقم فرمائے اُسمین بھی اخرجتہ من غمرات جہنم الی ضحضاح منہا ہی
پس ھو فی ضحضاح و اخرجتہ اور وجدتہ جو ان احادیث مین مذکور ہوئے دلالت کرتے ہین معنی
خبر اور نیز زمانہ ماضی پر پس ھو فی الضحضاح یعنے وہ ضحضاح مین ہی یہ خبر ہی اگر یہ حدیث صحیح سمجھی جاوے
تو خبر ہی مخبر صادق کی کہ محتمل صدق و کذب نہین ہو سکتی حالانکہ دوسری حدیث سے ضحضاح مین آنا بعنوان شک
وارد ہوا ہی اور وہ بھی زمان آیندہ مین چنانچہ حدیث پنجم مین جو صحیحین اور مسند سے منقول فرمائی ہی وارد ہی
کہ فرمایا رسول خدا نے لعلہ تنفعہ شفاعتی یوم القیامۃ فیجعل فی ضحضاح یعنے مین امید کرتا ہون
کہ یوم القیامۃ میری شفاعت انکو نفع دیگی پس وہ ضحضاح مین کر دی جاویگی اب فرمایئے کہ احادیث مذکورہ
بالا صحیح ہین یا یہ حدیث صحیحین اگر دونو مضمون ان حدیثون کے صحیح ہین تو وہ کونسا غمرات ہی جہان سے آنحضرت
نے ابوطالب کو نکالا اور وہ کونسا ضحضاح ہی جہان داخل کیا اور اس خروج و دخول کی کیا علت ہی اور
یوم القیامۃ بشفاعت نفع رسانی کی جو امید فرمائی ہی کہ وہ ضحضاح مین کر دئے جاوینگے وہ کونسا ضحضاح ہی
اور اگر وہ ضحضاح مین ہین اور غمرات سے نکل چکے تو امید تحصیل حاصل کی قرار پاتی ہی اور ایسی نسبت دینا
مصداق ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی کو ناسب کے کفر کی دلیل ہی اور فی الحقیقت
حدیث پنجم ان حدیثون کی مخالف اور مضاد ہی کہ حدیث پنجم مین خبر ہی کہ یوم القیامۃ شفاعت ختمی مرتبت صلعم

نفع دیگی اور وہ ضحضاح مین کردیے جاینگے اور اُن حدیثون مین وقوع نسبت کا نفس الامر مین اور فی الواقع
مفہوم ہوتا ہی کہ نسبت خروج کی غمرات سے اور دخول فی الضحضاح کے فی الواقع اور نفس الامر مین واقع ہو چکی ہی
حالانکہ نقیض اسکی صادق ہی اور فی الحقیقت نسبت لا وقوع کا اذعان حاصل ہی کہ نہ وہ غمرات سے نکالے گئے
نہ ضحضاح مین داخل کیے گئے نہ غمرات مین داخل کیے گئے تھے پس حدیث پنجم کہ بسبب داخل ہونے لفظ
لعلہ کہ مجمل تصورات ہی اور یہ حدیثین کہ بمنزلہ اخبار اور انتساب کے ہین اور متعلق ہوتا ہی اُسسے شک
اور آپس مین تضاد رکھتے ہین اس جب سے درجہ عمل سے ساقط اور قابل اعتبار نہین پھر کیونکر ان احادیث
سے آپنے ضحضاح مین ہونا جناب ابوطالب کا اور نکلنا اُنکا غمرات سے اور ان حدیثون کو تحت احادیث
شفاعت اور خاصہ پیغمبر صلعم کا قرار دینا ثابت فرمایا کبھی تو آپ بحدیث صحیحین ثابت فرماتے ہین کہ بشفاعت آنحضرت
صلعم داخل ضحضاح کردیے جاینگے اور کبھی دلیل لاتے ہین دیگر احادیث سے کہ غمرات سے ابوطالب کو پیغمبر
صلعم نے نکال لیا اور ضحضاح مین داخل کردیا اور وہ ضحضاح مین ہین پس وہ کونسا ضحضاح ہی جسمین بروز
قیامت بشفاعت آنحضرت داخل کیے جاوینگے اور وہ کونسا غمرت ہی جہان سے نکالا اور کونسا ضحضاح ہی
جہان داخل کیا اور کس ضحضاح مین ہین یہ حدیثین خود آپس مین مخالف اور متضاد ہین ایک کا ثبوت دوسرے
کی رد کے لیے کافی ہی اور نقیض انکی صحیح اور صادق اور امام سہیلی کا مقولہ جو من باب النظر فی حکمۃ اللہ مذکور
ہوا کہ ہر عذاب بمقابلہ ذنب ہوتا ہی اور ابوطالب بشفاعت و برکت آنحضرت درک اسفل نار سے نکالے گئے
یا نکالے جاینگے تو وہ عذاب جو بمقابلہ ذنب تھا مرتفع ہوگیا یا ہو جاینگا پھر دخول ضحضاح کی کیا علت قرار پائی
کہ ضحضاح تو مقابل ذنب بعض مومنین مرتکبین کبایر کے ہی نہ بمقابلہ ذنوب کفار و مشرکین حاصل یہ ہی کہ جو مصداق
ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعہم وعلی ابصارہم کے ہون وہ ان احادیث کو کیا سمجھین بفرض صحت
احادیث مذکورہ معنی لطیف اور مفہوم اُنکا یہ ہی کہ فرمایا جناب پیغمبر برحق صلعم نے وجدتہ یعنے پایا تھا مین نے
ابوطالب کو مستحق غمرات نار کا فاخرجتہ پس نکال لیا مین نے اُنکو غمرات سے بسبب اپنی ہدایت کے یعنے
مین نے اُنکو ہدایت کی اور وہ ایمان لائے اب کوئی حالت منتظرہ ابوطالب کے لیے باقی نہین رہی وہ
کفر سے نکل چکے لولا انا لکان فی الدرک الاسفل من النار یعنے اگر مین نہوتا تو ابوطالب درک اسفل
نار مین ہوتے اور ماسوا ضحضاح جو ان احادیث مین ہی اول تو کوئی علت ضحضاح مین داخل کرنیکی نہین
پائی جاتی اور ضحضاح مقام ہی عصاۃ مومنین اور مرتکبین کبایر کا کہ جو طبقہ فوقانیہ ہی جہنم کا اور لغت مین
ضحضاح اُس زمین نرم کو کہتے ہین کہ جسمین پانی اور مٹی ملا ہوا ہو یعنے کیچڑ ہو کہ وہ ٹخنون تک پہنچے پس اسمقام
سے کوئی طبقہ فوقانیہ مفہوم نہین ہوتا اسلیے کہ بعض روایات مین وارد ہوا ہی البس نعلین من النار
فصارت لا تعطی ظہور رجلیہ اور بعض دیگر مین ہی ما مست الا تحت قدمیہ یعنے دو نعلین
آتش پہنائی گئین کہ پشت پا کھلی رہی اور بعض مین ہی کہ نہ مس کیا آگ نے مگر ابوطالب کے تلوون کو پس

پس اس طبقہ سے بڑھکر کونسا طبقہ فوقانیہ ہی اور یہی طبقہ فوقانیہ عصاۃ مومنین کا مقام ہی جب اس طبقہ مین داخل ہونا جناب ابوطالب کا فرض کیا گیا اور عصاۃ مومنین کی شفاعت آنحضرتؐ سے مخصوص ہی کہ وہ ضرور داخل جنت کیے جاوینگے تو جناب ابوطالب بالضرور داخل جنت کیے جاوینگے اور نیز برزنجی اسنی المطالب مطبوعہ حیدرآباد مین لکھتے ہین قد صح ایضا ہذہ الطبقۃ بعد ما یخرج منہا عصاۃ ہذہ الامۃ تنطفی نارہا وتصفق بالریح ابوابہا وینبت فیہا الجرجیر یعنے بہ تحقیق یہ حدیث بھی صحت کو پہنچی ہی کہ بعد نکالے جانے عصاۃ امت کے یہ طبقہ بجھ جائیگا اور ہوا اسکے دروازونکو حرکت دیتی رہیگی اور نبات جرجیر اسمین اُگ آئیگی پس جب یہ طبقہ طبقہ ہی نہ رہیگا اور آگ بالکل بجھ جائیگی تو جناب ابوطالب اسمین کیونکر رہ سکتے ہین بالضرور جناب ابوطالب داخل جنت کیے جاوینگے خاصکر حدیث پنجم مین قول آنحضرت لعلہ تنفعہ شفاعتی ہی اور حق سبحانہ تعالے فرماتا ہی لا تنفعہم شفاعۃ الشافعین یعنے پیغمبر خدا تو فرمائین کہ مین امید کرتا ہون کہ میری شفاعت انکو نفع دیگی اور خدا کہتا ہی کہ کفار اور مشرکین کو شفاعت شافعین کی نفع نہ دیگی پس اسی طرح جناب ابوطالب کفار و مشرکین مین شامل نہین ہوسکتے کہ امید جناب حبیب خدا بلا تاخیر واجب الحصول ہی اور جناب ابوطالب مستحق شفاعت آنحضرت ہین اور شفاعت آنحضرت مخصوص ہی عصاۃ مومنین سے پس جناب ابوطالب شامل ہین عصاۃ مومنین مین اور اسی حدیث پنجم مین ہی فیجعل فی ضحضاح یہ قول آنحضرت بھی دلالت کرتا ہی کہ ابوطالب داخل جنت ہونگے کہ پیغمبر خدا نے فیخلد فی ضحضاح نہین فرمایا جس سے خلود فی الضحضاح لازم آئے پس بالیقین جناب ابوطالب بشفاعت آنحضرت داخل جنت ہونگے **قولہ** حدیث ہفتم طبرانی حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالے سے راوی ہین ان الحارث ابن ہشام اتی النبی یوم حجۃ الوداع فقال یا رسول اللہ انک تحث علی صلۃ الرحم والاحسان الی الجار وایواء الیتیم واطعام الضیف واطعام المساکین وکل ذلک کان یفعلہ ہشام بن المغیرۃ فما ظنک بہ یا رسول اللہ فقال رسول اللہ کل قبر لا یشہد صاحبہ ان لا الہ الا اللہ فہو جذوۃ من النار وقد وجدت عمی ابا طالب فی طمطام من النار فاخرجہ اللہ لمکانہ منی واحسانہ الی فجعلہ فی ضحضاح من النار یعنے حارث ابن ہشام نے روز حجۃ الوداع حضور اقدس سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ حضور ان باتون کی ترغیب فرماتے ہین رشتہ دارونسے نیک سلوک ہمسایہ سے اچھا برتاؤ یتیم کو جگہہ دینا مہمان کو مہمانی دینا محتاجون کو کھانا کھلانا اور میرا باپ ہشام یہ سب کام کرتا تھا تو حضور کا اسکی نسبت کیا گمان ہی فرمایا جو قبر ہی جسکا مردہ لا الہ الا اللہ نمانتا ہو وہ دوزخ کا انگارہ ہی اور بتحقیق کہ پایا مین نے اپنے چچا ابوطالب کو سرسے اونچی آگ مین پس میری قرابت اور خدمت کی باعث سے اللہ تعالے نے انھین وہان سے نکالکر پاؤن تک کی آگ مین کر دیا **اقول** اولا تو یہ حدیث حارث ابن ہشام ابن مغیرہ ابن عبد اللہ ابن عمر بن مخزوم ابو عبد الرحمن المکی سے ہی آپنے

بعداوت جناب ابوطالبؑ طہرانی اور ام سلمہؓ پر اختتام و اقتصار فرمایا مگر حدیث نے خود گواہی دی کہ ناقل خائن ہی ختم اسناد حارث ابن ہشام ابن مغیرہ پر ہی اور یہی حدیث خود پکار پکار کر تصدیق کر رہی ہی کہ حارث وہ ردی اللہ ہیں جنھون نے اپنے باپ مشرک کی مدح کی و پیغمبر خدا سے مضاضلۃً سے خطاب کیا اُسکا جواب رحمۃ للعالمین نے یہ بھی نہین دیا کہ تیرا باپ فی النار و استغر ہوا بلکہ عام لفظون سے کام لیا کہ جس صاحب قبر نے شہادت لا الہ الا اللہ نہ دی ہو وہ دوزخ کا انگارہ ہی کہ یہ حارث کہین مرتد ہو جاے اور کوئی فتنہ برپا نہ کرے اور یہ فرماتا جناب ختمی مآبؐ کا وقت وحی منتہی یہ جواب ہی سوال حارث کا کہ حارث نے جب دیکھا کہ پیغمبر نے تو میرے باپ کو جہنم کا انگارہ بنا دیا میں بھی انکے باپ کو زبان سے دوزخ کا انگارہ بنوا دون یہ سوچکر دوبارہ سوال کیا این ابوک یہ مقام بھی لائق انصاف ہی کہ رحمۃ للعالمین نے تو حارث کا یہ حفظ مراتب کیا کہ اُسکے باپ کو باوجود کافر ہونیکے فی النار و استغر کہنے سے اجتناب کیا اور عام لفظون سے اُسکے استحقاق کو ظاہر فرمایا اور کل کفار کی نسبت حکم عام دیا کہ کل کافر آگ کا انگارہ ہین اگر حارث واقف تھے کہ جناب ابوطالب بھی کافر تھے تو اس سوال کی کیا حاجت تھی علی ہذا القیاس جناب رسالت مآبؐ کو بعد ایک کلیہ بیان فرمانے کے کہ ایک فرد کلی کا ذکر کرنا خلاف قیاس ہی رحمۃ للعالمین حارث کا تو یہ خیال کرین کہ اُسکے باپ کو مخصوص آگ کا انگارہ نہ کہین و بشمول کل کفار کے اُسکے استحقاق کو ظاہر فرمائین اور اپنے محسن و مربی و حامی اور ناصر اور چچا کو بغیر اُنکے ذکر کیے ایسی کریہ لفظون سے ذکر فرمائین محال و غیر ممکن ہی بالضرور حارث رضی اللہ نے اپنے دل کی آگ کو مشتعل کیا اور اور زبان کہ ترجمان دل ہی جو اُنکے دل مین متمکن تھا اُسکا سوال بے ادبانہ فرمایا کہ این ابوک اُسپر بھی رحمۃ اللعالمین نے کس حلم سے جواب دیا کہ میرے عم بھی مستحق ضحضاح نار تھے مگر حق سبحانہ تعالے نے میری قرابت اور احسان ابوطالب کی وجہ سے انکو ہدایت فرمائی اور ضحضاح نار سے نکال لیا اور ہدایت خدا ایصال الی المطلوب ہی اور دخول ضحضاح کی علت مفقود ہی اور آپ کے خیالات مخبوط ہین حاصل یہ ہی کہ ختم اسناد حارث ابن ہشام پر ہی جو ایسے غلیظ القلب بے ادب زبان دراز تھے کہ ایک مسئلہ کلیہ آنحضرت نے بیان فرمایا کہ کل کافر آگ کا انگارہ ہین اُسپر بھی این ابوک کہہ بیٹھے یہانتک کہ پیغمبر خدا کو اُنکے مرتد ہونے کا خوف ہوا اور تصریح اُسکی آگے آتی ہی پھر اس حدیث سے دلیل لانا جہالت ہی اور اگر اس حدیث کو صحیح صحاح مین سے تصور کرین اور بفرض محال صحیح ترین احادیث بھی تسلیم کرین تو بھی ہر ہر لفظ اس حدیث کا دلیل ایمان ابوطالبؑ ہی کہ اوّل تو اُسمین خدا کا تخفیف عذاب کرنا اور نکالنا ضحضاح سے مذکور ہی اور دوسرے مثاب ہونا اپنے اعمال حسنہ سے اور تیسرے ضحضاح مین داخل ہونا ہی اور تینون امر کفار کے لیے ممنوع ہین کہ تخفیف عذاب اور اخراج ضحضاح سے محال ہی کہ وہ جزا کفر ہی کہ جسکی نسبت انبیا تک خسران آخرت سے ڈرائے گئے ہین پھر غیر انبیا کا کیا ذکر ہی اور اعمال حسنہ سے مثاب ہونا مخصوص ہی مومنین سے کہ کفار کے

اعمال حسنہ مثل سراب کے ہین اور ہمیشہ منثور ہا ہین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور نیز حق تعالے سورۂ فاطر کے تمامی کے قریب فرماتا ہی والذین کفروا لهم نار جهنم لا یقضی علیهم فیموتوا ولا یخفف عنهم من عذابها کذلک نجزی کل کفور یعنے جن لوگون نے کہ کفر کیا ہی اُنکے لیے نار جہنم ہی نہ حکم کیا جائیگا اُنپر مرنے کا کہ وہ مر کر عذاب سے رہائی پائین یعنے ہمیشہ جہنم مین رہین گے اور نہ ہلکا کیا جائیگا کوئی عذاب جہنم کا اسی طرح جزا دیتے ہین ہم ہر بڑے کافر کو پس تخفیف عذاب یا اخراج طمطام سے اور داخل ہونا ضحضاح مین اور نفع پانا اعمال حسنہ سے یہ سب اُمور بفرض صحت حدیث دلائل ایمان ابو طالب ہین اور کافر کہنے والا ابو طالب کا مبغض ابو طالب موذی نبیؐ و آل نبی ہی وفی شرح الشهاب لابن وحشی قال ابو طاهر من یبغض ابا طالبؑ فهو کافر بالله عز وجل اور ابو سعید خدری سے دیلمی نے نقل کیا ہی کہ فرمایا پیغمبر برحق نے کہ اشتد غضب الله علی من اذانی فی قرابتی یعنے غضب خدا سخت تر ہوگا اُس شخص پر کہ جو میرے قرابتدار کو اذیت دیکر رنجیدہ کرے ابن عساکر نے حضرت علیؑ سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول خدا نے من اذی شعرة منی فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی الله تعالی یعنے جس نے میرے ایک بال کو ایذا دی اُسنے مجھے ایذا دی اور جسنے مجھے ایذا دی پس بتحقیق اُسنے اللہ کو ایذا دی اور موذی خدا اور رسول بلا شک کافر ہی ثانیاً سوال حارث سے صاف ظاہر ہی کہ وہ درپردہ معترض ہی کہ باوجود صفتین جناب ابو طالبؑ کی مشہور تھین وہ سب صفتین اُس نے اپنے باپ کی قرار دین اور پیغمبر خدا اُس کے نشے کو سمجھ گئے کہ تو اُسکے بدل گئے ہین آپنے اُسکے باپ کا نام تو نہ لیا اور ایک حکم تعمیم بیان فرمایا کل کفار کی نسبت اُسپر بھی حارث کو چین نہ آیا اور اپنی انوکھ زبان پر لایا اُسکا جواب بھی کس حلم سے آنحضرت نے دیا کہ وہ بھی مستحق طمطام تھے مگر میری قرابت اور اُنکے احسانات کے سبب سے خدا نے اُس مقام سے نکال لیا اور وہ مومن ہین چنانچہ اسنی المطالب اور محبوب الرغائب مین لکھتے ہین ویصرح هذا ما اورده فی الدر المنثور من طریق ابن جریر عن قتادة یعنے در منثور مین بطریق ابن جریر قتادہ سے منقول ہی ان رجلا من اصحاب رسول الله سالوه عن الاستغفار لآبائهم یعنے چند شخصون نے اپنے آبائے مشرکین کے لیے استغفار کرنے کا سوال کیا رسولؐ خدا سے فقال والله انی لاستغفر لابی کما استغفر ابراهیم لابیه فانزل الله تعالی ما کان للنبی الخ فقال النبیؐ انی اوحی الی کلمات قد دخلن فی اذنی ووقرن فی قلبی امرت ان لا استغفر لمن مات مشرکا الخ پس جواب دیا پیغمبر خدا نے کہ قسم ہی خدا کی کہ مین اپنے باپ کے لیے استغفار کیے جاؤنگا جسطرح ابراہیمؑ نے اپنے باپ کے لیے استغفار کیا پس آیہ ما کان للنبی نازل ہوئی اُسوقت حضرت نے فرمایا میری طرف چند کلمات وحی کیے گئے ہین کہ میرے کانون مین بھر گئے ہین اور میرے دل مین متمکن ہو گئے ہین مجھکو حکم ہوا ہی کہ جو کوئی شخص مشرک مرا ہو اُسکے لیے استغفار نکرون پس پیغمبر خدا کا قسم کھانا

کہ مین اپنے باپ کے لیے استغفار کیے جاؤنگا اور یہ فرمانا کہ مجکو حکم ہوا ہی کہ جو مشرک مرے اُسکے لیے مین استغفار
نہ کرون اور یہ نفرمانا کہ مجکو حکم ہوا ہی کہ مین اپنے باپ کے لیے استغفار نہ کرون اس بیان سے آنحضرت کے صاف ظاہر ہی
کہ یہ جواب ہین اُن سائلین کے جو اپنے اباد مشرکین کے لیے استغفار کرنیکی اجازت چاہتے تھے اور اشارہ خفی
اسمین یہ ہی کہ میرے باپ مشرک نہ تھے اور مراد باپ سے چچا ہی اور ایسے اشارہ خفی اکثر واقع ہوتے تھے
کہ جسمین کوئی لفظ کلام آنحضرت مین خلاف واقع نہ ہوتی تھی کہ آپ معصوم تھے کذب سے چنانچہ پیغمبر نے
ایسی عام لفظ فرمائی کہ جس سے سائلین اصحاب کا جواب بھی ہوگیا اور باشارہ خفی جناب ابو طالب کا کافر نہونا
بھی ثابت ہوگیا اور مثل حدیث منقول از حارث یہ حدیث بھی اسنی المطالب مین ہی جسکو ذکر کیا ہی ابن ماجہ
نے عن ابن عمر قال جاء اعرابی الی النبی فقال ان ابی کان یصل الرحم و کان فاین
ہو قال فی النار یعنے ابن عمر سے روایت کی ہی کہ ایک اعرابی نبی کے پاس آیا اور کہا کہ میرا باپ صلہ رحم
کرتا تھا اور وہ ایسا اور ایسا تھا یعنے بہت سے صفتین اُسکی بیان کین اور پوچھا کہ وہ کہان ہی جواب دیا
کہ فی النار اُسوقت وہ رنجیدہ ہوا فقال یا رسول اللہ این ابوک اس اعرابی نے کہا کہ آپ کے باپ
کہان ہین اُسکا جواب دیا فقال حیثما مررت بقبر کافر فبشرہ بالنار فاسلم الاعرابی یس جواب
سنکے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ تو جب کسی کافر کی قبر پر گذرے تو اُسکو بشارت دے دوزخ کی پس یہ ایسا
جواب صادق اور مجمل اور جامع ہی کہ وہ اعرابی بھی خوش ہوا اور یہ ہی عادت تھی آنحضرت صلعم کی کہ جسوقت
کوئی اعرابی اس قسم کا سوال کرتا تھا کہ جسمین خوف فتنہ و فساد و اضطراب پایا جاتا تھا تو آپ ایسا جواب
دیتے تھے کہ جسمین حفاظت صدق کے ساتھ توریہ اور ابہام ہوتا تھا یہان بھی رحمۃ للعالمین نے اپنے
باپ اور چچا کا حکم کہ مخالف اُسکے باپ کے حکم کے تھا بسبب خوف ارتداد اُس اعرابی کے ظاہر نہ فرمایا
کہ نفوس غیر کی فضیلت کو کہ جو اپنے نفس پر پائی جاتی ہی مکروہ سمجھتے ہین اور عرب کے تو خمیر مین جفا اور سنگدلی
تھی اس سبب سے حضرت نے اُسکے خوش کرنے کو اور بخوف ارتداد کے مبہم جواب دیا اور یہ ہی روایت
بقول برزنجی اور زینی بمقابلہ دوسری روایتون کے کہ جنکو راویون نے متغیر کر ڈالا ہی معتبر ہی مثل روایت
مسلم کے کہ اُنھون نے اسطرح روایت کیا ہی ان رجلا قال یا رسول اللہ این ابی قال فی النار فلما ولی
ادعاہ فقال ان ابی و اباک فی النار یعنے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میرا باپ کہان ہی آپنے جواب
دیا جہنم مین پس وہ منھ پھیر کر چلا آپ نے اُسکو بلایا اور فرمایا کہ میرا باپ اور تیرا باپ دونون جہنم مین ہین پھر اُسی
اسنی المطالب و محبوب الرغائب مین لکھتے ہین ہذہ الروایۃ منکرۃ و للعلماء فیہا کلام کثیر
لخصہ الزرقانی فی شرح المواہب قال و احسن ما یقال فیہا ان الرواۃ تصرف فیہا و اختلف
روایاتہم وان الصواب ہو الروایۃ الاولی و ہو حیث ما مررت بقبر کافر فہی فی
غایۃ الاتقان یتبین بہا ان اللفظ عام و ہو حیثما مررت بقبر کافر فبشرہ بالنار یعنے

یہ روایت منکر ہی اور علمانے اسمین بہت کلام کیا ہی جسکا خلاصہ زرقانی نے شرح مواہب مین کیا ہی کہ اس روایت
کے متعلق احسن یہ ہی جو کہا گیا ہی کہ راویون نے اس روایت مین تصرف کیا ہی اور اُنکی روایتین مختلف ہو گئی ہین
اور صحیح وہی پہلی روایت ہی کہ نہایت اتقان یہ ہی کہ فرمایا پیغمبرؐ نے کہ جسوقت تو کسی کافر کی قبر سے گذرے
اُسکو دوزخ کی بشارت دے وھو الصادر منہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فکان لبعض الرواۃ
فہم ان قولہ حیث ما مررت بقبر کافر شامل لاب النبی وانہ کافر فغیرہ بالمعنی علی حسب
فہمہ وقال ان ابی واباک فی النار یعنی وہی روایت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی بعض راویون
نے سمجھا کہ آپ کا قول حیث مررت آپ کے والد پر شامل ہی اور وہ کافر ہین پس اُس عبارت کو متغیر کر ڈالا
اور اپنی سمجھ کے موافق اُس معنی مین یہ الفاظ رکھ دیے اور کہدیا ان ابی واباک حالانکہ یہ تصرف راویونکے
ہین پھر اس روایت پر اور جو مثل ان روایات کے ہین اُنپر کیونکر اعتماد ہو سکتا ہی یہ حارث بھی انھین محققین میں
کہ جنھون نے اپنے آبائے مشرکین کی نسبت فی النار رہنا تو پیغمبر خدا کے آبائے مومنین کو شامل کفار کر دیا
کہ کوئی مجکو کافر بچہ نہ کہے اور اگر کسی نے طعن کیا کہ یہ کافر بچہ ہی اور باپ اسکا بسبب کفر کے فی النار رہا تو مین
جواب دونگا کہ خود پیغمبرؐ نے اپنے باپ و چچا کو کافر اور فی النار فرمایا ہی یہ امر باعث ذلت نہین ہی حاصل یہ ہی
کہ یہ حارث اس فکر کے تھے کہ حدیث پیغمبر کو الٹ پلٹ کر متغیر کر ڈالا اور اپنے مطلوب کے موافق بنا لیا پھر
ایسے احادیث متغیرہ اور موضوعہ سے دلیل لانا جہالت ہی **قولہ** مجمع البحار مین بعلامت کاف امام کرمانی شارح
بخاری سے منقول ہی نفع ابا طالبؓ اعمالہ ببرکتہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وان کان اعمال
الکفرۃ ھباء منثورا یعنے نبی کی برکت سے ابوطالبؓ کے اعمال نفع دیگئے ورنہ کافرون کے اعمال تو
نرے برباد ہوتے ہین **اقول** جس طرح سے کہ حق سبحانہ تعالے نے اپنے فضل و کرم سے رسالت کو ختم کر دیا
جناب ختمی مآب صلعم پر اسی طرح سے اختتام برکت نبوی جناب ابوطالبؓ پر ہو گئی پس وہ جناب صلعم خاتم الرسالت
من عند اللہ ہین اور جناب ابوطالب خاتم البرکۃ من عند الرسول ہین اگر کسی مجادل و معاند نبی صلعم کے پاس کوئی
دوسرے مثال ہو تو پیش کرین کہ کون سے مشرکین و کفار بہ برکت رسول مختار با وجود دوامت کفر و شرک
مبرور و مبارک فیہ ہوئے اور رہینگے اور اعمال کفار تو ھباء منثورا رہتی ہین کہ اُنکو شفاعت شافعین
نفع نہ دیگی اور حق تعالے وعید مشرکین و کفار کے واسطے فرما چکا ہی کہ وہ کبھی بخشے نجائینگے اور اُنپر تخفیف
عذاب نہوگی اور نیز جناب رسالت مآبؐ اپنی شفاعت کو مومنین کیواسطے مخصوص فرما چکے ہین اور مجوسین
قرآن کو اپنی شفاعت سے محروم اور مایوس کر چکے ہین بمقابلہ کلام خدا اور حدیث محمد مصطفے صلعم ببرکتہ اور
وان کان الخ کہنا خود ھباء منثورا ہی جیسا کہ بالتصریح مذکور ہو چکا ہی **قولہ** حدیث ہشتم امام احمد اور بخاری
اور مسلم اپنے صحاح مین حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ سے راوی رسول اللہ صلعم فرماتے ہین اھون اھل النار
عذابا ابو طالب وھو منتعل بنعلین من نار یغلی منہما دماغہ بیشک دوزخیون مین سبکم عذاب

ابو طالبؓ پر ہی وہ آگ کے دو جوتے پہنے ہوئے ہی جس سے اُسکا دماغ کھولتا ہو ا **قول** او لأ صحیح مسلم مین
یہ حدیث ابو سعید خدری سے اور نیز ابن عباس سے منقول ہی بہ تفاوت بعض الفاظ ابو سعید کی روایت مین
ابو طالبؓ کا نام نہین ہی یہ عبارت ہی عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم
قال ان ادنی اھل النار عذابا ینتعل بنعلین من نار یغلی دماغہ من حرارۃ نعلیہ اور ابن
عباس سے وہی روایت ہی جو آپنے رقم فرمائی یہ دونون حدیثین قابل احتجاج اور استدلال نہین ہین کہ ابو سعید
خدری کا احوال تحریر ہوچکا ہی کہ وہ معتزلین بیعت مرتضوی سے ہین باوجود اجماع اہل حل وعقد اُنھون نے
بیعت نہ کی اسی سے انکا انحراف واعتزال ظاہر ہی پھر انکی روایت بہ نسبت تذلیل جناب ابو طالبؓ اور
توہین حضرت علیؑ مین کسی طرح قابل قبول نہین ہی اب رہی روایت عبد اللہ ابن عباسؓ تو اُنکا احوال ملا علی
قاری شرح مشکوٰۃ مین لکھتے ہین کہ عبد اللہ ابن زبیر نے ایام خلافت مین اپنی چشمک کی ابن عباس پر اور کہا
ان اناسا اعمی اللہ قلوبہم کما اعمی ابصارہم یفتون بالمتعۃ یعنے آدمی ہین کہ اندھا کر دیا ہی
اللہ نے اُنکے قلبون کو جیسا کہ اُنکی آنکھین اندھی ہین کہ وہ فتوے دیتے ہین متعہ کرنیکا فقال انک لجلف
جاف فلعمری لقد کانت المتعۃ تفعل فی عہد امام المتقین پس جواب دیا اُنھون نے کہ تو جلف
جافی ہی قسم ہی اپنی عمر کی کہ متعہ جاری تھا اور کیا جاتا تھا رسولؐ خدا کے وقت مین ابن زبیر نے جواب دیا
فجرب بنفسک واللہ لئن فعلتہا لارجمنک کہ تو نے تجربہ کیا اپنے نفس کے ساتھ واللہ اگر تو نے
اب کیا تو ہم تجھکو سنگسار کرینگے امام نسائی نے بھی اسیکا ذکر کیا ہی اور لکھا ہی کہ کوئی شک نہین کہ یہ چشمک ابن زبیر
کی ابن عباس پر تھی اور وہ جواز متعہ پر مستمر القول تھے پس بقول ابن زبیر فاجر قرار پائے اور شفائے قاضی
عیاض مین ہی فی تفسیر النقاش عن احمد بن حنبل انا اقول بحدیث ابن عباس بعینہ
رآہ حتی انقطع نفسہ احمد بن حنبل سے ہی کہ کہتا ہون مین بحدیث ابن عباس کہ پیغمبرؐ خدا نے اپنی آنکھون
سے دیکھا اپنے رب کو یہانتک کہ سانس اُنکی منقطع ہو گئی تھی ترمذی نے اپنی صحیح مین روایت کی ہی جس کا
خلاصہ یہ ہی کہ ابن عباس نے ملاقات کی کعب سے مقام عرفہ مین کعب نے کہا کہ خدا نے اپنے دیدار اور
کلام کو درمیان حضرت محمدؐ اور موسیٰؑ کے تقسیم کیا دو مرتبہ موسیٰؑ سے کلام کیا اور دو مرتبہ رسول خداؐ نے
خدا کو دیکھا مسروق کہتے ہین کہ مین خدمت مین ام المومنین عائشہ کی گیا اور پوچھا کہ کیا رسول خداؐ نے اپنے خدا کو
دیکھا تھا جسکا جواب صدیقہ نے دیا کہ تیرا کہان خیال ہی تو نے وہ بات پوچھی جس سے میرے رونگٹے کھڑے
ہو گئے مسروق نے اس آیت کی تلاوت کی لقد رای من ایات ربہ الکبری ام المومنین نے کہا کہ وہ تو
جبرئیل تھے جنکو رسول خدا نے دیکھا تھا اور جس نے تجھے یہ خبر دی تھی اُسنے افترا عظیم کیا ہی رسول خدا پر
صحیح بخاری وصحیح مسلم مین بھی اس مضمون کی روایتین موجود ہین شفائے عیاض مین بھی کچھ تفاوت اور تغیر
سے یہ روایت موجود ہی پس بہ تصریح حضرت عائشہؓ ابن عباسؓ اور کعب مرتکب افترا عظیم ہوئے رسول خدا پر

بیان شفاے قاضی عیاض

تاریخ خمیس اور مواہب ابن حجر عسقلانی مین بھی یہی روایت رویت پروردگار کی انھین ابن عباس سے
منقول ہی پھر اور روایات انکے مطابق قاعدہ مقررہ اہل سنت کے کیونکر معتمد ہوسکتے ہین کہ علامہ سیوطی
تدریب مین لکھتے ہین کہ جو جھوٹ کہے ایک حدیث مین اُسکے پہلے کی حدیثین رد کی جائینگے ایسا ہی
بغوی نے تقریب مین لکھا ہی قال السمعانی من کذب فی خبر واحد وجب اسقاط ما تقدم من
حدیثہ یعنے جو ایک حدیث جھوٹی بیان کرے واجب ہی ساقط کرنا اُسکی تمام پہلی حدیثون کا پس جب ابن
عباس فاجر کاذب مفتری ٹہرے تو ان کی بیان کی ہوئی حدیث ساقط الاعتبار ہی اور بخاری کا برگشتہ
ہونا علیؑ بن ابی طالب سے ثابت ہو چکا ہی پھر کیونکر انکی روایتین معتبر اور معتمد ہوسکتے ہین پس یہ روایت
بہ نسبت جناب ابو طالبؓ کی صحاح ستہ مین کیون نہ ہو لیکن کسیطرح مقبول نہین ہوسکتی ثانیاً اس حدیث سے
اهون اور ادنے اہل نار ہونا جناب ابو طالبؓ کا ثابت ہی اور اہل نار کا لفظ اعم ہی مشرکین وکفار اور
مومنین عصاۃ کو پس جناب ابو طالب کا اہون اہل نار ہونا بہ نسبت مشرکین وکفار اور مومنین عصاۃ اہل نار
کے صادق آتا ہی اور جب عذاب جناب ابو طالب کا جمیع مومنین عصاۃ سے بھی ہون ہوا تو جناب ابو طالبؓ
کل مومنین عصاۃ سے افضل اور اشرف ہوئے اور بالضرور اور بالاتفاق ثابت ہی کہ مومنین عصاۃ بشفاعت
شافع روز جزا داخل جنت ہونگے پس جناب ابو طالبؓ بدرجۂ اولے بشرافت و فضیلت اہونیت
مستحق شفاعت رسولؐ کبریا اور رحمت وغفران حق تعالے داخل جنت ہونگے اور بجہت حامی اور ناصر و
محب و عاشق و چچا اور باپ ہونے کے رحمۃ للعالمین کے مستحق ہین اُن مدارج عالیہ کے کہ جسکا فوق بجز
درجہ رسالت کے محال ہی پس ضرور ہی کہ حضرت رسالت مآب اپنے درجہ مین جگہ دینا اسواسطے کہ جزا
وسزا حق تعالے بمشکل عمل دیتا ہی چنانچہ جناب رسالت مآب بھی احسانات جناب ابو طالبؓ کا معاوضہ بمشکل انھین
احسانات کے فرما وینگے بقولہ تعالے هل جزاء الاحسان الا الاحسان قولہ نیز صحیحین مین نعمان ابن
بشیر کی روایت سے ہی رسول اللہ نے فرمایا ان اهون اهل النار عذابا من لہ نعلین وشرا
کان من نار یغلی منہما دماغہ کما یغلی المرجل ما یری ان احدا اشد منہ عذابا وانہ
لا هون منہم عذابا دوزخ مین سب سے ہلکے عذاب الا وہ ہی جسے آگ کے دو جوتے اور دو
تسمی پہنائے جائینگے جنسے اُسکا دماغ دیگ کی طرح جوش مار یگا وہ یہ سمجھے گا کہ سب سے زیادہ سخت عذاب
اسی پر ہی حالانکہ اُسپر سب سے عذاب ہلکا ہوگا اسی حدیث مین امام احمد کی روایت یون ہی وہو فی ضحضاح
قد میہ جمرتان یغلی منہما دماغہ تلوون مین دو آگ کے انگارہ رکھے جائینگے جس سے بھیجا ابلیگا
اقول یہ جو آپنے رقم فرمایا کہ صحیحین مین نعمان ابن بشیر کی روایت سے ہی یہ کہنا ہی صحیح نہین ہی صحیح مسلم مین البتہ
یہ روایت موجود ہی لیکن صحیح بخاری و نیز اُسکی شرح قسطلانی مین لفظا اس حدیث کا نشان تک نہین ہی اور
صحیح مسلم باب شفاعت مین یہ حدیث ہی بلکہ جس حدیث کو آپ امام احمد کیطرف منسوب کر رہے ہین یہ حدیث

بھی بعینہٖ صحیح مسلم مین باین عبارت موجود ہے ان النعمان ابن بشیر کان یخطب و یقول سمعت رسول اللہ یقول ان اھون اھل النار عذابا یوم القیامۃ لرجل یوضع فی خمص قدمیہ جمرتان یغلی منہما دماغہ اور صحیح بخاری اور اُسکی شرح قسطلانی مین بہ تغیر بعض الفاظ یہ حدیث جو آپنے امام احمد کی طرف منسوب کی ہے باین اسناد موجود ہے حدثنا محمد ابن بشار قال حدثنا غندر حدثنا شعبہ قال سمعت ابا اسحٰق قال سمعت النعمان قال سمعت النبی یقول ان اھون اھل النار عذابا یوم القیامۃ لرجل یوضع فی خمص قدمیہ جمرۃ یغلی منہا دماغہ اور دوسری حدیث بھی اسی مضمون کی باین اسناد ہے حدثنا عبد اللہ ابن رجا قال حدثنا اسرائیل عن ابی اسحٰق عن النعمان ابن بشیر قال سمعت النبی یقول ان اھون اھل النار عذابا یوم القیامۃ رجل علی خمص قدمیہ جمرتان یغلی منہما دماغہ کما یغلی المرجل بالقمقم پس آپنے جو اس حدیث کو امام احمد کی طرف منسوب کیا اور نعمان ابن بشیر کا نام ساقط کیا آپ بھی یہ سمجھتے ہین کہ نعمان دشمن علیؑ تھے کہ ایک حدیث کو تو نعمان ابن بشیر کی سند سے ظاہر فرمایا اور دوسری حدیث سے اُنکے نام کو ساقط فرماکر امام احمد کی طرف منسوب کیا کہ مضمون حدیث کی تقویت ہو جائے اور جہلا دام مکر مین آپ کے پھنس جائین ایسی تحریفین آپ کی شان سے بعید ہین یہ دونون حدیثین بہ تفاوت بعض الفاظ نعمان ابن بشیر سے مروی ہین اور تقریب تہذیب علامہ ابن حجر عسقلانی مین ہے النعمان بن بشیر ابن سعد بن ثعلبہ الانصاری الخزرجی لہ ولابیہ صحبۃ ثم سکن بالشام ثم ولی امرۃ الکوفۃ ثم قتل بحمص سنۃ خمس و ستین ولہ اربع و ستون سنۃ یعنی نعمان ابن بشیر یہ دونون رضی اللہ اصحاب رسالتمآب صلعم سے ہین انصاری خزرجی شام مین جاکر رہے متولی امر کوفہ ہوئے حمص مین قتل کیے گئے ۶۵ھ تھی اور چونسٹھ برس کا سن تھا استیعاب مین ہے کان النعمان امیرا علی الکوفۃ لمعاویۃ تسعۃ اشھر ثم کان امیرا علی حمص لمعاویۃ ثم لیزید فلما مات یزید صار زبیریا فخالفہ اھل حمص فاخرجوہ منہا واتبعوہ فقتلوہ یعنے نعمان امیر کوفہ رہے نو مہینے تک معاویہ کی طرف سے پھر امیر حمص ہوئے پہلے معاویہ کی طرف سے پھر یزید کیطرف سے پس جب یزید بھی اپنے مقام پر پہونچا تو عبد اللہ ابن زبیر کی طاعت کی یزیدی سے زبیری ہوئے اہل حمص نے اُنسے مخالفت کی شہر بدر کیا اور ڈھونڈھ کر قتل کیا اور بھی ان رضی اللہ کے اوصاف و مناقب سنیے کہ یہ نعمان ابن بشیر بعد شہادت حضرت عثمان پیراہن خون آلود و انگشتان مقطوعہ نائلہ زوجہ عثمان لے کر معاویہ کے پاس چلے گئے ابو الفدا لکھتے ہین سار النعمان بن بشیر الی الشام و معہ ثوب عثمان الملطخ بالدم فکان معاویہ یعلق قمیص عثمان علی المنبر یحرض اھل الشام علی قتال علیؑ و اصحابہ و کلما رای اھل الشام ذلک ازداد و اغیظا یعنے نعمان ابن بشیر پیراہن خون آلودہ

عثمان لیکر شام معاویہ کے پاس چلے گئے معاویہ نے اُس قمیص خون آلودہ کو منبر پر لٹکا دیا تا کہ اہل شام غمگین اور رنجیدہ ہو کر قتل علیؑ اور اصحاب علیؑ پر آمادہ ہو جائیں اور جو لوگ شام کے اُس قمیص خون آلودہ کو دیکھتے تھے تو غیظ و غضب اُنکا زیادہ ہوتا تھا پس نعمان ابن بشیر ایسے رضی اللہ تھے اور ایسے محب نبیؐ اور آل رسولؐ تھے اور ایسے دوست صادق تھے علیؑ اور اولاد علیؑ اور اصحاب علیؑ کے اور خلیفہ تھے معاویہ اور یزید [illegible] کے پھر ایسے [illegible] کی حدیث بیان کی ہوگی کیونکر صحیح قرار پا سکے اور صحیحین مین کیونکر [illegible] جائے کہ [illegible] اہل شام کو اور معاویہ وغیرہ کو آمادہ کرنے والے تھے قتل حضرت علیؑ و اصحاب حضرت علیؑ پر [illegible] کے سبب اور جائزہ پانے کے لئے اور حصول دنیا و دنی کے اُسی منبر پر کہ جسپر قمیص خون آلودہ [illegible] بی بی نائلہ لٹکائے گئے تھے اور گرد اس منبر کے تمام اہل شام کا ہجوم ہوتا تھا خطبہ فرمایا ہوگا اور مولانا علیؑ اور تمام اہل بیت نبویؐ اور اصحاب علیؑ کی مذمت مین کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا ہوگا اور اُس خطبہ مین ضرور [illegible] افترائے عظیم کے مرتکب ہوئے ہونگے حضرت رسالت مآب صلعم پر کہ یہ حدیث آنحضرتؐ نے فرمائی ہی اس لیے کہ شام اور کوفہ اور حمص مین نعمان ابن بشیر نے خلافت کی ہی معاویہ اور یزید کی اور معاویہ کا حکم جاری کرنا خطبون پر اور نیز خود باعلان سب و لعن کرنا مولانا علیؑ اور آل نبیؐ اور اولاد علیؑ اور اصحاب علیؑ پر مشہور اور تمام کتب تواریخ و سیر اس حال سے مشہور ہین کہ سب و لعن کرنا علیؑ پر سنت معاویہ قرار پائی تھی اور یزید [illegible] باپ دادا پردادا کا ایسا عوض لیتا تھا [illegible] یادگار زمانہ رہیگا غرض ہم باوجود اُن فضائل و مناقب نعمان ابن بشیر کی بھی بروش اہل سنت [illegible] الصحابہ کلہم عدول ہی کہے جائینگے اور ثقہ اور صدوق [illegible] [illegible] شہادت بہ نسبت توہین و تذلیل مولانا علیؑ اور آبا و اجداد علیؑ کی [illegible] [illegible] اور روافض اور اصحاب بدع و اہوا سے مذکور ہوا وہ بھی [illegible] [illegible] مذمت علیؑ اور آبا و اجداد علیؑ مین جو مذکور ہوئی مسموع نہون کہ بحوالہ شرح نہج البلاغۃ بیان ہو سکے ہین کہ کان نعمان ابن بشیر الانصاری منحرفا عن علیؑ وعدوا لہ پس کیونکر یہ خطبا اور روایات مسموع ہو سکتے ہین اور اگر بفرض محال ان احادیث کو صحیح بھی سمجھین تو بھی ہون اہل نار ہونا اور یوضع فی اخمص قدمیہ جمرۃ اور یوضع فی اخمص قدمیہ جمرتان دخول و خلود جنت کی دلیلین ہین کہ جنکو مکرر بیان کیا ہی قولہ [illegible] صحیحین مین انس کی روایت سے ہی رسول اللہ فرماتے ہین یقول اللہ لاھون اھل النار عذابا یوم القیمۃ لو ان لک ما فی الارض من شیء کنت تفتدی بہ فیقول نعم فیقول اردت منک اھون من ھذا و انت فی صلب اٰدم لا تشرک بی شیئا فابیت الا ان تشرک بی دوزخیون مین سب سے ہلکے عذاب والے سے اللہ عز و جل فرمائیگا تمام زمین مین جو کچھ ہی اگر تیری ملک ہوتا تو کیا اُسے اپنے فدیہ مین دیکر عذاب سے نجات مانگنے پر راضی ہوتا وہ عرض کریگا ہان فرمائیگا مین نے تو

روز میثاق اس سے بھی ہلکی ور آسان بات چاہی تھی کہ کسی کو میرا شریک نکرنا مگر تو نے نہ مانا بغیر میرا شریک کیے
ہوئے اس حدیث سے بھی ابوطالبؑ کا شرک پر مرنا ثابت فقط اقول یہ حدیث صحیحین تو ہی مگر صحیح نہین ہو سکتی
اولاً تو انس بن مالک ابن النضر الانصاری الخزرجی خادم رسول اللہ تھے یہ وہ بزرگ ہین جنکی نسبت امام
ابوحنیفہ فرماتے ہین الصحابۃ کلھم عدول الا انس اور یہ وہ بزرگ ہین جنکا باغ برکت دعائے
پیغمبر سے سال مین دو مرتبہ میوہ دیتا تھا عمران کی سو سے تجاوز کر گئی تھی تا زمانہ یزید زندہ رہے صحابیت
معاویہ اور یزید سے بہرہ ور ہوئے اور جب جناب علیؑ نے حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ
کی نسبت گواہی طلب کی اکثر اصحاب نے گواہی دی جناب امیر نے پوچھا کہ کیون اے انس تم بھی تو موجود تھے
تم کیون خاموش ہو جواب دیا کہ ثبوت ونسیت یعنے بڈھا ہوگیا اور بھول گیا ہون اسوقت حضرت علیؑ
نے فرمایا کہ خدایا اگر انس جان بوجھ کر کتمان کرتے ہین تو تو انکی پیشانی کو مبروص کردے کہ عمامے سے پوشیدہ
نہو سکے اسیوقت برص اُن کی پیشانی پر نمایان ہوا کہ جسکو چھپا نہ سکتے تھے اور دربار ابن زیاد مین بھی یہ
بزرگ موجود تھے جب سر جناب امام حسینؑ آیا اور سامنے رکھا گیا سبط ابن جوزی لکھتے ہین کہ کیا حقوق
رسول اللہ کے انس پر اتنے بھی نہ تھے کہ منع کرتے ابن زیاد کو چھڑی مارنے سے دندان مبارک پر
سید الشہدا کے حاصل یہ ہی کہ ایسے بزرگ اگر کوئی حدیث کفر جناب ابوطالب مین وضع فرمائین تو اُن کی
شان سے کیا بعید ہی کہ پدر بزرگوار علیؑ اور جد امام حسینؑ تھے اُنکے فضائل کا کتمان اور بہ نسبت اُنکے قبائح
کا اعلان یہ کتنی بڑی بات تھی پھر ایسے رضی اللہ کی حدیث بہ نسبت کفر جناب ابوطالبؑ کے کیونکر معتبر اور
معتمد ہو سکتی ہی ثانیاً حدیث مذکور مین نام ابوطالبؑ کا نہین ہی یقول اللہ تعالیٰ لا ھون اھل النار
ہی اور اھون اھل نار سے مراد ابوطالب لیے جاتے ہین اور پھر یہ بھی ثابت کیا جاتا ہی کہ حق تعالےٰ
کہے گا اردت منک ما ھو اھون من ھذا وانت فی صلب آدم ان لا تشرک بی شیئاً فابیت
الا ان تشرک بی کہ مین نے جو تجھ سے روز میثاق اس سے بھی ہلکی ور آسان بات چاہی تھی کہ کسی کو
میرا شریک نکرنا پس تو نے انکار کیا اور شرک کیا پس قول منسوب بحق تعالےٰ سے شرک بالذات اھون اور ادنیٰ
ذنب قرار پاتا ہی کہ جسکی جزا اھون اہل نار ہوتا ہی اور جہان کہین اھون اہل النار یا نعلین نار یا
اوڑھنا نار حصص قدمیہ جمرۃ پایا جاتا ہی اُس سے مراد ابوطالب ہی لیجاتی ہی اُس سے صاف صاف ظاہر
ہوتا ہی کہ تمام مومنین عصاۃ کی ذنب سے بھی ذنب شرک ابوطالبؑ اھون اور ادنیٰ ہی پس جبکہ ذنوب کبائر
مومنین عصاۃ کے بمقابلہ ذنب ابوطالبؑ اکبر اور اعظم قرار پائے کہ جو عذاب متقابل ذنب ہوتا ہی اور اھون
نہ ہو ... اہل نار ہوکے ابوطالبؑ قرار دیے گئے بلکہ وہ جنکا ریون کے مستحق ہوے کہ تلوون مین پاؤن کے
ر ... جاوین اور اس سے زیادہ اھونیت کا کوئی درجہ عقل ور نقل سے پایا نہین جاتا تو شرک جناب ابوطالبؑ
کا بمقابلہ ایمان مومنین عصاۃ کے بدرجہا افضل اور اعلیٰ قرار پایا کہ ذنب مومنین عصاۃ کا اشد و اعظم اہل نار ہوا

پس جب عذاب مومنین عصاۃ کہ اشد و اعظم ہی اور شفاعت پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بخشا جائیگا اور داخل
جنت کیے جائینگے تو جناب ابو طالب کا ذنب تو اخف و اہون اور ادنے ہی بالضرور شفاعت آنحضرت داخل
جنت ہونگے اور اس حدیث سے ذنب شرک تو اصغر صغائر مین محسوب ہوا جاتا ہی تفہم و تدبر ثانیاً
بالاتفاق ثابت ہی کہ مومنین عصاۃ بسبب اپنے گناہون کے اور ارتکاب بعض کبائر کے داخل جہنم ہونگے اور
شفاعت رسول مقبول جہنم سے نکالے جائینگے اور جنت مین داخل کیے جائینگے جیسا کہ صحیح بخاری مین ایک
طولانی حدیث موجود ہی جسکے آخر مین یہ جملہ ہی ما بقی فی النار الا من حبسہ القرآن یعنے نہ باقی رہے گا
نار مین مگر وہ شخص کہ حبس کیا ہی اسکو قرآن نے یعنے کفار و مشرکین اور شرک و کفر کہ جو ابو طالب کی طرف نسبت
دیا جاتا ہی وہ تو فی الحقیقت افضل ہی اسلام اور ایمان سے اور مطابق احادیث منقولہ مذکورہ کے مصداق برعکس
نہند نام زنگی کافور ہی کہ شرک کفر کو ایمان و اسلام اور ایمان و اسلام کو شرک و کفر کا خطاب دیا گیا ہی اور شیخ
عبد الحق صاحب بروایت صحیح بخاری ابو سعید خدری سے نقل کرتے ہین قال رسول اللہ یخلص المومنون
من النار الخ اور اسکی شرح کے آخر مین لکھتے ہین کہ ازین جا معلوم میشود کہ در آوردن مومنان فاسق در
دوزخ برائے تنقیہ و تہذیب ایشان است از کثافت تا پاک و صاف کردہ در بہشت کہ مکان خلود ایشان
است در آرند نہ بطریق غضب و عداوت چنانچہ در دنیا بامراض و مصائب کفارات ذنوب می نمایند محققان
گفتہ اند کہ بعضے گناہان ہست کہ بامراض و مصائب ازان پاک گردانند و بعضے بشدت سکرات موت و بعضے
بعذاب قبر و بعضے گناہان ہست کہ جز بآتش دوزخ ازان پاک نگردد چنانچہ طلا و نقرہ جز بگداختن پاک و صاف
نگردد فوالذی نفس محمد بیدہ لاحدھم اھدی بمنزلہ فی الجنۃ منہ بمنزلۃ الذی کان لہ
فی الدنیا پس بخدا سوگند کہ ہر آئینہ یکے از ایشان راہ یابندہ تر و شناسندہ تر است بمنزل و مکان خود کہ در
بہشت وارد الد خودش کہ راہ یابندہ و شناسندہ بود بمنزل و مکان خود کہ بود مر او را در دنیا اشارت است
بقوت نورانیت قلب و ہدایت بعد از وجود تہذیب و تنقیہ و باکہ چون در دنیا بنور توفیق بایمان و عمل
صالح و مقام قرب الٰہی عزوجل ہدایت یافت در آخرت نیز بمنزل و مقام خود کہ در بہشت ارد اہتدا می یابد
و ثانی اثر اول است رواہ البخاری شیخ عبد الحق صاحب نے شرح مین اس حدیث کی فرمایا کہ اقوال محققین سے
ثابت ہوتا ہی کہ بعض گناہ مومنین کے ایسے ہین کہ بغیر آتش دوزخ کے جلے بھنے وہ پاک و صاف نہ ہوسکے
جسطرح کہ طلا و نقرہ بغیر پگھلنے کے پاک و صاف نہین ہوتا پس اسی تحقیق محققانہ محققین سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ
وہ مومنین ضحضاح نار اور نعلین نار اور دو چنگاریون سے نار کی پاک نہین ہوسکتے جب تک سر سے
اونچی آگ مین نہ ڈالے جائین بخلاف جناب ابو طالبؓ کے کہ انکا سارا بدن تو پاک و صاف تھا کہ تابع نورانی
تھے فقط پاؤن پر عذاب مسلط ہوگا ضحضاح نار یا نعلین نار یا دو چنگاریونکا پس بلاشک ولاریب سر سے اونچی
آگ والے مومنین کے ایمان سے کفر و شرک جناب ابو طالبؓ ہر درجہا افضل ہوا اور حبث ہ مومنین بہ شفاعت

صحیح بخاری ص ...

اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ص ...

رحمۃ للعالمین مستحق خلود جنت ہین تو جناب ابوطالبؓ بدرجۂ اولےٰ مستوجب خلود جنت ہین اور آیات و احادیث سے ہم مکرر ثابت کر چکے ہین کہ کفار و مشرکین سے نہ کبھی عذاب مرتفع ہوگا نہ اُنکو شفاعت شافعین نفع دیگی نہ اُنسے عذاب ہلکا کیا جائیگا بلکہ وہ عذاب شدید مین گرفتار رہین گے اور اس حدیث تو کیونکر صحیح ہو سکتے ہین کہ کفار و مشرکین جو مرتکب اکبر کبائر اور اعظم ذنب کے ہوں وہ تو اہون نار کے مستحق ہون اور مومنین جو مرتکب ہون اصغر کبائر اور اخف ذنب کے مستحق ہون اعظم اور اشد عذاب [illegible] ہو کہ شرک و کفر کا اعظم و اکبر کبایر سے ہونا باتفاق ثابت ہی اور حدیث [illegible] جاتا ہی چنانچہ برزنجی و زینی رقم فرماتے ہین [illegible] ابوطالب کا فرا لکان عذاب الکفر [illegible] الکبایر و معرات عذاب الکفر [illegible] فقطعاً [illegible] الکبایر ولا یغفر بخلاف بقیۃ الکبایر [illegible] لزم الخلف فی قول الصادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حیث جعلہ اخف اھل النار عذاباً علی الاطلاق فوجب ان یکون لہ عذاب کعذاب عصاۃ المومنین بل یکون اخف منہم عذاباً یعنے اگر ابوطالبؓ کافر ہوتے تو کفر کا عذاب دیگر کبایر کے عذاب سے کم ہوتا حالانکہ عذاب کفر کا عذاب کبایر سے قطعاً فائق ہی کہ جسمین کسی طرح کا شک نہین ہو سکتا کہ کفر اکبر کبایر ہی کہ جو بخشا ہی نجائے گا بخلاف باقی کبائر کے اور اگر کوئی مومن عاصی ایسا پایا جائے کہ جسکا عذاب ابوطالبؓ کے عذاب سے اخف ہو تو معاذ اللہ مخبر صادق رسول برحق کے کلام مین کذب لازم آئیگا اس سبب سے کہ اپنے مطلقاً اہل نار سے ابوطالبؓ کو اہون اور اخف کا خطاب دیا ہی اسی سے لازم و واجب ہوگیا کہ مثل مومنین عصاۃ کے عذاب ابوطالبؓ کا ہو بلکہ مومنین عصاۃ سے بھی اخف ہو انتہی اس تقریر سے بھی اس حدیث کا موضوعات سے ہونا اور جناب ابوطالبؓ کا جنتی ہونا ثابت ہی اور ان احادیث موضوعہ کو دلائل کفر جناب ابوطالبؓ سمجھنا سفاہت و جہالت ہی **قولہ** کتاب الخمیس فی احوال نفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مین ہی قیل ان النبی مسح اباطالبؓ بعد موتہ والتی تحت قدمیہ ولذا ینتعل بنعلین من النار یعنے کہا گیا ہی نبی نے بعد مرگ ابوطالبؓ کے بدنپر دست اقدس پھیر دیا مگر تلوون پر ہاتھ پھیرنا بھول گئے یا دیر ہوا اس لیے ابوطالبؓ کو روز قیامت آگ کے دو جوتے پہنائے جائینگے باقی جسم برکت دست اقدس سے محفوظ رہیگا **اقول** اولاً تو یہ قول خود ہی ضعیف ہی کہ بلفظ قیل مذکور ہی پھر قابل استدلال کیونکر ہو سکتا ہی ثانیاً کبھی دخول ضحضاح اور ینتعل بنعلین من نار اور یوضع فی اخمص قدمیہ کا سبب شفاعت و برکت و خصوصیت جناب ختمی مرتبت قرار دی جاتی ہی اور کبھی من باب النظر فی حکمت اللہ جزا بشکل عمل قائم کی جاتی ہی اور کبھی برکت مسح دست اقدس سے محفوظ رہنا تمام جسم کا اور عوض نسیان مسح تحت قدم سے منتعل بنعلین ہونا ثابت کیا جاتا ہی غافل اس سے کہ علل متضادہ متخالفہ خود ہی ایک

دوسرے کی رد کر رہے ہین ثانیاً بعد وفات جناب ابوطالب آنحضرت صلعم کا ہاتھ پھیرنا تمام جسم پر دلالت کرتا ہی کہ بعد موت ابوطالبؑ بھی انکو دوست رکھتے تھے اور جو محبوب رسولؐ ہی بلا شک وہ محبوب خدا ہی اگر معاذ اللہ عروض نسیان بھی آنحضرتؐ کے لیے ثابت کیا جاوے اور کہا جائے کہ جسطرح غلب علیہ الوجع کہنا شان ما ینطق عن الہوی ان ھو الا وحی یوحی کے جائز ہی اُسی طرح غلب علیہ النسیان بھی کہنا جائز ہی تو بھی حبیب خدا کا محبوب بلا شک محبوب خدا ہی جسطرح بہ محبت جناب پیغمبر خدا نے تمام بدنکو مسح کرکے آگ سے محفوظ رکھا حق تعالے اپنے حبیب کے نسیان سے حبیب کے محبوب کو کبھی معذب بنعلین نار نہ فرمائیگا کہ حبیب خدا کا محبوب محبوب خدا ہی جناب ابوطالبؑ کو حق تعالے وہ درجہ جنت مین عطا فرمائیگا جو محبوبین خدا کا درجہ ہی تا کہ حبیب رب العالمین محمد مصطفے علیہ وعلی آلہ التحیۃ والثنا متاسف اپنے نسیان پر نہون رابعاً اس حدیث سے تو جناب ابوطالبؑ کا طبقات جہنم مین سے کسی طبقہ مین جانا ہی ثابت نہین ہوتا بلکہ بغیر دخول نار بہ برکت مسح آنحضرت صلعم تمام جسم کا محفوظ رہنا ثابت ہی اگر بالفرض ینتعل بنعلین من نار کو صحیح بھی رکھین تو بھی ظاہر ہی کہ نعلین نار سے تصفیہ تحت قدم کا ہو جائیگا اور بشفاعت شافع روز جزا داخل جنت ہونگے بخلاف اُن مومنین مرتکبین کبائر کے کہ جو مثل طلا و نقرہ آگ مین پگھلائے جائینگے جب بھی پاک و صاف ہونگے تنبیہ ان اقوال و احادیث سے صاف صاف ظاہر ہی کہ جناب ابوطالبؑ کے کافر بنانیکی کیا کیا کوششین کی گئی ہین کہین تو آیات قرآنی کی تاویلین کی جاتی ہین کسی مقام پر حدیثین موضوع ہوتی ہین کبھی شفاعت سے تخفیف عذاب کبھی ضحضاح مین داخل ہونیکی بات جزا ہم شکل عمل قرار دیجاتی ہین کبھی بہ برکت و خصوصیت آنحضرتؐ نفع پانا ابوطالبؑ کا اور ضحضاح مین داخل ہونا ثابت کیا جاتا ہی کبھی برکت مسح آنحضرتؐ جسم ابوطالبؑ کا محفوظ رہنا بیان کیا جاتا ہی کبھی اھون اھل النار مشرک کی صفت گردانی جاتی ہی کبھی وہ جہنگار ہونیکے مستحق کیے جاتے ہین پس ایسے دلائل منتشرہ متضادہ مخبوط فیہا سے کونسا دیندار مسلمان جناب ابوطالبؑ کو کافر کہہ سکتا ہی اور باوجود اس کد و کوشش کے بھی جناب ابوطالبؑ کا مومن و محبوب خدا و رسول ہونا ثابت ہوتا ہی حیرت تو یہ ہی کہ جناب ابوطالبؑ نہ طالب خلافت تھے نہ دعوائے نبوت کرتے تھے نہ یہ کوئی مسئلہ اعتقادیہ ہی کہ جسکو اصول و فروع مین کوئی دخل ہو پھر یہ کوششین اور عرق ریزیان اثبات کفر مین جو کیجاتی ہین تو سوائے بغض و عداوت کے اور کیا کہہ سکتے ہین حالانکہ آئمہ اربعہ کے اقوال سے ثابت ہی کہ بغض و عداوت اور توہین و تذلیل جناب ابوطالبؑ فتنہ پیدا کرنا ایذا دینا ہی جناب حضرت رسالت مآبؐ کو اور موذی نبی کا فر اور جگہ اُسکی درک اسفل نار ہی فتنہ پر **قولہ حدیث ششم** امام شافعی و امام احمد و امام اسحق ابن راہویہ و ابو داؤد طیالسی نے اپنے مسانید اور ابن سعد طبقات اور ابو بکر ابن ابی شیبہ مصنف اور ابو داؤد و نسائی و سنن اور ابن خزیمہ اپنی صحیح اور ابن الجارود منتقی مین اور مروزی کتاب الجنائز اور بزار اور ابو یعلی مسانید اور بیہقی سنن مین بطرق عدیدہ حضرت سیدنا امیر المومنین مولی علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہی قال قلت

للنبی صلی اللہ علیہ وسلم ان عمک الشیخ الضال قد مات قال اذھب فوارا باک یعنی جناب امیر نے
حضور اقدس سید عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ حضور کا چچا وہ بڈھا گمراہ مرگیا فرمایا
جاؤ اُسے دبا آؤ **اقول** اس حدیث کو آپ بڑے زور شور سے لکھ گئے اور کسقدر اپنے آئمہ دین اور راویان شرع
متین سے کس شد و مد سے رقم فرما گئے یہ بھی آپ نہ سمجھے کہ شیخین نے صحیحین مین کیون اس حدیث کو ترک فرمایا
اولاً تو جو روایت عروض نسیان جناب ختمی مآب مین کتاب الخمیس سے آپنے رقم فرمائے اس حدیث نے
اُس حدیث منقولہ کتاب الخمیس کو ھبئاً منثوراً کر دیا کہ اسمین وقت وفات جناب بوطالب پیغمبر خدا کا اُنکے
پاس موجود ہونا اور بعد موت بوطالب مسح کرنا اُنکے تمام جسم پر اور نسیان فرمانا تحت قدم کا مذکور ہی اور حدیث
ہذا سے ثابت ہوتا ہی کہ فقط امیر المومنین نے حبیب رب العالمین کو خبر دی اور آنحضرت نے جواب دیا کہ جاؤ
دفن کر دو نہ جناب رسالت مآب اُنکے پاس تھے نہ گئے پھر اُنکے جسم پر ہاتھ کا پھیرنا اور اُنکے جسم کا محفوظ رہنا
اور عروض نسیان اور باعث انتقال نعلین کیونکر ثابت ہوا بلکہ منافات بیجا سے موضوعیت احادیث کا ثبوت
کامل ہی ثانیاً اگر اس حدیث کو صحیح بھی فرض کرین تو یہ بھی حدیث دلالت کرتی ہی کمال ایمان در تقان
اور محبت اور رفعت شان اور علو مکان جناب بوطالبؑ پر مگر آپ تو مصداق لا یعقلون اور لا یسمعون
اور لا یبصرون کے ہین عداوت اہل بیتؑ اور خاندان نبوت خصوصاً عداوت جناب بوطالبؓ مین آپ
مدہوش ہو رہے ہین کیونکر آپکی سمجھ مین آوے حدیث کی عبارت تو یہ ہی قال علی للنبی ان عمک الشیخ
الضال قد مات جسکے ترجمہ مین آپ رقم کرتے ہین کہا مولانا امیر المومنین علیؑ نے حضور اقدس سید المرسلینؐ
سے کہ وہ آپکا چچا گمراہ بڈھا مرگیا اس قول منسوب بعلیؑ سے ایک بڈھے چچا گمراہ کا مرنا ثابت ہوا اُسوقت تک
ابولہب بھی زندہ تھا اور حضرت عباس بھی مشرف باسلام نہ ہوئے تھے اور حضرت ابوطالبؓ بھی کذلک
پھر جناب ختمی مآبؐ نے اس کلام حضرت علیؑ سے کہ ایک خبر مبہم تھی کیونکر یقین فرمایا کہ جناب بوطالب ہی نے
انتقال کیا عمک الشیخ الضال شامل ہی تینون چچاؤنپر پھر ایسی اعم خبر سے خاص جناب بوطالبؓ مراد لینا خالی
تکلف سے نہین ہی اب یہ تکلف اور احتمال ہی تسلیم کر لین کہ عمک سے ابوطالبؓ مراد لی تو شیخ اور ضال دونو
لفظ ایسے ہین کہ جیسا لفظ عمک کا ہی کہ شیخ اور ضال بھی تینون چچا دنپر صادق آتا ہی کسی طرح فائدہ تشخیص کا نہین
دیتا پھر ایسے زوائد کلام مین افصح الفصحا کی جو بعد رسولؐ افصح عرب مشہور تھے محال اور غیر ممکن ہین اب رہا
جواب پیغمبر خدا کا اذھب فوارا باک علی ھذا اسمین بھی باک زائد ہی اذھب فوارہ کافی تھا اس لیے کہ
مجرا معروف ہی سامع سے پس شیخ اور ضال کلام مولانا علیؑ مین اور باک کلام خیر الانام مین بے فائدہ اور
زائد اور ایسے زوائد غیر مفید الفاظ کلام فصحا مین بلاشک ولاریب معیوب ہین کیونکر ممکن ہی کہ ایسے زوائد
کلام علی و نبی مین فصیح قرار پا ہین بلکہ اس حدیث سے تو ایک جاہل بھی یہی سمجھے گا کہ حضرت علیؑ نے پیغمبر خدا
پر طعن کیا اور توہینا آپکا چچا بڈھا گمراہ کہا ورنہ ان ابی قد مات کہتے یا اگر باپ کہنا کافر کو مکروہ سمجھتے تھے

توہین ابا طالب قد مات کہنے سے اس طرح تو یہ ہی کہ پیغمبر خدا نے بھی ویسا ہی جواب دیا اور وہ یہ ہی تو ہین کی علی کی
کہ جسکو تم شیخ ضال کہتے ہو وہ تمہارا باپ تھا حاصل اس حدیث کا یہ ہی کہ علی نے پیغمبر خدا کو طعنہ دیا اور کہا یعنی
عمک الشیخ الضال کہا اور اسی طرح پیغمبر خدا نے بھی رد کے طعن کے یعنی اذھب فوار اباک فرمایا معاذ اللہ
معاذ اللہ اگر یہ ہی عبارت اس حدیث کی اسی معنی میں ہی تو یہ کلام فصیحانہ ہی یا تقریر عامیانہ بلکہ صاف صاف
گالی گلوج ہی کہ علی کو بسبب کفر ابو طالبؑ کے باپ کہنا پسند نہ آیا اور مجمع عام مین پیغمبر خدا کو ذلیل کیا کہ تیرا
چچا بڈھا گمراہ مرگیا اور پیغمبر برحق کو بھی یہ نسبت ناپسند ہوئی اور اسی مجمع مین اپنا عوض لے لیا کہ میرا چچا نہین بلکہ
تیرا باپ بڈھا گمراہ حالانکہ ابو طالبؓ دونو صاحبون کے باپ تھے ایک صاحب کے حقیقی اور ایک صاحب
کے مجازی پھر خواہ یہ انکو طعنہ دین خواہ وہ انکو مآل واحد ہی اور نیز یہ عبارت اگر فصیح قرار دی جائے تو
فصاحت اور بلاغت کا نام ہی مفقود ہو جائے پھر کسطرح یہ حدیث صحیح قرار پا سکتی ہی بلکہ اس عبارت کو
نسبت بہ حدیث دینا ہی کفر ہی کہ گنوار دیہاتی بھی ایسی گفتگو کو مکروہ جانتے ہین مگر آپ چونکہ اس قسم کی گفتگو
کے عادی ہین بفخر و مباہات بیان کر رہے ہین کہ پیغمبر اور وصی پیغمبر مین فیما بین گالی گلوج بھی ہوتی تھی افسوس
ہزار افسوس ہی ایسے معاندین و منافقین نے دین اسلام کو ذلیل و برباد کر ڈالا اور کوئی دقیقہ ذلت و
خواری کا ابتک اٹھا نہین رکھا مگر حق تعالے وعدہ فرما چکا ہی بقولہ تعالی واللہ متم نورہ ولو
کرہ الکافرون تا قیامت یہ دین کامل باقی رہیگا اگرچہ منافقین و معاندین بردہ اسلام مین بیخ کنی اسلام
کرتے ہین مگر حافظ حقیقی تا قیام قیامت اس دین اسلام کا حافظ ہی ثالثاً تھوڑی دیر کے لیے ہم فرض کیے
لیتے ہین کہ یہ حدیث صحیح ہی اور جو مکالمہ اسمین مذکور ہی وہ خلاف شان نبی و وصی نہین ہی تو بھی جو مقصد آپکا ہی
وہ حاصل نہین ہوتا کیونکہ قایل کہسکتا ہی کہ یہ سوال و جواب پیغمبر خدا اور وصی مصطفے مین خاص معنون مین
واقع ہوئے ہین وہ معنی یہ ہین قال امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب قلت للنبی ان عمک
الشیخ الضال قد مات یعنے امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے فرمایا کہ مین نے عرض کیا نبیؐ سے
ان عمک کہ تحقیق کہ چچا آپکے ہین جناب امیر علیہ السلام نے یہ کیون نہ فرمایا کہ ان ابی الخ یعنے میرے باپ
اسکا سبب یہ تھا کہ اپنے باپ کی قدر و منزلت کو اعلے اور ارفع کرکے بیان فرمائین اس لیے کہ جناب
ابو طالبؓ علو مرتبت اور سمو منزلت مین یکتائے زمانہ تھے کہ باپ تھے خلیفہ و داماد و برادر رسول خدا کے
اور چچا اور مجازی باپ تھے پیغمبر آخر الزمان محمد مصطفےٰ صلعم کے پس منسوب کیا جناب ابو طالبؓ کو سید مرسلین
سے بعد اسکے فرمایا الشیخ جسکا ترجمہ اپنے وہ بڈھا رقم فرمایا حالانکہ کوئی چچا پیغمبر خدا کے جوان نہ تھے جن سے
اس لفظ شیخ نے تمیز دی ہو بلکہ یہان پر شیخ کے معنے بزرگ کے ہین اور بزرگی حضرت ابو طالبؓ مین کوئی
شک نہین اسلیے کہ اور مربی و کفیل تھے رسول خدا کی اس سبب سے کہ صغر سنی سے پرورش کیا تھا اور
ابتدا سے تا وقت وفات جناب ابو طالبؓ سید المرسلین نے کوئی امر مخالف جناب ابو طالبؓ نہین کیا جناب

جناب ابو طالبؑ چاہتے تھے لے جاتے تھے جہان چاہتے تھے بٹھاتے تھے سلاتے تھے جو کچھ چاہتے تھے
کھلاتے تھے پلاتے تھے پہناتے تھے جس چیز کی حضرت رسالت مآبؐ طلب کرتے تھے جناب ابو طالبؑ
حاضر کرتے تھے حتےٰ کہ کوئی امر آنحضرتؐ بغیر مشورہ جناب ابو طالبؑ نکرتے تھے اکثر امور وحی کا ابلاغ بوساطت
ورسالت جناب ابو طالبؑ فرماتے تھے جیسا کہ مذکور ہو چکا ہی کہ عہد نامہ کفار عرب کو دیمک کھا گئی اور جبرئیل
نے خبر دی حبیب رب العالمین کو حبیب خدا نے اپنے حبیب کو مطلع کیا اُسیوقت جناب ابو طالبؑ گئے اور
مجمع کفار مین اُس وحی کا اعلان کیا کہ محمدؐ کو اُسکے خدا نے خبر دی ہی اگر اس قول مین محمدؐ سچے ہین تو حق انکی طرف
ہی ورنہ تمکو اختیار ہی جو چاہنا کرنا غرض ان حالات سے تمام کتب تواریخ و سیر مملو ہین اور بقدر ضرورت ہم بھی
لکھ چکے ہین مراد لفظ شیخ سے یہ ہوئی کہ آپکے بزرگ اور مربی اور کفیل نے انتقال کیا اس مقام پر یہ گمان
نہو کہ ہم معنی شیخ مین مربی کا لفظ اپنی طرف سے لکھ گئے نہین نہین بلکہ کلام علما مین ربّ کا لفظ بہ نسبت
جناب ابو طالبؑ کے متعارف ہی چنانچہ برزنجی اور زینی رقم فرماتے ہین کہ اس عبارت سے ذکر ابو طالبؑ
کا کرنا پیدا دیتا ہی نبیؐ کو لان ابا طالبؑ رب النبی وکان یحبہ اسواسطے کہ ابو طالبؑ نے پرورش نبیؐ کی
تھی اور محبت رکھتے تھے اُنسے پھر بعد عمک الشیخ کے انتقال فرمایا اور آپنے ضال کے معنے گمراہ کے
لیے حالانکہ یہ معنی بھی غیر مناسب ہین اور ممیز و مفرق بھی نہین ہوسکتے اسلیے کہ اُسوقت تک جناب عباسؓ
اور حضرت ابو طالبؑ اور ابو لہب بھی زندہ تھے بڈھا گمراہ اُنپر بھی صادق آتا تھا اور ابو لہب تو بجمیع الوجوہ
ان الفاظ کا مستحق تھا بلکہ مراد جناب امیر المومنینؑ کی یہ تھی کہ جو آپ کا محبوب و عاشق تھا اُسنے وفات فرمائی
اس لیے کہ ضال کے معنے مغلوب اور عاشق کے ہین چنانچہ سورہ یوسف مین حق تعالے برادران یوسف
کا مقولہ بیان فرماتا ہی کہ کہا اُنھون نے ان ابانا لفی ضلال مبین یعنے ہمارا باپ مغلوب عشق یوسف
مین اور نیز حق سبحانہ تعالے فرماتا ہی اپنے حبیب سے وجدک ضالا فہدی یعنے پایا مین نے تمکو مغلوب
اور عاشق پناہ پس ہدایت کی مین نے طرف رسالت کے اور کردیا تمکو خاتم المرسلین پھر دوسرے مقام پر فرماتا
اذا وانا من الضالین یہ لفظ ضال پسران یعقوب نے اپنے باپ کو کہا حق سبحانہ تعالے نے اپنے حبیب کو
خطاب کیا اسی لفظ ضال سے اُسیطرح حضرت علیؑ نے بھی اپنے باپ کو ضال فرمایا اب اس حدیث کی عبارت کے
یہ معنے ہوئے کہ تحقیق آپ کا چچا جو بزرگ مربی اور کفیل اور عاشق تھا اور آپ کے عشق مین مغلوب تھا تمام دنیا
ومافیہا کو بھولا ہوا تھا اُسنے وفات فرمائے اب جناب پیغمبر خداؐ سنیے فرمایا اذھب فوارہ بابک یعنے لیجا اور دفن کرو
اپنے باپ کو یہ تخصیص جو اباک کی فرمائی اُسکی وجہ بھی یہ تھی کہ جو ان اوصاف کا جامع ہی کہ مربی اور محسن ہی بیا
وہ تمہارا باپ ہی یعنے ایسے فخر عرب عالی ہمت والا مرتبت مہربان محسن اور عاشق اور مربی کے تم فرزند ہو اگر
کہا جائے کہ ان اوصاف عالیہ کو ایسے الفاظ مین کیون ذکر کیا تو جواب اسکا یہ ہی کہ شاید مقصود یہ ہو کہ اُس وقت
تک جو جو [illegible] وعظ وپند جناب ابو طالبؑ نے تمام بنی عبد المطلبؑ اور قریش کو کی تھی [illegible]

برباد نہ ہوجائے اور قدر و منزلت اُنکی وصیت اور وعظ و پند کے دلون مین تمام بنی عبد المطلب اور قریش کے
باقی رہے بالجملہ شیخ وضال کا اُن معانی مین مستعمل ہونا جنکو آپنے رقم کیا ہی کسی طرح درست نہین ہوتا اسیوجہ سے
آپ کے علما بھی بناچاری ان الفاظ سے یاد کرنے کو مدارات پر محمول کرتے ہین چنانچہ برزنجی اور زینی بھی رقم
فرماتے ہین لعل علیا رضی اللہ عنہ قال ذلک بحضور سفہاء المشرکین مداراة لہم یعنے شاید
علی رضی اللہ عنہ نے سفہاے مشرکین کے سامنے اُنکی مدارات کے لیے فرمایا ہو **قولہ** ابن ابی شیبہ کی روایت
مین یون ہی مولے علیؑ نے عرض کی ان عمک الشیخ الکافر قد مات فما تری فیہ حضور کا چچا وہ بڈھا
کافر مرگیا اُسکے بارے مین حضور کی کیا رائے ہی یعنے غسل وغیرہ دیا جائے یا نہین سید عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا اری ان تغسلہ وتجنہ نہلا کر دبا دو **اقول** بن ابی شیبہ کی روایت مین کسی طرح کیون نہ ہو مومن
خالص ہونا جناب ابوطالبؑ کا ہرطرح ثابت ہی مگر آپ مولے علی فرماکر مصداق یقولون بافواھھم مالیس
فی قلوبھم کیون بنی شاید باتباع خلیفہ ثانی رضی اللہ آپنے بھی قرار فرمایا کہ اُنھون نے بھی قرار فرمایا تھا
اور مجمع عام مین بخ بخ لک یا بن ابی طالبؑ اصبحت وامسیت مولای ومولی کل مومن ومومنة
فرمایا تھا جسکو ہم سر العالمین امام غزالی سے نقل کر آئے ہین جسکے آخر مین امام غزالی فرماتے ہین وبعد
ھذا غلب الھوی لحب الریاسة اب رہے کافر کے معنے ساتر کے ہین ذرا قاموس یا کوئی دوسری
کتاب لغت بھی ملاحظہ فرمائیے اور یہ امر تو ظاہر ہی کہ جناب ابوطالبؑ اپنے ایمان کو کفار سے پوشیدہ کیے
ہوئے تھے جیسا کہ مومن آل فرعون پس فرمانا مولے علی کا ان عمک الشیخ الکافر کوئی قباحت نہین رکھتا
معنے یہ ہوئے کہ آپ کا چچا اور مالک و مربی کہ جو اپنے ایمان کو پوشیدہ کیے ہوئے تھا اُسنے انتقال کیا اب
کیا رائے ہی یہ سوال مولے علی کا استفسارًا اور استشنا تھا جسکے جواب مین جناب رسالتمآب نے فرمایا
جاؤ نہلا کر دفن کردو اگر جناب ابوطالبؑ اپنے اسلام کو ظاہر کر چلے ہوتے تو استفسار کی حاجت کیا تھی کہ
کہ احکام غسل وکفن ودفن مخفی نہ تھے کافر مومن کو مومن تجہیز و تکفین کرتے تھے اور اب تک وہی احکام جاری ہین
اور تفصیل اسکی آتی ہی ثانیًا برزنجی نے بہت سی روایتین نقل کین ہین جو دلالت کرتی ہین نجات جناب بوطالبؑ
پر اور یہ بھی کہا ہی کہ اگرچہ بعض اُنمین کے ضعیف ہین مگر اپنے کثرت کی وجہ سے بعض حدیث بعض کو توت
دیتی ہی اور اکثر اُنمین کے صحیح ہین چنانچہ ایک حدیث صحیح یہ بھی ہی کہ جسمین ذرا بھی ضعف نہین ہی اخرج ابن
سعد وابن عساکر عن علیؑ قال اخبرت رسول اللہ بموت ابی طالبؑ فبکی وقال اذھب
فاغسلہ وکفنہ وواره غفر اللہ لہ ورحمہ یعنے ابن سعد اور ابن عساکر نے علیؑ سے روایت
کی ہی کہ فرمایا حضرت علیؑ نے کہ مین نے خبر دی رسول اللہ کو انتقال ابوطالبؑ کی آنحضرت یہ سنتے رو دیے اور
پھر فرمایا کہ تم جاؤ اور غسل و کفن دیکر دفن کرو اللہ اُنکو بخشے اور اُنپر رحم کرے سیرۂ حلبیہ مین مذکور ہی کہ اسی
حدیث کو ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور ابن خزیمہ وغیرہ نے بھی بیان کیا ہی اور نبیرہ جوزی

تذکرہ مین ابن سعد سے اور واقدی محمد ابن اسحاق سے باسناد صحیح اور باسناد خود اسی روایت کو نقل کرتے ہین
اور یہ زیادہ کیا ہی فقال لہ العباس یا رسول اللہ انک لترجو لہ فقال ای والله لا رجو لہ
وجعل رسول الله یستغفر لہ ایاما لا یخرج من بیتہ یعنے بعد کفن و دفن جناب ابوطالبؑ کے
جناب عباس نے عرض کی یا رسول اللہ بتحقیق آپ امید نجات ابوطالبؑ رکھتے ہین جواب دیا آپنے کہ قسم
خدا کی البتہ مین امید رکھتا ہون اُنکے واسطے پھر زینی و برزنجی طبقات سے ابن سعد کے اور ابن عساکر
باسناد صحیح روایت کرتے ہین وقد صح ان العباس سئل رسول الله اترجو لابی طالب خیرا
قال کل الخیر ارجو من ربی یعنے صحیح اور ثابت ہی کہ عباس نے پوچھا جناب رسول خدا سے کہ آپ امید
خیر کی رکھتے ہین ابوطالبؑ کے واسطے فرمایا کہ مین امید کل خیر کی رکھتا ہون مین اپنے پروردگار سے نیز
جوزی نے واقدی سے اور اُسنے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ عارض رسول الله وفی بعض
النسخ عن رض جنازة ابیطالبؑ فقال وصلت لرحم وجزاک الله یا عم خیرا یعنے وقت
عارض ہونے یا عارض کے جانے جنازہ ابوطالبؑ کے پیغمبر خدا نے فرمایا صلہ رحم کیا تو نے اے عم میرے
خدا تمکو جزائے خیر دے محب الدین طبری ذخائر العقبیٰ مین اور امام ابونعیم بسند صحیح ابن عمر سے روایت کرتے
ہین قال قال رسول الله اذا کان یوم القیامة شفعت لابی وامی وعمی ابیطالبؑ واخ لی
فی الجاهلیہ وصح ابونعیم بان الاخ کان لہ من الرضاع پیغمبر خدا نے فرمایا جبکہ قیامت
برپا ہوگی تو شفاعت کرونگا مین اپنے باپ اور مان اور چچا ابوطالبؑ اور اپنے بھائی کی کہ جو جاہلیت مین
تھا ابونعیم نے تصریح کی ہی کہ جناب رسالتمآبؐ کا کوئی بھائی نسبی نہین تھا اور بھائی کا خطاب اپنے برادر
رضاعی کے حق مین فرمایا ہی پس ان احادیث سے چند امور ثابت ہین اول تو یہ کہ اگر جناب ابوطالبؑ کافر ہوتے
تو جناب امیر المومنینؑ علی کو حاجت استفسار نہ ہوتی کہ احکام اموات کے مشہور تھے کافر کو کافر مومن کو مومن
دفن کرتے تھے امر ثانی خبر انتقال ابوطالب سنکر جناب رسول خدا صلعم رنجیدہ ہو کر بکا نفرماتے اور بروایت
واقدی بکا بکاء اشدیدا یعنے بیچین ہو کر شدت سے نہ روتے امر ثالث حکم تجہیز و تکفین و تغسیل
بایں الفاظ کہ جو دلالت کرتے ہین وجوب پر نہ دیتے بلکہ حکم دیتے کہ چھوڑ دو اُنکو درمیان طالب و عقیل
اور دیگر اقربائے کفار کے امر رابع جناب رسول خدا صلعم دعائے رحمت و غفران نفرماتے اور بدلائل
قطعیہ ثابت ہی کہ دعائے آنحضرت بلا توقف مقبول ہی امر خامس جناب عباسؓ سے وعدہ حتمی و اقرار
قطعی نکرتے اور قسم نفرماتے کہ ای والله کل الخیر ارجو من ربی حالانکہ خیر و نجات آخرت اصلا اور ابدا
کفار و مشرکین کے لیے ثابت نہین بلکہ بلا تخفیف عذاب درک اسفل نار اُنکا مقر ہی امر سادس وعدہ شفاعت
یوم القیامت اپنے والدین اور اپنے چچا جناب ابوطالبؑ اور اپنے بھائی رضاعی کے لیے نہ فرماتے بقولہ
تعالیٰ لا تنفعهم شفاعة الشافعین پس شفاعت باوجود اس نص صریح کے دو حال سے خالی نہین یا تو

عبث قرار پاتی ہی یا معصیت اور یہ دونو امر لائق شان انبیا نہین ہین چہ جائیکہ سید المرسلین صلعم بلکہ ایسے شخص کی
مغفرت کی اُمید بھی کر نہین سکتے بقولہ تعالیٰ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ و یغفر ما دون ذلک
کہ یہ آیہ عام اور قطعی ہی پس وعدہ شفاعت کرنے اور طلب مغفرت کرنے اور دیگر وجوہات مذکورہ سے صاف
صاف واضح ہی کہ جناب ابو طالب مومن تھے ثالثاً اہل سنت وجماعت کے مذہب مین ایسے کافر کو غسل و
کفن دینا اُسکے قرابت دار مسلمان کو جائز نہین کہ جسکے اقربائے کفار موجود ہون چنانچہ نیل المارب شرح دلیل الطالب
علی مذہب الامام بن حنبل مین کہ جو تصنیف شیخ الامام عبد القادر ابن عمر الشیبانی سے بھی موجود ہی کہ مسلمان میت
کافر کو غسل نہ دے اگرچہ ذمی بھی ہو اور برابر ہی کہ وہ میت کسی کافر قریب کی ہو یا اجنبی کی اسیطرح کفن دینا اور
اور اُسپر نماز جنازہ پڑھنا بھی جائز نہین کہ یہ سب امور دلالت کرتے ہین تولے پر اور دوستی پر اور حق تعالیٰ
فرماتا ہی کہ ای مومنو دوستی نہ رکھو اُس قوم سے کہ جسپر حق تعالےٰ نے غضب کیا ہی اسلیے کہ نماز جنازہ پڑھنا شفاعت
چاہتا ہی اور کافر لائق شفاعت نہین ہی اور مشایعت جنازہ تعظیم ہی اور کافر لائق تعظیم نہین بلکہ جب اُس کافر کی
میت کا کوئی قریب کا دفن کرنے والا نہ ہو تو اُسکو دفن کر دے خواہ وہ ذمی ہو خواہ حربی خواہ مرتد ہو خواہ
مستامن مواہب الرحمن فقہ ابی حنیفہ النعمان اور اُسکی شرح مین ہی کہ اگر کوئی کافر مر جائے اور اُسکا کوئی قریب
مسلمان ہو اور کوئی کافر قرابت دار اُسکا نہ ہو تو اُسکو غسل میت مثل ثوب نجس دے اور اُسکو ایک خرقہ مین ملفوف
کر کے ایک حفرہ مین ڈالدے اور مراعات سنت کی نہ کیجائے کہ اُسکی حیات مین بھی محافظت اُسکی نہ کی گئی تھی
ایسا ہی اُسکی وفات کے بعد بھی نہ کی جائے گی یا اُسکو اُسکے اہل مذہب کو سونپ دین کہ وہ اُسکے ساتھ وہ معاملہ
کرین جو اپنے اموات کے ساتھ کرتے تھے مراقی الفلاح بامداد الفتاح شرح نور الایضاح ونجات الارواح مین
لکھے ہین کہ اگر کسی کافر کی میت کا کوئی ولی کافر نہ ہو اور مسلمان قریب اُسکا موجود ہو تو اُسکو مثل ثوب نجس غسل
دے اور دفن کر دے ثم ذلک فتاوائے خیریہ فی نفع البریہ علی مذہب الامام الاعظم ابی حنیفہ النعمان مین موجود ہی
سئل فی مسلم تولی غسل میت نصرانی وتکفینہ ودفنہ فہل یلزمہ بذلک اثم او تعزیر
اولا اجاب حیث لم یراع فی ذلک ما یراعی فی غسل المسلم وتکفینہ ودفنہ لا یلزم فیہ
اثم ولا تعزیر لکن ان کان لہ اقارب من النصاری فالاولی ان یترکہ لہم ومع ھذا لو لم
یترک فقد باشر خلاف الاولی لم یرتکب محظورا یعاقب علیہ ومن المصرح بہ ان المیت
الکافر یغسلہ قریبہ المسلم لکن غسل الثوب النجس من غیر وضوء ولا ابتداء من الیمین
المعتاد حتی یجب علیہ بل لا باس ان یفعلہ معہ ویکفنہ فی ثوب غیر مراع سنتہ فی کفنہ و
یدفنہ فی حفرۃ من غیر لحد ولا توسعۃ فان راعی ما نصت العلماء علیہ فی غسل المسلم
وتکفینہ ودفنہ فقد ارتکب محظورا بلا شک لانہ ممنوع عنہ شرعاً واللہ اعلم ترجمہ
سوال کیا گیا کہ مسلم متولی غسل میت نصرانی ہوا اور اُسکو کفن اور دفن کرے تو اُسپر گناہ اور تعزیر لازم ہی یا نہین جواب دیا

جو رعایتیں کہ مسلم کے غسل و کفن و دفن میں کیجاتی ہیں انہیں نہیں کیا تھا تو انہیں کوئی گناہ بھی نہیں ہوا و تعزیر بھی
نہیں لیکن اگر اُسکے اقارب کفار سے موجود ہوں تو درست ہے کہ چھوڑ دیا جائے انہیں اور باوجود اُنکے بھی
اُسکو ... کیا تو بہ تحقیق خلاف اولےٰ کیا اُسنے مرتکب نہوا وہ ایسے محظور کا کہ جو لائق عقاب ہو اور بعینہ مصرح
سے استنباط ہوا کہ بہ تحقیق میت کافر کو غسل دیگا اُسکا قریب مسلم لیکن مثل غسل ثوب نجس کے بغیر وضو کے اور یہ
معنے نہیں ہیں کہ وہ اُسپر واجب ہے بلکہ نہیں خوف ہے کہ جب وہ ساتھ اُسکے اولٰی ہے اُسکو ایک کپڑے
میں بغیر رعایت سنت کے اور دفن کرے اُسکو حفرہ میں بغیر لحد کے اور نہ وسیع کرے اُسکی قبر کو پس اگر رعایت
کی اُسکی کہ جو نص کیا ہے علمانے غسل مسلم میں اور اُسکے دفن و کفن میں پس بہ تحقیق مرتکب ہوا وہ بلاشک محظور کا
اسواسطے کہ وہ ممنوع ہے اس سے شرعاً فقط پس واضح ہوگیا کہ میت کافر کا ولی مومن اُسوقت ماذون ہے کہ اقربائے
کفار سے اُسکے کوئی نہو اور اگر موجود ہو تو اُسے سونپ دے اور اُسپر بھی اُسنے نہ سونپا اور دفن و کفن کیا
تو ترک اولے کیا اور اگر رعایت سنت کی بھی کی تو لائق عقاب ہوا پس کوئی مسلمان آپکی بات کو مانیگا اور یقین
کریگا کہ جناب ابوطالب کافر تھے اور پیغمبر خدا نے حکم دیا اس فعل کا کہ جو لائق عقاب تھا یا جسکا ترک اولے تھا
کہ عقیل و طالب دیگر اقربا جناب ابوطالبؑ کے موجود تھے اب آپ یا اعتراف کریں کہ جناب رسالتمآب نے
حکم دیا فعل ترک اولے کا اور اُس فعل کا جو لائق عقاب تھا یا علمائے اعلام نے خصوصاً علمائے حنفیہ نے اجتہاد کیا
بمقابلہ نص کے اور فعل واجب یا مسنون کو ترک اولے اور لائق عقاب ٹھہرایا حالانکہ یہ دونوں امر غیر معقول بالبداہت
ہیں آپ اتنا بھی نہیں جانتے کہ اصول فقہ میں ثابت ہو چکا ہے کہ امر آنحضرت حقیقتاً واسطے ایجاب کے ہیں
کہ صیغہ امر سے ترجیح فعل کی لازم ہوتی ہے اور اباحت میں مساوات اور یہاں تو ارتکاب ترک اولے کا ہے پس
کوئی جاہل بھی یہ کہسکتا ہے کہ پیغمبر برحق ایسے فعل کو واجب یا مستحب فرماویں بلکہ یہی حدیث اور یہی اقوال علما
اور یہی مسائل منقولہ مصرح اور مبین ہیں کہ جناب ابوطالبؑ مومن کامل اور محب خالص اور محبوب صادق پیغمبر خدا
صلعم کے تھے پس ہر مومن کو لازم ہے کہ باتباع حضرت سید المرسلین صلعم ذکر وفات جناب ابوطالب سنکر محزون
و غمناک ہو اور بکائے شدید کرے اور غفر اللہ لہ و رحمہ و جزاہ اللہ اُنکی شان میں کہے اسلیئے کہ یہ سب افعال
و اقوال آنحضرت ہیں اور افعال و اقوال آنحضرت یا واجب ہیں یا مستحب ہیں پس بالضرور فاعل ان افعال کا
اور قائل ان اقوال کا عند اللہ و عند الرسول مثاب اور ماجور ہوگا اور منکران امور کا منافق اور مرتد اور
موذی خدا اور رسول ہونا ثابت ہے رابعاً ہدایہ کی عبارت و اذا مات الکافر ولہ ولی مسلم فانہ
یغسلہ ویکفنہ ویدفنہ وبذالک امر علی فی حق ابیہ ابیطالب لکن یغسل غسل الثوب النجس
ویلف فی خرقۃ ویحفر حفیرۃ من غیر مراعات التکفین واللحد ولا یوضع فیہ بل یلقی
ترجمہ میت کوئی کافر مرے اور ولی اُسکا مسلمان موجود ہو تو اُسکو غسل و کفن دے اور دفن کردے اور ساتھ
اسیکے حکم دیے گئے علیؑ اُنکے باپ ابوطالبؑ کے حق میں لیکن غسل دے مثل غسل ثوب نجس اور لپیٹا جائے

ایک خرقہ مین اور ایک گڑھا کھودا جائے بغیر رعایت تکفین و لحد کے اور نہ رکھا جائے اُسمین بلکہ ڈال دیا جائے
اُسمین انتہی یہ عبارت ہدایہ کی خود ہی معیوب و رمقدوح ہے بچند وجہ اول وان کان لہ ولی مسلم فانہ یغسلہ
مطلق مذکور ہے ابن ہمام فتح القدیر مین فرماتے ہین کہ جواب اس مسئلہ کا مقید ہے اور یہ ہے اذا لم یکن لہ
قریب کافر وان کان خلی بینہ وبینہم ویتبعہ الجنازہ من بعید یعنے جسوقت ہو اُسکا ولی
کافر اور اگر ہو تو چھوڑ دیا جائے درمیان اُسکے اور درمیان اُن لوگون کے اور جنازہ سے دور دور چلے
اسی قید سے جناب ابو طالبؑ کا مومن ہونا ثابت ہو گیا کہ عقیل و طالب ور دیگر اقربا کہ اُسوقت تک اسلام
سے مشرف نہ ہوئے تھے موجود تھے اگر جناب ابو طالبؑ کافر ہوتے تو بالضرور پیغمبر برحق فرماتی خل بینہ
وبینہم دویم صاحب ہدایہ لکھتے ہین وبذا الشاھد فی حق ابیہ ابیطالبؑ پس جب جواب اس مسئلہ کا
مقید ٹھرا تو یہ عبارت مہمل اور بے ربط ہوئی پھر اسی ہدایہ پر بہ نشان حاشیہ لکھا ہے روایت کی سعد نے طبقات
مین قال علی لما اخبرت النبی بموت ابی طالبؑ بکی ثم قال لی اذھب فاغسلہ وکفنہ وواره
قال ففعلت ثم اتیتہ فقال لی اذھب فاغتسل پس روتا اور محزون وغمناک ہونا اور بکا فرمانا
آنحضرت صلعم کا دلالت کرتا ہے کہ کسقدر دوست رکھتے تھے جناب ابو طالبؑ کو سیوم اور صاحب ہدایہ
کا لکھنا لکن یغسل غسل الثوب النجس یہ استثنا مستثنے ہے قول آنحضرت سے کہ حضرت نے تو فاغسلہ
وکفنہ فرمایا ہے نہ کوئی قید لگائی ہے نہ استثنا کیا ہے اور نیز غسل ثوب نجس واسطے تطہیر کے ہے اور تطہیر میت کافر
کی ناممکن ہے تو غسل دینا میت کافر کا عبث ہوا اور فعل عبث کا وجوب یا استحباب کیطرح ثابت نہین چہارم
صاحب نہایہ اسی ہدایہ کی شرح یون کرتے ہین کہ یہ مطلق بیان لفظ جامع صغیر ہے اور اصل مین یون ہے و
ذکر فی الاصل کافر مات ولہ ابن مسلم یغسلہ ویکفنہ ویدفنہ اذا لم یکن ھناک من
قرابتہ الکافر من یتولی امرہ فان کان یباعد ما الاولی ان یخلی مسلم بینہ وبینہم لیصنعوا
بہ ما یصنعون بموتاھم ترجمہ کافر مرا اور اسکا لڑکا مسلمان ہے وہ اُسکو غسل دے کفن دے اور دفن کردے جسوقت
کہ اُسکے اقربائے کفار سے ایسا نہ ہو جو اس کام کو انجام دے سکے اور اگر ہو کوئی تو ادلے یہ ہے کہ اُسکو
سونپ دے کہ جو معاملہ وہ اپنے اموات کے ساتھ کرتے ہین کرین انتہی پنجم یاد رہے اس سبب مردون کے اصول
فقہ مین مذکور ہے ملاحظہ فرماسیے نورالانوار سے آنکھونکو نورانی فرمائی کہ ہر مطلق محمول ہے مقید پر عبارت منارکی
یہ ہے والمطلق محمول علی المقید یعنے مطلق مقید پر محمول ہے نورالانوار مین اسکی عبارت کی شرح فرماتے
ہین المطلق ھو المتعرض للذات دون الصفات لا بالنفی ولا بالاثبات والمقید ھو المتعرض
للذات مع صفة منہا ... فی ... فالمطلق محمول علی المقید ای یراد
بہ المقید ترجمہ مطلق متعرض للذات ہے نہ صفات کے نہ ساتھ نفی کے اور
نہ ساتھ اثبات کے اور مقید متعرض للذات مع الصفات ہے پس جب یہ دونو کسی مسئلہ شرعیہ مین وارد ہونگے

تو مطلق محمول ہوگا مقید پر یعنے مراد اُس مطلق سے مقید لی جائیگی اور محشی قمر الاقمار بیت اسی نور الانوار پر پرنشان
ث لکھتے ہین قولہ محمول لان المطلق ساکت و مجمل والمقید ناطق و مفسر فیحمل المطلق علیہ
وفیہ ان المطلق لیس بساکت ولا مجمل بل ھو دال علی ثبوت الحکم فیہ ترجمہ اسواسطے کہ مطلق
ساکت ہی اور مجمل اور مقید ناطق ہی اور مفسر پس حمل کیا جائیگا مطلق اوپر مقید کے اور اُسی مین ہی کہ مطلق ساکت
بھی نہین ہی اور مجمل بھی نہین ہی بلکہ وہ دلالت کرتا ہی ثبوت حکم پر کہ جو اُسمین ہی انتہی پس عبارت ہدایہ کی گرچہ
مطلق ہی مگر محمول کیجائیگی مقید پر اور ثبت یہان جناب ابوطالبؓ قرار پائیگی مگر ہمتو آپکی اور آپکے اجتہاد کے
تعریف کرتے ہین سبحان اللہ کیا عبور ہی آپ کو معقول و منقول پر اور کیسی دستگاہ کامل ہی فقہ و اصول پر
اور کیا قوت ذکا آپنے پائی ہی قید وصفی کی طرف بھی ملاحظہ نہین فرماتے کتب فقہ کی جانب بھی التفات
نہین کرتے اقوال ائمہ اربعہ بھی پس پشت پھینکے دیتے ہین اپنے اجتہاد اور مہارت علمی پر کیا غرہ اللہ
کی پناہ یہ قوت حدسیہ ہی کہ اغوائے شیطانیہ مقید کو مطلق پر محمول فرما رہے ہین برعکس نہند نام زنگی کافور
کے مصداق بنے جاتے ہین خامساً محشی ہدایہ نے ابن سعد سے جو روایت نقل کی ہی اُسیکو نور الہدایہ
شرح وقایہ مین باین اسناد لکھا ہی اخبرنا محمد ابن عمر والواقدی تنی معاویہ ابن عبداللہ ابن ابی
رافع عن ابیہ عن جدہ عن علی قال لما اخبرت النبیؐ لموت ابی طالب بکی ثم قال اذھب فاغسل
وکفنہ وواری قال ففعلت ثم اتیتہ فقال لی اذھب واغتسل بعد ترجمہ کرنے اس حدیث کے
لکھتے ہین کہ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ غسل دینے والے کو بعد غسل میت کے غسل واجب ہوتا ہی اور ایسی ہی روایت
کی ابو داؤد نے حضرت عائشہ سے کہ تھے حضرت صلعم غسل کرتے جنابت سے اور دن جمعہ کے اور غسل میت
سے اور یہ ضعیف ہی اور روایت کی سی ترمذی نے مرفوعاً کہ جو غسل دے میت کو سو غسل کرے اور جو
اٹھائے اُسے تو وہ وضو کرے حسن کہا اُسکو ترمذی نے اور ضعیف کہا اُسکو جمہور نے اور اس باب مین
کوئی حدیث صحیح وارد نہین ہوئی انتہی پس اسی حدیث سے مومن ہونا جناب ابوطالبؓ کا ثابت ہی کہ آخر روایت
مین جو اغتسل واقع ہی تو صاحب نور الہدایہ لکھتے ہین کہ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ غسل دینے والے کو بھی بعد غسل
میت کے غسل واجب ہوتا ہی اسیطرح دوسری روایت ابو داؤد اور عائشہ سے بھی وجوب غسل کے بابمین
مذکور ہی اور نیز ترمذی سے حدیث مرفوعاً بھی ذکر کی پھر یہ بھی کہا کہ ضعیف کہا اُسکو جمہور نے اور اس باب مین
کوئی حدیث صحیح وارد ہی نہین ہوئی جب یہ ثابت ہوگیا کہ کوئی حدیث صحیح اس بارے مین وارد ہی نہین ہوئی اور
جمہور اُسکو ضعیف فرما چکے تو یہ حدیث بدرجہ اولے صحیح نہوئی کہ من جملہ اُنھین حدیثون کے ایک یہ بھی حدیث
ہی اور صاحب نور الہدایہ نے جو اغتسل سے وجوب غسل غاسل میت کا مسئلہ نکالا اور دوسری حدیثین اور اقوال
اُسکے وجوب مین بیان کیے اُس سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جسطرح اغتسل صیغہ امر ہی اُسی طرح تو فاغسلہ وکفنہ
وواراہ بھی ہی تو جسطرح وجوب غسل کا غاسل میت پر لازم آیا اُسطرح وجوب غسل دینے کا بھی علی پر لازم ہوگیا

صاحب منار مبحث امر مین لکھتے ہین الامر وھو قول القائل لغیرہ علی سبیل الاستعلاء افعل یعنی
بعض اقسام خاص سے امر ہی اور وہ قول ہی قائل کا کہ اپنے غیر سے علی سبیل الاستعلاء کہے افعل صاحب نور
الانوار اُسکی شرح کرتے ہین ومن الخاص الامر یعنی مسمی الامر لا لفظ لانہ یصدق علیہ
انہ لفظ وضع لمعنی معلوم وھو الطلب علی الوجوب یعنی بعض خاص سے امر ہی یعنی مسمی
امر کا نہ لفظ اُسکا اسواسطے کہ صادق آتا ہی اُسپر کہ وہ ایک لفظ ہی وضع کیا گیا ہی واسطے معنے معلوم کے اور
وہ طلب علی الوجوب ہی پھر بعد دو سطرون کے لکھتے ہین والمراد بقولنا افعل کل ما کان مشتقا من
المضارع علی ھذا الطریق سواء کان حاضرا او غائبا او متکلما معروفا او مجھولا ولکن بشرط
ان یکون المقصود منہ ایجاب الفعل یعنی مراد قول ماتن مین افعل سے وہ ہی کہ ہو مشتق مضارع سے
اس طریق پر برابر ہی کہ ہو حاضر یا غائب یا متکلم معروف ہو یا مجہول لیکن شرط یہ ہی کہ ہو مقصود اُس سے ایجاب
فعل کا اور نیز اصطلاح اصول مین صادق آتا ہی تہدید اور تعجیز پر اور مجرد اسپر مقصود نہین ہی بلکہ الزام فعل
مقصود ہی اور الزام فعل نہین صادق آتا مگر وجوب پر بخلاف تہدید اور تعجیز کے پھر شارح لکھتے ہین یختص
مراد الامر وھو الوجوب بصیغتہ اللازمہ للمراد یعنی مختص ہی مراد امر کی اور وجوب ہی ساتھ
صیغہ لازمہ کے کہ جو واسطے مراد کے ہی یعنی مراد اُس امر کی مختص ہی کہ طلب حتمی ہی ایسے صیغہ سے کہ خاص
کر اُس مراد کو لازم ہی اور یہ مراد بغیر امر کے پائی نہین جاتی والغرض منہ بیان الاختصاص من
الجانبین ای لا یکون الامر الا للوجوب ولا یثبت الوجوب الا من الامر اور غرض
اُس سے بیان ہی اختصاص کا جانبین سے یعنے نہین ہوتا امر مگر وجوب کے واسطے اور نہین ثابت ہوتا
وجوب مگر امر سے فقط حاصل یہ ہی کہ اس حدیث مذکور مین اذھب فاغسلہ وکفنہ وواراہ ہی اور یہ سب
صیغہائے امر ہین اور انسے الزام فعل مقصود ہی یعنے غسل وکفن دینا اور دفن کرنا ہی پس اسپر وجوب صادق
آتا ہی اور ظاہر ہی کہ تہدید بھی نہین اور تعجیز بھی نہین ہی اب رہا اباحت اور ندب تو اباحت بھی بیان منتفی ہی
کہ تنویر المنار مین لکھتے ہین کہ از صیغہائے امر ترجیح فعل لازم است پس منتفی شد اباحت وغیر آن و باقی ماند
مگر وجوب و ندب و ندب منتفی است برائے اینکہ فرق ظاہر است بیان اسقفی و ندا تبک ان اسقفی برائے
اینکہ ذم کردہ میشود بہ ترک اول نہ در ثانی پس ندب منتفی شد و وجوب لازم آمد فقط پس قواعد اصول فقہ اور
حدیث مذکور سے بوضاحت ثابت ہی کہ درصورت صحت حدیث مذکور جناب ابو طالبؑ مومن تھے کہ
غسل و کفن اور دفن اُنکا اُنکے ولی امیر المومنینؑ امام المتقین علی بن ابی طالبؑ پر واجب تھا کہ پیغمبر خدا صلعم
نے حکم فرمایا بصیغہائے امر کہ جسمین نہ تہدید ہی نہ تعجیز نہ اباحت ہی نہ ندب بلکہ وجوب ہی کہ الزام فعل ہی
اور نیز غاسل میت پر ہی غسل کا واجب ہونا ثابت ہو گیا اب آپ ضرور فرما دینگے کہ یہ حدیث صحیح نہین ہی
اسلیے کہ ایمان جناب ابو طالبؑ تو ثابت ہوتا ہی تھا مگر غاسل میت پر بھی وجوب غسل کا ثابت ہو گیا تو

جواب ہمارا یہ ہی کہ پھر کیون آپنے اسقدر کد و کوشش کی اور نفاق مخفی کا اعلان فرما کر لیا دون اللہ و رسولہ
کے مصداق بنے **قولہ** امام شافعی کی روایت مین ہی فقلت یا رسول اللہ انہ مات مشرکا قال اذہب
فوارہ عرض کی یا رسول اللہ وہ تو مشرک مرا فرمایا جاؤ دبا آؤ امام الائمہ ابن خزیمہ نے فرمایا یہ حدیث صحیح ہی
امام حافظ الشان اصابہ فی تمیز الصحابہ مین فرماتے ہین صححہ ابن خزیمہ **اقول** ولا ابو داؤد و نسائی و اسحاق
و بزاز و ابن ابی شیبہ و سعد و احمد و امام شافعی سے جتنی روایتین ہین آپس مین مختلف ہین اور مفہوم ہر
واحد کا مختلف اور متناقض دوسرے کا ہی کسی روایت مین لفظ ضال ہی اور حکم غسل دینے کا نہین ہی
کسی مین لفظ کافر ہی اور حکم غسل دینے کا ہی کسی مین لفظ مشرک ہو مگر ذکر غسل نہین کسی مین حکم غسل دینیکا ہی
اور نیز غاسل کو بھی غسل کرنے کا حکم ہی اور یہ سب اختلافات آپکی تحریر پر تحزویز سے ظاہر ہو رہے ہین پھر آپ ہی
اجتہاد بھی فرمائے کہ انمین سے کون سے روایت صحیح ہی اور کونسی غیر صحیح حاصل یہ ہی کہ یہ سب روایتین موضوع
اور غیر صحیح کہ مخالف قواعد اصول فقہ اور مسائل فقہیہ ائمہ اربعہ کے ہین جیسا کہ مذکور ہوا تنقیح اور توضیح مین
مذکور ہی فصل فی الطعن وھو من الراوی و من غیرہ والاول اما بان عمل بخلافہ بعد
الروایۃ یصیر مجروحا کحدیث عائشۃ الخ ترجمہ یہ فصل ہی طعن مین اور وہ طعن یا راوی کیطرف
سے ہی یا اسکے غیر کیطرف سے اول یا تو راوی روایت کرنیکے بعد برخلاف اس کے عمل کرے تو وہ
مجروح ہی جیسا کہ حدیث کی عائشہ نے کہ جو عورت نکاح کرے اپنے ولی کی اجازت بغیر تو نکاح اسکا باطل ہی
بعد اس حدیث کے خود اپنے بھتیجے عبد الرحمن کے لڑکے کا نکاح کر دیا اور عبد الرحمن موجود نہ تھے تو وہ حدیث
مجروح قرار پائی اسی طرح حدیث ابن عمر رفع یدین کرنیکے اور مجاہد نے کہا کہ مین دس برس ابن عمر کی صحبت مین رہا
اور رفع یدین کرتے ہوئے انکو نہ دیکھا مین نے مگر رکعت اولی مین اس وجہ سے یہ حدیث بھی مجروح قرار پائی
اور نیز حامی مین بھی لکھتے ہین کہ ساقط ہوتا ہی عمل اس روایت سے کہ جسکا راوی اس حدیث سے مخالفت
کرے قولا یا فعلا پس حدیثین جو آپنے باختلاف الفاظ و معانی ذکر فرمائین علی سے مگر بعد ان حدیثون کی
خود حضرت علی اپنے تشہد مین بعد ہر نماز فرمایا کرتے تھے واغفرلی ولوالدی جسکو ہم کتاب الشفا فی حقوق
المصطفے اور اسکی شرح نسیم الریاض خفاجی و اسکی شرح ملا علی قاری سے بیان کر چکے ہین اگر جناب ابو طالب
کافر ہوتے تو کیونکر حضرت علی اپنے باپ ابو طالب کے لیے طلب مغفرت کرتے باوجود نص صریح آیہ ما کان
للنبی الخ کے جو آپ بڑے شد و مد سے لکھ چکے ہین اور اسمین بھی کوئی شک نہین ہی کہ یہ تشہد حضرت علی
پڑھتے تھے کا بعد وفات جناب ابو طالب تھا اور نماز بھی بعد وفات ابو طالب فرض ہوئی ہی اس سبب سے بھی
یہ حدیث مجروح ہی اور نیز اس حدیث مین اضطراب بھی ہی اور علماء حنفیہ کے نزدیک مضطرب حدیث پر عمل جائز نہین جیسا کہ حدیث قلتین پر
بسبب اضطراب کے عمل نہ کیا گیا پھر کسطرح یہ حدیث قابل اعتبار ہو سکتی ہی کہ مطعون بھی ہی مضطرب بھی ہی اور مجروح بھی **قولہ** اس حدیث
جلیل کو دیکھے کہ ابو طالب کے مرنے پر جو امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ الکریم حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے عرض کرتے ہین حضور کا

وہ گمراہ چچا مرگیا حضور اُسپر انکار نہین فرماتے نہ خود جنازہ مین تشریف لے جاتے ہین اقول یہ گل دیگر شگفت
اصطلاح محدثین مین تو کوئی صفت حدیث کی ایسی نہین سنی کہ جسکو حدیث جلیل کہتے ہون شاید یہ اصطلاح
خاص آپکی ہی کہ حدیث مطعون اور مضطرب اور مجروح کو حدیث جلیل کا خطاب دیا نہ جناب امیر المومنینؑ نے
باین الفاظ خبر دی نہ سید المرسلینؐ نے سکوت فرمایا اور بفرض صحت حدیث اور سکوت آنحضرتؐ بھی ایمان
جناب ابوطالب کو کوئی نقصان نہین پہنچتا کہ مکرر عرض کرآئے ہین کہ پسران حضرت یعقوب کو ضال فرمایا
حق سبحانہ تعالے نے اپنے حبیب کو ضال فرمایا اگر حبیب خدا نے اپنے حبیب کی نسبت لفظ ضال پر سکوت
فرمایا تو کون سی قباحت لازم آئی جو جواب آپ حضرت یعقوب اور حضرت سید المرسلینؐ کے بارے مین
دینگے وہی جواب ہمارا ہی اور ہم تو مکرر عرض کرچکے ہین مگر آپ مصداق صم بکم عمی فہم لا یعقلون
کے ہین کیا کیا جائے پھر گذارش ہی کہ بعد وفات جناب ابوطالبؑ کے بفرض تسلیم جناب علیؑ نے ان عمک
الشیخ الضال فرمایا جسکے معنے یہ ہین کہ آپکا چچا آپکا مربی آپکا عاشق جو اپنے اسلام کو پوشیدہ کیے ہوئے تھا
اُسنے وفات فرمائی پھر حضور کیون انکار فرماتے بلکہ اس خبر کے سنتے ہی آپ روئے اور بروایت واقدی بیقرار
ہوکر شدت سے روئے اور یہ بکائے شدید آنحضرت صلعم کا خود دلالت کرتا ہی کمال محبت پر اگر جناب ابوطالبؑ
کافر ہوتے تو پیغمبر برحقؐ اُنکو ایسا دوست نرکھتے کہ اُنکی خبر انتقال سنکر بکائے شدید فرماتے کہ حق سبحانہ تعالے
فرماتا ہی لا یتخذ الکافرین اولیاء من دون المومنین یعنے نہ بناؤ تم کافرون کو دوست سوائے
مومنین کے اور یہ بھی فرماتا ہی ومن یتولہم منکم فانہ منہم یعنے جو دوست رکھے گا اُنکو تم مین سے
تو وہ اُنھین مین سے ہی اور فرماتا ہی لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ
ورسولہ ولو کانوا اباءہم او ابناءہم او اخوانہم او عشیرتہم یعنے نہ پاؤگے کسی قوم کو
کہ ایمان لاتے ہون ساتھ اللہ کے اور یوم الآخرت پر کہ دوست رکھین وہ اُس شخص کو کہ دشمن رکھے خدا کو
اور اُسکے رسولؐ کو اگرچہ ہون وہ باپ اُنکے یا بیٹے اُنکے یا بھائی اُنکے یا اقربا اُنکے پس اب کوئی کافر بھی یہ
کہہ سکتا ہی کہ باوجود ان نصوص قطعیہ کے پیغمبر خداؐ ایک کافر مشرک گمراہ سے ایسی دوستی رکھتے تھے کہ اُسکے
مرنے پر بکائے شدید فرماتے بلکہ بلا شک ولا ریب جناب ابوطالبؑ مومن اور محب خدا ورسولؐ تھے کہ جنھیں
پیغمبر برحق صلعم نے گریہ شدید فرمایا اگر پیغمبر خدا محب ابوطالبؑ نہوتے تو کیون بکائے شدید فرماتے اسی سے
یہ بھی ثابت ہوگیا کہ خدا بھی محب ابوطالبؑ تھا کہ پیغمبر خدا دشمن خدا کو کبھی دوست نرکھتے پس ابوطالبؑ محب خدا
ورسولؐ اور خدا ورسولؐ محب ابوطالب ٹھہرے اور جو جناب ابوطالبؑ کو کافر کہے اور اُنکی مذمت کرے
وہ موذی خدا ورسولؐ ہی اور مصداق خسر الدنیا والآخرہ کا ہی حاصل یہ ہی کہ دشمن ابوطالبؑ دشمن خدا ورسولؐ
اور دشمن خدا ورسولؐ کافر اور ربقہ اسلام سے باہر اور جگہ اُسکی فی النار و سقر اور مشایعت جنازہ فرمانا
آنحضرت صلعم کا باحادیث منقولہ سبط ابن جوزی اور واقدی جو ابن عباسؓ سے منقول ہوئی ثابت ہی اور

نیز تحقیق اُسکی آتی ہی اور باایں ہمہ اگر مشایعت جنازہ نفرمانا فرض کر لیا جائے تو بھی کوئی قباحت نہین ہی مشایعت جنازہ ابوطالبؓ اگر ممنوع یا مکروہ ہوتی تو پیغمبر خدا صلعم کیون حکم فرماتے جناب امیر المومنین علیؑ کو کہ لیجاؤ غسل وکفن دو دفن کردو اگر پیغمبر خدا نے افعال ممنوعہ اور مکروہہ کا بھی حکم دیا ہی بلکہ حکم دینا اور تشریف نہ لیجانا آنحضرتؐ کا بمصلحت اور مقتضائے وقت کے تھا اور ایسے اُمور بمصلحت اور بمقتضائے وقت رسول اللہ صلعم سے اکثر فرمائے کہ جو بکثرت کتب احادیث اور سیر و تواریخ مین موجود ہین چنانچہ ایک وقت بمصلحت غار مین تشریف لیجانا اور یار غار کو اپنے ہمراہ رکھنا چھوڑ نہ جانا اسیطرح حدیبیہ مین صلح فرمانا اور بعض اصحاب کا اعتراض کرنا اور اسیوجہ سے رسالت آنحضرت صلعم مین شک کرنا یہ سب امر بمقتضائے وقت اور بمصلحت نہین تھے تو کیا تھے **قولہ** ابوطالبؓ کی بی بی امیر المومنینؑ کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسدؓ نے جب انتقال کیا ہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر اور قمیص مبارک مین اُنھین کفن دیا دست مبارک سے لحد کھودی اپنے دست مبارک سے مٹی نکالی پھر اُنکے دفن سے پہلے خود اُنکی قبر مین لیٹے اور دعا کی اللہ الذی یحیی ویمیت وھو حی لا یموت اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد ووسع علیہا مدخلہا بحق نبیک والانبیاء الذین من قبلی فانک ارحم الراحمین اللہ جلاتا ہی اور مارتا ہی اور خود زندہ ہی کہ کبھی نہ مریگا میری مان فاطمہ بنت اسد کو بخشدے اور اُنکی قبر وسیع کر صدقہ اپنے نبی کا اور مجھسے پہلے انبیا کا تو سب مہربانون سے بڑھکر مہربان ہی رواہ الطبرانی فی الکبیر والاوسط وابن حبان والحاکم وصححہ ابونعیم فی الحلیہ عن انس ونحوہ ابن ابی شیبہ عن جابر والشیرازی فی الالقاب وابن عبد البر وابو نعیم فی المعرفۃ والدیلمی بسند حسن ابن عباس وابن عساکر عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین **اقول** یہ جو کچھ آپنے بہ نسبت فاطمہ بنت اسدؓ کے رقم فرمایا کہ حضور اقدس نے قمیص مبارک کا کفن دیا دست مبارک سے قبر کھودی مٹی نکالی پہلے خود لیٹے پھر دفن کیا پھر دعا کی یہ سب افعال جو آنحضرت سے واقع ہوئے یہ سب مبین اور مصرح ہین کہ کمال محبت اور نہایت شفقت اور رحمت فرمائی اپنی مان فاطمہ بنت اسد پر اور اُمی فاطمہؓ فرمایا اور قدر و منزلت اور بزرگی اُنکی سب پر مثل آفتاب نمایان کردی مرتبہ اُنکا ہر ظلوم وجہول پر ہویدا ہوگیا مگر یہ بھی یاد رہے کہ جو محنت و مشقت اور حفاظت و حراست اور پرورش مین صعوبتین جناب ابوطالبؓ نے اُٹھائین اور جو جو جان فشانیان اور مشقتین جناب ابوطالبؓ نے اظہار نبوت آنحضرتؐ مین اُٹھائین اپنی جان اور مال و اولاد کو فدائے آنحضرتؐ کیا افراد بشر مین سے کسی نے بھی نہین کیا اور جو محبت فیما بین جناب ابوطالبؓ اور پیغمبر برحق کی تھی کسی کو بھی حاصل نہ تھی کونسا شرف ایسا تھا جو جناب ابوطالبؓ کو حاصل نہ تھا حتیٰ کہ آپ ایسے دشمن تک معترف ہین محبت جناب ابوطالبؓ کی تو مشہور اور معروف ہی اور محبت جناب پیغمبر خدا صلعم کو حق تعالےٰ نے بنص صریح ظاہر کردیا من احببت فرماکر پھر اظہار محبت اور شفقت کی کیا احتیاج رہی اب رہا شرف و منزلت تو اگر

چادر اور قمیص مبارک کا کفن جناب فاطمہ بنت اسد کو دیا تو اکثر پوشاک جناب ابو طالبؑ کو خود آنحضرت صلعم نے پہنائی اور پھر اسی پوشاک کو جناب ابو طالبؑ نے پہنائی ایک فرش پر ملکہ سینہ جناب ابو طالبؑ پر آنحضرت نے آرام فرمایا ہی ایک ظرف مین غذا نوش فرمائی ہی تمام جسم جناب ابو طالبؑ کا جسم مبارک حضرت رسالت مآب سے ہمیشہ مس رہا ہی کسی وقت آنحضرتؐ کو تنہا نہین چھوڑا گو دیون مین رات دن پرورش فرمایا ہی کونسا شرف ایسا ہی جو جناب ابو طالبؑ کو حاصل نہ تھا بلکہ ابتداء ولادت آنحضرت صلعم سے تا وقت انتقال ابو طالبؑ جو جو شرف و منزلت کہ اقربا اعزا مہاجر انصار کو حتی کہ اصحاب کبار کو حاصل ہوئے تھے وہ سب جناب ابو طالبؑ کو حاصل ہو چکے تھے اب رہا دعائے مغفرت فرمانا کہ خدایا تو بخشدے میری مان فاطمہ بنت اسدؓ کو اور اُنکی قبر کو وسیع کر تو اُسی طرح جناب ابو طالبؑ کے لیے بھی طلب رحمۃ اور غفران فرمائی ہی غفر اللہ لہ و رحمہ فرمایا ہی جزاك اللہ یا عم خیرا بھی اُن کی شان مین فرمایا ہی کل الخیر ارجو من ربی پر قسم ارشاد فرمایا ہی گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب را چہ گناہ * اور اسقدر سندین اور اقوال جو بہ نسبت مناقب و فضائل جناب فاطمہ بنت اسد کے آپنے رقم فرمائے انکا کسنے انکار کیا ہی اور وہ مابہ النزاع بھی نہین ہین پھر اسقدر سندین بیان کرنا تضیع اوقات کے سوا کیا نفع دیتا ہی ہم بھی یہ ہی کہتے ہین کہ صحیح اور صحیح اور صحیح اور پھر جناب ابو طالبؑ کو کیا نقصان پہنچتا ہی آپ اگر اصحاب آنحضرت صلعم مین سے کسی کے فضائل و مناقب رقم فرمائینگے تو کیا دیگر اصحاب کی مذمت سمجھی جائیگی آپکو پہلے تدبیر لازم تھا کہ آپ فاطمہ بنت اسد کے اُن افعال کا ذکر فرماتے کہ جنکی وجہ سے پیغمبر برحق نے قمیص مبارک کا کفن دیا قبر کھودی پھر اُسمین لیٹے پھر دفن کیا پھر دعا کی فقط اسلام فاطمہ بنت اسد تو ان مخصوصات کا سبب ہو سکتا ہی نہین کہ اکثر مسلمین اور مومنین نے انتقال کیا ہی اُن سب کے ساتھ یہ افعال مخصوصہ آنحضرت صلعم سے وقوع مین نہین آئے **قولہ** کاش ابو طالبؑ مسلمان ہوتے **اقول** کاش آپ اسلام سے خارج اور محبوط الکفر نہ ہوتے اور یوذون اللہ و رسولہ کے مصداق نہ بنتے **قولہ** کیا سید عالم اُنکے جنازے مین تشریف نہ لیجاتے **اقول** کہانتک آپکی تحریر پر تدبر پر سر مغزی کیجائے ہان صاحب مصلحت اور مقتضائے وقت یہ ہی تھا کہ تشریف لیجانے تشریف لیجانے مین خوف فتنہ و فساد تھا امثال آپ کی ایزادہی پر آمادہ تھے اور ایسے اُمور رحمۃ للعالمین سے بکثرت واقع ہوئے ہین افعال آنحضرت صلعم پر اعتراض کرنا دلیل کفر ہی چنانچہ ابھی ہم عرض کر آئے ہین کہ ایک وقت ایسا بھی گیا تھا کہ بمصلحت غار مین اخفا فرمایا تھا ایک وقت ایسا بھی تھا کہ صلح فرمائی تھی اور اسم مبارک سے لفظ رسول اللہ کو حک فرمایا تھا جس سبب سے بعض اصحاب کو رسالت آنحضرت صلعم مین شک پڑ گیا تھا اور نیز مشایعت جنازہ نہ فرمانا اور حکم کرنا علیؑ کو کہ لیجا و غسل و کفن دو اور دفن کرو خدا اُن کی مغفرت کرے اُمپر رحمت نازل کرے اسمین بھی یہ مصلحت تھی کہ ظلوم وجہول پر بھی ثابت ہو جائے کہ غسل و کفن اور دفن ابو طالبؓ کا اُنکے ولی امیر المومنین پر واجب ہی تنویر المنار جو اصول فقہ مین ہی ملاحظہ ہو

[illegible]

بحث امر مین لکھتے ہین لانتفا الخیرۃ عن المامور بالامر بالنص یعنے امر برائے وجوب است برائے اینکہ
منتفی است اختیار از مامور بہ بنص چون اختیار منتفی شد پس اتیان مامور بہ واجب شد اور اگر جناب رسالتمآب
مشایعت جنازہ فرماتے اور حضرت علیؑ کو حکم نکرتے تو یہ سب افعال آنحضرت صلعم قرار پاتے اور سب افعال
آنحضرتؐ واجب نہین ہین نور الانوار اور دابیر الوصول ملاحظہ ہو لکھتے ہین کہ الامر وھو قول القائل لغیرہ
علی سبیل الاستعلاء افعل حتی لا یکون الفعل موجبا ای فعل النبی موجبا یعنے امر قول ہی قائل
کا علی سبیل الاستعلاء اپنے غیر کے واسطے افعل کر تو حتی کہ فعل نہین ہوتے تھے نبی صلعم کے واجب فقط اگر
افعال آنحضرتؐ واجب ہوتے تو قمیص مبارک کا کفن دینا اپنے ہاتھ سے قبر کھودنا مٹی نکال لینا اور پہلے خود لیٹنا
پھر دفن کرنا یہ سب فعل واجب قرار پاتے حالانکہ کل افعال آنحضرتؐ واجب نہین ہوسکتے اسی سبب سے
حضرت صلعم نے حکم فرمایا اذھب فاغسلہ وکفنہ وواراہ تاکہ کور باطن یہ نکہین کہ پیغمبر خدا نے تلافی کی اُن
احسانات کی جو جناب ابوطالبؓ نے کیے تھے اور بالاتفاق ثابت ہی کہ کسی کافر کا غسل وکفن اور دفن کسی
مسلم پر واجب نہین ہی پس واجب ہونا غسل وکفن اور دفن کا علیؑ پر دلیل واضح ہی کہ ابوطالبؓ مومن تھے
قولہ انتہی ہی ارشاد پر قناعت فرمائی کہ جاؤ دبا آؤ **اقول** تنے ارشاد فرمائیکی آپ کے نزدیک کچھ حقیقت نہین
ہی جب تک دو چار صفحے ارشاد سے بھر نہ جائین اور اُسپر بھی اگر آپ کی رائے سے مخالف ہون تو کیا عجب ہی
کہ صفت ہزیان سے آپ آنحضرتؐ کو متصف فرمائین علمائے اسلاف تو آپکے فقط افعل کو علی سبیل الاستعلاء واجب
فرماتے ہین مگر آپ کیسے سچے مسلمان اور پکے مومن ہین کہ تمام اوامر و نواہی آنحضرت کو اتنا سا ارشاد کہکر اوڑا
دیتے ہین ماورا اسکے اتنے ارشاد پر کب قناعت فرمائی پہلے تو خبر وفات سنتے ہی بکائے شدید فرمایا پھر حکم فرمایا
لیجاؤ غسل وکفن دو دفن کرو پھر غفر اللہ لہ ورحمہ فرمایا پھر جزاک اللہ یا عم خیرا فرمایا پھر حضرت عباس سے تقسیم
فرمایا کل الخیر ارجو من ربی یا این ہمہ آپ بمصداق ختم اللہ علی قلوبھم وعلی سمعھم وعلی ابصارھم
غشاوہ کے ہو جائین اور اس سب کو اتنا سا ارشاد قرار دین تو کیا کیا جائے غرض یہ سب جواب تو بہ تسلیم
صحت روایات مذکورہ اور عدم مشایعت جنازہ کے ہین ورنہ اتنے سے ارشاد نے جسکی آپ کے نزدیک
کچھ حقیقت نہین ہی غسل وکفن اور دفن جناب ابوطالبؓ کا اُنکے ولی امیر المومنینؑ پر واجب کر دیا اور پھر
مشایعت جنازہ بھی فرمائی چنانچہ ملا معین کاشفی لکھتے ہین نقل است از اہلبیتؑ کہ ایشان اتفاق دارند بر
آنکہ ابوطالبؓ با یمان رفتہ پھر بعد دو تین سطرون کے لکھتے ہین روایت است کہ آنحضرت صلعم بغایت ملول شد
بر مفارقت ابوطالب و بگریست و ہمراہ جنازہ اش میرفت ومی فرمود اے عم من صلہ رحم بجائے آوردے
و در حق من ہیچ تقصیر نکردی ترا خدائے تعالے جزا خیر دہاد پھر لکھتے ہین چون ابوطالبؓ را دفن کردند پیغمبر
عقب جنازہ او باز گشت بنا بر وعدہ کہ فرمودہ بود مر ابوطالب را در حالت رفتن کہ از برائے تو آمرزش
خواہم طلبید روضۃ الصفا جلد ۲ مین ہی از ابن عباس منقول است کہ آنحضرت پیش پیش جنازہ ابوطالبؓ میرفت

دی گفت اے عم صلہ رحم بجائے آوردی ونیکو ہائے کردی جزاک اللہ خیرا سید علی ہمدانی ابن ہشم سے نقل فرماتے
ہین قال سمعت یقول علی تبع ابوطالب عبد المطلب فی کل حوالہ حتی خرج من الدنیا علی
ملتہ دا وصانی ان ادفنہ فی قبرہ فاخبرت رسول اللہ قال ذھب فوارہ فانفذ ما اوصی
بہ فاغسلہ وکفنہ وحملہ الی الحجون فنبشت قبر عبد المطلب فرفعت الصفیح فاذا ھو موجہ
الی القبلۃ فحمدت اللہ علی ذلک واطبقتہ الصفیح علیہما وھو وصی الاوصیاء وخیر ورثۃ
الانبیاء کہا ابن ہشم نے کہ سنا مین نے فرماتے ہوئے علی کو کہ پیروی کی ابوطالبؓ نے عبد المطلبؓ کی سب
امرون مین یہانتک کہ انتقال کیا دنیا سے ملت عبد المطلبؓ پر اور مجکو وصیت کی کہ بعد غسل وکفن قبر عبد المطلبؓ
مین مجکو دفن کرنا پس مین نے خبر دی رسول اللہ صلعم کو فرمایا جاؤ غسل وکفن دو دفن کردو اور نافذ کرو وصیت
انکی اور غسل وکفن دو اور لیجاؤ حجون مین فرماتے ہین حضرت علیؑ کہ مین نے کھولا قبر عبد المطلبؓ کو پس صفیح یعنے
تختہ قبر کو ہٹایا ناگاہ دیکھا مین نے کہ عبد المطلبؓ قبلہ کی طرف متوجہ ہین ابوطالبؓ کے لینے کیواسطے بعض
نسخ مین ہی کہ عبد المطلب متوجہ اور روبقبلہ مدفون تھے پس حمد الٰہی بجالایا ہین اور قبر کو ساتھ اسی صفیح کے مطبق
کردیا مین نے اور وہ وصی الاوصیا اور بہترین ورثہ انبیا تھے مناہج النبوت خواجہ عبد المجید کہ جو ترجمہ ہی مدارج النبوۃ
مصنفہ شیخ عبد الحق دہلوی کا وہ لکھتے ہین اور یہ بھی لایا ہی روضۃ الاحباب والا کہ سید عالمؐ ابوطالبؓ کے جنازہ
کے ساتھ ساتھ جاتے تھے اور فرماتے تھے اے چچا میرے صلہ رحم میرا بجالایا تو اور میرے حقمین تجھسے کوئی قصور واقع
نہین ہوا خدائے تعالیٰ تیرے تئین جزائے خیر دیوے ان روایات سے تو ثابت ہوگیا کہ اتنے ہی ارشاد پر
قناعت نہین فرمائی بلکہ جناب رسالت مآبؐ صلعم گریہ کنان دعائین دیتے ہوئے طلب مغفرت فرماتے ہوئے
انکی صلہ رحمی کو یاد فرماتے ہوئے ہمراہ جنازہ تا حجون تشریف لیگئے جزاک اللہ یا عم خیرا زبان مبارک پر جاری
تھا پس ان روایات سے خصوصًا حدیث منقولہ سید علی ہمدانی سے تو کوئی شک باقی نرہا کہ جناب ابوطالبؓ وصیائے
خلیل الرحمان سے تھے باین وجہ کہ حضرت عبد المطلب وصیائے ابراہیمؑ سے اور ابوطالبؓ وصی عبد المطلبؓ
تھے اسی سبب سے آپنے علی ملۃ عبد المطلب فرمایا ملت عبد المطلب ملت ابراہیمؑ تھی اور ملت ابراہیمؑ پر پیغمبر صلعم
بھی تھے آیہ فاتبع ملۃ ابراھیم ناطق ہی تصدیق نبوت آنحضرتؐ صلعم کی ابوطالبؓ کو ابتدا سے حاصل تھی
بمصلحت وقت معنی الفاظ مین تصدیق فرمائی اس بحث کو ہم توضیح تمام بیان کر آئے ہین اور علامہ ابن حجر عسقلانی نے بھی
اس حدیث کو اصابہ مین بیان کیا ہی اور یہ بھی لکھا ہی کہ یہ حدیث شیعون کی ہی اسکا جواب بھی عسقلانی نے خاتمہ سوا
مین لکھا ہی کہ سلسلہ شیعہ ورغلات کا اس حدیث کی سند مین ہونا جو علامہ ابن حجر نے بیان کیا ہی تو کوئی مضائقہ نہین
ہی اسلیے کہ ہر شیعہ اور غالی جھوٹھ نہین بولتا بلکہ اکثر شیعہ اور غلات سے وہ لوگ ہین جنسے صحاح ستہ مین روایتین
لی گئی ہین اور خصوصًا اس روایت کی شاہد تو اور بھی روایتین ہین آئمہ اہلسنت وجماعت بھی اس روایت کے
راوی ہین پھر اس روایت کی صحت مین کیا عذر ہوسکتا ہی اور ہمارا جواب یہ ہی کہ اول شعر تو بالشا تحبہ بلا توسط غیر

خدمت پیغمبر خدا صلعم مین بھیجتے ہین اور صحت حدیث کی کر لیتے ہین بلکہ اکثر حدیثین جو قواعد کی پابندی سے صحیح تھین وہ غیر صحیح اور غیر صحیح صحیح ہو گئی ہین پھر اس حدیث کو خود سید علی ہمدانی نے کتاب مودۃ مین نقل فرمایا ہی اور اُنکا سلطان الاولیا صاحب کشف و کرامات ہونا بالاتفاق ہی جسکو ہم بیان کر آئے ہین پھر یہ حدیث کیونکر صحیح نہ ہوئے بلکہ اس حدیث کی صحت تو یقینی ہو گئی سند حدیث کیطرف ملتفت ہونا ہی بیکار ہو گیا **قولہ** امیر المومنین کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم کی قوت ایمانی دیکھیے کہ خاص اپنے باپ نے انتقال کیا ہی اور خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم غسل کا فتوے دے رہے ہین اور یہ عرض کرتے ہین کہ یا رسول اللہ وہ تو مشرک مرا **اقول** آپ تو کورباطن ہین یقولون بافواہھم کے مصداق ہین آپکے امیر المومنین تو معاویہ ہین کیا آپ کو معلوم نہین کہ جب صلحنامہ صفین مین امیر المومنین علی بن ابیطالب لکھا گیا تو معاویہ اور اعوان معاویہ اور اعوان و انصار معاویہ نے قبول نہین کیا چنانچہ روضۃ الصفا مین لکھتے ہین کہ عبید اللہ ابن ابی رافع کاتب امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ نے لکھا ھذا ما صالح علیہ امیر المومنین علی بن ابیطالبؑ معاویہ گفت چہ بدمردی باشم کہ باوجودیکہ دانم علی امیر المومنین است با او مقاتلہ نمایم عمر عاص گفت لفظ امیر المومنین را محو باید کرد علی گفت اللہ اکبر صدق رسول اللہ نظیر این قضیہ بدست من اجرا یافتہ چہ در روز حدیبیہ کہ صلح نامہ می نوشتم در قلم آوردم کہ این صلحی است کہ محمد رسول اللہ میکند سہیل بن عمرو و بروایتے با اہل مکہ سہیل بن عمرو گفت کہ لفظ رسول اللہ را محو باید کرد جسپر پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا یا علی امحہ ثم قال لک یوما تیی مثل ھذا ایسا ہی حبیب السیر وغیرہ شرح نہج البلاغہ مین مذکور ہی اور یہ بھی معاویہ اور عمر عاص سرحددار اسلام و سنت جماعت ہین اور بالاتفاق ثابت ہی کہ معاویہ و عمر و عاص و شیبہ و اشباہ و امثال اُنکے علی کو امیر المومنین نہ جانتے تھے اور نہ کہتے تھے تو مومنین سنت جماعت جو امثال آپکے ہین وہ علی کو کسطرح امیر المومنین کہہ سکتے ہین گو آپ امیر المومنین اس مقام پر لکھ گئے مگر دل و زبان کا مختلف ہونا کہ جو صفت خاص آپ کی ہی ظاہر ہی کہ اپکی سرحددار مذہب و محکک اس صفت کی اسم مبارک حضرت علیؑ سے ہین پھر آپ کیونکر مصدق ہو سکتے ہین آپکا علیؑ کو امیر المومنینؑ لکھنا اور اُنکی قوۃ ایمانی کا اقرار کرنا مصداق امنوا بافواھھم ولم تومن قلوبھم کا ہی بلکہ بقول سرحدداران ممدوحین آپ تو بدترین مردم روزگار قرار پاتے ہین کہ اُنھون نے بئس الرجل انت ان اقررت انہ امیر المومنین ثم قاتلتہ فرمایا اور آپ تو امیر المومنینؑ بھی کہتے جاتے ہین اور اُنکی قوت ایمانی کا بھی اقرار کرتے جاتے ہین اور کوئی دقیقہ اُن کی توہین اور تذلیل کا باقی نہین چھوڑتے جیسا کہ انھین پانچ چار سطر و نمین آپنے در پردہ کیا سخت الزام دیا ہی مولانا علی کو جسکو ہم ظاہر کیے دیتے ہین خاطر جمع رکھیے اور حضرت امیر المومنین کی قوۃ ایمانی کا ذکر ہی کیا ہی وہ تو نمونہ قدرت یزدانی ہین جنکی ایک ضرب یوم الخندق افضل ہی عبادت ثقلین سے اور بعض دیگر روایات مین افضل من عبادۃ امتی الی یوم القیامۃ ہی یعنے افضل ہی میری امت کی عبادت سے جو قیامت تک کریگی تو تمام مہاجرین و انصار اور کل امت رسول مختار کی عبادت سے ایک ضربت علیؑ افضل ہی جن کی شان مین اللھم ادر الحق حیث ما دار

مادار وارد ہوا ہو اور القرآن مع علی و علی مع القرآن جنکی شان مین فرمایا ہی پس جس طرف علیؑ
پھرتے ہین اُس طرف حق پھرتا ہی اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہین اور قرآن علیؑ کے ساتھ یا ین وجہ تو
ایمان جو حق ہی وہ تو پیرو ہی علیؑ کا بلکہ حق وہ ہی جو ظاہر ہوا فعال و اقوال علیؑ سے اُنھین کی محبت کا نام
تو ایمان ہی اُنھین کے بغض کو نفاق کہتے ہین اگر آپ مومن ہوتے تو در پردہ ایسا الزام نہ دیتے
اور نہ لکھتے کہ حضور اقدس تو غسل کا فتوی دے رہے ہین اور یہ عرض کرتے ہین کہ وہ تو مشرک مرا
حاصل اس عبارت سراپا ضلالت کا یہ ہوا کہ حضور تو حکم فرماتے ہین اور فتوی دیتے ہین اور علیؑ
اتیان مامور بہ سے انکار فرماتے ہین اور یہ نہین جانتے کہ حکم فرمانے سے آنحضرت صلعم کے ختیار
منتفی ہو گیا ہی یا حضور اقدس کے فتوی کو ناجائز سمجھ کر عرض کرتے ہین کہ وہ تو کافر مرا آپ کیسا
فتوی دے رہے ہین یا جناب ختم المرسلین جناب ابوطالبؑ کو مومن جان کر اُنکے غسل وکفن و دفن کا
فتوی دیتے ہین اور یہ آگاہ کرتے ہین کہ وہ تو کافر مرا یا اتیان امر کو آنحضرتؐ کے واجب نہین جانتے
سبحان اللہ کیا خوب قوت ایمانی امیر المومنین علیؑ کا آپ نے ثبوت دیا بجمیع الوجوہ مورد الزام اُنھین کو
ٹھہرایا اور غرض بھی آپ کی یہی ہی کہ علیؑ اتیان مامور بہ کو آنحضرتؐ کے واجب نہ جانتے تھے اور
احکام پیغمبرؐ پر اعتراض کرتے ہی تھے **قولہ** ایمان ان ان بندگان خدا کے تھے کہ اللہ اور رسولؐ
کے مقابلہ مین باپ بیٹی کسی سے کچھ علاقہ نہ تھا اللہ و رسولؐ کے مخالفون کے دشمن تھے اگرچہ
وہ اپنا جگر ہو دوستان خدا کے اور رسولؐ کے دوست تھے اگرچہ اُن سے دنیوی ضرر ہو **قول**
ادلا اگر یہی ہی تعریف ایمان کامل کی تو جناب ابوطالب سے مومن کامل ہونے مین کیا تردد باقی رہا
مطابق آپ ہی کے قول کے جو ابتدا سے رسالہ مین آپ نے تحریر کیا ہی کہ ایک عالم حضور کا دشمن جان
ہو گیا تھا پھر آپ ہی فرمایئے کہ اُس وقت مین کون کون بندگان خدا مین ایسا تھا جس نے بمقابلہ خدا
و رسولؐ کے باپ بیٹی قوم و قبیلے اپنے پرائے سے علاقہ اُٹھا لیا ہو اور تمام کفار عرب کے مقابلہ
مین تنہا کھڑا ہوا ہو اور یا علان کہا ہو واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم حتی اوسد فی التراب
دفینا اور کون ایسا تھا کہ اللہ و رسولؐ کے دشمنون کا دشمن اور اُنکے دوستون کا دوست بن بیٹھا ہو
اور کون ایسا تھا کہ جس نے اول اول حضور کو رسولؐ کہا ہو اور آپ کے دین کو خیر الادیان کہا ہو یہ
اوصاف تو اُسی بندۂ خدا کے باپ کے ہین جسے نصیری خدا کہتے ہین جسکا اسم مبارک ابوطالب ہی
جو خیر البشر کا خیر العم ہی ثانیا ان بندگان خدا سے آپ کی کیا مراد ہی اگر آپ کی مراد فقط حضرت علیؑ ہی
تو بندگان خدا کہنا اور بندۂ خدا مراد لینا خالی صفاہت سے نہین اور اگر بندگان خدا سے دیگر
مہاجر و انصار بھی مراد لی ہی تو آپ ہی بتایئے کہ بندگان خدا مین کون کون ایسے تھے کہ جنکی محبت
ایمان جنکا بغض نفاق تھا جو مولی کل مومن و مومنہ کے تھے جنکی ایک ضرب تمام امت محمدی کی

عبارت سے افضل بھی جنکا حق پیرو تھا جو کرار غیر فرار تھے جنکی شان میں لا فتی الا علی لا سیف الا
ذو الفقار نازل ہوا جسکو خدا نے آیۂ مباہلہ میں نفس رسول خطاب کیا آیہ تطہیر میں جنکو شامل فرما؛
انت منی وانا منک جنکو خطاب کیا جنکے فضائل ومناقب سے کتب خانہ مخالف وموافق کے
مملو ہیں اس بندۂ خدا کا تو مثل بجز ذات محمد مصطفی کوئی تھا ہی نہیں انا وعلی من نور واحد جنکی
کی شان میں آیا ہی حاصل یہ ہی کہ آپ کی ایسی چوسطری عبارت سے آپ کا نفاق آشکارا ہی کہ اس
بندۂ خدا کے اوصاف میں دیگر بندگان خدا کو آپ شریک فرمائے دیتے ہیں زبان سے تو محبت
اہل بیت کا دم بھرنا اور امیر المومنین کرم اللہ وجہہ الکریم فرمانا اور در پردہ ایذا دہی آل رسول و آبا و
اجداد رسول میں مصروف رہنا سبحان اللہ کیا محبت آل رسول ہی شاید آپ وحید میں مدہوشانہ تقریر
فرما رہے ہیں اور باتباع مکذبین اور مکلکین امارت شاہ ولایت کی اور حمایت میں ناکثین اور قاسطین
اور مارقین کی یہ مکر و فریب کی راہیں اختیار کر رہے ہیں توہین وتنقیص وتذلیل میں اہل بیت نبوت
اور معدن رسالت کی خصوصًا تذلیل نفس رسول وزوج بتول اور عم رسول میں رات دن مصروف
ہیں یہ نہیں جانتے کہ آپ کے امثال کی شان میں حق تعالی فرماتا ہی ومن الناس من یقول امنا باللہ
وبالیوم الاخر وما ہم بمومنین یخادعون اللہ والذین امنوا وما یخدعون الا انفسہم وما
یشعرون فی قلوبہم مرض فزادہم اللہ مرضا ولہم عذاب الیم بما کانوا یکذبون ۰ **قولہ**
حدیث دہم بخاری ومسلم اپنی صحاح اور ابن ماجہ اپنی سنن اور طحاوی شرح معانی الآثار اور اسمٰعیلی
مستخرج علی صحیح البخاری میں بطریق امام علی بن حسین زین العابدین عن عمرو بن عثمان
الخنی رضی اللہ تعالی عنہم سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی ہیں
انہ قال یا رسول اللہ این تنزل فی دارک بمکۃ فقال ہل ترک عقیل من رباع او دور
وکان عقیل ورث ابا طالب ہو وطالب ولم یرثہ جعفر ولا علی رضی اللہ تعالی عنہما شیئا
لانہما کانا مسلمین وکان عقیل وطالب کافرین فکان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ
یقول لا یرث المومن الکافر ولفظ ابن ماجہ والطحاوی فکان عمر من اجل ذلک یقول
الخ ولفظ الاسمعیلی فمن اجل ذلک کان عمر یقول یعنی انھوں نے خدمت حضور اقدس صلی
اللہ تعالی علیہ وسلم میں عرض کی کہ یا رسول اللہ حضور کل مکہ معظمہ میں اپنے محلے کے کون سے مکان
میں نزول اجلال فرمائینگے فرمایا کیا ہمارے لیے عقیل نے کوئی محلہ یا مکان چھوڑا ہی امام زین العابدین
نے فرمایا ہوا یہ تھا کہ ابو طالب کا ترکہ عقیل وطالب نے پایا اور جعفر وعلی کو کچھ نہ ملا یہ دونوں حضرات
وقت موت ابی طالب مسلمان تھے اور طالب کافر تھا اور عقیل رضی اللہ تعالی عنہ بھی اس وقت
تک اسلام نہ لائے تھے اسی بنا پر امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ فرمایا کرتے کہ کافر کا

ترکہ مسلمان کو نہین پہونچتا فقط **اقول** اول تو یہ حدیث مضطرب اور منکر اور منقطع ہی اضطراب حدیث تو ظاہر ہی کہ حضرت عثمان کے دو فرزند تھے ایک کا نام عمر بضم العین تھا اور دوسرے کا نام عمرو بفتح العین تھا مالک کا قول تو عمر بضم العین ہی اور جمیع اصحاب ابن شہاب عمرو بفتح العین کہتے ہین چنانچہ علامہ ابن حجر تقریب تہذیب مین لکھتے ہین کہ مالک سے حدیث اسامہ مین تفرد اعمر بالضم اختیار کیا ہی اور صواب عمرو بالفتح ہی وقال امام الائمہ فی اسنادہ شیٔ اور منکر ہونا اس حدیث کا تو ایسا واضح ہی کہ حتی جعل ابن الصلاح ذلک مثالا للمنکر یعنی ابن صلاح نے اس حدیث کو مثال منکر مین وارد کیا ہی انقطاع حدیث مین بھی کوئی تردد نہین کہ انقطاع دو حال سے خالی نہین یا ظاہری ہی یا باطنی اس حدیث مین دونون موجود ہین انقطاع ظاہری تو یہ ہی کہ اس حدیث کی مقبولیت مین اختلاف ہی اور انقطاع باطنی یہ ہی کہ صحابہ اور تابعین اور نیز جو بعد اُنکے ہین اُن سب نے توریث مسلم من الکافر مین اختلاف کیا ہی چنانچہ شریفیہ شرح سراجیہ صفحہ ۱۷ سطر ۷ مطبوعۂ مصطفائی مین موجود ہی والثالث اختلاف الدینین فلا یرث الکافر من المسلم اجماعا ولا المسلم من الکافر علی قول علی وزید وعامۃ الصحابۃ والیہ ذہب علماؤنا والشافعی لقولہ علیہ السلام لا یتوارث اہل الملتین شتی والقیاس ان یرث کقولہ ع الاسلام یعلو ولا یعلی ومن العلوان یرث المسلم من الکافر ولا یرث الکافر منہ والیہ ذہب معاذ بن جبل ومعاویۃ بن ابی سفیان والحسن ومحمد بن الحنفیۃ ومحمد بن علی بن الحسین ومسروق التابعی رحمہم اللہ تیسرے اختلاف ہی مذہب مورث اور وارث کا پس نہ وارث ہوگا کافر مسلم سے اجماعًا اور نہ مسلم کافر سے اوپر قول علی وزید وعامۂ صحابہ اور اسی طرف ہمارے علماء بھی گئے ہین اور شافعی رح لقولہ کہ نہین وارث ہوتے صاحب دو مختلف ملتون کے اور قیاس یہ چاہتا ہی کہ وارث ہون لقولہ ع الاسلام یعلو ولا یعلی اور علو اسلام یہ ہی کہ وارث ہو مسلم کافر سے اور نہ وارث ہو کافر مسلم سے اور یہ مذہب ہی معاذ ابن جبل اور معاویہ اور حسن اور محمد ابن حنفیہ اور محمد بن علی بن الحسین اور مسروق کا نووی نے مسلم کی شرح مین کہا ہی اجمع المسلمون علی ان الکافر لا یرث المسلم واما المسلم فلا یرث الکافر ایضا عند جماہیر العلماء من الصحابۃ والتابعین ومن بعدہم وذہبت طائفۃ الی توریث المسلم من الکافر وہو مذہب معاذ بن جبل ومعاویۃ وسعید ابن المسیب ومسروق وغیرہم وروی ایضا عن ابی الدرداء والشعبی والزہری والنخعی نحوہ علی خلاف بینہم فی ذلک والصحیح عن ہؤلاء بقول الجمہور یعنی اجماع ہی مسلمانونکا کہ کافر مسلمان کا وارث نہین ہوتا لیکن مسلمان پس وہ بھی کافر کا وارث نہین ہوتا جمہور صحابہ وتابعین اور جو اونکے نزدیک اور ایک طائفہ کا مذہب ہے

نزدیک اور ایک طائفہ کا مذہب ہی کہ مسلمان کافر کا وارث ہوتا ہی اور وہ مذہب ہی معاذ بن جبل اور
معاویہ اور سعید بن مسیب کا اور مسروق وغیرہ کا اور نیز مروی ہی ابی الدرداء اور شعبی اور زہری اور
نخعی سے مثل اسی کے کہ آپس مین اختلاف کیا ہی اور صحیح قول جمہور ہی تتا نیا اسامہ بن زید کا
احوال بھی مشہور ہی کہ باوجود اجماع کے مخالفت کی اور بیعت حضرت علیؓ نہ کی وہ اس حدیث
کے راوی اور اوراج بھی اُنھین کی طرف سے ثابت ولو بالشک اور اُسپر طرہ یہ کہ جب اُنھون نے
پوچھا کہ این تنزل فی دارک بمکہ تو پیغمبر خدا نے فرمایا ھل ترک عقیل من رباع سوال تو
این تنزل فی دارک بمکہ ہی جسکے ترجمہ مین آپ نے غلطی فرمائی ہی کہ من رباع اور دور
کا ترجمہ یون فرمایا ہی حضور کل مکہ معظمہ مین اپنے محلہ کے کون سے مکان مین نزول اجلال فرمائینگے
حالانکہ مراد رباع یعنی محلہ ہی یا مکانات جس سے شک راوی ظاہر ہی آپ نے خوب معنی اپنے
مطلب کے موافق گڑھ لیے کہ محلہ کے کون سے مکان مین حاصل یہ ہی کہ آپ اپنی فریب دہی سے
سمجھ لیے غرض اس سوال اسامہ اور جواب رسول اللہؐ سے تو یہ پایا نہین جاتا کہ عقیل کسی طرح بھی
اپنے باپ ابو طالب کے وارث ہوے بلکہ اس حدیث کا مطلب اور معنی تو صاف صاف ہین کہ اسامہ
نے سوال کیا کہ آپ اپنے کس مکان مین اُترینگے حضرت نے جواب دیا کہ عقیل نے ہمارا کوئی مکان
چھوڑا ہی لیکن ہم آپ ہی کے معنی بتائے ہوے تسلیم کیے لیتے ہین کہ عقیل اپنے باپ ابو طالب
کے وارث ہوے اور وراثت بھی شرعی شارع کے حکم سے واقع ہوئی پھر فرمائیے کہ پیغمبر خداؐ نے
کیون فرمایا کہ عقیل نے ہمارے لیے کوئی محلہ یا مکان چھوڑا ہی وارث کو خود ہی نے تو میراث کا
وارث کیا اور خود ہی نے فرمایا کہ اُسنے ہمارے لیے کچھ چھوڑا ہی وارث جو میراث پاتا ہی تو یہ نہین
کہا جاتا کہ وارث نے کچھ نہین چھوڑا وارث اگر اپنی میراث کو چھوڑ دے تو تم اُسنے اپنا حق چھوڑ دیا
اور حق کو چھوڑنا حق کو ناحق کرنا ہی اگر عقیل اپنا حق چھوڑ دیتے تو پیغمبرؐ کو کیا نفع ملتا کیا و پیغمبرؐ
کا حق ہو جاتا کیا حق کو ناحق کرنا جائز ہی واے ہی آپ کی عقل و علم پر کہ خود ہی تو رسول برحق نے
عقیل کو بسبب کفر ابی طالب کے اُنکا وارث قرار دیا اور خود ہی شکایت سے فرمایا کہ عقیل نے ہمارے
لیے کچھ چھوڑا ہی اس سوال وجواب سے تو یہ ثابت ہو رہا ہی کہ عقیل نے پیغمبر برحق کے حق کو بھی
نہین چھوڑا جس طرح جناب ابو طالب کے ملک کو برباد کیا اُسی طرح پیغمبر خداؐ کے حق کو بھی برباد کیا
ثالثاً عبارت اوراج دکانت عقیل ورث ابا طالب تین حال سے خالی نہین یا تو یہ توریث شرعی بحکم
شارع واقع ہوئی ہی یا یہ توریث غیر شرعی اور من جہۃ الکفر واقع ہوئی یا یہ توریث ذو جہتین واقع ہوئی
اگر من جہۃ الاسلام بحکم شارع واقع ہوئی تو جو مستحق تم اُسکا تھا اُسکو پہونچے مثل مشہور ہی حق بحقدار رسید
پھر اُسی شارع نے تاسف کیون فرمایا اور بغیر استحقاق کس لیے فرمایا کہ ھل ترک عقیل من

ربائع اور دو رکیا کوئی مسئلۂ اجتہادی آپ کا ایسا بھی ہی کہ وارث شرعی کو جب شارع اُسکا حق دے تو وہ حق دار اپنے حق کو شارع کے لیے چھوڑ دے اور اگر یہ توریث من جہۃ الکفر واقع ہوئی کہ عقیل وطالب بسبب اپنے کفر کے وارث بن بیٹھے ابو طالبؑ کے اور جعفر وعلیؑ کو بسبب اپنے غلبہ کے کچھ نہ دیا انتہی کہ جعفرؑ وعلی علیہ السلام بحکم اسلام بھی مستحق وراثت رہے ہوں یا نہ رہے ہوں اور مورث بھی کافر ہو یا نہ ہو اس حال مین تو وارث ہونا عقیل وطالب کا ثابت اور نہ وارث ہونا جعفرؑ وعلیؑ کا بھی ثابت مگر ایک بڑی سی بڑی قباحت یہ لازم آئی کہ فکان عمر بن الخطاب یقول لا یرث المومن الکافر اور بلفظ ابن ماجہ وطحاوی فکان عمر من اجل ذالک یقول لا یرث المومن الکافر اور بلفظ اسماعیلی فمن اجل ذلك كان عمر يقول لا یرث المومن الکافر جسکا ترجمہ آپنے فرمایا اسی بنا پر امیر المومنین عمر فاروق اعظم فرمایا کرتے تھے کہ کافر کا ترکہ مسلمان کو نہین پہونچتا اور قسطلانی نے اسکی شرح کی فکان یقول عمر مما ھو موقوف علیہ یعنی یہ قول حضرت عمر کا موقوف علیہ ہی یس یہ توریث تو من جہۃ الکفر قرار پائی اس بنا پر امیر المومنین عمر فاروق اعظم کا لا یرث المومن الکافر فرمانا بناے کفر کو مومنین پر جاری کرنا اور رفرق بین الحق والباطل نہ کرنا بناے فاسد علی الفاسد ہر اس اتہام کی ہزار روز قیامت عمر فاروق آپ کو ضرور دینگے قبتصر آور اگر یہ توریث زوجتین واقع ہوئی کہ طالب وعقیل بسبب اپنے کفر کے اور غلبہ کے کل ملک ومال جناب ابو طالب دبا بیٹھے اور بغیر استحقاق وارث بن گئے اور جعفر وعلیؑ بحکم شارع اور بحکم اسلام وراثت سے محروم ہوے تو بھی وہی قباحت لازم آئی کہ خود ہی تو آنحضرتؐ نے ترک وراثت کا حکم دیا علیؑ اور جعفرؑ کو کہ مسلمان کافر کا وارث نہین ہوتا تم ابو طالب کے وارث نہین ہو اور پھر بغیر استحقاق وراثت خود متاسف ہوکر فرمایا هل ترك لنا عقيل من ظلال اور رباع اور دو دبلکہ توارث شرعی تو ثابت ہو سکتا ہی نہین کہ بعد وفات جناب ابو طالبؑ وہ غلبہ ہوا کفار کا کہ اللہ کی پناہ اُمؐ مصائب عظیم کا سامنا ہوا کہ جسکی انتہا نہین کون سی سختی تھی جو کفار عرب نے اُٹھا رکھی حتی کہ پیغمبر صلعم نے جب دیکھا کہ کفار ایذا دہی وضرر رسانی پر آمادہ ہوگئے تو یاد کیا اپنے حامی وناصر وعاضد ویاور عم بزرگوار کو اور فرمایا یا عم ما اسرع ما وجدت فقدك کہ آپ کے بعد اے چچا جو کچھ مجھ پر پڑنے والی تھی کیسی جلد آن پڑی غرض تمام کتب احادیث وسیر اس حال سے مملو ہین اُسی سال کو جس مین جناب ابو طالب نے وفات فرمائی آنحضرتؐ نے عام الحزن نام رکھا اور اسقدر جرأت اور بے ادبیان کفار اشرار نے شروع کین اور ایسا مبالغہ کیا ضرر رسانی اور ایذا دہی مین کہ مکہ چھوڑنا پڑا ہجرت فرمائی ایسے وقت مین نفاذ احکام اسلام کفار پر محال تھا پھر طالب وعقیل پر کیونکر توریث جاری فرمائی اور وہ دونون باوجود کفر کے اور غلبۂ کفار کے کیون محکوم اور مغلوب ہوے احکام اسلام کا مومنین پر اجرا مشکل تھا کفار کا ذکر ہی کیا ہی اب ہے

جعفر و علیؑ تو خود جناب رسالت مآب صلعم نے تو اپنے مولد اور مسکن اور کل ملک و مال وغیرہ کو چھوڑ کر ہجرت فرمائی کذلک اکثر مومنین نے بھی اپنے مکانات اور کل ملاک چھوڑ دی اپنی اپنی جانین لیکر ہجرت کی کر جانون کا بچانا محال ہو گیا تھا ابو سفیان اور دیگر کفار تمام مہاجرین کے کانہ وارث بنگئے اور کل ملاک برباد کر ڈالی بیچاری توریث شرعی کے جاری کرنے کا کیا محل تھا اور اگر اسی کا نام وراثت ہے تو کان عقیل ورث اباطالب ہو وطالب کے مقام پر کل من ھاجر من المومنین حتی النبی صلعم ورث قریبہ الکافر صادق آتا ہے اور جناب ابو طالب اس مسئلہ توارث میں مومنین اور مہاجرین کے شریک ہین رابعًا عدم ارث کافر من المسلم اور عکس اسکا اور توریث المسلم من الکافر بلکہ اکثر احکام جو مستقر ہوے ہین بعد استیلاے اسلام اور فتح مکہ معظمہ کے واقع ہوے ہین اور مومنین مہاجرین کے احکام جو ما بین ہجرت واقع ہوے اور حق سبحانہ تعالی نے حکم فرمایا بقولہ ان الذین امنوا وھاجروا وجاھدوا باموالھم وانفسھم فی سبیل اللہ والذین اووا ونصروا اولئک بعضھم اولیاء بعض الایہ جسکی شرح مین قسطلانی نے طولانی تقریر بیان کی ہے اور لکھتے ہین وکان المھاجرون والانصار یتوارثون بالھجرۃ والنصرۃ دون الاقارب حتی نسخ ذلک بقولہ واولی الارحام بعضھم اولی ببعض پھر لکھتے ہین والذی یفھم یعنی وہ معنی کہ جو آیہ سابقہ سے سمجھے جاتے ہین کہ مومنین آپس مین ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہین اور یہ لازم نہین آتا اُس سے کہ ان المومنون لا یرث الکافر لیکن مستفاد ہوتا ہے بقیہ آیہ سے وہی قولہ والذین امنوا ولم یھاجروا مالکم من ولایتھم من شئ حتی یھاجروا یعنی وہ لوگ جو ایمان لاے ہین اور اُنھون نے ہجرت نہین کی تم کو اُنکی وراثت سے کوئی حصہ نہین ہے یہان تک کہ وہ لوگ ہجرت کرین فمن لم یکن مھاجرا کانہ لیس مومنا فلھذا لم یرث المومن المھاجر یعنی جس نے ہجرت نہین کی وہ گویا مومن ہی نہین ہے اور اسی سبب سے مہاجر وارث نہین ہوتا غیر مہاجر کا پس اس حکم مین نہ عقیل و طالب شریک ہین نہ جعفرؑ و علیؑ بلکہ مومنین غیر مہاجر شامل کفار ہوے جاتے ہین اور وفات ابو طالبؑ قبل ہجرت واقع ہوئی ہے بلکہ سبب ہجرت آنحضرتؐ وفات جناب ابو طالبؑ ہی ہے جو مومنین لیس مومنا کے مصداق بناے گئے ہین اُن مین بھی جناب ابو طالبؑ شریک نہین ہو سکتے اور تفسیر بیضاوی مین اولیاء بعض پر حاشیہ پیشتر سے لکھا ہے کہ ابن عباس اور مجاہد اور قتادہ اور سدی اور عبد الرحمن اور ایک جماعت نے اس آیہ کو حمل کیا ہے وراثت پر و قالوا کان المیراث فی الابتداء بالمواخاۃ فانہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ و سلم حین قدم المدینۃ اخی بین المھاجرین والانصار فجعل لکل [illegible] اخا انصاریا وما کانوا یتوارثون بالقرابۃ اذا لم یکن معھا ھجرۃ فکان لا یرث [illegible]

ولا غیر المہاجر من المہاجر وان کان قریبین حتی کان یوم فتح مکہ فسقطت فرضیۃ
الہجرۃ و نزلت ایۃ المواریث بالقرابات یعنی اُن سب نے کہا کہ تھا توارث ابتدا میں بالمواخات
پس پیغمبرؐ خدا جب مدینہ پہونچے تو بین المہاجرین مواخات کی یعنی آپس میں ایک دوسرے کا
بھائی قرار دیا پس ہر مہاجر کا بھائی ایک انصار ہوا اور نہ تھے وہ لوگ کہ وراثت لیتے آپس میں
بالقرابۃ جب تک کہ قرابت کے ساتھ ہجرت نہ ہوتی پس نہ وارث ہوتے تھے مہاجر غیر مہاجر کے
اور نہ غیر مہاجر مہاجر کے اگرچہ ہوتے تھے وہ دونون قرابت دار یہانتک کہ ہوا یوم فتح مکہ تو ساقط
ہو گئی فریضیۃ ہجرت کی اور نازل ہوئی آیہ مواریث اولی الارحام کی انتہی حاصل یہ ہی کہ توارث
بالمواخات تا زمانہ فتح مکہ متحقق اور بعد فتح مکہ حکم توارث بالمواخات اور فرضیت ہجرت دونون
منسوخ اور ساقط پس کیونکر صادق آیا کان عقیل ورث ابا طالب بلکہ توارث درمیان علیؑ و پیغمبرؐ کے
فی الدنیا والآخرۃ متحقق اور ثابت کہ مشکوۃ میں ترمذی سے منقول ہی عن ابن عمر قال اٰخی رسول
اللہ ص بین اصحابہ فجاء علی تدمع عیناہ فقال اٰخیت بین اصحابک ولم تواخ بینی
وبین احد فقال رسول اللہ ص انت اخی فی الدنیا والاخرۃ یعنی روایت ہی ابن عمر سے کہ برادری
لگائی رسولؐ خدا نے اپنے اصحابون مین پس آئے علیؑ روتے ہوے اور کہا کہ مواخات قرار دی آپنے
اپنے اصحاب مین اور میرا کوئی بھائی مقرر نہ کیا فرمایا حضرتؐ نے کہ تو بھائی میرا ہی دنیا و آخرت مین
پس ان آیات مذکورہ اور انکی تفسیر اور تشریح اور حدیث سے چند امور ثابت ہین اول تو ابتداے
بعثت مین ہجرت جزو ایمان تھی جن مومنین نے ہجرت نہین کی کانہ لیس بمومن قرار پائے اگرچہ
حق تعالی اُن لوگون کو والذین امنوا ولم یہاجروا خطاب کرتا ہی اور جناب ابو طالب عم اس سے
کہ ایمان لائے تھے یا نہین وہ قبل ہجرت انتقال فرما چکے تھے دوسرے مومنین مہاجرین مین اور
اُن مومنین مین کہ جنھون نے ہجرت نہ کی تھی توارث منقطع کیا گیا تھا حتی کہ وہ ہجرت کرین اسوجہ
سے بھی جناب ابو طالب کا مستثنی ہونا ظاہر ہی کہ ہجرت کا سبب ہی وفات جناب ابو طالب ہوئی
تھی تیسرے فیما بین المہاجرین والانصار اخوت لگائی گئی کہ ایک دوسرے کا وارث اور یاور
رہے اس مین بھی جناب ابو طالبؑ کو کوئی واسطہ نہین ہی چوتھے فیما بین علیؑ و دیگر مہاجرین و انصار
مین اخوت نہ لگائی گئی اور جب حضرت علیؑ نے محزون و آبدیدہ ہو کر عرض کی تو حضرتؐ نے فرمایا
انت اخی فی الدنیا والاخرۃ کہ تو میرا بھائی ہی دنیا و آخرت مین اس سے یہ ثابت ہوا کہ حاجت
مواخات کی فیما بین مہاجرین و انصار واسطے توارث اور نصرت کے تھی اس سبب سے حضرت علیؑ کا
نہ کوئی وارث قرار دیا نہ برادر کہ یہ حکم توریث بالمواخات مقید بزمانہ ہجرت تھا اور وقت استفسار
حضرت علیؑ اسو فرمایا کہ تو میرا بھائی ہو دنیا و آخرت تو مراد یہ ہوئی کہ فیما بین میرے اور تیرے

مواخات اور توارث تا قیامت باقی ہی کہ قید دنیا و آخرت کی ہی سنہ ہجرت کی پانچوین بالاتفاق ثابت
ہی کہ حکم فرضیت ہجرت اور توارث بین المہاجرین والانصار بعد فتح مکہ منسوخ ہوا اور توارث
اولی الارحام جاری ہو گیا مگر منسوخیت اخوت علیؑ و نبیؐ اور توارث فیما بین فی الدنیا والآخرۃ محکم
اور باقی رہا مگر کسی طرح سے کان عقیل ورث ابا طالب ثابت نہین ہوتا اور نسبت ادراج کی جو
امام زین العابدین علیہ السلام کی طرف آپ دے رہے ہین یہی آپ کا خام خیال ہی یہ تو ادراج بھی
نہین ہی بلکہ اتہام نامعقول کسی دشمن خاندان رسول کا عم رسول مقبول پر ہی اور ایسے اتہام کی نقل
کرنا اور بیان کرنا کسی طرح ممنوع نہین ہی حق تعالی کلام مجید مین اقوال کفار کو کس طرح بیان کرتا ہی
نقل کفر کفر نہین ہو امام زین العابدین علیہ السلام کا راوی حدیث مع عبارت ادراج ہونا کوئی نقصان
نہین رکھتا نہ کوئی منفعت بخشتا ہی خامسا برزنجی خاتمہ سداوین لکھتے ہین کہ ان جعفر قد ہاجر
الی الحبشہ وعلی کان صغیرا فی حجر النبی و قد کان عقیل اغتصب المال و ترک رسول اللہ
المخاصمہ دفعا للشر فان قریشا بعد موت ابی طالب نالوا من النبی ما ارادوا من الاذی
کما ھو معلوم یعنی تحقیق کہ ہجرت کی جعفر نے حبشہ کی طرف اُس وقت علیؑ خورد سال تھے اور پرورش
مین آنحضرتؐ کی رہتے تھے اور عقیل نے کل مال ابوطالب کا غصب کر لیا تھا اور قابض ہو بیٹھے
اور پیغمبرؐ خدا نے دفعا للشر مخاصمہ کو ترک کیا اور قریش بعد وفات ابوطالبؑ اپنی مراد کو پہونچے اور
ایذا دہی پر قادر ہوے اور جو کچھ ایذائین دین وہ مشہور اور معلوم ہین پھر کون سا مومن سنت جماعت
قبول کریگا اس بنا پر عمر فاروق فرماتے تھے کہ کافر کا ترکہ مسلمان کو نہین پہونچتا سادسا برزنجی خاتمہ
سداوین ایک وجہ یہ بھی لکھتے ہین کہ یمکن انہم لما ھاجروا و ترکوا العقار استولی عقیل
او نیز ممکن ہی کہ جب ہجرت کی رسول اللہؐ نے تو محلہ گھر بار سب چھوڑ کر چلے گئے اور عقیل اُس پر
قابض ہو گئے اور بیچ ڈالا اُن سب کو اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ یوم الفتح عقیل مسلمان تھے تو پیغمبرؐ خدا
کو اپنا فخر سمجھ کر اُنھین مکانون مین اُتارتے اور پیغمبر برحق بھی ضرور بطیب خاطر اُنھین مکانون مین
اُترتے اس سے بھی ثابت ہوتا ہی کہ عقیل نے بسبب اپنے غلبہ کے مکانات جناب ابوطالبؑ اور
نیز مکانات جناب رسول اللہ غصبا بیع کر ڈالے تصرف طالب و عقیل کا از روے توریث شرعی
کے نہ تھا سابعا جن مکانات مین آنحضرتؐ سے اُترنے کا سوال کیا گیا وہ خود مملوک تھے آنحضرتؐ کلے
جیسا کہ برزنجی نے احکام سلطانیہ مین ذکر کیا ہی حیث قال ورث النبی من امہ امنہ بنت وھب
دارا تہا بمکہ وہی التی بین الصفا والمروۃ التی خلف سوق العطارین فاما لسد وسما
نبا عہا بعد ھجرۃ رسول اللہ ؐ یعنی وارث ہوے نبی صلعم اپنی ماں آمنہ بنت وہب کے مکانون کے
کہ جو مکہ معظمہ مین بین الصفا والمروہ عقب بازار عطارین واقع ہین جب آپ نے ہجرت فرمائی تو کل

ملک عقیل نے غصب کرلے اور بیچڈالے فلما قدم صلی اللہ علیہ و الہ وسلم مکہ فی حجۃ
الوداع قیل لہ انی داراک تنزل فقال ھل ترک عقیل من منزل ولم یرجع فیما باعہ عقیل
لانہ غلبہ علیہ ومکہ دار الحرب واجرا علیہا حکم المستہلک فخرجت ھاتان الدار ان عن
صدقاتہ انتہی پس جب آنحضرتؐ داخل مکہ ہوے حجۃ الوداع مین تو کہا گیا آپ سے کہ کیا آپ
اپنے مکان مین اُتریںگے تو آپ نے جواب دیا کہ کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی محلہ یا مکان چھوڑا ہی
اور نہ رجوع فرمائی آپ نے اُنکی طرف کہ جنکو عقیل نے بیع کرڈالا تھا اسواسطے کہ وہ غالب ہوگئے تھے
اُسپر اور مکہ دارحرب تھا جاری ہوے اُس پر احکام مستہلک کے پس نکالے وہ دونون گھر صدقات
سے انتہی اسوجہ سے تو عقیل جہان وارث ہوے اپنے باپ ابوطالب کے اُسی طرح تو وارث
رسول خدا بھی قرار پالے جس طرح اپنے باپ کے مکانون کے وارث ہوکر تصرف کیا اُسی طرح تو پیغمبر خدا
کے مکان وغیرہ پر بھی تصرف کیا اگر اسی کا نام وراثت ہو تو خوشا نصیب وارث کا اور اُسکے کفر کا
کہ اپنے باپ کے وارث تو بنے تھے مگر پیغمبر برحق کے بھی وارث قرار پائے ثانیاً حافظ ابن حجر
فتح الباری شرح صحیح بخاری کے باب این رکز النبی الرایہ مین اس حدیث کی شرح مین لکھتے ہین
ویحتمل ان تکون الہجرۃ لما وقعت استولی عقیل وطالب علی ما خلفہ ابوطالب وکان
ابوطالب قد وضع یدہ علی ما خلفہ عبد اللہ والد النبی لانہ کان شقیقہ فکان النبی
عند ابی طالب بعد موت جدہ عبد المطلب فلما مات ابوطالب ثم وقعت الہجرۃ
ولم یسلم طالب وتاخر اسلام عقیل استولیا علی ما خلف ابوطالب ومات طالب قبل
بدر وتاخر عقیل فلما تقرر حکم الاسلام بترک توریث المسلم من الکافر استمر ذلک
بید عقیل فاشار النبی الی ذلک فکان عقیل قد باع تلک الدور واختلف فی تقریر النبی
عقیلا ما یخصہ ھو فقیل ترک لہ ذلک تفضلا علیہ وقیل استمالۃ لہ وتالیفا وقیل تصحیحا
تصرفات الجاھلیۃ کما یصحح انکحتہم انتہی اور احتمال ہی کہ ہجرت اُسوقت واقع ہوئی کہ جس وقت
غالب ہوگئے تھے عقیل وطالب اُن چیزون پر کہ جو ابوطالب چھوڑ گئے تھے اور ابوطالب نے قبضہ
کیا تھا اون اشیا پر کہ چھوڑا تھا عبد اللہ والد نبی نے اس لیے کہ وہ اُنکے حقیقی بھائی تھے اور خود
رسول خدا اُنکے پاس تھے اُس وقت سے کہ انتقال کیا تھا عبد المطلب نے پس جب وفات پائی
ابوطالبؑ نے اور واقع ہوئی ہجرت اور اسلام قبول نہ کیا طالب نے اور تاخیر کی عقیل نے اسلام
لانے مین حتی کہ غالب ہوگئے یہ دونوا اون سب چیزون پر کہ جو کچھ ابوطالب نے چھوڑا تھا اور انتقال
کیا طالب نے قبل بدر کے اور متاخر ہوے عقیل پس جب مقرر ہوا حکم اسلام کا کہ مسلمان کافر کا وارث
نہین تو باقی رہا قبضہ عقیل کا اون سب پر اور اشارہ کیا ہے اسکی طرف آنحضرت نے کہ تھے عقیل

کہ ان سب مکانوں کو بیچ کر ڈالا تھا اور اختلاف واقع ہوا ہی کہ آنحضرت نے عقیل کو کیوں مخصوص کیا اور
اُنکے تصرف کو جاری رکھا بعض کہا گیا کہ چھوڑ دیا تفضلاً اور کہا گیا کہ چھوڑ دیا اُنکے مائل ہونے کے واسطے
اور انکی تالیف قلوب کے واسطے اور کہا گیا کہ تصرف جاہلیت کے قائم رکھنے کے واسطے جس طرح کہ
صحیح رکھے گئے اُنکے نکاح انتہی تشریح ابن حجر سے بھی ثابت ہی کہ طالب و عقیل دونوں متصرف ہوے
ملک ابو طالب پر اور ملک نبی پر اور سب بیچ ڈالا جو کچھ کہ تھا اور جب حکم اسلام مقرر ہوا تب تو ریث
مسلم من الکافر تو بالاستقرار مال ابو طالب اور ملک پیغمبر پر عقیل قابض رہے اگر جناب ابو طالب کافر
تھے اور حکم توریث حضرت نے جاری کیا تو اپنی ماں آمنہ اور اپنے باپ عبد اللہ کا مال و ملک کیوں
نہ لے لیا عقیل مال پیغمبر کے کیونکر وارث ہوے اور یوم فتح مکہ تو جعفر و علی و عقیل سب اسلام سے
مشرف ہو چکے تھے مگر آپکو تو تعصب نے عداوت خاندان رسالت پر مدہوش کر دیا ہی آپ کی سمجھ
میں کیونکر آئے فرا [illegible] تجسس درست فرمائیے اور دیکھیے کلام معجز نظام پیغمبر کو آپ نے فرمایا ھل ترک
لنا عقیل من رباع او دور یعنی عقیل نے ہماری ماں آمنہ اور باپ عبد اللہ اور چچا ابو طالب سب کا
مال و ملک [illegible] بادکر دیا ہمارے لیے کچھ نہیں چھوڑا انتہی فقط **قولہ** تنبیہ لاشک ان قولہ و کان
عقیل ورث ابا طالب مدرج فی الحدیث ولم یبین قائلہ فی الکتب الذی ذکرنا و
الحق انہ للامام زین العابدینؓ وقال الامام العینی فی العمدۃ قولہ وکان عقیل
الی آخرہ من بعض الرواۃ ولیلہ [illegible] امہ لکن قال الکرمانی اہ والصواب ما ذکرنا فقط
اقول فی تنبیہ ان [illegible] اللہ تعالی لا یلحق الشک الا بالمشکک والحق حق وان ترکہ
من اعرض عنہ ان قولہ وکان عقیل ورث ابا طالب مدرج فی الحدیث ولم یبین قائلہ
فی الکتب الذی ذکرنا فبای وجہ اخترت انہ من الامام زین العابدینؓ وخالفت
فی ذلک الامام العینی والعلامۃ الکرمانی مع انہما کانا مجتہدین فی العلوم العقلیۃ
والنقلیۃ وما ذا بعد الحق الا الضلال لعلک زعمت نفسک مجتہدا فی العلوم ھذا
[illegible] وجہل مرکب ولیس لک قدرۃ فی اللغۃ العربیۃ وقواعدھا لانک ما
شعرت [illegible] غلطات بایراد لفظ الذی فی صفۃ الکتب فعلی ھذا القیاس انک تجہل
[illegible] من قول [illegible] [illegible] من [illegible] لکن مصداق الذی یوسوس
فی صدور [illegible] مثل ما قیل الکرمانی و [illegible] ابن [illegible]
[illegible] وابن صاحب [illegible] للتصنف من الغوی الغبی الاعمی
الجاہل [illegible] **اقول** ما ذکرت بعید من الصواب
[illegible] لانہ یستلزم تکذیب اقوال علمائنا [illegible] المجتہدین الراسخین فی العلوم

كالامام العينى والكرمانى وابن ماجة والطحاوى بل يلزم منه تكذيب قول الناس وق لا حفظوا الا انه حق احق حقيقة الادراج من الائمة بين العابدين فكيف يصدق جملة من اهل ذلك بانه يقول الحديث لا يرث المؤمن الكافر قوله قد كتبت على هامش العمدة ما لفظه قوله فهو ايضا مهمل ليس بشىء لا اعتبار عند النظار فليتك سلكت ما سلكوا فى مثله الا اساطير قوله اقول بل هو من قول ابن شهاب ... بينه مالك فى موطاه فانه اسنده الى على بن الحسين ... ابن شهاب بالسند المذكور فى الكتاب اعنى صحيح البخارى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يرث المسلم الكافر ثم قال مالك عن ابن شهاب عن على بن الحسين بن على بن ابى طالب انه اخبره انما ورث ابا طالب عقيل وطالب لم يرثه على قال فلذا تركنا نصيبنا من الشعب ... فكذا رواية محمد فى موطاه عن مالك ... فافهم ... احسن الله اليه عالينا به امين اقول قولك هذا مردود وليس الحق ... فى ايراد الاحاديث التى تنفعك بل هى حجج قاطعة وبراهين ساطعة لمقصودنا وقد ظهر هذا مما ذكرناه سابقا وانفا ومما سنذكره لاحقا ان شاء الله تعالى وانك اوردت هذا الحديث من على بن الحسين غفلت عن مقتضاه بوجوه الاول انه لا يعتقد ان الامام زين العابدين سمع هذه الالفاظ المدرجة من عمر او عمرو ابن عثمان ... فاخبر بذلك ابن شهاب فكيف يكون مفهوم الادراج من على بن الحسين لم يرى حجة بل يلزم عليك اقامة الدليل وليس لك الى ذلك سبيل الثانى فى قولك بينه مالك فى موطاه انظر الى ما قال العلامة الزرقانى فى شرح هذا الموطا قال مالك عمر بضم العين وجميع اصحاب ابن شهاب يقولون عمرو بفتح العين ولابن القاسم عمرو بفتح العين وليحيى ابن بكير عن مالك بالشك عمر ابن عثمان او عمرو ابن عثمان والثابت عن مالك عمر بضمها ثم قال الزرقانى قال احمد بن الزبير خالف مالك الناس قال ابن عبد الله وكذا حكم مسلم وغيره على مالك بالوهم فيه وروى ابو الفضل السليمانى عن معن بن عيسى قال قلت لمالك الناس يقولون انك تخطى فى اسامى الرجال تقول عبد الله الصنابحى وانما هو ابو عبد الله وتقول عمر بن عثمان وانما هو عمرو وتقول عمر بن الحكم وانما هو معاوية فقال مالك هكذا حفظنا وهكذا وقع فى كتابى ونحن نخطى ومن يسلم من الخطا وقد جعل ابن الصلاح ذلك مثالا للمنكر انتهى وفى التقريب قال ابن حجر عمر بن عثمان ابن عفان فى حديث اسامة صوابه عمرو وتفرد مالك بقوله عمر قال امام الائمة فى اسناده شىء انتهى

فهل علمت وعرفت من مد انح مالك واسنا د هذا الحديث ووهمه وخطاءه حتی اعترف هو بنفسه و قال هكذا وقع فی كتابی ونحن نخطی ومن يسلم من الخطاء فكيف يحصل لك مع وهمه وخطاءه صواب ولا ادری ای شئ يكون العجب من هذا العجاب لانه لما ثبت انه كان مالك خاطيا وواهما فی اسماء الرجال فلن يكون لك عاضد الا فی الضلال ولانه اذا ثبت فی الحديث اضطراب ونكارة وانقطاع و اختلال فكيف يصح به الاستدلال بل هو ساقط عن الاعتبار والاعتلال وان كان بينه مالك عن ابن شهاب كما لا يخفی علی اولی الالباب والثالث قال صاحب نور الانوار فی شرح وصفحه ۵۶ سطر ۱۷ قول صاحب المنار وان كان ای النقصان بالعرض بان خالف الكتاب او السنة المشهورة او الحادثة المشهورة او اعرض عنه الائمة من الصدر الاول يعنی ان الصحابة اذا تكلموا فيما بينهم بالراء ولم يلتفتوا الی الحديث كان ذلك دليل انقطاعه وكان مردودا منقطعا انتهی قال الصحابة ومن بعدهم قد اختلفوا فی توريث المسلم الكافر كما يظهر من كلام العلامه عبد الحی فی التعليق الممجد علی موطاء محمد قال اما عدم ارث الكافر من المسلم فامر مجمع عليه لقوله تعالی لن يجعل الله للكافرين علی المومنين سبيلا واما عكسه فمذهب علی وعامة الصحابة وذهبت طائفة الی توريث المسلم من الكافر وهو مذهب معاذ ابن جبل ومعاويه وسعيد بن المسيب ومسروق والحسن ومحمد بن الحنفية ومحمد بن علی بن حسين وايضا عن ابی الدرداء والشعبی والزهری والنخعی ونحوه علی خلاف بينهم فی ذلك انتهی فثبت ان الصحابة والتابعين ومن بعدهم تكلموا فی هذه المسئلة ولم يلتفتوا الی هذا الحديث فكان مردودا منقطعا ايضا فكيف تحتج به والرابع كما رواه مالك عن ابن شهاب بن علی بن الحسين كذلك نقل الحافظ ابن حجر فی باب توريث دور مكه من فتح الباری شرح صحيح بخاری فی كتاب الحج عن رواية عن ابن مدينی عن سفيان بن عيينه عن عمرو بن دينار عن محمد بن علی بن حسين قال قيل للنبی حين قدم مكه اين تنزل قال هل ترك لنا عقيل من ظل قال علی بن المدينی ما اشك ان محمد بن علی ابن الحسين اخذ هذا الحديث عن ابيه وقد ثبت فی الاصول كل حديث اذا عمل راويه بخلافه فهو ساقط عن الاعتبار وقد اوضحناه فيما قيل ان مذهب الامام محمد بن علی ابن الحسين توريث المسلم من الكافر وكذلك مذهب الزهری فسقط العمل به فكان استدلالك مردودا الخامس وان قلت قول علی بن الحسين قلنا لك تركنا

نصیبا من الشعب مثبت لادراجه فاقول وان سلم صدور هذا القول من علی بن الحسین
فایضا لا یلزم انتساب الادراج الیه لان احمد بن محمد القسطلانی قال فی ارشاد
الساری فی شرح هل ترک عقیل من رباع او دور الرباع جمع ربع المحله والمنزل
المشتمل علی ابیات او دور وحینئذ فیکون قوله او دور تاکیدا او شکا من الراوی ثم قال
القسطلانی وقیل ان هذه الدار کانت لهاشم بن عبد مناف ثم صارت لابنه
عبد المطلب فقسمها بین ولده ومن ثم صار للنبی حق ابی عبد الله وفیها ولد النبی
قاله الفاکهی وظاهر قوله وهل ترک لنا عقیل من رباع انها کانت ملکه واضافها الی
نفسه فیحتمل ان عقیلا تصرف فیها کما فعل ابو سفیان بدور المهاجرین ویحتمل غیر ذلک
وقد فسر الراوی ولعله اسامه المراد بما ادرجه هنا انتهی فثبت ادراج الاسامه و
اتهامه علی علی بن الحسین وایضا ثبت انه کان فی الدور حق النبی عن ابیه و لما
هاجر تصرف فیها عقیل کما تصرف ابو سفیان بدور المهاجرین ثم قال القسطلانی
فی شرح قوله وکان عقیل ورث اباه ابا طالب اسمه عبد مناف هو واخوه طالب
المکنی به عبد مناف ابوه ولم یرثه ای ولم یرث ابا طالب ابناه جعفر طیار ذو الجناحین
ولا علی ابو تراب رضی الله عنهما شیئا لانهما کانا مسلمین ولو کانا وارثین لنزل علیه
الصلوة والسلام فی دورهما وکانت کانها ملکه لعلمه بایثارهما ایاه علی انفسهما و
کان قد استولی طالب وعقیل علی الدار کلها باعتبار ما ورثاه من ابیهما لکونهما کانا
لم یسلما او باعتبار ترک النبی صلی الله علیه وسلم لحقه منها بالهجرة وفقد طالب ببدر
فباع عقیل الدار کلها ثم قال القسطلانی وقال الداودی وغیره کان کل من هاجر
من المومنین باع قریبه الکافر داره فامضی النبی صلی الله علیه وسلم تصرفات الجاهلیة
تالیفا القلوب من اسلم منهم انتهی فاذ قد ثبت بالاقوال والاخبار والاثار ان الدور
المذکورة کانت ملک النبی وترکها بالهجرة وباع عقیل وترک النبی نصیبه وکذا
هاجر المهاجرون فعل ابو سفیان ما ذکر ترکوا نصیبهم وکل ذلک فعلوا تصحیحا للتصرفات
الجاهلیه وتفضلا علیهم وتالیفا لقلوبهم کذلک قال علی بن الحسین تاسیا
لرسول الله صلعم الکریم وهدایة الی الطریق المستقیم فلذا ترکنا نصیبا من الشعب
فکیف استدللت انه من علی بن الحسین السادس لقد عظمت غباوة ذهنک
قساوة قلبک وغشاوة ابصارک لا ادری ای لاهو اعجب من هذا الاستدلال علی
ادراج علی بن الحسین عن هذا الحدیث مع انه مضطرب منقطع منکر ساقط عن

العمل ومع هذا انما بین مالک سند الحدیث ولا عن ابی شہاب ثم عن ابن شہاب
عن علی بن الحسین فہو احد من رواۃ هذا الحدیث فمن این حکمت بدلالة فی
ادراجه وایضا لا احد فی ما اوردت من اقوال العلماء حتی مالک اسند الا
ادراج علی بن الحسین علیه السلام فکیف اخترت وقلت انه الامام زین العابدین
لعمری انما تہمت علی ابن سبط النبی الکریم ونسبة الادراج الیه بہتان عظیم
فاستعذ بالله من شر الوسواس الخناس اللئیم الذی یوسوس فی صدرک فاحترز
من تلبیس الشیطان الرجیم لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم السادس وان
سلمت لک انه الامام زین العابدین فادراجه ایضا ادراج والادراج عندک لیس
بحدیث فان الحدیث فی اصطلاح المحدثین انما هو قول النبی او فعله او تقریره هل
عندک الکلمات المدرجة قول النبی ام فعل النبی ام تقریر النبی هل انت عالم
بمصطلحات المحدثین ام لا فاعلم ان الکلمات المدرجة لیست بحدیث بل هی من
اقوال بعض الرواۃ فکان عندک ادراجه کذلک فکیف زعمته حدیثا واوردته فی
اثبات کفر ابی طالب الذی کان عم الرسول الله وعاضده وناصره باتفاق الامة ولو
کان کافرا لما اتخذه النبی عضدا لقوله تعالی وما کنت متخذ المضلین عضدا ولا واحد
من معاضدی رسول الله وناصریه بکافر فحصل ان ابا طالب لیس بکافر فکیف یکون
اسنادک صحیحا بهذه الکلمات المدرجة لا سیما اذا کان قائلها مجهولا فتبصر ولا
تغفل **قولہ** حدیث یازدہم عمر ابن شبہ کتاب مکہ میں اور ابو یعلی اور ابو بشر اور سمویہ اپنے فوائد اور
حاکم مستدرک میں بطریق محمد بن سلمہ عن هشام بن حسان عن محمد بن سیرین
قصہ اسلام ابی قحافہ والد امیر المومنین صدیق اکبر رضی الله عنہما میں انس
ابن مالک رضی الله تعالی عنہ سے راوی قال فلما مد یدہ یبایعه بکی ابوبکر فقال النبی
صلی الله تعالی علیه وسلم ما یبکیک فقال لان تکون ید عمک مکان یدہ ویسلم
ویقر الله عینک احب الی من ان یکون یعنی جب حضور اقدس سید عالم صلی الله تعالی علیه وسلم
نے اپنا دست انور ابو قحافہ سے بیعت اسلام لینے کے لیے بڑھایا صدیق اکبر رضی الله تعالی عنہ
روئے حضور پرنور صلی الله تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روتے ہو عرض کی اُنکے ہاتھ کی جگہ آج
حضور کے چچا کا ہاتھ ہوتا اور اُنکے اسلام لانے سے الله تعالی حضور کی آنکھیں ٹھنڈی کرتا تو مجھے
اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ یہ بات عزیز تھی حاکم نے کہا یہ حدیث بشرط شیخین صحیح ہے
حافظ العسقلانی نے اصابہ میں اسے مسلم رکھا اور فرمایا سندہ صحیح فقط **اقول** یہ حدیث خود محل النظر ہے

بچند وجہ اوّلاً ابو قحافہ سے بیعت اسلام لینے کے لیے حضور انور کا ہاتھ بڑھانا اور اُنکے فرزند
آپ کے صدیق اکبر کا رونا ایسا بے مثل تو تھا کہ حضور اقدس نے فرمایا وما یبکیک کہ کیوں روتے
ہو اور یہ امر ظاہر ہی کہ خوف و حزن اور گریہ و الم ادراک منافی کا ہی اور مبدا قوت بدنی روح حیوانی
ہی جب روح کو امور مذکورہ عارض ہوتے ہین تو حرکت کرتی ہی اندر داخل کی طرف اور قوت
بدنی کم ہو جاتی ہی اور انحطاط ہو جاتا ہی اسی طرح فرحت و سرور اور غضب وغیرہ ہین کہ اور اک
ملائم کو کہتے ہین جب روح کو یہ امور لاحق ہوتے ہین تو حرکت کرتی ہی خارج کی طرف تو قوت بدنی
زیادہ ہوتی ہی کچھ آپ ہی کوئی توجیہ فرمائیے ظاہر تو یہ ہی کہ دست بیعت جو حضور انور نے بڑھایا
بیعت اسلام لینے کو تو نفس ابو قحافہ کو شقاوت سے سعادت حاصل ہوئی کافر سے مسلم بنے
بت پرست سے خدا پرست ہوے یہ سب اسباب تو کمال سرور اور فرحت کے تھے اس سے
بڑھ کر دوسرا سرور ہوگا اور آپ کے صدیق اکبر کو تو یہ مرتبہ آپ کے زعم کے مطابق حاصل ہو چکا
تھا قبل سے عہد ہو چکے تھے اسلام قبول فرما کر شرک اور کفر سے پاک وصاف ہو چکے تھے بلکہ
سابق الاسلامی مین ابنائے جنس پر سبقت لے گئے تھے ابتدائے ہجرت سے یار غار ہو تو اذ
یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا سے ظاہر ہی اگرچہ حزن وملال تو آیۂ مذکورہ سے بھی
ثابت ہی مگر بعض اسباب حزن بھی موجود تھے لیکن باوجود امور مذکورہ کے بیعت اسلام ابو قحافہ
پر کونسا محل گریہ تھا ما ورا اسکے ابتدائے اسلام سے تا فتح مکۂ معظمہ ہزارہا کفار بدست رسول مختار
بیعت کرنے کو آئے اور حضور انور نے اپنا دست حق پرست بیعت اسلام لینے کو بڑھایا اور دولت
اسلام سے اُن سب کو سرفراز فرمایا مگر آپ کے صدیق اکبر کو کبھی جھوٹوں بھی رونا نہ آیا اور کبھی حضور
اقدس کے چچا کی یاد نہ فرمایا اپنے باپ ابو قحافہ کی بیعت کے وقت کس وجہ سے رونا آیا اور حضور کے
چچا کو یاد فرمایا اور کونسی ایسی خصوصیت تھی کہ دیگر آبا و اجداد اور امہات پیغمبر خدا کو فراموش فرمایا
یا... بھی تو معاذ اللہ مثل جناب ابو طالب اسی حالت کفر سے وفات فرما چکے تھے تاآنکہ جب جناب
سُنّی وآپ سے نے سبب گریہ پوچھا تو جواب دیا کہ اگر میرے باپ کے ہاتھ کے مقام پر اگر آپ کے
چچا کا ہاتھ ہوتا اور اُنکے اسلام لانے سے اللہ تعالی حضور کی آنکھین ٹھنڈی کرتا تو مجھے اپنے
باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ یہ بات عزیز ہوتی سبحان اللہ یہ عجب سبب گریہ و حزن وملال ہی
انہیں باعث مضحک کبار و صغار ہی بھلا دو عزیز امرون مین سے اگر ایک امر عزیز ہو اور دوسرا زیادہ
عزیز ہو تو کیا ... عزیز کے حصول پر رقت طاری ہوتی ہی حزن وملال لاحق ہوتا ہی امر عزیز منافی طبع
ہوتا ہی ظاہر تو عند العقلا امر عزیز کے حصول پر خوشی اور زیادہ عزیز پر بہت خوشی حاشا کہ یہ قول نا
معقول اور منسوب بصدیق اکبر کیا جائے اور بالغرض گریہی سبب گریہ و حزن وملال تھا اور آپ کے

صدیق اکبر نے پیغمبر خدا کو یاد دلایا تو لازم تھا حضور انور بھی سن کر محزون ہوتے اور رونے لگتے حالانکہ
آنحضرت کا حزن وملال کہین سے بھی ثابت نہین ہوتا بلکہ یہ ثابت ہوتا ہی کہ آپ نے صدیق اکبر جناب
ابوطالب کو پیغمبر خدا سے بھی زیادہ دوست رکھتے تھے کہ پیغمبر خدا نے آزردہ ہونا اور رونا تو کیا
آپ نے صدیق اکبر کو کلمات صبر سے تسکین بھی نہین دیتی جیسا کہ غار مین لاتحزن ان اللہ معنا فرماکر
تسکین دی تھی ثالثاً جناب ابوطالب وفات فرما چکے تھے امید انکے اسلام لانے کی بھی صدیق اکبر
کو باقی نہ تھی اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ پیغمبر خدا جناب ابوطالب کو نہایت دوست رکھتے تھے اور
انکے ایمان لانے سے مایوسی بھی ہوچکی تھی پس ایسے امور گذشتہ محزون وغمناک کرنے والے یاد
دلانا موذی خدا اور رسول بناہی بناہ خدا ایسی نسبتین صدیق اکبر کو دینا باعث کفر مخاطب نہ ہوجائے
رابعاً بالفرض اگر ابوقحافہ کے ہاتھ کے مقام پر ابوطالب کا ہاتھ ہوتا تو ظاہر ہی کہ ابوقحافہ مشرف باسلام
نہ ہوتے اور کافر رہتے تو کیا صدیق اکبر اپنے باپ کے جہنم واصل ہونے سے مسرور ہوتے اور کیا
اسلام ایسا مضیق تھا کہ صدیق اکبر کے باپ کے ہاتھ کی جگہ باقی رہ گئی تھی اسلام ختم ہوچکا تھا کیا
خدا نے اپنے محبوب کو رنجیدہ ہی رکھا اور انکی آنکھون کو ٹھنڈھا نہین کیا اور اس نعمت عظمی سے محروم
ہی رکھا اور پھر انممت علیکم نعمتی بھی فرمادیا خامساً ہم ابتدا سے بدلائل قطعیہ ثابت کر آئے
ہین کہ جناب ابوطالب اوصیاے انبیا مین سے تھے ہمیشہ سے ملت ابراہیم رکھتے تھے اوائل بعثت
سے تصدیق نبوت خاتم المرسلین انکو حاصل تھی اور اقرار لسانی انکا انکے کلام سے ثابت ہی کہ
جناب پیغمبر برحق کو رسول کوسی اور آپ کے دین کو خیر الادیان فرمایا اس وقت مین کہ کسی زید وعمرو
نے حتی کہ کسی نے ان اوصاف سے متصف نہ کیا تھا بلکہ مجنون وساحر آپ کا نام رکھا تھا اور یہ
صفت خیر الادیان مساوی ہی آنحضرت کی صفت خیر البشر سے جس صفت سے آنحضرت ایک
مدت کے بعد مخاطب ہوسے ہین اور نیز جناب ابوطالب کا رسول کوسی فرمانا کیا دلالت نہین کرتا کہ انبیاء
سلف کا اقرار کیا اور آنحضرت کو رسول کہا نبی بھی نہین کہا اور بہ مصلحت حفاظت وحراست اور اعلان امر
حق کے اور ابلاغ احکام حق کے کفار پر اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھا سادساً اگر بفرض محال اس حدیث
کو صحیح بھی تسلیم کرلین تو کیا ممکن نہین ہی کہ آپ نے صدیق اکبر کو بھی اطلاع انکے اسلام کی نہ ہوئی ہو
کہ جناب ابوطالب نے کتمان اپنے اسلام کا کفار سے فرمایا تھا اور جو کفار مین سے مشرف باسلام ہوے
تھے ان سے بھی توریہ اور ابہام فرماتے تھے کہ مبادا کوئی منافق یا مرتد اعلان کردے اور مصالح مطلوبہ
مین تعطل واقع ہوجائے فتنہ وفساد برپا ہوجائے پھر یہ حدیث کس طرح دلیل کفر جناب ابوطالب ع
ہوسکتی ہی سابعاً ہشام بن حسان کے حفظ مین کلام ہی جس سے حدیث لی گئی ہی حافظ ابن حجر فتح الباری
کے مقدمہ مین لکھتے ہین کہ شیعہ کلام کرتے تھے ہشام کے حفظ مین وقال ابن معین کان یتقی

احد سہ عن عکرمہ وعطا وعن الحسن البصری وقال یحیی القطان ہشام
فی الحسن دون محمد بن سیرین وہو ثقۃ فی محمد بن سیرین وقال ایضا
ہشام ابن سیرین احب الی من عاصم الاحول وجالد ابن سعید اور ان حسن
کے ہین کہ حدیث انکی یہہ نہ لیا ہے عکرمہ سے وعطا سے اور حسن بصری سے
اور یحیی قطان کہتے ہین کہ ہشام حسن مین دون ہین محمد بن سیرین سے اور ثقہ ہین محمد ابن
سیرین مین اور کہا قطان نے کہ وہ ابن سیرین مین محبوب ہین مجھکو عاصم احول سے
اور جالد سے فقط علامہ ابن حجر تقریب تہذیب مین لکھتے ہین ہشام ابن حسان
الازدی القردوسی بالقاف وضم الدال ابو عبد اللہ البصری ثقۃ
من اثبت الناس فی ابن سیرین وفی روایتہ عن الحسن وعطا مقال
لانہ قیل کان یرسل عنہما من السادسۃ مات سنۃ سبع او ثمان
واربعین یعنے ہشام ابن حسان ازدی قردوسی بالقاف وضم الدال جنکی کنیت
ابو عبد اللہ بصری ہی ثقہ ہین اور لوگون سے زیادہ ثابت ابن سیرین مین اور انکی
روایت مین حسن اور عطا سے مقال ہی کیونکہ ارسال کرتے ہین ان دونون سے طبقہ
سادسہ سے ہین انتقال کیا سنہ سنتالیس یا اڑتالیس مین اور یہ ثابت ہوچکا ہی
کہ سوء حفظ کی سبب سے حدیث ضعیف ہوجاتی ہی اگرچہ جلالت شان راوی
اور اُسکے صدق مین کوئی شک نہین ہوتا پس یہہ ہشام باوجود سوء حفظ کے ارسال
بھی کرتے تھے اور اُنکی روایت پرہیز کی جاتی ہے عکرمہ اور عطا اور حسن بصری سے
اگرچہ ابن سیرین مین ثقہ بھی ہون اور اصول حدیث مین ثابت ہوچکا ہے اذا اجتمع
الجرح والتعدیل یغلب الجرح یعنے جرح اور تعدیل جب جمع ہون تو جرح غالب
کیجاتی ہے چنانچہ نور الانوار صفحہ ۱۵۶ مین کہ اصول فقہ مین ہی بحث انقطاع مین موجود
ہی کہ ارسال کی چار قسمین ہین ایک تو ارسال صحابی کا اور وہ مقبول ہی دوسرے
ارسال قرن ثانی اور قرن ثالث کا اور وہ مقبول حنفیہ ہی اور عند الشافعی غیر مقبول
تیسرے من دون ہولاء اسمین اختلاف ہی کرخی کے نزدیک مقبول ور ابن ابان کے
نزدیک غیر مقبول چوتھے من وجہ دون وجہ اسی چوتھی قسم مین یہہ عبارت
ہی والذی ارسل من وجہ واسند من وجہ مقبول عند العامۃ کحدیث
لا نکاح الا بولی رواہ اسرائیل بن یونس مسندا وشعبۃ مرسلا فیطعن
اسنادہ علی رسالہ وقیل لا یقبل لان الاسناد کالتعدیل والارسال

کالجرح واذا اجتمع الجرح والتعدیل یغلب الجرح یعنے ارسال من وجہ دون وجہ عند العامہ مقبول ہی مثل حدیث لانکاح الا بولی مین کہ روایت کیا اُسکو اسرائیل ابن یونس نے مسنداً اور شعبہ نے مرسلاً پس غالب ہوئے اسناد اسرائیل کے ارسال پر شعبہ کے اور کہا گیا کہ حدیث مقبول نہین اسواسطے کہ اسناد مثل تعدیل کے ہی اور ارسال مثل جرح کے اور جسوقت جمع ہون یہہ دونون تو غالب ہو جاویگی جرح حاصل یہ ہی کہ یہ قاعدہ مذکورہ اُسوقت مین ہے کہ ایک راوی مسنداً بیان کرے اور ایک مرسلاً اور یہہ درجہ مساوات کا رواۃ مین ہی اس سے بڑھکر تو یہ ہی کہ اکثر حدیثین ایسی ہین کہ بہت سی سندون سے مسند ہین اور ایک ہی سند سے غریب سمجھی گئین ہین جیسا کہ حدیث ابوہریرہ کی کہ جو جنازہ کے ساتھ جاوے اُسکو ایک قیراط ہی اور جو فراغت کرے اُسکے کام سے اُسکو دو قیراط ہین کہا ابو عیسیٰ نے یہہ حدیث مروی ہوئی کئی سندون سے بواسطہ حضرت عائشہ کے اور غریب سمجھی گئی ہین فقط اسناد سائب سے کہ وہ حضرت عائشہ سے وہ نبی صلعم سے روایت کرتے ہین اور فقط اسناد سائب سے غریب سمجھی گئی ہی حاصل یہ ہی کہ اس حدیث مانحن فیہ مین تو ہشام ابن حسان ہین کہ شعبہ کلام کرتے تھے جنکے حفظ مین اور ابن معین پرہیز کرتے تھے اُنکی حدیث سے یحیی قطان اُنھین ہشام کو ادون جانتے تھے محمد ابن عمر سے پھر یہ ہی ہشام اگرچہ ثقہ بھی ہون ابن سیرین مین مگر عکرمہ اور عطا اور حسن بصری مین ارسال انکا ثابت ہی بالاتفاق اور انکی حفظ مین بھی کلام ہی جیسا کہ مذکور ہوا پس بالضرور ارسال انکا انکی اسناد پر اور وثقیت وثوق پر غالب ہی اور سوے حفظ ارسال اور اسناد دونون پر غالب ہی اور کیونکر نہ ہوگا کہ شعبہ کا ارسال اسناد پر اسرائیل کے بقاعدہ مقررہ اصول حدیث اور اصول فقہ غالب کیا گیا اور ایک راوی کا ارسال دوسرے راوی پر غالب سمجھا گیا تو ہشام ابن حسان کا ارسال کرنا عکرمہ اور عطا اور حسن بصری سے اور ابن سیرین مین ثقہ ہونا یہ دونون صفتین اُنھین کی ذات مین مخصوص ہین تو ارسال انکا کالجرح اور ثقہ ہونا ابن سیرین مین کالتعدیل بلا شک ولا ریب ہی کہ جب دونون صفتین شخص واحد مین جمع ہو گئین تو بالضرور جرح غالب ہوجائیگی تعدیل پر اور یہ تو ظاہر ہی کہ جب حدیث بہت سی سندون سے مسند ہو اور ایک سند سے غریب ہو وہ غریب سمجھی جائے حالانکہ رواۃ حدیث ایک دوسرے سے مغائر ہون تو بیان ہشام خود ہی متصف بہ ذاتیت وثوق ہین اور اُسپر طرہ یہ ہے کہ صفت سوے حفظ سے بھی موصوف ہین اور عطا وحسن بصری وعکرمہ مین ارسال انکا عند الجمہور ثابت

اور ابن معین کا انکی حدیث سے پرہیز کرنا بھی ثابت پھر اُنکی حدیث کیونکر مقبول ہو سکتی ہی
اور کیونکر جرح التیام پا سکتا ہی بلکہ اس صفت سوء حفظ نے تو انکی وا ثقیت و ثوق کو
مجروح کیا نہ یہ بھی کر ڈالا اس لیے کہ کیا اعتبار ہو سکتا ہی اور کیونکر ثابت ہو سکتا ہی کہ جو
روایت اُنھوں نے ابن سیرین سے بیان کیے وہ ابن سیرین سے ہے یا نہین ممکن ہی کہ ابن
سیرین سے روایت کرین بسبب سوء حفظ کے اور وہ عطا یا حسن یا عکرمہ یا ان کے
غیر سے ہو حاصل یہ ہی کہ آپکو بغض خاندان رسالت نے مدہوش کر رکھا ہی کہ جس قول
نامعقول کو اور مجروح و مفضول اور موضوع کو آپ پاتے ہین صحیح ترین صحاح ستہ قرار
دیکر دلیل لاتے ہین اتنا بھی نہین جانتے کہ استدلال ایسے احادیث سے مابین مناظرہ دلیل
سفاہت اور جہالت ہی **قولہ** حاکم نے کہا یہ حدیث بشرط شیخین صحیح ہی حافظ الشان نے
اصابہ مین اسے مسلم رکھا ہی اور فرمایا سندہ صحیح اقول حاکم کے آپ محکوم ہین صحت حدیث
منحصر ہی قواعد منضبطہ علم حدیث اور اصول حدیث پر وہ بیان مفقود جیسا کہ مذکور ہوا
کہ ہشام ابن حسان کے حفظ مین کلام ہی اُنکی حدیثین قابل پرہیز ارسال انکا ثابت اب
رہے محمد ابن سیرین جنمین ہشام ثقہ ہین انکی نسبت صحیح بخاری مین موجود ہی کان ابن
سیرین یری ان عامۃ ما یروی عن علی الکذب میزان الاعتدال مین موجود
ہی وقال ابن ایوب کان ابن سیرین یری ان عامۃ یروی عن علی باطل
صحیح بخاری مین ہی کہ ابن سیرین کے نزدیک عام روایت علی کی کذب ہی اور میزان
الاعتدال مین ہی کہ ابن ایوب کہتے تھے کہ ابن سیرین کے نزدیک جو روایت علیؑ سے
ہی وہ باطل ہی پس ایسے جاہل و متعصب کی روایت کیونکر مانی جائیگی انس بن مالک
کا احوال بھی ہم بتصریح بیان کر آئے ہین کہ بسبب کتمان شہادت حدیث من کنت مولاہ
کے برص ہو گئے تھے اور کلام سبط ابن جوزی کا انہین انس بن مالک کی نسبت ہی کہ
کیا حقوق رسول خداؐ کے انس بن مالک پر اتنے بھی نہ تھے کہ منع کرتے ابن زیاد کو چھڑی
مارنے سے دندان مبارک پر سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کے اور بیعت نکرنا انس کا
جناب امیر علیہ السلام سے بھی ثابت ہی اور انحراف ان دونون صاحبونکا اہل بیت طاہرین
پر مثل شمس آشکار ہی سندہ صحیح کہنا کسی طرح صحیح نہین بلکہ بالکل لغو اور غلط ہی فتبصر

ولا تکن مصداق فلا تبصرون

حدیث دوازدہم

قولہ حدیث دوازدہم ابو قرہ موسی بن طارق موسی بن عبیدہ و عبداللہ بن دینار

ع صفحہ ۱۰۷ جلد ۲ ذوالفقار

وحضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے راوی قال جاء ابوبکر یابی قحافہ یقودہ یوم فتح مکۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم الا ترکت الشیخ حتی ناتیہ قال ابو بکر اردت ان یاجرہ اللہ والذی بعثک بالحق لانا کنت اشد فرحا بالاسلام ابو طالب لو کان اسلم منی بابی یعنے صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ فتح مکہ کے دن ابو قحافہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے خدمت اقدس حضور سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم مین حاضر لائے حضور اکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس بڈھے کو وہین کیون نہ رہنے دیا کہ ہم خود اس کے پاس تشریف فرما ہوتے صدیق نے عرض کی مین نے چاہا کہ اللہ انکو اجر دے قسم اسکی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا ہے مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ ابو طالب کے مسلمان ہونے کی خوشی ہوتی اگر وہ اسلام لے آتے اقول محصل حدیث یازدہم اور دوازدہم واحد ہی فرق الفاظ کا ہے حدیث یازدہم نکی ابوبکر اور پوچھنا آنحضرت کا وما یلیلک ہے اور حدیث ہذا یعنے دوازدہم مین فرمانا آنحضرت کا الا ترکت الشیخ حتی ناتیہ اور جواب ابوبکر کا اردت ان اجرہ اللہ ہے اور بعد اسکے عبارت والذی بعثک بالحق لانا کنت اشد فرحا باسلام ابی طالب لو کان اسلم منی بابی کیا بے ربط اور بے محل ہی اس لیے کہ رحمۃ اللعالمین شفیع المذنبین تو ابوبکر کو مسرور اور معزز اور ممتاز فرمائین کہ تمھارے باپ سے سعیت اسلام لینے کو ہم خود تشریف فرما ہوتے اسکا شکریہ یہ ہی تھا کہ کہا تمھارے چچا ابو طالب مسلمان ہوتے اسلام لاتے تو مین اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ خوش ہوتا یہ جواب ابوبکر کا تین حال سے خالی نہین یا جناب ابو طالب سے ابوبکر کو اس حد کی دوستی تھی کہ حالت کفر مین اپنے باپ سے زیادہ دوست رکھتے تھے یا حالت کفر مین بھی دوست رکھتے تھے اور بعد اسلام بسبب دوست رکھنے پیغمبر خدا کے اپنے باپ سے زیادہ دوست رکھنے لگے یا فقط اس وجہ سے کہ پیغمبر خدا جناب ابو طالب کو دوست رکھتے تھے لہذا ابوبکر بھی دوست رکھنے لگے وجہ اول اور ثانی مردود ہین کوئی سبب طرفین سے عقلاً اور نقلاً دوستی کا پایا نہین جاتا رہا امر ثالث کہ جناب رسول برحق ابو طالب کو نہایت دوست رکھتے تھے یہ امر بلا شک ولاریب اظہر من الشمس اور بدیہی ہے کہ آپ ایسے دشمن بھی معترف ہین اور اس سے بڑھکر کیا ثبوت ہوگا کہ بنا بر آپ کے خیال کے حق تعالےٰ نے آیۂ انک لا تہدی من احببت فرماکر دوست رکھنا اپنے حبیب کا ابو طالب کو ثابت کر دیا اور نیز یہ امر متواترات سے بھی ہے پس سلمنا کہ بسبب دوست رکھنے پیغمبر خدا کے ابوبکر بھی انکو دوست رکھنے لگے

مگر اس سے بھی اپنے باپ سے زیادہ دوست رکھنا ثابت نہین ہوتا بالغرض اگر محبت پیغمبر خدا
مین ابوبکر جناب ابوطالب کو اپنے باپ سے زیادہ دوست رکھنے لگے تو کیا غرض دوستی پیغمبر خدا
یہ ہی تھا کہ یوم فتح مکہ بسبب حصول فتح کے حضرت رحمۃ للعالمین تو حالت فرحت و سرور
مین فرحان و شادان ہو رہے ہین کہ احاطہ تحریر سے باہر ہی اور جوق جوق اپنے اور
بیگانے اسلام سے مشرف ہوتے جاتے ہین سورہ انا فتحنا کی تلاوت جاری ہی اشراف
مہاجرین و انصار تحت رایت رسول مختار مجتمع ہین آپس مین ایک دوسرے کو مبارکباد
دے رہے ہین پیغمبر خدا صلعم سجدہ شکر بارگاہ ایزدی مین فرما رہے غلغلہ تکبیر سے مہاجرین
و انصار کے ہر صغیر و کبیر و ہر برنا و پیر کو رعشہ ہو رہا ہی تمام شہر لرز رہا ہی کل مسلمان طواف
بیت اللہ سے شرف یاب ہو رہے ہین خانہ کعبہ نجاس و ارجاس سے بتون کے پاک و
صاف ہو رہا ہی حیدر کرار سوار دوش رسول مختار ہو کر بت شکنی فرما چکے ہین تمام
اہل مکہ کو رحمۃ للعالمین بشارت الیوم یغفر اللہ لکم و ھو ارحم الراحمین دے
رہے ہین ایسی حالت فرحت و سرور مین ابوبکر اپنے باپ ابو قحافہ کو بیعت اسلام کیواسطے
لائے ہین آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم بسرور و فرحت و بشفقت و محبت فرما رہی ہین
کہ تم کیون بڈھے کو لائے ہم خود بیعت اسلام لینے کو وہین رونق افروز ہوتے ایسی حالت
فرحت و سرور مین ابوبکر جواب دیتے ہین کہ ہمارا باپ تو اسلام لایا مگر آپکا چچا ابوطالب
اسلام نہ لایا اگر وہ اسلام لاتا تو مین اپنے باپ کے اسلام لانے سے زیادہ خوش ہوتا
سبحان اللہ اس جواب سے ابوبکر کے تمام خاندان جناب رسالتمآب صلعم ہاشمی و
مطلبی خصوصا جو جو مشرف بہ اسلام ہوئے ہونگے اظہار سرور کرتے ہونگے علی الخصوص
رحمۃ للعالمین کو تو بے حد و انتہا مسرت و فرحت حاصل ہوئی ہوگی اور غلغلہ محبت ابوبکر
سے تمام مہاجر و انصار وجد مین آگئے ہونگے کہ یہ مرتبہ فنا فی اللہ تو پیغمبر خدا کو بھی حاصل نہین
ہوا کہ وہ تو فرماتے ہین کہ مین بہترین خلق ہون از روے خلقت کے اور قبایل و ذریت کے اور
میری شان مین حق تعالے و تقلبک فی الساجدین فرماتا ہی آیہ انما یرید اللہ
لیذھب عنکم الرجس اھل البیت میرے اہلبیت کی شان مین نازل ہوئی ہی یہانتو
ابوبکر نے تمام قلعی کھولدی کہ میرا باپ تو اسلام لایا ہی وہ تمھارے چچا سے افضل ہی تمھارا
چچا رجس شرک و کفر سے طاہر نہین ہوا اور ماورا ان امور مذکورہ کے پیغمبر حق بہ
بھی فرما چکے تھے کہ لا تؤذوا الاحیاء بسبب الاموات اور جلد دوم منہاج النبوت
ترجمہ مدارج النبوت مصنفہ شیخ عبد الحق مین احوال اسلام عکرمہ یون مرقوم ہی کہ بعد فتح

جب حضرت سید المرسلین نے اپنے نور باطن سے دریافت کیا کہ عکرمہ مومن و مہاجر آتا ہی اصحاب سے فرمایا کہ اُسکے باپ کو سب نکرو کہ عکرمہ متاذی ہوگا اور اسی روایت کو جلد دوم روضتہ الصفا مین اور اکثر کتب سیر مین بہ این عبارت نقل کیا ہی یاتیکم عکرمہ ابن ابی جہل مومنًا مہاجرا ولا تسبوا اباہ فان سب المیت یوذی الحی ولا یبلغ المیت یعنے عکرمہ تمھارے پاس مومن اور مہاجر آتا ہی اُسکے باپ بو جہل کی سب نہ کرنا کہ سب میت ایذا دیتی ہی زندہ کو اور میت کو کچھ ایذا نہین پہونچتی پس ابو بکر نے ذکر کفر ابیطالب سے ایسے وقت فتح اور بحالت فرحت و سرور مین ایذا دی آنحضرت کو کہ راحت شادکام اور مسرور کیا یا محزون و غمناک مدح و ثنا کی آنحضرت کی کہ ہو حق دوستی ادا کیا کہ در پردہ دشمنی کی ذلت دی مجمع مہاجر و انصار مین کہ عزت افزائی کی جب عکرمہ کے سامنے اُن کے باپ ابو جہل سا کو کافر کہنا ایذا دہی عکرمہ ٹھہرا تو ذکر کفر ابو طالب سے کیونکر ایذا نہ پہنچی اور راحت ہوئی آنحضرت کو آپ ہی فرمائیے کہ ذکر منافی طبع اقدس تھا کہ ملایم طبع مہیج غم والم تھا کہ مسکن غم والم اتنا بھی نہین خیال کیا جاتا کہ تصور کفر اور عدم اسلام ابو طالب البسا مولم اور موذی اور مہیج غم والم تو تھا کہ ابو بکر تاب نہ لائے بیساختہ رونے لگے حالانکہ کچھ بھی اگر انکو محبت تھی تو بتوسط محبت جناب رسالت مآب تھی پس ذکر اُس تصور کا روبروئے پیغمبر خدا کیونکر موذی اور مولم مہیج غم والم نہوا ہوگا اور صدمہ روحانی آپ کو نہ پہونچا ہوگا کہ جناب ابو طالب چچا تھے اور ایسے چچا جو مربی اور محافظ و ناصر و عاشق و معاضد آنحضرت تھے اور محبت و مودت جو مابین جناب ابو طالب و حضرت ختمی مرتبت تھی اُسکو ہم متعدد مقاموں پر بقول خدا و رسول ثابت کر آئے ہین اور خیرہ چشمون کی بصیرت کیواسطے یہان بھی عرض کیے دیتے ہین کہ جو محبت و مودت کہ جناب ابو طالب کو آنحضرت سے تھی وہ تو مستغنی عن البیان ہی اور دوست رکھنا پیغمبر خدا کا جناب ابو طالب کو بنا بر زعم مخاطب آیہ انک لا تہدی من احببت سے ثابت ہی اور رلانا ابو بکر مصدق اور مصرح اور مبین اُسکا ہی اور بالاتفاق ثابت ہی کہ ایذا دینے والا توہین کرنے والا آنحضرت کا کافر مخلد فی النار ہی پس مومنین سنت جماعت اپنے صدیق اکبر کو کسطرح قابل مقولہ ہذا قرار دیسکتے ہین بلکہ منسوب کرنا اس مقولہ کا اپنے صدیق اکبر کی طرف کفر ہی اور باوجود علم جو ایسی نسبت دے اُنکو وہ بلاشک کافر مخلد فی النار ہی اور اس حدیث کا موضوعات سے ہونا مثل شمس آشکار ہی تا نیًا جناب ابو طالب و حضرت رسالت مآب کا آپس مین ایک دوسرے کے واسطے حبیب و محبوب ہونا بہ نص کلام مجید اور بالاتفاق اُمت ثابت ہوگیا تو لازم آیا کہ کل

حبیب اور محبوب خاتم الرسل بھی حبیب و محبوب خدا ہین اور اسکا عکس بھی صادق ہی
اسلیئے کہ صدق قضیہ کو صدق عکس لازم ہی حتی کہ مفروض الصدق قضیونکو مفروض الصدق
ہونا انکے عکسونکا لازم ہی اور عکس اسکا یہ ہی کہ بعض حبیب محبوب خدا حبیب و محبوب
خاتم الرسل ہین یہان اور بھی اتنا ظاہر کرنا لازم ہی کہ موجبہ مطلقا خواہ کلیہ ہو خواہ جزئیہ
عکس جزئیہ ہی انکا اس وجہ سے کہ ایجاب واجتماع ہی درمیان موضوع اور محمول
کے پس وہ افراد کہ جنمین موضوع اور محمول کا اجتماع ہوتا ہی وہ مشترک ہوتے ہین انھین
دونون مین اور ظاہر ہی کہ جب محمول کل افراد موضوع پر اور اسکے بعض پر صادق آئیگا
تو موضوع بھی بعض افراد محمول پر صادق آئیگا کہ وہ دونون مشترک بالضرور انھین بعض مین
ہین اور جزئیہ حاصل ہوگی اور موجبہ کلیہ کا عکس کلیہ نہین آتا الحق از عموم المحمول
فی الحملیہ والتالی فی الشرطیہ والا لازم آتا ہی کہ اخص جمیع افراد اعم پر صادق آوے
حملیہ مین اور جمیع تقادیر شرطیہ مین اور یہ غیر جائز ہی اور بعض مواد مین جو عکس موجبہ کلیہ کا
کلیہ پایا جاتا ہی اور صادق بھی آتا ہی تو وہ بسبب خصوصیت مادہ کے اور عکس کو لازم
ہی کہ جمیع مواد مین اصل سے مخالف نہو پس مانحن فیہ مین عکس صادق ہی اور نقیض اسکی
باطل و کاذب اور مستلزم محال ہی اور وہ محال ہی اور جس طرح صدق قضیہ کو صدق
عکس لازم ہی اسیطرح صدق عکس نقیض بھی لازم ہی اور صورت اسکی عند المتقدمین یہ ہی
کل لاحبیب اللہ ولا محبوبہ لاحبیب خاتم الرسل ولا محبوبہ اور عند المتاخرین نقیض جزو
ثانی کو اصل کے جزو اول کر دین اور عین اول کو ثانی مع مخالفت فی الکیف و موافقہ فی
الصدق حاصل یہ ہی کہ وہ صفت سلبی کا اثبات کرتے ہین اور یہ صفت ایجابی کا سلب پس
چونکہ تفصیل قول متاخرین مین اور اسکے اثبات مین اور بیان اعتراضات مین طول ہی
اور یہان یہ طریقہ قدما سے استغنا بھی حاصل ہوتا ہی پس بطریقہ متقدمین اگر فرض کیا جائے
کہ عکس نقیض قضیہ مذکورہ صادق نہین ہی تو چاہیے کہ اسکی نقیض ثابت آوے اور وہ نقیض
یہ ہی کہ بعض لاحبیب اللہ ولا محبوبہ لیس بلاحبیب خاتم الرسل ولا محبوبہ تو وجود خاص کا بدون
اعم کے ہے اور یہ باطل ہی اور جب لازم نقیض کو ضم کرین اصل کے ساتھ اور کہین کہ
بعض لاحبیب اللہ ولا محبوبہ حبیب خاتم الرسل و محبوبہ ہین اور کل حبیب خاتم الرسل و محبوبہ
حبیب اللہ و محبوبہ ہین تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ بعض لاحبیب اللہ ولا محبوبہ حبیب اللہ و محبوبہ ہین
اور اسکا عکس آوے گا کہ بعض حبیب اللہ و محبوبہ لاحبیب اللہ ولا محبوبہ ہین ان دونون سے تو
سلب شی عن نفسہ لازم آتا ہی اور اجتماع نقیضین ہو جاتا ہی اور وہ باطل ہی پس اصل قضیہ

مع العکس و عکس النقیض صادق ہو اب بھی اگر کوئی اعتراض کرے کہ قضیہ مع العکس وغیرہ بقواعد عقلیہ مفروض الصدق ہو لیکن حقیقت میں اگر اسکی نقیض کو اگر مفروض الصدق قرار دین تو بجمیع وجوہ مذکورہ وہ بھی اسی طرح صادق آویگی تو جواب اُسکا یہ ہو کہ نصوص قطعیہ اور احادیث متعددہ سے حبیب اور محبوبیت مابین حضرت رسالتمآب اور جناب ابوطالب ثابت ہو اور انسلاع و انقطاع مودت مین کفارون کی آیات کثیرہ ناطق ہین بقولہ تعالے لا یتخذ والکافرین اولیاء من دون المومنین اور من یتولہم منکم فانہ منہم اور لا تجد قوما یومنون باللہ والیوم الآخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا آباءھم او اخوانہم او عشیرتہم اور وما کنت متخذ المضلین عضدا با وجود این نصوص قطعیہ کے سید المرسلین کو منظور کرنا کہ وہ ایک مشرک کو دوست رکھتے تھے اور حق تعالے فرماتا ہو کہ جو دوست رکھے گا مشرک کو وہ انھین مشرکون مین سے ہو اور جناب ابوطالب کی نسبت آیہ بھی نازل فرمایا ہو کہ اے پیغمبر تو ابوطالب کو دوست رکھتا ہو یہ اجتماع نقیضین کس طرح ممکن ہو معاذ اللہ معاذ اللہ حبیب رب العالمین اور مشرک کو دوست رکھین اور ماوراے ان آیات کے بکثرت آیات واحادیث اس باب مین وارد ہین جنکا ذکر باعث طول ہو حاصل یہ ہو کہ حبیب خدا کا حبیب اکمل افراد مومنین ہو پھر اس قضیہ کے عقلاً اور نقلاً صادق ہونے مین کیا شک ہو سکتا ہو اور جناب ابوطالب کا اپنے جان اور مال اور اولاد سے پیغمبر صلعم کو زیادہ عزیز اور دوست رکھنا مشہورات اور مسلمات اور متواترات سے ہو کہ دشمن بھی انکار نہین کرسکتے پھر اس قضیہ کے یقینی اور صادق ہونے مین کیا شک رہا اور قید مفروض الصدق ہونیکے واسطے تعمیم اور افہام اور تفہیم کے ہو کہ بحث اس علم مین قواعد کلیہ سے کیجاتی ہو اور قضایاے صادقہ اور کاذبہ دونون کو مفروض الصدق والکذب کہہ سکتے ہین بلکہ فرض محال بھی محال نہین ہو اور باتفاق عقلا ثابت ہو کہ خطا فی الکفر سے نجات ملنے کی اور حق و باطل کے ظاہر ہونیکی کامل راستی اور کلی قاعدے یہہ ہو کہ علوم عقلیہ ہین دیکھیے جب قضایاے کاذبہ مفروض الصدق ہونے سے مفروض التصدیق ہو جاتے ہین تو قضایاے صادقہ کی تصدیق مین کیا عذر ہو سکتا ہو پس نقیض قضیہ متنازعہ فیہا کے مفروض التصدیق تو ہو جاویگی مگر جو اس قضیہ کے نقیض کو مفروض الصدق قرار دیگا تو پہلے وہ مفروض الکفر قرار پاویگا اب ان قضایاے مذکورہ کو مرکب کرکے قیاس بناے اور اشکال اربعہ مین شکل اول باتفاق علما و عقلا مطبوع اور بدیہی الانتاج اور پسندیدہ ہو

سدلال ہین اور ضروب منتجہ شکل اول کے چار ہین ضرب اول موجبتین کلیتین سے مرکب ہی ضرب ثانی موجبہ
کلیہ اور سالبۂ کلیہ سے ضرب ثالث موجبۂ جزئیہ اور موجبۂ کلیہ سے ضرب رابع موجبۂ جزئیہ اور سالبہ
کلیہ سے اور ایجاب وسلب دونون مین ایجاب اشرف ہی اور سلب اخس ہی اور کلیہ وجزئیہ
دونون مین کلیہ اشرف ہی اور جزئیہ اخس ہی پس شکل اول کی ضرب اول بجمیع الوجوہ افضل اور
بدیہی الانتاج اور پسندیدہ حوالی علوم و استدلال ہین بہ نسبت ضروب ثلثہ کے کہ وہ مرکب ہین
کفشات اور کلیات شریفہ اوخسہ سے حاصل یہ ہی کہ شکل اول کی ضرب اول مرکب ہی دو موجبون
کلیون سے مثلاً کل حبیب خاتم الرسل ومحبوبہ حبیب اللہ ومحبوبہ وکل حبیب اللہ ومحبوبہ
مومن فکل حبیب خاتم الرسل ومحبوبہ مومن یہ شکل مع اپنے نتیجہ کے صادق ہی اور صدق
قضیہ کو صدق عکس اور صدق عکس النقیض لازم اور فرض صدق نقیض کو محال اور سلب شی لنفسہ اور
اجتماع نقیضین لازم پس ان دلائل عقلیہ ونقلیہ سے بھی جناب ابو طالب کا مومن اور محبوب خدا و
رسول ہونا اور حامی و ناصر و معاضد دین خدا و رسول ہونا ثابت اور یقینی اور جو منکر ہی ان اوصاف
جناب ابوطالب کا وہ منکر بدیہیات اور مدد سے خارج اسلام اور دشمن خیر الانام اور معاند دین اسلام
ہی فسیصر ولا تکن من العادین **قولہ** اللہ اللہ یہ محبوب ہین فنائے مطلق کا مرتبہ ہی عصمنا
اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ **اقول** اللہ اللہ بلکہ اعوذ باللہ ولا تو آپ کی تحریر سے ٹپک رہا ہی
کہ آپ بھی سلوک وعرفان مین ہم پلۂ اولیائے عظام ہین اور عالم وجد مین لکھ رہے ہین تعدد ومنزا آپکا
زوال پا چکا ہی حق و باطل حدوث وقدم کا فرق وغیرہ آپ کی ذات مین باقی نہین رہا محبوب ہین فنائے
مطلق کے مرتبہ کے علامات کیا خوب بیان فرمائے سبحان اللہ سبحان اللہ اصطلاحات عارفین اور سالک
سالکین اور مذاق عارفین سے بھی آپ کو کامل مہارت حاصل ہی واسطے ہی آپ کی معرفت پر اتنا بھی نہین
جانتے کہ فنا اور فناء الفنا اور نفی اور نفی النفی اور مدارج معارف و مراتب وانکشافات ومراقبات اور
علامات انکے کیا ہین اور سلوک طرق ولایت اور حصول منازل ہدایت اور وصول حقائق معرفت کس کو
کہتے ہین باوجود اس سفاہت وجہالت کے بدلیس واغوائے عوام کالانعام اور اظہار طرق ضلالت و
بغاوت اور توہین وتذلیل خاندان رسالت مین یکتا اور بے مثل باین ہمہ سلوک ومعرفت مین دعوی
ہمہ دانی اور ہمپایگی اولیائے سابقہ عظام میں لن ترانی اتنا بھی ادراک آپکو نہین کہ یہ وہ مدارج ومعارف
اور مقامات ومراتب ہین کہ سالکین وعارفین بھی مخبوط الفکر والذکر ہو جاتے ہین اور تحیر اور بہوت
ہوکر ایسے گرداب تحیر مین غرق ہوتے ہین کہ پتا نہین لگتا اور لا تو لطائف ستہ کا شغل نکی ترتیب سے ذکر

له یہ مضامین اور اصطلاحات کتاب احیاء العلوم امام غزالی اور تیسیر صراط مستقیم اور رسالہ انتصار الحق ریس سے
نقل کیے ہین ۱۲

نفی و اثبات کا مرحلہ طی کرنا ہوا ۔ اگر بکثرت مشقت اور توجہ بعد ان مراتب کو طی کیا اور نفی تمام عالم اور
نفی بدن کہ مشغل تکرار نفی عالم ہی اور اثبات ذات حق سبحانہ تعالی حاصل ہوئی اور یہ مشقت کثیر الکمال کو
بھی پہونچائی تو فقط انکشاف دوائر کا ہوا یہ وہ مرتبہ ہی کہ کمال نفی سے بجز انوار دوائر کے کچھ باقی نہین
رہا کہ عدم وجدان بدن کمال ہی بعد اسکے شغل دوائر ہی اور انکے مراتب ہین دائرہ امکان سے
مراقبہ احدیت کی ابتدا ہی اور اثر اسکا یہ ہی کہ ایک نور جاذب فوقانی قلب سے ممتد ہو کر عرش مجید
تک پہونچتا ہی اور محیط عالم ہو کر عالم امکان سے تجاوز کر جاتا ہی بعد اسکے دائرہ ثانیہ ہی اسکو ولایت
صغری کہتے ہین اس دائرہ مین مراقبہ اقربیت ہی اثر اسکا یہ ہی کہ وسعت جانی قلب کھل جاتا ہی اور تمام
قلب مثل آفتاب ہو جاتا ہی اور اس قلب کے ہر مقام سے نور درخشان ہوتا ہی اور یہ نور تمام جہات سے
درخشندہ ہو کر بہ سبب دائرہ اول کے موجودات ممکنہ سے متجاوز ہو کر حد لامکان کو پہونچکر غیر متناہی ہو جاتا
ہی اور قلب مصدر انوار جمیع الجہات بن جاتا ہی اور اسرار توحید واضح و منکشف ہوتے ہین اور رجوع
تمامی ممکنات واحد مرکز ہوتا ہی بعد اسکے دائرہ ثالثہ ہی جسکو ولایت کبری کہتے ہین یہ دائرہ متضمن
ہی تین دائرون کا اور ایک قوس کا دائرہ اول مراقبہ معیت ذات پاک حق سبحانہ تعالی ہی اس مین اختلاف
ہی اس وجہ سے کہ معیت کو اقربیت لازم ہی اور اقربیت کو معیت لازم نہین پس سیر اور سلوک مین اقربیت
مقدم ہی معیت پر غرض جب اس مرتبہ پر پہونچیگا تو لحاظ معیت او سبحانہ تعالی ذہن مین راسخ ہوگا اور یہ
معیت آموزنت علامت ولایت کبری ہی کہ تو اسکا دائرتین مذکورتین سے مدرجات بیشمار زیادہ ہوا اور
فی الحقیقت انوار مختلفہ حجب ذات پاک مین جب انکو طی کریگا تو حصول قرب و معیت وغیرہ کا ہوگا اور اسکا
اکمال مثل دائرتین مذکورتین نہین ہی گو حصول ان آثار کا ایک گمان عجیب اور بہت مرغوب ہے لیکن
حقیقت دائرہ کمال کو نہین پہونچتی پس تکمیل دوائر منحصر ہی دو امر دن پر ایک تو انکشاف دوائر اور دریافت
انوار دوسرے آثار قرب و معیت و محبت اور ترقی ولایت کے جو مقصود اور مطلوب سلوک سے ہی وہ بدون
انکشاف کے انوار دوائر حاصل نہین ہو سکتا پس بعد قائم ہونے مراتب انکشاف کے مراقبہ یحبہم و یحبونہ ہے
یعنی محبت اپنے بذات حق سبحانہ تعالے اور محبت حق تعالی کی اپنے ساتھ اور یہ ایک دائرہ ہوا اس مقام
مین دو دائرہ اور ایک قوس ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ محبت کے تین درجہ ہین اول درجہ ابتدا ہے محبت اس درجہ
مین محب تبع اپنا اور خوشنودی محبوب کے دونون کا لحاظ رکھتا ہی اور اپنا پاس اور اپنے محبوب کا پاس
دونون ملحوظ و محفوظ رکھتا ہی اور جب محبت ترقی کرتی ہی تو جانب محب کو اضمحلال پیدا ہوتا ہی اور فنا ہونے
لگتی ہی یہ علامت ہی تمامی دائرہ اول اور شروع دائرہ ثانی کے اس دائرہ ثانی مین ترجیح جانب حق بجانب
خود اور بجانب تمامی مخلوقات پیدا ہوتی ہی اور اضمحلال و فنا مرتبہ اعلی پر پہونچتا ہی اور نشانات جانب محب کا
باقی رہتا یہ علامت ہی اتمام دائرہ دوم اور شروع قوس کے نصف دائرہ ہی اسکو قوس اس سبب سے

گئے ہین کہ جانب محب اس مین باقی نہین رہتی اس مرتبہ مین خیال مضمحل اور [illegible]
ہو جاتا ہے اور کمال قوس محبت ہے اور اس مقام مین فناء الفنا حاصل ہوتی ہے بعد اسکے مراقبہ [illegible]
ہے حق سبحانہ تعالی کے دو نام مبارک ہین ایک ظاہر دوسرا باطن اور مظاہر اسکے مشایخ رہین [illegible]
اللہ عدد خلقہ سبحان اللہ زنۃ عرشہ سبحان اللہ مداد کلماتہ ہے اس مراقبہ کی مراد یہ ہے
کما ینبغی یہ ہے کہ لطیفہ نفس بالاصالت اور سب لطائف کہ بالتبع ہین ان سب سے کما ینبغی مستفیض ہو اور
مظاہر اسم الظاہر کا ادراک عقل سے ہے اور مظاہر اسم الباطن کا وصول بجز کشف اور الہام کے نہین ہے اور
بعد انصرام مراقبہ اسم ظاہر کے تجلیات اسم باطن کے نمایان ہوتے ہین پھر سیر ہے تجلی ذاتی دائمی کی اور اس
تجلی مین ظہور ہے کمالات انبیا اور مرسلین اور اولوالعزم کا اور اس سیر تجلی ذاتی دائمی مین تبدل انوار کا ضروری
ہے اس سیر کے تین درجہ ہین درجۂ اول سیر تجلی بلحاظ مناسبت کمالات انبیا علیہم السلام کے ہے اس مین
رویاے صادقہ کہ وہ ادنی درجہ نبوت ہے اس سیر فائز ہوتا درجۂ دوم سیر تجلی بلحاظ مناسبت کمالات
رسالت ہے اس مین الہام ادنی درجہ رسالت ہے اس پر فیضیاب ہو کر تفہیم اور تعظیم و مناظرہ غافلان و
جاہلان و معاندین پر فائز ہوگا درجۂ سوم سیر تجلی بلحاظ مناسبت کمالات اولوالعزم ہے اس مین ہمت قویہ
کا حصول ہے واسطے اہلاک عصاة اور متمردین اور معاندین کے اور انعام و اکرام مطیعین و مخلصین رب
العالمین کے حاصل یہ ہے کہ جس اسم کو اسماے الہی سے مراقبہ کریگا تو کوئی حصہ بھی اسکا ضرور پائیگا اور
منتہاے سیر ہر ہر مقام کے پہونچنے کی تین چیزین ہین اول تبدل انوار کا دوسرے تبدل صفات کا
تیسرے منجملہ تبدل صفات کے کسی صفت اور شان کا ان اوصاف مذکورہ سے کہ جو خصائص مخصوصہ ہین
نبوت اور رسالت اور اولوالعزم کے حاصل ہونا ہے اور بعد اسکے بھی مراقبات اسماے الہی ہین اور
مراقبات حضرت ذات باعتبار ظہور حقیقت کعبہ اور مراقبہ ذات باعتبار ظہور حقیقت قرآنی اور مراقبہ
بلحاظ مناسبت حقیقت صلوات اور مراقبہ معبودیت صرفہ اور مراقبہ ذات بلحاظ مناسبت حقیقت
ابراہیمی اور مراقبہ ذات بلحاظ مناسبت حقیقت موسوی ہے اب یہ بھی واضح ہونا چاہیے کہ محبت کے
بھی تین درجے ہین اول محبت صرفہ ہے کہ سرحد محبوبیت تک نہ پہونچے دوم محبت کہ سرحد محبوبیت کو
پہونچے مگر محبوبیت کو نہ پہونچے اور اعلاے درجہ محبت مین واصل ہے بلکہ اگر چند قدمی کرے
محبوبیت کو پہونچے اور یہ خلت ہے سوم محبت کہ محبوبیت کو پہونچے خود درجہ خلت سے بلند تر ہے
اور یہی منشاے حقیقت محمدی ہے حاصل یہ ہے کہ ان سب مراحل و مسالک اور مراقبات اور مشاغل
و اشغال کو طے کرے اور سیر حقائق اور معارف سے فیضیاب ہو کر مدارج اور مراتب مناسبہ پر فائز
ہو کر مقام معرفت ذات پر پہونچے تو بھی باوجود حصول مراتب اور وصول مدارج مذکورہ کے جو کمال
کہ مطلوب اور مقصود ہے حاصل نہین ہو سکتا بعد ان مراقبہ حضرت ذات بلحاظ محبت [illegible]

کہ منشاے حقیقت محمدیہ ہی پھر مراقبہ حضرت ذات بلحاظ محبوبیت محض بے امتزاج محبیت ہی اور یہ حقیقت
احمدیہ ہی بعد اسکے مراقبہ حب صرفہ ہی پھر مراقبہ لاتعین ہی اس لیے کہ حق تعالی کی ذات پاک کا وہ مرتبہ
ہی کہ کسی طرح بیان اور تعبیر کرنا اُسکا ممکن نہین ہی اور بعد وصول حصول سلوک اول سلوک ثانی ہی اسلیے
کہ راہ ولایت مین دو سلوک ہین اور مقصود اصلی منتہاے سلوک ثانی ہی کہ جسکو سیر فی اللہ کہتے ہین
پھر سلوک طریق نبوت ہی اور سالک راہ نبوت جب اس سلوک پر فائز ہوتا ہی تو ایک سلوک قدسیہ
اُسکے نفس مین پیدا ہوتا ہی کہ ادراک ہر نسبت کے کرسکتا ہی اور سالک اس طریق کو
سر بیان اور مقامات حاصل ہوتے ہین اور وہ زمرۂ مقبولان بارگاہ ایزدی مین محسوب ہوکر بسبب
اُنھین ترقیات کے اور مقامات کے سائر مقبولان سے امتیاز حاصل کرتا ہی اور منصوفین میں ان
مقامات کے القاب مخصوص ہین چنانچہ منتہاے مقام کو قطب ارشاد خطاب کرتے ہین اور عارف کامل
اور سالک واصل جب ان مقامون پر پہونچتا ہی تو جس چیز کی طرف التفات کرتا ہی اُسکی کنہ اور دقائق
پر کماحقہ بشرح و بسط تمام واقف ہوجاتا ہی گویا کہ پیش نظر اُسکے ہی اور جمیع نسب ولایت کمال سالک
راہ نبوت مین مندرج ہوتے ہین اور ادنی التفات سے حقائق اشیا پر بشرح و بسط تمام واقف
ہوتا ہی گویا کہ وہ اُسکو دیکھ رہا ہی اور کمالات راہ نبوت سے کشف والہام وخرق عادات ہی اور
کمالات راہ ولایت سے نفس طالب مین ایک اثر حادث ہوتا ہے کہ بسبب اُسکے عالم قدس سے
ارتباط رکھتا ہے اور وہ دائم نفس طالب مین موجود رہتا ہی اور یہ کل امور بسبب تواتر ثمرات اشغال اور
ریاضات اور مراقبات اور اذکار و مجاہدات کے حاصل ہوتے ہین اور انکشافات اور تجلیات
اور کمالات سے الہام و خرق عادات پر فائز ہوکر عارف کامل ہوجاتا ہی حاصل یہ ہی کہ دریاے
بے پایان عرفان کے چند طرق اور بعض اصطلاحات اور مدارج معارف اور مسالک اور مجاہدات
اور ریاضیات اور انکشافات اور تجلیات اور کمالات اور سیر کو مجملاً مشتے نمونہ از خروارے بدون
تفصیل بخیال اختصار حیز تحریر مین لائے اب ہم چند اقوال عارفین عظام اور اولیاے عالی مقام
اہل سنت بھی عرض کردیں تاکہ جو لوگ اُسکے معتقد ہین وہ آگاہ ہوجائین حضرت ابو یزید فرماتے ہین
کہ محب نہ دنیا کی محبت کرتا ہی نہ آخرت کی بلکہ اپنے مولی سے مولی ہی کو چاہتا ہے حضرت خواص رح
فرماتے ہین کہ محبت ارادون کا مٹانا اور سب صفات اور حاجات کا جلا دینا ہی حضرت شبلی کا قول
ہی کہ محبت لذت مین مدہوشی اور تعظیم مین حیرت ہی بعض اولیاے کرام کا مقولہ ہی کہ محبت اُسکا نام ہی
کہ اپنا آپ سے نشان مٹا دے یہان تک کہ کوئی چیز ایسی باقی نہ رہے کہ جسکا مائل اور راجع ہو
حضرت رابعہ سے کسی نے پوچھا کہ آپ رسول مقبول سے کیسی محبت رکھتے ہین فرمایا کہ مجھ کو محبت تو بہت ہی
مگر خدا کی محبت نے مجھ کو مخلوق کی محبت سے روک رکھا ہی ایک بہت بڑے بزرگ کے احوال مین ہی

کہ وہ ساٹھ برس تک رویا کی اور توبہ کرتی رہی اور کہتی تھی کہ مجھسے بہت بڑا گناہ ہوا ہی کسی نے پوچھا کہ وہ کون سا گناہ ہی
جس کے سبب آپ ساٹھ برس سے توبہ کرتی ہین اور روتی ہین جواب دیا کہ ایک بات ہو گئی تھی مین نے کہا کہ ہوتی تو
خوب ہوتا بعض سلف کا قول ہی وہ کہتے تھے کہ اگر میرا بدن مقراض سے کاٹا جاوے تو مجکو محبوب ہی اس امر سے کہ جو چیز
اللہ نے کی ہو اور مین کہون کہ نہ کرتا تو خوب تھا سعد ابن ابی وقاص مستجاب الدعوات تھے اور نابینا تھے عبد اللہ
ابن صائب ان کے پاس گئے اور کہا کہ چچا آپ تو غیرون کے واسطے دعا کرتے ہین اور دعا آپ کی مقبول ہوتی ہی
آپ اپنی بینائی کے سبب دعا کیون نہین کرتے آپ نے تبسم فرمایا اور کہا کہ بیٹا خدا سے پاک کی رضا میرے
نزدیک بینائی سے بہتر ہی حاصل اس تحریر کا یہ ہی کہ صدیق اکبر بسبب بیعت فرمانے کی اور سبقت کرنے سے
اسلام لانے کے اور شفقت کرنے سے حضرت سید المرسلین کے سبب محبت و شفقت یا استمداد آن حضرت
ان سب مدارج اور مقامات عالیہ پر فیض یاب ہو چکے تھے اور مقام شکر محبت پر فائز ہو کر اور متجاوز ہو کر بکمال
اصطفا اور اجتبا درجہ مقبولیت اور محبوبیت پر پہونچے تھے اور بندہ خاص اور عبد با اختصاص سے ملقب ہو گئے
تھے اعمال و افعال و اقوال اون کے باستر ضاء حضرت ذو الجلال واقع ہوتے تھے مدارج کمالات میں تمثال
اور صفات کمال مین کوئی کمال ایسا متخیل اور متوہم نہین ہوتا جو باقی رہ گیا ہو تمام اوصاف اولیا اور انبیا سے
متصف تھے اور انصرام و انتظام اور اجرا احکام الٓہیہ کے مستحق ہو چکے تھے اور والذین امنوا اشد حبا للہ
کے اور ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ اور ان اللہ یحب الذین یقاتلون فی سبیلہ صفا
کے مصداق تھے اور بسبب سابقیت اسلام مومنین متصفین سے ممتاز تھے حتی کہ بعد وفات خاتم المرسلین
رحمۃ للعالمین حبیب رب العالمین باجماع امت خلیفہ برحق اور نائب اُنکے قرار دیے گئے پس جو جامع
اوصاف اور فائز بکمالات اور کامل اور عارف اور واصل ہوگا اُسکو زید عمرو بکر سے کیا علاقہ کہ نفی اور نفی النفی
اور فنا اور فنا و الفنا اور فناے مطلق کے علامات سے تو غفلت محض اور نابودی اور تعطل قواے ذاتی
ہی اس لیے کہ فنا سے تو تفرقہ اور تمیز اور حدوث قدم کا فرق باطل ہو گیا نفی النفی و فنا و الفنا کہ
نیستی محض کو کہتے ہین کچھ باقی نہ رہا سیر فی اللہ سے مستغنی ہوے حب نفسانی کہ ملقب بعشق ہی کہ منتہی ہی
اُسکے مقام ولایت تک اور حب ایمانی کہ ملقب بہ حب عقلی ہی کہ منتہی ہی مقام نبوت تک ان سب پر فیضیاب
ہوے معاذ اللہ کیونکر ممکن ہی کہ حضرت ابو بکر باوجود ان فضائل و مناقب کے اپنے باپ کے
اسلام لانے پر اور پیغمبر برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک بڑھانے پر واسطے بیعت لینے کے
اور بیعت بھی کون سی بیعت کہ جس بیعت سے صدیق اکبر ان مراتب پر پہونچے ہون گریہ فرمائین اور وقت
استفسار فرمائین کہ اگر ابو طالب کا ہاتھ میرے باپ کے ہاتھ کے مقام پر ہوتا تو مجھکو محبوب زیادہ تھا
کیونکہ حضرات اسی کا نام غفلت اور بیہودگی اور فناے مطلق ہی اسی کو محبوب مین فناے مطلق کا مرتبہ
کہتے ہین محبوب سے آپ نے کیا مراد لی ہی کیا آپ کی اصطلاح خاص مین محبوب سے مراد وہ کافر ہی

جو اپنے کفر پر مر جائے جیسا کہ جناب ابوطالب کی نسبت آپ کا زعم باطل ہی یا مراد آپ کی محبوب سے
ذات خاتم المرسلین ہی تو بھی حضرت رابعہ سے مقام عرفان مین پست تر ہوتے ہین کہ وہ فرماتی تھین
کہ خالق کی محبت نے ہم کو مخلوق کی محبت سے روک رکھا ہی یا مراد آپ کی محبوب سے ذات حق سبحانہ
تعالی ہی تو بھی یہ قباحت لاحق ہی کہ پھر اپنے باپ کا کافر رہنا اور جناب ابوطالب کا اسلام لانا
کیونکر محبوب ہوا باوجود عدم امکان کے اور مخالف رضاے محبوب کے اور کیا تجلیات ربانیہ سے
فیضیاب ہونا مقام شکر محبت سے تجاوز کرنا کمال اجتبا اور اصطفا سے درجۂ مقبولیت اور
محبوبیت پر فائز ہونا منشاء حقیقت ابراہیمیہ اور موسویہ اور عیسویہ اور احمدیہ سے ممتاز ہونا اسی کا
نام ہی مقام معرفت ذات پر پہونچنا اور تمام افعال و اعمال و اقوال باستر رضاے حضرت ذوالجلال
واقع ہونا اسی کو کہتے ہین کہ جو امر بمشیت ایزدی واقع ہو چکا ہو وہ تو مخالف طبع اقدس ہوا اور محبوب
نہ ہوا اور مخالف مشیت محبوب محبوب زیادہ حضرت سعد وقاص تو اپنی نابینائی کو دوست رکھین واسطے
رضاے حق تعالی کے عارفین و عابدین ساٹھ ساٹھ برس توبہ کرین اور گریہ کرین فقط اتنے امر پر کہ جو
بات ہو گئی تھی اور انکے منھ سے نکل گیا تھا نہ ہوئی ہوتی تو خوب تھا اور اسکو ایسا گناہ عظیم سمجھے
کہ ساٹھ ستر برس تک توبہ کرین اور آپ ایسے امر کو محبوب مین فناے مطلق کا مرتبہ فرمائین اولیاے
عظام اور عرفاے عالی مقام تو کہین کہ اگر تمام بدن مقراض سے کترا جائے تو مجھے محبوب ہی اس امر سے
کہ جو چیز اللہ نے دی ہوا اور مین کہون کہ نہ کرنا تو خوب تھا حاصل یہ ہی کہ آپ دشمن ایمان ہین آپ کا شیوہ
ہی کہ بپردۂ اسلام مین وہابیت کو ترقی دیتے ہین فقط خاندان رسالت کے آپ دشمن نہین ہین
بلکہ تمام آل و اصحاب آنحضرت صلعم کے بھی عدو باطنی ہین فرق اتنا ہی کہ خاندان رسالت مین بعض سے
تو عداوت کا بلا تکلف اظہار ہی اور بعض سے درپردہ اور یہ بعض چونکہ باتفاق اہل اسلام زمرۂ
اصحاب مین محسوب و معدود ہین عداوت و دشمنی ظاہری سے بچے ہین مگر بغض و عداوت جو مخفی
اور مستتر ہی آپ کی ذات مین وہ اعم ہی جمیع اصحاب کبار اور خاندان رسول مختار سے دیکھیے آپ اپنے
حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کو کیسی کیسی نسبتین دے رہے ہین اور کس کس طرح کی تمثیلون سے
ممثل فرمارہے ہین اور ظاہر مین انکو مدح اور منقبت کے قالب مین لاکر رو غن قاز جو مشہور ہی مل کر
کیسا چلنا اور چوڑا اور چمکدار کر کے دکھا رہے ہین اور فرماتے ہین کہ یہ فناے مطلق کا مرتبہ ہی اور
اسپر آیۂ کلام مجید بھی وارد کرتے ہین باین نہج کہ صدق اللہ الذین امنوا اشد حبا للہ پس اس
قول حق سبحانہ تعالی کی تصدیق تو عموماً کل اہل اسلام کو حاصل ہی لیکن آپ کو دقت تسوید حدیث ہذا
حاصل ہوئی کہ آپ نے بھی [illegible] اللہ زبان اور قلم پر جاری کیا یہ اقرار آپ کا اجمالاً بہت
مناسب تھا اگر مفصلاً اور ممثلاً جو آپ نے تحریر کیا تو آپ کے ارتداد اور کفر کی دلیل ہو گئی بنظر التفات

ملاحظہ ہو کہ محصل قول حق تعالیٰ تو یہ ہی کہ جو لوگ ایمان لائے ہین محبت اُنکی نسبت بخدا پیشتر ہے
مشرکون کی محبت سے جو اُنکو بتون کے ساتھ ہی اور آپ کی تمثیل سے ثابت ہوتا ہی کہ جو لوگ ایمان
لائے ہین اور بت پرستون اور کافرون کو دوست رکھتے ہین وہ مصداق اشد حبا للہ ہین کہ
حضرت صدیق ایسے خیرخواہ اور دوست تھے جناب ابوطالب کے کہ اُنکے اسلام نہ لانے پر
گریہ فرمایا اور اپنے باپ سے بھی جناب ابوطالب کی محبت زیادہ رکھتے تھے کہ اپنے باپ کے
اسلام لانے سے ابوطالب کے اسلام لانے کو زیادہ دوست رکھتے تھے وہ مصداق اشد
حبا للہ ہوے حالانکہ جو شخص مومنین سے دوست رکھے کافرون کو وہ اُنھین مین شامل ہی اور
آیات متعددہ ہم ذکر کر آئے ہین اسی مضمون مین پس جو شخص خاتم المرسلین کو اور صدیق اکبر کو نسبت
دے کہ وہ کافرون کو دوست رکھتے تھے وہ باتفاق مذہب سنت وجماعت اور بوجہ شامل ہونے
پیغمبر صلعم خدا کے کل اہل اسلام کے نزدیک مرتد منافق مکذب کلام خدا موہن رسول کبریا مذلل آل و اصحاب
باصفا ہی سبحان اللہ کیا آپ کی عقل اور تصدیق ہی اور کیا خوب فناے مطلق کے مرتبہ کو آپ سمجھے
ہین کہ جو مجمع عام مین مہاجرین و انصار کے عین حالت فرحت وسرور مین یوم فتح مکہ منہ در منہ حضرت
رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ کے اموات کی سب کرے اور کہے کہ ہمارا باپ تو ایمان سے مشرف ہوا
اور آپ کا محبوب باپ یعنی چچا کافر رہا اس قول کا کہنے والا موذی خدا و رسول اور عدوے آل واصحاب
مقبول ہوا یا مرتبۂ فناے مطلق پر پہونچا اور اشد حبا للہ کا مصداق بنا گیا مصداق اس آیۂ شریفہ
اور مرتبۂ فناے مطلق کے کیا وہ ہی مومنین تھے کہ جو مجمع مہاجر و انصار اور اقربا و اغیار مین آنحضرت صلعم
کے اموات کی سب کرتے تھے اور کفار سے پوشیدہ اور ظاہر دوستی رکھتے تھے اگر اسی کا نام مرتبۂ
فناے مطلق ہی تو آپ کو اور آپ کے امثال کو مبارک رہے **قولہ** اسی طرح امیر المومنین فاروق اعظم
نے سیدنا عباس رض عم رسول اللہ سے کہا انا باسلامک اذا اسلمت افرح منی باسلام الخطاب
اقول یک نہ شد دو شد آپ نے صدیق اکبر کو تو متہم کیا تھا حضرت فاروق کو بھی نہ چھوڑا اولاً
تو آپ کا رقم فرمانا کہ اسی طرح امیر المومنین رض فاروق اعظم نے الخ یہ بھی غلط اور کذب صریح ہی کہ
صدیق اکبر نے رو رو کر اور بپردۂ اظہار محبت ابوطالب مین مجمع اقربا و اغیار اور مہاجرین و انصار
مین کفر ابوطالب کا اعلان فرمایا پیغمبر برحق کو حالت فرحت فتح مکہ مین کفر جناب ابوطالب یاد
دلا کر محزون وغمناک فرمایا اور قلب منور آنحضرت صلعم کو ایذا دی اور فاروق اعظم نے رفع منطنہ حضرت
عباس رض کیا اور خاموش رہو خاموش رہو کہکر التجا و اخفا فرمایا اور اسی ضمن مین اظہار محبت اسلام
حضرت عباس رض کیا پس اسی طرح کہنا آپ کا کیونکر لغو اور کذب اور غلط نہ ہوا اور اس تمثیل سے جو آپ نے
مرتبۂ فناے مطلق کا اظہار کیا تو ہم پہلے ہی ثابت کر چکے ہین کہ آپ کو اصطلاح عارفین سے بے بہرہ ہین

اجنبیت ہی اور وہ ہمارے بیان سابق سے آپ پر منکشف ہو گیا ہوگا تکرار بیان کی حاجت نہین ہی اور حق یہ ہی کہ آپ کی تحریر سے ظاہر ہی کہ آپ اصحاب باصفا کی ہجو بالزم فرمارہے ہین اور عوام جہلا کو دام مکر مین گرفتار کر رہے ہین آپ کو لازم تھا کہ حدیا تم تام یا ناقص محبوب مین فنائے مطلق کے بیان فرما کر حضرت فاروق کے کلام کے شان نزول کو تحریر کرکے تمثیلاً پیش فرماتے کہ یہ محبوب مین فنائے مطلق کا مرتبہ ہی اگر آپ سچے دوست فاروق اعظم کے اور سچے سنت جماعت ہوتے تو اس قول فاروق اعظم کو نقل ہی نہ کرتے اور اگر یہ فعل و قول حضرت شیخین کا مرتبہ اعلی اور فنائے مطلق آپ کے زعم مین ہوتا تو ضرور آپ لکھتے کہ کس مقام پر کس وجہ سے کس حالت مین کون سی ضرورت لاحقہ کے سبب سے فاروق اعظم نے انا با سلامک الخ فرمایا تاکہ انکشاف مرتبہ شیخین ہر شخص پر ہو جاتا مگر حقیقت مین در پردہ آپ انکی توہین کر رہے ہین اللہ اللہ اس فنائے مطلق نے آپ کو درجہ جہل مرکب سے بھی متجاوز کر دیا ہی اور خودی نے آپ کو آپ سے باہر کر دیا ہی تفرقہ اور تمیز حدوث قدم کا آپ سے ایسا زائل ہوا ہی کہ جس نے آپ کی نوعیت سے بھی آپ کو خارج کر دیا ہی بلکہ ختم اللہ علی قلوبھم کا مصداق بنا ڈالا ہی اور لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور آپ کی شان مین صادق آتا ہی یہ سؤال وجواب سیدنا عباس اور حضرت فاروق کے تمام کتب سیر مین مندرج ہین چنانچہ رکن چہارم باب یازدہم وقائع سال ہشتم ہجری معارج النبوۃ صفحہ ۴۰۴ مین اور روضۃ الصفا جلد ۲ صفحہ ۴۴ ملاحظہ فرمائیے اور خلاصہ اسکا یہ ہی کہ جب سیدنا عباس نے ابوسفیان کو امان دیکر بخدمت حضرت رحمۃ للعالمین لائے اور حضرت فاروق نے انکو آتے دیکھا تلوار میان سے کھینچ کر ابوسفیان کے قتل کرنے کو چلے حضرت عباس مانع ہوئے حضرت عمر نے جلدی کی کہ سب سے پہلے خدمت آنحضرت مین پہونچکر اجازت قتل ابوسفیان حاصل کرون اور سیدنا عباس بھی بہ تعجیل تمام برابر ہی پہونچ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ابوسفیان کو مین اپنی امان مین لایا ہون اور فاروق اعظم بھی بار بار اجازت خواہ ہوتے تھے کہ ابوسفیان کو قتل کرون اور پیغمبر برحق خاموش تھے اور کچھ نہ فرماتے تھے جب سیدنا عباس نے بے چینی اور تعجیل بحدے دیکھی حضرت عمر کی تو کہا کہ ای عمر اسقدر اضطراب جو قتل ابوسفیان مین کرتے ہو تو اس لیے کہ وہ بنی عبد مناف ہی اگر قبیلہ بنی عدی سے ہوتا تو اتنی زیادتی اور مبالغہ نہ کرتے جواب دیا حضرت فاروق نے کہ خاموش رہو اس لیے کہ جس روز تم اسلام لائے تھے تو اسلام تمھارا میرے نزدیک محبوب زیادہ تھا اسلام سے اپنے باپ خطاب کے اس گفت و شنید سے جو مابین حضرت عباس اور فاروق اعظم کے واقع ہوئے اسکا مطلب کالشمس فی نصف النہار آشکارا ہی کہ حضرت عباس نے سبب اضطراب و تعجیل کو حضرت عمر کے ظاہر فرمایا کہ تم کو بنی عبد مناف سے دشمنی ہی حضرت عمر نے اسکا انکار کیا اور تمثیلاً بیان کیا کہ ان؟

باسلامك اذا اسلمت افرح منی باسلام الخطاب مطلب اس تمثیل کا یہ ہو کہ مین بنی عبد مناف کا
دشمن نہین ہون اگر دشمن ہوتا تو تمھارے اسلام لانے سے اتنا خوش نہ ہوتا تم بھی بنی عبد مناف ہو
پس کلام حضرت عمر سے نہ کوئی بزرگی پائی جاتی ہی نہ کوئی علو ہمتی اور نہ محبت خدا نہ رسول نہ کوئی
مرتبہ عرفان ہی پھر محبوب مین فنائے مطلق کا مرتبہ فدیتہ کہان سے مل گیا سبحان اللہ یہ عرفان و
سلوک کی مذمت ہی کہ مدح ہی عارفین وسالکین کی تحقیر ہی کہ تعریف یہ اصحاب آنحضرت کی منقبت
ہی کہ مذلت اور کیا تعجب ہی کہ فرماتا سیدنا عباس کا کہ تم بہ سبب عداوت بنی عبد مناف کے
تعجیل کرتے ہو قتل ابو سفیان مین اسوجہ سے ہو کہ خود حضرت عمر ایک مرتبہ خدمت سید المرسلین
مین عرض کر چکے تھے کہ یا رسول اللہ حضرت کو روشن ہی کہ قریش کی عداوت مجھ سے کس درجہ مین
ہی اور شدت وغلظت میری اُس قوم سے کس مرتبہ مین ہی یہی کلام حضرت عمر کا اور یہ ہی اقرار عداوت قریش
کا یاد دلایا یہ قصہ اکثر کتب احادیث اور سیر مین نہایت توضیح سے موجود ہی مناہج النبوۃ صفحہ ۴۲۹
مین اور روضۃ الصفا جلد ۲ صفحہ ۱۲۲ مین مذکور ہی جسکا خلاصہ یہ ہی کہ خواجۂ عالم نے فرمایا کہ اے عمر تمھین
جانا چاہیے اور کہنا چاہیے کفار عرب سے کہ ہم داعیۂ جنگ نہین رکھتے عمرے کی زیارت کو آئے ہین
جواب دیا حضرت عمر نے کہ یا رسول اللہ حضرت کو روشن ہی کہ قریش کی عداوت مجھ سے کس درجہ ہی اور
شدت وغلظت میری اُس قوم سے کس مرتبہ مین ہی فاعتبروا یا اولی الابصار مخاطب وحید الدہر
فرید العصر کی تحقیق سے عرفان وسلوک کی یہ قدر ومنزلت ہی محبوب مین فنائے مطلق کا یہ مرتبہ ہو احیاء
العلوم فی الدین جسکا ترجمہ مذاق العارفین ہی صفحہ ۳۰۵ و صفحہ ۳۰۶ مین حبیب خدا ہونے کی بہت سی
علامتین لکھی ہین کہ جن سے اُنکا محبوب ہونا ثابت ہوتا ہی چنانچہ ایک علامت یہ ہی کہ خدا تعالی کے
لقا کو کشف اور مشاہدہ کے طور پر دار السلام مین اچھا جانے اس لیے کہ ہو نہین سکتا کہ دل کسی محبوب
کو چاہے اور اُسکے مشاہدہ کو اور لقا کو نہ چاہے اور معلوم ہی کہ بدون دنیا سے کوچ اور مفارقت
سے یہ آرزو پوری نہ ہوگی تو چاہیے کہ موت سے محبت رکھے اور اُس سے نفرت نہ کرے اسواسطے
کہ عاشق کو اپنے وطن سے سفر کرنا اور محبوب کے دیار مین اُسکے دیدار سے بہرہ ور ہونے کو جانا
گران نہین معلوم پڑتا اور موت دیدار کی کلید اور مشاہدہ کے جانے کا دروازہ ہی آنحضرت فرماتے
ہین من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ اور ان اللہ یحب الذین یقاتلون فی سبیلہ
صفا اور ماورا اسکے ہم بہت سے علامات اور مثالین اور اقوال عارفین بیان کر آئے کہ جن سے
کتب مملو ہین کاش کسی سے بھی آپ کا بیان مثل اور مشابہ ہو جاتا کہ محبوب مین فنائے مطلق سے
ورجہ سے مشابہ یا منجملہ اُسکا کہلاتا آپ کی تقریر وتحریر کا منشا تو یہ ہوا کہ قریش سے انتہا درجہ کی
شدت اور غلظت کرنا بنی عبد مناف کے قتل مین تعجیل ومبالغہ کرنا سیدنا عباس کے اسلام کو اپنے

باپ کے اسلام سے زیادہ دوست رکھنے کہ اقرار کرنا یہ مرتبہ محبوب بین فنائے مطلق کا ہی فاعتبروا یا
اولی الابصار ثانیاً سند حدیث مین موسی ابن طارق ہین علامہ ابن حجر تقریب تہذیب مین رقم فرماتے
ہین موسی بن طارق الیمانی ابو قرہ بضم القاف الزبیدی بفتح الزاء القاضی ثقۃ یغرب
من التاسعۃ اور موسی ابن عبیدہ بضم اول لہابن نشیط بفتح النون وکسر المعجمۃ بعدھا
تحتانیۃ ساکنۃ ثم مہملۃ الربذی بفتح الراء والموحدۃ ثم معجمۃ ابو عبد العزیز المدنی
ضعیف لاسیما فی عبد اللہ ابن دینار وکان عابدا من صغار السادسۃ مات سنۃ
ثلث وخمسین پس غریب وضعیف ہونا اس حدیث کا ایسا ظاہر ہو کہ کسی کو مجال دم زدن نہین
اور ایسی بے سر و پا ٹوٹی پھوٹی حدیثون سے دلیل کفر مومن اغرب اور اعجب ہی ہان عوام جہلا کے
سمجھانے کو اور حدیثون کے گنوانے کو کہ اتنی حدیثون سے ہم نے ثابت کر دیا کافی ہوسکتا ہی
مگر بکرم ہمدرد صاحبان بصیرت کے نزدیک آپکے سب کی اور توہین کا باعث ہی کہ مابین مناظرہ احادیث
مجروحہ اور غریبہ وضعیفہ سے آپ دلیل لاتے ہین اور اسپر یہ لعلی کہ اصحاب کبار کی طرف اُن لغویات
[illegible] کہ انھین حدیثون سے اُنکے مدارج اور معارف اور مراتب اور فضائل اور کمال و ولایت
کا ثبوت [illegible] ہین انھین خیال فرماتے کہ جب یہ حدیثین خود لائق اعتبار نہین تو اُنکے مدلولات کا
کیا اعتبار ہوسکتا ہی وما علینا الا البلاغ **قولہ** حدیث سیزدہم [illegible] بن بکر [illegible]
[illegible] ابن اسحق عن [illegible] ابن عمر عن ابی السفر قال بعث ابو طالب الی النبی صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم فقال اطعمنی من عنب جنتک فقال ابو بکر ان اللہ حرمھا علی الکافرین
یعنی ابو طالب نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا بھیجی کہ مجھے اپنی جنت کے انگور
کھلا دیجئے اسپر صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا بیشک اللہ نے انھین کافرون پر حرام کیا ہی
اقول اولاً تو آثار واحادیث تب بھی آپ [illegible] نہین کرتے باتفاق جمہور محدثین آپ اس قول کا
حدیث [illegible] فرما دیجئے پھر حدیث سیزدہم فرمایئے اور عند البعض جو قول و فعل و تقریر صحابہ
اور تابعین کو حدیث شمار کرتے ہین تو بھی اگر وہ منتہی ہو آنحضرت تک تو اسکو مرفوع کہتے ہین
اور جو منتہی ہوا صحابہ پر تو اسکو موقوف کہتے ہین اور جو منتہی ہو تابعین تک اُسکو مقطوع کہتے ہین
اور موقوف و مقطوع دونون اصطلاح محدثین مین مشہور یا نہ ہین آپ کا حدیث سیزدہم لکھنا
دال اسپر کرتا ہی کہ محدثین کی اصطلاح مشہور سے بھی آپ کو اجنبیت ہی ثانیاً بالفرض جناب ابو طالب
انگور جنت اپنے بھتیجے خاتم المرسلین صلعم سے طلب کرین اور صدیق اکبر خواہ مخواہ جواب دینے مین رسول اللہ
سے سبقت فرمائین یہ سبقت اور مبادرت کیسی حرکت گستاخانہ ہوا اور یہ تعجیل و سبقت صدیق اکبر کی کتنی
مشابہ ہی اس تعجیل فاروق اعظم سے جو انھون نے قتل ابو سفیان مین کی تھی اور حضرت عباس نے

جواب دیا تھا کہ یہ بنی عبد مناف سے ہو اس سبب سے اسکے قتل مین تعجیل کرتے ہو اگر بنی عدی سے ہوتا تو اتنی تعجیل نہ کرتے اس نقل کو ہم حدیث دینار درہم کے جواب مین تصریحًا بیان کر آئے ہین قال ثالثًا قلت ابو بکر ان اللہ حرمہا علی الکافرین یہ مقال بھی قال رسول اللہ سے خالی ہی بالفرض اسی قول صدیق کی تصدیق کی جائے کہ حدیث ہی اور یہ بھی فرض کیا جائے کہ یہ قول پیغمبر خدا صلعم سے سنا تھا تو بھی یہ اعم ہی کل کافرین کے حق مین لیکن تخصیص انکو رکی کرنا اور مصداق ابو طالب کو قرار دینا یہ دونون امر صدیق اکبر سے متعلق ہین کہ حدیث دینار درہم مین حرمہا کو اور تفسیر اسکی ای طعامہا و شرابہا جو درہم پہلے ہی ثابت کر آئے ہین نہ کہیں جناب ابو طالب صدیق اکبر پر بھی مخفی رہا ہو اور انھون نے اپنے علم کے جواب مین تخصیص انکو رکی ہو اور مصداق اسکا جناب ابو طالب کو قرار دیا ہو اور ثم خود کا فرین مین شمار کیا ہو اور جب امکان اس احتمال کا ہوا تو ظاہر ہی کہ احتمال مسقط استدلال ہی کہ جو کچھ صدیق اکبر نے کہا مطابق اپنے علم کے کہا نہ فی الحقیقت پس کسی طرح یہ آپ کی حدیث سیزدہم دلیل کفر ابو طالب نہین ہوسکتی رابعًا علامہ ابن حجر تقریب و تہذیب مین لکھتے ہین یونس ابن بکیر واصل الشیبانی ابو بکر الجمال الکوفی صدوق یخطی یعنی یونس ابن بکیر ابن واصل شیبانی ابو بکر جمال کوفی صدوق ہین مگر خاطی ہین خطا کرتے ہین اور سعید بن محمد ابو السفر ضعیف ہین سبحان اللہ ناقل ور راوی حدیث تو خاطی و ضعیف اور اس حدیث کا الٹا آپ کے نزدیک صحیح ہو تاکہ اس سے استدلال کرنا یہ آپ کی عقل کا قصور ہی شاید آپ کو علم رجال مین بھی دخل نہین ہی کہ آپ اسناد کو اور صحت اور عدم صحت کو بھی نہ سمجھے اور اگر جان بوجھ کر فریب عوام کے واسطے اور حدیثین گنوانے کے واسطے اس حدیث کو آپ لائے ہین تو دلیل ہو آپ کے نفاق قلبی کی اور خطا کاری کی اور یہ خیال بھی ضرور تھا کہ حدیث ضعیف و غریب و منقطع جسکے راوی تک ضعیف و خاطی ہین وہ کیونکر قابل استدلال ہوسکتی ہی اور بنا برہم دلیل لانا آپ کا دلیل سفاہت و جہالت ہی اور جناب ابو طالب کا مومن اور سابق الاسلام ہونا ثابت **قولہ** حدیث چہاردہم الی احدی من حدیث موسی بن عبیدۃ قال اخبرنا محمد ابن کعب القرظی قال بلغنی انہ لما اشتکی ابو طالب شکواہ التی قبض فیہا قالت لہ قریش ارسل الی ابن اخیک یرسل الیک من ھذہ الجنۃ التی ذکرھا یکون لک شفاء فارسل الیہ فقال رسول اللہ ص ان اللہ حرمہما علی الکافرین طعامہا وشرابہا یعنی ابو طالب کے مرض الموت مین کافران قریش نے صلاح دی کہ اپنے بھتیجے صلی اللہ سے عرض کر بھیجو کہ یہ جنت جو وہ بیان کرتے ہین اس مین سے تمھارے لیے کچھ بھیجین کہ تم شفا پاؤ ابو طالب نے عرض کر بھیجی حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے جواب دیا کہ اللہ تعالی نے جنت کا کھانا پانی کافرون پر

حرام کیا ہی **اقول** اولاً کافران قریش کا جناب ابوطالب کو صلاح دینا اور اُنکا اُس صلاح پر عمل
کرنا بعید از قیاس اور اتہام صریح ہی کہ مرتے دم تک تو ابوطالب اُن سب کو وصیت کرین کہ محمد صدوق
ہین تم اُنکی پیروی کرو فلاح پاؤگے اور تمام عرب کو نصیحتین اور وصیتین کرتے رہین اور وہ صلاح
قریش پر عمل کرین اور باین ہمہ فرض کرلین کہ کفار قریش نے صلاح دی تو صلاح دینا کفار قریش کا چند
وجہ سے خالی نہین (۱) یا تو کفار قریش کو تجربہ حاصل تھا اور طعام و شراب جنت سے اُنکو شفا حاصل
ہوئی تھی اور یہ محال بالبداہۃ ہی (۲) یا جناب رسالت مآب صلعم نے اپنے اصحاب اور مومنون کی
بیماری مین طعام و شراب جنت سے علاج فرمایا تھا اور مشہور ہو گیا تھا کہ طعام و شراب جنت سے
مریض صحت پاتے ہین یہ بھی ثابت نہین یا پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا تھا کہ طعام و شراب جنت کل امراض
کی دوا ہی اور واسطے ہر مریض کے اُس مین شفا ہی یہ بھی ثابت نہین پھر صلاح دینا کفار قریش کا
کیونکر معتبر ہو سکتا ہی اب رہی یہ وجہ کہ کفار قریش نے از روے طعن کے استہزا اور تمسخر کیا اور
صلاح دی تو ظاہر ہی کہ جناب ابوطالب ایسے جلیل القدر عظیم الشان تھے کہ باوجود اپنی کثرت اور
اتفاق کے کفار قریش نے کوئی کلمہ گستاخانہ سامنے جناب ابوطالب کے نہین نکالا چہ جائیکہ تمسخر
و استہزا اور اگر اس صلاح سے تکذیب اور تمسخر پیغمبر خدا مطلوب تھے تو کون سی عقل باور کریگی کہ اُس
صلاح کو جناب ابوطالب سنین اور تصدیق تکذیب کفار قریش کے واسطے اُس صلاح پر عمل کرین۔
واے ہی آپ کی عقل پر کہ یہ وہ ابوطالب ہین کہ تنہا تمام کفار عرب کے مقابلہ پر کھڑے ہو کر فرمائین
فاصدع بامرك ماعليك غضاضة وابشر بذاك وقرمنك عيونا والله لن يصلوا اليك
بجمعهم حتى اوسد فى التراب دفينا اور بہ نسبت اقوال اور اخبار جناب ابوطالب کے جو اُنھون نے
قبل بعثت اور بعد بعثت تا وقت وفات فرمائے ہین اور خبرین دی ہین اور نصیحتین اور وصیتین
کی ہین اور وہ سب مطابق واقع ہوئی ہین تنبیہاً ایک فصل مستقل مین بیان کر دینگے کہ جناب
ابوطالبؑ کس مرتبہ پر تھے تا جہلا اور بعض علماء متعصب جو حالت مغلط مین گرفتار ہین رہائی پائین
اور راہ راست پر آئین **ثانیاً** فرمانا پیغمبر برحق کا ان الله حرمهما على الكافرين یعنی اللہ نے طعام
و شراب جنت کافرون پر حرام کیا ہی کیا اسکا مفہوم آپ کے ذہن مین یہ ہی کہ مسلمین طعام و شراب
جنت سے اس دنیا مین سیر و سیراب ہوتے ہین اور کافرین پر حرام ہی تو تمثیلاً دو چار ہی اسم مبارک
مسلمین یا مومنین یا انصار یا مہاجرین مین سے ارقام فرمائیے کہ کون کون سیراب ہوے یا حضرت
طعام و شراب جنت بعد حصول جنت ہی اور حصول جنت بعد مرگ على الايمان جو داخل جنت ہوگا وہ
طعام و شراب جنت سے سیر و سیراب ہوگا اگر فرمائین کہ دنیا مین بھی بعض مومنین طعام و شراب
جنت سے سیر و سیراب ہوے ہین تو جواب اُسکا یہ ہی کہ وہ مومنین وہ ہی اہل بیت ہین جنکا اجماع ہی

ایمان ابوطالب پر یہ وہ مومنین ہین جنھون نے مدۃ العمر اصنام پرستی نہین کی جس شرک اور دلش کفر
سے طاہر و مطہر ہین جو اصلاب و ارحام طاہرہ رکھتے ہین پیغمبرؐ برحق نے جنکو خیر قرون اور خیر بیوت
خطاب فرمایا ہی جنکی شان ہین اللھم ھؤلاء اھلبیتی فرمایا ہی جنکی شان مین آیۂ تطہیر نازل
ہوا ہی جو مصداق ابناءنا و نساءنا و انفسنا ہین وہ ہر وقت مستحق جنت اور طعام و شراب
جنت کے تھے بلکہ جنت خود اُنکی مشتاق تھی اور حق اُنکے ساتھ پھرتا تھا اور ظاہر ہی کہ اکثر کفار
جب مشرف باسلام ہوتے ہین مستحق جنت قرار پاتے ہین اور جب اُن سے ارتداد و نفاق ظاہر
ہوتا ہی مستحق جہنم ہو جاتے ہین پھر کیونکر ممکن ہی کہ ہر مسلمان طعام و شراب جنت سے قبل
اس دنیا مین سیر و سیراب ہو سکے اور ان اللہ حرمہما علی الکافرین کو اگر حدیث ... الارض
کہین تو مراد اُس سے کل کافرین ہین کہ نہ وہ داخل جنت ہونگے نہ طعام و شراب جنت ... سیر و سیراب
ہونگے یہ مراد نہین ہو سکتی کہ اگر جناب ابوطالب ایمان لاوین تو طعام و شراب جنت سے سیر و سیراب
بھی ہون اور شفا بھی پاوین ثالثاً برزنجی اور زینی اور نبیرہ جوزی ابن سعد سے کہ امام المحدیث
والسیر ہین اور خطیب اور ابن عساکر عمرو بن سعد سے روایت کرتے ہین ان اباطالب قال کنت
بذی المجاز مع ابن اخی فادرکنی العطش فشکوت الیہ ولا اری عندہ شیئاً قال فثنی
ورکہ ثم نزل فاھوی بعقبہ الی الارض فاذا بالماء و قال اشرب یا عم فشربت ماءً
بارداً ما شربت مثلہ قط یعنی تحقیق کہ کہا ابوطالب نے کہ ہم مقام ذوالمجاز مین تھے اپنے بھتیجے
محمدؐ کے ساتھ کہ مجھکو پیاس معلوم ہوئی مین نے پیاس کا شکوا کیا اپنے بھتیجے سے حالانکہ اُنکے پاس
بھی پانی نہ تھا پس اُنھون نے حرکت کی اور اُترے اور اپنی ایڑی زمین پر ماری فوراً چشمہ نمایان ہوا
اور کہا اُنھون نے اشرب یا عم پس پیا مین نے وہ پانی کہ جو نہایت سرد و خوشگوار شیرین تھا کہ مدۃ العمر
مین مین نے نہ پیا تھا برزنجی و زینی کہتے ہین کہ اگر ابوطالب مومن اور موحد نہ ہوتے تو حق تعالی کبھی
اُنھین سیراب نہ کرتا اُس پانی سے جو افضل تھا ماءِ کوثر و زمزم سے معارج النبوۃ رکن ۲ باب ۳ فصل ۳
وقائع سال ہشتم مین ملا معین کاشفی نے بھی نقل کیا ہی واخرج ابن عدی عن انس بن مالک
قال مرض ابوطالب فعادہ النبیؐ فقال یا بن اخی ادع اللہ ان یعافینی فقال اللھم اشف عمی
فقام کانما نشط من عقال الخ ابن عدی نے انس بن مالک سے روایت کی ہی کہ کہا انس نے کہ
ابوطالب بیمار ہوے اور اُنکی عیادت کو آنحضرت تشریف لائے پس ابوطالب نے کہا یا ابن اخی خدا سے
میری صحت کی دعا کرو پس آنحضرت نے فرمایا خدایا میرے چچا کو شفا دے پس وہ فوراً اُٹھ کھڑے ہوے
اس طرح کہ جیسا کوئی بستگی ریسمان سے شادمان ہوکر رہائی پاوے حاصل یہ ہی کہ ان دونون روایتون
سے اور ما ورا ان دونون روایتون کے بہت سے روایات ہین کہ بخیال تطویل ترک کیے اسلئے ثابت ہی

کہ جناب ابوطالب اُس پانی سے سیراب ہوے کہ جو بہتر تھا ماء زمزم اور کوثر سے اور کیونکر نہ ہوتے کہ
وصی عبدالمطلب اور مربی و عاشق آنحضرت تھے اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ آنحضرت نے دعا کی صحت
جناب ابوطالب کی اور صحت پائی اُنھون نے پس صلاح کفار سے اپنی شفا کے واسطے انگور جنت
طلب کرنا بعید از قیاس ہے کہ جناب ابوطالب اگر طالب صحت ہوتے تو خواہش دعا کرتے آنحضرتؐ
سے کہ اُس دعا کا تجربہ اُنکو حاصل ہو چکا تھا نہ خواہش انگور جنت اور طعام و شراب جنت افسوس ہے اُن
بے بصیرتون پر کہ جو جنت سے اور طعام و شراب جنت سے محروم جانتے ہین اُس وحید و فرید سابق
[illegible]ن کامل کو اور اُسکے کفر پر فتویٰ دیکر مفتی بنتے ہین کہ جو ہمیشہ افضل طعام و شراب جنت
سے فیضیـ[illegible] رہا سی لہ اپنی گودیون مین آنحضرت صلعم کو پرورش کیا ایک ظرف مین اکل و شرب
رہا جہ[illegible]مات [illegible]حضرت صلعم ابتدا ء فرماتے تھے جناب ابوطالب اُس طعام کو نوش نہ فرماتے
تھے کیا پس خورد جناب رسالت مآب کا طعام و شراب جنت سے افضل نہیں تھا کیا جسم ابوطالب
مرتبہ مین جنت سے کم تھا جسپر پیغمبر خدا شب کو آرام فرماتے تھے کیا وہ سینہ مخزن اسرار الٰہی نہ تھا جس
سینہ سے جناب رسالت مآب صلعم ایک دم جدا نہ ہوتے تھے قیل لہ ثم اتاہ فعرض علیہ الاسلام
فقال لولا ان تعایر بہا قریش فیقال جزع عمک من الموت لاقررت بہا عینک و
استغفر لہ بعد ما مات فقال المسلمون ما یمنعنا ان نستغفر لابائنا ولذوی قراباتنا
قد استغفر ابراھیم علیہ السلام لابیہ ومحمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لعمہ فاستغفروا
للمشرکین حتی نزلت ما کان للنبی والذین امنوا الایۃ یعنی پھر تشریف لاکر ابوطالب پر سلام پیش
کیا ابوطالب نے کہا لوگ حضور پر طعنہ کرینگے کہ حضور کا چچا موت سے گھبرا گیا اسکا خیال نہوتا تو مین
حضور کی خوشی کر دیتا جب وہ مر گئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکے لیے دعاے مغفرت کی
مسلمانون نے کہا ہمین اپنے والدین قریبون کے لیے دعاے بخشش سے کون مانع ہے ابراہیم علیہ
الصلوۃ والسلام نے اپنے باپ کے لیے استغفار کی محمد صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اپنے چچا کے لیے استغفار
کر رہے ہین یہ سمجھکر مسلمانون نے اپنے اقارب مشرکین کے واسطے دعاے مغفرت کی اللہ عز وجل نے
آیت اُتاری کہ مشرکون کے لیے دعا کرنا نہ نبی کو روا ہے نہ مسلمانون کو جبکہ روشن ہو گیا کہ وہ جہنمی ہین

اقول اولاً تو متواترات سے ہے کہ جناب ابوطالب کو انتہا درجہ کی محبت اور کمال معرفت نبوت آنحضرت
حاصل تھی باوجود اسکے اگر فرض کر لیا جائے کہ آنحضرت صلعم نے عرض اسلام مجمع کفار مین حالت علالت
مین کیا اور جناب ابوطالب نے جواب دیا کہ لولا ان تعیر بہا قریش فیقال جزع عمک من الموت
لاقررت تو بھی اس جواب مین نہ کہین تکذیب آنحضرت ہے نہ انکار بلکہ اقرار اور تصدیق اور تنبیہ ہے اور
کیسا کلام متین ہے کہ جمیع کفار قریش کو متنبہ کر دیا کہ بعد میرے طعنہ دوگے محمد صلی اللہ علیہ و آلہ کو یہ بھی سمجھے

گوارا نہین ہی چہ جائیکہ ایذا دہی اور یہ بھی ظاہر فرمایا کہ بجز خوف اظہار مین بھی کوئی عذر نہین ہی اور یہ بھی اس
ضمن مین ظاہر کر دیا کہ تمھارے طعن کو کوئی علاقہ دین اور ایمان سے نہین ہی اور نیز یہ کہ خوف موت سے
ایمان کو قبول نہین کیا بلکہ بعرفان و یقین اور یہ سب گوشئین اسواسطے تھین کہ قریش متنبہ ہون
اور ترک طعن کرکے امر حق کو شاید قبول کرلین پس یہ کل امور مذکورہ جواب جناب ابو طالب سے بادنی
توجہ حاصل ہوتے ہین کہ امتناع جملۂ ثانیہ کا بشرط عدم جملۂ اولی کے ہی اور جملۂ اول فقط خوف تعیر ہی
اور ظاہر ہی کہ کسی قسم کا خوف مانع تصدیق قلبی نہین ہی [illegible]
ممدوح اور معیوب اور ملعون نہین ہو سکتے جب تک وہ مدرک بحواس خمسہ [illegible] نہ ہوا اور کل افعال و
اعمال و اقوال عند الناس جب ہی متصف بصفات مذکورہ ہو سکتے ہین [illegible] ہون اور ادراک
بحواس خمسہ بعد وقوع و اظہار فی الخارج ہوتا ہی اُسوقت یہ سب صفتین اُسکو لاحق ہو سکتی ہین عام
اس سے کہ وہ فی الحقیقت بھی متصف ہون یا نہ ہون اسوجہ سے کہ ایک ہی شی عند البعض ممدوح ہوتی
ہی اور وہی عند البعض مذموم اور اسی سے یہ بھی ظاہر ہی کہ اظہار و استتار یہ دونون صفتین ہین
کہ بعد وقوع قول و فعل و عمل لاحق ہوتی ہین پس بالضرور اظہار و اعلان سبب تعییر کا ہو سکتا ہی اور خوف
تعییر علت ہی عدم اظہار کی اور عدم اظہار مستلزم عدم تصدیق نہین ہی اور وجود اس علت اور معلول کا
بعض اوقات مین اور عدم انکا اکثر اوقات مین ثابت ہی کہ اجتماع کفار قریش اور منافقین اہل اسلام
کا بعض اوقات مین ہوتا تھا اور ارتفاع اکثر اوقات مین حاصل تھا پس ارتفاع خوف تعییر بلا
شک و لاریب مستوجب تقرر عین آنحضرت تھا ۔ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ۔ چشمۂ آفتاب را
چہ گناہ ۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ جناب پیغمبر خدا نے عرض اسلام کیا اور جناب ابو طالب نے
عذر طعن قریش کیا اسی کا نام عدم تصدیق ہی تو ہم پہلے ہی عرض کر آئے ہین کہ عدم اقرار بھی
مستلزم عدم تصدیق کا نہین ہی اور نیز یہ بھی ثابت کر چکے ہین اور عند الکل مقبول بھی ہی کہ جناب
رسالتمآب اور جناب ابو طالب آپس مین ایک دوسرے کے حبیب اور محبوب تھے اور ایک
دوسرے کے رازدار تھے جس طرح اور جس مصلحت سے جناب ابو طالب کو اخفاے اسلام منظور
تھا جناب رسالتمآب کو بھی اُسی مصلحت سے اخفا و استتار اُنکے ایمان کا منظور تھا پس مجمع
عام مین کفار قریش کے باوجود علم اسلام ابو طالب عرض اسلام فرمایا تو منظور یہ ہوا کہ روبروے کفار
قریش استتار ثابت ہو جائے پس جناب ابو طالب نے ویسا ہی جواب دیا کہ یہ لوگ آپ کو طعنہ
دینگے ورنہ مجھکو اسلام سے روگردانی نہین ہی اور کفار قریش کو کیسا مسخر کیا کہ تمھاری خاطر سے
باوجود حصول تصدیق قلبی کے مین اقرار نہین کرتا اور یہ سوال و جواب اسی وجہ سے تھا کہ کفار قریش
نصائح اور وصایا پر عامل رہین یکایک آنحضرت صلی اللہ پر ظلم تعدی نہ کرین اگرچہ بعضے ظلم و جور ہی آمادہ

ہون توبعض میری وصیت پر عمل کرکے حفاظت بھی کرین افسوس ہی آپ پر اور آپ کے امثال پر کہ مصداق افلا یعقلون اور افلا یبصرون کے بنے جاتے ہین اور باتباع کفار قریش انھین مین شامل ہوے جاتے ہین اور بزعم خود جناب ابوطالب کو کافر قرار دیتے ہین رابعًا ناقل حدیث ہذا واحدی ہین جو احادیث موضوعہ کے وارد کرنے مین اپنے ابنائے جنس پر فائق ہین چنانچہ علامہ محمد الحنفی شرح رسالہ سید شریف مین جو علم اصول حدیث مین ہی فرماتے ہین وقد اخطاء المفسرون ... ابداع الاحادیث الموضوعة و درجها فی تفاسیرهم کالواحدی الا من عصمه الله تعالی ... صاحب المدارك یہ قول انھین واحدی کی نسبت مین ہی کہ جسکو ہم بحث آیات مین بیان کر آئے ہین پھر اس حدیث کے موضوع ہونے مین کیا شک رہا اسیطرح یہ ہی کہ موسی بن عبیدہ جنکا احوال حدیث دوازدہم مین گذرا کہ ضعفا مین سے ہین سبحان اللہ واحدی تو ناقل حدیث اور موسی بن عبیدہ روایت کرنے والے اور آپ اُن سے استدلال کرنے والے اس سے بڑھکر کون سی دلیل کفر ابی طالب ہو سکتی ہی اور بھی ملاحظہ فرمائیے کہ علامہ عبد الاول بن علامہ حسینی اپنے رسالہ مختصرہ مین جو بزبان فارسی اصطلاحات علم حدیث مین ہی لکھتے ہین کہ دونون حدیث یعنی سیزدہم اور دہم منقطع ہین پھر لکھتے ہین بلکہ منکرات سے ہین پس یہ آپ کا مذہب اور یہ آپ کی تحقیق اور کفر جناب ابوطالب کے ہوس اتنا بھی نہین خیال فرماتے کہ ان الباطل کان زھوقا

چہار ... اسیر اتباع ... فتبصر و لا تغفل و لا تکن من الغاوین **قولہ** حدیث پانزدہم ابونعیم حلیہ مین حق تعالی فرماتا ہی ... امیر المؤمنین مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا اسلام عمی العباس و مشیتی فی اسلام عمی ابی طالب فغلبت کانت مشیة اللہ عز و جل فی ... مشیة اللہ مشیتی یعنی اللہ تعالی نے میرے چچا عباس کا مسلمان ہونا چاہا اور میری خواہش یہ تھی کہ میرا چچا ابوطالب مسلمان ہو اللہ تعالی کا ارادہ میری خواہش پر غالب آیا کہ ابوطالب کافر رہا اور عباس رضی اللہ تعالی عنہ مشرف باسلام ہوے فللہ الحجة البالغة **اقول** و باللہ التوفیق

اولًا تو آپ اثبات کفر حضرت ابوطالب مین ایسے مدہوش ہ... ...ن کہ آپ کو مراتب و مدارج و عزت و حرمت رسول جلیل کا بھی پاس و لحاظ نہین یہ حدیث ہی کہ مذمت ہی رسول ...ر حق کی ادنی ادنی صحابیون کے ...ات عارفین اور مدارج سالکین عرفان و سلوک اور اُنکی احبیت اور محبوبیت مین دفتر کے دفتر سیاہ اور ... مین وہ لن ترانیان کہ اللہ کی پناہ مدعیان ولایت و تصوف کی وہ صفتین کہ العصمة للہ اور حبیب رب العالمین خاتم النبیین کی نسبت یہ اتہام کہ اُنکی مشیت و ارادہ مخالف مشیت و ارادہ حق ...ر اتھا اور بعض متصوفین کی یہ صفتین کہ وہ بغیر استرضائے حضرت ذو الجلال تکلم ہی نہ کرتے تھے کیا پیغمبر ... حق کو مراتب و مدارج عرفان و سلوک مین دستگاہ ہی نہ تھی کیا افعال و اقوال آنحضرت مخالف استرضائے حضرت

ذوالجلال ہی واقع ہوا کرتے تھے فقط نام ہی نام کے حبیب اللہ تھے کیا مراتب و مدارج حقیقت
محمدیہ و احمدیہ مین اُن حضرت کا حصہ ہی نہ تھا مطابق اصطلاح عارفین جو مراتب حقیقت محمدیہ اور احمدیہ
کے مقرر کیے گئے ہین اُس مین سے کوئی مرتبہ حاصل ہی نہ تھا فقط نام ہی نام کے حبیب اللہ اور محمدؐ اور
احمدؐ مشہور تھے پناہ خدا یہ عقائد مومنین اور مسلمین کے ہین یا کفار و مشرکین کے ثانیاً موضوعیت اور
رکاکت حدیث من حیث المفہوم اظہر من الشمس ہی اسواسطے کہ حدیث مذکورہ تین حال سے خالی
نہین اوّل یہ کہ مشیت اللہ تعالی اسلام عباس مین تھی اعم اس امر سے کہ ابوطالب اسلام لاوین
یا نہ لاوین کذلک مشیت رسوؐل کو قیاس کرین کہ یہ نسبت ابوطالبؑ کے اسلام سے اور نہ نسبت
عباسؓ کے اعم مشیت تھی کہ اسلام لاوین یا نہ لاوین دوسرے یہ کہ مشیت اللہ اسلام عباسؓ مین
تھی فقط قطع نظر اسلام و کفر ابوطالبؑ کے اسی طرح مشیت رسوؐل اسلام ابوطالب مین تھی فقط
قطع نظر اسلام و کفر عباسؓ کے تیسرے یہ کہ مشیت خدا اسلام عباس اور کفر ابوطالب مین تھی
اور مشیت رسول اللہ اسلام ابوطالب اور کفر عباس مین تھی صورت اول مین اسلام و کفر ابوطالب
کا مخالف ارادۂ خدا نہین ہوتا اور اسلام و کفر عباس کا مخالف ارادۂ رسول خدا نہین ہوتا اور
بدون تخالف و تعارض کے غالب اور مغلوب ہونا محال ہے کیونکر صحیح ہوگا کہنا کہ مشیت خدا
غالب ہوئی مشیت رسوؐل پر اور صورت ثانیہ مین مشیت خدا اسلام عباس مین تھی فقط وہ
اسلام لائے اور مشیت رسوؐل اسلام ابوطالب مین تھی فقط وہ اسلام نہ لائے اس مین بھی قاہر
و غالب ہونا مشیت اللہ کا اور مقہور و مغلوب ہونا مشیت رسوؐل کا ثابت نہین ہوتا اسواسطے
کہ مشیت خدا اسلام عباس مین تھی اور مثلاً عباس کافر تھے تو اُنکا ارادہ کفر پر مستقل تھا پس مشیت
خدا کا غلبہ کیا مشیت عباس پر مشیت خدا غالب اور مشیت عباس مغلوب ہوئی اسی طرح قیاس کیا
جائے کہ مشیت رسول اللہ اسلام ابوطالب مین تھی اور مشیت ابوطالب مثلاً کفر مین تھی مشیت
ابوطالب نے قہر و غلبہ کیا مشیت رسول اللہ پر مشیت ابوطالب غالب اور مشیت رسول اللہ مغلوب
قرار پائے مگر مشیت خدا کا غالب ہونا مشیت رسوؐل پر اور مشیت رسول کا مغلوب ہونا دونون
صورتون مین ثابت نہین ہوتا اب رہی صورت ثالثہ کہ مشیت خدا اسلام عباس اور کفر ابوطالب
مین تھی اور مشیت رسول اسلام ابوطالب اور کفر عباس مین اور یہ دونون مشیتین متخالف زمانہ
واحد مین واقع ہون کہ ایک دوسرے پر قہر و غلبہ کرے پس بالضرور یا دونون وقت معارضہ
ساقط ہوجائینگے یا ایک قاہر و غالب اور دوسرے مقہور و مغلوب ہوجائینگے اور یہ صریح البطلان
ہی کہ وفات جناب ابوطالب اور اسلام جناب عباس مین فاصلہ دراز ہی اور یہ امر تو ظاہر ہی کہ
وقت وفات جناب ابوطالب جناب عباس کافر تھے مشیت خدا کا غالب ہونا اور مشیت

رسول خدا کا مغلوب ہونا کیونکر ثابت ہو سکتا ہی اور نیز یہ بھی لازم آتا ہی کہ بعد وفات جناب ابوطالب
بھی مشیت رسول اللہ اسلام عباس مین واقع نہ ہوے ہمیشہ اُنکا کفر ہی مد نظر رہا ایسی دشمنی تھی
جناب عباس اور حضرت رسالت مآبؐ مین لاحول ولا قوۃ الا باللہ ثالثاً یہ حدیث موضوع ہی اور
تہمت ہی آنحضرت پر اور مخالف عقل و نقل ہی اسواسطے کہ پہلے مشیت کو سمجھنا چاہیے کہ مشیت
کس کو کہتے ہین لہذا مختصراً عرض کیا جاتا ہی کہ امکان صدور فعل ور ترک کو قدرت کہتے ہین اور
حکما نے بھی قدرت کی تعریف اس طرح کی ہی کہ کون الشئی ان شاء فعل وان شاء لم یفعل حاصل
یہ ہی کہ جب تک نظر فاعل مین فعل و ترک دونون متساوی ہین اُسوقت تک وہ فاعل قادر ہی مثلاً
کہین کہ زید قادر ہی کتابت پر چاہے کتابت کرے اور اگر چاہے کتابت نہ کرے اسی کا نام امکان
ہی اور یہ امکان اور تساوی طرفین کی ضرور مانع ہوگی فعل کی بھی اور ترک کی بھی اسواسطے کہ
قادر جس طرف کو یعنی فعل کو یا ترک کو اختیار کریگا ترجیح بلا مرجح لازم آئیگی پس لامحالہ کسی مرجح کا
ہونا لازم ہوا کہ جو فعل کا باعث ہو یا ترک کا اور یہ منحصر ہی شعور منفعت و مضرت و مصلحت و مفسدہ
پر پس جو حالت قادر کو بعد تصور منافع اور مضار اور مصالح اور مفاسد حاصل ہوگی تو اگر وہ فعل کا
باعث ہی تو اُسکو ارادہ اور مشیت کہتے ہین اور اگر ترک کا باعث ہی تو اُسکو کراہت کہتے ہین
پس مشیت خدا اقوی اور غالب ہی کل بندون کی مشیت پر اب اتنا اور بھی عرض کرنا لازم ہی کہ
مشیت حضرت رسالت مآبؐ کو متساوی یا اقوی سمجھنا مشیت خدا سے کفر ہی کہ آنحضرت شریک
متساوی یا اقوی قرار پاتے ہین جو صریح البطلان ہی بلاشک و بلاریب مشیت الٰہی اقوی ہی کل
مشیت مخلوق ذیشعور سے پس اگر کہا جائے کہ مشیت الٰہی اسلام عباس اور کفر ابوطالب مین
واقع ہوئی اور مشیت رسول اسلام ابوطالب اور کفر عباس مین اور دونون صاحبون نے پیروی
کی مشیت الٰہی کی تو جناب عباس اور جناب ابوطالب دونون مطیع خدا ہوے کہ طاعت کہتے ہین
امتثال امر اور فرمان برداری کو تو جناب عباس اور جناب ابوطالب نے اسلام و کفر بارادہ و حکم
الٰہی قبول کیا ہان ارادہ رسول خداؐ جو مخالف اور معارض ارادہ و مشیت خدا واقع ہوا وہ
البتہ بمخالفت ارادۂ الٰہی نافرمانی اور معصیت قرار پایا نعوذ باللہ من ذلک الاعتقاد
اور مطابق آپکے مذاق کے تسلیم کر لیا جائے کہ ارادۂ رسول خدا اسلام ابوطالب اور کفر عباس
مین مخالف اور مضاد اور متعارض ارادۂ الٰہی واقع ہوا تو یہ بھی دو حال سے خالی نہین کہ اگر یہ
ارادۂ رسول خدا بارادۂ خدا واقع ہوا تو لازم آیا کہ ارادۂ خدا مخالف اور معارض اور مناقض
ارادۂ خود خدا واقع ہوا اور اگر ارادۂ رسول خدا بغیر ارادۂ خدا واقع ہوا تو لازم آیا کہ ارادہ کا
رسول خدا محتاج ارادہ کا خدا نہ تھا اور یہ باطل ہی اسلیے کہ شان آنحضرت مین حق تعالی ماینطق

عن الہوی ان ھو الا وحی یوحی فرماتا ہی اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ بغیر ارادہ نطق نہین واقع ہوتا اور
کیونکر ممکن ہی کہ ارادہ رسولؐ خدا اسلام ابو طالبؑ اور کفر عباسؓ مین واقع ہوتا اسواسطے کہ علم اصول
مین ثابت ہی کہ لا یکون المطلوب الا من امر یعنی طاعت عبارت ہی امتثال امر اور فرمانبرداری حکم سے
اور امر الٰہی متعلق ہی ارادہ الٰہی سے چنانچہ حق تعالی کلام ناطق مین فرماتا ہی انما امرہ اذا اراد
شیئا ان یقول لہ کن فیکون اور سر اس مین یہ ہی کہ تکلیفات عباد مین امر الٰہی کو ارادہ اور نہی الٰہی
کو کراہت کہتے ہین پس تکلیفات مین اگر ارادہ مکلف کا مطابق امر الٰہی ہو تو وہ طاعت اور اُسکے فاعل
کو مطیع کہتے ہین اور اگر ارادہ مکلف کا مخالف ارادۂ خدا ہو تو وہ معصیت اور اُسکے فاعل کو عاصی
کہتے ہین پس خاتم النبیین کہ مکلف بہ ہدایت خلق تھے اگر ارادہ اُنکا مخالف ارادۂ خدا ہوتا تو
حضرتؐ مرتکب معصیت اور عاصی قرار پاتے اور با وجود اسکے خود اعتراف بھی فرماتے کہ میرا
ارادہ مخالف و معارض ارادۂ خدا تھا اور میرا ارادہ مغلوب ہوا اور کس طرح ممکن ہی کہ ارادۂ رسولخدا
مخالف اور معارض ارادۂ خدا ہو تا خصوصا اسلام و کفر جناب ابو طالب اور جناب عباس مین
کہ یہ دونون عموی بزرگوار آنحضرت تھے اور پیغمبر صلعم مامور اور محکوم بعدل تھے چنانچہ حق تعالی
فرماتا ہی قل امر ربی بالقسط یعنی کہہ تو ای محمدؐ کہ پروردگار نے مجھکو حکم کیا ہی عدل کا یعنی
جمیع اقوال و اعمال و افعال مین متصف بعدل رہون مین بدون افراط و تفریط کے پھر کیونکر
ممکن ہی کہ دو چچا آنحضرتؐ کے ہون اور آنحضرت ایک کا اسلام اور ایک کا کفر چاہین العیاذ
باللہ اسی طرح ارادۂ خدا اسلام جناب عباس و کفر جناب ابو طالبؓ مین کہنا یہ بھی مخالف عقل و
نقل ہی اسواسطے کہ حق تعالی فرماتا ہی شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو والملائکۃ واولوا العلم
قائما بالقسط یعنی خدا نے گواہی دی ہی باین طور کہ نہین ہی کوئی خدا سوے برحق مگر وہی وحدہ
لا شریک ہی اور ملائکہ اور صاحبان علم نے درانحالیکہ وہ خدا قائم بالقسط یعنی بالعدل ہی یا وہ
خدا اور ملائکہ اور اولوا العلم سب قائم بالعدل ہین اور نیز اپنے بندون کو بھی حکم عدل کرنیکا فرماتا
ہی کقولہ تعالی واوفوا الکیل والمیزان بالقسط جب یہ آیہ نازل ہوا تو بعض اصحاب آنحضرت
نے عرض کی کہ یا حضرت عدل کیل و میزان مین دشوار ہی کہ اگر ایک دانہ رائی کے برابر بھی
فرق ہوگا تو ہم گنہگار ہونگے اور ہم سے یہ امر محال ہی تو حق تعالی نے وحی کی آنحضرت کو کہ لا
یکلف اللہ نفسا الا وسعہا کہ اللہ کسی کو تکلیف نہین دیتا مگر اُسکی وسعت کے موافق اس سے
ثابت ہو گیا کہ کسی نفس کو تکلیف اُسکی وسعت سے زیادہ نہین دیتا پس اگر خدا اپنے بندون مین
ارادہ کفر کا کرے اور پھر اُنکو امر باسلام کرے تو کیونکر وہ کفار بندے کہ جو ترک کفر اور اختیار
اسلام پر قدرت اور قوت نہین رکھتے اور اُنکی وسعت سے جو امر باہر ہین اسکے کیونکر محکوم

ہوسکتے ہین اور بدیہی امر ہی کہ ایسی تکلیف مالا یطاق سے بڑھکر کون سی تکلیف ہوسکتی ہی کہ باوجود عدم قدرت اور قوت کے ترک کفر اور اختیار اسلام پر محکوم اور مجبور کیے جائین اور نیز یہ بھی ظاہر ہی کہ اگر بندون کے تمام اقوال و اعمال و افعال بدون متوسطات اور موافق مشیت و ارادۂ خدا ہوتے تو تمام انبیا و مرسلین کو واسطے ہدایت خلق کے پیدا کرنا عبث قرار پاتا اور اُن انبیا و مرسلین کا کل کفار و مشرکین کو مثل نمرود و فرعون و ابوجہل وغیرہ کو دعوت اسلام کرنا اور اُن سے ترک کفر و شرک چاہنا اور اُن پر جہاد کرنا خلاف مشیت و ارادۂ خدا ہوتا پس بالضرور بسبب عدم اطاعت امر الٰہی وہ سب عاصی ہوتے کہ خلاف مقصود و مراد الٰہی کے طالب ہوے اور وہ سب کفار و مشرکین جنتی قرار پاتے کہ مطابق مقصود و مراد حقتعالی کے شرک و کفر کو قبول کیا اور مطیع خدا ہوے علی ہذا القیاس کل اعمال و افعال مثل قتل و زنا و شرک وغیرہ کا فاعل خدا ہوتا پس قاتل و زانی و کافر نعوذ باللہ خود خدا قرار پاتا ہی پھر یہ الزام و ایلام اور حدود دنیا مین اور عذاب شدید آخرت مین اور خلود فی النار اور وعد و وعید ناحق و ناروا بندگان ضعیف پر کیون مقرر کرتا اس سے زیادہ کوئی ظلم صریح واجب البطلان نہین ہوسکتا اور لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا کا دعوی کاذب ہوجاتا تعالی اللہ عن ذلک پس کیونکر ممکن ہی کہ حق تعالی اسلام عباس اور کفر ابوطالب چاہتا یہ قول انھین صاحبون کا ہوگا کہ جنکے قلوب اور ابصار پر نشان یعنی مہر کر دی گئی ہی کہ یوم النشور وہ پہچانے جاوین کہ اہل نار ہین آگے ترجمۂ حدیث مذکور مین مخاطب والا فرماتے ہین کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ اللہ تعالی نے میرے چچا عباس کا مسلمان ہونا چاہا اور میری خواہش یہ تھی کہ میرا چچا ابوطالب مسلمان ہو اللہ تعالی کا ارادہ میری خواہش پر غالب آیا کہ ابوطالب کافر رہا اور عباس رضی اللہ مشرف باسلام ہوے فللہ الحجۃ البالغۃ اس ترجمہ مین بھی آپنے مکر و فریب کیا ہی اور تہمت کی ہی آنحضرتؐ پر اسواسطے کہ آنحضرت صلعم نے عمی العباس و عمی ابوطالب دونون مقام پر فرمایا ہی درحالیکہ اس مزخرفات کو حدیث تسلیم کرین پس باوجود اسلام جناب عباس و کفر جناب ابوطالب الفاظ مین کچھ فرق مراتب کا نہین ہی لیکن آپ نے بہ نسبت جناب عباس کے میرے چچا اور بہ نسبت جناب ابوطالب کے میرا چچا اور عباس رضی اللہ مشرف باسلام ہوے اور ابوطالب کافر رہا لکھا ہی حالانکہ اُن حضرت کے کلام مین وہی عدل پایا جاتا ہی غرض اس ترجمہ کے بعد آپ فرماتے ہین فللہ الحجۃ البالغۃ پس کیا مشیت خدا سے حضرت عباس کا اسلام لاتا اور مشیت خدا سے حضرت ابوطالب کا کافر رہنا یہ حجۃ بالغہ ہی یا خود خدا کا ایک مین فاعل اسلام ایک مین فاعل کفر ہونا اور ایک کو بہشت اور ایک کو دوزخ دینا

اسکا نام حجۃ بالغہ ہی یا تمام کفار و مشرکین مین شرک و کفر اور زانی مین زنا اور تمام دیگر قبائح
اور مفاسد کا باعث ہونا اور پھر اُنکو حکم اسلام کا کرنا اور اُنکو سنانا کہ لا یکلف اللہ نفسا
الا وسعہا اور پھر اُنکو تکلیف مالا یطاق کا مکلف بنانا اور پھر اُن سب مجبورون کو جہنم واصل
کرنا یہ حجۃ بالغہ ہی یا یہ ایسی حجۃ بالغہ ہی کہ سواے پیران نابالغ کے کہ جو امثال آپ کے تھے اور ہین
کوئی سمجھ ہی نہین سکتا بالغ کے معنی تو جید و نافذ پہونچنے والے پہونچانے والے وغیرہ کے
ہین اور حجۃ دلیل و برہان کو کہتے ہین پس کیا برہان جید اور دلیل نافذ پہونچنے والے پہونچانے
والے اسی کا نام ہی کہ کافر مشرک کو شرک و کفر پر مجبور کرنا اور پھر اُنپر حکم اسلام لانے کا کرنا
اور چونکہ وہ مجبور ہین بہ سبب عدم اقتدار کے اسلام نہ لاسکین تو داخل جہنم کرنا یہ حجۃ بالغہ ہی
کہ اس سے بڑھکر کوئی ظلم و ستم بھی ہی حاصل یہ ہی کہ آپ کہہ دیتے کہ اسلام جناب عباس
ثابت کرنا اور کفر جناب ابوطالب ثابت کرنا یہ سب مشیت الٰہی سے واقع ہوا اور فللہ الحجۃ
البالغہ بھی اُسی خدا کی مشیت سے لکھا یہ سب فعل اُسی خدا کے ہین آپ تو مجبور اور مقہور اور
مخبوط ہین یا حضرت ہوش حواس آپ کے کسی وقت درست بھی ہوتے ہین یا ہر وقت عالم
وجد مین تفرقہ و تمیز آپ کا حدوث و قدم سے برطرف ہی رہتا ہی لیکن آیات حق سبحانہ تعالی
کی قطع و برید خوب یاد رہتی ہی کہ لا تقربوا الصلوٰۃ اور فللہ الحجۃ البالغہ سے خدا کا
فاعل اسلام ہونا حضرت عباس ہین اور فاعل کفر ہونا حضرت ابوطالب مین اور ایک کو
خلود بہشت اور ایک کو دخول نار کا فتوی دیتے ہین ذرا ہوش حواس کو درست کیجیے کوئی
کلام مجید مترجم ہی اُٹھا کے دیکھ لیجیے کہ آیۂ فللہ الحجۃ البالغۃ آپ کی تائید مین ہی کہ آپ کی رد مین
یا حضرت حق سبحانہ تعالی عالم ہی تمام کلیات اور جزئیات کا اور تمام مخلوقات کو اُسی نے پیدا کیا ہی اور علم
الٰہی مین گذر چکا ہی کہ امثال آپ کے الزام دین کے اور کل مفاسد اور قبائح کا فاعل ذات حق تعالی کو
قرار دینگے لہذا یہ آیۂ وافی ہدایہ اُنکی اور آپ کی رد مین نازل فرمایا ہی قبل اسکے کہ ہم اُن آیات کا ذکر
کرین افادۃً ایک امر یہ بھی ذکر کردین کہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ جو کچھ معلوم خدا ہی اُسی کے مطابق
دنیا مین واقع ہوتا ہی اگر اسکے مخالف واقع ہو تو علم مبدل بہ کذب و جہل ہو جائے تو لازم ہوا کہ
اُسکا خالق بھی وہی ہو تو جواب اسکا یہ ہی کہ علم کی تاثیر معلوم مین کلیۃً نہین پائی جاتی اور یہ بدیہیات
سے ہی کہ ہم جانتے ہین کہ آگ جلانے والی ہی اور آفتاب صبح کو مشرق سے نکلیگا اور وقت خاصہ
آگ کو جلانے والا اور وقت صبح آفتاب مشرق سے نکلا اور یہ دونون امر مطابق ہمارے علم کے واقع
ہوے مگر کوئی تاثیر ہمارے علم نے معلوم مین نہین کی پس علم الٰہی مین جو کچھ گذرا ہی وہ ضرور ہوگا مگر یہ
لازم نہین ہی کہ کل معلومات کا فاعل و رکل تاثیرات کا موثر بھی وہی ہو حاصل یہ ہی کہ آنحضرت نے

وقت مین بھی امثال آپ کے تھے اسی واسطے حق سبحانہ تعالی نے اُنکی رد کی اور اپنے حبیب کو متنبہ کیا کقولہ تعالی سیقول الذین اشرکوا لو شاء اللہ ما اشرکنا ولا اباؤنا ولا حرمنا من شئ یعنی قریب ہی کہ کہین گے وہ لوگ جو شرک وکفر کرتے ہین کہ اگر خدا چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور ہمارے آبائے سلف بھی شرک نہ کرتے اور نہ حرام کرتے ہم کسی شی کو یعنی اگر مراد ومشیت حق سبحانہ تعالی ہمارے اسلام مین ہوتی تو ہم اور آبائے سلف ہمارے شرک وکفر وحرام وغیرہ نہ کر سکتے یہ جو کچھ ہو گیا اور ہو رہا ہی شرک وحرام وغیرہ دیگر مفاسد وقبائح یہ بمشیت ومراد حق تعالی سے ہو رہا ہی ہم مجبور ولاچار ہین بعد اسکے حق سبحانہ تعالی اپنے حبیب کی تسلی کرتا ہی کہ یہ تمھاری ہی تکذیب نہین کرتے ہین کذلک کذب الذین من قبلھم حتی ذاقوا باسنا اسی طرح تکذیب انبیا علیہم السلام کرتے تھے وہ لوگ کہ قبل اُنکے تھے یہان تک کہ چکھا اُنھون نے ذائقہ عذاب شدید کا اب حق تعالی اپنے حبیب کو جواب تعلیم فرماتا ہی قل ھل عندکم من علم فتخرجوہ لنا کہہ تو اے حبیب ہمارے ان لوگون سے کہ آیا تمھارے پاس کوئی علم ہی یعنی دلیل وبرہان قطعی ہو کہ اُسکو حجت گردان سکو اور پیش کر سکو اس مقام سے یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ بغیر حجۃ وبرہان کوئی دعوی مقبول نہین پھر حق تعالی فرماتا ہی ان تتبعون الا الظن وان انتم الا تخرصون یعنی تم پیروی نہین کرتے مگر ظن یعنی گمان کی اور نہین ہو تم مگر دروغگو بعد ان آیات کے حق تعالی فرماتا ہی قل فللہ الحجۃ البالغۃ یعنی کہہ تو اے محمد ان مشرکین سے کہ تم تو شرک وکفر پر اپنے کوئی دلیل نہین لا سکتے کہ تم سے شرک وکفر وافعال قبیحہ جو واقع ہوتے ہین وہ بمشیت وارادہ ومقصود خدا واقع ہوتے ہین پس واسطے خدا کے حجۃ بالغہ ہی یعنی خدا کی حجۃ کامل ورسیدہ اور نافذ اور پہونچنے والی ہی ہر حکم پر اور ہر امر پر بعد اسکے حق تعالی فرماتا ہی فلو شاء لھدٰکم اجمعین پس اگر خدا چاہتا تو ہدایت کرتا تم سب کو یعنی ایھا الغافلون منجملہ حجج بالغہ ایک حجۃ فلو شاء لھدٰکم اجمعین بھی ہی اسواسطے کہ جب کفار ومشرکین نے کہا کہ لو شاء اللہ ما اشرکنا یعنی اگر خدا چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے ہمارا شرک بمشیت ومقصود خدا ہی ہم مجبور ہین تو کانہ یہ جواب دیا حق تعالی نے کہ اگر یہ مشیت میری اور مقصود میرا تمھارا شرک وکفر جبرًا قہرًا ہوتا تو ہر آئینہ تم سب کو جبرًا قہرًا ہدایت اسلام کرتا لیکن شرک وکفر واسلام وایمان تمھارا بالجبر مقصود ومطلوب نہین ہی بلکہ وہ امور اختیاری اور ارادی کہ تمھارے اختیار اور ارادہ سے ہون وہ مقصود ہین تا کہ مطیع اور متمرد اور مسلم ومشرک مین فرق ہو اور مدح وذم وثواب وعقاب کے مستحق ہون چنانچہ حق تعالی نے متعدد مقامون پر تصریح فرمائی ہی کقولہ تعالی من شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر یعنی جو شخص چاہے ایمان لاوے اور جو چاہے کفر اختیار کرے اور دوسرے مقام پر بھی مثل اسی کے خبر دی

کقولہ تعالی فاذا فعلوا فاحشة قالوا وجدنا اٰباءنا واللہ امرنا بھا یعنی جس وقت وہ
افعال فاحشہ اور قبیحہ کرتے تھے تو کہتے تھے کہ ہمارے آباے سلف بھی ایسا ہی کرتے تھے
اور خدا نے ہم کو ان افعال پر حکم دیا ہی یعنی بہ مشیت وارادہ ومقصود خدا ہم سے یہ افعال
صادر ہوتے ہین اُسکا جواب حق تعالی فرماتا ہی قل ان اللہ لا یامر بالفحشاء یعنی کہہ ای محمدؐ کہ
بتحقیق کہ خدا امر وارادہ فواحش وقبائح کا نہین کرتا اور لغت مین الفاحشة الزنا وما یشتد
قبحہ من الذنوب ہی اور زمخشری نے لکھا ہی الفاحشة الزنا وما تبالغ فی قبحہ من الذنوب
صاحب بیضاوی لکھتے ہین الفاحشة فعلةٌ متناھیة فی القبح کعبادة الصنم وکشف
العورة فی الطواف وغیرہ امام فخر الدین رازی کہتے ہین الفحشاء عبارة عن کل معصیة
کبیرة یدخل فیہ جمیع الکبائر پس معنی آیہ یہ ہوے کہ تحقیق کہ خدا امر بفواحش وقبائح و
ذنوب وشرک وکفر وکبائر نہین کرتا اور ثابت ہو چکا ہی کہ امر ونہی کہ فعل خدا ہین مسبوق بالعلم
والارادہ خدا ہوتے ہین اس سبب سے کہ امر ونہی وفعل خدا موقوف ہین علم وارادہ پر کہ آیہ
انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون اُس پر دال ہو پس کیونکر مشیت خدا اسلام
عباس اور کفر ابو طالب مین اور مشیت رسولؐ خدا اسلام ابو طالب اور کفر عباس مین واقع
ہو سکتی ہی خذ ھذا وقل فللہ الحجة البالغة اور نیز آیہ کریمہ لا اکراہ فی الدین ای لا اجبار
فی الدین بھی اسی کا مصرح ہی پس آپ کا فللہ الحجة البالغة سے دلیل لانا سفاہت ہی کہ تمام
ادلہ وبراہین وحجج نا بالغہ آپ کے اسی قول حق تعالی سے مردود ہو گئے اور آپ اتقولون علی اللہ ما
لا تعلمون کے مصداق ہو گئے اعاذنا اللہ والمؤمنین عن ھذہ العقیدة الفاسدة القبیحة بتوفیقہ
فصل جاننا مراتب انسان اور اُسکے کمالات کا اور فرق فراست اور الہام اور وحی کا بنا بر
مذاق حکما اور پہچاننا مرتبہ جناب ابو طالب کا اور اُنکے افعال واقوال واعمال کا کہ متعلق بفراست
تھے کہ بالہام ووحی اور یہ موقوف ہی چند امور پر کہ بایجاز واختصار عرض کیے جاتے ہین اولا
جاننے کو جاننا چاہیے جسکو عربی مین علم وادراک کہتے ہین اور معنی ادراک مکرر بیان کیے گئے
اور بقدر ضرورت خاص پھر عرض کیے جاتے ہین ادراک الشیء ھو کون حقیقة الشیء
متمثلة عند المدرک یعنی حقیقت شی کا متمثل ہونا ہی عند المدرک خواہ حقیقت سے وجود
فی الخارج رکھتی ہو یا نہ رکھتی ہو اور اسکی چار قسمین ہین محسوسات متخیلات متوہمات معقولات
پس ادراک مدرکات ثلاثہ اولی کا متعلق ہی جزئیات سے اور صور مدرکات جزئیہ مرتسم ہوتے
ہین آلات حواس ظاہری اور باطنی مین اور ادراک معقولات کا خاص ہی ذات نفس ناطقہ سے
یعنی صور معقولات ذات نفس ناطقہ مین مرتسم ہوتے ہین اور مذہب محققین یہ ہی کہ مدرک

کلیات اور جزئیات کا نفس ناطقہ ہی معقولات کو بلا توسط اور جزئیات کو بتوسط حواس ادراک
کرتا ہی اور نسبت ادراک کی ساتھ حواس ظاہر و باطن سے مجازاً ہی نہ حقیقۃً ثانیاً نفس ناطقہ
ایک جوہر ہی مجرد جسم وجسمانی نہین ہی اور تغیرات بدن سے کہ افساد اور بطلان اور نقصان و
تشویش ہی اعضا بدن کے ضعیف ہوجاتے ہین اور وہ اعضا آلات اور محل قوی ہین اُسکے
ضعف سے فساد و بطلان و نقصان و تشویش قوی بہین پیدا ہوجاتا ہی مگر نفس ناطقہ کو کسی طرح
کا تغیر نہین ہوتا ثالثاً باتفاق حکما ہی کہ قوی مخصوصہ نفس ناطقہ سے ایک قوت عاملہ ہی اور دوسری
قوت عاقلہ ہی قوت عاملہ کو عقل عملی اور قوت عملیہ اور نفس کہتے ہین کہ وہ محرک بدن انسان ہی
افعال جزئیہ کی طرف ساتھ فکر اور احساس اور حدس کے اور قوت عاقلہ کو عقل نظری اور قوت
نظری کہتے ہین کہ بسبب اُسکے کلیات کا ادراک ہوتا ہی اُسکے چار مرتبہ ہین عقل ہیولانی عقل
بالملکہ عقل بالفعل عقل مستفاد عقل ہیولانی وہ قوت ہی کہ استعداد قابلیت معقولات و ادراک
کلیات رکھتی ہو اور فی نفسہ سب سے خالی ہو عقل بالملکہ وہ قوت ہی کہ جب حاصل ہون نفس انسان
کے واسطے معقولات اولیہ یعنی بدیہیہ بسبب احساس جزئیات کے اور وہ قابل و مستعد ہو کہ فیضان
ہو صور کلیہ اور اُنکے احکام کا اور قادر ہو اکتساب نظریات پر کہ معقولات ہین ساتھ فکر و حدس
کے عقل بالفعل وہ قوت ہی کہ جو معقولات ثانیہ اُسکو حاصل ہوے ہون قادر ہو اُسکے استحضار
پر کہ جسوقت چاہے اُسکو حاضر کر دے اور اکتساب جدید کی اُسکو حاجت نہ ہو عقل مستفاد وہ
قوت ہی کہ جو معقولات مکتسبہ ہین اور وہ ذہن مین پیدا ہوے ہین وہ مخزون اور متمثل اور حاضر
رہین اور حضور معقولات کمال نفس ہی بہ نسبت نفس انسان کے پس عقل مستفاد مقصد اصلی اور
غایت قصوی اور رئیس مطلق ہی کہ تمام قواے نباتیہ و حیوانیہ و انسانیہ اُسکے خادم ہین رابعاً فکر
حرکت کرنا ہی نفس کا معانی مین باستعانت تخیل کہ بہ ترتیب معلومات طالب حد اوسط ہو اور اُن
چیزون کا جو قائم مقام اُنکے ہون اور اکتساب مجہولات کا کرے اعم اس سے کہ پہونچے مطلوب تک
یا نہ پہونچے خامساً حدس اور وہ متمثل ہوتا ہی حد اوسط کا ذہن مین دفعۃً بدون حرکت کرنے نفس
کے یعنی بغیر فکر و نظر ایکبارگی ذہن مین در آئے اور مطلوب تک پہونچا دے اور فکر و حدس کے
دو طرف ہین ایک طرف نقصان اور ایک طرف کمال طرف نقصان یہ ہی کہ بجز بدیہیات کے کچھ نہ
جانے اور طرف کمال یہ ہو کہ جن علوم کے علم کا امکان بنی نوع انسان کو ہی وہ سب حاصل ہون اور
اس مرتبہ کمال حدس کو قوت قدسیہ کہتے ہین سادساً باتفاق عقلا ہی کہ قواے جسمانیہ قابل قسمت ہین
کہ جمیع اجسام قابل تجزیہ ہین پس قواے جسمانیہ منقسم دو جزون کی طرف ہو سکتے ہین کہ ایک جز مدرکہ
ہو اور دوسرا حافظہ بخلاف قوت عاقلہ کے کہ وہ قابل قسمت نہین ہی اور تعقل اُسکا محتاج آلات

جسمانی کا نہین ہی اور کبرسن اور ضعف بدن سے کسی طرح کا ضعف اور کلال قوت عاقلہ کو نہین ہوتا
جیسا کہ قواے بدنیہ مین بعد چالیس برس کے ضعف اور نقصان ظاہر ہونے لگتا ہی مگر اُس سن مین
قوت عاقلہ کو کمال شروع ہوتا ہی اور نیز یہ بھی ثابت ہی کہ قوت عاقلہ جسم و جسمانی نہین کہ انقسام
محل سے انقسام حال لازم آئے اور نیز یہی مدرک کلیات اور معقولات بھی ہی پس ممکن نہین کہ یہی
قوت مدرک بھی ہو اور حافظ بھی ہو پس بالضرور لازم ہوا کہ سوا قواے جسمانیہ کے کوئی شی حافظ معقولات
ہو اور یہ شی بھی جسم و جسمانی نہ ہو کہ ان دونون مین ارتسام معقولات ممتنع ہی پس یہ حافظ معقولات
جس مین جمیع صور معقولات مرتسمہ بالفعل موجود و مخزون اور حاضر ہین اُسکو عقل فعال کہتے ہین
اور عقل فعال ایک جوہر ہی کہ جس مین تمام معقولات بالفعل مرتسم ہین کما قال الشیخ فی الشفاء ان
النفس الناطقة کمالها الخاص بها ان یصیر عالما عقلا مرتسما فیها صورة الکل والنظام
المعقول فی الکل والخیر الفائض فی الکل یعنی شیخ نے شفا مین بیان کیا کہ تحقیق کہ نفس ناطقہ کا کمال
جو اُس سے مخصوص ہی یہ ہی کہ وہ عالم ہو عاقل ہو اور مرتسم ہون اُس مین صور کل اور نظام معقول کل اور
خیر فائض کل ثم قال وافضل الناس من استکملت نفسه عقلا بالفعل محصلا والاخلاق
التی تکون فضائل عملیة اور افضل ناس وہ شخص ہی کہ مستکمل ہو نفس اُسکا از روے عقل بالفعل
کے در انحالیکہ حاصل ہون اُسکو اخلاق ایسے کہ ہوتے ہین فضائل عملیہ وافضل هولاء هو
المستعد لمرتبة النبوة وهو الذی فی قوة النفسانیة خصائل ثلثة هی ان یستمع کلام
الله ویری ملائکة الله ویعلم جمیع المعلومات او اکثرها من عند الله وان یطیعه
مادة الکائنات باذن الله یعنی افضل ان سب کا وہ شخص ہی جو مستعد ہو واسطے مرتبہ نبوت کے
اور وہ وہ شخص ہی کہ جسکی قوت نفسانیہ مین تین خصلتین ہون ایک تو یہ کہ سنے کلام خدا کو اور
دیکھے ملائکہ خدا کو دوسرے عالم ہو جمیع معلومات یا اکثر معلومات کا من عند اللہ اور تیسرے
مطیع ہو اُسکا مادہ کائنات باذن اللہ حاصل کلام یہ ہی اور نیز اتفاق حکما اور عقلا ہی کہ نفس ناطقہ
کو کمال اُس وقت حاصل ہوتا ہی کہ اُسکو اتصال حاصل رہے عقل فعال سے اور معقولات کو
ہمیشہ دریافت کرتا رہے اور عقل فعال کو عقل فلک قمر بھی کہتے ہین اور نیز ثابت ہی کہ جمیع
صور جزئیات اور جو کچھ اس عالم مین پیدا ہوتا ہی سب منقوش و مرتسم ہی عالم عقلی مین کلیۃً اور
اجمالاً اور یہ بھی ثابت ہی کہ جو کچھ عالم عقلی مین منقش ہو نفس انسانی مین منقش ہو سکتا ہی بشرطیکہ
مشاغل حسنہ ظاہر و باطن کی طرف التفات کم ہو اور اتصال حاصل ہو عالم عقول سے تو نفس مین
صور غیبیہ عقول کے ساتھ ایک صورت کے بدرجہ کلی ظاہر ہونگے اور وہ صور تخیل مین آئینگی بعدہ
پھر وہ بصورۃ جزئیہ کہ جو مناسبت رکھتی ہو صورت کلی سے حس مشترک مین منقش ہونگے اور کمال

قوت ادراک جزئی خصوصاً متخیلہ کا یہ ہی کہ بغایت قوی اور نہایت منقاد و مطیع ہو قوت عقلیہ کے
اور اُسکی طرف منجذب ہو جائے بحدیکہ جو صورت ذات نفس مین مرتسم ہو اور جو کچھ مدرک ہو صورت
اُسکی خیال اور حافظہ مین منتقش اور مرتسم اور مستقر ہو یا جو صورتین معقولات کی اسی نفس
مین مرتسم ہون اور اُسکو اتصال عقل فعال سے ہو تو وہ صور مرتسمہ ذات نفس مین اگر
بعنوان تجرد و کلیہ کے ہین تو مثالین و شبیہ اُسکی متخیلہ مین بعنوان تمثل و جزئیہ کے
مرتسم ہون اور وہ متخیلہ حکایت کرے مدرکات قوۃ عقلیہ کا اس طرح سے کہ اگر وہ ذوات
مجردہ ہین تو نیکی کو بصورۃ حسن اور بدی کو بصورۃ قبیح متمثل کردے مثلاً ذوات مجردۂ
حسنہ کو بصورۃ انسان خوبصورت اور نیک سیرت متمثل کردے اور اگر معانی مجردہ ہون
یا احکام کلیہ تو اُنکو بقوالب الفاظ فصیحہ و بلیغہ متمثل کردے اور کمال تطبیع اور ارتسام قوت
متخیلہ کا یہ ہی کہ صور ذوات مدرکہ کو حس بصر مین اور الفاظ مدرکہ کو حس سمع مین ادا کرے اس
حیثیت سے کہ کانہ کوئی شخص بہ نہایت حسن و خلق روبرو طرف ہوا القا کرتا ہی اور بالفاظ فصیحہ
و بلیغہ کلام کرتا ہی اور ذوات مجردۂ کلیہ اور معانی و احکام مجردۂ کلیہ متمثل بجزئیہ اس طرح ہوتے
ہین جس طرح سے مثلاً مادیات مین اول ایک شخص خارج مین دکھائی دیتا ہی بعد ازان متخیل ہوتا
ہی اور بعد اُسکے معقول ہوتا ہی یعنی کلی ہو جاتا ہی اور حیوان ناطق اُس پر صادق آتا ہے
اسی طرح مجردات مین اول مجرد کلی معقول ہوتا ہی بعد ازان متخیل ہوتا ہی پھر محسوس ہوتا ہی اور متشخص
اُسپر صادق آتا ہی حاصل یہ ہی کہ افاضۂ عقل فعال اول قلب مین بعدہ خیال مین پھر حس مین
پھر بصورت انسان متشخص محسوس ہوتا ہی اسی طرح حصول معانی مجردہ کا اول قلب مین پھر خیال
مین بعدہ حس مین پھر وہ معانی بالفاظ فصیحہ و بلیغہ مسموع ہوتے ہین اور اُن سے وہ معانی
سمجھے جاتے ہین اور جب کمال حاصل ہوا قوۃ تعقل یعنی نفس ناطقہ اور تخیل کو تو اُس مین دو
خاصیتین حاصل ہوئین ایک تو جاننا جمیع علوم کا یا اکثر علوم کا بغیر توسط بشر دوسرے دیکھنا
ذوات مجردہ متشخص اور سننا کلام کا بالفاظ فصیحہ و بلیغہ پس یہ ذوات متشخصہ ملائکہ ہین اور کلام
کلام خدا ہی اور یہی وحی اور الہام اور رویاے صادقہ ہی اور ایک امر یہ بھی قابل گذارش ہی کہ
عند الحکما ایک قوت تحریک ہی اور کمال قوت تحریک یہ ہی کہ نفس ناطقہ قوت اور فعل اور شدت
تاثیر مین اس مرتبہ پر پہونچے کہ جو کچھ تصور کرے اور جو صورت کہ خیال مین منتقش ہو اور اُسکے وجود
فی الخارج سے ارادہ متعلق ہو وہ فوراً موجود ہو جائے اور بدیہی ہی کہ ہر ایک نفس اپنے بدن مین
تاثیر کرتا ہی بمجرد شہوت و تنفر و غضب و خوف و رجا و حیا و خجالت وغیرہ کے اسی سے ثابت ہوا
کہ نفس مذکورہ ہر بدن اور ہر مادہ مین بمجرد تصور اور تعقل کے ارادہ تاثیر کا کر سکتا ہی اور جب یہ

بنسبت متحقق ہوئی تو خاصیت ثالثہ بھی حاصل ہوگی تو ضرور مادۂ کائنات بھی اُسکا مطیع ہوگا اس حیثیت سے کہ جس صورت کی وہ خواہش کریگا بحکم خدا وہ فوراً موجود ہو جائیگی اور جب قوت تحریک اس مرتبۂ کمال پر پہونچیگی تو نفس ناطقہ کو قابلیت وحی الٰہی حاصل ہوگی اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہو کہ نقش موجودات اور جو کچھ کہ پیدا ہوتا ہو سب عالم عقول مین موجود اور ثابت ہی جیسا کہ مذکور ہوا اور عالم عقول کو جواہر عقلیہ اور عالم روحانی اور جواہر روحانی اور لوح محفوظ اور عالم علوی بھی کہتے ہین پس اقصاے مراتب کمالات کمالات انسانی یہ ہو کہ جامع ہو خواص ثلاثہ مذکورہ کا اور قادر ہو کہ محسوسات عالم سفلی کی طرف بھی متوجہ رہے اور عالم علوی اور معقولات کا بھی ناظر رہے اور ایک دوسرے پر غالب نہ ہونے دے اور ایک حائل دوسرے کا نہ ہو پس ایسے ہی نفوس کاملہ قابل مراتب نبوت و رسالت ہوتے ہین بحسب تفاوت خواص مذکورہ کے کمال و نقصان و شدت و ضعف مین اور بتفاوت مراتب انبیا کو اطلاع غیب پر یا بہ رویاے صادقہ یا بالقایا بالہام یا بوحی ہوتی ہی اور صورت رویاے صادقہ کی اس طرح واقع ہوتی ہو کہ نفس ناطقہ حالت نوم مین شغل حواس سے فارغ ہوتا ہو پس اتصال حاصل ہوتا ہی اُسکو عالم روحانی سے کہ نقش موجودات اور جو کچھ کہ پیدا ہوتا ہو اُس مین ثبوت اور موجود ہو پس بمجرد اتصال وہ سب نفس ناطقہ مین منعکس ہوتا ہی اس طرح سے کہ جیسے دو آئینہ مقابل مین ایک دوسرے کے ہون تو ایک دوسرے مین منعکس ہوتے اور حصول اُنکا اس طرح ہوگا کہ اول ذوات مجردہ اور یا معانی مجردہ معقول ہونگے پھر متخیل ہونگے پھر محسوس ہونگے حس بصر یا حس سمع مین پس انسان مشاہدہ کریگا اشکال مختلفہ کا اور سماعت کریگا اصوات اور کلمات متنوعہ کا اور اسی صورت حاصلہ کو رویاے صادقہ کہتے ہین اور اگر یہی حالتین بیداری مین حاصل ہونگے کہ فیضان عقل فعال پہلے قلب مین بعدہ متخیلہ مین پھر حس سمع مین ہوگا تو وہ القا اور الہام ہی اور اگر یہی حالتین بیداری مین اس طرح واقع ہون کہ ذوات مجردہ متشخص ہو کر محسوس ہون اور معانی مجردہ بقوالب الفاظ فصیحہ و بلیغہ بترتیب و تنظیم مسموع ہون تو وحی ہی پس جناب ابو طالب اور اُنکے ہر ہر قول و فعل و عمل سے ثابت ہو کہ وہ جناب جامع خصائل ثلاثہ تھے اور اقصاے مراتب کمالات انسانی پر فائز تھے اور ہر قول و فعل و عمل اُنکا یا بالقایا بالہام یا بوحی واقع ہوتا تھا چنانچہ منجملہ اُن معاملات اور سانحات کے جو بعد وفات بلکہ قریب وفات حضرت عبد المطلب سے واقع ہوے ایک امر یہ بھی ہو کہ پندرہ برس قبل بعثت آنحضرت صلعم مجمع عام مین کیسے کیسے فضائل و مناقب و مدایح عالیہ کے خبر دیتے تھے اور وقت عقد آنحضرت ہمراہ جناب خدیجۂ کبری جو خطبہ فرمایا ہو اُس مین فرماتے ہین الحمد للہ الذی جعلنا من ذریۃ ابراھیم و زرع اسمعیل وضیفی معد وعنصر مضر وجعلنا حضنۃ بیتہ وسواس حرمہ

وجعل لنا بیتا محجوجا وحرما امنا وجعلنا الحکام علی الناس یعنی جمیع حمد ثابت ہی واسطے اُس
اللہ کے کہ جسنے ہم کو ذریت ابراہیم اور اولاد اسمعیل اور اصل معد اور بنیاد مضر سے گردانا اور کیا ہم کو
اپنے مکان کا محافظ اور سیاست کرنے والا اپنے حرم کا اور گردانا ہمارے لیے ایک مکان جسکا لوگ
حج کرتے ہین اور ایک حرم امن دینے والا اور ہم کو تمام آدمیون کا حاکم کیا پھر فرماتے ہین ثم ان ابن
اخی ھذا محمد بن عبد اللہ لا یوزن برجل الا رجح شرفا ونبلا وفضلا وعقلا وھو واللہ
بعد ھذا لہ نباء عظیم وخطر جسیم پس تحقیق یہ میرا بھتیجا محمد ابن عبد اللہ ہی کہ نہین ہم پلہ
ہوگا اُسکا کوئی شخص مگر یہ کہ یہی غالب ہوگا اُسپر شرافت اور عظمت اور فضل وعقل مین یعنی کوئی
اُسکا مقابلہ نہین کرسکتا اور قسم ہی خدا کی علاوہ اسکے اُسکے واسطے شہرت عظیم اور بزرگی جسیم
حاصل ہوگی پس جناب ابوطالب نے جو پندرہ برس قبل بعثت باین فصاحت وبلاغت بقسم فرمایا
کہ وھو واللہ بعد ھذا لہ نباء عظیم وخطر جسیم پس یہ خبر کیسے مطابق واقع ہوئی اور یہی
خبر کی تصدیق ایمان قرار پائی پھر یہ مخبر صادق اگر مصدق اس خبر کا نہ تھا تو بقسم کیونکر اُسکا اظہار اور
اعلان کیا یہ کیا کم ثبوت ہی جناب ابوطالب کے صاحب القا اور الہام ہونیکا اور اس سے بڑھ کر کونسی
تصدیق ہوگی کہ قبل بعثت آنحضرت اُنکی تصدیق بقسم ظاہر فرمائی اللہ اکبر یہ وہ ابوطالب ہین کہ جب
عقلاء قریش عمارہ ابن ولید کو لیکر آئے اور کہا جناب ابوطالب سے کہ بالعوض محمد کے آپ اسکو
لیکر پرورش کرین اور محمد کو ہمین دیدیجیے کہ ہم قتل کرین اُسوقت جناب ابوطالب نے فرمایا ما
انصفتمونی یا معشر قریش اخذ ابنکم اربیہ واعطیکم ابنی تقتلونہ یعنی واہ کیا انصاف
کیا تم نے اے گروہ قریش کہ تمھارے لڑکے کو تو مین لیکر پرورش کرون اور اپنا فرزند تم کو دیدون کہ تم
قتل کرو اور اسی وقت متوجہ ہوے طرف اُن حضرت کے اور فرمایا واللہ لن یصلوا الیک بجمعہم
حتی اوسد فی التراب دفینا یعنی قسم ہی خدا کی ہرگز نہ پہونچ سکین گے تجھتک یہ لوگ باوجود
اپنی جمعیت کے جب تک کہ مین زمین مین دفن نہ ہوجاؤن کیا کلام بلاغت نظام ہی جناب ابوطالب
کا کس قدر ثبات اور شجاعت اور اطمینان قلب سے بقسم فرمادیا کہ یہ لوگ باوجود جمعیت تمھارا کچھ
نہین کرسکتے اس اطمینان کا سبب وہی الہام تھا ورنہ کیا ممکن بھی ہی کہ تمام قبائل عرب اور خصوصًا
وہ لوگ جو شجاعان زمانہ سے شمار کیے جاتے ہون وہ اُن حضرت کے قتل پر آمادہ ہون اور جناب
ابوطالب تن تنہا اُن سب کے مقابلہ پر کھڑے ہوکر اُنکو غیرت دلائین کہ باوجود جمعیت تم کچھ نہین
کرسکتے اور فی الواقع وہ کچھ نہ کرسکین کیا قلب مطمئن تھا جناب ابوطالب کا کہ لیطمئن قلبی کی بھی
حاجت نہ ہوئی اور فورًا بے دہشت امر حق کا اظہار کردیا اور مصرع ثانی مین بھی ایک امر مخفی کی خبر
دی ہی کہ جب تک مین زندہ ہون یہ لوگ کچھ نہین کرسکتے یعنی بعد میرے تم کو آزار پہونچیگی پھر فرماتے ہین

فاصدع بامرک ما علیک غضاضۃ وابشر بذاک وقر منک عیونا یعنی پس اپنے امر کو ظاہر کرو نہین ہی تم پر کوئی پستی اور خوف ذلت و نقصان اور بشارت ہو تم کو ساتھ اسکے اور خنک رکھو اپنی آنکھون کو جاے انصاف ہی کہ جو شخص اظہار امر رسالت کا حکم فرمائے اور کہے کہ اس سے خوش و مسرور و خنک چشم رہو وہ تو کافر بنایا جاوے اور جو اُن حضرت کی تکذیب کرے اور اُنکی رسالت مین شک کرے وہ پکا مسلمان اور قائم مقام اُسی رسول کا کیا جاوے پھر فرماتے ہین جناب ابوطالب ودعوتنی وعلمت انک صادق ولقد صدقت وکنت ثم امینا اور تم نے مجھے دعوت کی اور جانتا ہون مین کہ تحقیق تم صادق ہو اور تم نے سچ کہا اور ہو تم اس جگہ (یعنی نزدیک خدا کے) امانت دار ولقد علمت بان دین محمد + من خیر ادیان البریۃ دینا اور بہ تحقیق جانا مین نے کہ دین محمد بہترین ادیان خلق ہی از روے دین کے لولا الملامۃ وحذار ملامۃ + لوجدتنی سمحا بذاک مبینا اگر نہ ہوتا خوف دشنام کا اور ملامت کا تو آپ پاتے مجھکو جوانمرد ساتھ اُس دین کے ظاہر بظاہر حاصل یہ ہی کہ ہم ان اشعار کی تشریح کر آئے ہین یہان پر مجملاً یہ اشعار عرض کیے کہ ان اشعار سے کیسی شجاعت اور حکمت ٹپک رہی ہی اور راس و رئیس فضائل عملیہ یہ ہی شجاعت اور حکمت اور عفت و عدالت ہی بس جناب ابوطالب کے صاحب الہام ہونے مین کیا شک باقی رہا ہان جو لوگ رسالت جناب خاتم المرسلین مین شک کرین یا اُنھین کے تابعین مین ہون تو وہ مصداق ختم اللہ قرار پائینگے اور یہ وہ ابوطالب ہین کہ جب محاصرہ کیا قریش نے شعب کا اُسوقت اُس جناب نے ایک خطبہ طولانی انشا فرمایا اُس مین فرماتے ہین الا بلغا عنی علی ذات بیننا + لویا وخصا من لوی بنی کعب یعنی اے میرے دونون دوست پہونچاؤ میری طرف سے یہ خبر باوجود اُس مخالفت کے کہ جو ہمارے درمیان مین ہی بنی لوی کو اور خصوصاً بنی لوی سے قبیلۂ بنی کعب کو الم تعلموا انا وجدنا محمدا + رسولا کموسی صح ذلک فی الکتب کیا تم نہین جانتے کہ پایا ہم نے محمد کو رسول مثل موسی کے اور یہ ثابت ہی کتب سماویہ سے کیون حضرات جاے انصاف ہی کہ جو آنحضرت صلعم کو رسول کموسی جانتا ہو اور بدلائل کتب سماویہ اُن حضرت کی رسالت کو تمام عرب پر ثابت کرے اور خود معترف ہو کہ ہم نے محمد کو رسول مثل موسی کے پایا وہ تو کافر بنایا جاوے اور جو حسبنا کتاب اللہ کہے اور چھوڑدے اُس رسول کو اور معاذ اللہ اُسکی شان مین ان الرجل لیہجر کہے وہ خلیفۂ رسول اور کامل مسلمان سمجھا جاوے وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون پھر فرماتے ہین جناب ابوطالب وان علیہ فی العباد مودۃ ولا حیف فیمن خصہ اللہ بالحب یعنی بہ تحقیق کہ اوپر اُسکے بندگان خدا کی محبت ہی اور نہین ہی ستم اُس شخص سے

کہ جسے مخصوص کیا ہو اللہ نے ساتھ اپنی دوستی کے یعنی جو خاص بندگان خدا ہین وہ اُنکو دوست رکھتے ہین اور یہ خاص حبیب خدا ہین کیون حضرات خیر البشر اور حبیب خدا اول ولی کس نے کہا آنحضرت کو کیا یہ الفاظ بغیر الہام جاری ہوے زبان جناب ابوطالب پر پھیر فرماتے ہین فلسنا ورب البیت نسلم احمد لعزاء من عض الزمان ولا کرب یعنی قسم ہو رب کعبہ کی ہم کبھی نہ دینگے احمد کو بسبب کسی مصیبت زمانہ کے اور نہ بسبب کسی سختی زمانہ وکرب کے افسوس ہی اُن بے بصیرتون پر کہ جو ایسے ایسے مضامین اور الفاظ کو جو بغیر الہام جاری ہو سکتے ہی نہین فقط ایک لفظ فراست کہکر ٹال دیتے ہین یہ وہ ابوطالب ہین جو فرماتے ہین وشق لہ من اسمہ لیجلہ فذو العرش محمود وھذا محمد یعنی مشتق کیا اُن حضرت کے نام کو اپنے نام سے تاکہ اُنکی بزرگی ہو پس صاحب عرش یعنی خدا محمود ہی اور یہ محمدؐ ہین کیون صاحبو جناب ابوطالب کو بغیر الہام کیونکر معلوم ہوا کہ حق تعالی نے اس نام کو اپنے نام سے مشتق کیا تاکہ اُنکی بزرگی ہو یہ وہ ابوطالب ہین کہ اُسی زمانہ محاصرہ مین دوسرا قصیدہ فرمایا ہی کہ جسکی بعض علما نے اسّی بیتین لکھی ہین اور بعض نے سو بیتون سے بھی زیادہ لکھی ہین تیمناً وتبرکاً چند بیتین عرض کی جاتی ہین کہ ان ابیات کا ایک ایک لفظ دلالت کرتا ہی جناب ابوطالب کے الہام پر اور مکرر گذارش ہو چکا کہ جناب ابوطالب خود ملہم لنفسہ اور اوصیا انبیا اور مستودعین مین سے تھے فرماتے ہین وابیض یستسقی الغمام بوجہہ + ثمال الیتامی عصمۃ للارامل یعنی محمدؐ وہ ماہرو ہی کہ جسکے چہرہ کے وسیلہ سے بادلون سے پانی طلب کیا گیا جاے پناہ ہی یتیمون کی اور ملجا ہی بیواؤن کے لیے یلوذ بہ الھلاک من ال ھاشم + فھم عندہ فی نعمۃ وفواضل یعنی پناہ گزین ہونگے اُس سے وہ لوگ جو قریب بہلاکت ہون آل ہاشم سے پس وہ لوگ اُسکے پاس نعمتون اور احسانات مین بسر کرینگے مراد یہ ہی کہ آل ہاشم کو بسبب اُنکے احسانات بزرگ اور نعمتین ملینگی کیون حضرات یہ اخبار جو مطابق واقع ہوے اُس وقت کے ہین کہ جسوقت انتہاے سختی اور مصیبت مین تھے بھر بدون الہام ووحی یہ اوصاف آنحضرتؐ اور یہ اخبار کیونکر مطابق واقع ہوے پھر فرماتے ہین لعمری لقد کلفت وجدا باحمد واحببتہ حب المحب المواصل قسم ہی اپنی حیات کی تحقیق کہ تکلیف دی گئی ہی مجھے محبت کی احمد کے ساتھ (یعنی خدا نے مجھے مامور کیا ہی اُنکی دوستی پر) اور دوست رکھا مین نے اُسکو اُس محبت اور دوستی سے کہ جو محب ہمدم رکھتے ہین وقد علموا ان ابننا لا مکذب لدینا + ولا یعزی لقول الاباطل اور بہ تحقیق کہ سب جانتے ہین کہ ہمارا فرزند جھوٹا نہین ہے ہمارے نزدیک اور نہ قول اباطیل کی طرف منسوب ہو سکتا ہی فمن مثلہ فی الناس ای مومل اذا قاسہ الحکام عند التفاضل سبحان اللہ کیا کلام ہی جناب ابوطالب کا کون مثل تھا جناب موصوف کا

فصاحت اور بلاغت اور شجاعت اور حلم اور عفت مین اور بدیہی ہی کہ سردار تھے تمام عرب کے
اور قبیلۂ بنی ہاشم مین کون انکا نظیر تھا باوجود اسکے فرماتے ہین کہ کون ہی اُسکا مثل یعنی جناب
محمد مصطفےٰ کا آدمیون مین یعنی فی العرب نہین فرمایا بلکہ فی الناس فرمایا یعنی نوع انسان مین اور کون
ہی جو محل امید ہو جسوقت قیاس کرین حکم لگانے والے ایک دوسرے پر فضیلت دینے کا یعنی سواء محمدؐ
کے کسی کو فضیلت نہین دے سکتے پھر فرماتے ہین حلیم رشید عاقل غیر طائش + یوالی الٰہا
لیس عنہ بغافل یعنی بردبار نیک راہ پانے والا عقلمند ہو سبک مزاج نہین ہی اور ایسے خدا کا
محب ہی جو کسی وقت اُس سے غافل نہین یعنی تم لوگ ایسے خدا کو دوست رکھتے ہو جو غافل ہین کہ وہ
لائق خدائی نہین ہین اللہ اکبر یہ وہ کلام معجز نظام ہی جناب ابوطالب کا کہ بجز اوصیا سے انبیا کے
کوئی قدرت نہین رکھتا کہ مثل اسکا کہہ سکتا یا کہہ سکے فرماتے ہین واصبح فینا احمد فی ذروۃ
تقصر عنہا سورۃ المتطاول یعنی احمد ہم مین نکلا ہی ایسی اصل سے کہ قاصر ہو گئے اُس سے نیز
طالب جاہ و حشمت کے فجدت بنفسی دونہ وحمیتہ ودافعت عنہ بالذری والکلاکل
یعنی اپنی جان دینے کو مین اُسکی حمایت مین تیار ہو گیا اور دفع کیا مین نے اُس سے ہر سختی والم
کو اُسکے سینہ سے کذبتم و بیت اللہ نبزی محمدا ولما نطاعن دونہ وتناضل جھوٹے
ہو تم قسم ہی بیت اللہ کی کیا چھوڑ دینگے ہم محمدؐ کو جب تک نیزون اور تیرون سے اُسکے دشمنون کا
مقابلہ نہ کرلین ونسلمہ حتی نصرع حولہ + ونذھل عن ابنائنا والحلائل قربان شجاعت و
حفاظت و حراست جناب ابوطالب فرماتے ہین اور کیا ہم تمھارے سپرد کر دینگے اُسکو یعنی محمدؐ کو جبتک
کہ گرد اُسکے ایسی جانفشانی اور مقابلہ نہ کرین کہ جسمین مر کر گر پڑین اور اپنے بچون اور عورتون کو
بھول جائین اللہ اللہ کیا قوت قدسیہ عطا فرمائی تھی حق سبحانہ تعالیٰ نے جناب ابوطالب کو اور کس مرتبہ
استکمال پر پہونچے تھے قوت نفسانیہ آپکی از روے اخلاق اور عقل اور علم کے انتہا یہ ہی کہ ہر قول
جناب ابوطالب کا نطق بالہام ہی ایک دوسرے قصیدے مین فرماتے ہین اذا اجتمعت یوما قریش
المفخر + فعبد مناف سرھا وصمیمہا یعنی جسوقت جمع ہون قریش واسطے فخر کے یعنی ایک
دوسرے پر فخر کرنے کو جمع ہون تو عبد مناف سارے قریش مین خالص اور برگزیدہ ہین فان حصلت
انساب عبد منافہا + ففی ھاشم اشرافہا وقدیمہا پس اگر عبد مناف کے نسب حاصل
ہون تو اولاد ہاشم شریف اور سردار اُسکے ہین وان فخرت یوما فان محمدا + ھو المصطفی
من سرھا وکریمہا اور اگر اولاد ہاشم کسی دن فخر کرین تو بہ تحقیق محمدؐ برگزیدہ اور کریم اُن سب مین ہین
مبصرین بنظر انصاف دیکھین کہ ایک زمانۂ دراز کے بعد حضرت ختمی مآبؐ نے ایک حدیث طولانی
مین ان سب مراتب کا ذکر فرمایا ہی اور آخر مین واصطفانی من بنی ھاشم فرمایا ہی اور ۔ مرتو

ظاہر ہی کہ حدیث بھی مثل وحی بلکہ وحی ہی اب مین اُس وصیت جناب ابوطالب کو لکھتا ہون کہ جو
قریش کو مکرر وصیت کی ہی اور قریب وفات تو عظما و سرداران قریش اور بنی عبد المطلب اور
بنی ہاشم کو جمع کیا ہی اور کما حقہ اُنکو نصیحت اور وصیت کی ہی اُسکے الفاظ و معانی و مطالب کو
دیکھنا چاہیے کہ جو جو اخبار کلیہ اور جزئیہ اور مجملاً و مفصلاً جس فصاحت و بلاغت سے فرمائے
ہین کیا کسی فرد بشر کی بجز انبیا اور اوصیا کے مجال ہی کہ مثل جناب ابوطالب کے بیان کر سکے
اور یہ وصیت جناب ابوطالب کی مثل ایک معجزہ کے ہی کہ قیامت تک باقی رہیگی اور دلائل
واضحہ سے ہی کہ جناب ابوطالب کا نطق نطق بالالہام تھا اور وہ جناب مرتبۂ وصایت پر پہونچے
ہوے تھے اور مطابق تحقیق محققین حکما بھی ثابت ہوتا ہی کہ قوت نفسانیہ جناب ابوطالب
خصائل ثلثہ معتبرہ حکما حاصل تھے یعنی سنتے تھے کلام خدا کو اور دیکھتے تھے ملائکۃ اللہ کو
اور من عند اللہ عالم تھے جمیع معلومات یا اکثر معلومات کے اور دلیل اُسپر یہی وصیت ہے
جناب ابوطالب کی فرماتے ہین یا معشر قریش انتم صفوة اللہ من خلقہ و قلب العرب
فیکم السید المطاع وفیکم المقدام الشجاع والواسع الباع یعنی ای گروہ قریش تم برگزیدہ
خدا ہو مخلوق خدا سے اور قلب عرب ہو تم مین سردار قابل اطاعت ہوتا ہی اور تم مین دلاور اور
شجاع اور فراخ دست ہوتے ہین واعلموا انکم لم تترکوا للعرب فی المآثر نصیبا الا احرزتموہ
ولا شرفا الا ادرکتموہ اور جانو تم کہ نہین چھوڑا تم نے عرب کی خوبیون مین سے کوئی حصہ مگر
جمع کر لیا تم نے اُسکو اور نہ کوئی شرف چھوڑا مگر لے لیا تم نے اُسکو فلکم بذلک علی الناس
الفضیلۃ ولہم بہ الیکم الوسیلۃ والناس لکم حرب وعلی حربکم الب پس تم کو اسی سبب
سے سب آدمیون پر فضیلت ہی اور اُن سب کا انھین سببون سے تم تک وسیلہ ہی اور لوگ
تمھارے دشمن ہین اور تمھارے جدال کے وقت تمھارے مقابل مین مجتمع ہوتے ہین وانی
اوصیکم بتعظیم ہذہ البنیۃ یعنی الکعبۃ فان فیہا مرضات للرب وقواما للمعاش
وثباتا للوطاۃ اور بہ تحقیق وصیت کرتا ہون مین تم کو کہ تعظیم کرو اُس مکان یعنی کعبہ کی پس
تحقیق کہ اُس مین خوشنودی ہی پروردگار کی اور نظام ہی واسطے معاش کے اور ثبات ہی
واسطے رفتار کے وصلوا ارحامکم فان فی صلۃ الرحم منساۃ ای فسحۃ فی الاجل
وزیادۃ فی العدد اور صلۂ رحمی کرو ذوالارحام سے پس بہ تحقیق صلۂ رحمی مین تاخیر ہی یعنی
وسعت ہی عمر کی اور زیادتی ہی عدد یعنی نسل کی واترکوا البغی والعقوق ففیہا ہلکۃ
القرون قبلکم اور ترک کرو بغاوت اور نافرمانی کو کہ ان دونون مین تم سے پہلے بہت سے
قرون ہلاک ہوگئے ہین واجیبوا داعی اللہ اور قبول کرو اُسکی دعوت کو جو اللہ کی طرف

دعوۃ کرنے والا ہی واعط السائل فان فیہما شرف الحیاۃ والممات اور عطا کرو سائل کو پس بتحقیق
ان دونون مین یعنے اجابت داعی مین اور اعطاء سائل مین شرف حیات وممات ہی واعلیکم
بصدق الحدیث۔ اداء الامانۃ فان فیہما محبۃ فی الخاص ومکرمۃ فی العام اور تمپر
لازم ہی سچ بولنا اور ادا کرنا امانت کا کہ ان دونون مین خواص سے محبت اور عوام مین عزت ہی
حضرات متوجہ ہون کہ کس شد و مد سے اور کس فصاحت و بلاغت سے مراتب وعظ و پند اور
ہدایت کو کیسے دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ سے کنایۃً اور صراحۃً جناب ابوطالب نے ادا
فرمایا ہی کہ کسی کو مجال انکار نہ رہے اور اس پر بھی اگر انکار کرین جحدوا بہا واستیقنتہا
انفسہم کے مصداق ہو جائین ختم حجۃ کر دیا ہی جناب ابوطالب نے ابلاغ و اظہار رسالت
ختمی مرتبت صلعم مین اب بگوش دل سماعت فرمائیے کہ فرماتے ہین واوصیکم بمحمد خیراً
اور وصیت کرتا ہون مین خیر و نیکی کی ساتھ محمد صلعم کے فانہ الامین فی قریش والصدیق فی العرب
کہ بتحقیق وہ امین ہی قریش مین اور تمام عرب مین صدیق ہی وھو الجامع لکل ما اوصیتکم بہ
اور وہ جامع ہی کل ان وصیتون کا جو مین نے تم کو کی ہین وقد جاء بامر قبلہ الجنان و
انکرہ اللسان مخافۃ الشنان اور بتحقیق وہ ایسا امر لیکر آیا ہی کہ قبول کر لیا ہی اسکو دل نے اور
انکار کرنے ہے زبان خوف سے دشمنی کی اس مقام پر اعمی القلوب اقرار لسانی جناب ابوطالب
کا انکار کرتے ہین اتنا بھی نہین سمجھتے کہ قبلہ الجنان رو برو تمام قبائل قریش اور بنی
عبد المطلب اور بنی ہاشم کے اور ان سب کو مخاطب کرکے فرمایا ہی یا نہین بس یہ فرمانا جناب
ابوطالب کا اقرار لسانی ہی اس امر کا جسکو انکے قلب نے قبول کیا ہی برخلاف اس جملہ
کے وانکرہ اللسان مخافۃ الشنان کہ اس مین اثبات جملۂ اولی یعنی انکرہ اللسان موقوف
ہی اثبات جملۂ ثانیہ پر یعنی مخافۃ الشنان پر مراد یہ تھی جناب ابوطالب کی کہ جب تک دشمن طعن
کرنے والے موجود ہین تم اسوقت تک انکار لسانی سمجھو اور جسوقت تم ایمان قبول کرو یا چلے جاؤ
تو عدم مخافۃ شنان کے ساتھ ہی انکرہ اللسان بھی معدوم ہی اور عدم انکار مستلزم اقرار ہی حاصل
یہ ہی کہ بعد اسکے جناب ابوطالب اخبار گذشتہ اور پند و نصیحت سے فارغ ہو کر آیندہ کی خبر دیتے
ہین وایم اللہ کانی انظر الی صعالیک العرب واھل الاطراف والمستضعفین من
الناس قد اجابوا دعوتہ وصدقوا کلمتہ وعظموا امرہ یعنی قسم ہی خدا کی گویا کہ مین
دیکھ رہا ہون منصفین بنظر انصاف نظر کرین کہ وہی خصائل ثلاثہ مین سے دوسری صفت ہی کہ
جسکو حکمانی بھی لکھا ہی کہ وبعلم جمیع المعلومات او اکثرھا من عند اللہ کہ جناب
ابوطالب اسے خدا کی قسم سے فرماتے تھے کہ جانتا ہون مین گویا کہ دیکھ رہا ہون یعنی قوت نفسانیہ

جناب ابو طالب کو کمال اتصال حاصل تھا عقل فعال سے کہ تمیع صور جزئیات اور کلیات
عالم عقلی کا مشاہدہ فرمارہے تھے اور آئندہ کی خبر دیتے تھے کہ مجملاً اور مفصلاً جو کچھ کہ جناب
ابو طالب کے بعد ہونے والا تھا زمانہ رسالت آنحضرت مین ان سب کی خبر فرما دی افسوس ہے
اون علما پر کہ جنھون نے ایسے نفس زکی صاحب الہام کو متہم بکفر کیا ہی اور اس جناب کی
نطق بالالہام کو فراست سے خطاب کیا ہی مین نہایت ادب سے پوچھتا ہون کہ یہ تفرس مخصوص
جناب ابو طالب ہی کے ساتھ تھا یا افراد بشر مین زید عمر بکر یا مثلاً کسی اور کو بھی حاصل تھا افسوس
کیسا نفاق سے نابینا کر دیا ہی الغرض جناب ابو طالب فرماتے ہین کہ قسم ہی خدا کی گویا کہ مین
دیکھ رہا ہون کہ فقرائے عرب نے اور گرد و نواح کے باشندون نے اور جو مستضعفین شمار کیے جاتے ہین
آدمیون مین اُن سب نے قبول کر لیا ہی اُسکی دعوت کو اور تصدیق کی ہی اُسکے کلام کی اور تعظیم
کی ہی اُسکے حکم کی فخاض بهم غمرات الموت فصارت رؤساء قریش وصنادیدها اذنابا
ودورها خرابا وضعفاءها اربابا یعنی کود پڑا ہی اور گھس گیا ہی اُن سب کو لیکر غمرات موت
مین اور سب رؤساء قریش اور صنادید قریش ذلیل و خوار ہوگئے ہین اور مکانات اُنکے خراب
و برباد ہوگئے ہین اور ضعفا و فقرا جو تھے جنھون نے دعوت کو قبول کر لیا وہ سردار اور پرورش
کنندہ بن گئے ہین واذا اعظمهم علیه احوجهم الیه وابعدهم منه احظاهم عنده اور
جو بزرگی کرتے تھے اُس محمد پر وہ سب اُسکے محتاج ہوگئے ہین اور جو بہت بعید تھے اُس محمد
سے وہ بہرہ مند ہوگئے ہین اُسکی نزدیکی سے پھر فرماتے ہین جناب ابو طالب قد محضته العرب
ودادها واعطته قیادها اور خالص دوستی اُنکی کر دی ہی عرب نے اور دیدی ہی اپنی زمام اختیار
اُنکو یا معشر قریش کونوا له ولاة ولحزبه حماة اے گروہ قریش ہوجاؤ تم سب اُسکے دوست
اور حامی ہوجاؤ اُسکے گروہ کے پھر جناب ابو طالب قسم فرماتے ہین والله لا یسلك احد
سبیله الا رشد ولا یاخذ احد بهدیه الا سعد یعنی قسم ہی خدا کی کوئی نہ چلیگا اُسکی
راہ پر مگر جو رشید ہوگا اور نہ لیگا کوئی اُسکی ہدایت کو مگر جو سعید ہوگا اللہ اکبر فرماتے ہین جناب
ابو طالب ولو کان لنفسی مدة ولاجلی تاخیر لکففت عنه الهزاهز ولدفعت عنه
الدواهی یعنی اگر میری زندگی کی کچھ مدت باقی ہوتی اور میری اجل تاخیر کرتی تو بیشک مین روکتا اُس سے
شدائد کو اور دفع کرتا مین اُس سے بلاؤن کو وقال لهم مرة لن تزالوا بخیر ما سمعتم من محمد
وما اتبعتم امره فاطیعوه ترشدوا اور ایک مرتبہ اُن سب سے فرمایا کہ تم ہمیشہ اچھے رہوگے
جب تک سنتے رہوگے کلام محمد کا اور پیروی کروگے تم اُنکی پس اطاعت کرو تم اُنکی اور رشید
ہوجاؤ

تمت

قطعۂ تاریخ

از نتیجۂ فکر جناب سید سجاد حسین صاحب تلمیذ جناب میر خورشید علی صاحب نفیس مرحوم

آن ذاکر حسین حکیم دقیقہ رس　　کز یک سخن ہزار مطالب برآورد

از حرف حرفہائے غرائب دہد ظہور　　وز نقطہ نکتہائے عجائب برآورد

آن جوہر خزانۂ مخفی کہ مختفی است　　چون حاضرے ز مکمن غائب برآورد

رنگ نمو و فقت فگند بر مخالفان　　از نامناسب آنچہ مناسب برآورد

گر دعوۂ ثبات قدم رکھند کسے　　آن را ز رعب خائف و ہارب برآورد

گندم نمائیے کند ار جو فروشئے　　آن را ز بزم خاسر و خائب برآورد

گہ جان از درون معاند برون کشد　　گہ دود از دماغ مخاطب برآورد

حیرت بچشم و لرزہ بر اندام افگند　　ہوش از دماغ و قلب ز قالب برآورد

اینک رخ کلام بشرح مطالب است　　صد ردّ و قدح شرح مطالب برآورد

این شیر بیشۂ اسد اللہ غالب است　　دشمن ہزار مکر ثعالب برآورد

ہر ہر یکے سخن سخن آرد سخن سخن　　گر در سخن سخن ز معائب برآورد

بر حرف حرف حرف ہمے آورد اگر　　حرفے ز رائے سالم و صائب برآورد

گاہے بدل لوف شداید دہد رجوع　　گاہے بجان ہزار مصائب برآورد

دشمن بہ بدگمانے خود صد یقین کند　　گر از دلش شکوک و شوائب برآورد

باید بحکم قل و دل انظر کنیم　　جز در دو سہ چہ طول مطالب برآورد

تاریخ طبع نسخۂ کان فتح غالب است　　سجّاد از رسالۂ غالب برآورد

قطعۂ تاریخ

از نتیجۂ فکر جناب حکیم مرزا علی صاحب تلمیذ جناب میر خورشید علی صاحب نفیس مرحوم مغفور

چو جان بوده برابر هر دو ریحان ابیطالب
نبیؐ جان ابیطالب علیؑ جان ابیطالب

جهان ممنون احسان نبیؐ و هم علےؑ لیکن
نبیؐ و هم علیؑ ممنون احسان ابیطالب

بهر در دو بهر اندوه دست مصطفےؐ بوده
بسان دست حق بد امان ابیطالب

بعالم حفظ جان آن دو تن الا ز دل و از جان
چو جان آنگاشته جانم بقربان ابیطالب

خموشی ای طبع موزون هست بس تر بسے افزون
ز هر چه گفتم و گویم از آن شان ابیطالب

ز فتح الغالب از چه غافلے آیا نمی دانے
کتابی هست در اثبات ایمان ابیطالب

کتابی هست در اثبات ایمان یاد رخشان نیست
بچرخ اوج ایمان مهر تابان ابیطالب

چو پرسد میرزا هر کس بگو با آن که بنوشته
دو تاریخش بیک مقطع ثناخوان ابیطالب

ز فتح الغالب اسلام ابوطالب بین عادل
ادیب پاک ثابت کرده ایمان ابیطالب

سنہ ۱۹۱۱ ع — سنہ ۱۳۲۹ ھ

صورة ما قرظه الشفيق الرشيد الاديب و الخليص السعيد الاريب الطبيب اللبيب الذي فاز من احسن التربيب
و غاية التهذيب على الحذاقة باوفر نصيب و هو في فنه جري بالتجربة حكيم سيد احمد حسين سلمه الرب السميع
المجيب بحرمة النبي الحبيب صلواة الله و سلامه عليه و آله الاطيب الاطهر النجيب ؁

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذي خلق لكل داء دواء و لكل مرض شفاء فسبحان الذي وهب لنا عقلا لادراك
الشفاء و درك الشقا و اعطانا احساسا لحبس المواد الفاسدة و نجانا و حمانا من المحمومين المذنبين
بقوله للذين امنوا هدى و شفاء و الصلوة و السلام على عدل الاجناس و الانواع و ثمرة
الاصناف و الاشخاص محمد الذي يداوي بالهداية علل القلوب و يشفي بالشفاعة امراض
الذنوب و آله الذين يعالجون سقام الكفر و الضلال و يداوون بتنقية مادة الفضلات و الفساد
اما بعد قد نشر امراض الشكوك و الشوائب و ظهر الفساد بين الحاضر و الغائب من طبع شرح
المطالب في اثبات تقرابيط الطالب ثم ما يسير امراض السارى و الوباء في مبادى و مجازى البلاد
و القرى حتى سمع و لحظ استاذي و ملاذي الحكيم الحاذق و الطبيب الفائق سيدي و سندي
السيد ظاهر حسين ابن الحكيم السيد احمد حسين صاحب مرحوم اللكهنوي ثم الميانى معالج خاص
للنواب نجم الدوله ممتاز الملك مرزا جعفر على خان صاحب ادام الله ظله و اقباله فتخشص علامها و عرضها
و توجه بعلاجها و كتب نسخة مسمى بنقض الغالب في رد شرح المطالب و هي لعمري ترياق مركب من ادويات
آيات البينات و معجون مولف من اجزاء الاحاديث المحكمات مع الدلائل القاطعات و البراهين الساطعات
و هي مفيدة و موثرة في الساعة كمعجون البر الساعة لانه كتب من مجربات كتب اهل السنة و الجماعة اللهم
اشف بها شفاء تاما الامراض لقلوب القاسيات و نجح بها انها تا شافيا لما في الصدور من علل الخبائث
الفاسدات بحرمة النبي و عترته الطاهرات

صورة ما قرظه الاكرم المكرم الجميل الجليل و الصديق الخليص النبيل ثمرة فواد الرسول قرة عين البتول قمر اقمار الفصاحة
شمس سماء البلاغة الحسيب و النسيب و السعيد الاديب سجاد حسين البخارى لا زال محروسا من الغموم و البليات بحق النبي و آله الطاهرين

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هر آئینه دل اگرچه آئینه فهم و ادراک ست مگر چون بصفای درون دریابی دیده حیران جلاے جو

آئینۂ قدرت ایزد پاک است حکیم فہیم عقل کل کجا کہ جلوۂ بیچون چرا دریافتہ اقرار ما عرفناک
فرماید و بخود فراموشی منصور انا الحق گوئی منظور نماید بیشک چشم اگرچہ خود آلۂ بینش است
مگر چون بچشم بصیرت نگری چشمۂ حیوان نور حکمت آفرینندہ جہان در ظلمات پردۂ آفرینش است گزندہ
خضر مانند کو کہ لذت خربت زندگانی جاودانی چشد ولا ریب گوش اگرچہ خود والۂ شنوائی است
مگر چون بگوش ہوش شنوی از اندرونش آوازۂ گوناگون چون صداے واژگون از ارغنون قانون
قدرت بیچون در نغمہ سرائی است شنوندۂ سمیم کلیم کو کہ مذاق شرب مدام کلام ملک علام گیرد وبکور چشمی
دیدار خواہان ارنی جز بیخودی حیرت و حیرت بیخودی صدمۂ برق عتاب لن ترانی نپذیرد
سلبے دل و چشم را آگاہی ذکاسے باید و گوش را شنوائی نشاید چرا کہ دیدن و شناختن فرقی دارد و شنفتن
و پذیرفتن تفاوتی آرد چنانچہ مولف رسالۂ کشف آلۂ بطالت مسمے بشرح المطالب بفحواے لہم قلوب لا یفقہون بہا ولہم
اعین لا یبصرون بہا ولہم اذان لا یسمعون بہا اولئک کالانعام بل ہم اضل
اولئک ہم الغافلون در اثبات کفر ابیطالب نسبے انصافی شستہ چشمہا بکار بردہ در روز را
شب و شب را روز شمردہ یعنی تصدیق قلبی را کہ عین ایمان است بحیثیت حفاظت و دلجوئی رسول
از جان و مال گذشتہ آشکار نمود بگمان کفر بر حمیت عرب محمول کردہ بیکار داشت و ہرچہ اقرار لسانی لازم اہل
اسلام است بر صداقت نبی در اشعار اشعار دادہ و انشا فرمود بخیال تعلق بر محبت فرزندے گمان بردہ
رایگان انگاشت ختم اللہ علی قلوبہم وعلی سمعہم وعلی ابصارہم غشاوۃ ولہم عذاب عظیم
مگر آنچنانکہ منتقم حقیقی نار نمرودی را بہ گلزار ابراہیمی مبدل گردانید و جوش فرعونی را بہ اعجاز موسوے
در تنگناے ابی فرو نشانید ہ لذت تنگی گور چشانید اینک بمصداق ع مردے از غیب برون آید و کارے بکند
فاضل اکمل و کامل افضل ادیب اریب و طبیب لبیب سیدی سندی معاذی ملاذی استادی نور عینی حسینی
حکیم سید ذاکر حسین ادام اللہ ذاتہ و زاد اللہ افاداتہ بسبب جوشش کہ از حرارت شجاعت نسبی و نخوت
حمیت عربی در خون داشت دل و دماغ را سرگرم گرمجوشی بیچ و تاب عتاب یافت با تیغ و علم دست و قلم
بمیدان مقابلہ شتافت و بتحریر رسالۂ فتح الغالب چون رسالۂ جنگی تمغاے فتح غالب بر سینۂ علم کنجینۂ آیات
دوران بر رسالہ طعن ہاے تیز تر از طعن شمشیر و سنان و ضرب ہاے شدید تر از ضرب تیر و خنجر بر ان
عوض سپر و بر در دل و جگر زند ہر دلیل کار تیغ سلیل نمودہ و ہر سبیل دسیل راے مخاطب را از زیل و ذلیل

نشان داده مطالب مخاطب را آنچنان برگردانید که معنای ذهست که بر بهست ظاهر گردید و مقاصد معاندر ابدلیت
سان معکوس فرمود که مفهوم سیمای م الجمعه و یولون الدبر اشکارا بود خداوندا درین جهاد لسانی هر فقره کتابش
را فقرهٔ تیغ انگاشته و هر ضرب مثالش را ضرب شمشیر شمرده خیر و خوبی کونین کرامت فرما آنچنانکه جدش فاتح
بدر و حنین را به تمغاے لافتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار از لسان غیبی بخلعت غیبی ضربة
علی یوم الخندق خیر من عبادة الثقلین از زبان نبی معزز و ممتاز فرمودی بجاه محمد خیر المرسلین و عترته
الطیبین الطاهرین المعصومین صلواة الله و سلامه علیهم اجمعین الی یوم الدین

صدرة ما قرظه المکرم الصمیم الامجد و خلیص الاغر الارشد رکن ارکان الفصاحة و عین اعیان
البلاغة الصدیق الصادق السعید ذو الرای السدید الحکیم مرزا علی سلمه ربی بحرمته اهل بیت النبی
الامی العربی و لا زال محفوظا من شداید الزمان و ملحوظا بعین عنایة الملک المنان

بسم الله الرحمن الرحیم

نخواهی در سخن گر حسرف چینی　　　سخن نیست خاموشی گزینی

سخن غلغلهٔ شهرت صاحب جان است اگر جان سخن باشد و کلام طنطنهٔ شوکت اهل شان اگر شان کلام
دارد سخن نه هر گونه سخن و کلام نه هر نوع کلام بے سخن سخن آنست که در خود گنجائش سخن نه گفته باشد و کلام
کلام همان که جاے کلام از خود بر نداشته باشد الحق که سخن حق و کلام مصدق حقیقت صداقت خود تا قیام قیامت
قیام دارد و چون کلام ملک علام در درون اهل ایمان و اسلام مدام مقام دارد باطل سخنی که سخن فهمان را
نشانه و قرآن لغو کلامے که در مصحف کلام متکلمان را تار و ز انتقام جاے طعنه نه بینے که منشدادنے بنیاد
در عالم ایجاد از دل نه بان و زبان دل سخن باطل ادعا و کلام ادعاے باطل نمود آخر کار منصف عدالت
دادار قضاتان ادعا را چه گونه فیصله فرمود فرعون با هزاران امداد دعون در اختیار افسون کارے
روزگارے بجا مکاری بسر برد الا دریا برد آب خاک از دمار سخن برآورد پس چون خدا و رسول
خدا را منکران و انی باعقل و فهم کافی ناکافی در جهان پیدا و هویدا است که پیدا و چه پیدا مے گردند عجبے
نیست اگر منکرے انکار ایمان جناب ابیطالب نماید و او را مثے چند چون بخت خود سیاه نموده کتابے
در این حال از قبیل دقال لفاظ و معانے تا پایهٔ اسریع الزوال ترتیب انجام کرے و الله مستم

نوره ولو کره الکافرون کلوخ انداز را پاداش سنگ است آن منتقم حقیقی را شایان که شخصی چنان
صاحب ایمان پیدا فرماید که سر کوبیش را چنانچه باید شاید و بطوریکه شاید باید نام کتاب
شرح مطالب از گوش می شنیدم اما شکر خدا را که فتح الغالب را بچشم خود دیدم آن در اثبات بے ثباتی
کفر و این در ثبوت بے سکوت ایمان جناب ابی طالب است ملاحظه فرما کدام مغلوب و کدام غالب است

همان است فرقی که در کفر و ایمان — در این دو زبان از لسان دل و جان

آن انوار روز روشن را ظلمت شب تیره و تار و گوهر شب چراغ را بیضه زاغ بنظر مردم کور
چشمان در آورده و این شب را شب و روز را روز به روز داده کالای بد را بریش صاحبش
زده فتح الغالب جهتهای معقول و منقول شرح مطالب را بدلائل منقول و معقول رد فرمود
مایه شرح او در اسعد مایه شرح مطالب خود ساخته آرے تا عنایات بے غایات جناب باری
مددگار نشود فرماید این گونه کارنمایان و این سان رد مدعیان به نموداری نمی آید دلائل
مدعی را از دعاوی خود ساختن آسان کاری نیست و بخواهش را گواهان ادعای خود قرار
دادن [illegible] کاری است اگر بر این عقل و دانش و بر این فهم و بینش که از سیف علم و عمل
قتل و قمع [illegible] و هم و خلل فرمود مصنفش را هزاران هزار مدح و ستایش تمامیم هزار
از یک [illegible] از هزار شمارم لیکن از ترس آنکه مردم نا انصاف صاف بر زبان آرند که
مرزا درباره وصاف استاد صاحب اجتهاد خود راه غلو پیموده و قدم خامه رنگین رقم را از جاده
اعتدال آنسوی فرسوده بهتر آن و انسب همان است که مدح و ثنای مصنف را خود بر زبان
نیارم و به صاحب نظران انصاف نشان سپارم و دست دعا بردارم که الهی کتاب شرح المطالب
را چنانچه هست تا روز قیامت مغلوب و فتح الغالب را با غلبه گذارد و غالب دارد بمحمد و آله الاطهار

تقریظ وتوثیق والاجناب فواضل وفضائل مآب حاوی الفروع والاصول ینبوع المعقول والمنقول جامع کمالات الکلام والاصول تالی آیات فصل الخطاب والخطاب المفصول مجتہد العصر والزمن مولانا سید ابوالحسن صاحب دام ظلہ العالی

باسمہ سبحانہ تعالیٰ شانہ

کتاب مستطاب فتح الغالب فی رد شرح المطالب تالیف وتصنیف صاحب اجل المراتب اعلی المناقب ذوالقریحۃ النقادہ والطبیعۃ الوقادہ الحائز من العلوم العقلیۃ والنقلیۃ اوفر نصیب والفائز من الفنون الاصلیۃ والفرعیۃ بالمعلی والرقیب محط رحال ذی العلۃ والمرض موضع امال من لہ السقم عرض الطبیب الماہر بلا مین جناب السید ذاکر حسین بلغہ اللہ الی ذروۃ سنام الکمال بمحمد والہ خیر ال- میری نظر سے گزری نہایت خوبی وعمدگی سے رد کی ہے اور اسلام حضرت ابوطالب علیہ السلام کا بحجج قاطعہ وبراہین ساطعہ ثابت کیا ہے اگر منصف مزاج تارک جدل واعتساف بنظر انصاف دیکھے گا تو اسکو کسی طرح کا شک اسلام آبا رکرام سید الانام وحضرت ابوطالب علیہ السلام مین باقی نہ رہے گا ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور جزاہ اللہ عنی وعن جمیع المؤمنین جزاء یشرح بہ الصدور حررہ بنمیاہ الوازرہ خادم الشریعہ الطاہرہ السید ابوالحسن اوتی کتابہ بیمانی الاخرۃ یوم الاثنین الاثنین خلیا من شہر ذی الحجۃ الحرام سنہ ۱۳۳۱ من ہجرۃ افضل الانبیاء العظام۔

تقریظ وتوثیق چکیدہ قلم ہدایت شیم سرکار شریعت مدار نور الانوار قمر الاقمار قدوۃ الابرار قائد الاخیار المولی الرضی الحبر الملی المنہل الروی الصراط السوی السراج الوہاج

والماء الثجاج والبحر العجاج النير اللائح الطیب الفائح السحاب الهاطل الغیث الهامل البدر المشرق الغدیر المغدق مجتهد العصر والزمن جناب مولانا مولوی السید آقا حسن صاحب انعم اللہ علیہ بجزیل النعم والمواہب۔

باسمہ سبحانہ

لقد اعجبنی واطربنی ما حررہ السید الجلیل والطبیب النبیل ذی الفخر السنی والشرف البھی البوی عن الشین الحکیم السید ذاکر حسین حرسہ اللہ ووقاہ من اشرار الناس وحماہ وسلک بہ سبیل رضاہ ورضی عنہ وارضاہ من جملۃ جمیلۃ وزبدۃ جلیلۃ وجوھرۃ عزیزۃ فی اثبات ایمان ابیطالب رغماً لانوف الجاحدین، قطع اللہ ابر المخالفین وھی مملوۃ من نکات الشریفہ وحجج منیفہ و حقائق حقیقہ وھی لائقۃ بان تکتب بالنور علی وجنات الحور وشفعھا باخبار معتمدۃ رواھا الفریقان وخرجھا اھل العدد وان لتکون اقوی فی الاحتجاج علی من انکر الایمان ونصر بذلک کلھا المذھب الاثنی عشری بامتن برھان واطرف بیان فجزاہ اللہ من حماتہ الحق حق الجزاء واجزل لہ العطاء آخرہ وھو ان الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ الطاہرین المعصومین

عبدہ السید آقا حسن الیس اللہ بکاف

حررہ السید آقا حسن بقلمہ

توثیق انیق تایئق وثیق عالیجناب فضائل آیاب حاوی الفروع والاصول جامع المعقول والمنقول افضل الافاضل الملقب بصدر الافاضل وممتاز الافاضل الفاصل بین الحق والباطل عمدۃ المحدثین وحید الزمن مولانا مولوی سید سبط حسن صاحب دام برکاتہ وعمت افاداتہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لقد اعجبنی واطربنی ما نمقه بیناله المبارکة سلافة العصر وحکیمه ومقوّم الاود ومقیمه جناب المولوی السید ذاکر حسین حیاه ربه ما قرت به العین فانه وفقه الله کما درء الداء وفاق الاطباء کذلک اوهن ما تقوّله حلیف الباطل وندیمه وازیف المهزل وحمیمه ونفی هذا الداء العضال حیث اتی ببیان شافٍ یشتفی به صریع الریب وسقیمه ورقی بعزائم براهینه ما نفثت به صلة الضلال من نافع السمّ فسلم وبرء منه سلیمه وحمی الاسلام فامتنع جنابه وحریمه وسطا سطوة البزاة الشهب علی البغاث فاصبح الخصم مفحما کان الطیر علی راسه وطار ظلیمه وثبت ثبات الکماة الحماة عند الحفاظ فانجم هزیمه واشرق شموس تحقیقاته حتی اضاء الصبح لذی عینین بعد ما سجی الظلام ورقی بهیمه ولمعت اسرّة الحق وسبحات الصدق کالنور علی قنة الطور حینما کلمه کلیمه وقد ایده الله بروح القدس حیث نصر ولیه ابا طالب الذی امن بطهارة ذیله حدیث الاسلام وقدیمه ودان واذعن لفرقه القعاء کریم النسب ولئیمه وشهد بعلو قدره وانارة بدره الاحجر البیت وحطیمه وباح بکرم اصله المعرق صنوه وسهیمه واقر المحب والعدو بانه فاقد الضریب وعدیمه وبیضة البلد عظیمة فلیت شعری کیف تشک فی دینه ودرة صدف النبوة یتیمه وکیف یرتاب فی دخوله الخلد وابنه قسیمه کلابل ران علی قلوبهم فلا یفقهون حتی تزفر بهم جحیمه ویتنزل بساحتهم من العذاب الیمه واخر دعوٰنا ان الحمد لله رب العالمین

کتبه العبد العاثر

سبط حسن ابن السید وارث حسین

اوتیهما ربهما الی ظلال عفوه

(مہر: سبط حسن السید ۱۳۲۳)

تقریظ وتوثیق سامح بحر تدقیق سند العلماء امام الفضلاء بقیة الاسلاف فخر الاخلاف

مجمع العلوم والمعارف منبع الحکم والحقائق مستند الفقہا سمیٔ خامس اصحاب الکسا مولانا ومولی الکونین جناب مولوی سید سبط حسین صاحب دام ظلہ بدام الخافقین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی افاض علینا ودقاصد دارا من سحائب رحمۃ واستمطرلنا جودامرفرافا من شآبیب نعمۃ والصلوۃ والسلام علی سیدنا ونبینا نبی الرحمۃ وسراج الامۃ افضل العادۃ منبتاء واغر الاروحات مغرسا اطہر المطہرین شیمۃ واجود المستمطرین دیمۃ محمد وآلہ الطاہرین وابائہ الطیبین الذین ہم عماد الدین وسناد للمسلمین اما بعد فقد رایت بعض المطالب من کتاب فتح الغالب سلیل الاطائب حاوی المفاخر والمناقب عالی الکعب فی الفنون العقلیہ طویل الباع فی العلوم النقلیۃ الحری الفائق والطبیب الحاذق ثالث النیرین جناب الحکیم السید ذاکر حسین حرسہ رب المشرقین فلما استحلیت عنقردہ وانتقدت نقودہ وعرضت علی النار عودہ واستمطرت جودہ وعودہ وجدتہ حریا بان یکتب بالنور علی وجنات الحور فان خلاف ما اثبتہ فیہ اقوی من جوف العیر واقفر من جوز القفاء کانہ الا ستہلال فی اوائل النہار حررہ بیمناہ الوارزہ خادم الشریعۃ الطیبۃ الطاہرۃ سبط حسین ادنے کتا سہما فی الاخرۃ فی الثامن والعشرین من ذی القعدۃ سنۃ الف و ثلثمائۃ واحدی وثلثین من ہجرۃ من لا نبی بعدہ

تقریظ وتوشیح چکیدہ کلک فاضل جلیل عالم نبیل العالم العامل والعلیم الکامل الصدر الشہیر والہمام النحریر الفارع علی اعلام الرشاد والسالک نہج الصدق والسداد مولانا مولوی سید شبیر حسن صاحب دام ظلہ العالی مادامت النہر واللیالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی اعلی کلمۃ الحق ورفع منار الدین والصلوۃ والسلام علی نبیہ الذی زقی فی حجر عمہ سید الموحدین وبعث رحمۃ للعالمین وعلی الہ الطیبین

الطاہرین المعصومین لا سیما ابن عمہ امیر المومنین امام المتقین صلوٰۃ زاکیۃ من یومنا ھذا الی یوم الدین ۔ امّا بعد فقد سرحت برید نظری واجلت قد اح بصری فیما ھذّبہ وحلاہ ورصّفہ واملاہ ونسجہ واتقنہ وزبرہ و احسنہ زبدۃ الحکماء الحذاق وصفوۃ الاطباء المنوّھین فی الآفاق ذو الفضل الراسخ والمجد الشامخ الراسی الحکیم العارف الاسی جناب السید ذاکر حسین صین عن کل شین فوجدتہ خیر مصنف واحسن مؤلف فجزاہ اللہ عن الاسلام خیراً حیث لم یدع من شبہات الخصم الجاھد المتعنت المتحذلق علماً الا نکسہ ولا شاخصاً الا ارکسہ ولا سنخاً الا سدّہ ولا باباً الا ھدہ فترکہ کھشیم المحتظر وغادرہ کالجذع المنقعر واسئل اللہ ربی ان یخصہ بجلائل الائہ وعقائل نعمائہ انہ ھو المنعم المفضال والکریم ذو الجلال ۔

وانا العبد المذنب

السید شبیر حسن عفی عنہ

تقریظ وتوثیق چکیدہ کلک گہر سلک قدسی سمات ملکی صفات الکوکب الدری الذی یھتدی بہ المستھدی القمر السنی والبدر المضی عمدۃ العلماء مولانا ومولی الزمن سید ظفر حسن صاحب دام ظلہ العالی ابن علامۃ الفہامہ الہادی بمواعظہ سائر الانام مجتہد العصر والزمان جناب مولانا سید محمد حسین صاحب قبلہ الملقب بہ محقق ہندی دام ظلہ العالی ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی ھو فی ارضہ وسمائہ معبود ۔ لم یکن ولا یمکن مثلہ موجود تلألأ انوار حکمہ فی صدر کل ممکن موعود وصلی اللہ علی خیر خلقہ وسید رسلہ المنزہ من دنس الشرک والکفر من لدن آدم الی ابیہ عبد اللہ من

قبل اباته وامهاته محمد ن المحمود وعلی آله وعترته سادة الاسود لا سیما
علی ابن عمه ووصیه ووزیره وخلیفة المنصوص فی عد یر صاحب المقام
المحمود الذی رثاه علی کتفه حین ازهاق الباطل رقاه بالصعود وعلی بن ابیطالب
الذی حرس رسول الله وحفظه وفداه بعد ما امن به سترا من اهل الفسق والجحود
وبعد فقد سرحت النظر زاحدا فی فتح الغائب فوجدتها کالبستان فیها ازهار
البرهان وفیها سرر البیان اشرق صدر المصنف بمشارق انواره وبعطر مشام
المؤمن بطیب هاره فلله در مصنفه حیث اتی بتقریرات معجبه ودلائل انیقه
وکیف لا وقد الفه الطبیب الکامل زین المجالس والمحافل والبحر الذی لیس
له ساحل النجم الازهر فی سماء الکمال والعلم والدر الفاخر لصدف الفضل
والحلم ثالث النیرین جناب الحکیم السید ذاکر حسین صانه الله عن کل شین
ومین وابقاه الی بقاء الملوین وانا المذنب السید ظفر حسن عفی الله عنه
عن آبائه یوم المحشر بمحمد وآله المصطفین۔

تقریظ شوق چکیدہ خامہ فیض شمامہ سرکار شریعت مدار الجامع بین رتبتی العلم والعمل المشمر عن
ذیلہ لدفع الزیغ والزلل الذی لا ینقطع مدراہ لا یشق غبارہ ولا تقتفی آثارہ و تجتنی
اثمارہ د البحر الذی لا یساحل والجم الذی لا یحافل الجدیر بان تزم الیہ الرکاب وبیاورحوله
الاقطاب مجتہد العصر ثالث النیرین مولانا السید ظہور الحسین حرسہ رب المشرقین عن شر
اہل المین بحق الائمہ المصطفین۔

بسم الله وله الحمد

وبعد فما نشر الجادی ولا سجع الحمام الشادی ولا انسکاب قطر الغادیات باطیب
والطف مما ظفر به متوسم نظری الفاتر ورائد فکری العاثر من کتاب سفر عما
زهو معانیه ورائقه ما حسن فحاویه وبطن مبانیه فجسهما بلطائف ما فیه
من بغیه مرتاد الحق وطالبه من جواهر لفوائده معا انجل اعجاب الفرائد

وعجب القلائد في اجياد الخرائد كيف لا وقد رصفها ترصيف الدرر في نحور الحسان
من ملك رقاب الفنون وقادها بعنان وقلد اعناق الدهور بعقود مآثره وحلى
عواطل الايام ... مفاخره وانطق الكون بمنطق احواله فاصبحت لسانه لفخره
بعجزها عن عد فضائله وفرع من طرائف المجد هام تلاعه وحاس من تليد اشرف
خلال رباعه وارتشف من زلال التحقيق البارد الهنيّ وارتضع من افاويق
التنقيد العذب المروي من قصبة السبق الرقيب والمعلّى وازاف من قصور
الفضل المشرف المعلّى القاضي بغزار افكاره بين الحق والباطل والمميز بزرق
يراعه الحالي من العاطل كريم العنصرين مهذب الاصلين الحاكي نور بصيرته
عن سنا القمرين المقتفي آثار آبائه المصطفين الهادي شعا شع نقده لذي
عينين المو لى المهذب الحكيم السيد ذاكر حسين بارك الله تعالى في عمره
الشريف لحماية دينه المرضي فلا يزال تفصل بالحق ويقضي فانه قد اودعه ما
بان الحق فتجلى ولا كنصف النهار وازاح الباطل فاجتث من اصله وانهار وتر
ما زوره الجاحد الاستدفعل الخصم الالد سلوا لاحراقه يه متمزقا وشتت
شمله فذاهب تحت كل كوكب مبندا متفرقا ففتح على يديه ما اسسه وزهق
من زخرفه من المحال ودسسه فاصبح باحتوائه باهر المطالب مما يؤذن بافول
زاهر الكواكب يسوي بين الطالع والغارب فلعمري انه لفتح الغالب حيث اتى على
تشريح المطالب مما لفقه ذلك الناصب ازراء لسان مولانا ابي طالب واذار عليه
الفلك فلحق بالاساطير الذواهب فلا يكاد يلفى رسمه في لاتي المشارق والمغارب
على عن فيه من العلوم والمعارف ما يقر به عين الناظر العارف فجزاه الرحمن
خير ما يجزي اهل الاحسان انه ولي ذلك

حرره الاحقر السيد ظهور الحسين

لا اله الا الله القوي
سيد ظهور الحسين البارهوي
عبده ۸

تقریظ و توثیق چکیدہ قلم افاضت و افادت شیم سرکار شریعت مدار فخر المحققین صدر المدققین قامع اساس الضالین قاطع اعناق الملحدین المحی لشریعۃ جدہ خاتم المرسلین صاحب المنزلۃ العلیا و المنقبۃ القصوی فقیہ اہل البیت علیہم السلام الد. ر الفاخر جامع المناقب والمفاخر حضرت باقر العلوم مجتہد العصر مولانا السید محمد باقر ادام اللہ ظل افضالہ علی روس المومنین والطالبین للعلم والیقین واطال لقائہ بحق محمد و آلہ المیامین۔

باسمہ سبحانہ ولہ الحمد

کتاب مستطاب ہدایت نصاب فتح الغالب فی رد شرح المطالب جو مصنفات شریفہ سے جلیل المراتب سلیل الاطائب ناصر عم النبی العاقب بالفتح الغالب علی کتائب النواصب و مستاصل شافتہم بالنجم القاطعۃ التی ہی امضی من مرھفات القواضب الکاء لکل عائب دا لحرس شقاقہم بفکرۃ الصائب المتحلی بکل زین الصاحب ذیل الفخار علی الفرقدین جناب الحکیم السید ذاکر حسین حماہ اللہ بکل ما تقر بہ العین کے اور مشتمل ہے اثبات ایمان حضرت ابوطالب صلوۃ اللہ وسلامہ علیہ پر بعض مقامات اسکے نظر قاصر سے گزرے بیانات شافیہ و تقریرات وافیہ کافیہ اسکے مطالعہ کرکے نہایت بہجت و مسرت ہوئی الحق جناب مصنف باکمال نے نصرت و حمایت دین ناصر حامی رسول صلے اللہ علیہ و آلہ کے جو کتاب شائع کی ہے وہ نہایت لائق تحسین و آفرین و قابل کمال مدح و ثنا ہے اہل دین و ارباب یقین پر حقیقت یہ ہے حضرت ابوطالب علیہ السلام نے جو جناب و حفاظت و نصرت رسول صلے اللہ علیہ و آلہ فرما کے احسان اسلام و اہل اسلام پر کیا ہے اسکا شکر کسی طرح ادا نہیں ہو سکتا اور آنجناب کے جلالت قدر اظہر من الشمس ہے اور قصائد و اشعار شریفہ آنجناب کے شاہد صدق ہیں کہ وہ جناب اعلے درجات اسلام و ایمان و معرفت یقین پر فائز تھے جناب کا شکر ہر مسلم پر واجب و لازم ہے اسیطرح آنجناب کے ناصر یعنی جناب مصنف عالی مقام کا شکر یہ بھی مسلمین و مومنین کو لازم ہے واللہ الموفق۔